اے عشبند عالم نقش مرا بہ بند
نقش مرا بہ بند کہ گویند نقش بند،

تذکرۂ نقشبندیہ خانیہ

از قلم
محمد صادق قصوری

ناشر
ضیاء القرآن پبلی کیشنز، گنج بخش روڈ، لاہور

اِصطلاحات نقشبندیہ

حضرات مشائخ نقشبندیہ رحمۃ اللہ علیہم اجمعین نے اپنے طریقہ کی بنیاد گیارہ کلمات پر رکھی ہے، کہ وہ اصطلاحی ہیں اور اشغال واعمال کی طرف اشارہ ہے۔ ان کلمات واصطلاحات کی مختصر تشریح حضرت خواجہ عبدالخالق غجدوانی رح کے حالاتِ طیبات میں کردی گئی ہے۔ مگر یہاں قدرے تفصیل سے تشریح وتوضیح کی جارہی ہے تاکہ کسی قسم کی تشنگی باقی نہ رہے۔ یاد رہے کہ پہلے آٹھ کلمات حضرت خواجہ عبدالخالق غجدوانی سے اوران کے بعد کی تین اصطلاحیں حضرت خواجہ بہاء الدین نقشبند رح سے مروری ہیں۔ اُن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

(۱) ہوش دَر دم اس سے مراد یہ ہے کہ سالک ہمیشہ ہوشیار رہے اور اپنے نفس پر آگاہ رہے۔ جو سانس نکلے یاد الٰہی میں نکلے غفلت کسی وقت بھی راہ نہ پائے۔ اگر غفلت یا معصیت ہوجائے تو استغفار کرے۔ مبتدی کے واسطے انتہائی ضروری ہے کہ اُس کا کوئی سانس بھی غفلت میں نہ گزرے اور سانس کو غفلت سے اسقدر اور اتنا بچائے کہ حضورِ دائمی کو پہنچ جائے۔ وقوفِ زمانی کے بھی یہی معنی ہیں۔ فرق صرف اتنا ہے کہ ہوش دردم، مبتدی کے لیے ہر وقت اور ہر لمحہ اور لحظہ کی حفاظت ہے اور وقوفِ زمانی، متوسط کے لیے مناسب ہے کہ کچھ کچھ دیر سنبھال کر رکھے۔ وقوفِ زمانی کو حضراتِ صوفیہ رح محاسبہ بھی کہتے ہیں اور حدیث شریف میں وارد ہوا ہے کہ "ہوشیار وہ شخص ہے جس نے اپنے نفس کو دبایا اور مابعد موت کے واسطے عمل کیا"۔

امیر المؤمنین حضرت سیدنا فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے

5631/28

جملہ حقوق بحق خواجہ ابوالخیر یہ محمد عبداللہ جان صاحب مدظلہ محفوظ ہیں۔

نام کتاب ——— تذکرہ نقشبندیہ خیریہ

مصنف ——— جناب مجتبیٰ صادق قصوری صاحب

مرتبہ ——— مکتبہ الخیریہ مرغدآباد شریف پشاور

بارِ اشاعت ——— اوّل ستمبر ۱۹۸۸ء

ہدیہ ——— ۱۵۰ روپے

تعداد اشاعت ——— ۱۱۰۰/ گیارہ سو

مطبع ——— حامد جمیل پرنٹرز لاہور

ناشر ——— ضیاالقرآن پبلی کیشنز گنج بخش روڈ اردو بازار

ملنے کا پتہ

ضیاء القران پبلی کیشنز گنج بخش روڈ اُردو بازار لاہور۔ فون نمبر:۔ ۶۳۴۶۴

دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر ۔ فون نمبر=۷۳۵۴۳/۳۰۴۸۴

آستانہ خیریہ ستارہ مارکیٹ اسلام آباد ۔ فون نمبر:۔ ۸۱۰۲۹۰

علیہ میں ارشاد فرمایا کہ۔

"اپنی حالتوں کا محاسبہ کرو قبل اس کے کہ تم سے حساب لیا جائے اور اُن کا وزن کرو قبل اس کے کہ وزن کئے جائیں اور مستعد ہو جاؤ عرضِ اکبر کے لیے یعنی خدا کا سامنا کرنے کے لیے جو قیامت میں ہوگا۔ اُس دن تم سامنے کئے جاؤ گے اور تمہاری کوئی چیز نہ چھپ سکیگی"

اللہ تعالیٰ اپنے کلامِ پاک میں ارشاد فرماتے ہیں۔

۔ وَاَنِيْبُوْٓا اِلٰى رَبِّكُمْ وَاَسْلِمُوْا لَهٗ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ۔ (الزمر ، ۵۴)

اے بندو! اپنے پروردگار کی طرف رجوع کرو اور اُس کے لیے اسلام لاؤ قبل اس کے کہ تم پر عذاب آئے۔

۔ اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰٓى اَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَآ اَيْدِيْهِمْ وَتَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ۔ (یٰسٓ : ۶۵)

قیامت کے دن ہم اُن کے مونہوں پر مہر کریں گے اور اُن کے ہاتھ ہم سے بات کریں گے اور گواہی دیں گے اُن کے پاؤں اُس بات کی جو کچھ کہ وہ کیا کرتے تھے۔

اسی مضمون کو حضرت مولنا رومی رحمۃ اللہ علیہ نے یُوں بیان کیا ہے:

روزِ محشر ہر نہاں پیدا شود
خود بخود ہر مجرم رُسوا شود

قیامت کے دن ہر چھپی ہوئی بات ظاہر ہو جائے گی۔ اور خود بخود ہر مجرم اپنی خطاؤں کے اظہار کی وجہ سے ذلیل ہوگا۔

۴) **نظر بر قدم** یعنی اپنی نگاہ کو پیروں کی طرف رکھنا۔ بظاہر یہ صرف ایک کلمہ ہے لیکن بہت سی خوبیوں سے پُر ہے۔ سب سے اعلیٰ بات یہ ہے کہ نیچی نظر رکھنا سنّت ہے۔ سالک کو چاہیئے کہ اپنی

انتساب

پیکرِ رُشد و ہدایت شہنشاہِ ولایت امام العارفین قدوۃ السالکین
حضرت خواجۂ خواجگان پیر خواجہ ابوالخیر محمد عبداللہ جان محی الدین نقشبندی
مجدّدی مدظلہ سجادہ نشین دربارِ عالیہ مرشد آباد شریف پشاور کے نام

محمد صادق مصوری

نظر پاؤں کی طرف رکھے تاکہ نامحرم عورتوں پر نظر نہ پڑے۔ حدیث شریف میں وارد ہوا ہے کہ "عورت نامحرم پر نظر پڑنا ایک تیر ہے زہر آلودہ کہ بغیر ہلاکت کے چارہ نہیں" ہلاکت سے مراد نقصان ایمان، رسوائی اور تباہی دارین ہے۔

نظر بر قدم سے دوسری مراد یہ ہے کہ مکان، دکان وغیرہ وغیرہ کی رنگ برنگ اور گوناگوں اشیاء پر نظر پڑنے سے خیال منتشر ہو جاتا ہے اور خدا کی طرف طالب کی یکسوئی میں فرق آتا ہے۔

تیسری مراد یہ ہے کہ نیکی اور برائی کے قدم کو دیکھے کہ کونسا قدم غالب ہے۔ اگر برائی میں قدم کو آگے دیکھے تو اس کو پیچھے ہٹائے اور نیکی کے قدم کو آگے بڑھ جائے۔

چوتھی مراد یہ ہے کہ اپنے قرب کو دیکھے کہ اس کی ترقی کا قدم کس جگہ سے۔

پانچویں مراد یہ ہے کہ اپنی ولایت کو دیکھے کہ کس نبیؑ کے قدم کے نیچے ہے۔ کیونکہ ہر ایک لطیفہ[1] کی ولائیت ایک اولوالعزم پیغمبر کے زیر قدم ہے۔

---

[1] لطائف انسانی کی تعداد پانچ ہے۔ قلبؔ، روحؔ، سرؔ، خفیؔ، اخفیؔ۔ یہ سب کے سب عالم امر سے ہیں ان کا مکان فوق العرش ہے جسے لامکان کہتے ہیں اور عالم ارواح بھی کہتے ہیں۔ اللہ تعالےٰ نے اپنے کمالِ قدرت سے ان لطائف کو بدن انسان سے تعشق اور تعلق دے کر وہاں سے نیچے اتار کر ہر ایک کو ایک خاص جگہ میں انسان کے بدن میں جو اس کے مناسب تھا جگہ عطا فرما دی ہے۔ قلب کو سینہ کے بائیں طرف پستان میں جگہ دی ہے، روح کو جو قلب سے زیادہ لطیف ہے اس کے مقابل دائیں جانب، اخفی کہ لطیف اور احسنِ لطائف ہے درمیان حقیقی سینہ کے، سر کو درمیانِ قلب اور اخفی کے۔ خفی کو درمیانِ روح اور اخفیٰ کے جگہ دی ہے۔ (قصوری)

فہرست

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
	تقاریظ	
۱	عرض مؤلف	۹
۲	مقدمہ	۱۴
۳	ابرِ کرم	۲۵
۴	فکرِ مسعود	۲۹
۵	کلماتِ طاہر	۳۲
۶	کچھ تذکرہ نقشبندیہ خیریہ کے بارے میں	۳۴
۷	تذکرہ نقشبندیہ خیریہ پر ایک نظر	۴۱
۸	تذکرہ نقشبندیہ خیریہ میری نظر میں	۴۵
۹	ارشاداتِ مقصود	۴۹
۱۰	فرمودات معصومیہ	۵۲
۱۱	ملفوظاتِ مدرار	۵۵
۱۲	سخنے چند	۶۷
۱۳	سرِ سخن	۷۰

مثلاً قلب کی ولایت حضرت آدم علیہ السلام کے زیرِ قدم ہے۔ رُوح کی ولایت حضرت ابراہیم علیہ السلام کے زیر قدم ہے۔ سِرّ کی ولایت حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زیر قدم ہے۔ خفی کی ولایت حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے زیر قدم ہے اور اخفی کی ولایت حضرت خاتم الانبیاء حضور پُرنور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے زیر قدم ہے۔ یہ معلوم ہونا چاہیئے کہ اولیاء کے قدموں کا تفاوت انہی لطیفوں کی راہ سے ہے۔ جو حضرت آدم علیہ السلام کے زیر قدم ہے اُس کی ولائیتِ قلب ہے اور ولائیت کے پانچ درجوں میں سے ایک درجہ کا صاحب استعداد ہے۔ جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے زیر قدم ہے اُس کی ولایت، ولائیت رُوحی ہے اور اُس کو دو درجوں کی استعداد ہے۔ جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زیر قدم ہے اُس کی ولایت خفی ہے اور وہ چار درجے ولائیت کی استعداد رکھتا ہے اور جو حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے زیر قدم ہے، اُس کی ولائیت ولائیت اخفی ہے اور سب ولایتوں اور درجوں سے اعظم، اعلیٰ اور احسن ہے۔ اور اس ولائیت کے صاحب پانچوں درجوں کی ولائیت کی استعداد و قابلیتِ ہے۔

نظر بر قدم سے سرعتِ سیر کی جانب بھی اشارہ ہو سکتا ہے یعنی یہ کہ قطعِ مسافت اور عبور بر عقباتِ خود پرستی میں سالک کی نظر جہاں تک پہنچے فوراً قدم بڑھا وہیں پر رکھ دے۔

بہرحال نظر بر قدم پر عمل پیرا ہونا اللہ تعالیٰ تک پہنچنا ہے۔ ؎

وقتِ رفتن بر قدم باید نظر
ہست سنت حضرت خیر البشر
اندریں حکمت بس ست و بیشمار
دیدہ خواہد طالبِ حق آشکار
اتباعِ حضرت محمد مصطفےٰ
میرساند نزدِ حق جلّ و علا

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
	مقالات	
۱	تصوف، اس کی اصل اور غرض و غایت	۷۳
۲	تصوف چیست؟	۸۸
۳	تصوف اِسلام کی فکری و عملی تحریک۔	۱۰۴
۴	تصوف، اس کی اصل اور غرض و غایت	۱۲۵
۵	تبلیغ اسلام اور سلسلہ نقشبندیہ	۱۳۸
۶	فضائل طریقۂ نقشبندیہ	۱۷۳
۷	اصطلاحاتِ تصوف	۱۸۵
۸	اصطلاحاتِ	۱۹۷
	تذکرات	
۱	سید عالم حضرت محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم	۲۲۳
۲	حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالےٰ عنہٗ	۲۴۷
۳	حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالےٰ عنہٗ	۲۹۳
۴	حضرت قاسم بن محمد بن ابوبکر رضی اللہ تعالےٰ عنہم	۳۰۱
۵	حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالےٰ عنہ	۳۰۹
۶	حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ	۳۲۷
۷	حضرت شیخ ابوالحسن خرقانی رحمۃ اللہ علیہ	۳۴۰
۸	حضرت شیخ ابو علی فارمدی رحمۃ اللہ علیہ	۳۶۵
۹	حضرت خواجہ یوسف ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ	۳۷۵
۱۰	حضرت خواجہ عبدالخالق غجدوانی رحمۃ اللہ علیہ	۳۸۵

چلتے وقت نظر پاؤں پر ہونی چاہیئے۔ کیونکہ یہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ہے۔

اس میں بہت سی حکمتیں ہیں کہ جس کو طالبِ خدا صاف دیکھے گا۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی اللہ تعالیٰ تک پہنچاتی ہے۔

(۳) سفر در وطن اس سے مراد یہ ہے کہ آدمی صفاتِ بشریہ کو چھوڑ کر صفاتِ ملا حاصل کرے اور صفاتِ ذمیمہ ترک کر کے صفاتِ حمیدہ کا حامل ہو جائے۔ یعنی طلبِ جاہ و مالِ عجب، حسد، بُغض، کینہ اور تکبر سے دل کو پاک صاف کرے، آئینہ کی طرح شفاف کرے کیونکہ جب تک یہ خصائلِ رذائل دل میں بھرے ہونگی تو نورِ خدا کا گزر کیونکر ہو سکتا ہے۔ اسی لیے تو حضرت بُوعلی قلندر قدس سرہٗ فرماتے ہیں۔ ؎

صد تمنا در دلا داری فضول
کے کنُد نورِ خُدا در دل نزول

تو سینکڑوں لغو آرزوئیں دل میں لیے پھرتا ہے۔ ذرا یہ تو بتا کہ خُدا کا نُور تیرے دل میں کب نازل ہوگا۔

اسی طرح مولانا رومی رحمۃ اللہ علیہ بھی ارشاد کرتے تھے ؎

ہم خدا خواہی و ہم دنیائے دُوں
ایں خیال است و محال ست و جُنوں

تو خدا کو بھی چاہتا ہے اور اس ذلیل دنیا کو بھی، یہ تو محض خیال، جنوں اور محال و ناممکن بات ہے۔

جس شخص کی اللہ تعالیٰ کے سوا جس چیز سے محبت ہے، یہی اُس کا بت ہے جب تک بت خانہ کو توڑ کر خانۂ خدا نہ بنائے گا، عند اللہ یہ بت پرست کہلائے گا۔ حضرت بوعلی قلندرؒ فرماتے ہیں۔ ؎

بت پرستی می کنی ہم بت گری　　شد دلت رشکِ بُتانِ آذری

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
۱۱	حضرت خواجہ عارف ریوگری رحمۃ اللہ علیہ	۴۰۳
۱۲	حضرت خواجہ محمود انجیر فغنوی رحمۃ اللہ علیہ	۴۰۰
۱۳	حضرت خواجہ علی رامیتنی رحمۃ اللہ علیہ	۴۱۳
۱۴	حضرت بابا محمد سماسی رحمۃ اللہ علیہ	۴۲۹
۱۵	حضرت خواجہ شمس الدین امیر کلال رحمۃ اللہ علیہ	۴۳۰
۱۶	حضرت خواجہ سید بہاؤ الدین نقشبند رحمۃ اللہ علیہ	۴۶۳
۱۷	حضرت خواجہ علاء الدین عطار رحمۃ اللہ علیہ	۵۲۵
۱۸	حضرت خواجہ یعقوب بن عثمان چرخی رحمۃ اللہ علیہ۔	۵۳۷
۱۹	حضرت خواجہ ناصر الدین عبید اللہ احرار رحمۃ اللہ علیہ۔	۵۵۱
۲۰	حضرت خواجہ محمد زاہد وخشی رحمۃ اللہ علیہ۔	۵۷۷
۲۱	حضرت خواجہ درویش محمد رحمۃ اللہ علیہ۔	۵۸۳
۲۲	حضرت خواجہ محمد قتدی امکنگی رحمۃ اللہ علیہ۔	۵۸۹
۲۳	حضرت خواجہ محمد باقی باللہ رحمۃ اللہ علیہ۔	۵۹۹
۲۴	حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ۔	۶۵۵
۲۵	حضرت خواجہ محمد معصوم سرہندی رحمۃ اللہ علیہ۔	۷۷۵
۲۶	حضرت حبۃ اللہ خواجہ محمد نقشبند سرہندی رحمۃ اللہ علیہ	۸۰۹
۲۷	حضرت خواجہ محمد زبیر سرہندی رحمۃ اللہ علیہ۔	۸۱۹
۲۸	حضرت سید قطب الدین حیدر محمد اشرف رحمۃ اللہ علیہ۔	۸۲۷
۲۹	حضرت حافظ سید محمد جمال اللہ رامپوری رحمۃ اللہ علیہ	۸۳۳
۳۰	حضرت خواجہ سید محمد میلی گنڈا پوری رحمۃ اللہ علیہ۔	۸۴۵

تو بُت پرستی کرتا ہے اور بُت بناتا بھی ہے۔ حتیٰ کہ تیرا دل آذر کے بتوں کے لیے باعثِ رشک ہے۔

حکیم الامت حضرت اقبال رح اِس مضمون کو یُوں ادا کرتے ہیں ؎

بُتوں سے تجھ کو اُمیدیں خُدا سے نا اُمیدی
مجھے بتا تو سہی اَور کافری کیا ہے

امامِ ربانی حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ السامی فرماتے ہیں کہ "سفر وطن سے مراد یہ ہے کہ سیرِ آفاقی کو چھوڑ کر سیرِ انفسی کی طرف سفر کرے"۔

حضرت شاہ غلام علی دہلوی قدس سرہ، اس ارشادِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کہ "جس گھر میں تصویر ہوتی ہے اُس گھر میں رحمت کے فرشتے نہیں آتے"، کی تشریح کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ "جس دل میں خیالِ غیر خدا ہے وہ دل بھی رحمتوں کے نزول کا مستحق نہیں ہوتا"۔

امیر المومنین حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ "جس نے اللہ کی محبت کا خالص مزا چکھا تو اُس نے اُس کو طلبِ دُنیا سے باز رکھا اور سب لوگوں سے وحشی اور غیر مانوس کر دیا"۔ حضرت شاہ ہدایت علی جے پوری نقشبندی مجددی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ ؎

کینہ و بغض و حسد حقد و ریا
خود سری خود بینی و مکر و دغا
ایں خصائل ناقصہ را دُور کن
قلبِ خود را از یادِ حق معمور کن
تا شود قلبِ سیاہ نُور و ضیا
تا شود خانۂ دلت خانۂ خدا

کینہ، بغض، حسد، دشمنی و کمینہ پن اور ریاکاری۔
خودسری، خود بینی اور مکر و دغا اور فریب کاری۔

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
۳۱	حضرت خواجہ محمد فیض اللہ تیراہی رحمۃ اللہ علیہ۔	۸۵۵
۳۲	حضرت خواجہ نور محمد چوراہی رحمۃ اللہ علیہ	۱۶۵
۳۳	حضرت خواجہ فقیر محمد چوراہی رحمۃ اللہ علیہ	۸۸۱
۳۴	حضرت خواجہ حافظ عبدالکریم رحمۃ اللہ علیہ	۱۹۷
۳۵	حضرت خواجہ صوفی نواب الدین موہروی رحمۃ اللہ علیہ	۵۱۷
۳۶	حضرت خواجہ ابوالخیر محمد عبداللہ جان مدظلہ العالی	۹۳۷
۳۷	شجرہ شریف	۹۵۲
۳۸	ماخذ و مراجع	۹۵۵
۳۹	قطع تاریخ ارشاد	۹۶۵

یہ سب بُری عادتیں چھوڑ دے۔
اور اپنے دل کو یادِ خدا سے آباد کر۔
تاکہ تیرا سیاہ دل روشن و منوّر ہو جائے۔
اور تیرا دل خانۂ خدا بن جائے۔

(۴) خلوت در انجمن

اس کا مطلب یہ ہے کہ دل سے خدا کے ساتھ مشغول رہے۔ اپنے تمام حالات یعنی کھانے، پینے، بات کرنے، پڑھنے، پڑھانے چلنے پھرنے، بیٹھنے اور سونے وغیرہ میں، چاہے اُس کی حالت پاکی کی ہو یا ناپاکی کی، اس قدر مشغول و مصروف رہے کہ اللہ کی طرف اُس کی توجہ راسخ یعنی خوب پختہ ہو جائے۔ اسی لیے حضرت خواجہ نقشبند رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا ہے کہ:۔

"دل بیار، دست بکار"

دلِ یار کی طرف اور ہاتھ کام کی طرف۔

اور یہ اشارہ ہے اللہ تعالیٰ کے اس ارشادِ گرامی کی طرف:۔

رِجَالٌ لَّا تُلْهِيهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَن ذِكْرِ اللَّهِ۔ (النور: ۳۷)

میرے بندے وہ لوگ ہیں جن کو تجارت اور لین دین میرے ذکر سے غافل نہیں کرتے۔

حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ، فرماتے ہیں کہ "سفر در وطن میں خلوت در انجمن کا مطلب حاصل ہو جاتا ہے"۔ خلوت در انجمن سے مراد یہ ہے کہ لوگوں میں اس کا جسم موجود رہے اور دل میں اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کا خیال نہ ہو۔ یا دوسرے لفظوں میں یہ جسم موجود رہے اور دل میں اللہ تعالیٰ کے ساتھ ہو یعنی دل میں ہر وقت، ہر آن اللہ ہی اللہ ہو۔ اور اس میں کسی قسم کا تصنع، بناوٹ اور تکلف نہ ہو تو لباسِ فقر اُس کے لیے فائدہ مند ہوتا ہے۔ لیکن بہتر یہی ہے کہ وضع اور لباس ایسا ہونا چاہیے جیسا کہ حضرت خواجہ میر درد نقشبندی قدس سرہ، فرماتے ہیں۔

تقاریظ

عرضِ مؤلف ——— محمد صادق قصوری

مقدمہ ——— پروفیسر محمد شفیع صابر

لبرکرم ——— جسٹس حضرت پیر محمد کرم شاہ

فکرِ مسعود ——— پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد

کلماتِ طاہر ——— پروفیسر ڈاکٹر محمد طاہر القادری

کچھ تذکرہ نقشبندیہ خیریہ کے بارے میں ——— پروفیسر سید محمد ذاکر حسین شاہ

تذکرہ نقشبندیہ خیریہ پر ایک نظر ——— مولانا فیض احمد فیضؔ

تذکرہ نقشبندیہ خیریہ میری نظر میں ——— جسٹس مفتی سید شجاعت علی قادری

ارشاداتِ مقصود ——— مولانا محمد مقصود احمد

فرمودات معصومیہ ——— صاحب زادہ محمد حفیظ الرحمٰن معصومی

ملفوظاتِ مدرارؔ ——— مولانا مدرار اللہ مدرارؔ نقشبندی

سخنے چند ——— سید ریاست علی قادری

سرِ سخن ——— جناب کوثر نیازی

"نہ میں لباس عالموں جیسا پہنتا ہوں کہ لوگ مجھ کو عالم کہیں اور نہ درویشوں کا سا پہنتا ہوں کہ لوگ مجھ کو درویش کہیں اور نہ لباس ملامت کا پہنتا ہوں کہ جس سے عاقبت میں مواخذہ ہو بلکہ عام لوگوں کا سا لباس پہنتا ہوں کہ جس میں ان تمام باتوں سے بچا رہوں"

صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کا بھی یہی طریقہ تھا کہ عام لوگوں کی طرح بود و باش رکھتے تھے۔ درویشی وغیرہ کی کوئی امتیازی شان ظاہر نہیں کرتے تھے بالکل یہی طریقہ حضرات نقشبندیہ رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کا ہے۔ اور یہی مضمون حدیث قدسی کا ہے۔ جسے عارفِ رومیؒ یوں بیان فرماتے ہیں ؎

ما بروں را نہ نگریم و قال را
ما دروں را بنگریم و حال را

ہم کسی کی ظاہری حالت کو نہیں دیکھتے بلکہ ہم باطنی حالت کو دیکھتے ہیں۔

یعنی اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ میں تمہاری صورتوں اور لباس و اعمال کو نہیں دیکھتا بلکہ تمہارے دلوں کو دیکھتا ہوں، اسی واسطے حضراتِ نقشبندیہ رحمۃ اللہ علیہم اجمعین اُس چیز کی تکمیل میں زیادہ کوشش اور سعی کرتے ہیں جس کو خدا دیکھتا ہے۔ اور سچی بات تو یہ ہے کہ جب خدا کی نظر کپڑوں اور صورتوں پر نہیں ہے تو پھر فقیروں کی شکل بنانے کی کیا ضرورت ہے؟ گذشتہ ادوار میں تو درویش غربت، ناداری اور تنگدستی کی وجہ سے، ایک تہبند، ایک چادر اور ایک دوپٹہ ہونے کے سبب کپڑوں کو مٹیالا یا سیاہ رنگ کر لیا کرتے تھے تاکہ جلد میلے نہ ہوں اور دھلائی کے لیے تضیعِ اوقات و زر نہ ہو کیونکہ وہ اپنے ہر لمحہ کو آخری لمحہ اور ہر سانس کو آخری سانس جانتے تھے۔ اب لوگ اُن کے سیاہ کپڑوں کی نقل تو کرتے ہیں لیکن اُن کی یادِ خدا اور ترکِ دُنیا کی نقل نہیں کرتے، بلکہ اس کے خلاف صورت فقیروں کی اور گھر امیروں کی طرح رکھتے ہیں۔ بالکل اسی طرح ان کے ظاہر سے باطن

عرضِ مؤلّف

عرصہ سے قلبی آرزو تھی کہ حضرات مشائخ نقشبند قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم کے حالاتِ طیبات پر جدید تقاضوں کے مطابق ایک کتاب لکھوں تاکہ نئی نسل کو یہ بتایا جاسکے کہ اِن نفوس قدسیہ نے تبلیغِ اسلام کے لیے کیا کیا کارنامے انجام دیئے، خوابیدہ دلوں کو کس طرح بیدار کیا اور ظالم وجابر حکمرانوں کے سامنے کس طرح کلمۂ حق بلند کیا اور عظمت وسطوتِ خداوندی کا سکہ بٹھایا۔

۱۹۸۴ء کے آخر میں جناب محمد آصف آصفی الخیری نے اپنے مکتوب گرامی میں راقم کو تحریر فرمایا کہ پیر طریقت حضرت خواجہ محمد عبداللہ جان مدظلہ، سجادہ نشین آستانہ عالیہ مُرشد آباد شریف پشاور کی خواہش ہے کہ تم آستانہ عالیہ کی طرف سے شائع ہونیوالی کتاب "سلسلہ خیریہ مع تذکرہ نقشبندیہ" کو نئی ترتیب، تحقیق اور کاوش کے ساتھ جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کی خدمت سرانجام دو تاکہ نئی آب وتاب سے شائع کرکے شائقین تک پہنچایا جائے۔

چونکہ یہ خواہش پہلے ہی میرے دل میں چنگاری کی طرح سُلگ رہی تھی لہٰذا میں نے بلاحیل وحجت اِسے تائید ایزدی سمجھتے ہوئے قبول کیا۔ اس کے بعد جناب صوفی محمد اسرائیل الخیری مدظلہ، ناظم مکتبہ الخیریہ دربار عالیہ مُرشد آباد شریف نے ۱۴/جولائی کو دوبارہ رابطہ فرمایا۔ احقر نے پھر اثبات میں جواب دیتے ہوئے اپنی خدمات پیش کر دیں۔ اور ضروری کتابوں کی تلاش وحصول کے بعد ۲۸/ربیع الثانی ۱۴۰۶ھ بمطابق ۱۰/جنوری ۱۹۸۶ء بروز جمعۃ المبارک اللہ تعالیٰ کا نام لے کر کام شروع کر دیا جو تقریباً ایک سال میں بفضلہ تعالیٰ مکمل ہو گیا اور اب تذکرہ نقشبندیہ خیریہ نئے

کا معاملہ برعکس ہے۔ بقول حضرت رومی رحمۃ اللہ علیہ ؎

ہمچو ایں خاماں باطبل و علم کہ الغ خانیم در فقر و عدم

ان ڈھول ڈھمکے والے ناکارہ لوگوں کی طرح کہ جو فقر و فنا میں اپنے آپ کو الغ خاں کہتے ہیں۔

لاف شیخی در جہاں انداختہ خویشتن را بایزیدے ساختہ

دُنیا کے سامنے اپنی بزرگی کی شیخیاں بگھارتے رہتے ہیں اور اپنے آپ کو بایزید بسطامیؒ بنا رکھا ہے۔

ہم از خود واصل شد و سالک شدہ محفلے واکردہ در دعوت کدہ

اپنے وجود سے خود ہی واصل ہیں اور خود ہی سالک بنے ہوئے ہیں۔ دعوتیں اور جلسے ہو رہے ہیں۔

چند وزدی حرفِ مردانِ خدا تا فروشی دستانی مرحبا

اے ظاہر پرست اور ظاہر دور انسان! تو کب تک مردانِ خدا کی نقل کرتا رہے گا تاکہ دُنیا میں غلط سودا کرے۔

ایں نہ مردانند و اینہا صورت اند مردۂ مانند کشتۂ شہوت اند

یہ لوگ درحقیقت مَرد نہیں ہیں اگرچہ صورت سے مَرد نظر آتے ہیں یہ تو خواہش اور حرص و ہوا کے بندے اور مُردے ہیں

حضرت شیخ سعدی شیرازی رحمۃ اللہ علیہ نے اِس مضمون کو کس خوبصورتی سے ادا کیا ہے۔ ؎

دلقت بچہ کار آید و تسبیح و مرقع خود را از عملہائے نکو ہیدہ بری دار

تیری گدڑی اور تسبیح و مرقع کس کام آئے گا۔ اپنے آپ کو بُرے کاموں سے بچائے رکھ۔

حاجت بکلاہِ بر کی داشتنت نیست درویش صفت باش کلاہِ تتری دار

تجھے فقیروں کی سی ٹوپی اوڑھنے کی ضرورت نہیں ہے۔ بلکہ ضرورت

حسن وجمال کے ساتھ آپ کے سامنے ہے۔

اِس کتاب کی تیاری میں مجھے جن مشکلات کا سامنا کرنا پڑا وہ ایک الگ باب کی متقاضی ہیں۔ اللہ تعالیٰ اور حضور نبیٔ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فضل وکرم میرے شاملِ حال رہا اور مُرشدی ومولائی سنوسئ ہند امیر ملّت حضرت پیر سیّد حافظ جماعت علی شاہ صاحب محدث علی پوری قدس سرہ، کی رُوحانی امداد ہر وقت اور ہر آن میسّر رہی اور اِس طرح یہ منزلِ ہفت خواں طے ہو گئی۔ میں نے سعیٔ بلیغ کی ہے کہ کتاب کو ہر لحاظ سے جامع بنایا جائے۔ اس سلسلہ میں قرآنی آیات کے حوالے اور ترجمہ، اہم مقامات پر اشعار کا ترجمہ، بیرا بندی، جدید تحقیق کے مطابق نئی نئی معلومات کا اندراج، ہر شخصیت کے تمام پہلوؤں کا ذکر، مولد و مدفن کی تحقیق، ولادت ووفات کے سنین کی تصحیح زبان کی سادگی اور واقعات کو دلچسپ پیرائے میں بیان کرنے کا پورا پورا التزام کیا ہے مگر باوجود اس کوشش کے، ممکن ہے کہ غلطیاں اور خامیاں رہ گئی ہوں تو اس سلسلہ میں عرض ہے کہ اگر اس کتاب میں خامیاں ہیں تو اُن کی تمام تر ذمہ داری مجھ پر ہے اور اگر کچھ خُوبیاں ہیں تو وہ میرے رَب کی دین ہے۔

نکتہ چین کو اگر کچھ خامیاں نظر آئیں تو یہ بات نظر انداز نہ کرنی چاہیئے۔ کہ فکر وتلاش کے اس وسیع اور رنگا رنگ چمن میں کہیں کہیں سبزۂ خودرَو یا خس وخاشاک کا ہونا بھی ناگزیر ہے۔ کون لکھنے والا ہے جس کی ہر کتاب پر متبصر کے محکِ امتحان پر زرِ خالص عیار ثابت ہو۔ میں حضرت امیر مینائی رحمۃ اللہ کے الفاظ میں بلاتکلف کہہ سکتا ہوں۔ ؎

مجھے یہ ڈر ہے کہ ایمان لے نہ آئیں لوگ
خدا کرے غلطی کچھ مرے سخن میں ہے

اگرچہ میں نے تلاش وجستجوئے بسیار کے بعد اِس کتاب میں بعض ایسی چیزیں شامل کی ہیں جو شاید کسی اور تذکروں میں نہ مل سکیں گی اور نُدرت وتنوع کے عنبار سے یہ کتاب ممتاز ہے مگر پھر بھی مجھے افسوس ہے کہ اپنی خواہش کے

اس امر کی ہے کہ تو درویش صفت بن اور پھر چاہے تو عمدہ ٹوپی پہن لے۔

ہاں اگر کوئی درویشی جتانے اور دنیا کمانے کے واسطے ایسا کرتا ہے تو اِس حدیث شریف کا مصداق بنتا ہے۔

اَلدُّنْیَا دُوْدٌ لَا یَحْصِلُھَا اِلَّا بِدُوْدٍ۔ دُنیا مکر ہے اور مکر ہی سے حاصل ہوتی ہے۔

صاحبِ تذکرۃ الاولیا حضرت فرید الدین عطار رحمۃ اللہ علیہ نے کیا خوب فرمایا ہے ؎

فقرِ خود را پیشِ کس پیدا مکن
محنتِ امروز را فردا مکن

اپنے فقر کو کسی پر مت ظاہر کر (اور) آج کا کام کل پر مت چھوڑ۔

سعدی علیہ الرحمۃ ارشاد کرتے تھے۔ ؎

اے دُرُونت بر ہنہ از تقوی وز بروں جامۂ ریا داری

اے شخص! تیرا باطن پرہیزگاری سے ننگا (خالی) ہے اور تیرا ظاہر لباس ریاکاری سے آراستہ ہے۔

پردۂ ہفت رنگ را بگذار
تو کہ در خانہ بوریا داری

تو اس سات رنگے پردہ کو چھوڑ دے۔ کیونکہ تیرے گھر میں چٹائی موجود ہے۔ یعنی تیرا ظاہر اچھا ہے اور باطن خراب ہے۔ لہٰذا اصلاح کی طرف متوجہ ہو۔

ہر شخص اپنی دولت کا پتہ کسی کو نہیں دیتا۔ اور ہر شخص اپنے محبوب کی محبت کا اظہار کسی عمل سے غیروں پر نہیں کرتا تو پھر محبت الٰہی کا اظہار اپنے

باوجود اِسے معنوی لحاظ سے اتنا معیاری نہ بنا سکا جتنا چاہتا تھا۔ اس کی وجہ میری علمی بے مائیگی اور معلومات کی عدم فراہمی ہے لیکن یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتا کہ مشائخ نقشبندیہ قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم کے حالاتِ طیبات پر اتنا جامع تذکرہ شاید ہی منصۂ شہود پر جلوہ گر ہوا ہو۔ ؎

میرے گل میں جو بُو ہے وہ کسی گُل میں نہیں

بڑی ناشکری ہوگی کہ اگر میں اُن حضرات کا شکریہ ادا نہ کروں جن کی عنایت، کرم فرمائی اور نوازش کے بغیر یہ کتاب مکمل نہ ہو سکتی تھی۔ پیر طریقت حضرت خواجہ محمد عبداللہ جان مدظلہ، کی شبانہ روز دعاؤں کی بدولت یہ تذکرہ پایۂ تکمیل کو پہنچا۔ حضرت صوفی محمد اسرائیل الخیری کی مسلسل حوصلہ افزائیوں رابطوں اور یاد دہانیوں نے میرے کام کو کافی حد تک آسان کر دیا اور یُوں اس بحرِ معرفت کی غواصی میں کامیاب و کامران ہو سکا۔

سیدی و سندی حضور فخرِ ملت حضرت پیر سیّد حافظ افضل حسین شاہ صاحب مدظلہ، زیبِ آستانہ عالیہ علی پور شریف ضلع سیالکوٹ کی ہمہ وقت رُوحانی امداد اور حضور مہرِ اعلیٰ مبلّغِ مشرق و مغرب حضرت پیر سیّد منور حسین شاہ صاحب قبلہ علی پوری کے بے پایاں کرم کے بدولت ہی یہ کام سرانجام پا سکا ورنہ من آنم کہ من دانم۔ ؎

ممنونِ التفاتِ نگاہِ جمال ہوں
مجھ کو نظر اٹھانے کے قابل بنا دیا

استاذی حکیم اہل سنت حضرت حکیم محمد موسیٰ امرتسری مدظلہ، کی قدم قدم پر رہنمائی کے بغیر میرے لیے یہ ممکن ہی نہ تھا کہ علم و ادب کے اس وسیع و عریض میدان میں قدم رکھنے کی جرأت کر سکتا۔ یہ اُن کی نگاہِ عنایت اور اُن کے قدموں سے وابستگی کا اثر ہے کہ مذہب و ملت کی کچھ خدمت کرنے کے قابل ہو سکا۔ ؎

جب تک بکا نہ تھا کوئی پُوچھتا نہ تھا
تم نے مجھے خرید کے انمول کر دیا

لباس سے کرنا کہاں کی عقلمندی اور دانائی ہے۔اسی لیے تو حضرت خواجہ عزیزاں علی رامیتنی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ ؎

از درون شو آشنا وز بروں بیگانہ باش
ایں چنیں زیبا روش کم می بود اندر جہاں

اندر یعنی دل میں خدا کی یاد رکھ اور ظاہر میں بیگانہ رہ یہ عمدہ روشن مثال دُنیا میں بہت کم ہے۔

ایک اور بزرگ فرماتے ہیں۔ ؎

از بروں در میانِ بازارم وز درون خلوتے ست با یارم

میرا ظاہر جسم تو بازار میں ہے اور میرا باطن یعنی دل خدا کے ساتھ ہے

سوال:۔ بعض اولیاء اللہ نے اپنے لباس سے اظہارِ ولائیت نہیں کیا ہے تو اُن کے کلمات سے اظہار ولائیت ہوا ہے۔ لہٰذا اظہار لباس سے ہو یا کلام سے دونوں کی صورت ایک ہے۔

جواب:۔ بعض اولیاء اللہ کو کمالاتِ نبوت میں سے ظلی طور پر حصہ دیا جاتا ہے اور بعض کو صرف ولایت میں سے حصہ دیا جاتا ہے۔ فیضانِ نبوت قابلِ اظہار ہوتا ہے اور فیضانِ ولائیت قابلِ استتار۔ (یعنی چھپانے کے قابل) لہٰذا جن اولیاء کو کمالاتِ نبوت میں سے حصہ دیا گیا ہے انہوں نے بموجب ارشادِ باری تعالیٰ

اَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ۔ اپنے پروردگار کی نعمتوں کا خوب چرچا کرو۔

(الضحیٰ: پارہ ۳۰)

اظہار ولائیت کیا ہے اور اس اظہار کے دو مقاصد و منشاء ہیں۔

(۱) اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شکر ادا کرنا۔

(۲) خلقِ ناقص کو خدا تعالیٰ کی طرف بلانا۔

جن اولیائے کرام کو صرف ولایت میں سے حصہ دیا گیا ہے اور اُن سے اظہارِ کرامات یا اظہارِ حالاتِ باطنی ہوئے ہیں۔ وہ اللہ تعالیٰ نے صرف اس لیے

عالمِ اسلام کے نامور مفکر، دانشور، ماہر تعلیم اور منفرد اہلِ قلم حضرت پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد صاحب قبلہ پرنسپل گورنمنٹ کالج ٹھٹھہ (سندھ) کی مسلسل رہنمائی اور حوصلہ افزائی میرا سرمایۂ حیات ہے۔ اُن کی شفقت، محبت اور عنایت کے باعث ہی اِس قابل ہو سکا کہ سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کے مشائخ عظام پر قلم اٹھا سکوں ورنہ میں کیا اور میری بساط کیا۔ مجھے تو ؎

فخر اپنی نیازمندی پر
ناز اُن کی نوازشوں پہ ہے

جناب محمد نذیر رانجھا صاحب راولپنڈی نے مواد کی فراہمی میں کافی مدد کی۔ ملک کے نامور نعت گو شاعر حضرت صابر براری مدظلہ، کراچی نے بعض "تاریخی مادے" مرحمت فرمائے اور قطعۂ تاریخ اشاعت عطا فرمایا۔

حضرت اقدس جناب سید انور علی انور قبلہ ایڈووکیٹ کراچی، جناب حکیم سید امین الدین احمد صاحب لاہور، جناب جی اے حق محمد صاحب اسلام آباد جناب بہاء الحق صاحب ایم اے اور جناب قاضی ظہور اختر صاحب ایم اے کے تحقیقی مضامین، "تصوف، اس کی اصل اور غرض و غایت"، "تصوف چیست؟"، "تصوف اسلام کی فکری و عملی تحریک"، "تصوف، اس کی اصل اور غرض و غایت" اور "تبلیغ اسلام اور سلسلۂ نقشبندیہ"[1] ماہنامہ "نورِ اسلام"، شرقپور شریف ضلع شیخوپورہ (پنجاب) کے اولیائے نقشبند نمبر حصہ اوّل بابت ماہ مارچ اپریل ۱۹۷۹ء سے نقل کیے گئے ہیں۔ اور حقیقت یہ ہے کہ ان مضامین کی شمولیت سے کتاب کی اہمیت، حیثیت اور افادیت دو چند ہو گئی ہے۔ اس لیے میں مضامین نگار حضرات کے علاوہ فخر المشائخ حضرت میاں جمیل احمد شرقپوری

---

[1] اصل عنوان "تبلیغِ اسلام اور سلاسلِ اربعہ" تھا مگر ہم نے اپنے موضوع کی رعایت سے عنوان بدل کر صرف سلسلہ نقشبندیہ سے متعلق مضمون ہی نقل کیا ہے۔ (قصوری)

ظاہر کروائے ہیں تاکہ کفار فجار وغیرہ راہِ ہدایت پر آجائیں اور طالب خدا کی طرف رہیں اور اِن بزرگوں کا کلام طالبانِ حق کے لیے قانونِ راہِ طریقت ... بنے ور شیطان لعین کے دھوکہ سے بچیں۔ ورنہ اولیاء اللہ نے اپنے اظہارِ فقر وغیرہ کے لیے کوئی بات نہیں کی۔ جو کچھ الہام ہوا، کہہ دیا۔ جیسا کہ مولانا رومی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ؎

دو دہاں دارم گویا ہمچو نے
یک دہاں پنہاں است در لبہائے وے

بانسری کی طرح دو منہ رکھتا ہوں جس میں سے ایک منہ خدا کے ہونٹوں میں ہے یعنی جو کچھ الہام اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوتا ہے میں وہی کہدیتا ہوں۔

حضرت شاہ ہدایت علی جے پوری نقشبندی مجددی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ؎

عیدِ خالق پیشو ائے عارفاں ایں چنیں فرمود بہر طالباں

حضرت خواجہ عبدالخالق غجدوانی رحمۃ اللہ علیہ جو عارفوں کے پیشوا ہیں، نے طالبانِ حق کے لیے اس طرح فرمایا ہے۔

ایں نصیحت بشنو بداز گوش دل کارِ نے آید دریں جا گوشِ گل

اس نصیحت کو دل کے کانوں سے سنو یعنی توجہ اور غور سے سنو۔ کیونکہ یہاں مٹی کے کان کام نہیں آئیں گے۔

بندگاں باید کہ در وقتِ سخن
قلب با حق قالب در انجمن

بندوں کو چاہیئے کہ بات چیت کرتے وقت یہ حال ہو کہ دِل خدا تعالیٰ کے ساتھ ہو اور جسم محفل میں ہو۔

یاد کرو۔ یاد کرو سے مراد یہ ہے کہ ہمیشہ اللہ کا ذکر کرے، ذکر اسم ذات کا

مدظلہ، سجادہ نشین آستانہ عالیہ شرقپور شریف اور ان کے مریدِ باصفا، فنا فی الشیخ حضرت صوفی غلام سرور نقشبندی مجددی مدظلہ، نیا مزنگ لاہور کا بھی شکر گزار ہوں کہ جنہوں نے مقدور بھر علمی تعاون فرمایا۔ اللہ تعالیٰ میرے اِن تمام محسنوں اور کرم فرماؤں کو خوش و خُرم رکھے اور جزائے خیر سے نوازے۔ آمین ثم آمین بجاہ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم۔

آخر میں اس حقیقت کا اظہار جُزوِ ایمان سمجھتا ہُوں کہ میں عالِم ہوں نہ ادیب اور نہ مؤرخ ہوں نہ صاحب قلم کہ اتنی عظیم کتاب لکھ سکتا۔ یہ تو سب کچھ اس وجہ سے ہے کہ مدینے کی گلیوں کی خاک مقدس میری آنکھوں کا سُرمہ ہے۔ ع

سُرمہ ہے میری آنکھ کا خاکِ مدینہ و نجف

میرے دل کی دھڑکنیں سبز گنبد کا طواف کرتی رہتی ہیں اور عالمِ تصور میں روضۂ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے دست بستہ کھڑے ہو کر عرض کرتا رہتا ہُوں کہ "یا رسول اللہ! میری لاج رکھیو! میں سیہ کار ہوں، نابکار و ناہنجار ہوں، آپ کے سوا میرا کوئی سہارا نہیں ہے۔ آپ رحمۃ للعالمین ہیں۔ خدارا میری لاج رکھیو" چنانچہ سبز گنبد کے مکین صلی اللہ علیہ وسلم نے لاج رکھی ہے اور میں یہ کتاب مکمل کر سکا ہوں۔ ؎

کوئی سلیقہ ہے آرزو کا نہ بندگی میری بندگی ہے
یہ سب تمہارا کرم ہے آقا کہ بات اب تک بنی ہوئی ہے

محمد صادق قصوری
بُرج کلاں ضلع قصور
۹/ ربیع الثانی ۱۴۰۷ھ
۱۲/ دسمبر ۱۹۸۶ء بروز جمعۃ المبارک
بعد نمازِ فجر

یا نفی اثبات کا یعنی کلمہ شریف کا کہ جو مُرشد سے پہنچا ہوا ور ذکر اس قدر کرے کہ حق تعالیٰ کی حضوری حاصل ہو جائے۔ خواجۂ خواجگان حضرت خواجہ نقشبند بخاری قدس سرہٗ نے فرمایا ہے کہ ؎

"ذکر سے مقصود یہ ہے کہ دل ہمیشہ حضرتِ حق کے ساتھ حاضر رہے، بوصفِ محبت اور تعظیم کے، اس واسطے کہ ذکر یعنی یاد، رفعِ غفلت کا نام ہے"

حضرت خواجہ علاء الدین عطار رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ ؎

باش دائم اے پسر دریادِ حق
گر خبر داری ز عدل و دادِ حق!

اے بیٹے! ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی یاد میں رہا کر اگر تجھے اللہ تعالیٰ کے انعامات و عنایات کی خبر ہے۔

(۶) بازگشت:- بازگشت یعنی رجوع کرنا، پھرنا۔ اس سے مراد یہ ہے کہ تھوڑے تھوڑے ذکر کے بعد تین بار یا پانچ بار مناجات کی طرف رجوع کرے کیونکہ یہ دُعا حضرت خواجہ نقشبند قدس سرہٗ کی ہے۔ اور ذکر میں یہ شرط نہایت عظیم ہے۔ جیسے ہرگز نظر انداز نہ کیا جائے۔

"الٰہی! مقصودِ من توئی و رضائے تُو، محبت و معرفتِ خود بدہ"

"اے اللہ! میرا مقصود تُو ہی ہے اور تیری رضا و خوشنودی۔ تو اپنی محبت و معرفت عطا فرما"

یعنی "اے اللہ! مقصود میرا تُو ہے اور تیری رضا ہے۔ تیرے ہی لیے میں نے دنیا و آخرت کو ترک کیا ہے۔ تو اپنی نعمتیں عطا فرما کر اور اپنی ہی بارگاہ میں وصولِ تمام عنایت فرما"

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ۔

"ہمارے والد بزرگوار حضرت شاہ عبدالرحیم دہلوی رحمۃ اللہ علیہ اس دُعا کو بار بار پڑھنا شرطِ عظیم فرماتے تھے۔ اور فرماتے تھے کہ طالب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تحریر از، مؤرخ سرحد محترم جناب پروفیسر محمد شفیع صابر صاحب ایم۔اے
گولڈ میڈلیسٹ پرنسپل فارورڈ ہائی سکول پشاور (صوبہ سرحد)

مقدمہ

اللہ اللہ! ——— اللہ والوں کی کیا باتیں ہیں ——— سلطنتیں مٹ جاتی ہیں، حکومتیں وجود میں آتی اور بگڑتی رہتی ہیں، شہر بستے اور تباہی کا شکار ہوتے رہتے ہیں۔ لیکن اگر دوام ہے تو اللہ کے نام کو اور مردانِ خدا کے کام کو قرآن حکیم اُنہیں لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ - کی سندِ دوامی عطا کرتا ہے، وہ انسانوں کے جسموں پر نہیں بلکہ دلوں پر حکومت کرتے ہیں ان کا نقش مردانِ عارف کے قلب و روح پر تا ابد کندہ رہتا ہے، یہی وہ پاک طینت لوگ ہیں جو اللہ کے ہو کر رہ جاتے ہیں اور اللہ اُنہیں اپنا دوست بنا لیتا ہے۔

زیرِ نظر کتاب اللہ کے اُنہی برگزیدہ بندوں کے ذکرِ خیر پر مبنی ہے، کتاب کے مؤلف وطنِ عزیز کے مشہور اہلِ قلم جناب محمد صادق قصوری ہیں جو "اکابر تحریک پاکستان"، "مرتب" کر کے اپنا لوہا منوا چکے ہیں اور ایک وسیع النظر اور قادرِ کلام سوانح نگار کی حیثیت سے جانے پہچانے جاتے ہیں۔ جہاں صادق صاحب کی یہ مخلصانہ کاوش قابلِ قدر اور لائقِ تحسین ہے وہیں اس سے بھی کہیں بڑھ کر ہمارے شکریہ کے مستحق دورِ حاضر کے عظیم مبلغ اسلام اور قدر شناس اولیائے کرام پیرِ طریقت، مخزنِ شریعت حضرت ابو الخیر، الحاج محمد عبداللہ جان صاحب نقشبندی مجددی سجادہ نشین آستانہ عالیہ مُرشد آباد شریف، پشاور شہر ہیں جن کی حیاتِ مبارک کا ایک ایک لمحہ فروغ و اشاعت اسلام کے لیے وقف رہتا ہے اور جنہیں اس

کو نہیں لازم ہے کہ اس سے غافل رہے اس واسطے کہ جو ہم نے پایا اس کی
برکت سے پایا،،

اس دُعا کا مقصد و مُدعا یہ ہے کہ ذکر و فکر سے جو سُرور یا کوئی نُور یا کوئی چیز عالمِ غیب کی نظر آئے تو طالب اُس پر مغرور نہ ہو اور اُس کو اپنا مقصد نہ سمجھ لے، کیونکہ ذاتِ خدا کجا اسماء و صفات الٰہی میں سے ایک صفت میں اگر لاکھوں برس سیر سالک رہے۔ جب بھی ختم نہ ہو۔ لہٰذا یہ دُعا سب کو ختم کر کے ذاتِ حق سے قریب کرتی ہے۔ اسی وجہ سے حضرت خواجہ نقشبند رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد ہے:۔

"ہر چہ دیدہ شُد و شنیدہ شُد و دانستہ شُد۔ آں ہمہ غیر است
بحقیقتِ کلمہ لَا نفی آں باید کرد"

جو کچھ دیکھا جائے اور سُنا جائے اور جانا جائے، وہ سب غیر خدا ہے۔ کلمہ طیبہ کے لَا سے سب کی نفی کر دینی چاہیئے۔

اسی مضمون کو مولانا رومی رحمۃ اللہ علیہ یُوں ادا فرماتے ہیں۔ ؎

اے برادر بے نہایت در گہست
ہر کہ بروے می رسی بروے مایست

اے بھائی! اللہ تعالیٰ کی بے انتہا درگاہیں ہیں۔ جب تو کسی درگاہ پر پہنچ جائے اُس کو نہایت جان کر مت ٹھہر۔

(۷) **نگہداشت**:۔ نفس کو ہانکے اور دُور کرے یعنی جو خیالات اور وسوسے ماسوا خدا کے دل میں آئیں تو سالک اُن کو نہ آنے دے۔ اسی لیے حضرت خواجہ نقشبند اس نکتہ، فرماتے ہیں کہ۔

"سالک کو لائق ہے کہ خطرہ کو اُس کے ابتدائے ظہور میں روک دے اس واسطے کہ جب ظاہر ہو چکے گا تو نفس اُس کی طرف مائل ہو جائے گا اور وہ نفس میں اثر کرے گا، پھر اس کا دُور کرنا مشکل ہوگا۔ یہ نگہداشت

سے پیشتر بھی کئی اسلامی کتابوں کی اشاعت کا فخر حاصل ہے۔

آج کے اس پُرآشوب دَور میں جب آدمی مادیت کے سیلاب کی زد میں ہے، لادینی نظریات کی بھرمار نے ذہنوں کو مفلوج بنا کے رکھ دیا ہے اور تہذیبِ مغربی کی چکاچوند نے ہماری بصیرت اور بصارت کو اس قدر ماؤف کر دیا ہے کہ اللہ اور اللہ والوں کی باتیں سُننے کا نہ شوق باقی ہے نہ ان پر عمل کرنے کا حوصلہ اور یارا۔ تذکرۂ نقشبندیہ خیریہ، کی اشاعت نہایت برمحل اور برموقع ہے، اولیائے ربانی اور علمائے حقانی کی سیرتِ طیبہ اور سوانح حیات کا مطالعہ نہ صرف ہمیں رُوحانی سکون اور طمانیت عطا کرنے کا مُوجب ہے بلکہ خود ہمیں اپنی زندگی کا راستہ متعین کرنے میں بے حد ممد و معاون بھی ہے۔

سوچا جائے تو انسان کی سب سے بیش بہا متاع اُس کی سیرت ہے، تعلیم و تربیت کا منشائے حقیقی بھی انسان کی سیرت اور کردار کی تعمیر ہے، اصل علم وہی ہے جو ہماری سیرت کو سنوارے اور اِس دُنیا اور حیاتِ بعد الممات میں ہمارے لیے فائدہ مند اور نفع بخش ثابت ہو..... سیرت سازی محض نوشت و خواند کے ذریعے ممکن نہیں کہ ؎

حرف تو لفظ ہی سکھاتے ہیں
آدمی آدمی بناتے ہیں

کوئی انسان اُس وقت تک اپنی سیرت کو صحیح اسلامی خطوط پر تعمیر نہیں کر سکتا جب تک اُس کے سامنے انسانی سیرت و کردار کے اعلیٰ نمونے موجود نہ ہوں، انبیائے کرام کا اصل کام انسان سازی یا تعمیرِ سیرت ہی تھا، ہر مومن و متقی کے لیے

کافرمانِ الٰہی نہ صرف مشعلِ راہ بلکہ مقصدِ و مدعائے حیات ہے، جاننے والے جانتے ہیں کہ رحمۃ للعالمین، سیّد المرسلین جناب محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا طریق تربیت نظامِ صحبت ہی تھا، جو کوئی قُرب و صُحبتِ نبوّت سے زیادہ مستفیض ہوا، اُتنا ہی واجب الاحترام اور واجب التعظیم قرار پایا۔ اُتنا ہی کامل و اکمل ٹھہرا ——— اتنا ہی اللہ پاک کی بارگاہ میں مقبول و معتبر سمجھا گیا۔

طریقہ ہے حاصل کرنے ملکۂ خلوہ تختۂ ذہن کا خطرات ووساوس کے خطور کرنے سے"۔

یعنی دنیا کے خیالات دل پر نہ جمیں اور دل مثل آئینہ کے صاف رہے اور جو فیضانِ باطن آئے اُس کا عکس دل پر پڑے، اور جب آئینہ دل خالی نہیں ہے تو اس میں ظہورِ انوار وبرکاتِ الٰہی کہاں ہو سکتا ہے۔ چنانچہ عارفِ رومی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، ؎

پنبۂ وسواس بیرون کن زگوش ناگہ گوشت آید از گردوں خروش

وسوسوں کی روئی کان سے باہر نکال تاکہ تیرے کان میں آسمان سے آوازیں آئیں۔

تا کنی فہم آں معمہ ہاش را ناکنی ادراک امرِ فاش را

تاکہ تُو اُن اسرار کو سمجھ سکے اور تو راز کی باتوں کو جان سکے۔

حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں کہ:۔

"خطرہ کو دل میں ساعت دو ساعت بھی نہ رکھنا چاہیئے۔ بزرگوں کے نزدیک یہ امر اہم ہے اور اولیاء کاملین کو یہ دولت تا زماں حاصل رہتی ہے" (یعنی عرصہ تک)

حضرت شاہِ ہدایت علی جے پوری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ؎

عبدِ خالق پیشوائے اولیاء
برگزیدہ رہنمائے اتقیاء

حضرت عبدالخالق غجدوانی رحمۃ اللہ علیہ جو اولیاء کے پیشوا ہیں اور خدا کے مقبول بندے اور متقیوں کو راستہ دکھانے والے ہیں۔

ایں چنیں فرمود بہر مومناں از خدا غافل مشو تو یک زماں

اُنہوں نے مومنوں کے لیے اس طرح فرمایا ہے کہ خدا تعالیٰ سے تھوڑی دیر بھی غافل نہ رہو۔

کوش تا در دل نیائید فکرِ غیر تے رود فکرِ دلِ طالب بغیر

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دُنیا سے پردہ فرمایا تو اُمت کی تربیت کا یہی فریضہ صحابہ کبار (رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین) نے سنبھال لیا کہ وہ بارگاہ نبوتؐ کے براہِ راست تربیت یافتہ ہونے کا شرف رکھتے تھے۔ تاہم تبلیغ وتربیت اسلامی کا یہ مشن دائمی اور ابدی تھا، اسے قیامت تک جاری رہنا تھا اس لیے یہ جاری وساری رہا۔ اگر سیرت سازی کا یہ کام صحابہ کرامؓ تک محدود رہتا تو ہم یہ عُذر پیش کر سکتے کہ صحابہ کرامؓ تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نظرِ شفقت اور نظامِ تربیت وصحبت کی بدولت اتنے ارفع واعلیٰ درجے تک پہنچ گئے ہم عاجز لوگ بھلا ان کی ہمسری کیسے کر سکتے ہیں، لیکن مقامِ شکر ہے کہ صحابہ کرامؓ کے بعد بھی اُمتِ مُسلمہ میں ہر دور میں ایسے علمائے حق اور صاحبِ دل بزرگ سامنے آتے رہے جنہوں نے اسلامی تعلیمات کے نُور سے لوگوں کو منوّر کیا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دین کی اپنے عمل سے صحیح تفسیر وتشریح کی، اسلامی تاریخ کا کوئی دور بھی ایسے نفوسِ قدسیہ کی درخشاں مثالوں سے خالی نہیں۔ خود حضور خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث شریف ہے کہ "میری اُمت کی مثال بارش کی سی ہے، نہیں معلوم کہ اس کا اوّل حصّہ بہتر ہے یا آخری حصّہ"

اگر صرف یہی سمجھا جائے کہ ساری عظمتیں، ساری شوکتیں اور ساری کرامتیں صرف اگلوں کا حصّہ تھیں اور پچھلوں کو اس سے کوئی علاقہ نہیں تو یہ ہماری ناسمجھی ہوگی، ہمارا ایمان ہے کہ سلسلۂ نبوت ووحی ختم ہو چکا ہے تاہم فیوضِ ربانی کے دروازے کھلے ہیں اور تا ابد کھلے رہیں گے ـــــ طالبانِ فیض کو یہ نعمت علمائے حقانی اور اولیائے ربانی کی بدولت ہاتھ آتی رہے گی، جو مومن ومتقی ان نفوسِ قدسیہ کی قربت وصحبت اختیار کرے گا، فوز وفلاح پائے گا، جو محض اپنی عقل واستدلال پر بھروسہ کرتے ہوئے غیر اسلامی نظریات کو اپنائے گا، خسارے میں رہے گا۔

حکیم الامت اقبالؒ بڑے غور وفکر اور مطالعہ ومشاہدہ کے بعد اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ موجودہ دور میں ملت اسلامیہ کے انحطاط کا اصل سبب بزرگانِ دین سے بدگمانی ہے چنانچہ علامہ اقبال اولیائے کرام کی پاک سیرتوں کو نمونۂ عمل بنانے کی ضرورت

اِس بات کی کوشش کر کہ تیرے دلمیں خیالِ غیر خدا نہ آئے اور نہ طالب کے دل کا خیال سوائے خدا کے کسی کی طرف جائے۔

(۸) یادداشت:- یادداشت سے یہ مطلب ہے کہ توجہ حرف ہر حال اور ہر دَم بسبیلِ ذوق اللہ تعالیٰ کی طرف رہے۔ بعض کے نزدیک یادداشت سے مراد حضورِ بے غیب ہے۔ اہل تحقیق کے نزدیک یادداشت یہ ہے کہ سالک کے دل پر استیلائے شہودِ حق بتوسطِ حُبِّ ذاتی ہو جائے اور اسی کو مشاہدہ کہتے ہیں۔ یہ دولت بدونِ فنا تام اور بقائے کامل حاصل نہیں ہوتی۔

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے والد حضرت شاہ عبدالرحیم دہلوی قدس سرہ کے حوالے سے لکھا ہے کہ:

"حق بات یہ ہے کہ ایسا متوجہ رہنا بالاستقامت حاصل نہیں ہوتا، مگر بعد فنائے تام اور بقائے کامل کے"۔

سوال:- یاد کرو، نگہداشت اور یادداشت میں کیا فرق ہے،

جواب:- یاد کرد اور نگہداشت میں طالب اپنی کوشش وسعی سے رب کی طرف مخاطب ہوتا ہے اور یادداشت میں بلا کوشش خود بخود قلب خدا کی طرف مشغول ومخاطب رہتا ہے۔ حضرت شاہ ہدایت علی جے پوری نقشبندی مجددی قدس سرہ فرماتے ہیں ؎

یادداشت حاصل شود بعد از فنا بلکہ حاصل می شود بعد از بقا

یادداشت فنائے تام کے بعد حاصل ہوتی ہے بلکہ بقائے کامل کے بعد حاصل ہوتی ہے۔

بعد ازیں غافل نہ باشد یک زماں خواہ باشد فرخ وغم سود وزیاں

اس کے بعد تھوڑی دیر بھی خدا سے غافل نہ رہے خواہ اُسے خوشی ہو یا رنج، فائدہ ہو یا نقصان۔

درجماعت اولیا رداخل شود نزد جملہ طرق او واصل شود

وہ شخص جو فنا وبقا سے مشرف ہو چکا وہ ولی ہے اور متفقہ طور پر

پر زور دیتے ہوئے محمد دین فوق کو ایک مکتوب میں لکھتے ہیں کہ:۔

"زمانۂ حال کے مسلمانوں کی نجات اسی میں ہے کہ ان لوگوں کی (اولیائے کرام) کی حیرت انگیز زندگی کو زندہ کیا جائے ——— میں سمجھتا ہوں کہ مسلمانوں کے زوال کی اصل علت حسن ظن کا دُور ہو جانا ہے"

حقیقت ہے بھی یہی، آج کے مادی دَور میں مغربی ملحدانہ افکار و خیالات نے ذہنوں کو اس حد تک بگاڑ دیا ہے کہ ان میں حق و باطل کی تمیز تک کی استعداد باقی نہیں رہی، کسی ولی اللہ یا صوفی بزرگ کا ذکر آتے ہی ناپختہ ذہن میں ایک تارک الدُنیا مجذوب و مخبوط الحواس ——— از کار رفتہ بوڑھے کی تصویر اُبھر آتی ہے۔ اور اولیائے کرام کی عزت و تکریم تو ایک طرف ایسا مغرب زدہ شخص اُن کے نام تک سننے کا روادار نہیں ہوتا۔ موجودہ پُر فتن دَور کا سب سے بڑا "تحفہ" یہی تشکک اور بے یقینی ہے۔ اسی بے یقینی نے تمام موجودہ پریشانیوں کو جنم دیا ہے اور اسی تشکک و بدگمانی کی وجہ سے دُنیا ایک جہنم میں تبدیل ہو چکی ہے، اُسی ماحول کو دیکھ کر اقبال یہ کہنے پر مجبور ہو جاتے ہیں کہ

غلامی سے بہتر ہے بے یقینی

اور وہ ملت اسلامیہ کے ہر فرد کو پکار پکار کر کہتے ہیں ——— "یقین پیدا کر اے غافل" ——— کیونکہ ان کے نزدیک دولتِ اسلام اور وجاہت اور غلبہ تبھی نصیب ہوگا جب اسلام اور اسلام کے زرّیں اصولوں پر یقین محکم ہو۔

بسا اوقات حیرت ہوتی ہے کہ مسلمان نوجوان معاندین کے جادو اثر پروپیگنڈے سے اس درجہ متاثر ہو چکا ہے کہ وہ خود اپنی سوچ سے کام تک نہیں لیتا ——— آنکھیں تک نہیں کھولتا ——— ورنہ آنکھیں کھول کر دیکھے اور صحیح مناظر میں اپنے ماحول کا جائزہ لے تو اُسے معلوم ہو جائے کہ شہنشاہ اکبر جیسے جابر و قہار کے نام نہاد "دین الٰہی" کے ملحدانہ نظریات کا ردّ کس نے کیا! کیا وہ ذات گرامی مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی علیہ الرحمۃ کے علاوہ کسی اور کی تھی (خود صوبہ سرحد میں کئی سو سال

وہ واصل بحق ہے۔

(۹) وقوفِ زمانی:۔ وقوفِ زمانی کی شرح ہوش دردم میں ہو چکی ہے۔ ہوش دردم اور وقوفِ زمانی یہ دونوں تقریباً ایک ہی مطلب کی حامل ہیں۔ تاہم اس کی مختصر تشریح یوں ہے کہ بندہ ہر حال میں اپنے احوال پر واقف رہے۔ اگر طاعت میں ہے تو شکر کرے اور اگر معصیت میں ہے۔ تو استغفار کرے یعنی شکر کے موقع پر شکر کرے اور استغفار کے موقع پر توبہ و استغفار کرے اسے محاسبہ بھی کہتے ہیں۔

(۱۰) وقوفِ عددی:۔ وقوفِ عددی سے مراد سالک کا اثنائے ذکر میں واقف رہنا ہے۔ جب ذکر کرے تو طاق یعنی وتر کرے جیسے ۳، ۵، ۷، ۹، ۱۱ وغیرہ۔ اس میں ذاتِ باری تعالیٰ کے ساتھ مناسبت ہے کیونکہ ارشاد ہے۔

۱ اَللّٰہُ وِتْرٌ وَّیُحِبُّ الْوِتْرَ ۔ (خدا ایک (طاق) ہے اور طاق کو پسند کرتا ہے)

چونکہ اللہ طاق ہے اور طاق کو پسند فرماتا ہے لہٰذا ذکرِ قلبی میں اس نوعیت کی رعایتِ عددی تفرقہ کے دُور کرنے اور جمعیتِ خاطر کے پیدا کرنے میں خاص طور پر مؤثر ہے۔

(۱۱) وقوفِ قلبی:۔ وقوفِ قلبی سے مراد یہ ہے کہ سالک ہر وقت، ہر آن اور ہر لحظہ اپنے قلب کی طرف متوجہ رہے۔ اور قلب خدا کی طرف متوجہ ہے تاکہ سب طرف کی توجہ ٹوٹ کر معبودِ حقیقی کی طرف ہی رہ جائے اور خطرات و وسوسے دل میں داخل نہ ہوں۔ خصوصاً ذکر کے وقت اس بات کا پورا پورا خیال رکھے۔ اسی لیے تو حضرت خواجہ نقشبند قدس سرہ نے حبسِ دم اور رعایتِ عدد کو ذکر میں لازم نہیں فرمایا بلکہ فوائد میں داخل فرمایا ہے۔ اور وقوفِ قلبی تو حضرت خواجہؒ کے نزدیک بہت ضروری اور رکنِ عظیم ہے اور دار و مدارِ طریقہ نقشبندیہ کا اسی پر ہی ہے کیونکہ دورانِ ذکر اس نوعیت کا ارتباط اور اس قسم کی حضور و آگاہی ایک ضروری شرط ہے جس کے بغیر ذکر مؤثر نہیں ہوتا۔

کسی نے کیا خوب کہا ہے ؎

تک خالی ہاتھوں جن مردانِ خدا نے سکھوں اور انگریزوں کے خلاف جہاد بالسیف کیا وہ صوفیائے کرام نہ تھے؟ ——— اخون صاحب سواتؒ، حضرت پیر بابا بونیریؒ، حاجی صاحب ترنگ زئیؒ، حضرت حاجی محمد آمینؒ، صاحب ملا صاحب کوٹہ ہڈہ ملا صاحبؒ سرتور ملا صاحب، اور ملا صاحب چکنورؒ سب کے سب صاحبان طریقت بزرگ نہ تھے؟ ——— سادہ لوح لوگوں کو کون سمجھائے کہ ان صوفیائے کرام کی زندگیاں تو سراپا "جہاد" تھیں، اُنہوں نے جہاد بالنفس بھی کیا، جہاد بالمال بھی کیا، جہاں کہیں موقع آیا "جہاد بالسیف" میں عملی حصہ لیتے ہوئے اپنی جانوں کا نذرانہ بھی دیا، قید و بند کی صعوبتیں بھی اُٹھائیں اور "ترکِ جان وترکِ مال وترکِ سر" کی تابندہ مثالیں بھی پیش کیں۔ آج کل افغانستان میں لادینی حکومت کے خلاف جہاد کرنے والوں کی اکثریت مجددی حضرات ہی پر مشتمل ہے۔

علامہ اقبال سے بڑھ کر روشن خیال، روشن دماغ، جدید و قدیم علوم پر حاوی، دردمند اور مخلص مُسلمان اس دَور میں کون ہوگا، وہ حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمۃ کے احیائے اسلام کے کارناموں کے پیش نظر اُنہیں "ہند میں سرمایۂ ملت کا نگہبان" قرار دیتے ہیں اور حضرت مجددؒ کے حوالے سے تصوف کے بارے میں یوں اظہارِ خیال کرتے ہیں۔

"حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ اپنے مکتوبات میں کئی جگہ ارشاد فرماتے ہیں کہ تصوف شعائرِ حقہ اسلامیہ میں خلوص پیدا کرنے کا نام ہے ——— اگر تصوف کی یہ تعریف کی جائے تو کسی مسلمان کو اس پر اعتراض کرنے کی جرأت نہیں ہو سکتی۔ ——— راقم الحروف (اقبال) اس تصوف کو جس کا نصب العین شعائرِ اسلام میں مخلصانہ استقامت پیدا کرنا ہو، عین اسلام

ا حضرت خواجہ ابوالخیر محمد عبداللہ جان صاحب مدظلہ مرشد آباد شریف پشاور کو ایک واسطہ سے حضرت حاجی محمد آمین صاحبؒ سے چاروں سلاسل میں اجازت و خلافت حاصل ہے (انوار الخیر)

عَلیٰ بیضِ قلبك کن کانك طائرٌ
فمن ذٰلك الاحوال فیك تولّد

اپنے دل کے انڈے پر پرندے کی طرح ہو جا اور اُسے سہہ پس اس طریقہ سے جس طرح انڈے سے بچہ پیدا ہوتا ہے تیرے دل میں خدا کا نور پیدا ہو گا۔

انتباہ:۔ کلماتِ نقشبندیہ کی مختصر تشریح کر دی گئی ہے۔ اگر کوئی یہ چاہے کہ میں صرف ان کلمات کو دیکھ کر ذکر و فکر کروں اور اس کی تکمیل ہو جائے تو یہ بات ناممکن ہے کیونکہ شیخ (پیر و مُرشد) کے بغیر راہِ طریقت میں قدم رکھنا اپنے آپ کو خطرہ میں ڈالنا ہے۔ جیسا کہ مولانا رومؒ فرماتے ہیں۔ ؎

کارِ بے اُستاد خواہی ساختن — اگر تو اُستاد کے بغیر کام بنانا چاہے،
جاہلانہ جاں بخواہی باختن — تو کامیابی ممکن نہیں بلکہ جاہلوں کی طرح اپنی جان پر کھیلنا پڑے گا۔

خواجہ خواجگان حضرت نقشبند بخاری قدس سرّہ، ارشاد کرتے ہیں۔ ؎

نیست ممکن در رہِ عشق اے پسر
راہ بُرون بے دلیلِ راہ بَر

اے بیٹے! راہ عشق میں یہ ممکن نہیں ہے کہ بغیر راہبر (پیر) راستہ پر چلا جا سکے۔

مولانا رومی رحمۃ اللہ علیہ ایک اور جگہ فرماتے ہیں ؎

ہیچ چیزے خود بخود پیدا نہ شُد — ہیچ آہن خود بہ خود تیغ نہ شُد

کوئی چیز اپنے آپ پیدا نہیں ہوئی اور نہ کوئی لوہا خود بخود تلوار بنا۔

مولوی ہرگز نہ شُد مولائے رومؒ — تا غلامِ شمس تبریزی نہ شُد

مولوی اُس وقت تک مولائے روم رح نہیں بن سکا جب تک کہ وہ حضرت شمس تبریزی رح کا غلام نہ بن گیا۔

جانتا ہے اور اس پر اعتراض کرنے کو بد بختی اور خسران کا مترادف سمجھتا ہے

(انوارِ اقبال)

مفکرِ پاکستان حضرت علامہ اقبالؒ نہ صرف خود حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمۃ کے دلی عقیدت مند تھے اور اُن کے مرقد مُبارک پر حاضری کو اپنی عین سعادت سمجھتے تھے۔ بلکہ سلسلۂ عالیہ نقشبندیہ کو دوسرے سلسلوں پر اس لیے بھی فوقیت دیتے تھے کہ اُن کے نزدیک سلسلہ نقشبندیہ "حرکی" یا (DYNAMIC) تحریک ہے جب کہ دوسرے سلاسل "سکونی" یا (STATIC) نظریات کے حامل ہیں۔ علامہ اقبال کی نظر میں حضرت مجدد الف ثانی رح اسی "حرکت" کا نقطہ کمال تھے، انہوں نے اپنے دور کے مسلمانوں کے ذہنی جمود کو توڑا اور اپنے زورِ عمل سے اُنہیں دو قومی نظریئے کے حق میں اور اکبر کے ملحدانہ خیالات کے خلاف صف آراء کر دیا۔

علامہ اقبال نہ صرف حضرت مجدد الف ثانیؒ کی اسلامی خدمات اور روحانی کمالات کے قائل تھے بلکہ ان کے علمی کمالات کے دلی معترف بھی تھے۔ حضرت پیر سید مہر علی شاہ صاحبؒ گولڑوی کو ایک مکتوب میں اُنہوں نے لکھا کہ۔

"میں نے گذشتہ سال انگلستان میں حضرت مجدد الف ثانی رح پر ایک تقریر کی تھی جو وہاں کے اداشناس لوگوں میں بڑی مقبول ہوئی"

علامہ اقبالؒ کے خیال میں حضرت مجددؒ ایسے مقامِ رفیع پر فائز ہیں کہ مفکرین مغرب کو بھی صحیح راہ پر لا سکتے ہیں۔ حضرت مجدد کی رفعتِ علمی کے سامنے اپنے عجز کا اظہار کرتے ہوئے اقبال ایک جگہ لکھتے ہیں:۔

"جہاں تک شیخ موصوف کی عبارت کا تعلق ہے، مجھے ڈر ہے کہ میں نفسیات حاضرہ کی زبان میں اس کے حقیقی معنی شاید ہی بیان کر سکوں، کیونکہ اس قسم کی زبان ہی موجود نہیں"

اسی طرح علامہ اقبالؒ حضرت مجدد الف ثانی، امام ربانی شیخ احمد سرہندی علیہ الرحمۃ کو عرفان و سلوک کا مجتہد اعظم قرار دیتے ہوئے لکھتے ہیں کہ۔

ایک اور مقام پر عارفِ رومی ارشاد کرتے ہیں ؎

پیر را بگزیں کہ بے پیر ایں سفر ہست رہ پُر آفت و خوف و خطر

اپنے لیے پیر و مُرشد پکڑ کیونکہ بغیر پیر کے یہ سفر نہایت پُر آشوب اور خطرناک ہے۔ یعنی شیطان اور نفس کو اس میں بہت دھوکہ دینے کا موقعہ ملتا ہے۔

دامنِ اُو گیر زُود تر بے گماں تا رہی از آفتِ آخر زماں

بلاشبہ اُس بندۂ خاص کا دامن جلد از جلد پکڑ تاکہ تُو اُس آخری زمانہ کی آفتوں سے بچا رہے۔

"انہوں نے اپنے زمانے کے تصوّف کا تجزیہ جس بے باکی اور تنقید و تحقیق سے کیا، اس سے سلوک و عرفان کا ایک نیا طریقہ وضع ہوا ——— اُن سے پہلے جتنے بھی سلسلہ ہائے تصوّف رائج تھے وہ یا تو وسطِ ایشیا یا سرزمین عرب سے آئے تھے مگر یہ صرف اُنہی کا طریق ہے جس نے ہندوستان کی حدود سے نکل کر باہر کا رُخ کیا اور جو اب بھی پنجاب، صوبہ سرحد، سندھ، افغانستان، ہندوستان اور ایشیائی روس میں ایک زندہ قوت کی شکل میں موجود ہے[1]"

وطنِ عزیز پاکستان آج کل جن حالات سے دوچار ہے وہ اس امر کے متقاضی ہیں کہ سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ کی تعلیمات اور اُس کے بزرگانِ کرام کے حالات پر زیادہ سے زیادہ روشنی ڈالی جائے، اس لیے کہ نقشبندی حضرات، اور بالخصوص حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمۃ کو پاکستان سے خاص مناسبت ہے بلکہ اگر یہ کہا جائے کہ پاکستان کی خشتِ اوّل جناب مجدّدؒ ہی نے رکھی تو اس میں کوئی مبالغہ قطعاً نہیں ہوگا۔ یہ مجدد الف ثانی رح ہی تھے جنہوں نے شہنشاہ اکبر کے متحدہ قومیت کے نظریہ پر پہلا وار کیا ——— اُس دور میں جب لوگوں کو یہ باور کرایا جا رہا تھا کہ ہندو اور مسلمان ایک ہیں اور رام اور رحیم ایک ہیں۔ تو حضرت مجدد نے بلا خوف اور بلا جھجک یہ اعلان کیا کہ نہیں یہ بات غلط ہے مسلمان اپنا الگ قومی وجود اور تشخص رکھتا ہے، اُس کا اپنا طریقِ حیات اور الگ دستور العمل ہے مسلم قوم ہر اعتبار سے ایک الگ تہذیب و ثقافت اور معاشرت کی علمبردار ہے ——— رام اور رحیم اس لیے ایک نہیں ہو سکتے کہ رام ایک انسان ہے اور رحیم اللہ واحد کا صفاتی نام ——— حضرت مجدد الف ثانیؒ نے شہنشاہ اکبر اور جہانگیر کی ہندو دانہ وضع قطع

---

[1] حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی خزینۃ الرحمۃ کا سلسلۂ فیضان روم (ترکی) شام (مصر)، مغرب (مراکش) خلیج ممالک چین اور ماوراء النہر تک بھی پہنچا ہے۔ تاریخ اولیاء (فارسی) (ص ۱۰۷)

فضائلِ طریقۂ نقشبندیہ

طریقۂ عالیہ نقشبندیہ کے سرِ حلقہ خیر البشر بعد از انبیاء حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں۔ جن کا ایمان تمام اُمت کے ایمان سے بھاری ہے۔ اور جن کے متعلق حضور سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تمام عمر کی نیکیاں آپؓ کی ایک نیکی کے برابر ہیں۔ آپؓ کو حضور سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے وہ نسبتِ خاص حاصل ہے، جس سے آپؓ تمام صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین میں ممتاز ہیں۔ آپؓ کے بارے میں حضور سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

مَا صَبَّ اللّٰہُ شَیْءٌ فِی صَدْرِیْ اِلَّا صَبَبْتُہٗ فِی صَدْرِ اَبِیْ بَکْرٍ۔

جو کچھ اللہ نے میرے سینے میں ڈالا تھا میں نے وہ سب کچھ (حضرت) ابوبکر رضؓ کے سینہ میں ڈال دیا ہے۔

نیز ارشاد فرمایا کہ:۔

"ابوبکر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کے ایمان کو تمام اُمت کے ایمان سے وزن کیا جائے تو ابوبکر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کا پلہ بھاری ہوگا"

مزید ارشاد ہوا کہ:۔

"میری اُمت پر سب سے زیادہ شفیق ابوبکر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) ہیں"

سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کا نام حضرت خواجۂ خواجگان خواجہ سید محمد بہاء الدین نقشبند بخاری رحمۃ اللہ علیہ سے جاری ہوا کیونکہ آپ امامِ الطریقہ ہیں۔ جب حضرت خواجہ نقشبند رحمۃ اللہ علیہ علمِ طریقت میں مرتبہ اجتہاد کو پہنچے اور آپ کے ارشاد کا زمانہ آیا اور آپ کے مُرشد کامل حضرت سید امیر کلال رحمۃ اللہ علیہ نے اجازت

طور طریقوں، دربارداری کے آداب پر کڑی نکتہ چینی کی، اُن کے مشرکانہ رسم ورواج اور رہن سہن کے خلاف آواز اُٹھائی۔ قید وبند کی صعوبتیں اور سختیاں قبول کیں لیکن جہانگیر کی بے راہ روی کے سامنے گردن نہ جھکائی ——— اس طرح اُنہوں نے متحدہ قومیت اور مشترکہ تہذیب وثقافت کے لیے پُرفریب نعروں کا طلسم توڑا مشرکانہ نظریات کے سیلاب کے آگے بند باندھا اور برصغیر میں ایک قومی نظریئے کا بُت پاش پاش کر کے رکھ دیا۔

یہی نہیں بلکہ حضرت مجدد الف ثانی، امامِ ربانی شیخ احمد سرھندی علیہ الرحمۃ نے اپنی خداداد بصیرت اور رُوحانی طاقت کی بناء پر یہاں تک بتا دیا کہ شہر لاہور ہی اشاعتِ دین کا سب سے بڑا مرکز ثابت ہوگا اور اسی خطۂ ارض سے ایک بار پھر اسلام کا بول بالا ہو گا ——— اُنہوں نے اپنے ایک مکتوب میں اُس دَور کے گورنر پنجاب میرزا محمد قلیچ خان کو، جو اُن کا انتہائی عقیدت مند بھی تھا، لکھا کہ۔

"آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ کی وجہ سے لاہور میں بہت سے احکام شرعی مروّج ہو گئے ہیں اور دین کو تقویت حاصل ہوئی ہے۔ میرے نزدیک ہندوستان کے دُوسرے شہروں کے مقابلے میں لاہور ارشاد وہدایت کے لیے مرکزی حیثیت رکھتا ہے۔ اس لیے اس شہر کی برکت دوسرے شہروں میں بھی سرایت کر جاتی ہے۔ اگر یہاں دین کی اشاعت کی جائے تو دوسرے شہروں پر بھی اس کا اثر مرتب ہوگا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے "میری اُمت میں ایک گروہ ہمیشہ مخالفینِ دین پر غالب رہے گا اور دین حق پر قائم رہے گا اور جو شخص ان کی امداد چھوڑ دے گا، وہ اُن کو نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ یہاں تک کہ قیامت آجائے"

"آپ کو چونکہ حضرت خواجہ باقی اللہ رح سے محبت تھی اس لیے آپ کو یہ کلمات لکھنے کی خواہش ہوئی"

یہ پیش گوئی نہیں تو اور کیا ہے کہ حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمۃ نے سینکڑوں

خلافتِ طریقہ عنائیت فرمائی تو آپ نے طریقِ صوفیہ میں طالبانِ حق کو دیکھا اور سُنا کہ کسی نے سالہا سال سے سونا ترک کر دیا ہے اور کسی نے شب کا جاگنا اور دن کو روزہ رکھنا اختیار کیا ہے اور کسی نے روزانہ دو مرتبہ قرآن مجید ختم کرنا مقرر کیا ہے۔ کسی نے پانچ صد نوافل روزانہ ادا کرنا اپنا معمول بنا لیا ہے۔ کسی نے اسّی برس تک آسمان کی طرف نہیں دیکھا کسی نے پیر پھیلانا موقوف کر دیا ہے، کوئی بوجہ ضُعفِ پیری یا بیماری افکارِ طریقۂ مبارک حضرات صوفیۂ کرام رحمۃ اللہ علیہم اجمعین ادا کرنے میں مجبور و معذور ہے اور اُس کا وقت غفلت میں گزر رہا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد۔

فَاذْكُرُوا اللّٰهَ قِيَامًا وَّ قُعُوْدًا	اللہ کا ذکر کرو، کھڑے اور بیٹھے
وَعَلٰى جُنُوْبِكُمْ۔	اور لیٹے۔ (یعنی ہر حال، ہر حالت میں
(النساء : ۱۰۳)	اللہ کا ذکر کرو۔)

کی تعمیل سے قاصر ہیں تو کُلُّ اَمْرٍ مَرْهُوْنٌ بِاَوْقَاتِهَا[1] نے ظہور پکڑا اور نوشتۂ روزِ ازل نے آپ رح کے سینۂ مبارک میں جوش پیدا کیا تو سر بسجدہ ہو کر بارگاہِ خداوندی میں عرض کرنے لگے۔

"الٰہی اُمّت کے قویٰ ضعیف ہو گئے ہیں، اب اُن میں سختی برداشت کرنے کی قوت و ہمت نہیں رہی ہے۔ نبوت کا خیر و برکت والا زمانہ ان سے دُور تر ہوتا جا رہا ہے لہٰذا تو اپنے فضل و کرم سے مجھ کو ایسا طریق عنائیت فرما جو کہ آسان ہو اور تجھ تک جلد پہنچنے والا ہو۔"

پندرہ روز تک بحالت سجدہ آپ اسی طرح گریہ وزاری کرتے رہے، صرف نمازِ باجماعت اور حوائجِ ضروریہ کے لیے ہی حجرہ سے باہر تشریف لاتے پندرہویں روز دریائے رحمتِ الٰہی موجزن ہو کر الہام ہوا کہ:۔

---

[1] ہر کام اپنے اوقات کے ساتھ رہن رکھا گیا ہے۔ (قصُوری)

برس پہلے ہی اشارہ فرمایا دیا تھا کہ برصغیر میں نفاذ شریعت اسلامیہ کی آواز اسی شہر سے بلند ہوگی یہی خطہ ارض احیائے اسلام کی کوششوں اور کاوشوں کی جولان گاہ بنے گا اور دُنیا نے دیکھا کہ ۲۳/مارچ ۱۹۴۰ء کو قرار داد پاکستان اسی شہر لاہور میں منظور ہوئی اور پاکستان کی آزاد اسلامی حکومت کا قیام مُسلمانانِ برصغیر کے دلوں کی دھڑکن اور نصب العین بن گیا حضرت مجدد الف ثانیؒ اور اُن کی لڑی کے دوسرے سربرآوردہ حضرات نے ہر دَور میں مُشرکانہ رسوم، ضلالتوں، بدعتوں، گمراہیوں اور کج رویوں کے خلاف جہاد کیا۔ اس خطہِ ارض کو دین اور سنت رسولؐ کی نورانی قندیلوں سے منور کیا اور یہاں کے علمی، فکری، اخلاقی، رُوحانی اور سیاسی نظام کو اسلام کی تعلیمات سے ہم آہنگ کرنے کے لیے ایک ایسی طاقتور جاندار اور تاریخ ساز تحریک برپا کی جس کے اثرات معاشرے کے ہر طبقے اور ہر شعبے نے محسوس کئے۔ حضرت مجدد اور اُن کے پیروکاروں کی یہی کاوش اور یہی تحریک بالآخر پاکستان کی صُورت میں ہمارے سامنے آئی۔ اگر آج بھی ہم علیحدگی پسندی صُوبہ پرستی، گروہ بندی، لادینی اثرات اور اسی قسم کے منفی رجحانات سے اس اسلامی مملکت کو محفوظ رکھنا چاہتے ہیں تو ہمیں نقشبندی اکابر کے نقش قدم پر چلنا اور اُن کی تعلیمات کو اپنانا ہوگا، اور یہ اُسی صورت میں ممکن ہوگا جب ہم اُن حضرات کے اتباع میں صرف اور صرف اسلامی نظریات اور اصولوں پر کاربند رہیں اور ہر قسم اور ہر طرح کے غیر اسلامی نظریات کا ڈٹ کر مقابلہ کریں۔ قربِ خداوندی کے حصول کا واحد ذریعہ صرف اور صرف اتباع شریعت کو سمجھیں اور جان لیں کہ طریق نقشبندیہ میں طریقت، حقیقت اور معرفت سب شریعت محمدیہ کے خادم ہیں۔

"تذکرۂ نقشبندیہ خیریہ" کی اشاعت اہلِ ایمان کے لیے اس لیئے بھی باعث خیر و برکت ہوگی کہ وہ یہ جان سکیں گے کہ اولیائے نقشبندؒ ہر دَور میں نفاذ شریعت اسلامیہ کی مہم میں پیش پیش رہے ہیں، مشہور دانش ور ڈاکٹر محمود حسین کے الفاظ ہیں "جہانگیر کے زمانے سے اب تک جو اسلامی مفکر اس برعظیم میں پیدا ہوئے اور جتنی بھی اسلامی تحریکیں یہاں اُٹھیں اُن کا رشتہ کسی نہ کسی صورت میں حضرت مجدد الف ثانی کے کام سے مسلّم ہے

53128

"اے محمد بہاء الدین! ہم تجھ کو وُہ طریق عنایت فرماتے ہیں کہ جو ہمارے حبیب (صلی اللہ علیہ وسلم) کے صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں تھا" (یعنی وقوفِ قلبی اور اتباعِ سُنّتِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم)۔

حضرت خواجہ محمد بہاء الدین نقشبند بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اِس عنایتِ ایزدی پر شُکر ادا کیا اور سر سجدہ سے اُٹھایا اور پھر اس طریق جدید کو رواج دیا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے اس طریق نے ایسی ترقی کی کہ آج کروڑوں انسان اس سلسلۂ مبارک سے وابستہ ہیں اور یہ سلسلہ آفتاب کی روشنی کی طرح قبولیت حاصل کر کے روئے زمین پر پھیل گیا۔ ممالکِ رُوم، شام، کردستان، عرب، بُخارا، ترکستان، کابل، چین، برصغیر پاک وہند غرض سب جگہ خلفاء اور طلبۂ نقشبندیہ بکثرت موجود ہیں۔

حضرت خواجہ نقشبند رحمۃ اللہ علیہ سے لوگ دریافت کرتے تھے کہ آپ کے اس سلسلۂ جدید میں کیا فائدہ ہے! اس پر آپ ارشاد فرماتے کہ سب طریق مبارک اور نُورعلیٰ نُور ہیں اور سب خدا تعالیٰ تک پہنچتے ہیں لیکن جو طریق خدا تعالیٰ نے مجھے عنایت فرمایا ہے۔ اس میں آسانی بہت ہے اور اس سے بہت جلد اللہ تعالیٰ تک رسائی ہو جاتی ہے۔

ذکرِ قلبی میں چونکہ جذبِ ربانی ہے اور ذکرِ زبانی میں سلوک، بدیں وجہ حضرت خواجہ نقشبند قدس سرہ، ارشاد فرماتے ہیں:۔

ما مرادانیم تا ما مفضلیانیم	ہم مطلوبوں میں سے ہیں، ہم مفضل والوں میں سے ہیں۔

طلبۂ حق میں ایک مراد ہوتے ہیں اور ایک مرید۔ مراد وہ لوگ ہیں جن کو خدا خود اپنی طرف کھینچے اور مرید وہ لوگ ہیں جو خود سعی کر کے خدا کی طرف چلیں۔ غرض جس قدر عبادات روحانی وجسمانی اور مالی ہیں یہ سب سلوک میں داخل ہیں اور ذکرِ قلبی اور فکرِ قلبی میں جذبِ ربانی ہے۔ لہٰذا جذب اور سلوک میں بہت بڑا فرق یہ ہے کہ ایک کو خود خُدا اپنی طرف کھینچے اور ایک اپنی کوشش سے خدا کی طرف جائے۔ اس کی مثال یُوں ہے کہ ایک شخص پیدل چلے اور ایک شخص کو ریل یا جہاز یا موٹر یا کوئی اور سواری میسر آجائے۔ جس طرح اس

شاہ جہان کی اسلام دوستی، عالمگیر کی حکمت عملی حضرت شاہ ولی اللہ کا فلسفہ اور خود تحریک پاکستان کی کڑیاں حضرت مجدد ؒ کی تعلیمات سے جا ملتی ہیں۔

حضرت شاہ ولی اللہ ؒ معترف ہیں کہ آج جو مساجد میں اذانیں دی جا رہی ہیں اور مدارس سے قال اللہ تعالیٰ اور قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دل نواز صدائیں بلند ہو رہی ہیں اور خانقاہوں میں جو ذکر و فکر ہو رہا ہے اور قلب و رُوح کی گہرائیوں سے جو اللہ کی یاد کی جاتی ہے یا لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ کی ضربیں لگائی جاتی ہیں، ان سب کی گردنوں پر حضرت مجدد کا بار منت ہے، اگر حضرت مجدد الحاد و ارتداد کے اکبری دور میں اس کے خلاف جہاد نہ فرماتے اور وہ عظیم تجدیدی کارنامہ انجام نہ دیتے تو نہ مساجد میں اذانیں ہوتیں نہ مدارس میں قرآن، حدیث، فقہ اور دوسرے علوم دینیہ کا درس ہوتا اور نہ خانقاہوں میں سالکین و ذاکرین اللہ اللہ کے رُوح افزاء ذکر سے زمزمہ سنج ہوتے۔ الّا ماشاء اللہ۔"

برصغیر پاک و ہند میں سلسلہ نقشبندیہ کی اہمیت ایک مسیحی بشپ کے نزدیک یہ ہے کہ:۔

"سلسلہ نقشبندیہ کی تاریخ صرف اس لیے دلچسپ نہیں کہ اس نے اسلامی فکر کی تعمیر میں ایک اہم کردار ادا کیا ہے بلکہ اس کی اہمیت اس لیے بھی ہے کہ اس نے ہندوستان کے سیاسی انقلابات کو بے حد متاثر کیا۔"

گرامی مرتبت ابوالخیر حضرت پیر عبداللہ جان صاحب مدظلہ العالی کو اللہ جزائے خیر دے کہ انہوں نے تذکرہ "نقشبندیہ خیریہ" کی اشاعت کا اہتمام کر کے اس سلسلہ عالیہ کے فیوض کو عوام تک پہنچانے کی بھرپور کاوش کی ہے، صحبتِ شیخ منزل تک پہنچنے کے لیے سالک راہ کے لیے ناگزیر ہے تاہم بزرگان کرام کا تذکرہ بھی صحبتِ شیخ کا نعم البدل ہوتا ہے۔ خود سید الطائفہ حضرت جنید بغدادی علیہ الرحمۃ اس بارے میں فرماتے ہیں کہ "اولیاء اللہ

میں آسانی اور جلدی ہے بالکل اسی طرح ذکر و فکرِ قلبی میں آسانی ہے۔

حدیث شریف میں آیا ہے کہ "جسم کے اندر ایک گوشت کا ٹکڑا ہے، اگر وہ صالح ہے تو تمام جسم صالح ہے اور اگر وہ فاسد ہے تو تمام جسم فاسد ہے۔ وہ گوشت کا ٹکڑا کیا ہے وہ دل ہے"، جب دل میں ذکر و فکرِ خدا ہو گا اور اُس کی اصلاح ہو گی تو تمام جسم خود بخود درست ہو جائے گا۔

زبیرانِ طریقۂ نقشبندیہ اپنے طلبہ کو کعبۂ مقصود کی طرف نہایت پوشیدہ طور پر لے جاتے ہیں، جیسا کہ مولانا جامی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔

نقشبندیہ عجب قافلہ سالار اند کہ برند از رہِ پنہاں محرم قافلہ را

حضراتِ نقشبندیہ عجب قافلہ کے سردار ہیں۔ کہ پوشیدہ طور پر اپنے طلبہ کو حرم میں لے جاتے ہیں۔

از دلِ سالک رہ جاذبۂ صحبت شاں می بُرد وسوسۂ خلوت و فکر چلّہ را

سالک کے دل سے اُن کی صحبت کی کشش خلوت کے خیال اور چلّہ کی فکر کو مٹا دیتی ہے۔

ایک اور جگہ یوں فرماتے ہیں۔

تُو نقشِ نقش بنداں را چہ دانی! تُو شکلِ پیکرِ جاں را چہ دانی

تُو نقش نقشبنداں کو کیا جانے تو جان کے جسم کی شکل کو کیا جانے۔

گیاہ سبزہ داند قدرِ باراں تو خشکی قدرِ باراں را چہ دانی

تو خشک ہے، بارش کی قدر کیا جانے، سبز گھاس بارش کی قدر جانتی ہے۔

ہنوز از کفر و ایمانت خبر نیست
حفا لفہائے ایماں را چہ دانی

ابھی تجھے کفر و ایمان کی ہی خبر نہیں ہے۔ (پھر بھلا) تو کمالاتِ ایمان کو کیا جانے؟

کے ملفوظات وحالات پڑھنے ، لکھنے اور سُننے میں اَن گنت فائدے ہیں ـــــ ان کا کلام ایک غیبی لشکر ہے ،جب ہم ہر طرف سے مایوس ہو جاتے ہیں تو اس لشکر سے ہمارا دل اچانک قوی ہو جاتا ہے اور کام کرنے کو جی چاہنے لگتا ہے "

اسی نکتے کو حضرت مولانا عبدالرحمٰن جامیؒ یوں بیان کرتے ہیں کہ مشائخ کی باتیں، اللہ کے لشکروں میں سے ایک لشکر ہیں " زندگی سنوارنے اور اسے اسلامی تعلیمات کے عین مطابق گذارنے کے لیے ہمیں جیتی جاگتی اور سچی سیرتوں کی ضرورت ہے ،زیر نظر کتاب ایسی ہی سچی اور جیتی جاگتی سیرتوں پر مشتمل ہے -

ایسی پاکیزہ کتاب کا مطالعہ نہ صرف ہماری زندگیوں کو روشن تر بنانے اور مشکل حالات میں ہماری ڈھارس بندھانے کا مُوجب ہے بلکہ بزرگان کرام کے روشن کارناموں کا پڑھنا اللہ والوں اور اللہ سے ہمارے تعلق کو تقویت بخشنے کا سامان بھی ہے ،مشائخ نقشبندیہ سے نسبت اُن سے عقیدت اور اُن کی متابعت دین ودُنیا دونوں میں باعث سعادت ہے ،ہم عاجزوں کی تو بساط ہی کیا مولانا ابوالکلام آزاد جیسی عظیم شخصیت ان عظیم ہستیوں سے اپنی ارادت پر اپنے دِلی جذبات کا اظہار یوں کرتے ہیں :-

"یہی نسبت اور ارادت کی ایک دولت ہے جو ہم بے مائیگانِ کار اور تہی دستانِ راہ کے لیے توشۂ آخرت اور وسیلۂ نجات ثابت ہو۔ اگر اس کے دامن تک ہاتھ نہ پہنچ سکا تو اُس کے دوستوں کا دامن تو پکڑ سکتے ہیں ـــــ اللہ اس راہ میں ثبات واستقامت ورزی عطا فرمائے اور اُس کے دوستوں کی محبت وارادت سے ہمارے قلوب ہمیشہ معمور اور آباد رہیں " (تذکرہ)

میری دلی دُعاء ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کتاب کا مطالعہ کرنے والوں کو اپنی اور اپنے مقربین کی سچی محبت عطا فرمائے، انہیں عمل کی توفیق ارزانی فرمائے اور فاضل مُولف اور حضرت ابوالخیر مدظلہ العالی کی مخلصانہ کوششوں کو شرف قبولیت بخشے۔ وَاٰخر دعوانا ان الحمد للّٰہ رب العٰلمین

۳/۲ خالدین، فورٹ روڈ
پشاور صدر

خاکپائے اولیائے نقشبند
محمد شفیع صابر

دل، کیمرہ اور گراموفون کی مانند ہے کہ جو کچھ دمِ آخر اس میں عکس پڑتا ہے، وہی بولتا اور پیش کرتا ہے۔ یعنی قبر و حشر میں بولے گا اور پیش کرے گا۔ جیسا کہ حدیث شریف میں ہے:۔

كَمَا تَحْيَوْنَ تَمُوْتُوْنَ وَكَمَا تَمُوْتُوْنَ تُبْعَثُوْنَ۔	تم جس طرح زندگی گزارو گے اُسی طرح مرو گے اور جس حالت میں مرو گے، اُسی حالت میں قبر سے حشر کے دن اٹھو گے۔
(حدیث شریف)	

اللہ تعالیٰ نے بھی قرآن پاک میں ارشاد فرمایا ہے:۔

يَوْمَ لَا يَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ ۝ إِلَّا مَنْ أَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ۔	قیامت کے دن نہ مال کچھ فائدہ دے گا اور نہ اولاد، مگر جو شخص اللہ کے پاس قلبِ سلیم لایا ہو۔
(الشعراء: ۸۸، ۸۹)	

دوسرے طریقوں میں ذکرِ قلبی آخر میں بتلایا جاتا ہے جب کہ طریقہ نقشبندیہ میں اوّل۔ دوسرے طریقوں میں اخذِ فیض اور ذکر، اکثر اسماء و صفاتِ الٰہی سے طالب کو مستفیض کر کے ذاتِ باری تعالیٰ کی طرف مخاطب کرتے ہیں لیکن طریقہ نقشبندیہ میں اکثر ذکرِ اسمِ ذات اور ہمتِ طالب کی ذات بحت کی طرف مخاطب کرتے ہیں اسی لیے امام طریقہ حضرت خواجہ نقشبند رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

اوّل ما آخر بہ منتہی
آخرِ ما حبیب تمنا تہی

ہماری ابتدا اوروں کی انتہا ہے اور ہماری انتہا دامنِ آرزو خالی کر دینی ہے۔

طریقہ عالیہ نقشبندیہ میں دوسرے سلسلوں کی نسبت پیروی سنت زیادہ ہے اور ترقی کا انحصار زیادہ تر اتباعِ سنت پر رکھا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:۔

قُلْ إِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ	اے محبوبؐ! فرما دیجئے کہ اگر تم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ؕ

آئینِ کرم

ضیاء الامت جسٹس حضرت پیر محمد کرم شاہ صاحب ایم۔ اے (جامعہ ازہر) پرنسپل جامعہ محمدیہ
غوثیہ بھیرہ شریف ضلع سرگودھا

حامداً و مصلیاً و مسلماً

محترم جناب محمد صادق صاحب قصوری ہمارے ملک کے ممتاز محقق، قابل اعتماد مورخ اور صاحب طرز ادیب ہیں ان کی تحقیقی نگارشات علمی حلقوں میں بڑی قدر کی نگاہ سے دیکھی جاتی ہیں طلبہ اور علماء بڑے شوق سے ان کی تصنیفات کا مطالعہ کرتے ہیں ..... لیکن تذکرہ نقشبندیہ خیریہ، لکھ کر انہوں نے اپنے آپ کو زندہ جاوید بنا دیا ہے۔

طریقت اور معرفت کے گہرے سمندر میں غواصی، بڑے حوصلہ کا کام ہے اس کی تہہ سے آبدار موتیوں سے جھولی بھرنا بڑے مقدر کی بات ہے، پھر ان کو آراستہ پیراستہ کر کے حق کے متلاشیوں اور متوالوں کے ذوق لطیف کی تسکین کا سامان بنا دینا بہت بڑی سخاوت ہے۔

اس کتاب کی تالیف کی توفیق ارزانی فرما کر رحمت الٰہی نے جناب قصوری صاحب کو ان ساری خوبیوں سے مالا مال فرما دیا ہے۔

تذکرہ نگاری، ہماری درخشاں ماضی کا ایک قیمتی باب ہے۔ خلفاء، سلاطین، فاتحین، محدثین مفسرین، فقراء اولیاء، علماء شعراء، ادباء اطباء، حکماء الغرض ہر عہد کے تذکرہ نگاروں نے زندگی کے ہر شعبہ سے تعلق رکھنے والے ملت کے قابل قدر افراد کے علمی اور عملی، تحقیقی اور تخلیقی کارناموں کو اپنے اسفار جلیلہ میں بڑی امانت اور سلیقہ سے محفوظ کر لیا ہے تاکہ آنے والی نسلیں اپنے اسلاف کے زریں کارہائے نمایاں کو یاد بھی رکھیں اور اپنے مضمحل قویٰ اور افسردہ ذہنی صلاحیتوں کو ان سے تازہ خون مہیا کر کے نئی زندگی سے بہرہ ور کرتی رہیں تاکہ وہ رزمگاہ حیات میں اپنا ملی فریضہ حسن و خوبی سے انجام دے سکیں۔

ان تذکرہ میں اولیاء کرام کے تذکروں کی شان ہی نرالی ہے۔ ان کا مسلک

فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْکُمُ اللّٰہُ۔ (آل عمران : ۳۱)

چاہتے ہو کہ اللہ تم سے محبت کرے تو میری اتباع کرو۔ اللہ تعالیٰ تم سے محبت کرے گا۔

لہٰذا جو طریق سنت کی پیروی نہ کرے گا وہ ترقی سے محروم رہے گا۔ حضرت خواجہ نقشبند قدس سرہ، ارشاد فرماتے ہیں۔

"وطریقۂ ما محرومی نیست ہر کہ از طریقہ، ما رُو گرداند خطرۂ دین دارد چہ اکہ ایں طریقہ بعینہٖ طریقہ صحابہ کبار ست"

ہمارے طریقہ میں کسی کو محرومی نہیں ہے جو کوئی ہمارے طریقہ سے منہ پھیرے، وہ جان لے کہ اس کا دین خطرے میں ہے کیونکہ یہ طریقہ بالکل صحابہ کرامؓ کبار کے مطابق ہے۔"

امام ربانی حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ السامی فرماتے ہیں کہ:۔

"اگر کسی طالب کو ہمارے یہاں سے علمِ باطن سے حصّہ نہ ملے تو وہ بددل نہ ہو کیونکہ مقصد بخشش ہے اور بخشش کا انحصار اتباعِ سنّتِ پر ہے اور اتباع سنّتِ ہمارے یہاں لازمی ہے"

حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ، حضرت خواجہ باقی اللہ قدس سرہ کے واسطے سے سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کے وہ شیخ کامل مکمل ہیں جو گیارہ صدی سے ایک ہزار سال جیسی طویل مدت کے لیے اللہ تعالیٰ کی طرف سے مجدد اعظم بنا کر ہماری رہنمائی کے لیے مقرر کیے گئے، آپ نے سلسلۂ قادریہ، سلسلۂ چشتیہ اور سلسلہ سہروردیہ کے شیخ الشیوخ سے بھی فیض حاصل کیا ہے اسی لیے ان سلسلوں کے طریقہ عالیہ کا آپ نے تقابلی مطالعہ فرما کر تجزیہ بھی کیا ہوگا۔ اور پھر آخر کار آپ طریقہ عالیہ نقشبندیہ پر تا دمِ آخر قائم ہی نہیں رہے بلکہ اسی کے مطابق ارباب سلوک کو فیض بھی پہنچاتے رہے۔ آپ نے طریقۂ عالیہ نقشبندیہ کو دوسرے سلسلوں پر ترجیح دینے کی وجوہات بھی اپنے مکتوبات میں تحریر فرمائی ہیں جو درج ذیل ہیں۔

شیخ کامل کی صحبت کا نعم البدل ثابت ہوتا ہے۔ محبت الٰہی کے خشک سوتے از سرِ نو اُبلنے لگتے ہیں۔ غافل دلوں میں یاد الٰہی کی شمع روشن ہو جاتی ہے ان بندگانِ خدا کے حالات کے مطالعہ کی برکت سے نفس امارہ کی سرکشی پر قابو پانے کی ہمت پیدا ہو جاتی ہے۔ عبادت واطاعت کی منزل کا سُست گام مسافر، برق رفتار بن جاتا ہے۔ ان مسیحا نفس حضرات کی تاباں سیرت کے مطالعہ سے انسان کی کایا پلٹ جاتی ہے۔

ہمارے اکابر کو ان پاک نہاد حضرات کے تذکار کی ان برکات کا پوری طرح احساس تھا اسی لیے انہوں نے تصوف کے مختلف طریقوں کے ہزارہا مشائخ کے حالات، کمالات خصوصاً ان کی تعلیمات کو بڑی جانفشانی سے جمع کیا۔ پوری علمی دیانت کے ساتھ بڑے دل آویز پیرایہ میں ان کو صفحہ قرطاس پر ثبت کر دیا تاکہ ان کے حیات بخش فیضان سے ملت کے افکار نظریات بیرونی زہریلے اثرات سے محفوظ رہیں اور گلشن اسلام سدا بہار رہے۔

کچھ عرصہ سے ملت کے دوسرے علمی شعبوں کی طرح یہ شعبہ بھی زوال وانحطاط کی زد سے نہ بچ سکا۔ جو تذکرے لکھے گئے ان میں چند مستثنیات کے علاوہ کمالات اور کرامات پر زیادہ زور دیا جانے لگا۔ کرامات کے بیان کرنے میں بھی احتیاط کے تقاضوں کو اور روایت کی شرائط کو عام طور پر نظر انداز کیا جانے لگا۔ ہر وہ حکایت جس میں تعجب انگیزی کا پہلو زیادہ ہوتا اتنا ہی اس کو اُچھالا جاتا۔ حتیٰ کہ بے سند روایات اور غیر معتبر کرامات کی دھن میں فلک معرفت کے تابندہ ستارے چھپ گئے ان سے رشد وہدایت کا مقصد فوت ہو گیا اس سے دوہرا نقصان ہوا جو لوگ پہلے ہی صوفیاء سے بدگمان تھے اور تصوف کو افیون یا عجمی سازش سمجھتے تھے انہیں مزید اس چشمۂ ہدایت سے دور بھاگنے اور نفرت کرنے کے بہانے مل گئے۔ اور جو لوگ صوفیاء اور اولیاء سے عقیدت رکھتے تھے وہ ان کے کمالات سے تو آگاہ ہوئے لیکن ان کی روح آفریں اور ایمان پرور تعلیمات کے فیض سے محروم رہے یہ محرومی کوئی معمولی محرومی نہ تھی اس کے باعث شیر، روباہ مزاج اور شاہین، زاغ صفت بن گئے۔

محترم جناب قصوری صاحب نے اپنے تذکرہ میں سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کے

آپ ؒ شیخ محمد چتری ؒ پر واضح فرماتے ہیں کہ :۔

"طریق ایشان کبریتِ احمر است ومبنی پر متابعت سنت" (مکتوبات شریف دفتر اوّل - ۳۷)

ان اکابرِ سلسلہ عالیہ نقشبندیہ قدس اللہ اسرارہم کا طریقہ کبریتِ احمر کی تاثیر رکھتا ہے اور یہی طریقہ متابعتِ سنت پر مبنی ہے"

اسی لیے آپ ہدایات صادر فرماتے ہیں کہ :۔

"می باید کہ باطن را بہ نسبت خواجہا قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم معمور داشتہ ظاہر را بہ کلیت بمتابعتِ سننِ ظاہرہ متخلی و متزین دارند" (دفتر اوّل، ۳۷)

آپ کو چاہیئے کہ خواجگانِ نقشبندیہ قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم کی نسبت عالیہ سے اپنے باطن کو معمور اور کلی طور پر متابعتِ رسولؐ کے زیور سے اپنے ظاہر کو آراستہ و پراستہ و مزین رکھیں"

* * *

یہی بات آپ اپنے خواجہ زادوں سے فرماتے ہیں کہ :۔

"صوفیہ کرام رحمۃ اللہ علیہم کے طریقوں میں طریقہ عالیہ نقشبندیہ کو اپنانا اولیٰ و انسب ہے کیونکہ اس سلسلے کے بزرگ خواجگان قدس اللہ اسرارہم نے متابعتِ سنت کو لازم قرار دیا ہے اور رواسمِ کافری سے اجتناب برتنے کی تلقین کی ہے"

"اتباعِ سنت کی دولت میسر ہے تو اسی پر خوش رہتے اور احوال کو ہیچ سمجھتے ہیں۔ اور جن احوال سے اتباعِ سنت میں فتور پڑنے کا اندیشہ ہو تو پھر انہیں ناپسندیدہ قرار دے کر رد کر دیتے ہیں" (مکتوبات شریف دفتر اوّل، ۲۶۶)

اسی طرح ملا عبدالکریم کو تلقین فرماتے ہیں کہ :۔

"اس فنائے قلب کے درجۂ عظمیٰ تک پہنچنے کے لیے انتہائی قریبی راستہ مشائخ نقشبندیہ قدس اللہ اسرارہم کا طریقہ ہے، وہ اتباعِ سنت کو لازم قرار دیتے اور رواسمِ کفریہ سے اجتناب برتتے ہیں۔ اسی لیے

مشائخ رضوان اللہ علیہم کے جہاں کمالات وکرامات کا ذکر کیا ہے۔ وہاں ان کی تعلیمات کو بھی شرح وبسط سے بیان کیا ہے انہیں اپنے پیرانِ عظام سے جو قلبی وابستگی اور ان کی تعلیمات سے جو دلی لگاؤ اور ان کے نظام رشد وہدایت کی اشاعت وتوسیع کا جو بے پایاں جذبہ ہے اس کا انہوں نے حسنِ انداز میں مظاہرہ کیا ہے۔

یہ حقیقت ہے کہ چار دانگ عالم میں اسلام کی تبلیغ واشاعت کی توفیق اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اپنے ان پاک نہاد اور پاکباز بندوں کو مرحمت فرمائی جنہوں نے زندگی کی ساری دلچسپیوں سے منہ موڑ کر اور دنیا کی جملہ عشرہ طرازیوں سے دامن دل چھوڑ کر اپنی حیات مستعار کا لمحہ لمحہ اپنے خالق کریم جل مجدہٗ کی محبت اور اس کے محبوب کریم، رؤف رحیم علیہ افضل الصلوٰۃ واکمل التسلیم کے عشق میں بسر کیا۔ دنیا بھر میں جہاں کہیں کفر وشرک کے مستحکم قلعے تھے یہ درویش، دور دراز کی مسافتیں طے کر کے وہاں پہنچے اور لاالہ الا اللہ کی ضرب خیبر شکن سے ان کو منہدم کیا وہاں توحید کا چراغ روشن کیا جسے پھر کوئی آندھی نہ بجھا سکی وہاں اسلام کا پرچم اس شان سے لہرایا کہ کوئی طوفان، کوئی خونی انقلاب اسے سرنگون نہ کر سکا ـــــ یہ ایک ایسی حقیقت ہے جو آفتاب سے بھی تابندہ تر ہے، کوئی دل کا اندھا ہی اس کا انکار کر سکتا ہے۔

آخر میں اس اولوالعزم ہستی یعنی حضرت خواجہ ابوالخیر محمد عبداللہ جان محی الدین نقشبندی مجددی سجادہ نشین دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور کا شکریہ ادا کرنا اپنا فرض سمجھتا ہوں۔ اس گرانی کے زمانہ میں اتنی ضخیم کتاب کی کتابت، طباعت اور اشاعت کے بار گراں کا متحمل ہونا ان کے جذبہ صادقہ پر شاہد عدل ہے۔ انہیں اپنے سلسلہ کے مشائخ کبار سے جو عقیدت ہے اس کی یہ روشن دلیل ہے اس مادیت گزیدہ دور میں نوجوانانِ ملت کی ذہنی اور روحانی تربیت، ان کے عقائد واعمال کی اصلاح کا جو بے پایاں جذبہ انہیں ہر وقت بے چین رکھتا ہے وہ اسلام کے خادموں کے لیے مایۂ ناز بھی ہے اور حوصلہ افزا بھی، ایسی ہی ہستیاں ملت کے شاندار مستقبل کی ضامن ہوتی ہیں۔

ہماری دلی دعا ہے اللہ تعالیٰ ان کے ظل عاطفت کو تا دیر سلامت رکھے، ان

مولانا جامیؒ فرماتے ہیں کہ ؎

نقشبندیہ عجب قافلہ سالاراں اند
می برند از رہِ پنہاں بہ حرم قافلہ را" (دفتر اول، ۲۷۸)

طریقہ نقشبندیہ دوسرے طریقوں کے مقابلہ میں قریب ترین طریقہ ہے کہ دوسروں کی انتہا اس کی ابتدا میں درج ہے۔ ؏

قیاس کن زگلستانِ من بہارِ مرا

(دفتر اوّل مکتوب ۱۴۵)

حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ، طریقہ عالیہ نقشبندیہ کی بہت سی خصوصیات بیان فرماتے ہیں مگر بخوفِ طوالت چند ایک درج ذیل ہیں۔

(۱) خواجگان نقشبندیہ قدس اسرارہم کا طریقہ بعینہٖ اصحاب کرام رضی اللہ عنہم کا طریقہ ہے۔ جنہیں سید البشر صلی اللہ علیہ وسلم کی رفاقت کی برکتوں سے ابتدا ہی میں وہ سب کچھ مل گیا۔ جو کسی شیخِ کامل کو انتہا میں بھی بڑی مشکل سے ملتا ہے۔

(دفترِ اوّل مکتوب ۵۸)

(۲) طریقہ عالیہ نقشبندیہ کے سرِ حلقہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں جن کی افضلیت انبیائے کرام علیہم السلام کے بعد مسلّم الثبوت ہے۔ اس لیے تمام نسبتوں میں اس کی نسبت اعلیٰ ہے۔ چونکہ صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ علوم و معارف سے آگاہی دوسرے اصحابِ کرام سے زیادہ رکھتے ہیں۔ اسی لیے آپ کے طفیل میں اکابرِ مشائخ نقشبندرم بھی دوسروں سے زیادہ علوم و معارف سے آگاہ ہیں" (دفتر اوّل مکتوب ۲۲۱)

(۳) "اس طریقے میں جذبۂ طلب، سلوک پر مقدم ہے لیکن اس میں سیر کی ابتدا عالمِ امر سے ہوتی ہے اور عالمِ خلق کی سیر ضمناً عالمِ امر کی سیر کے دوران ہی طے ہو جاتی ہے۔ اس کے برخلاف دوسرے سلسلوں میں سیر کی ابتدا عالمِ خلق سے ہوتی ہے"

(۴) بعض سالک، عالمِ امر میں مقامِ جذب پر فائز ہونے کی استعداد نہیں رکھتے نقشبندی مشائخ اپنے تصرف سے سالک میں یہ استعداد اُجاگر کر دیتے ہیں۔ (دفتر اوّل مکتوب ۱۴۵)

کے حوصلوں کو بلندی، ان کے عزائم کو پختگی اور ان کے نیک ارادوں کو لازوال کامیابیوں سے سرفراز فرماتا رہے۔ آمین ثم آمین بجاہ حبیبہ الامین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم الی یوم الدین

خاک راہ صاحب دلاں

(جسٹس) پیر محمد کرم شاہ الازہری

سجادہ نشین آستانہ عالیہ امیریہ

بھیرہ۔ ضلع سرگودھا

۲۵/رجب المرجب ۱۴۰۸ھ

۱۵/مارچ ۱۹۸۸ء

(۵) "نقشبندی مشائخ، پیر خرقہ، پیر کلاہ وشجرہ نہیں ہوتے۔ وہ صحیح معنوں میں شریعت کے عالم و مبلغ ہوتے ہیں۔ اس لیے شریعت کے مُرشد اور طریقت وسلوک کے رہنما ہوتے ہیں لیکن دوسرے سلسلوں میں ایسا نہیں ہے۔ ان کے حلقے میں تعلیم وتسلیم پر سب سے زیادہ زور دیا جاتا ہے"

(۶) یہ خلافِ شرع احوال ومواجید کو تسلیم نہیں کرتے، صوفیائے خام کی یہ لے ہودہ باتوں کو قابل اعتنا نہیں سمجھتے۔ اسی طرح خلافِ شرع ریاضتوں کو بھی مردود قرار دیتے ہیں اور انہیں استدراجات سے زیادہ کوئی حیثیت نہیں دیتے۔ کیونکہ خلافِ شرع صوفیوں کے احوال ومواجید اور ہندو جوگیوں، یونانی حکماء اور غیر مسلم صاحب ریاضت کے کرتبوں کے درمیان کوئی فرق نہیں۔ جس طرح جوگی اور دوسرے غیر مسلم ریاضت ومشقت سے اپنی قوت کا مظاہرہ کرسکتا ہیں، بالکل یہی حال سُنتِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کو نظر انداز کرنیوالے صوفیائے خام کا ہے۔ یہ سب نفس کے بندے ہیں۔ لیکن طریقۂ عالیہ نقشبندیہ کے مشائخ سب سے زیادہ مخالفتِ نفس پر زور دیتے ہیں۔"

(مکتوبات شریف دفتر اوّل - ۲۸۶)

(۷) سلسلہ عالیہ نقشبندیہ بلاجواز عُزلت نشینی پر زور نہیں دیتا۔ حضرت امام ربانی قدس سرہ، فرماتے ہیں کہ "عُزلت سے مراد یہ ہے کہ غیروں کی رفاقت وصحبت سے پرہیز کیا جائے نہ کہ ہم خیال دوستوں سے۔ حضرت مولانا رومی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ؎

عُزلت از اغیار باید نے ز یار

یعنی عُزلت غیروں سے چاہیئے نہ کہ دوست سے۔)

حضرت خواجہ نقشبند رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:۔

"صحبت با ہمرازاں سنتِ مؤکدہ ایں طریقۂ علیہ است"

(مکتوبات شریف دفتر اوّل مکتوب ۲۶۵)

"ہمرازوں کی رفاقت اختیار کرنا اس طریقۂ عالیہ میں سنتِ مؤکدہ کے برابر ہے۔"

سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کا ظہور اُتم حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ، کی ذات پر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تقدیم

از: مؤرخ پاکستان، ملک التحریر محترم جناب پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد صاحب پرنسپل
گورنمنٹ ڈگری کالج، ٹھٹھہ (سندھ)

خواجہ محمد عبداللہ جان نقشبندی مجددی ایک فعال شخصیت کا نام ہے۔ خود بھی متحرک ہیں اور دوسروں کو بھی متحرک رکھتے ہیں، ماشاء اللہ خانقاہ بھی متحرک ہے گویا وہ ڈاکٹر اقبال کے خوابوں کی تعبیر ہیں ——— امورِ خیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں اور ایسے مشائخ کے لیے تابندہ مثال ہیں جو مریدوں سے اپنی آرزوئیں وابستہ کر کے عملاً اُن کو پیر بنا لیتے ہیں اور خود مریدوں کے مرید بن جاتے ہیں ———

اس وقت ہمارے مشائخ عظام کو منظم طور پر اور مثبت انداز میں متحرک ہونا چاہیئے بدلتے ہوئے حالات میں اپنی ذمہ داریاں پوری کرنی چاہئیں ——— حرص و طمع عجب و غرور، خود نمائی و خود ستائی، قطع رحمی و بے تعلقی جیسے مصائب سے اپنے عقیدت مندوں کو دور رکھنا چاہیئے ——— وہ پیشوا ہیں اور پیشوا اپنی قوم کے لیے ایک مثال ہوتا ہے ——— ہم بہتر مثالیں پیش کریں گے تو بہتر افراد پیدا ہوں گے، پھر جب ان بہتر افراد کی جماعت تیار ہو گی تو انشاء اللہ تعالیٰ مجیر العقول کام کر گزرے گی ——— ہماری تحریکوں میں کردار سازی کا عنصر مفقود ہے ——— ہم جذبات کے سہارے جیتے ہیں اس لیے بلبلے کی طرح اٹھتے ہیں اور پھر بیٹھ جاتے ہیں ——— جب تک کردار سازی کا کام ہمہ گیر پیمانے پر نہ ہو گا کوئی تحریک نہ کامیاب ہو سکتی ہے اور نہ قائم رہ سکتی ہے ——— کردار سازی کا کام اہل اللہ سے بہتر کوئی نہیں کر سکتا ———

ہوا ہے۔ لہٰذا اس سلسلہ عالیہ کی شرافت کے کیا کہنے کہ جس کی ابتدا افضل البشر بعد از انبیاء سے ہے اور جس کی وسط میں خواجۂ خواجگان حضرت سیّد بہاء الدین نقشبند بخاری قدس سرّہ اور حضرت امام ربانی مجدّد الف ثانی قدس سرّہ ہیں (جن کی ذاتِ ستودہ صفات اس اُمّت میں اولوالعزم مُرسل کے قائم مقام ہے) اور اسی سلسلہ عالیہ کے آخری رکن حضرت امام مہدی علیہ السّلام ہوں گے۔ جیسا کہ حضرت مجدّد الف ثانی قدس سرّہ، ارشاد فرماتے ہیں:۔

"اولیاء اللہ کے تمام سلسلوں کے درمیان سلسلہ عالیہ نقشبندیہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف سے منسوب ہے۔ پس صحو (ہوشمندی بیداری) کی نسبت اِن میں غالب ہو گی اور حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے کمالات اِن پر ظاہر ہوں گے۔ ناچار ان کی نسبت تمام سلسلوں کی نسبت سے بڑھ کر ہو گی۔ دوسروں کو اُن کے کمالات کا کیا پتہ اور ان کے معاملات کی کیا خبر۔ میں نہیں کہتا کہ تمام مشائخ نقشبندیہ اس معاملہ میں برابر ہیں، ہرگز ایسا نہیں ہے بلکہ اگر ہزاروں میں سے ایک بھی اِس صفت کا مِل جائے تو غنیمت ہے۔ حضرت مہدی موعود علیہ السلام جو ولایت کی اکملیت کے لیے مقرر ہیں اُن کو یہ نسبت حاصل ہو گی اور اس سلسلہ کی تتمیم و تکمیل فرمائیں گے کیونکہ تمام ولایتوں کی نسبت اس نسبت عُلیہ سے نیچے ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ باقی سب ولایتوں کو مرتبۂ نبوت کے کمالات سے بہت کم حصّہ حاصل ہے اور یہ ولایت حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف منسوب ہونے کے باعث ان کمالات سے وافر حصّہ رکھتی ہے جیسا کہ ابھی بیان ہو چکا ہے۔ ع

یہ بیں تفاوتِ راہ از کجا است تا بکجا"

(مکتوب ۲۵۱ جلد اوّل)

حضرت مجدّد الف ثانی قدس سرّہ اپنے خلفاء کو تحریر فرماتے ہیں کہ "طالب

ان کی خانقاہیں بہترین تربیت گاہیں ہیں ——— مگر ہماری سادگی کا عالم یہ ہے کہ ہم ان حضرات سے کردار سازی کی توقع رکھتے ہیں جو خود کردار سازی کے محتاج ہیں ——— ہمیں عقل وشعور سے کام لینا چاہیئے اور اپنے جذبات واحساسات کی لگام صحیح سمت موڑنی چاہیئے ——— جب تک ہم خودگر و خود نگر و خود گیر نہ بنیں گے، کام نہ بنے گا ——— اہل اللہ کی صحبت میں انسان خودگری، خودنگری اور خودگیری سیکھتا ہے ——— وہ خود کو بناتا ہے خود کو سنوارتا ہے، خود پر نگاہ رکھتا ہے اور خود پر قابو پاتا ہے ——— سیرت کو ایسا توازن بخشتا ہے کہ بڑے سے بڑا حادثہ بھی اُس کے پائے استقامت کو جنبش نہیں دے سکتا ——— یہی توازن کائنات اکبر کی جان ہے اور یہی توازن کائنات اصغر (انسان) کی روح ہے ——— شریعت وطریقت انسان کے ظاہری اور باطنی قویٰ کو متوازن کرکے اس کو اتنا قوی بنا دیتی ہے کہ دنیا کا قوی سے قوی ترین انسان بھی اس کے سامنے نہیں ٹھہر سکتا ——— اور شریعت وطریقت پر عمل کا سلیقہ حضرات اہل اللہ کی صحبت میں آتا ہے۔ جو اُن کی صحبت سے محروم رہا وہ زندگی کی لذت سے محروم رہا ———

حضرات اہل اللہ کی ذوات عالیہ اور ان کے حالاتِ مقدسہ بے پناہ قوت کے سرچشمے ہیں۔ یہ راز دور جدید کے ساحروں نے پالیا ہے اسی لیے تقریباً تین صدیوں سے ان چشموں کو خشک کرنے کی کوشش کی جارہی ہے ——— ہمارے اندر ہی دشمنوں نے اپنے وفادار پیدا کر لیے ہیں جو بڑی تن دہی کے ساتھ علمار سوء کے روپ میں، صوفیائے خام کے روپ میں، مصلحین کے روپ میں، مجاہدین کے روپ میں، ادیبوں کے روپ میں شاعروں کے روپ میں اور نہ معلوم کس کس روپ میں ان چشموں کو پاٹنے میں لگے ہیں مگر وہ سوکھنے کا نام نہیں لیتے ——— جن کے ذکر جمیل کی حق تعالیٰ نے فرشتوں کے ذریعہ تشہیر کی ہو کس کی مجال ہے کہ ان کے دامنِ عصمت کو ہاتھ لگا سکے! ——— وہ قوتوں کے امین ہیں ——— ان کی تعلیم وتربیت سے کمزور قوی ہو جاتے ہیں ——— کھوئے ہوئے انسان اُن کی صحبت میں خود کو پا لیتے ہیں۔ جو خود کو پا لیتا ہے وہ خدا کو پا لیتا ہے اور جو خدا کو پا لیتا ہے وہ

حق جس طریقہ مبارک میں بیعت ہونا چاہیے بعد ایصالِ ثواب فاتحہ انہی بزرگوں کے توسل تم اپنے اور طالب کے واسطے فتوحات جناب باری عزاسمہ سے چاہو اور اُسی سلسلہ میں بیعت کرو، مگر ذکرِ طریقۂ نقشبندیہ تعلیم کرو کیونکہ یہ آسان ہے اور اس سے طالب خدا تک جلد پہنچتا ہے "

مذکورہ بالا بیان سے کوئی صاحب یہ نہ سمجھ لیں کہ ذکر جہر کی نفی کی گئی ہے۔ ہرگز ہرگز ایسی بات نہیں ہے۔ بلکہ ذکرِ زبانی کے مقابلہ میں ذکرِ خفی کی افضلیت اور اولیت بیان کی گئی ہے۔ یہ اس طرح ہے کہ جیسے مذہب حنفیہ میں اثنائے نماز میں آمین بالخفی افضل ہے آمین بالجہر سے یا جیسے ولایتِ صحابہ افضل ہے ولایتِ اولیا رسے ۔

کوئی صاحب یہ بھی خیال نہ فرمائیں کہ امام الطریقہ حضرت خواجہ نقشبند رحمۃ اللہ علیہ کو اور مجتہدین سلسلہ پر ترجیح دی گئی ہے اور دوسروں کا مرتبہ گھٹانے کی کوشش کی گئی ہے، یہ بھی ہرگز نہیں ہے۔ سب امام طریقہ ابرر حمت ہیں۔ اُن کی بڑائی اور کمی کا علم خُدا کو ہے۔ ہمارے معیارِ علم سے اُن کا قرب اور ان کا مرتبہ بہت دُور اور بالاتر ہے ہمارے سب ہی پیشوا ہیں اور ہر گُل را رنگ و بُوئے دیگر ست کے مصداق ہیں۔ چونکہ قرآن وحدیث سے اِن بزرگوں میں سے کسی کی زیادتی مرتبہ اور قرب وغیرہ کا کوئی پتہ نہیں چلتا۔ لہٰذا اس سلسلہ میں سکوت کرنا ہی انصاف اور عین ادب ہے اور سوائے اِس کے سب افراط وتفریط ہے کیونکہ جس جس مجتہد کو جو جو طریقہ خدا کی طرف سے عنایت ہوا، اُس پر خلق کو چلایا۔ لیکن جب ۔

لَا یُکَلِّفُ اللّٰہُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَھَا ۔ (البقرۃ: ۲۸۶)

اللہ تعالیٰ کسی کو اُس کی بساط سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا ہے ۔

کا وقت آیا تو سب سے زیادہ آسان اور جلد پہنچنے والا طریقہ، اللہ تعالیٰ کی طرف سے حضرت خواجہ نقشبند قدس سرہ کو عنایت فرمایا گیا ؎

ایں سعادت بزورِ بازو نیست تا نہ بخشد خدائے بخشندہ

یہ سعادت بزور بازو حاصل نہیں ہوتی جب تک کہ اللہ تعالیٰ کی بخشش

وہ ساری دنیا پر چھا جاتا ہے ——— وہ فقیروں کو غنی بنا کر گداگروں کی نگری کو داتا کی نگری بنا دیتے ہیں ——— وہ ضعیف انسانوں کو کیا سے کیا بنا دیتے ہیں ——— تعمیر و تربیت ان کی زندگی کے مقاصد عالیہ میں ایک بڑا مقصد ہے ———

خواجہ محمد عبید اللہ جان مدظلہ العالی کا عظیم مشن یہی تعلیم و تربیت ہے ——— وہ جام عرفاں ہیں، ہمہ وقت پیمانہ گردش میں رہتا ہے ——— پیشِ نظر کتاب "تذکرہ مشائخ نقشبندیہ خیریہ" اسی مشن کی ایک کڑی ہے ——— یہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم سے لے کر خواجہ محمد عبید اللہ جان مدظلہ العالی تک تمام مشائخ سلسلہ کا جامع تذکرہ ہے ——— اس کے مطالعہ سے دلوں کو سرور اور آنکھوں کو نور میسر آئیگا انشا اللہ تعالیٰ ——— پاکستان کے ایک کہنہ مشق قلمکار برادرم جناب محمد صادق قصوری نے اس کو مرتب کیا ہے۔ وہ گزشتہ اٹھارہ برس سے برابر لکھ رہے ہیں، "اکابر تحریک پاکستان" کی دو مجلدات ان کا ایک اہم کارنامہ ہے ——— ان کا اہل سنت پر بڑا احسان ہے ——— مولیٰ تعالیٰ ان کی مساعی جمیلہ کو قبول فرمائے اور اس کتاب کو اہل طریقت میں بالخصوص مقبول فرمائے۔ آمین!

احقر محمد مسعود احمد
پرنسپل گورنمنٹ ڈگری کالج
ٹھٹھہ (سندھ) پاکستان
۲۰/ستمبر ۱۹۸۷ء

وہربانی نہ ہو۔

یہ رُتبہ بلند ملا جس کو مل گیا
ہر مُدعی کے واسطے دار و رسن کہاں

طریقہ نقشبندیہ کی اصلِ اصول چار چیزیں ہیں :۔

(۱) دوامِ حضور :۔ ہر وقت دل کا خیال خدا کی طرف رہنا۔

(۲) بے خطرگی :۔ دل میں بجز یادِ حق کوئی خطرہ نہ آئے ۔

(۳) جذبات :۔ جذباتِ دل کی کشش خدا کی طرف ہونا۔

(۴) واردات :۔ خدا تعالیٰ کی طرف سے فیضان اور انوار کا نازل ہونا۔

یاد رہے کہ امام الطریقہ خواجہ خواجگان خواجہ محمد بہاء الدین نقشبند رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک ان سب کی حقیقت اور ماحصل صرف وقوفِ قلبی ہے اور اسی سے منتہی عارفِ حق ہو جاتا ہے ۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مفکرِ اسلام نابغۂ عصر پروفیسر ڈاکٹر محمد طاہر القادری صاحب

کلماتِ طاہر

تصوف روحِ شریعت اور اخلاص فی العمل کا وہ نقطۂ کمال ہے جس کا وظیفۂ عمل خالق و مالک کائنات کے ساتھ انسان کے تعلق بندگی کو درجۂ احسان پر فائز کر کے اس کے فکر و عمل کے پیمانے کو غیر کے تصور سے کلیتاً پاک کر دیتا ہے۔ اس اعتبار سے تصوف ایک ایسی ہمہ گیر فکری و عملی تحریک کا نام ہے جو منشائے شریعت کی تکمیل اور اسرارِ دینی کی عملی تشکیل سے عبارت ہے۔ چنانچہ گلستانِ تصوف میں سلاسل طریقت کی حیثیت ان گلہائے رنگا رنگ کی سی ہے جو اپنی اپنی امتیازی خوشبو اور جداگانہ عطر بیزی کے باوجود باغبانِ حرم کے ذوقِ وحدت کے آئینہ دار ہیں۔

سلسلہ عالیہ قادریہ ہو یا نقشبندیہ، سلسلہ چشتیہ ہو یا سہروردیہ یہ تمام سلاسلِ طریقت گلستانِ مصطفوی صلی اللہ علیہ وسلم کے وہ سدا بہار پھول ہیں جن کی مہک سے گلشنِ امت مہک رہا ہے۔ بلاشبہ کارزارِ حیات میں ان سلاسلِ جلیلہ کی حیثیت آسمانِ ہدایت کے ان ستاروں کی بھی ہے جن کی تابندگی و ضوفشانی سے اقلیم عمل کے بحر و بر روشن ہیں۔

صوفیائے کرام نے ہر دور میں ملتِ اسلامیہ کی فکری و عملی اور ظاہری و باطنی رہنمائی کے سلسلہ میں جو گرانقدر اور بے مثال خدمات سرانجام دی ہیں وہ تاریخ اسلام کا ایک روشن باب ہیں چنانچہ مادیت پرستی اور ایمانی زوال کے اس دور میں ان مقدس نفوس کی روحانی و دینی خدمات سامنے لانا وقت کا ایک اہم تقاضا ہے۔ اس اعتبار سے برادر محترم محمد صادق قصوری صاحب لائق مبارکباد ہیں کہ انہیں رب العزت نے سلسلہ نقشبندیہ

اِصطلاحاتِ تصوّف

جب تک اصطلاحاتِ تصوف کو نہ سمجھا جائے اُس وقت تصوف کا کوئی مسئلہ، کوئی نکتہ اور کوئی اشارہ بھی سمجھ میں نہیں آسکتا، اصطلاحاتِ تصوف کی تشریح سے قبل ہم حضرت قبلہ شاہ محمد ذوقی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب مستطاب "سرِ دلبراں" کا ایک باب "اصطلاحات صوفیہ" نقل کر رہے ہیں تاکہ اصطلاحات کی ضرورت و اہمیت واضح ہو جائے۔ ملاحظہ فرمائیے:۔

اظہارِ خیال کے طریقے

انسان اپنے خیالات کے اظہار کے لیے دو چیزوں کا محتاج ہے:۔

(۱) عبارت کا اور۔

(۲) اشارات کا۔

عبارت با معنی اور مربوط الفاظ کا مجموعہ ہے جسے تحریر میں بھی لا سکتے ہیں اور تقریر میں بھی۔

اشارات صرف بدنی حرکتیں ہیں جنہیں نہ تحریر میں لا سکتے ہیں اور نہ تقریر میں۔ مثلاً چشم و ابرو کے اشارے یا سر اور ہاتھوں کی حرکتیں، گونگے اور بہرے اشارات ہی کے ذریعہ تبادلۂ خیالات کرتے ہیں۔ شیر خوار بچے اشارات اور چند ٹوٹے پھوٹے الفاظ میں اظہارِ مطالب کرتے ہیں۔

زبان محدود ہے

بسا اوقات دیکھا جاتا ہے کہ اشارات میں جو وسعت اور لوچ ہے وہ زبان میں نہیں۔ غصہ کے تیور جو انسان کے چہرے پر نمایاں ہوتے ہیں، غصہ کی جیتی جاگتی تصویر کھینچ دیتے ہیں جس سے

کے عظیم خانوادے، سلسلہ نقشبندیہ خیریہ" کا تعارف اس کی دینی و روحانی خدمات اور اس سلسلہ جلیلہ کے عالی مرتبت مشائخ کے تذکار پر مشتمل تذکرہ نقشبندیہ خیریہ، سپرد قلم کرنے کی سعادت و توفیق عطا فرمائی۔

موصوف نے ابتدا میں تصوف پر بعض فکری و نظری مباحث بھی سپرد قلم کئے ہیں جن سے بعض مقامات پر فنی اختلاف کے باوجود موصوف کی کاوشوں کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جا سکتا موصوف کی سعی حد درجہ لائقِ تحسین اور قابل مبارک باد ہے۔ رب العزت ا سے اپنی بارگاہِ عالیہ میں قبول فرمائے۔

سلسلہ نقشبندیہ خیریہ کی ہمہ نوع دینی و روحانی خدمات جہاں اپنی جگہ ایک مسلّم مقام و اہمیت کی حامل ہیں وہیں اس سلسلے نے عصرِ حاضر میں غافل دلوں کو بیدار کرنے کے لیے ذکرِ الٰہی کا جو مخصوص روحانی ذوق اور منفرد اسلوب و انداز عطا کیا ہے۔ وہ اس سلسلۂ جلیلہ کا طرۂ امتیاز ہے۔

رب العزت کی بارگاہ میں دعا ہے کہ وہ اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے طفیل اس سلسلہ کے موجودہ ہدی خواں حضرت خواجہ ابو الخیر پیر محمد عبید اللہ جان کی مساعی جمیلہ اور ان کے فیوض و برکات میں پیش از پیش اضافہ فرمائے اور مؤلف کو جزائے خیر عطا فرمائے جنہوں نے کمالِ محبت اور اخلاص کے ساتھ یہ مجموعہ مرتب کیا ہے۔

آمین بجاہ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(ڈاکٹر محمد طاہر القادری)

عبارت قاصر رہتی ہے۔ یاس اور حسرت کی جو تصویر ایک مایوس حسرت زدہ کی صورت میں پھنچ جاتی ہے اُسے غیاث اللغات کے الفاظ کی اُلٹی سیدھی ترکیبیں اُس خوبی سے نہیں پھنچ سکتیں شوخی کی ادائیں، شوخی کا جو مجسمہ بنا کر کھڑا کر دیتی ہیں وہ مُردہ الفاظ اور بے جان عبارت کی قدرت سے باہر ہے۔ اگر عبارت کو ان چیزوں کا خاکہ کھینچنے میں کسی حد تک جزوی کامیابی ہوتی بھی ہے تو اِن ہی تیوروں اور اشارات کی جانب اشارہ کرنے سے۔ جب زبان میں گونگوں اور بہروں کے اشاروں کے برابر بھی وسعت نہیں تو اعلیٰ اور ادق علوم کی باریکیوں حقائق اور معارف کی بلندیوں اور جذبات و کیفیات کی لطافتوں کے اظہار کی قدرت اس میں کہاں سے آسکتی ہے روزمرّہ کی گفتگو میں بھی لطافت اور قوت پیدا کرنے کے لیے الفاظ کو لغوی قیود سے کسی قدر آزاد کر دینا پڑتا ہے مثلاً فلاں نے فلاں کے دانت کھٹے کر دیئے۔ زمین پیر کے نیچے سے نکل گئی۔ دن میں تارے نظر آنے لگے۔ کیسی پرچیں لگیں۔ وغیرہ وغیرہ۔ اس قسم کے فقروں میں لُغت سے سراسر گریز ہے۔

قیودِ لُغوی

معانی کو الفاظ پر تقدم حاصل ہے۔ معانی کا وجود پہلے سے تھا۔ الفاظ بعد میں وضع ہوئے۔ الفاظ کا مقصد ہے معانی کی طرف رہنمائی۔ مگر معنی میں بمقابلہ الفاظ کے وسعت بہت زیادہ ہے۔ عالمِ الفاظ مثل عالمِ اجسام کے مقید اور محدود ہے۔ عالمِ معانی مثل عالمِ ارواح کے وسیع بلکہ تقریباً غیر متناہی ہے۔ اس لیے معانی کو مثل صورِ ملفوظی محدود کر دینا غلطی ہے۔ ؎

در تنگنائے صورت معنی چگونہ گنجد
در کلبۂ گدایاں سلطان چہ کار دارد

صورت کے تنگ کوچہ میں معنی کس طرح سمائے گداگروں کی جھونپڑی میں بادشاہ کا کیا کام ہے۔

لغت نے بس یہی کیا کہ معانی کو ایک قید سے نکال کر دوسری قید میں جکڑ دیا مشکل الفاظ سے نکال کر آسان الفاظ میں محصور کر دیا۔ ایک لفظ کی قید سے رہائی دی مگر فوراً ہی ایک جملہ کی قید میں مقید کر لیا۔ نہ اُن قیود و حدود میں وسعت پیدا کی، نہ

تحریر از:۔ حضرت علامہ پروفیسر سیّد محمّد ذاکر حسین شاہ صاحب ایم، اے
پرنسپل انوار القرآن صدر راولپنڈی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علی رسولہ الکریم

حرفِ اوّل

"کچھ تذکرۂ نقشبندیہ خیریہ کے بارے میں"

انسانیت نے جب سے سوچنا شروع کیا ہے اس کا مطمحِ نظر حصولِ کمال رہا ہے، زندگی مختصر ہے، اس کے اطوار لاتعداد ہیں، کیا اس کی سب کیفیات ایک مختصر سی زندگی میں سما سکتی ہیں اس سوال کے جواب میں فلاسفہ، مصلحین، سیاست دانوں، معلمینِ اخلاق اور علمبردارانِ تہذیب نے اپنے اپنے انداز سے روشنی ڈالنے کی کوشش کی، لیکن ان میں سے کوئی بھی دعووں سے آگے بڑھ کر عمل کی زندگی میں "انسانِ کامل" ثابت نہ ہُوا۔ ان میں سے ہر ایک نے زندگی کے کسی ایک انداز اور حیات کی کسی ایک ادا کی ضرور ترجمانی کی لیکن پوری زندگی پر ان کے عمل کو چھاپ نہیں لگ سکی، اسی بات نے غالباً علامہ اقبالؒ کو یہ کہنے پر مجبور کیا کہ:۔

کر پہلے مجھ کو زندگیٔ جاوِدانہ عطا
پھر ذوق و شوق دیکھ دلِ بے قرار کا

جب زندگی ہی مختصر ہو تو اس میں جامعیت کیسے پیدا ہو گی "انسانِ کامل" کیسے ظہور پذیر ہو گا!
پھر محبت میں وسعتیں کہاں سے آئیں پھر اقبالؒ کو کہنا پڑے گا۔

معانی کو آزادانہ طور آشکارا کیا۔ جو قیود اور حدود لغت نے قائم کی ہیں اس قدر تنگ اور کمزور ہیں کہ خفیف سی ضرورت ذرا سی دقت پیش آنے پر انہیں توڑ دینا عام طور پر جائز سمجھا جاتا ہے۔ مثلاً لغت میں آگ صرف ایک ہی جلانے والی چیز کو کہتے ہیں جس پر کھانا پکایا جاتا ہے لیکن اہل زبان کے نزدیک ہر جلانیوالی چیز آگ ہے۔ رشک و حسد بھی آگ ہے، غصہ بھی آگ ہے، عشق بھی آگ ہے اور آگ بھی آگ ہے۔

اصطلاحات کی ضرورت

اصطلاحات کے وضع کرنے والوں نے یہ کیا کہ لغت ہی کو بنیاد قرار دے کر اپنی علمی ضرورتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے معانی کی وسعت پر نگاہ دوڑائی اور مختلف پہلوؤں کے اظہار کے لیے مختلف الفاظ متعین کیے۔ کہیں تشبیہ و استعارہ سے کام لیا، کہیں نئے الفاظ وضع کیے، کہیں پرانے الفاظ کو لغوی بندشوں سے آزاد کر کے جدید پیرایوں میں استعمال کیا اور اس استعمال میں نہ تو لغت سے بالکل بے تعلقی برتی نہ لغوی حدود کی کوتاہیوں کو اپنے لیے سدِ راہ ہونے دیا۔ یوں کہنا چاہیے کہ ہر فن کی جداگانہ اصطلاحات سے گویا ایک ایک جدید لغت مرتب ہو گئی۔ جو وسعت میں معمولی لغت سے بہت بڑھی ہوئی ہے۔ مضامین خاص کے لیے اس وسعت کی ضرورت محسوس ہوئی تو ہر فن میں کلام کرنے والے اپنے لیے جداگانہ اصطلاحات کے محتاج ہوئے۔ بخاری، معماری، آہنگری غرض کہ کوئی سا بھی فن ہو اصطلاحات سے مستغنی نہ ہو سکا۔ طب، قانون، ہندسہ، منطق، فلسفہ، سائنس غرض کہ جملہ علوم اصطلاحات کے محتاج ہوئے۔ فقہ، حدیث اور علم کلام بھی اصطلاحات سے خالی نہیں۔ اللہ سبحانہ تعالیٰ نے بھی اپنی شان میں ید، ساق، قدر، استوا، ضحک، وجہ، حیا، غضب، لطف وغیرہ الفاظ استعمال کیے ہیں۔ جو سب اصطلاحات ہیں اور جنہیں اصطلاحاتِ شریعت میں متشابہات سے تعبیر کرتے ہیں۔ ذرا نظرِ غائر سے کام لیجیے تو زمین و آسمان، عرش و کرسی، شمس و قمر،

۵ کیا عشق پائیدار ہے یا ناپائیدار کا

جب سوچنے والے تھک گئے، جب عقل "انسانِ کامل" نہ تلاش کر سکی نہ بنا سکی تو فضل خداوندی نے آگے بڑھ کر اس کا ہاتھ تھام لیا۔

اللہ کریم نے انسانیت کو اپنا محبوب (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) عطا فرما دیا، ان کے تعارف میں فرما دیا۔

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ۔

ہم نے تمہیں صرف اور صرف سب دنیاؤں کے لیے رحمت ہی بنا کر بھیجا ہے۔

قرآنِ پاک نے انہی کے اسوہ کو سب کائنات کے لیے واجب الاتباع قرار دیا۔ ان کی ہر ادا کو تکمیل انسانیت کے لیے معیار ٹھہرایا۔ ان کی حیاتِ طیبہ کی قسم خالق کل جل مجدہ کے کلام میں آئی۔ مسئلہ حل ہو گیا کہ "انسانِ کامل" جو ھدًی للعالمین ہو، جو رحمۃ للعالمین ہو وہ صرف اور صرف سیدِ کل ختم رسل صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ پاک ہے۔

انسانوں نے دیکھا کہ یہ حیاتِ طیبہ اس ظاہری دنیا میں تریسٹھ سال سے بھی کچھ کم ہے اور اس میں انسانی عظمتوں کی تبلیغ کا سارا عرصہ تئیس سال سے بھی کچھ کم ہے۔ اور یہی تئیس سال کا عرصہ ہے جو ساری کائنات کو سنوارتا ہے، نکھارتا ہے، اجالتا ہے اور بناتا ہے۔

انسانوں نے سوچا، طویل زندگیاں "انسان کامل" نہیں بن سکیں اور تئیس سالہ زندگی کامل گر بن گئی ہے، اس مختصر سے عرصہ نے پوری تاریخ کو بدل دیا ہے۔ تمدن کو سدھار دیا ہے۔ علم کو نتھار دیا ہے۔ عمل کو سنوار دیا ہے، بے خدا کو باخدا بنا دیا ہے، راہ رؤں کو اولیاء بنا دیا۔ گمراہوں کو تاجِ اصفیاء پہنا دیا ہے اور خدا نے بھی اس کل سرسبز انسانیت کے لیے فرما دیا ہے۔

قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ۔

فرما دیجئے! اگر اللہ سے محبت کے طلبگار ہو تو میرے پیچھے ہو لو، اللہ تم سے محبت فرمانے لگے گا۔

ستارے اور سیارے، جنگل اور پہاڑ، تری اور خشکی سب اللہ تعالیٰ کی اصطلاحات ہیں۔ ان میں سے ایک ایک اصطلاح کے تحت میں حقائق و معارف کے بے شمار بحارِ ذخائر موجیں مار رہے ہیں۔ اور قدرتِ الٰہی اور کمالاتِ لامتناہی کی تفسیر اور تشریح کر رہے ہیں۔

اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ	بے شک آسمانوں اور زمین کی پیدائش
وَاخْتِلَافِ الَّیْلِ وَالنَّهَارِ لَاٰیٰتٍ	اور رات اور دن کی باہم بدلیوں میں نشانیاں
لِّاُولِی الْاَلْبَابِ۔	ہیں، عقلمندوں کے لیے۔

(سورہ آلِ عمران آیت ۱۹۰)

* * *

تصوف میں اصطلاحات کی سب سے زیادہ ضرورت

تصوف کا تعلق چونکہ اُن اُمور سے ہے جو محسوسات سے بہت ارفع و اعلیٰ ہیں۔ اس علم میں اصطلاحات سے کام لینے کی سب سے زیادہ ضرورت پیش آئی۔ جو فن کہ انسان کو محسوس سے غیر محسوس اور معلوم سے نامعلوم کی جانب لے جائے اُس کے اظہار و بیان کے لیے اصطلاحات سے کیونکہ استغنا برتا جا سکتا ہے۔

وجوہِ ضرورت تصوف میں اصطلاحات کی ضرورت ایک تو اس وجہ سے کہ معمولی زبان محدود اور اپنی لغوی حیثیت سے محدود تر ہے۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ تصوّف میں اس کی اشد ضرورت ہے کہ بعض مضامین رموز و کنایات ہی میں ادا کئے جائیں تاکہ اغیار اور نااہلوں سے پوشیدہ رہیں۔ ؎

مصلحت نیست کہ از پردہ بروں افتد راز
ورنہ در مجلسِ رنداں خبرے نیست کہ نیست

یہ مصلحت نہیں ہے کہ راز سے پردہ اٹھا دیا جائے ورنہ رندوں کی مجلس میں خبرے نیست کہ نیست۔

معانی کی جو تصویریں دل میں پوشیدہ ہوتی ہیں اُن کی جانب رموز و کنایات ہی سے اشارہ کیا جاتا ہے۔ رموز و کنایات پر قناعت نہ کی جاوے اور ان امور کو صاف صاف

ان آیاتِ طیبات اور قرآن وسنت کے دیگر فرامین سے پتہ چلا کہ "کامل زندگی" صرف ایک ہے "انسانِ اکمل" صرف ایک ہے، مرجع وہی ہے۔ ماویٰ وہی ہے، اصل وہی ہے، روح وہی ہے، حیات وہی ہے۔ اب انسان کیا کریں، صرف اس ذاتِ اقدس کی اداؤں کو تلاش کریں اور ساری زندگی ان کی اداؤں پر فدا رہیں، پروانے بن کر اس شمعِ خداوندی پر قربان ہوتے رہیں۔ جو ان سے دور ہوا، اللہ اس سے روٹھ گیا، جو ان کا ہوگیا، اللہ اس کا ہوگیا۔

میری اس التماس سے یہ ثابت ہوا کہ تصوف مصطفیٰ علیہ السلام کی اداؤں کو تلاش کرنے اور ان پر عمل پیرا ہونے کا نام ہے تجھے ان سب علمی بحثوں کا علم ہے جو لفظِ تصوف اس کی اصلیت، اس کی اہمیت اور اس کی غرض وغایت پر عظمائے ملت نے کی ہیں وہ سب حق ہیں چونکہ اہل اللہ کی زبانوں سے نکلی ہیں لیکن میں سمجھتا ہوں کہ عمل صرف وہی مقبول ہے جو عمل مصطفیٰ علیہ السلام کے تابع ہو اور جب عمل ان کے عمل کے تابع نہ ہو تو اسے دوام نہیں ملتا۔ تصوف اگر اللہ کریم کی طرف لے جانے والا راستہ ہے تو اسے تاج دوام آتباع حضور علیہ السلام کے بغیر کہیں نہیں ملے گا۔ لہٰذا تصوف صرف اور صرف مصطفیٰ علیہ السلام کی اداؤں کا نام ہے۔

انہیں اداؤں کے سہارے زندگی کی کشتی چلانے کے لیے صحابہ کرام میدانِ حیات کے سمندر میں اترتے ہیں وہ اپنی ساری روایات، اپنے سارے نظریات، اپنے سارے معتقدات، اپنی ساری سیاست بھول کر فنا فی الرسول علیہ السلام ہو جاتے ہیں۔ اب انہیں تاجِ دوام پہنایا جاتا ہے۔ ؎

اقبال کس کے عشق کا یہ فیضِ عام ہے
رومی فنا ہوا حبشی کو دوام ہے

اس حیاتِ طیبہ کی طرف صحابۂ عالی مقام علیہم الرضوان ساری کائنات کو اس کی بہتری وکامرانی کی خاطر دعوت دیتے ہیں، ان داعیوں میں امت کے اندر جن دو حضرات کو دوام ملتا ہے وہ سیدنا صدیق اکبر اور مولائے کائنات حیدرِ کرار رضی اللہ تعالیٰ عنہما

روزمرہ کی گفتگو میں بیان کر دیا جاوے تو عوام جو حقیقت تک پہنچنے سے قاصر ہیں کچھ کا کچھ سمجھ لیں اور فتنہ میں مبتلا ہو جائیں۔ نوبت کفر تک پہنچنے اور خرابی اور تباہی اور بربادی کا ذریعہ بنے۔ خدا نے ضروریاتِ دین میں کوئی پردہ نہیں رکھا۔ اوامر و نواہی کو صاف صاف اور کھول کھول کر بیان کر دیا اور اُن کی عام اشاعت کا حکم صادر فرمایا۔ لیکن دقائقِ عمیق یعنی اصولِ اعتقادی اور ہدایاتِ عمل کے ماوریٰ جو امور بالائی ہیں، اُن کی جانب آیاتِ متشابہات میں اشارہ فرما کر صرف اُن ہی نفوس کے لیے اُن میں حصہ رکھا ہے جو تحصیلِ کمالاتِ فاضلہ اور مراتبِ عالیہ پر پہنچنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ حق الیقین کے ان بلند میناروں تک جو انسان کے لیے اقتضائے مراتب سے ہیں ان ہی دقائق کی معرفت کے ذریعہ رسائی ہوتی ہے۔ اسرارِ علمیہ سارے کے سارے بدیہیات سے نہیں۔ اللہ تعالیٰ کا کوئی کام موٹی سمجھ پر ختم نہیں ہوتا۔ اُس کا کوئی کام حکمت سے خالی نہیں۔ اُسے جس قدر کریدو گے باریکیاں نکلیں گی۔ جس قدر زیادہ کریدتے جاؤ گے اُسی قدر زیادہ باریکیاں نکلتی آئیں گی اور ترقی کا میدان وسیع ہوتا جائے گا۔ اسرارِ علمیہ سارے کے سارے بدیہیات سے ہوتے تو بعض کو بعض پر فضیلت کی کوئی صورت نہ ہوتی اور نادان میں کوئی فرق نہ رہتا۔ سارے علوم ہی برباد ہو جاتے۔ انسان کی قوتِ مدرکہ کی ترقی اور اُس کے استکمالِ نفس کے ذرائع مسدود ہو جاتے اور دُنیا کی رنگا رنگی اور زینتِ اختلاف جاتی رہتی۔ اس رنگا رنگی ہی میں خدا کی حکمت ہے۔ اور اس اختلاف ہی میں اُس کی مصلحت کا راز مستور ہے۔

وَمِنْ اٰيٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافُ اَلْسِنَتِكُمْ وَاَلْوَانِكُمْ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلْعٰلِمِيْنَ۔

(الروم رکوع ۳)

اور اُس کی نشانیوں سے ہے آسمانوں اور زمین کی پیدائش اور تمہاری زبانوں اور رنگتوں کا اختلاف۔ بے شک اس میں نشانیاں ہیں جاننے والوں کے لیے۔

کارخانۂ عالم کی بنیاد ہی اس اختلاف پر واقع ہوئی ہے۔ بلکہ اختلافات ہی کے کا نام عالم ہے۔

ہیں، سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کا مرکزی نقطہ سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں اور باقی سلاسل خاتم الخلفاء مولا مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے وابستہ ہیں۔

صدیقی پاکیزہ سلسلے کا تعارف کرانے کے لیے ہمارے واجب الاحترام دوست جناب محمد صادق قصوری نے قلم تھاما ہے اور حضور صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے لے کر محسن اہل سنت حضرت خواجہ ابوالخیر محمد عبداللہ جان مدظلہ السامی تک سب مشائخ نقشبند کا تذکرہ ——— تذکرہ نقشبندیہ خیریہ کے نام نامی سے سپردِ قلم فرما دیا ہے۔

یہ تذکرہ کیا ہے! مشائخ عالی مقام کے انفاس قدسیہ، اذکار رسامیہ، انوارِ ساطعہ اور لمعاتِ نوریہ کا حسین گلشن ہے۔ یہ مقدس زندگیاں اس تذکرہ میں اپنا حسن و جمال بکھیرتی نظر آتی ہیں، ان سب کی دعوت مشترک ہے اور وہ دعوت سرکار علیہ السلام کی طرف رہنمائی کی دعوت ہے سب ہی کائنات کو مصطفیٰ علیہ السلام کی اداؤں کی نقل کی دعوت دیتے ہیں، سب ہی اندازِ حضور علیہ السلام کی تابانیوں کو جذب کرنے کے مبلغ ہیں، ان حضرات کی زندگیاں دراصل سیدِ کل صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حیاتِ طیبہ کا عکس ہیں، کتنا روشن عکس، کتنا جمیل عکس، کتنا نتھرا ہوا عکس یہ عکس بتا رہا ہے کہ عکس والے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مبارک زندگی کتنی جمیل تھی، کتنی حسین تھی، کتنی لطیف تھی اور کتنی نظیف تھی یعنی بات وہی ہے کہ ؎

مصطفیٰ آئینہ روئے خدا ست
منعکس در روے ہمہ خوئے خدا ست

جی ہاں یہی وہ زندگی ہے۔ جسے دیکھنا بھی عبادت ہے کہ ؎

کسی کو دیکھتے رہنا نماز ہے تیری

ہمارے فاضل تذکرہ نگار نے ہر صاحبِ تذکرہ کے ذکر سے پہلے بڑے اہتمام سے ان کی تاریخ ولادت اور تاریخ وفات سنہ ہجری اور سنہ عیسوی کے حساب سے ذکر کی ہے ان کے مقام ولادت اور مقام مزار کا ذکر بھی کیا ہے۔ یہ وہ خلا ہے

مصلحت الٰہی کا مقتضا یہ بھی ہے کہ اشیاء کے ظواہر کے ساتھ ان کے بواطن بھی قائم رہیں۔ حقائق کو رموز میں نہ بیان کیا جاتا ہے تو باطن کا سلسلہ ہی ٹوٹ جاتا اور بواطن کا سلسلہ ٹوٹنے سے نظامِ عالم درہم برہم ہو جاتا ہے۔

پس مصلحت الٰہی یہی ہے اور سنۃ اللہ یوں ہی جاری ہے کہ رموز و اسرار کے علوم اُن ہی پر منکشف ہوں جو اُن علوم کی اہلیت رکھتے ہیں۔ اور ایسے لوگ ہمیشہ تعداد میں کم اور عوام سے ممتاز ہوتے ہیں۔ اِن رہ روانِ طریقت کے لیے اصطلاحات کا تفرد و تحفظ ازبس ضروری ہے۔ کیونکہ اس سے وہ نقصانات سے بچتے ہیں اور اُن کی ترقی کے لیے آسانیاں پیدا ہوتی ہیں۔

اِصطلاحاتِ صُوفیہ کے سمجھنے کا طریقہ

تصوف میں کلام کرنے کے لیے اصطلاحات سے واقفیت کما حقہ، حاصل نہیں ہو سکتی جب تک کہ اُن کے معنی صحیح طور پر سمجھ میں نہ آجاویں، معانی چونکہ حقائق سے تعلق رکھتے ہیں اور حقائق باطن سے متعلق ہیں بغیر کشف کے اُن تک رسائی محال ہے ؎

تو چہ دانی زبانِ مُرغاں را
کہ ندیدی گہے سلیمانؑ را

تو پرندوں کی زبان (بولیوں) کو کیا جانتا ہے یعنی کیسے جان سکتا ہے کہ تو نے کبھی بھی حضرت سلیمان علیہ السلام کو نہیں دیکھا۔

عقل کو اِن ادراکات سے بہت بُعد ہے۔ عقلِ انسانی ایک محدود قوت ہے جو حواس خمسۂ ظاہری کی پابند ہے۔ جب حواسِ خمسۂ ظاہری خود اپنی قوت اور اپنے فعل میں محدود ہیں تو وہ لونڈی عقل، جو حواسِ خمسہ کے دروازوں کے بھیک کے ٹکڑوں پر اپنی زندگی بسر کر رہی ہے، کیونکر قیود سے آزاد ہو سکتی ہے۔ ؎

نالۂ زنجیرِ مجنوں ارغنونِ عاشقاں
ذوقِ آں اندازہ گوشِ اولوالالباب نیست

مجنوں کی زنجیر کا شور و غُل عاشقوں کا باجا (ORGAN) ہے اُس کے ذوق کا اندازہ عقلمند کے کان نہیں کر سکتے۔

جو اکثر تذکروں میں ملتا ہے اس کمی کو جس بھرپور انداز سے فاضل محترم نے پورا کیا ہے وہ اس پر ہدیہ تبریک کے مستحق ہیں یہ بڑا ہی محنت طلب کام ہے خصوصاً ہجری اور عیسوی سنوی کی تلاش ایک مشکل مرحلہ ہے، ہمارا عظیم مصنف جس کاوش سے اس مرحلہ سے گزرا ہے وہ مؤرخین کے لیے ایک خاصے کی شے ہے۔

ہمارے مصنف نے ایک اور حسین اضافہ یہ فرمایا ہے کہ تاریخِ وفات کیلئے کسی ایک حسبِ حال جملے، مصرعے یا مقرر لفظ سے استخراج فرمایا ہے اس طرح صاحبِ تذکرہ کی حیاتِ طیبہ کا ایک حسین تصوّر بھی سامنے آجاتا ہے اور تاریخ وفات کا علم بھی ہو جاتا ہے۔ حضور سید العالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے تاریخ وصال لفظ "ھو" گیارہ سے نکالنا کتنے مفاہیم کو قاری کے ذہن میں ڈال دیتا ہے۔ لفظ "ھو" ضمیر ہے جس کا مرجع ذاتِ ربانی ہے، پھر یہ ضمیر ذاتِ خداوندی کے لیے صوفیائے کرام کے ہاں اس کثرت سے استعمال ہوئی ہے کہ اسم علم کے مترادف ہو گئی ہے، پھر اس کا عدد گیارہ ہے گیارہ میں اکائی دو دفعہ آئی ہے یعنی ۱+۱ ہے، اگرچہ اس کا مجموعہ دو ہے مگر اس کو آپ دو اکائیوں (۱۱) کی صورت میں لکھتے ہیں تاکہ یہ ثابت ہو جائے کہ پہلی اکائی لا الٰہ الا اللہ کی مظہر ہے اور دوسری اکائی محمد رسول اللہ کی ترجمان ہے اور یہی دو اکائیاں اسلام کا منبع ہیں۔

ہمارا محقق مصنف، صاحبِ تذکرہ کی حیاتِ طیبہ کا مختصر حال، ان کی ملی خدمات، ان کے ارشادات، عالیہ، ان کی کرامات، ان کی اولاد امجاد اور ان کے علمی و عملی کمالات کو معتبر تواریخ مسلمہ تذکروں اور قابلِ اعتبار راویوں سے بڑے عالمانہ انداز سے نقل کرتے ہوئے ہمارے سامنے سوچ کی شاہراہ کھول دیتا ہے ان عملی زندگیوں کا مطالعہ ہمیں دعوتِ فکر کے ساتھ ساتھ دعوتِ عمل بھی دیتا ہے اور ایمان کے ساتھ عملِ صالح کی عظمتیں بھی اجاگر کرتا چلا جاتا ہے۔

کیونکہ منبع انوار اور مرکزِ اسرار حضور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ پاک ہے لہٰذا صرفِ آغاز یہیں سے ہوتا ہے اور پورے چھتیس ۳۶ واسطوں کے بعد یہ سلسلہ دورِ

اس لیے علومِ عقلی میں انہماک رکھنے والے اور نرے فلسفیانہ مذاق کے خشک اور خالی لوگ جو کشفِ حقائق سے محروم ہیں خواہ کتنے ہی بڑے عقلمند سمجھے جاتے ہوں اصطلاحاتِ صوفیہ کے سمجھنے سے عاجز ہیں ۔ ؎

فلسفی را چشمِ حق بین سخت نابینا بُود
گرچہ بیکن باشد و یا بُوعلی سینا بُود

فلسفی کی حق بین آنکھ سخت نابینا ہوتی ہے۔خواہ وہ بیکن ہو یا بوعلی سینا ہو۔

اِن لوگوں کو اگر اِن اصطلاحات کے صحیح طور پر سمجھانے کی کوشش بھی کی جاوے تب بھی وہ اِن کے سمجھنے سے قاصر رہیں گے۔اس لیے اہلِ عقلِ معاش کے سامنے ان کا استعمال بھی ناجائز ہے۔کیونکہ ان کا غلط استعمال یا اِن کے غلط معنی سمجھ لینا کبھی کُفر اور کبھی کُفر کے قریب پہنچا دیتا ہے ۔

ایک گروہ ایسے لوگوں کا بھی اپنا وجود اس دنیا میں رکھتا ہے جسے تصوّف سے صرف اتنا تعلق ہوتا ہے۔یہ لوگ بزعمِ خود صُوفی ہیں۔اصطلاحاتِ صوفیہ کے جا و بیجا استعمال پر بہت غلُو رکھتے ہیں محسوسات میں ہنوز مقید ہیں۔کشف وسلوک کے راستہ میں قدم تک نہیں رکھا۔کتابی معلومات اور عقل کی بلیغ آزمایوں کے زور سے اُڑنے کی سعیٔ لاحاصل میں مُبتلا ہیں۔یہ لوگ بھی ان اصطلاحات کے صحیح معانی اور اُن کی باریکیوں کے سمجھنے سے قاصر ہیں بلکہ اتفاقات اُن کی سعی لاحاصل اُن کے لیے بہت مضر ثابت ہوتی ہے تصوّف علم وعمل کا نام ہے۔جب تک عمل اور کیوف (جمع کیف کی) کے میدان میں قدم نہ بڑھایا جاوے تصوّف سے کچھ ہاتھ آسکتا ہے نہ تصوّف کی اصطلاحات سے۔ ؎

بفکرت خواستم از سرِّ وحدت یابم آگاہی
خطاب آمد کہ از پیرِ مغاں خواہ آنچہ میخواہی

میں نے غور وفکر کے ساتھ سرِّ وحدت سے آگاہی حاصل کرنا چاہی تو ندا آئی کہ تو جو کچھ چاہتا ہے اپنے پیرِ مغاں سے حاصل کر۔

حاضر کے عظیم شیخ، ترجمانِ سنتِ رسولؐ حضرت خواجہ ابوالخیر محمد عبداللہ جان مدظلہ، الکریم پر اختتام پذیر ہو جاتا ہے۔

مصنف نے حضرات نقشبندیہ خیریہ کا شجرہ شریف بھی دیا ہے، کچھ علمی مفید مقالہ جات کا بھی اضافہ فرمایا ہے یہ اضافہ طالبانِ تصوف کے لیے ایک مفید اضافہ ہے، فن کی اصطلاحات کے تذکرے سے اکثر کتبِ تصوف خالی ہیں ان اصطلاحات کے مطالب ومفاہم کا ذکر کرکے مصنف نے اپنے ہر قاری کی مشکل حل کر دی ہے۔

پچھلے دنوں حضرت جنابِ عالی مقام حضرت خواجہ ابوالخیر محمد عبداللہ جان نے مجھے ایک جلسہ میں خطاب کے بعد اس عظیم تذکرے کا مسودہ عطا فرمایا اور پیشِ لفظ کا حکم صادر فرمایا تو میرے خیال میں ایک ایسا تذکرہ آیا جو مولویانہ خشک انداز سے لکھا گیا ہوگا اور جسے پڑھنا جوئے شیر لانے کے مترادف ہوگا لیکن جب تذکرہ پر نگاہ پڑی تو اس کی رعنائیاں سامنے آئیں۔ اس کی تحریر کی شگفتگی نے دعوتِ نظارہ دی۔ اس کے اندازِ تحریر کو پاکر زبان نے کہا اَللّٰھُمَّ زِدْ فَزِدْ:

حضرت ابوالخیر ان اولیائے امت میں سے ہیں جو قوم کی ہمہ گیر تربیت فرمایا کرتے ہیں آپ ایک طرف تو عظیم صُوفی ہیں اور تصوف کے گلشنِ سدا بہار کی قوم کو سیر کرا رہے ہیں اور دوسری طرف علمائے گرامی کی علمی پیاس بجھانے کے لیے اپنے ساتھی عظیم علماء سے تقاریر کے سلسلے کے ساتھ ساتھ قلمی تحریر سے بھی ان کی آبیاری فرماتے رہتے ہیں، یہ تذکرہ بھی اسی سلسلے کی ایک حسین کڑی ہے۔ جس پر میں حضرت اقدس ابوالخیر محمد عبداللہ جان کی خدمت میں ہدیۂ تبریک پیش کرتا ہوں۔

صوبہ سرحد کی سنگلاخ زمینوں پر کچھ غلط قسم کے تصرفات ایک طویل عرصہ سے جاری ہیں۔ سنیت کے لیے اس صوبے کو مزید سنگلاخ بنانے کی کوشش ایک لمبے وقت سے کی جارہی ہیں۔ اب حضرت ابوالخیر مدظلہ العالی، ان کے غلاموں اور کئی اور عالی مقام قائدین اہل سنت کی کوششوں سے ہوا کا رُخ بدل رہا ہے، ان کے انفاسِ قدسیہ کی برکات سے انشاء اللہ العزیز مستقبل میں سرحد کی چٹانوں پر ولایت وعلم کے عقابوں

احتیاط کی ضرورت

وہ عبارات جو حالاتِ وجدانی کی تعبیر کے لیے مخصوص ہوں اُن ہی کا حصّہ ہو جو اصحابِ حالی و مواجید ہیں۔ نہ اہل عقل کو اُن میں دخل ہے نہ اہل تقلید کو۔ عقیدت مند جماعت کے لیے بھی اہل کمال اور صاحبِ کیف وکشف کی اصطلاحات کا تبرکاً یا تقلیداً استعمال خطرہ سے خالی نہیں۔ مقلد صحیح حالات اور کیفیات سے لاعلم ہوتا ہے۔ ان اصطلاحات کی تعبیر میں افراط و تفریط سے بچنا اُس کی قوت سے باہر ہے۔ وہ احوالِ حقیقت جو انبیاء علیہم الصّلوٰۃ والسلام اور اولیاء رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے فرمودہ ہیں اگر اصطلاحاتِ مجازی میں بیان کئے جائیں تب بھی وہ مجازی اور غیر واقعی نہیں ہوتے۔ مگر اُن اسرار تک پہنچنا ہر کس وناکس کا کام نہیں کیونکہ وہ اُن شرائط کی نگہداشت سے قاصر ہے اُس کے لیے ضروری ہیں ؎

مجازی نیست احوالِ حقیقت
نہ ہر کس یابد اسرارِ طریقت

حقیقت کے احوال مجازی نہیں ہیں (اور) نہ ہر کوئی طریقت کے اسرار پاسکتا ہے۔

ان اصطلاحات کے استعمال میں اس قدر احتیاط برتی جاتی ہے کہ اربابِ شہود اپنے ہم مشرب اور ہم مذاق حضرات ہی کے رُوبرو اپنی کیفیاتِ قلبی اور اپنے ادراکات و محسوسات کا اظہار ان اصطلاحات کے ذریعے کرتے ہیں۔ عوام کے سامنے ان کا استعمال جائز نہیں رکھتے اور اپنی کتابوں کو نااہل کے لیے حرام قرار دیتے ہیں۔ اس احتیاط کے برتنے سے صرف وہی لوگ معذور سمجھے گئے ہیں جو مغلوب الحال ہیں اور جن کا تصرف اُن کی ذات پر سے مطلقاً یا عارضی طور پر اُٹھ گیا ہے۔

تقسیم عارفین

اصطلاحاتِ صوفیہ کے استعمال میں عارفین عام اس سے کہ وہ اصحابِ تمکین ہوں تلوین۔ تین روشوں پر منقسم ہیں۔

(۱) بعض غواصانِ بحرِ حقیقت اُس قوت اور بصیرت کی مدد سے جو حق تعالیٰ اُنہیں مرحمت فرماتا ہے۔ احکامِ ظاہری سے گوہر اسرارِ الٰہی نکالتے ہیں اور انہیں بے باک

کے نشین ہونگے کیونکہ ؎

زمانہ لے کے جسے آفتاب کرتا ہے
انہیں کی خاک میں پوشیدہ ہے وہ چنگاری
وجود انہیں کا طوافِ بُتاں سے ہے آزاد
یہ تیرے مومن و کافر تمام زناری (علامہ اقبالؒ)

حضرتِ گرامی جس انداز سے ذکر و فکر کی محافل گرمائے بیٹھے ہیں ان کا پھل انشاء اللہ جلدی اہل سنت کو ملے گا، فیضانِ اولیاء کی بہار آئے گی، علم پر نکھار آئے گا، عمل میں نتھار آئے گی اور بے قرار دلوں کو قرار آئے گا۔ وما ذلک علی اللہ بعزیز ؛

اللہ کرے نگاہوں کے یہ سودے چلتے رہیں اور عشق و مستی کے تاجر گر گر کر سنبھلتے رہیں ؎

نہ ہو نگاہ میں شوخی تو دلبری کیا ہے

مبارک ہیں وہ ہاتھ جنہوں نے حضرت ابو الخیر مدظلہ العالی کا مقدس ہاتھ پکڑا اور اس ہاتھ کے طفیل چھتیس ۳۶ واسطوں سے سید کل علیہ السلام کا دستِ نور حضور تھام لیا۔ بقول حضرت خواجہ غلام فخر الدین چشتی سیالوی۔ ؎

شکر کہ دستِ پاک ازلی را
دوستِ خدائے لم یزلی را
دست بدست از دور گرفتم
صلی اللہ علیہ وسلم

غبارِ راہِ اولیاء
فقیر سید محمد ذاکر حسین شاہ

کے ساتھ لوگوں کے سامنے بالکل برہنہ کر کے پیش کر دیتے ہیں اور نشانۂ طعن وملامت بننے کی بالکل پرواہ نہیں کرتے۔

(۲) بعض اپنے مشاہدات ومکاشفات کو رموز وچیستان میں بیان کرتے ہیں تاکہ اصلیت نااہلوں سے پوشیدہ رہے۔

(۳) بعض کا عمل اس پر رہتا ہے۔ ؎

بہ خاطر ہیچ مضمون بہ زلبِ بستن نمی آید
خموشی معنی دارد کہ در گفتن نمی آید

دل میں جو بھی بات ہوتی ہے وہ ہونٹ بند ہونے کی وجہ سے ظاہر نہیں ہوتی کیونکہ خاموشی ایسے معنی رکھتی ہے کہ بیان کرنے میں نہیں آسکتے۔

یہ حضرات اپنی گفتگو میں شریعت کے حدودِ ظاہری ہی میں مقید رہتے ہیں اور مخفی کو مخفی رہنے دیتے ہیں کبھی کچھ بیان فرماتے بھی ہیں تو شریعت ہی کی اصطلاحات میں احتیاط کا پہلو برتتے ہیں انہیں انتہائی مرتبہ حاصل ہے۔ بعض اِن قیود کو اپنے اوپر کسی قدر تشدد کے ساتھ عائد کر لیتے ہیں جس سے انہیں اپنے کمالاتِ باطنی کا اخفاء بھی مقصود ہوتا ہے۔ ؎

برلبش قفل است ودردلِ راز ہاست
لب خموش ودلِ پُر از آواز ہا ست

لبوں پر قفل لگا ہوتا ہے اور دل میں راز پنہاں ہوتے ہیں ہونٹ خاموش ہوتے ہیں اور دلِ آوازوں سے بھرا ہوتا ہے۔

تصدیق کی صورتیں

اس نکتہ کو خوب طور پر ذہن نشین کر لینا چاہیئے کہ شریعت کا سر طریقت اور طریقت کا سر حقیقت ہے۔ طریقت بلا شریعت وسوسہ اور حقیقت بلا طریقت زندقہ ہے۔ اہل تحقیق جو کچھ بیان کرتے ہیں وہ امرِ واقعی ہی کو بیان کرتے ہیں۔ اس لیے اُن کے کلام کا مضحکہ اُڑانا لغویت ہے وہ تمام مستحق تصدیق ہے۔ تصدیق کی دو صورتیں ہیں۔ پہلی صورت جو اعلیٰ اور افضل ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تقریظ از۔ جامع المعقول والمنقول بقیۃ السلف حضرت علامہ مفتی فیض احمد صاحب دامت برکاتہم العالیہ، خطیب و مفتی آستانہ عالیہ گولڑہ شریف راولپنڈی

تذکرہ نقشبندیہ خیریہ پر ایک نظر

الحمد للہ وکفیٰ وسلامٌ علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ اما بعد

قارئین حضرات کے لیے حضرت الحاج پیر محمد عبداللہ جان مدظلہ، کی ذاتِ گرامی محتاج تعارف نہیں، پشاور اور پاکستان کے مرکز اسلام آباد کے علاوہ مختلف مقامات سے آپ کے حلقہ ہائے ذکر کی صدائے بازگشت سنائی دے رہی ہے۔ لاہور میں خواجہ ابوالخیر اکیڈیمی میں آپ کی مساعی سے مختلف سلسلہ ہائے طریقت کے بزرگوں کے حالات و تعلیمات پر کافی کام ہو رہا ہے کیونکہ اصل مقصد میں سب متفق ہیں۔

چنانچہ زیر نظر کتاب "تذکرہ نقشبندیہ خیریہ" اس سلسلہ کی ایک کڑی ہے جو "بمقتضائے مشہور مقولہ مشک آنست کہ خود ببوید نہ کہ عطار بگوید" اپنی افادیت پر خود گواہ ہے تاہم آپ کے حسب ایما کچھ لکھنے کی جسارت کی جاتی ہے ورنہ یہ ایک حقیقت ہے کہ انما یعرف ذا الفضل من الناس ذووہ یعنی اہل فضل و کمال کو ارباب کمال ہی کماحقہ پہچان سکتے ہیں۔ اور یہ بھی انہیں حضرات کی برکت و توجہ کا نتیجہ ہوتا ہے کہ مجھ جیسے بے بضاعت کو ان حضرات کے روحانی کمالات اور دینی خدمات پر خامہ فرسائی کا موقع میسر آجاتا ہے۔

چنانچہ اپنی تالیف مہر منیر کے بارے میں راقم کا یہی نظریہ ہے جو حضرت پیر طریقت مہر شریعت فاتح قادیانیت فخر اہل سنت قبلہ سیدی و مرشدی مہر علی شاہ الگیلانی القادری چشتی گولڑوی قدس سرہ کے حالات و تعلیمات پر مشتمل ہے۔ اور [illegible] خواجہ ابوالخیر محمد عبداللہ جان صاحب مدظلہ العالی، موصوف نے ہم

یہ ہے کہ بطریقِ سلوک مقامِ کشف میں پہنچکر اُن احوال کا مشاہدہ کیا جائے اور محققانہ طور پر اُن کی تصدیق کی جائے اور دوسری صورت جو ادنیٰ ہے۔ اور ہر شخص کے لیے ممکن ہے یہ ہے کہ حسنِ ظن کی بنا پر اُن کے کلام کی تصدیق کی جائے اور سمجھا جائے کہ باری النظر میں جو اختلافات مابینِ شریف اور اُن احوال کے نظر آتا ہے وہ اپنی ہی نظر کی کوتاہی اور اپنے ہی فہم کے قصور سے ہے۔

مصطلحاتِ صُوفیہ حقائقِ عیانی ہیں

جو چیزیں کہ حواسِ خمسہ ظاہری کے ذریعہ محسوس نہیں ہوتیں وہ معقول ہیں۔ اور جملہ معقولاتِ باطن ہیں۔ حقائقِ الٰہیہ سب کے سب باطن سے متعلق ہیں۔ اصطلاحاتِ صوفیہ اُن کے لیے ایسے ہیں جیسے معانی کے لیے الفاظ۔ معانی باطن ہیں اور الفاظ ظاہر۔ اسی طرح حقائقِ الٰہیہ باطن ہیں اور اصطلاحات ظاہر۔ ظاہری چیزیں سب عیاں ہیں۔ اس بنا پر مصطلحاتِ صُوفیہ، حقائقِ عیانی ہیں۔

اقسامِ مصطلحات

صوفیائے کرام کی مصطلحات عموماً دو اقسام پر منقسم ہیں۔ (۱) علمی اور (۲) شاعرانہ۔

(۱) علمی اصطلاحات کی چند مثالیں یہ ہیں۔

۱ ۲ ۳ ۴ ۵ ۶ ۷ ۸ ۹
احدیت، وحدت، واحدیت، برزخ، عروج، نزول وجود، شہود، تجددِ امثال، کمون و بروز، سکر و صحو، قبض و بسط، وغیرہ

۱۰ ۱۱ ۱۲
(۲) شاعرانہ اصطلاحات کی چند مثالیں یہ ہیں۔

۱ ۲ ۳ ۴ ۵ ۶ ۷ ۸ ۹ ۱۰
قد، قامت، زلف، خط، خال، چشم، ابرو، رُخسار، لب، دہن، وغیرہ

شاعرانہ اصطلاحات بھی نہایت بلیغ اور معنی خیز ہیں۔ عالمِ امکان میں ہر چیز عکس ہے ذات و صفات و اسمائے الٰہی کا۔ یہاں ایک بھی چیز ایسی نظر نہ آئیگی جس کی اصل عالمِ بالا میں نہ ہو۔ ذات اور اسماء و صفات کا ظہور ہی صورِ ممکنات کے ذریعہ ہوا ہے۔ صُورتِ انسانی جامع ہے جمیع اسماء و صفات کی اور خلاصہ ہے جملہ صورِ اکوان کا۔ چشم و ابرو اور زلف و خط و خال صورتِ انسانی کے کمال کا باعث ہیں اور ان کے بغیر انسانی صورت ناقص رہتی۔ اس

گولڑہ شریف ملاقات کے موقع پر کتاب مذکور کو پسند فرماتے ہوئے راقم کی حوصلہ افزائی فرمائی جو حضرت (خواجہ ابوالخیر محمد عبداللہ جان صاحب مدظلہ العالیٰ) موصوف کی تصوف اور صوفیائے کرام سے گہری دلچسپی کی دلیل ہے چنانچہ آپ ہی کے حسب ارشاد جناب محترم محمد صادق صاحب قصوری نے مشائخ نقشبندیہ رحم اللہ کے حالات و تعلیمات کو کتاب ہذا میں جس نئے انداز اور تحقیق سے پیش کیا ہے یہ ان کی علمی کاوش و محنت کا نتیجہ اور جن حضرات کا تذکرہ ہے ان کے ساتھ مؤلف موصوف کے قلبی تعلق کا ثبوت اور حضرت (خواجہ ابوالخیر محمد عبداللہ جان صاحب مدظلہ العالیٰ) موصوف کے مساعی کا نتیجہ ہے اور جس شخص کو بھی ان حضرات سے کچھ نسبت ہوگی وہ اس کتاب کے مطالعہ سے محظوظ و متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکے گا۔ اللہ تعالیٰ مؤلف اور اس کارِ خیر میں حصہ لینے والے سب حضرات کو بہتر جزا عطا فرمائے۔ آمین۔

بزرگانِ دین کے حالات و تعلیمات سے دلچسپی رکھنے والوں کو یہ بات ہمیشہ یاد رکھنی چاہئے کہ جو حضرات حضور سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت اور سچی اتباع کی نعمت سے مشرف ہوئے ہیں۔ وہ حسب ارشاد الٰہی فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْکُمُ اللّٰہ۔ اللہ تعالیٰ کی محبوبیت سے سرفراز ہو کر کائنات کے بھی محبوب ہو جاتے ہیں۔ مسلم شریف کی یہ صحیح حدیث شاہد ہے کہ جب اللہ اپنے کسی خاص بندے کو اپنا محبوب بنا لیتے ہیں تو حضرت جبریل علیہ السلام کے ذریعہ عالم ملکوت و سماوات میں ندا کرا دی جاتی ہے کہ سب اُس سے محبت کریں اور پھر زمین میں بھی اس کی مقبولیت و محبوبیت کے آثار نمایاں ہو جاتے ہیں۔ پھر دنیائے فانی کے بڑے بڑے نامور سلاطین و امراء وغیرہ کے نام اور ذکر تو مٹ سکتے ہیں لیکن مقبولانِ خدا کا ذکر دائم و قائم رہتا ہے۔ ہمنے والوں نے کیا ہی خوب فرمایا ؎

اگر گیتی سراسر باد گیرد　　چراغ مقبلاں ہرگز نمیرد

ہرگز نمیرد آنکہ دلش زندہ شد بعشق
ثبت است بر جریدۂ عالم دوام ما

لازمی طور پر اس نتیجہ پر آنا پڑے گا کہ عالمِ امکان میں یہ تمام چیزیں مظہر ہیں واحدِ حقیقی کی، ان خاص صفات کی جن سے کمالاتِ الٰہی کا ظہور ہے۔ صاحبِ گلشنِ راز فرماتے ہیں کہ ؎

ہر آں چیزے کہ در عالم عیاں است — چو عکسے ز آفتابِ آں جہاں است
جہاں چوں خط و خال و چشم و ابرو ست — کہ ہر چیزے بجائے خویش نیکو ست
تجلّی گہ جمال و گہ جلال ست — رُخ و زُلفِ آں معانی را مثال ست
صفاتِ حق تعالیٰ لطف و قہر است — رُخ و زلفِ بتاں رازاں دو کبر ست
ہر آں معنی کہ شُد از ذوق پیدا
کجا تفسیر لفظی یابد اُورا!

حضرت خواجہ فرید الدین عطار رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ؎

از برائے غریب خود خود گشت — جلوہ در قدّ و در قدم رفتار
تاب در زُلف و وسمہ بر ابرُو — سُرمہ در چشم و غازہ بر رُخسار
رنگ در آب و آب در یاقُوت — بُوئے در مُشک و مُشک در تاتار

ایک اور صاحب فرماتے ہیں ؎

ہمہ را بستۂ گیسوئے پریشاں داری
غمزۂ خاص بہر گبر و مُسلماں داری
مثلے ہست کہ الجنس اِلَی الجنس یمیل
بہر دل بُردن من صورتِ انسان داری

اس قسم کے الفاظ کی تعبیر میں اس امر کو ملحوظ رکھنا نہایت ضروری ہے کہ تصوف میں ان کا استعمال کرنا مستلزم کفر ہے۔ معانی میں بے انتہا وسعت ہے۔ مراتب معانی میں بے شمار اختلافات ہیں۔ ہر مرتبہ کی رعایت کو ملحوظ رکھو۔ جہاتِ تشبیہ و تنزیہہ کو معین کرو۔ مقصود کو زوائد سے جدا کرو۔ پھر تشبیہ کی وجہ کو مختص کر کے بقیہ وجوہ سے تنزیہ کرو۔ محسوس اور غیر محسوس کے درمیان تشبیہ من کلِّ الوجوہ محال ہے۔ ہمیشہ

کشتگان خنجر تسلیم را!!
ہر زماں از غیب جانے دیگر است

اس موقع پر مجھے حضرت قبلہ مرشد گولڑوی قدس سرہٗ کے چند ارشادات یاد آرہے ہیں جنہیں یہاں ذکر کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے۔ "فرمایا[1] عمدہ ترین مسلک و پسندیدہ ترین مشرب میرے نزدیک یہ ہے۔

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ۔

بے شک تمہارے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ گرامی بہترین نمونہ ہے۔

نیز فرمایا[2] بعض آدمیوں کے دل میں یہ خیالِ فاسدہ جاگزیں ہوا ہے کہ صوفیوں میں اتباع نہیں ہوتا یہ خیال مشائخ کی محبت حاصل نہ ہونے کی وجہ سے ان کے دل میں راہ پا گیا ورنہ حق تو یہ ہے کہ صوفیائے کرام گشتگانِ عشق محمدی اور سوختگانِ محبت احمدی ہیں "صلی اللہ علیہ وسلم" ان کی مانند اتباع کسی فرقہ میں نہیں ہے البتہ جب وہ وادی شریعت کو طے کر کے حقیقت کی منزل میں پہنچتے ہیں تو ان کا قدم بزمِ ہستی سے بلند تر ہو جاتا ہے کیونکہ فی الحقیقت عشق کی پائیگاہ مذہب سے بلند ہے اور عشق کے بغیر ایمان معرضِ خطر میں ہوتا ہے۔

وہ لوگ جو قال و مقالِ اربابِ کمال کے سمجھنے کی لیاقت نہیں رکھتے اور قابلیت سے معذور اور کوشش سے بہت دور ہوتے ہیں وہ سرشارانِ بادۂ حق اور جانبازانِ رمزِ الست سے آگاہ نہیں ہوتے اس لیے انکار کے در پئے ہو جاتے ہیں اور ان کے حق میں اعتقاداتِ فاسدہ کا اظہار کرتے ہیں۔ حضرت قدس سرہٗ کے اس ارشاد کی تائید زیرِ نظر کتاب میں حضرت سلطان العارفین ابو یزید بسطامی قدس سرہٗ کے حالات میں آپ کے بعض مشہور اقوال مثلاً سبحانی ما اعظم شانی وغیرہ کے متعلق حضرت ابو علی جوزجانی رحمۃ اللہ کے اس قول سے ہوتی ہے کہ ہم بایزید رح کے

---

[1] ملفوظات مہریہ ص ۱۰۱ مطبوعہ ۱۹۷۴ء [2] ملفوظاتِ مہریہ ص ۶۸)

ایک یا چند وجوہ سے تشبیہ جائز ہوتی ہے۔ اور بقیہ وجوہ سے ناجائز، مثلاً چشم سے کسی جگہ صفتِ بصری یعنی بینائی یا بصیرت مُراد ہو تو بقیہ وجوہ کو جیسے کہ جسمیت وغیرہ ہے نظر انداز کر دینا پڑے گا۔ ان الفاظ کے استعمال اور اِن کی تعبیر میں ان امور کی رعایت ضروری ہے کہ کن اعتبارات سے تشبیہ مقصود ہے اور کن اعتبارات سے تنزیہہ۔

ایک اعتراض اور اُس کا جواب

شاعرانہ اصطلاحات کے سلسلہ میں مناسب معلوم ہوا کہ اُس اعتراض کا بھی جواب دے دیا جائے جو شاعرانہ اندازِ بیان کے متعلق بعض موقعوں پر پیش کیا جاتا ہے۔ اعتراض یہ ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے اپنے کلامِ پاک میں شعراء کی مذمت فرمائی ہے، تو صوفیائے کرام نے اظہارِ خیالات کا ذریعہ شاعری کو کیوں بنایا؟

جواب یہ ہے کہ بلاشبہ قرآن میں شعراء کی مذمت آئی ہے مگر اللہ تعالیٰ نے اُس مذمت سے صوفیائے کرام کو مُستثنیٰ فرما دیا ہے۔ "سورہ الشعراء" کے آخر میں وہ فرماتا ہے:

وَالشُّعَرَآءُ يَتَّبِعُهُمُ الْغَاوٗنَ ۝ اور شاعروں کی پیروی گمراہ کرتے ہیں۔ کیا تم نے نہ دیکھا کہ وہ (پریشان خیالی کے) جنگل اور وادیوں میں (کس طرح) سرگرداں پھرتے ہیں اور وہ کہتے ہیں جو نہیں کرتے مگر (اِن تمام باتوں سے مستثنیٰ ہیں) وہ لوگ جو ایمان لائے اور اچھے کام کیئے اور بکثرت اللہ کی یاد کی۔

اَلَمْ تَرَ اَنَّهُمْ فِيْ كُلِّ وَادٍ يَّهِيْمُوْنَ ۝ وَاَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ مَا لَا يَفْعَلُوْنَ ۝ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَذَكَرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا۔

(پارہ ۱۹ سورۃ الشعراء آیت ۲۲۴ تا ۲۲۷)

اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سے اور بالخصوص وَذَكَرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا سے صوفیائے کرام صاف طور پر شعرا مذموم سے جُدا کر دیئے گئے۔ اللہ کو بہت یاد کرنے کی شرط کو ان حضرات (رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین) نے باحسنِ وجوہ پورا کیا غفلت کی ایک ساعت کو بھی وہ موت سے بدتر سمجھتے ہیں اور صلوٰۃ دائمون میں رہنا

حال کو تسلیم کرتے ہیں شاید وہ الفاظ اُن سے غلبہ حال یا حالت سُکر میں صادر ہوئے ہیں۔ جو شخص بایزید رح کا مقام حاصل کرنا چاہئے اُسے بایزید رح کی طرف مجاہدہ نفس کرنا چاہئے تب وہ بایزید رح کے کلام کو سمجھے گا۔ اسی طرح حضرت شیخ ابوالحسن خرقانی قدس سرہ کے حالات میں اُن کے بعض اقوال کی توجیہ اسی کتاب کے حاشیہ میں حضرت مجدد الف ثانی رحمہ اللہ کے مکتوبات سے نقل کی گئی ہے۔ بلکہ خود حضرت مجدد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے حالات میں آپ کے بعض اقوال کے بارے اسی کتاب میں حضرت مرزا مظہر جانِ جانان رحمۃ اللہ سے جو نقل کیا گیا ہے وہ اسی کا مؤید ہے۔ البتہ محق اور مبطل کے کلمات میں فرق ضروری ہے جیسا کہ مکتوبات جلد ثانی حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ مکتوب نمبر ۹۵ بنام نور محمد انبالوی میں ہے کہ ایسے کلمات محق کے لیے آبِ حیات ہیں اور مبطل کے لیے زہرِ قاتل مثل آبِ نیل جو بنی اسرائیل کے لیے خوشگوار اور قبطی کے لیے خونِ ناگوار تھا۔ مکتوب کے آخر میں ہے کہ منصور باوجود انا الحق کہنے کے ہر رات قید خانہ میں بھاری زنجیر کے ساتھ پانسو رکعت نماز ادا کرتا تھا۔ چنانچہ حضرت محقق گولڑوی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی ایک مکتوب میں اجمالاً اسی طرف یوں اشارہ فرمایا ہے "درویش واقعی سے کسی وقت انا الحق کا سرزد ہونا اور ہے اور غیر درویش متصنع کا کہنا اور۔ اس میں آسمان زمین کا فرق ہے۔ مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ کا بیت ہے ؎

آں انا را رحمۃ اللہ در قضا

دیں اَنا را لعنۃ اللہ از خدا" (فتاوی مہریہ ص ۵۱)

یعنی حضرت منصورؒ سے انا الحق سرزد ہوا اور فرعون نے بھی اَنَا رَبُّکُمُ الْاَعْلٰی کہا مگر حضرت منصورؒ کے قول کا منشاء رحمت الٰہیہ تھی اور فرعون کی انا لعنت خداوندی کا نتیجہ۔

اللہ تعالیٰ سے دُعا ہے کہ حضرات اہل عشق و محبت کاملین صوفیا کرام کی سچی محبت سے مشرف فرمائے۔ آمین۔

راقم الحروف نیاز مند اہل اللہ فیض احمد عفی عنہٗ
خطیب و مفتی آستانہ عالیہ گولڑہ شریف
۱۱ رجب المرجب ۱۴۰۷ھ

اپنا شعار رکھتے ہیں۔ ان کے ایمان[۱] اور عمل صالح[۲] اور کہ ذاتِ ذکرِ الٰہی نے شاعری کو ان کے لیے بجائے مذموم ہونے کے محمود اور بجائے قبیح ہونے کے حسین بنا دیا"

اِصطلاحات

تصوّف کی اصطلاحات کی دو اقسام ہیں۔

(۱) وہ جو مقاصد کے متعلق ہیں، وہ تو شریعت سے الگ نہیں ہیں بلکہ مقاصد میں تصوّف کی اصطلاحات کی حقیقت وہی ہے جو شریعت میں مذکور ہے۔

(۲) وہ اصطلاحات ہیں جو امورِ زوائدہ کے متعلق ہیں۔ وہ شریعت سے جدا ہو سکتی ہیں جیسے تجرد امثال، توحید وجودی، شغل رابطہ وغیرہ۔ یہ حضرات صوفیائے کرام کا لطیفہ ہے کہ اپنے اسرار کو عوام سے بچانے کے لیے اصطلاحیں مقرر کر لی ہیں۔ ورنہ وہ قرآن وحدیث سے جُدا ہو کر نئی بات نہیں کرتے۔ علمائے خشک وتنگ نظر جو اُن کی اصطلاحات کو نہیں سمجھ سکتے ان پر اعتراض کر دیتے ہیں جو واقع میں اُن پر نہیں ہوتا بلکہ اپنی فہم اور سمجھ پر ہوتا ہے۔ ع

اصطلاحات ست مرا بدال را — ابدال کی خاص اصطلاحات ہوتی ہیں

ان اصطلاحات کو دو ابواب میں لکھا جاتا ہے۔

(۱) اقسامِ اولیاء۔

(۲) متفرق اصطلاحات۔

باب اوّل۔ اولیاء اللہ اور اُن کے اقسام

اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ۔

سن لو! بے شک اللہ کے ولیوں پر نہ کچھ خوف ہے اور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تقریظ از۔ شجاع الملت حضرت علامہ مفتی سید شجاعت علی قادری صاحبؒ

جج وفاقی شرعی عدالت اسلام آباد

تذکرہ نقشبندیہ خیریہ میری نظر میں

نحمدہ و نصلی و نسلم علی حبیبہ الکریم

محب مکرم حضرت برادر محترم مولانا جمیل احمد نعیمی زید مجدہم علماء اہل سنت سے ملاقات کرنے اور ان کے احوال و کوائف سے واقفیت حاصل کرنے کا بہت اشتیاق رکھتے ہیں، اور اس کی تکمیل ان کی وسیع معلومات کا سبب ہے۔ پچھلے دنوں جب وہ اسلام آباد تشریف لائے تو مجھ سے حضرت ابوالخیر محمد عبداللہ جان زید مجدہم کا ذکر خیر فرمایا۔ اسلام آباد اور مرشد آباد پشاور میں مسلک اہل سنت کے لیے حضرت کی بے لوث خدمات و ساعی کا حال سنکر میرے دل میں حضرت سے ملاقات کا اشتیاق پیدا ہوا، چنانچہ حضرت مولانا جمیل احمد صاحب نعیمی کی معیت میں حضرت صاحب سے آستانہ خیریہ اسلام آباد میں شرف ملاقات ہوا، اور جو کچھ حکایت تھی محکی عنہ کو اس کا پورا پورا مصداق پایا۔ جس چیز نے مجھے بہت متاثر کیا وہ حضرت صاحب کا علمی دنیا سے گہرا رابطہ اور ملک کے جید علماء سے مسلسل تعلق اور لگاؤ ہے، نیز امت مسلمہ کی اصلاح کے لیے علمی انداز میں خدمت کرنا ہے۔ آپ کے علمی کارناموں کی تفصیلات کے لیے ایک الگ مضمون کی حاجت ہے، حضرت صاحب بیعت وارشاد، ذکر وفکر تزکیہ نفس اور تصفیہ باطن کے ساتھ اپنی محنت اور اپنی دولت سے بھی مسلک کی خدمت میں ایک بے باک سپاہی ہیں، اور یہ وہ کردار ہے جو سجادہ وخانقاہ کے حلقوں میں خال خال ہی نظر آتا ہے، تب سے حضرت صاحب سے مسلسل کسی نہ کسی عنوان سے رابطہ قائم ہے۔ اس رمضان المبارک میں حضرت صاحب کی دعوت افطار سے دینی معاملات میں گفتگو کا بہترین موقعہ بنگئی، اثناء گفتگو میں حضرت صاحب نے علمی پیشکش "تذکرہ مشائخ نقشبندیہ خیریہ" کا ذکر فرمایا، اور حسن ظن کی بنا پر

(پارہ ۱۱ سورۃ یونس آیت ۶۲)

عن شریح بن عبید قال ذکر اهل الشام عند علی وقیل العنهم یا امیرالمؤمنین قال لا ۔ انی سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول الابدال یکونون بالشام وهم اربعون رجلا کلما مات رجل ابدا الله مکانه رجلا یسقی بهم الغیث وینهر بهم علی الاعداء ویصرف عن اهل الشام بهم العذاب ۔

(رواہ احمد)

نہ کچھ غم۔

شریح بن عبید سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے رُو برُو اہل شام کا ذکر آیا کسی نے کہا کہ اے امیرالمومنین! اِن پر لعنت کیجئے۔ فرمایا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا ہے فرماتے تھے کہ ابدال (جو ایک قسم ہے اولیاء اللہ کی) شام میں رہتے ہیں اور وہ چالیس آدمی ہوتے ہیں جب کوئی شخص ان میں سے مرجاتا ہے اللہ تعالیٰ اُس کی جگہ دوسرا شخص بدل دیتا ہے۔ ان کی برکت سے اعداء پر غلبہ ہوتا ہے اور اُن کی برکت سے اہل شام سے عذاب (دینوی) ہٹ جاتا ہے۔

صوفیائے کرام کے ملفوظات ومکتوبات میں ابدال واقطاب واوتاد وغوث وغیرہم الفاظ اور ان کے مدلولات کے صفات وبرکات وتصرفات پائے جاتے ہیں۔ حدیث میں جب ایک قسم کا اثبات ہے تو دوسرے اقسام بھی مستبعد نہ رہے ایک نظیر سے دوسری نظیر کی تائید ہونا امر مسلّم ومعلوم ہے۔ برکات تو اس حدیث میں منصوص ہیں۔ اور تصرفاتِ تکوینیہ قرآن مجید میں حضرت خضر علیہ السلام کے قصہ سے ثابت ہوتے ہیں۔

اقسامِ اولیاء اللہ

اس بارے میں بزرگوں کی مختلف آرا ہیں۔ القصہ ان کی بارہ اقسام ہیں:۔ ابدال[1]، ابرار[2]، اخیار[3]، اقطاب[4]، امامین[5]

یہ بھی فرمایا کہ میں اس کتاب پر بطور تقریظ کچھ لکھ دوں، اس حسین وجمیل پر لطف محفل میں جو کٹھن گھڑی اور واحد ثقیل مرحلہ میرے لیے آیا وہ حضرت صاحب کا یہ فرمان تھا جس کا ایک تو سبب میری علمی بے بضاعتی اور اس پر مستزاد میری عدالتی ذمہ داریاں، پھر یہ ترکیب سمجھ میں آئی کہ حضرت صاحب سے دریافت کروں کہ آیا اس کتاب پر کچھ اور بزرگوں نے بھی تقریظات کہی ہیں تاکہ اُن سے استفادہ کر کے کم از کم اس کار خیر میں اپنا حصہ بٹا سکوں، میرا یہ وار خالی نہ گیا اور حضرت صاحب نے اثبات میں جواب دیا۔ اب میرے سامنے اصل کتاب اور افاضل علماء اہل سنت کی محققانہ تقریظات ہیں، ان تقریظات کے بلند علمی معیار تحقیق نے میرے حوصلے مزید پست کر دیئے ہیں، پھر اصل کتاب کے مقدمہ میں شامل مقالات نے اپنی رہی سہی کسر بھی پوری کر دی، حقیقت تصوف، اہمیت تصوف، افادیت، کتاب وسنت میں تصوف کا مقام مشائخ نقشبند کا طریقہ مبارکہ، غرض ہر ایسی چیز جس کی کتاب کے قاری کو کتاب کے مطالعہ کے وقت ضرورت پیش آسکتی ہے ان مقالات میں موجود ہے تقریظات، مقالات اور کتاب کے مواد پر کچھ اضافہ کرنا میرے بس کی بات نہیں، مجھے جو کچھ معلوم ہے وہ یہ ہے کہ تصوف اللہ کے دین میں کوئی نئی چیز نہیں، ادیان سابقہ میں اس کو "رھبانیۃ" سے تعبیر کیا گیا، اور جن لوگوں نے دعوائے رھبانیت کے بعد اس کے تقاضوں کو نہ نبھایا اللہ تعالیٰ نے ان کی مذمت فرمائی، فرمان الٰہی ہے

ورھبانیۃ ابتدعوھا ماکتبناھا علیھم الا ابتغاء رضوان اللہ فما رعوھا حق رعایتھا۔

اور وہ رھبانیت جس کو انہوں نے از خود اختیار کر لیا، ہم نے یہ ان پر فرض نہ کی تھی، مگر اللہ کی خوشنودی کی طلب میں تو انہوں نے اس کا حق ادا نہ کیا۔

"لا رھبانیۃ فی الاسلام" اسلام میں رھبانیت نہیں کا یہی مفہوم ہے کہ جو رھبانیت یہود ونصاریٰ کی من گھڑت ہے اس کا اسلام میں کوئی مقام نہیں، قرآن وسنت میں تصوف کا مفہوم، تقویٰ، زہد، عفاف، احسان، جہاد علی النفس، وغیرہ کلمات سے ادا کیا گیا ہے جب کہ صوفیہ کرام کو اولیاء اللہ عباداللہ، حزب اللہ، المتقون، الصالحون

اوتاد[۷]، عمد[۸]، غوث[۹]، مفردان[۱۰]، مکتومان[۱۱]، نجباء اور نقباء۔

(۱) ابدال

چالیس[۴۰] ہوتے ہیں۔ بائیس[۲۲] یا بارہ[۱۲] شام میں اور اٹھارہ[۱۸] یا اٹھائیس[۲۸] عراق میں رہتے ہیں

ایک دوسری روایت کے مطابق یہ سات[۷] ہوتے ہیں اور سات[۷] اقالیم پر متعین ہوتے ہیں۔ ان کا مشرب، سات[۷] انبیاء علیہم السلام کے مشرب پر ہوتا ہے۔ اِن کا کام مردِ معنوی اور عاجزوں کی فریاد رسی ہے۔ یہ سات[۷] ابدال حسب ذیل ہیں:۔

(۱) ابدال اقلیم اوّل۔ بر قلبِ حضرت ابراہیم علیہ السّلام۔ نام عبدالحی
(۲) " " دوم " " حضرت موسیٰ علیہ السّلام۔ " عبدالعلیم
(۳) " " سوم " " حضرت ہارون علیہ السّلام " عبدالمرید
(۴) " " چہارم " " حضرت ادریس علیہ السّلام " عبدالقادر
(۵) " " پنجم " " حضرت یوسف علیہ السّلام " عبدالقاہر
(۶) " " ششم " " حضرت عیسیٰ علیہ السّلام " عبدالسمیع
(۷) " " ہفتم " " حضرت آدم علیہ السّلام " عبدالبصیر

ان سات ابدالوں میں سے عبدالقادر اور عبدالقاہر وہ ہیں جنہیں اُس ملک یا اُس قوم پر مسلط کیا جاتا ہے جس پر اللہ تعالیٰ قہر نازل فرماتا ہے اور یہی ذریعۂ منفوری بنتے ہیں ان سات ابدالوں کو قطبِ اقلیم بھی کہتے ہیں۔

متذکرہ بالا کے علاوہ پانچ ابدال اور بھی ہوتے ہیں جو یمن میں رہتے ہیں اور جنہیں قطبِ ولایت کہتے ہیں۔ قطبِ عالم کا فیض قطبِ اقالیم پر اور قطبِ اقالیم کا فیض قطبِ ولائیت پر اور قطبِ ولایت کا فیض جملہ اولیاء پر وارد ہوتا ہے۔

علاوہ ازیں تین سو پچاس[۳۵۰] ابدال اور بھی ہوتے ہیں۔ جن میں سے تین سو[۳۰۰] قلبِ آدم علیہ السّلام پر ہیں۔ بقول میر سید محمد جعفر کی رح یہ تین سو پچاس (۳۵۰) نہیں بلکہ چار سو چار (۴۰۴) ابدال ہیں۔ جو مختلف انبیاء کے مشرب پر ہوتے ہیں اور مختلف خدمات جن کے تفویض میں رہتی ہیں۔

غیرہ القاب سے یاد کیا گیا ہے اور سورۂ فاتحہ میں ان کے نقش کفِ پا کو "صراط الذین انعمت علیہم" سے تعبیر فرما کر، نماز کی ہر رکعت میں اس پر چلنے کی دعا کو تکمیل نماز کی شرط لازم قرار دیا ہے۔

حضور اکرم اور احنا فداہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ اور صحابیات رضی اللہ عنہم میں کئی قدر ہستیاں تصوف میں شہرۂ آفاق تھیں، چونکہ تصوف کی بنیاد نفلی عبادات اور مستحبات ہے جن کے اختیار کرنے کی ہر مسلمان کو آزادی ہے، اس لیے سلاسل تصوف میں وحدت مقصود کے باوجود راہ سلوک میں اختلاف فطری امر تھا، کسی نے نفلی نماز کو کثرت کو کسی نے نفلی روزوں کی کثرت کو کسی نے ذکر بالجہر کو کسی نے ذکر بالسر کو اور کسی نے کسی طریقہ کو اور کسی نے کسی طرز کو اللہ کے تقرب اور اس کی خوشنودی کا ذریعہ قرار دیا، اسی قسم کے اختلافات کے باعث سلسلہ قادریہ، چشتیہ، نقشبندیہ، سہروردیہ وغیرہ وجود میں آئے۔

تصوف کی قدامت وحقانیت کے باعث دنیاء اسلام کی اکثریت ہمیشہ اس کی گرویدہ رہی ہے اگر آج بھی بلاد اسلامیہ کے اعداد وشمار اس اعتبار سے اکٹھے کئے جائیں تو یہ خوشگوار حقیقت کھل کر سامنے آجائیگی کہ چار رنگ عالم کے مسلمانوں میں ۹۰ فیصد مسلمان مسلک تصوف سے وابستہ ہیں اور یہی سواد اعظم ہے جس کی اتباع وپیروی کا حکم ہر دور کے مسلمانوں کو دیا گیا ہے، یہ کہنا غلط ہے کہ "برصغیر پاک وہند" میں اسلام صوفیاء کرام کی مساعی سے پھیلا ہے، یہ "دعوت وارشاد" کی تحریکات سے تاریخی ناواقفیت کا ثبوت ہے، کیا اویس قرنیؒ، بایزید بسطامیؒ، معروف کرخیؒ شیخ عبدالقادر جیلانیؒ وغیرہ ہندوستان کے رہنے والے تھے! صحیح بات یہ ہے کہ جہاں جہاں اسلام موجود ہے وہ کسی نہ کسی صوفی بزرگ کی دعوت غنی کا نتیجہ ہے۔

یہ ذہن میں رہنا چاہئے کہ ہماری مراد وہ صوفیاء ہیں جنہوں نے تصوف کا حق ادا کیا ورنہ ان کا حکم انہی راہبوں جیسا ہوگا جن کے بارے میں حق تعالیٰ نے فرمایا ہے

"فما دعوھا حق رعایتھا"

محترم جناب محمد صادق قصوری صاحب کے شگفتہ اور محققانہ قلم نے مشائخ نقشبند

(۲) ابرار اکثر نے اِن ہی کو ابدال کہا ہے۔ بروایت دیگر ان ہی میں سے چالیس ابدال ابرار کہلاتے ہیں۔

(۳) اخیار پانچ سو یا سات سو ہوتے ہیں۔ اور اُن کو ایک جگہ قرار نہیں۔ سیاح ہوتے ہیں۔ ان کا نام حسین ہوتا ہے۔ ایک دوسری روایت کے مطابق متذکرہ بالا ابدال میں سے سات ہمیشہ سفر میں رہتے ہیں۔ انہیں اخیار کہتے ہیں اور نام ان سب کا حسین ہے۔

(۴) اَقْطَاب ہر زمانہ میں تمام دُنیا میں سب سے بڑا قطب ایک ہوتا ہے، جسے قطبِ عالم یا قطبِ کبریٰ یا قطبِ ارشاد یا قطب مدار یا قطب الاقطاب یا قطبِ جہان یا جہانگیر عالم کے ناموں سے پکارتے ہیں۔ عالمِ سفلی و علوی میں اس کا تصرف ہوتا ہے اور سارا عالم اُسی کے فیض و برکت سے قائم رہتا ہے اگر قطبِ عالم کا وجود درمیان سے ہٹا دیا جائے تو سارا عالم درہم برہم ہو جائے۔ قطبِ عالم حق تعالیٰ سے براہِ راست اور بلا واسطہ فیض حاصل کرتا ہے اور اس فیض کو اپنے ماتحت اقطاب میں تقسیم کرتا ہے۔ کسی بڑے شہر میں سکونت رکھتا ہے۔ بڑی عمر پاتا ہے۔ نورِ خاصۂ مصطفویؐ کی برکت سے ہر سمت میں دیکھتا ہے خواہ آنکھیں اُس کی کھُلی ہوں یا بند۔ ماتحت اقطاب کے تقرر و تنزل و ترقی کا اختیار رکھتا ہے ولی کو معزول و مقرر کرنے کا مجاز ہے۔ خود ولائیتِ شمسی رکھتا ہے۔ برعکس قطبِ ابدال کے جس کی ولائیت قمری ہوتی ہے۔ قطبِ عالم مظہرِ تجلی، اسمِ رحمٰن ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مظہرِ تجلی الوہیت ہیں۔ قطبِ عالم سالک ہوتا ہے اور اُس کی ترقی جاری رہتی ہے۔ ترقی کرتے کرتے وہ مقام فردانیت تک پہنچ جاتا ہے، جسے محبوبیت بھی کہتے ہیں۔ جمیع رجال اللہ (اولیاء اللہ) کے باطن میں اور اور نام ہوا کرتے ہیں۔ چنانچہ قطبِ عالم کا نام عبداللہ ہوتا ہے۔

اقطاب کے بھی بے شمار اقسام ہوتی ہیں جو سب کے سب قطبِ عالم کے ماتحت ہوتے ہیں۔ مثلاً قطبِ ابدال، قطب اقالیم، قطبِ ولائیت وغیرہ ہر قسم

رحمہم اللہ اجمعین کے عظیم کارناموں کا جس حسین انداز میں ذکر کیا ہے وہ طالبان حق کو صراط مستقیم پر گامزن کرنیکا بہترین ذریعہ ہے، سلسلہ نقشبندیہ وہ مبارک سلسلہ ہے جسنے امت مسلمہ کو حضرت مجدد الف ثانی رحمہ اللہ جیسی عظیم شخصیت عطا فرمائی۔ مجھے حیرت ہے کہ تصوف کو "چنیا بیگم"، افیون وغیرہ کہنے والے لوگ اس عظیم مجاہد کے باطل شکن کارناموں کی کیا تشریح وتعبیر کرتے ہوں گے، مجدد صاحب کا ذکر خاص طور پر اس لیے آگیا ہے کہ وہ صوفیاء نقشبند ہیں "مہر نیمروز" کی طرح درخشندہ وتابندہ ہیں، اور ہر مسلمان، فرد ہو یا جماعت، جب بھی کفر والحاد سے پنجہ آزمائی کا تصور کریگا اس کو حضرت مجدد الف ثانی کے نقش قدم کی پیروی کرنا ہوگی، لیکن ہمارے اس دور پر آشوب میں بھی اس سلسلہ مبارکہ کے کئی بزرگ ایسے ہیں جنہوں نے اپنے تن من دھن کی بازی اسلام کی ترویج ونشاۃ ثانیہ کے لیے لگا رکھی ہے، شکر اللہ ما علیھم "تذکرہ مشائخ نقشبندیہ خیریہ" کی تالیف کا مقصد بھی ان حضرات قدسی صفات کے کارناموں سے امت مسلمہ کو آگاہی بخشنا ہے جناب محمد صادق قصوری نے، حضرت علامہ نور بخش توکلی مرحوم کی کتاب "تذکرہ مشائخ نقشبندیہ" سے کہیں زائد اور محققانہ مواد فراہم کر دیا ہے۔

آخر میں اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہم سب کو صوفیاء کرام کے طریقہ پر چلنے کی توفیق عطاء فرمائے۔

آمین بجاہ النبی الامین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(ناچیز)

سید شجاعت علی قادری صاحب جج، وفاقی شرعی عدالت اسلام آباد

پاکستان

۲۷/ مئی سنہ ۱۹۸۷ء

کا ایک علیحدہ قطب ہوتا ہے۔ مثلاً قطبِ زہاد، قطبِ عباد، قطبِ عرفا، قطبِ متوکلان ہر مقام اور ہر شہر اور ہر قصبہ اور ہر گاؤں کا ایک قطب ہوتا ہے جو اُس کی محافظت کرتا ہے وہ بستی مومنوں سے آباد ہو خواہ کافروں سے۔ مومنوں کی پرورش تجلی اسم ہادی کے تحت میں ہوتی ہے اور کافروں کی پرورش اسم مُضِلّ (مُضِلّ بمعنی گمراہ کرنے والا، بہکانے والا) کے تحت میں۔ اور یہ دونوں اسم اللہ تعالیٰ ہی کے ہیں۔

(۵) اَمامین قطب الاقطاب کے دو وزیر ہوتے ہیں جنہیں امامین یا امامان کہتے ہیں ایک اُس کے داہنے ہاتھ پر ہوتا ہے جس کا نام عبدالملک ہے اور دوسرا بائیں ہاتھ پر ہوتا ہے جس کا نام عبدالرب ہے۔ داہنے ہاتھ والا قطبِ مدار سے فیض حاصل کر کے عالمِ علوی پر افاضہ کرتا ہے۔ بائیں ہاتھ والا قطبِ مدار سے فیض حاصل کر کے عالم سفلی پر افاضہ کرتا ہے لیکن بائیں ہاتھ والے کا مرتبہ داہنے ہاتھ والے سے بلند تر ہے۔ جب قطب الاقطاب کی جگہ خالی ہوتی ہے تو بائیں ہاتھ والے کو ملتی ہے اور دائیں ہاتھ والا بائیں ہاتھ والے کی جگہ آجاتا ہے۔ عالم کون و فساد میں انتظام رکھنا زیادہ مشکل ہے بہ نسبت عالمِ علوی کے۔ اس لیے بائیں ہاتھ کا وزیر زیادہ قوی اور تجربہ کار رکھا جاتا ہے۔

(۶) اوتاد چار ہوتے ہیں اور عالم کے چاروں کھونٹ پر ان میں سے ایک ایک متعین ہوتا ہے۔

(۱) ایک مغرب میں ہوتا ہے جس کا نام عبدالودود ہوتا ہے۔

(۲) دوسرا مشرق میں جس کا نام عبدالرحمٰن ہے۔

(۳) تیسرا جنوب میں جس کا عبدالرحیم ہے۔

(۴) چوتھا شمال میں جس کا نام عبدالقدوس ہے۔ قیامِ عالم میں ان سے میخوں کا کام لیا جاتا ہے۔ اور یہ بمنزلہ پہاڑ کے ہوتے ہیں جن سے زمین کی سرسبزی مقصود ہے اور قیام بھی اور سکون بھی۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔

اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ مِهٰدًا وَّالْجِبَالَ اَوْتَادًا۔ (النبا ع ۱)

کیا نہیں کیا ہم نے زمین کو بچھونا اور پہاڑوں کو میخیں۔

تقریظ از۔ خطیب العصر منظورِ نظر حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ
حضرت علامہ محمد مقصود احمد صاحب، خطیب جامع مسجد دربار حضرت
داتا گنج بخشؒ۔ لاہور

ارشاداتِ مقصود

الحمد للہ الخبیر والصلوٰۃ والسلام علیٰ حبیبہ البصیر وعلی
آلہ وصحبہ محبی القدیر اما بعد ۔

دنیا کے ہر کام، ہر فن اور ہر پیشہ کی طرح فنِ روحانیت یعنی سلوک الی اللہ طے کرنے اور حق تعالیٰ کا قرب و معرفت حاصل کرنے کے لیے استاد کی ضرورت ہے۔ علم تصوف کی اصلاح میں ایسے استاد کو شیخ کے نام سے موسوم کیا گیا ہے لفظ شیخ کی اصل یہ حدیث نبوی ہے الشیخ فی قبیلتہ کالنبی فی امتہ (اپنے قبیلہ میں شیخ اسی طرح ہے جس طرح ایک نبی اپنی امت میں ہے)

قرآن حکیم میں حق تعالیٰ نے ضرورتِ شیخ کو یوں بیان فرمایا ہے یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَابْتَغُوْٓا اِلَیْهِ الْوَسِیْلَةَ وَجَاهِدُوْا فِیْ سَبِیْلِهٖ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ (اے ایمان والو ڈرو اللہ سے اور تلاش کرو وسیلہ اس تک رسائی کے لیے) اس آیت مبارکہ سے دو باتوں کا حکم نازل ہوا۔ اول حق تعالیٰ تک رسائی حاصل کرنا دوم اس تک رسائی حاصل کرنے کے لیے وسیلہ تلاش کرنا۔ وسیلہ سے مراد وہ ہادی، مرشد، شیخ یا پیر ہے۔ جس نے راہِ سلوک طے کیا ہوا ہو۔ راستے کے نشیب و فراز سے واقف ہو اور خود رسیدہ ہو۔ بعض لوگ نفسِ وسیلہ سے مراد ایمان لیتے ہیں لیکن تمام مفسرین خواہ متقدمین ہوں یا متاخرین کے نزدیک وسیلہ کا مطلب شیخِ طریقت ہے کیونکہ "یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا" کا خطاب ان لوگوں سے کیا گیا ہے جو ایمان لا چکے ہیں۔ حضرت شاہ عبدالرحیمؒ، شاہ ولی اللہ محدثِ دہلویؒ

(۷) عمد چار ہوتے ہیں۔ زوایائے ارض (زمین کے چاروں گوشوں) میں رہتے ہیں۔ اور اِن سب کا نام محمد ہے۔

(۸) غوث بعض بزرگوں کے نزدیک قطب اور غوث ایک ہی چیز ہیں۔ مگر بقول حضرت محی الدین ابن عربی رح قطب الاقطاب اور غوث جُدا ہیں۔ بعض کے نزدیک قطبیت اور غوثیت دو جُداگانہ منصب ہیں جو ایک ہی شخص میں مجتمع ہو سکتے ہیں۔ قطبیت کے اعتبار سے اُسے قطب الاقطاب اور غوثیت کے اعتبار سے غوث کہتے ہیں۔ بعض کے نزدیک غوث مکہ میں رہتا ہے مگر بعض نے اس میں بھی اختلاف کیا ہے

(۹) مفرداں افراد کو کہتے ہیں۔ جب قطبِ عالم ترقی کرتا ہے تو فرد ہو جاتا ہے فردانیت میں پہنچ کر وہ تصرفات سے کفارہ کش ہو جاتا ہے۔ قطب مدار عرش سے ثریٰ تک مُصرف ہوتا ہے اور فرد متحقق ہوتا ہے۔ تصرف اور تحقق میں بڑا فرق ہے۔ قطبِ مدار علی الدوام تجلی صفات میں رہتا ہے جب کہ فرد تجلیٔ ذات میں۔ قطب مدار خاص ہے اور اخص۔ فردانیت مقامِ انبساط و موانست ہے اور یہاں آکر مراد باقی نہیں رہتی۔ بعض اولیاء کو تجلی افعالی ہوتی ہے بعض کو تجلی اسمائی اور بعض کو تجلیِ آثاری۔ بعض مقامِ صحو میں ہوتے ہیں۔ بعض مقامِ سُکر میں۔ اور بعض دونوں میں مقاماتِ اولیاء اللہ خارج از حدّ و حصر ہیں مگر اہل فردانیت اِن جملہ مقامات سے برتر ہیں تنزل کی تو ایک حد ہوتی ہے مگر روح و ترقی کی کوئی حدّ و انتہا نہیں۔ افراد جب مزید ترقی کر کے فردانیت میں کامل ہو جاتے ہیں تو محبوبیت کا مرتبہ پاتے ہیں۔ پھر محبوبیت میں بھی بعض مقبولانِ بارگاہِ الٰہی ایک خاص امتیازی شان سے نوازے جاتے ہیں۔ جیسے حضرت غوث الثقلین سید عبد القادر جیلانی، سلطان المشائخ حضرت محبوب الٰہی خواجہ نظام الدین اولیاء اور امامِ ربانی حضرت مجدد الف ثانی قدس اسرارہم۔

(۱۰) مکتوماں انہیں مکتوبان بھی کہتے ہیں۔ یہ لوگ پوشیدہ اور چھپے ہوتے ہیں۔ ان کی تعداد چار ہزار ہوتی ہے۔ آپس میں ایک دوسرے کو پہچانتے ہیں لیکن اپنے آپ کو نہیں پہچانتے ایسے لباس میں ہوتے ہیں کہ اغیار نہیں پہچان سکتے

اور شاہ عبدالعزیز محدثِ دہلوی جو اہلِ طریقت میں مقبول ہیں، وسیلہ سے مراد شیخ لیتے ہیں
نیز قرآن کریم میں حق تعالیٰ نے منصب نبوت کی یوں وضاحت فرمائی ہے۔
هُوَ الَّذِیْ بَعَثَ فِی الْاُمِّیّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ یَتْلُوْا عَلَیْهِمْ اٰیٰتِهٖ وَیُزَكِّیْهِمْ وَیُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۔ (اللہ وہ ہے جس نے بھیجا ان پڑھوں کے درمیان پیغمبر انہی میں سے جو پڑھتا ہے ان لوگوں کے سامنے اللہ کی آیات اور پاک کرتا ہے ان کو اور سکھاتا ہے ۔ ان کو کتاب وحکمت) کتاب کے ساتھ معلم یعنی سکھانے والے کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔ نسخہ کے ساتھ طبیب کی بھی ضرورت ہوتی ہے جو لوگ یہ اعتراض کرتے ہیں کہ قرآن کی موجودگی میں شیخ کی کیا ضرورت ہے۔ ان سے ہم پوچھتے ہیں کہ قرآن کی موجودگی میں نبی یا رسول کی کیا ضرورت تھی۔ چنانچہ جس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو ضرورت تھی آج بھی ہمیں وہی ضرورت درپیش ہے۔ جس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بغیر ہدایت ناممکن تھی اب بھی نائب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بغیر ہدایت ناممکن ہے۔ حیرت ہے کہ علمائے ظاہر لوگوں کے درمیان تو اپنی ضرورت محسوس کرتے ہیں لیکن ایک ایسے شیخِ کامل کی ضرورت محسوس نہیں کرتے جو ان سے کئی گنا زیادہ عبادات، مجاہدات وریاضات کر کے ذاتِ حق کے قرب ومعرفت کا شرف حاصل کر چکے ہیں۔ امام احمد بن حنبل رح پہلے تصوف اور صوفیائے کرام کی مخالفت میں مشغول تھے۔ لیکن بعد میں حضرت بشر حافی رح کی صحبت میں رہ کر حلاوتِ ایمان نصیب ہوئی تو جو شخص احکامِ شریعت ان سے دریافت کرنے آتا تو خود بتا دیتے لیکن جب کوئی شخص راہِ حقیقت دریافت کرنے آتا تو حضرت شیخ بشر حافی رح کے پاس بھیج دیتے یہ دیکھ کر ان کے شاگردوں کو غیرت آئی اور عرض کیا کہ آپ اتنے بڑے عالم ہو کر ایک صوفی کے حوالہ کیوں کرتے ہیں آپ نے فرمایا کہ (مجھے اللہ کے احکام کا علم ہے اور ان کو خود اللہ کا علم ہے) اس لیے طالبانِ حق کو ان کے پاس بھیجتا ہوں۔

جناب محترم محمد صادق قصوری صاحب نے انتہائی محنت جانفشانی اور دقتِ نظر سے "تذکرہ نقشبندیہ خیریہ" کی تالیف کے ذریعے شائقین عرفان الٰہی کیلئے

(۱۱) نجباء ان کی تعداد ستّر ہے اور مصر میں رہتے ہیں۔ سب کا نام حسن ہے۔

(۱۲) نقباء اِن کی تعداد تین سو ہے۔ مُلکِ مغرب میں رہتے ہیں۔ سب کا نام علی ہے۔

متفرق اصطلاحات

اللہ:۔ اسم ذات ہے جس میں جملہ اسمائے الٰہی جمالی ہوں یا جلالی، فعلی ہوں یا صفاتی، شامل ہیں۔ یہ اسم جملہ اسماء کا جامع ہے۔ تمام اسماء پر مقدم ہے اور تمام اسماء اسی کے مظاہر کی تجلّی ہیں۔

اسم اللہ میں چونکہ جامعیت ہے اس کی مظہریت کا شرف صرف حقیقتِ انسانی ہی کو حاصل ہے اور جامعیتِ الٰہی کا پرتو حقیقتِ محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم ہی کے آئینہ میں رُونما ہوا۔

اسم اللہ دراصل لفظ پنج حرفی ہے اَ، لَ، لَ، اَ، ہ، ھائے ہوز سے قبل کا الف تلفظ میں ثابت ہے اور کتابت میں اس کے گر جانے کا اعتبار نہیں کیونکہ تلفظ کتابت پر غالب ہوتا ہے۔

(۱) پہلے الف سے احدیت مراد ہے جس میں کثرت گم ہے۔ چونکہ احدیت تجلیاتِ ذات سے بالذات پہلے تھی یہ الف بھی اسم سے پہلے آیا۔ جس طرح احدیت اپنی احدیت سے منفرد ہے۔ یہ الف بھی اپنی ذات میں منفرد ہے۔ اور کسی دوسرے حرف سے متعلق نہیں ہوا۔ جس طرح احدیت میں کثرت مخفی ہے

اس الف میں بھی (ال ف) مخفی ہیں۔ یہ مخفی الف بساطتِ ذات کی طرف اشارہ ہے۔ مخفی لام صفات اور افعالِ قدیم کی جانب اشارہ کرتا ہے۔ مخفی ف اپنی شکل کے اعتبار سے مفعولات پر دلالت کرتی ہے اور اپنے نقطہ کے اعتبار سے خلق کی ذات کو عین حق کے وجود میں ظاہر کرتی ہے۔ ف کے سر کے گول ہونے سے اس کے غیر متناہی

جو روحانی غذا فراہم کی ہے یہ اپنی مثال آپ ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ مشائخ نقشبندیہ کے بارے میں جو تحقیقی مواد اس کتاب میں پیش کیا گیا ہے وہ شاید ہی کسی کتاب میں ہو۔

اس بے مثال علمی شاہکار کا سہرا حضرت خواجہ خواجگان، مرشدِ باصفا، زاہدِ باوفا منبع معرفت وحقیقت، رہبرِ طریقت، متبع شریعت حضرت پیر خواجہ ابو الخیر محمد عبداللہ جان نقشبندی مجددی دامت برکاتہم العالیہ کے سر ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ جناب محمد صادق صاحب نے جو عظیم الشان علمی شاہکار پیش کیا ہے وہ حضرت خواجہ خواجگان کے روحانی تصرف کے بغیر ممکن نہیں تھا۔ یہ خواجہ صاحب کی خاص کرامت ہے کہ جناب محمد صادق صاحب قصوری نے "تذکرہ نقشبندیہ خیریہ" مرتب کر کے علمی دنیا میں ایک نمایاں اعزاز حاصل کیا ہے۔

دُعا ہے اللہ تعالیٰ اس عظیم الشان کتاب کے ذریعے طالبانِ حق کو اپنے مقاصد عالیہ کے حصول میں کامیابی و کامرانی عطا فرمائے۔ اور حضرت خواجہ صاحب کی اس، کتاب کی اشاعت کے سلسلے میں عظیم الشان خدمات کو قبول فرمائے۔ آمین۔

محمد مقصود احمد

خطیب جامع مسجد داتا دربار، لاہور

۲۶/ اگست ۱۹۸۷ء

ہونے کی جانب اشارہ ہے یعنی یہ کہ ممکنات بے انتہا ہیں۔ کیونکہ دائرہ کی ابتداء اور انتہا نہیں ہوتی۔ سر کے خالی ہونے سے اشارہ ہے فیضان کے قبول کرنے کی صلاحیت کی جانب۔ ف کے سر کا نکتہ گویا اُس سر کا دائرہ ہے اور ایک لطیف اشارہ ہے کمالِ الوہیت کی اُس امانت کی جانب جس کا متحمل انسان ہے۔

(۲) پہلے لام سے مراد جلال ہے کیونکہ جلال کو ذات سے زیادہ قُرب ہے بمقابلہ جمال کے

(۳) دوسرے لام سے مراد جمالِ مطلق ہے۔

(۴) الف جو کتابت میں گرا ہوا ہے لیکن تلفظ میں ثابت ہے۔ کمال کا الف ہے کتابت میں اُس کا گرا ہونا کمالات کے بے انتہا ہونے کی طرف اشارہ ہے کیونکہ کوئی آنکھ اس کا ادراک نہیں کر سکتی۔

(۵) سے اُس کی ہویت مراد ہے۔ دائرہ، ہ کو حق سے تشبیہ دی جائے تو جوف کو خلق سے تشبیہ دی جائے گی اور دائرہ کو خلق سے تشبیہ دی جائے تو جوف کو حق سے تشبیہ دی جائے گی۔ گویا ہ کے گول ہونے سے وجود حقی و خلقی کی چکی کا انسان پر گھومتا ایک لطیف نگر کھلا ہوا اشارہ ہے۔

انسانِ کامل اس سے مراد حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ گرامی ہے۔

ابداع بغیر مادہ و مثال کے اور بغیر کسی ذریعہ یا وسیلہ کے کسی چیز کو پیدا کرنا جیسے کہ اللہ تعالیٰ نے قلم اوّل کو بغیر کسی واسطہ کے خلق فرمایا افعال الٰہی کے جملہ مراتب میں پہلا مرتبہ ابداع ہے جس میں اللہ تعالیٰ کا کوئی شریک نہیں۔

سد وہ حجابات جو مشاہدات میں مانع آئیں یا وصول الی اللہ میں سدِ راہ ہوں۔

آبِ رواں رُوح میں طیران پیدا ہونے سے دل میں جو فرحت حاصل ہوتی ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تحریر از۔ آفتاب شریعت ماہتاب طریقت، نبیرۂ حضرت قبلہ عالم موہروی
حضرت الحاج صاحب زادہ محمد حفیظ الرحمٰن معصومی دربار عالیہ
موہری شریف۔ گجرات

فرمودات معصومیہ

آج فقیر کے پاس محترم صوفی ساجد حسین صاحب تذکرۂ نقشبندیہ خیریہ کا مسودہ لے کر پہنچے۔ جس کو فقیر نے بالاستیعاب بڑے غور و خوض کے ساتھ پڑھا۔

فاضل مؤلف محترم جناب محمد صادق قصوری نے بڑے علمی اور تاریخی انداز میں اس کتاب کو مرتب کر کے سالکانِ راہِ تصوف کی بالعموم اور متوسلین سلسلۂ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ کی بالخصوص، دینی اور روحانی تشنگی کو پورا کر دیا ہے۔

کتاب ہذا میں سلسلہ عالیہ رسولیہؐ، صدیقیہؓ، نقشبندیہؒ، مجددیہؒ، معصومیہؒ، نوریہؒ، کریمیہؒ، نوابیہؒ اور خیریہ کو بڑی وضاحت و فصاحت کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔ حقیقت بھی یہی ہے "ہمہ شیرانِ جہان بستہ این سلسلۂ اند"، حضور سید عالم نور مجسم امام الانبیاء حبیب کبریا احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء سے افضل الخلق بعد الانبیاء بالتحقیق سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ، سیدنا سلیمان فارسی رضی اللہ عنہ حضرت سیدنا محمد بہاؤ الدین بخاری شاہ نقشبندؒ، امام ربانی، حبیب یزدانی، عارف حقانی، حضرت الشیخ احمد مجدد الفؒ ثانی فاروقی سرہندی، عروۃ الوثقیٰ حضرت خواجہ محمد معصوم قیومِ ثانیؒ، حضرت بابا نور محمد چوراہیؒ، حضرت بابا فقیر محمد چوراہی غوث زمان حضرت حافظ محمد عبد الکریم صاحبؒ اور پھر قطب الاقطاب، زریں زر بخت سلطان الاولیاء حضور قبلہ عالم حضرت الحاج خواجہ صوفی نواب الدین صاحبؒ تاجدار دربار عالیہ نقشبندیہ مجددیہ موہری شریف کو سینہ بسینہ تجلیاتِ ربانیہ اور جمالیاتِ مصطفویہؐ کی روشن قندیلیں حاصل ہوئیں۔ جن کی ضیاء پاشیوں سے ایک جہان منور ہوا۔ اور عشق مصطفیٰؐ و محبت اولیاء کی دولت عام

ابن الوقت وہ مبتدی صوفی جو تابعِ حال ہو یا حال کا آنا اور جانا اُس کے اختیا میں نہ ہو۔ اُسے مغلوب الحال اور صاحبِ تلوین بھی کہتے ہیں۔

ابوالوقت وہ منتہی صوفی جو تابع حال نہ ہو اور حال کا آنا، قائم رہنا اور چلا جانا اُس کے اختیار میں ہو، اُسے ابوالحال اور صاحبِ تمکین بھی کہتے ہیں۔

اتصال جُملہ اعتبارات کا ذاتِ احدیت میں گم ہو جانا۔ مشاہدۂ معیتِ حق۔ بندہ کا حق تعالیٰ کو اپنے سے متصل پانا۔ نفسِ رحمانی کا علی الدوام بلا انقطاع اپنے سے اتصال پانا مولٰنا رومؒ فرماتے ہیں: ؎

اتصالِ بے تکیف بے قیاس
ہست ربُّ الناس را با جانِ ناس

پروردگارِ عالم کو لوگوں کے ساتھ جو اتصال ہے وہ کیفیت و قیاس سے بالاتر ہے۔

اثبات:۔ حق کا ظہور اور خلق کا مخفی ہونا۔

اخلاص: کسی کام کو صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کی رضاجوئی کے لیے کرنا۔

اخیار صوم و صلوٰۃ، تلاوت، حج اور جہاد وغیرہ میں بکثرت مشغول رہنے والے۔

اَدب شریعت کی رعایت، شعائر اللہ کی حرمت، آقا کی حق شناسی، خدمتِ شیخ رویتِ حق میں فنا ہو جانا بھی ادب ہے۔

ادراک بصیرت، احساسِ باطنی۔

حواسِ خمسہ ظاہری سے کسی چیز کے معلوم کرنے کو احساس کہتے ہیں اور جو چیزیں کہ حواسِ ظاہری سے معلوم کی جا سکتی ہیں انھیں محسوسات کہتے ہیں۔ ان حواس ظاہری کے مقابل باطن میں حواسِ باطنی ہیں۔ جو باطنی طور پر کیفیات اور معانی کا ادراک کرتے ہیں۔ ان باطنی قوتوں ہی کی تہذیب پر کشفِ حقائق کا انحصار ہے۔

استتار:۔ پردہ میں ہونا۔

پیکرِ صدق وصفاء، مجسمۂ علم وحیا، سراپا اخلاص وتقویٰ منبۂ رشدُ وہدایت، فخر خاندان، موھروی حضرت الحاج خواجہ ابوالخیر صوفی محمد عبداللہ جان صاحب زید مجدہ مرشد آباد شریف۔ پشاور حضور قبلۂ عالم رحمۃ اللہ علیہ کے اکابر واعاظم خلفاً کرام میں سے ہیں۔

حضور قبلہ عالم رحمۃ اللہ علیہ کو حضرت خواجہ ابوالخیر صاحب زید مجدۃ الکریم سے بے پناہ اور والہانہ محبت تھی ہر وقت مُشفقانہ نگاہ سے فیضیاب فرماتے۔ اور شریعت وطریقت میں انتہائی تربیت فرماکر تصوف اور سلوک کی اعلیٰ منازل پر فائز فرمایا۔ آپؒ کی برقی اور روحانی باطنی توجہ حضرت خواجہ ابوالخیر صاحب زید مجدۃ الکریم کے ہر وقت شامل حال ہے جوکہ میدان حشر تک رنگ لاتی رہے گی۔

خواجۂ خواجگان، مبلغ اسلام، قیوم زماں حضرت الحاج خواجہ محمد معصوم صاحبؒ مدظلہٗ سجادہ نشین دربار عالیہ موہری شریف، حضرت خواجہ ابوالخیر زید مجدۃ الکریم پر اُسی طرح خصوصی شفقت فرماتے ہیں۔

حضرت خواجہ ابوالخیر صاحب زید مجدۃ الکریم کے والد ماجد سراپا اخلاص محترم جناب حاجی محمد جان صاحب کا دربار عالیہ موہری شریف سے بہت پرانا تعلق ہے۔ حضورِ قبلۂ عالم رحمۃ اللہ علیہ کے خصوصی معاون اور رفیق کار کی حیثیت سے خدمات سرانجام دیتے رہے ہیں۔

مولائے کریم انہیں صحت عاجلہ وشاملہ اور درازی عمر نصیب فرمائے۔ آمین۔

آج فقیر کو "تذکرہ نقشبندیہ خیریہ" کی تقریظ لکھتے ہوئے قلبی خوشی محسوس ہورہی ہے۔ کہ دربار عالیہ موہری شریف سے فیضیاب، نیز شریعت، پدر طریقت حضرت الحاج خواجہ ابوالخیر محمد عبداللہ جان صاحب زید مجدہ نقشبندی مجددی کی مساعی جمیلہ اور اُن کی تبلیغی وروحانی جدّوجہد سے طالبانِ چشمۂ معرفت سیراب ہورہے ہیں۔

میری قلبی دعا ہے کہ مولائے کریم حضرت خواجہ ابوالخیر صاحب، زید مجدہ الکریم کے علم وعرفان میں مزید برکتیں فرمائے۔ اور کتاب ہذا سے زیادہ سے

استقامت عہد وفا اور اعمالِ دین و دنیا میں ثابت قدم رہنا بر عایات حدودِ اوسط اس کے تین درجے ہیں :۔

(ا) تقویم :۔ اس کا تعلق تادیب نفس سے ہے۔

(ب) اقامت :۔ اس کا تعلق تہذیبِ قلب سے ہے۔

(ج) استقامت :۔ یہ ذریعہ ہے تقریب اسرار کا۔

استقامت سب سے بڑی کرامت ہے اور دلیل ہے مقبولیت کی کیونکہ توفیق استقامت کا فیضان حق تعالیٰ ہی کی جانب سے ہوتا ہے۔ حضرت مرزا مظہر جان جاناںؒ فرماتے ہیں۔ ؎

بر اہل استقامت فیض نازل میشود مظہر
عبث دانی تجلی گر دِ کوہِ طور میگردد

اے مظہر! اہل استقامت پر فیض نازل ہوتا ہے تو نہیں جانتا کہ کوہِ طور کے ارد گرد تجلی پھیلی ہوئی ہے۔

اسیر :۔ جو مجاز میں مقید ہو۔

اسراف بے اندازہ خرچ کرنا، ضرورت سے زیادہ خرچ کرنا، بے محل خرچ کرنا سلوک میں اسراف اُسے کہتے ہیں کہ بے اندازہ اور بے موقع اور بے تکے پن سے ریاضت کی جائے۔

اشتیاق طلبِ تمام اور عشقِ مدام کی وہ کیفیت جو یافت و نایافت میں یکساں رہے۔

آشنائی :۔ مخلوق کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا صفتِ خالقیت کی جہت سے تعلق۔

اعتکاف قلب کو دنیا کے مشاغل سے فارغ کر کے اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کر دینا۔

آفتاب اس سے عموماً روح مراد لی جاتی ہے۔ کیونکہ روح بدن انسانی میں آفتاب کے نفس متہاب کے مشابہ ہے۔

اُفتادگی :۔ حالات اور کیفیات کا مخفی نہ رہ سکنا بلکہ ظاہر ہو جانا۔

زیادہ احباب کو مستفیض فرمائے۔

آمین ثم آمین بجاہ طٰہٰ و یٰسین

فقط

۵ صفر المظفر ۱۴۰۸ھ

۲۹ ستمبر ۱۹۸۷ء

دعاگو

فقیر محمد حفیظ الرحمٰن معصومی غفرلہٗ

دربار عالیہ موہری شریف ضلع گجرات

اُمناء ملامتیوں کو کہتے ہیں۔ ملامتیوں کا گروہ وہ لوگ ہیں جو اپنے آراستہ و پیراستہ باطن کو ظاہری خواری اور خستہ حالی کے پردہ میں مخفی رکھتے ہیں۔

انتباہ:۔ سالک کے دل سے غفلت کا دُور ہونا۔

آہ ایک علامت ہے کمالِ عشق کی جس کے بیان سے زبان و قلم قاصر ہیں۔ حضرت شاہ نیاز بریلوی قدس سرہ، فرماتے ہیں ؎

زشوقِ عشق محبُوبِ الٰہی آنچناں گشتم
کہ تصویرم مصوّر در کشد بر صورتِ آہے

میں محبوبِ الٰہی کے عشق کے شوق میں اس طرح پھرا ہوں کہ مصوّر نے میری تصویر آہ کی صورت میں کھینچ دی ہے۔

ایقان:۔ اس حقیقت کا یقین کامل کہ حق تعالیٰ ہر شے میں بلاحلول و اتحاد موجود ہے۔ اور اس یقین میں محو ہو جانا۔

ایمان:۔ تصدیق قلبی اس شرط کے ساتھ کہ قلب کسی چیز کو بلا دلیل قبول کر لے۔

باب الابواب توبہ کا دروازہ۔ یہ سب سے پہلا دروازہ ہے۔ جب تک سالک اس دروازہ سے نہیں گزرتا کوئی اور دروازہ اُس کے لیے نہیں کھولا جاتا۔

بادہ محبت و عشقِ الٰہی کا فیضان جو عالمِ غیب سے سالک کے دل پر وارد ہوتا ہے اور اُسے مست و بے خود بنا دیتا ہے۔

بادہ فروش:۔ مُرشد، پیر، شیخ، ہادی طریقت۔

باران:۔ نزولِ رحمت۔

بام:۔ محل تجلیات۔

بت تصوف میں یہ لفظ اور اُس کے مرکبات مثلاً بت خانہ، بُت کدہ، بت پرست، بت پرستی، وغیرہم مختلف مواقع کے لحاظ سے مختلف مضمون میں استعمال ہوتے ہیں۔ لفظ بُت سے کہیں ماسوے اللہ مراد ہوتی ہے کہیں مظہر یا مظہرِ عشق یا تعین اولی یا تجلی شہودی یا مطلوب کی جانب اس سے اشارہ کیا جاتا ہے، کہیں وحدت یا جمعیت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ملفوظاتِ مدرار

تقریظ از۔ ادیبِ سرحد حضرت علامہ مولانا مدرار اللہ مدرار صاحب نقشبندی

ڈسٹرکٹ خطیب مردان (صوبہ سرحد)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَکَفٰی وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی اَمَّا بَعْدُ

میں اپنے لیے یہ امر باعثِ خیر و برکت سمجھتا ہوں کہ میں آج "تذکرہ نقشبندیہ خیریہ" پر تقریظ لکھنے بیٹھا ہوں۔ جو جناب محمد صادق قصوری کی تصنیف ہے اور جس میں حضراتِ مشائخ نقشبندیہ کے حالات و سوانح اور ان کے علمی اور روحانی کارنامے بڑے تحقیقانہ انداز میں لکھے گئے ہیں۔ اور آخر میں اس سلسلۂ عالیہ کے چشم و چراغ اور آسمانِ نقشبندیہ کے آفتاب و ماہتاب پیرِ طریقت حضرت خواجہ ابوالخیر محمد عبداللہ جان دامت برکاتہم العالیہ زینت افزائے دربار عالیہ مرشدِ آباد شریف پشاور کے کوائفِ زندگی اور ان کے علمی، عملی اور روحانی کارنامے بھی تفصیل کے ساتھ بیان کئے گئے ہیں۔ جن کو پڑھ کر قاری کے دل میں یہ جذبہ موجزن ہونے لگتا ہے کہ کاش میں بھی حضرت خواجہ صاحب کے رنگ میں رنگ کر شریعت و طریقت کے مدارجِ عالیہ پر فائز ہو جاؤں ؎

یارب ایں آرزوئے دل چہ خوش است

حضرت خواجہ صاحب روحانی اعتبار سے ایک جامع شخصیت ہیں آپ اپنی ساری توانائیاں دینِ اسلام، مخلوقِ خدا کی اصلاح و تربیت اور طریقت عالیہ نقشبندیہ کی خدمت اور فروغ کے لیے وقف کئے ہوئے ہیں۔ آپ حاملِ لوائے اسلام، جامعِ شریعت و طریقت اور رازدانِ اسرارِ معرفتِ الٰہیہ ہیں۔ اور شب و روز دینی مشاغل ذکر و فکر یادِ خدا اور خدمتِ خلق میں منہمک رہتے ہیں۔ ؎

بجز ذکرِ خدا کارے ندارد ہمیشہ در عبادت ہست شاغل

وحدتِ ذاتیہ کا مفہوم اس سے ادا ہوتا ہے۔

برزخ وہ چیز جو دو مختلف چیزوں کے درمیان حائل ہو اس طور پر کہ دونوں میں واصل وفاصل ہو۔ ایک جہت سے ایک چیز اور دوسری جہت سے دوسری چیز سے متصل ہو۔ عالمِ مثال کو بھی برزخ کہتے ہیں کیونکہ وہ اجسامِ کثیفہ اور ارواحِ مجردہ کے درمیان ایک عالم وسطی ہے۔ شیخ کی صورتِ محسوسہ کو بھی برزخ کہتے ہیں۔ کیونکہ وہ فیضانِ قدس اور طالب کے درمیان واسطہ ہے۔

برزخ البرازخ، برزخِ جامعہ، برزخ اوّل، برزخ اعظم، برزخ اکبر اور برزخ کبریٰ یہ سب نام حقیقتِ محمدیہ کے ہیں جو واسطہ ہے درمیانِ ظہور و بطون کے۔

برق وہ لمعانِ نور جو سالک کے قلب پر وارد ہوتے ہیں اور اُسے سیر الی اللہ کی جانب کھینچتے ہیں۔

بروز کسی عارفِ کامل یا شیخ مکمل کا کسی شخصِ ناقص کی جانب متوجہ ہونا۔ فیض پہنچانا اور اُسے اپنا سا بنا کر اپنا مظہر بنا لینا۔ اسی معنی میں کہا جاتا ہے کہ فلاں بزرگ، فلاں بزرگ کی صورت میں نمودار ہوئے اور مراد اس سے یہ ہوتی ہے کہ اُن بزرگِ مکمل کا پرتو کامل طور پر دوسرے بزرگ پر پڑا اور دونوں کی صورتِ معنوی یکساں ہو گئی۔ صورتِ ظاہری کا ایک ہو جانا بھی کچھ بعید نہیں۔ یہ تناسخ نہیں ہے۔ تناسخ کے مدعی تو اس کے قائل ہیں کہ ایک کی رُوح دوسرے کی زندگی کا قیام ہوتا ہے لیکن بروز سے مقصد نہ تو دوسرے کی زندگی کا قائم رکھنا ہے نہ اس میں حس و حرکت پیدا کرنا ہے بلکہ کمالاتِ باطنی اور کمالاتِ معنوی کا فیضان مقصود ہوتا ہے۔

بساطت کسی چیز کا دوسری چیز کے ساتھ مرکب نہ ہونا۔

بستان محلِ کشادگی، محلِ بسط، وجودِ سالک کیونکہ وہ بھی محلِ کشور اور محلِ بسط ہوتا ہے۔

بصارت، بصیرت آنکھ سے کسی چیز کو دیکھنا بصارت ہے، دل سے کسی چیز کو معلوم کرنا بصیرت ہے۔ بصارت سے صرف صُورِ محسوسہ ہی

زذاتش فیضِ دائم ہست جاری
مرادِ دوجہاں بخشد بہ سائل

حضرت خواجہ ابوالخیر کو حضرات خواجگانِ نقشبندیہ قدس اللہ اسرارہم کے ساتھ اتنا تعلقِ خاطر اور محبت ہے کہ آپ ان کے حالات و کمالات سے لوگوں کو روشناس کرانے کے لیے ایک دفعہ پہلے بھی "سلسلۂ خیریہ مع تذکرہ مشائخ نقشبندیہ" تصنیف پروفیسر ڈاکٹر خالد امین مخفی الخیری سابق پرنسپل نیو لاہور کالج کو شائع کرا چکے ہیں۔ اور اب زیرِ تقریظ کتاب "تذکرہ نقشبندیہ خیریہ" کو شائع کر رہے ہیں۔

حدیث مبارک میں جہاد کے تین مدارج بیان کیے گئے ہیں۔ چنانچہ رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

"جاھدوا المشرکین بانفسکم واموالکم والسنتکم" — مشرکوں اور کافروں کے ساتھ اپنی جانوں اپنے مالوں اور اپنی زبانوں سے جہاد کرو۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جہاد کے تین درجے ہیں۔ جہاد بالنفس، جہاد بالمال اور جہاد باللسان۔ جہاد باللسان میں جہاد بالقلم بھی آتا ہے۔ جب کہ موجودہ زمانے میں دشمنانِ اسلام اور ملحدین مسلمانوں کے ایمان اور اسلام پر ڈاکہ ڈالنے کے لیے اپنی پُرفریب اور مغالطہ انگیز تحریری سرگرمیوں کے ذریعے قسم قسم کے فتنے پھیلا رہے ہیں۔ جن میں فتنہ تحریفِ قرآن، فتنۂ انکارِ حدیث، فتنۂ تجدد فی الاحکام، فتنۂ انکارِ تقلید، فتنۂ ثقافت و تہذیب اور فتنۂ اختلاطِ مرد و زن و عریانیت کے نام خاص طور پر لیے جا سکتے ہیں۔ ان کے انسداد اور دفاع کے لیے اہل درد اور اہل قلم علمائے دین جہاد بالقلم میں مصروف ہیں۔ الحمد للہ کہ حضرت خواجہ صاحب کو ان فتن کا دردمندانہ احساس ہے اس لیے وہ مسلمانوں کو حضراتِ مشائخ نقشبندیہ کے علمی اور عملی کارناموں سے آگاہ کر رہے ہیں۔ تاکہ مسلمان کفر و شرک بدعات اور فتن کا مقابلہ حضراتِ مشائخ نقشبندیہ کے عملی نمونے کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے باحسن وجہ کر سکیں۔ اللہ تعالیٰ حضرت خواجہ صاحب کو ان کی دینی خدمات کا اجرِ عظیم فی الدارین عطا فرمائے ع

کا احساس ہو سکتا ہے۔ بصیرت دل کی وہ بینائی ہے جو نورِ قدس سے روشنی پاتی ہے اور جس سے حقائق اشیاء اور ظواہر کے باطن پر آگاہی حاصل ہوتی ہے۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ "مومن کی فراست سے ڈرو کیونکہ وہ اللہ کے نور سے دیکھتا ہے"۔

بلا موانعاتِ سلوک، ہر وہ چیز جو وصول الی اللہ میں مانع ہو، توجہ کو حق تعالیٰ کی جانب ہٹانے والی چیز۔

بُلبُل عارف ربانی جو نفس امارہ سے چھٹکارا پاکر ذکر و فکر مدام میں مشغول رہتا ہو۔

بنفشہ:۔ اس نکتہ دقیق اور سرِ لطیف کو کہتے ہیں جس کا ادراک محال ہو۔

بوسہ عشق و محبت، نفخِ روح، افاضتِ فیضِ وجودی، زندگی کا عطا ہونا، فیض جو سالک میں آتا ہے۔ جذبۂ باطن جو سالک میں پیدا ہوتا ہے۔ فیض قبول کرنے کی صلاحیت، کیفیت کلامِ صوری و معنوی، روح کا اپنے مرکوب یعنی جسم سے لذت پانا۔

بوادرہ ایک نسیم غیبی ہے جو اچانک عالمِ غیب سے آتی ہے اور دل میں فرحت تر و تازگی اور انبساط پیدا کر دیتی ہے۔

بُولے دل کا متعلق ہونا عالمِ حضور کے ساتھ۔ کبھی اس لفظ سے آگاہی کی جانب بھی کنایہ ہوتا ہے۔

بہار:۔ سالکوں کا ذوق و شوق۔ عالمِ علم۔

بہشت:۔ صفتِ روحانی، مظہرِ جمالِ مطلق، رضائے الٰہی کا محل، خوشنودیٔ پروردگار پر انعامات۔

بیابان راہِ طلبِ حق میں سالک پر جو واقعات گزرتے ہیں اور جو معاملات کہ طریقت میں اس کے ساتھ پیش آتے ہیں۔

بیت معمور وہ جگہ ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے اپنے لیے مختص فرما کر زمین سے آسمان کی جانب اُٹھا لیا۔ مثال اس کی قلبِ انسانی ہے جو حق سبحانہ تعالیٰ کا محل ہے۔ یہ محل رہنے والے سے کبھی خالی نہیں رہتا۔ یا تو روحِ قدسی اس میں رہتی

وَیَرْحَمُ اللّٰہُ عَبْدًا قَالَ اٰمِیْنًا ط

موجودہ پُرفتن دور میں ہمارا معاشرہ ناگفتہ بہ اخلاقی زبوں حالی میں مبتلا ہے جس کا یہ اہم تقاضا ہے کہ ہم جس قدر جلد ممکن ہو۔ اسلامی معاشرہ کا قیام عمل میں لائیں۔ اس سلسلے میں بزرگانِ دین کے ساتھ ساتھ حکومت اور مسلم عوام پر بھی یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ اس مبارک مقصد کے لیے اپنے اپنے دائرۂ کار کے اندر ایسی تدبیریں اور ایسے اقدامات کریں کہ یہ تباہ کن اخلاقی خرابیاں دور ہو کر صحیح اسلامی معاشرہ روبعمل آئے۔

اس ذیل میں یہ امر بھی پیش نظر رہنا اشد ضروری ہے کہ ہم اولیائے امت اور بزرگانِ دین کی تعلیمات، ارشادات اور اسلامی اخلاق و اطوار کو پیش نظر رکھتے ہوئے ان حضرات کی پاکیزہ تعلیم و تربیت اور اعمال حسنہ سے زیادہ سے زیادہ استفادہ کریں، تاکہ ان مقدس ہستیوں نے رشد و ہدایت کے جو فانوس روشن فرمائے ہیں، ان کی روشنی کو نہ صرف اپنے ملک بلکہ دنیا کے گوشے گوشے میں پہنچا دیں۔ اور خود اپنے قلب و روح کو اس روشنی سے اس طرح منور کریں کہ دوسروں پر بھی اس کے اثرات مرتب ہونے لگیں ؎

گوئے توفیق و سعادت درمیان افگندہ اند
کس بہ میداں در نمی آید سواراں راہ شد

اولیائے عظام اور صوفیائے کرام نے ہر زمانے اور ہر نازک دور میں اسلامی معاشرے کی اصلاح، مسلمانوں کی اخلاقی اور روحانی تربیت نیز اسلام کی تبلیغ و اشاعت کے فرائض ایسی خوبی کے ساتھ انجام دیئے کہ غیر مسلم قومیں بھی اس سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکیں اور وہ بصد ذوق و شوق اور جوق در جوق دائرۂ اسلام میں داخل ہو کر اسلام کی خیر و برکت سے مستفیض ہوتیں۔ تاریخ اس امر کی گواہِ عادل ہے کہ برصغیر پاک و ہند میں اسلام کی روشنی انہیں نفوس قدسیہ کی مساعی جمیلہ سے پھیلی ہے ؎

ہر گلِ نو کہ شد چمن آرا
اثر و رنگ و بوئے صحبتِ اوست

ان نفوس قدسیہ میں بحمداللہ حضرت خواجہ ابوالخیر دام فیضہم بھی شامل ہیں جن کے دستِ

ہے یا رُوحِ ملکوتی یا پھر رُوح حیوانی (یعنی شیطانی یا نفسانی)

پیشانی:۔ ظہورِ اسرارِ الٰہی۔

پیمانہ:۔ ہر وہ چیز جس میں انوارِ غیبی کا مشاہدہ ہو، اسے ساغر بھی کہتے ہیں۔

تجدّدِ امثال:۔ تجدّدِ تجلیاتِ رحمانی۔

فیضانِ وجود نتیجہ ہے اسمِ رحمٰن کی تجلّی کا۔ چنانچہ تجلیاتِ رحمانی کا فیضان موجودات پر علی الدّوام فائز رہتا ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ عالم ہر آن خلقِ جدید میں تبدیل ہوتا رہتا ہے کیونکہ ہر تجلی ایک خلقِ جدیدہ کو لاتی ہے اور خلقِ ماسبق کو لے جاتی ہے۔ خلقِ ماسبق کا جانا فنا ہے اور خلقِ جدید کا آنا بقا ہے۔ جدید اشیاء بمقتضاءِ امکانِ ذاتی آناً فاناً نیست اور آناً فاناً ہست ہو جاتی ہے۔ سرعتِ تجدّد اور تیزیٔ تسلسل کی وجہ سے اِس رفتن و آمدن کا ادراک نہیں ہوتا ہے۔

بَلْ هُمْ فِيْ لَبْسٍ مِّنْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ۔

(پارہ ۲۶ سورۂ ق رکوع ۱ آیت ۱۵)

بلکہ وہ نئے بننے سے شُبہ میں ہیں۔ یعنی موت کے بعد پیدا کئے جانے سے شبہ میں ہیں۔

بلکہ وہ لوگ ہمیشہ خلقِ جدید کے لباس میں ہیں یا خلقِ جدید میں ملبّس ہیں۔ لیکن یہ التباس اہلِ حجاب ہی کو ہوتا ہے۔ اہلِ کشف از روئے ادراک جانتے ہیں کہ حق تعالیٰ ہر دم اور ہر ساعت تجلّی فرماتا ہے۔

كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِيْ شَأْنٍ ۝

(پارہ ۲۷ سورۂ رحمٰن رکوع ۲)

اُسے ہر دن ایک کام ہے۔

. . . . .

اور اُس کی تجلّی ایک صورت میں مکرّر رکھی نہیں ہوتی بلکہ ایک صورت غائب ہوتی ہے اور اُس کی جگہ مثل اس کے دُوسری صورت آتی ہے۔ ایک صورت کے عدم کا زمانہ بعینہٖ اس کے مثلِ ثانی کے وجود کا زمانہ ہوتا ہے۔ اس لیے آمدن عین رفتن اور رفتن عین آمدن ہوا کرتا ہے۔ فی الحقیقت یہ رفتن و آمدن اعتباری ہے نہ کہ محقق الوقوع ورنہ مرتبۂ اوّل مرتبۂ دوئم میں تنزّل کرنے کے بعد کُلّیتہً معدوم ہو جاتا۔ لیکن ایسا نہیں ہوتا

حق پرست پر کئی غیر مسلم مشرف بہ اسلام ہو چکے ہیں۔

تصوّف کی اصل تقویٰ اور احسان ہے

تصوّف کسی کی خانہ ساز اور طبع زاد چیز نہیں ہے بلکہ اس کی اساس قرآن وحدیث کے ارشادات پر مبنی ہے۔ تصوّف کی اصل تقویٰ اور احسان ہے جو قرآن وحدیث کی تعلیمات کا خلاصہ ہے۔ تقویٰ سے مراد یہ ہے کہ کفر وشرک اور معاصی سے اجتناب کیا جائے اور خدا ورسول کے اوامر واحکام کا اتباع کیا جائے اور دنیوی زندگی نہایت احتیاط کے ساتھ گزاری جائے ایک مرتبہ امیر المومنین خلیفہ دوم حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے دریافت فرمایا کہ تقویٰ کس کو کہتے ہیں حضرت ابی بن کعب رضؓ نے جواب میں کہا "اَمَا سَلَکْتَ طَرِیْقًا ذَا شَوْکٍ" یعنی کیا آپ کو کبھی ایسے راستے پر چلنے کا اتفاق نہیں ہوا جو خار دار ہو! جس پر کانٹے بچھے ہوئے ہوں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا بارہا ایسا ہوا ہے کہ میں ایسے راستوں سے گزرا ہوں۔ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے پھر پوچھا۔ تو ایسے راستے پر آپ نے کیا طریقہ اختیار کیا انہوں نے کہا۔ "شَمَّرْتُ وَاجْتَهَدْتُ" میں نے اپنے دامن کو سمیٹ لیا اور بڑی احتیاط کے ساتھ وہاں سے گزرا کہ کہیں میرے کپڑے کانٹوں میں نہ الجھ جائیں۔ تو ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہنے لگے ..... "فَذَاكَ التَّقْوٰى" یعنی تقوی اسی کیفیت کا نام ہے۔ اس دنیا میں فسق وفجور اور طرح طرح کی برائیوں کے کانٹے بچھے ہوئے ہیں ان برائیوں سے بچ کر نکل جانا ہی تقویٰ ہے۔

تقویٰ کا یہ مفہوم تصوّف کی عین مراد ہے۔ بزرگانِ دین اپنے پیروکاروں کی عملی زندگی میں تقویٰ کا مذکورہ مفہوم ہی جاری وساری کرنا چاہتے ہیں یہاں تک کہ انہیں متقین کے اعلیٰ زمرے تک پہنچا دیتے ہیں اور ظاہر ہے کہ متقین ہی اولیاء اللہ کا دوسرا نام ہے۔ اور صوفیائے کرام ہی متقین کا مصداق ہیں۔

تجدّدِ امثال کو کموں و بروز اور آمد و شد بھی کہتے ہیں ؎

تجرید و تفرید تجرید ہے ازالہ ماسوی از قلب۔ اور سیر بسوئے رویتِ ظہورِ حق در کُل۔ تجرید کی ظاہری صورت ہے ماسوی اللہ سے اعراض۔ اور اُس کی باطنی کیفیت ہے معاوضہ اور اُجرت اور انعام کی تمنّا سے اپنے باطن کو مجرّد کر لینا۔

تفرید یہ ہے کہ اعتبارات کے لباس کو ممکنات کے حقائق سے اُتار کر حقیقت واحدہ منفردہ کی جانب رجوع کیا جاوے۔

یہ بھی کہتے ہیں کہ تجرید خلائق و علائق سے بے تعلقی کا نام ہے۔ اور تفرید خودی سے بے تعلق ہونے کو کہتے ہیں۔ اور بعض موقعوں پر خودی سے بے تعلق ہونے کو کہتے ہیں۔ اور بعض موقعوں پر خودی سے بے تعلق ہو جانے کو یعنی اس بے تعلقی تک کے احساس کو گُم کر دینے کا نام تجرید ہے۔ ؎

تُو ز تُو گم شو کہ تفرید ایں بُود
گم شدن گم کُن کہ تجرید ایں بُود

تُو، تُو سے (اپنے آپ سے) گم ہو جا کہ تفرید یہ ہوتی ہے گُم ہونا، گُم گر کہ تجرید یہ ہوتی ہے۔

تزکیہ:۔ نفس کو ذمائم سے پاک کرنا۔

تخلیہ:۔ اللہ کے سوا اور کسی چیز کا باقی نہ رہنا۔

تشبیہ و تنزیہ تشبیہ سے مراد ہے اشیاء ظاہری میں ظہورِ ذات۔ اور تنزیہ سے مراد ہے ذاتِ حق تعالیٰ کا صفاتِ نقص یا صفاتِ ممکنات سے پاک و منزّہ ہونا۔

تواضع:۔ جنابِ الٰہی میں بندہ کا پست ہو جانا۔

تبتّل:۔ مرتبۂ وحدت، مرتبۂ صفات، حقیقتِ محمدی،

حجاب ہر وہ چیز جو بندہ کو حق تعالیٰ سے محجوب کر دے۔ ماسوای اور خیالاتِ ماسوای سب سے بڑا حجاب، حجابِ خودی ہے ؎

اور احسان کے بارے میں حدیثِ جبریل علیہ السلام ہماری رہنمائی کر رہی ہے۔ ایک مرتبہ حضرت جبرئیل علیہ السلام بشری صورت میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مقدس میں حاضر ہوئے اور ایمان و اسلام اور احسان وغیرہ امور کے بارے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوالات پوچھتے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سوالات کے جوابات دیئے۔ احسان کے بارے میں حضرت جبرئیل نے پوچھا "وَمَا الْاِحْسَانُ" اور احسان کسے کہتے ہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا "اَلْاِحْسَانُ اَنْ تَعْبُدَ اللّٰهَ كَاَنَّكَ تَرَاهُ فَاِنْ لَّمْ تَكُنْ تَرَاهُ فَاِنَّهٗ يَرَاكَ" یعنی احسان یہ ہے کہ تو اللہ تعالیٰ کی ایسی عبادت کرے گویا تو اس کو دیکھ رہا ہے۔ پس اگر تو اس کو نہ دیکھے تو یہ تصور کر کہ وہ تجھے دیکھ رہا ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد تصوف کی روح اور جان ہے۔

بزرگانِ دین اپنے پیروکاروں کے قلب و دماغ اور رگ و ریشے میں اللہ کی عبادت اور بندگی کا ایسا داعیہ پیدا کرتے ہیں کہ ان کی نظروں سے ماسوی اللہ معدوم ہو جاتا ہے اور وہ ہر لمحہ دل کی آنکھوں سے اللہ تعالیٰ کو دیکھتے اور مشاہدہ حق میں مشغول رہتے ہیں۔ اور سالکانِ طریقت اپنے مرشدِ کامل کے روئے انور میں نورِ حق کا مشاہدہ کرتے ہیں۔ عارفِ رومیؒ کیا خوب فرما گئے ہیں ؎

فیضِ حق اندر کمالِ اولیاء
نورِ حق اندر جمالِ اولیاء
ہر کہ خواہد ہم نشینی با خدا
او نشیند در حضورِ اولیاء
چوں شوی دور از حضورِ اولیاء
در حقیقت گشتہ دور از خدا

آج گوناگوں مصائب و آلام اور پریشانیوں میں گھری ہوئی دنیا کے لیے فلاح و نجات کا ایک ہی راستہ ہے اور وہ یہ کہ وہ بزرگانِ دین کا دامن پکڑیں۔

حجابِ چہرۂ جاں می شود غبارِ تنت
تو خود حجابِ خودی حافظ از میاں برخیز

تیری رُوح کے چہرے کا حجاب تیرے بدن کا غبار ہے۔ اے حافظ تو اپنا پردہ ہے، درمیان سے اُٹھ جا۔

خلعِ بدن ایک حالت ہے جس میں رُوح صورتِ مثالی کے ساتھ نکل کر عالمِ بالا کی سیر کرتی ہے اور جسم کو کپڑے کی طرح اُتار کر الگ ڈال دیتی ہے۔ یہ حیرت کی ابتدائی حالتوں میں سے ایک حالت ہے۔

درویش جو از روئے حال کے اپنی خودی سے فنا ہو کر اور کُشتہ انوارِ تجلّی ہونے کے بعد بقاربالحق حاصل کر کے مستغنی عنِ الغیر ہو گیا ہو۔

دوزخ:۔ تجلّی جلال، احکامِ کثرت، صفاتِ نفسانی۔

دوش:۔ ازل، عالمِ غیب، حق تعالیٰ کی کبریائی۔

رشحات لغوی معنی قطرات کے ہیں۔ تصوّف کی کتابوں میں اس سے اشارہ اُن علوم و فیوض و معارف و دقائق کی جانب ہوتا ہے۔ جن کا تقاطر عالمِ قدس سے سالک کے قلب پر ہوتا رہتا ہے۔

رضا اللہ تعالیٰ پر اعتمادِ کُلّی رکھنا اور اُس کے ہر برتاؤ سے خوش رہنا۔ اُس کا ادنیٰ مرتبہ صبر ہے اور اعلیٰ مرتبہ تسلیم ہے۔

رویت کسی چیز کو آنکھ سے دیکھنا نہ کہ بصیرت سے معلوم کرنا۔

وجد۔ تواجد۔ وجود بلا کسی ارادہ اور کوشش کے قلب پر کسی حالت کے طاری ہونے کا نام وجد ہے۔ اُمورِ دنیا میں نفس کی مخالفت اور عقل کی مطابقت سے فوائد حاصل کر کے جس طرح انسان لطفِ زندگی حاصل کرتا ہے اُسی طرح معاملاتِ روحانی میں بھی نفس کی مخالفت اور اوامر و نواہیٔ الٰہی کی پیروی سے جو فتوحات حاصل ہوتی ہیں اُن سے جو لذتیں قلب پر وارد ہوں انہیں وجد کہتے ہیں۔

اور ان کے توسّل سے اللہ کریم کی پناہ میں آجائیں حضرت موسیٰ علیہ السلام سے حکیم افلاطون نے سوال کیا تھا کہ اگر آسمان کو کمان فرض کیا جائے۔ اور مصائب و آفات کو اس کمان سے چلنے والے تیر شمار کیا جائے اور خدا کو تیر انداز تصوّر کیا جائے تو ان مصائب و آفات کے تیروں سے بچاؤ کی کیا صورت ہے!

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جواب میں فرمایا کہ مصائب و آفات کے تیروں سے بچاؤ کی بہت آسان صورت ہے اور وہ یہ کہ "آدمی تیر انداز کے پہلو میں آکھڑا ہو۔ نہ تیر لگے گا نہ اثر کرے گا" اور پہلوئے خداوندی ذکر اللہ اور یاد حق ہے۔ جس میں محو ہو کر آدمی اپنے کو کلیتہً خدا کے سپرد کر دیتا ہے اور یہ تفویض اور محبت ہی عاشق کا وہ کام ہے جس سے ہر تلخ اس کے لیے شیریں بن جاتا ہے۔ اور اس کی صدا یہ ہو جاتی ہے کہ ؎

ناخوش تو خوش بود بر جان من
دل فدائے یارِ دل رنجانِ من

اور پھر اس تفویض اور جان سپاری کا عالم یہ ہو جاتا ہے کہ ؎

زندہ کنی عطائے تو ور بکشی فدائے تو
دل شدہ مبتلائے تو ہر چہ کنی رضائے تو

حضور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی از روئے قرآن بنی نوع انسان کو خدا کی طرف بھاگنے کی دعوت دی ہے اور کہا ہے کہ میں خدا کی طرف سے تم کو کھلم کھلا ڈرانے والا ہوں۔ آیت کریمہ ملاحظہ ہو۔

"فَفِرُّوْا اِلَی اللّٰہِ ط اِنِّیْ لَکُمْ مِّنْہُ نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ ط"۔

اور یہی خدا کی طرف فرار اور خدا کی پناہ میں آنا تصوّف کی روح اور عطر ہے۔ اور یہی دعوت ہے جو بزرگانِ دین لوگوں کو اپنی تعلیم و تربیت کے ذریعے دے رہے ہیں۔

طریقۂ نقشبندیہ کی خصوصیتیں اور فضیلتیں

زیرِ تقریظ کتاب کی مناسبت سے میں یہ ضروری سمجھتا ہوں کہ اختصار کے ساتھ

اختیار اور تکلف سے وجد کو طلب کرنا تواجد ہے۔ اسے کبھی تو کسی خاص ضرورت سے مثلاً تعلیم ناقصاں کے لیے کوئی خاص کیفیت پیدا کرنیکی غرض سے کیا جاتا ہے۔ اور کبھی اس حکم کی تعلیم میں تواجد عمل لایا جاتا ہے کہ:

اُبْکُوْا فَاِنْ لَّمْ تَبْکُوْا فَتَبَاکَوْا یعنی روؤ۔ اگر رو نہ سکو تو روتی صورت بناؤ۔

گویا وجد کے معنی نہ پا سکو تو وجد کی سی صورت ہی بنالو اور اسی طرح اپنے آپ کو حصولِ وجد کا طالب گردانو۔ لیکن ریا اور نمائش کی غرض سے تواجد بہر صورت مذموم ہے۔

وجد کے معنی پا لینے کے ہیں اور وجود سے یہاں مراد یہ ہے کہ ظہورِ حقیقت میں بندہ بالکل فنا ہو جائے۔

صاحبِ وجد مثل دریا کے دیکھنے والے کے ہے۔

صاحبِ وجد مثل اُس کے ہے جو دریا پر سوار ہو۔ اور

صاحبِ وجد مثل اُس کے ہے جو دریا میں غرق ہو۔

صاحبِ وجود دو حالتوں میں کروٹیں بدلتا رہتا ہے۔ کبھی محو ہیں کبھی صحو میں۔ محو میں مشاہدۂ حق میں بالکل فنا ہو جاتا ہے اور حس و فہم و علم و عقل سے اُسے کوئی تعلق نہیں رہتا۔ محو میں جو کچھ سُنتا اور دیکھتا ہے حق تعالیٰ ہی کے وسیلہ سے سنتا دیکھتا ہے۔ پہلی حالت فنا فی اللہ کی ہے اور دوسری بقا باللہ کی۔

سوادِ اعظم:۔ وہ مرتبہ جس میں سالک جو چاہتا ہے پاتا ہے۔

سیر الی اللہ انسان کا جو کہ خلاصۂ تعینات و کثرات ہے سیر شعوری و رجوعی کے ساتھ بجانب کُل جو کہ واحدِ مطلق ہے یعنی بمقام اَحدیت رسول یاب ہونا۔

سیر باللہ اطلاق میں فنا و اتصال کے بعد بغرضِ تکمیلِ ناقصاں بمقتضائے حکمت الٰہی عالم پر جو مرتبۂ تقیید ہے۔ واپس گزرنا۔ بقا بعد الفنا، جو کہ مقام تمکین ہے۔

طریقۂ نقشبندیہ کی ان خصوصیات اور فضائل کو بیان کروں جن کے سبب اس کو دوسرے سلاسل اور طُرق پر فوقیت حاصل ہے۔ اگرچہ جملہ سلاسل طریقت موصل الی اللہ یعنی اللہ کو پہنچانے والے ہیں۔ مگر طریقۂ نقشبندیہ میں بعض ایسی خصوصیتیں اور فضیلتیں ہیں جن کو دیکھ کر بے اختیار زبان سے نکل جاتا ہے ؎

لیکن تو چیزے دیگری

یہ طریقہ حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منسوب ہے۔ اور وہ اس کے سالارِ کارواں ہیں چنانچہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے شیخ بایزید بسطامیؒ تک اسے صدیقیہ کہتے تھے اور خواجہ بایزید بسطامیؒ سے خواجہ عبدالخالق غجدوانیؒ تک طیفوریہ اور خواجہ عبدالخالقؒ سے خواجہ بہاء الدین نقشبندؒ تک خواجگانیہ کہلاتا تھا اور خواجہ نقشبندؒ سے حضرت امام ربانی مجدد الف ثانیؒ تک نقشبندیہ کے نام سے موسوم تھا خواجہ علاء الدین عطارؒ خواجہ نقشبندؒ کے مریدِ خاص تھے اور اپنے وقت کے قطبِ ارشاد تھے اس لیے ان کی نسبت سے اس طریقے کو علائیہ بھی کہتے رہے ہیں اور حضرت مجددؒ کے زمانے سے اب تک نقشبندیہ مجددیہ کہلاتا ہے۔

نقشبند کی وجہ تسمیہ روایت ہے کہ جب حضرت خواجہ بہاء الدینؒ بادشاہ ہرات کی استدعا سے ہرات میں بادشاہی محل میں داخل ہوئے۔ خدام و حشم، امیر و وزیر جس پر نگاہ کرتے سب سے بے تاب ہو جاتے۔ دوسری مرتبہ جب حضرتؒ حج کو جانے لگے تو مولانا زین الدین قدس سرہ سے ملاقات کے واسطے ہرات گئے اور تین روز تک ان سے صحبت گرم رہی۔ ایک دن نماز صبح کے بعد مولانا نے حضرت خواجہ رحمۃ اللہ علیہ سے فرمایا۔

"برائے ما ہم نقشبند"

یعنی ہماری طرف بھی توجہ فرما۔ حضرت خواجہ رح نے برسبیل تواضع فرمایا۔

"آمدیم تا نقش بریم"

یعنی اس لیے آئے ہیں کہ نقش لے جائیں۔

شریعت، طریقت، حقیقت

شریعت، احکامِ ظاہر۔ شریعت عبارت ہے فعلِ چند و ترکِ چند سے جن کی صراحت کتبِ فقہی میں موجود ہے۔

طریقت :۔ روشن احبابِ حال، تہذیبِ اخلاق، اوصافِ ذمیمہ کو اوصافِ حمیدہ میں تبدیل کرنا۔ اسے سفر در وطن بھی کہتے ہیں۔

حقیقت :۔ ظہورِ توحیدِ حقیقی، حقیقتِ ذاتِ حق بلا حجابِ تعینات۔

حقیقت مغز ہے جس کا پوست شریعت ہے۔ طریقت مغز و پوست کے درمیان ایک برزخ ہے مغزِ حقیقت بے پوستِ شریعت و طریقت پختہ نہیں ہوتا بلکہ خطرہ میں رہتا ہے —— یا با لفاظ دیگر یوں بھی بیان کیا جا سکتا ہے کہ شریعت نسخہ ہے۔ طریقت اُس نسخہ کا صحیح استعمال ہے۔ مثلاً اُسے صحیح ترکیب سے تیار کرنا۔ جملہ شرائط کو ملحوظ رکھ کر وقت پر اس کا استعمال کرنا اور ہر قسم کا ضروری پرہیز دورانِ استعمال میں برتنا اور حقیقت اس صحیح استعمالِ نسخہ سے نتائج کا حاصل کرنا ہے۔

شعور :۔ ذاتِ حق تعالیٰ سے آگاہ ہونا۔

صحو :۔ عارف کا غیب سے احساس کی جانب واپس آنا۔

طلب :۔ حق تعالیٰ کو مطلوب بنانا۔ ایسا مطلوب جو دین و دنیا سے محجوب ہو۔ حق تعالیٰ کی تلاش میں طالب شب و روز بے چین رہتا ہے۔ کوئی نعمت و لذت اُس کی بے چینی میں کمی کا باعث ہوتی۔ نہ غیبت میں اُسے سکون نصیب ہوتا ہے نہ رویت میں قرار

تابِ وصل دارم نے طاقتِ جدائی

نہ تابِ وصل رکھتا ہوں نہ جدائی کی طاقت۔

طمانیت :۔ سالک کے قلب و نفس کا حق تعالیٰ کے ساتھ سکون و قرار پانا۔

جملہ ظہورات و تعینات۔ وجودِ اضافی جو ایمان ممکنات و تعینات کے ساتھ ظاہر ہوتا ہے۔ ظلمت و عدمیت۔ ظلمتِ عدمی، معدوماتِ ظاہرہ جو انوارِ الٰہی سے ظہور پکڑتے ہیں۔

غالباً اسی روز سے حضرت خواجہؒ کا لقب نقشبند ہوا۔ اور یہ طریقہ بھی انہی کی وجہ سے "نقشبندیہ" کہلانے لگا۔ جن خصوصیات کی بناء پر طریقۂ نقشبندیہ کو دوسرے طریقوں پر فضیلت حاصل ہے۔ ان میں سے چند ایک یہ ہیں ۔

۱۔ کہ اس طریقہ عالیہ کا مدار اتباعِ سنت کے التزام اور بدعت سے اجتناب پر ہے اور ظاہر ہے کہ جس طریقہ میں جس قدر اتباعِ سنت اور بدعت سے اجتناب زیادہ ہوگا اسی قدر اس میں انوارِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم زیادہ ہوں گے۔ اور اسی قدر وہ نسبت قوت و رفعت میں ممتاز ہوگی۔ حقیقت یہ ہے کہ حضراتِ نقشبندیہ کمال متابعتِ سنت ہی کی بدولت دوسروں سے سبقت لے گئے ہیں۔ اور کمال متابعت کی وجہ سے یہی کمالِ متابعت ان کی فضیلت کی دلیل ہے۔

۲۔ اس طریقے کی دوسری خصوصیت یہ ہے کہ اس کے حاملین عمل پر عزیمت کو حتی المقدور ہاتھ سے نہیں جانے دیتے۔ اور رخصت پر عمل تجویز نہیں کرتے ۔

۳۔ تیسری خصوصیت یہ کہ حضرات نقشبندیہ احوال و مواجید کو احکامِ شرعیہ کے تابع رکھتے ہیں اور اذواق و معارف کو علوم شریعت کے تابع سمجھ کر جواہر نفیسہ شرعیہ کے عوض میں وجد و حال کے متاعِ بے مایہ کو نہیں لیتے اور صوفیہ کے ترہات پر مغرور نہیں ہوتے۔ اسی واسطے ان کا وقت و حال، دوام و استمرار پر ہے نقشِ ماسوا ان کے دل میں سے اس طرح محو ہو جاتا ہے کہ اس کے حاضر کرنے میں اگر ہزار بار کوششیں کی جائیں تو حاضر نہ ہو سکے ۔

۴۔ اس طریقے کی یہ بھی خصوصیت ہے کہ وہ تجلّی ذاتی جو دوسروں کے لیے مثلِ برق کے ہے ان بزرگوں کے لیے دائمی ہے ۔

حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ، شیخ محمد مکی رحمۃ اللہ کے نام اپنے ایک مکتوب میں تحریر فرماتے ہیں۔

"تجلی ذاتی نزد اکثر مشائخ برقی است و نزد اکابر نقشبندیہ دائمی۔

فَيَكُوْنُ كَمَالُ هٰؤُلَاءِ الْاَكَابِرِ فَوْقَ جَمِيْعِ الْكَمَالَاتِ وَنِسْبَتُهُمْ

ظلِ الٰہ :۔ انسانِ کامل، عالم۔

ظلِ اوّل :۔ عقلِ اوّل، تعینِ اوّل، مرتبۂ وحدت۔

علت :۔ حق تعالیٰ کی طرف سے بندہ کو تنبیہ بذریعہ کسی سبب کے یا بلا سبب۔

علف :۔ شہواتِ نفس اور وہ امور جن سے نفس محفوظ ہو۔

فتوح :۔ دروازہ کا کھلنا۔ کامیابی کا رُونما ہونا۔

فراست :۔ دلوں کی باتوں یا لوگوں کے حالات پر اللہ کے نور سے آگاہ ہونا۔

فراق :۔ مقامِ وحدت سے غیبت۔

فریاد :۔ ذکرِ جہری۔

فنا و بقاء :۔ فنائیت عدمِ شعور کو کہتے ہیں۔ ذاتِ احد میں اس درجہ استغراق کہ اپنا بھی ہوش نہ رہے۔ یعنی خودی کا ہوش نہ رہنا ؎

ہستیِ من رفت و خیالش بماند

ایں کہ تو بینی نہ منم بلکہ اوست

میری ہستی چلی گئی اور اُس کا خیال باقی رہ گیا ہے۔ یہ جو کہ تو دیکھ رہا ہے میں نہیں ہوں بلکہ وہ ہی ہے۔

اس ہوش نہ رہنے کا بھی ہوش نہ رہے تو اُسے فنائُ الفنا کہتے ہیں۔ بقاء بقاء باللہ :۔ وہ بقا جو فنا کے بعد حاصل ہوتی ہے۔

قبض و بسط :۔ واردات قلبی کے بند ہو جانے کو قبض اور اُن کے کھُل جانے کو بسط کہتے ہیں

قلاش اہلِ ترک و تجرید جو مقامِ لذتِ نفسانی سے گزر چکا ہو اور آلائشِ دنیا سے منقطع ہو گیا ہو۔ جو تجلیات سے سیر نہ ہوتا ہو۔

قناعت مالوفاتِ طبائع کے معدوم ہونے کی صورت میں سکونِ قلب کا ہونا، نہ کہ قلتِ عبادت پر قانع ہو جانا۔

قواطع ہر وہ چیز جو انسان کو مقتضیاتِ طبع و نفس و ہوا سے منقطع کر دے۔

قوامع امدادِ اسمایہ و تائیداتِ الٰہیہ جو سالک کو سیر الی اللہ میں مدد دیں۔

فَوْقَ جَمِیْعِ النِّسَبِ "

یعنی اکابرِ نقشبندیہ کے نزدیک تجلی ذاتی دائمی ہے اور دوسرے مشائخ کے نزدیک برقی ہے پس بدیں وجہ ان اکابر کا کمال تمام کمالات کے اوپر اور ان کی نسبت دوسری تمام نسبتوں پر فائق ہے۔

حضرت مجدد رضی اللہ عنہ، اسی مکتوب میں فرماتے ہیں۔

"در طریقہ ایں اکابر نہایت در بدایت است۔ و اقتداء ایشاں دریں امر بصحابۂ رسولِ خدا علیہ السلام کہ اوشاں ببرکتِ صحبت آنحضرت ؐ در اول مرتبہ مے یابند کہ دیگر اولیائے امت را در نہایت کار میسر گردد فلہٰذا ولایت ایں بزرگواران نقشبندیہ فوق جمیع ولایاتِ اولیاست "

یعنی اکابر نقشبندیہ کے طریقے میں ابتدا ہی میں وہ درجہ ولایت حاصل ہوتا ہے جو دوسروں کو انتہائے کار میں ملتا ہے اور اس امر میں ان کا قدم صحابۂ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نقشِ قدم پر ہے اور وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت کی برکت سے ابتدا میں ہی مرتبہ ولائیت حاصل کر لیتے تھے اس لیے بزرگانِ نقشبندیہ کی ولایت تمام اولیاء کی ولایت پر فائق و عالی ہے "

الغرض صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے نسبت رکھنے کی بدولت اس طریقے کو شرفِ امتیاز حاصل ہے ... ولنعم ما قیل ؎

گرچہ خوردیم نسبتے است بزرگ
ذرۂ آفتاب تا بانیم

حضراتِ نقشبندیہ کے نزدیک وہ حضور اعتبار سے ساقط ہے جس کے پیچھے غیبت یعنی حجاب ہو۔ یہ حضرات اس آیت کریمہ کے مصداق ہیں۔

رِجَالٌ لَّا تُلْهِيهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَن ذِكْرِ اللّٰهِ ۙ (سورۂ نور)

یعنی وہ مرد کہ غافل نہیں کرتی ان کو سوداگری اور نہ خرید و فروخت

قیام باللہ:۔ استقامت جو جملہ منال عبور کرنے اور بقاء بعد الفناء کے حصول کے بعد نصیب ہوتی ہے۔

کرشمہ:۔ التفات، تجلیٔ جمال، پرتوِ انوارِ معرفت۔

کفرِ مجازی:۔ ناشکری ذاتِ حق اور گمراہی۔

کلبۂ احزان:۔ وقتِ حزن، ہجرِ محبوب۔

کنار:۔ دوامِ مراقبہ۔

کیمیا:۔ تصوف میں اس سے نظرِ مرشد کامل اور عشقِ مراد ہوتی ہے۔

کیمیائے سعادت:۔ تہذیبِ نفس، رذائل سے اجتناب و تزکیہ و فضائل کا اکتساب؛

کیمیائے عوام:۔ دنیائے فانی کے مقابلہ میں آخرتِ باقی کو ترجیح دینا۔

کیمیائے خواص:۔ دل کو دولتِ خلوص و احسان سے مالا مال کرنا۔

گفتگو:۔ ہر وہ چیز جو محبت انگیز ہو۔

گل:۔ نتیجۂ عمل، لذتِ معرفت۔

گلزار:۔ مقامِ کشفِ اسرار۔

گوہرِ سخن:۔ محسوسات و معقولات میں اشاراتِ واضح۔

گوہرِ مکانی:۔ صفات و اسمائے الٰہی۔

لاہوت:۔ گنجِ مخفی، مقامِ فنا، محویتِ تامہ، حقیقتِ وحدت جو جمیع اشیاء میں ساری ہے، مرتبۂ ذات، لاہوت دراصل لَا هُوَ اِلَّا هُوْ ہے۔

لب:۔ فیضِ رحمانی، نفسِ رحمانی، کلامِ معشوق، لطفِ رب الودود، نیستی کو ہستی میں لانا نوازشِ معشوق۔

لطیفہ:۔ ہر اشارۂ دقیق المعنی جو عبارت کے ذریعہ بآسانی سمجھ میں نہ آسکے جس طرح کہ علومِ ذوقی عبارات سے سمجھ میں نہیں آسکتے۔

لقاء:۔ معشوق کا ظہور اس شان کے ساتھ کہ عاشق کو یقین آجائے کہ معشوق ہی ہے جس نے صورتِ انسانی میں ظہور فرمایا۔

خدا کی یاد سے۔

۵۔ اس طریقے کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ اس میں افادہ اور استفادہ یعنی فائدہ پہنچانے اور فائدہ اٹھانے کی شرط شیخ کی صحبت و محبت قرار پائی ہے جس کو جس قدر شیخ طریقت سے محبت و صحبت زیادہ ہوگی، اسی قدر اس کو فیوض و برکاتِ شیخ زیادہ حاصل ہوں گے۔ اور یہی بعینہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا معاملہ تھا۔

۶۔ اس طریقے کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ چونکہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کمالات نبوت سے حصۂ وافر حاصل تھا۔ اور یہ طریقہ ان سے شروع ہوتا ہے اس سبب سے اس طریقے سے کمالاتِ نبوت کا راستہ کھلا ہوا ہے۔ چنانچہ حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

"نزد فقیر یک گام دریں طریقہ زدن برابر ہزار گام طریق دیگر است راہے بکمالاتِ نبوت بطریق تبعیت و وراثت کشادہ میشود در مخصوص بایں طریق عالیست، منتہائے طُرق۔ دیگر تا نہایت کمالاتِ ولایت است، از انجا راہے بکمالاتِ نبوت نہ کشادہ رند"؟

یعنی اس طریق میں ایک قدم رکھنا دوسرے طریقوں کے ہزار قدم کے برابر ہے وہ راستہ جو بطریق تبعیت و وراثت کمالاتِ نبوت کی طرف کھلتا ہے۔ اس طریق عالی سے مخصوص ہے۔ دوسرے طریقوں کی نہایت کمالاتِ ولایت کی نہایت تک ہے۔ وہاں سے کمالاتِ نبوت کی طرف کوئی راستہ کھلا نہیں ہے۔

یہ طریق یقیناً موصل الی اللہ ہے۔ عدمِ وصول کا احتمال یہاں نہیں پایا جا سکتا۔ کیونکہ اس راہ کا پہلا قدم جذبہ ہے جو وصول کی دہلیز ہے۔ سالک کے وصول کا مانع یا جذبِ محض ہے جس میں سلوک نہ ہو۔ یا سلوکِ محض بغیر جذبہ کے۔ یہاں دونوں مانع نہیں پائے جاتے۔ کیونکہ اس طریق میں نہ سلوک خالص ہے نہ جذبِ محض بلکہ جذبہ ہے متضمن سلوک لہٰذا اس طریقہ عالیہ میں وصول کا سدِ راہ سوائے طالب

لیلۃ القدر: - وہ شب جس میں سالک پر اوّل بار تجلّی خاص ہو۔

لی مع اللہ: مرتبۂ اتحاد، یہ انسان کامل ہی کا مختص حصہ ہے۔

فرشتہ گرچہ وارد قرب درگاہ
نگنجد در مقام لی مع اللہ

فرشتہ اگرچہ قربِ درگاہ رکھتا ہے مگر پھر بھی وہ مقامِ لی مع اللہ تک نہیں پہنچ سکتا۔

حدیثِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہے کہ:-

لِیْ مَعَ اللّٰہِ وَقْتٌ لَا یَسَعُنِیْ فِیْہِ مَلَکٌ مُقَرَّبٌ وَلَا نَبِیٌّ مُرْسَلٌ۔

یعنی مجھ کو اللہ تعالیٰ کے ساتھ ایک ایسا وقت بھی ہوتا ہے جس میں ملکِ مقرب اور نبی، مُرسل نہیں سماتے۔

مبداء معاش، معاد:-

مبداء:- مرتبۂ وجود عملی، اسمائے کلی کو تی رجائے آغاز، جائے ظہور۔

معاش:- مرتبہ وجودِ عینی۔

معاد:- رجوع یہ مبداءِ تجلیاتِ اسمائے الٰہی۔ اسمائے کُلی الٰہی جن کی راہ سے سالک کی رجوع و بازگشت ہوتی ہے، معاد ہیں۔

مجاہدہ: نفس کو اُس کی صفات سے مجرّد کرنے اور اوصافِ ذمیمہ کو اوصافِ حمیدہ میں تبدیل کرنے کی عملی کوشش، مقابلۂ نفس، مخالفت ہوا۔

مجلس: آیات و اوقاتِ حضورِ حق۔

محادثہ: خطابِ حق تعالیٰ جو عالم الملک والشہادت سے عارفوں کی جانب ہوتا ہے جس طرح حضرت زکریا السلام کو درخت سے ندا آئی تھی۔

محاضرہ: قدرت الٰہی کی نشانیاں دیکھ کر حق تعالیٰ کے حضور کی کیفیت کا قلب میں

کی سستی کے اور کوئی چیز نہیں۔ طالب صادق کہ پیر کامل کی صحبت میں رہے۔ اور شرائطِ طلب کو جو اکابر سلسلہ نے قرار دی ہیں۔ بجا لائے تو امید ہے کہ البتہ واصل ہوگا۔

اگر پیر ناقص سے کسی کا پالا پڑ جائے تو چونکہ وہ خود واصل نہیں دوسروں کو کیسے واصل بنا سکتا ہے۔ اس صورت میں طریق کا کیا قصور ہے چنانچہ حضرت شیخ مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ اپنے مکتوب نمبر ۲۶ میں اپنا طریق یوں بیان فرماتے ہیں۔

"یہ ہے بیان اس طریق کا بدایت سے نہایت تک۔ جس کے ساتھ حق سبحانہٗ نے اس فقیر کو ممتاز فرمایا ہے۔ اس طریق کی بنیاد نسبت نقشبندیہ ہے جو متضمن اندراج نہایت در بدایت ہے اس بنیاد پر عمارتیں اور محل بنائے گئے ہیں۔ اگر یہ بنیاد نہ ہوتی تو معاملہ یہاں تک نہ بڑھتا، بخارا و سمرقند سے بیج زمین ہند میں جس کا مایہ خاک طیبہ و بطحا سے بویا گیا ہے۔ اور اس کو سالوں آب فضل سے سیراب رکھا گیا اور تربیت احسان سے پرورش کیا گیا۔ جب وہ کھیتی کمال کو پہنچی۔ تو یہ علوم و معارف پھل لائی۔"

الغرض طریقہ عالیہ نقشبندیہ بے شمار خصوصیات و فضائل کا حامل ہے۔ جس کی طرف ہمارے آقا و مولیٰ اور شیخ الکامل حضرت مولانا محمد عبد المالک صاحب صدیقی عزت افزائے خانیوال شریف قدس اللہ سرہٗ دعوت دے رہے تھے۔ اور اب شیخ طریقت حضرت خواجہ ابو الخیر محمد عبید اللہ جان مدظلہم العالی اس سلسلے کی شایانِ شان خدمت کر رہے ہیں۔ خوش نصیب ہیں وہ لوگ جو اس طریقہ عالیہ میں داخل ہو گئے ہیں اور اس کی خدمت و اشاعت میں کوشاں ہیں۔

مقالہ نگار حضرات کا شکریہ!

میں یہ بھی گذارش کر دوں۔ کہ زیرِ تقریظ کتاب "تذکرہ نقشبندیہ خیریہ" کی ابتداء میں تصوف کی تعریف۔ غرض و غایت، تاریخی پس منظر اور اس کے مالہٗ و علیہ پر ملک کے نامور اہل علم اور ادیبوں نے نہایت جامع اور پُر مغز مقالات لکھے ہیں۔ جن سے

محافظت:۔ مراقبۂ اوقاف۔

محنت:۔ راہِ عشق میں عاشق کو معشوق سے جو اختیاری اور غیر اختیاری رنج پہنچتے ہیں۔

مخلِص:۔ جس کی عبادت خالص اللہ ہی کے لیے ہو۔

مخلَص:۔ جس کو خداوندِ عالم نے شرک و معاصی سے پاک و صاف فرما دیا ہو۔

ناسُوت:۔ بشریت، عالم بشریت۔

مقاماتِ عشرہ:۔ ولائیت بلا حصولِ مقامات عشرہ حاصل نہیں ہوتی جو حسب ذیل ہیں۔
توبہ[۱]، انابت[۲]، زہد[۳]، قناعت[۴]، ورع[۵]، صبر[۶]، شکر[۷]، توکل[۸]، تسلیم[۹]، رضا[۱۰]۔

زیرِ قدم نبیؐ:۔ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم میں تین مراتب مجتمع ہیں۔
ولائیت[۱]، نبوت[۲]، رسالت[۳]۔

نفی اثبات:۔ توحید کی دو جہتیں ہیں۔ نفی[۱] اور اثبات[۲]۔ اور کلمہ طیبہ مرکب ہے۔ نفی اور اثبات سے۔ ذاتِ باری تعالیٰ اُن اوصافِ ناقص سے منزّہ ہے۔ جو اُس کی شان کے شایان نہیں۔ اور ان ہی اوصافِ ناقصہ سے اُس کی نفی کی جاتی ہے۔ اور چونکہ وہ اپنی ذات سے کامل اور اپنی صفات سے مستکمل ہے ان اسمائے حسنیٰ اور اُن صفاتِ کاملہ سے جن کو کہ اُس نے خود اپنی شان میں بیان فرمایا ہے۔ اس کا اثبات کیا جاتا ہے۔ لیکن حقیقتِ خداوند عزّوجلّ نفی اور اثبات دونوں سے منزّہ و ماوریٰ ہے۔

نمازِ روزہ:۔ توجہ باطن الی اللہ اور اعراض از ماسوےٰ۔

نمط:۔ مقامِ حضور و مشاہدہ۔

نوالہ:۔ خلعت جو افراد کے لیے خاص ہے۔ عطیۂ حق برائے مقربین۔

واجب الوجوب:۔ واجب اُسے کہتے ہیں جو اپنے وجود و بقا کے لیے کسی غیر کا محتاج نہ ہو۔ وہ ذاتِ حق ہے جو اپنے وجود و قیام و بقا کے لیے کسی کی محتاج نہیں۔

واجب الوجود:۔ اُسے کہتے ہیں جس کا وجود اُس کی ذات کا مقتضا ہو۔

ممکن الوجود:۔ وہ ہے جو اپنی موجودیت کے لیے کسی غیر کا محتاج ہو اور اُس میں حکم کے اختلافات جاری ہوں۔

کتاب کی اہمیت اور افادیت اور بھی بڑھ گئی ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی مساعی کو مشکور فرمائے

ان مقالہ نگار حضرات کے اسمائے گرامی یہ ہیں۔

۱۔ جناب سید انور علی انور ایڈووکیٹ کراچی۔

ان کے مقالے کا عنوان ہے "تصوف اس کی اصل اور غرض وغایت"

۲۔ جناب حکیم امین الدین احمد شاد باغ لاہور۔

ان کے مقالے کا عنوان ہے "تصوف چیست؟"

۳۔ جناب بہاء الحق ایم۔ اے۔

ان کے مقالے کا عنوان ہے "تصوف اس کی اصل اور غرض وغایت"

۴۔ جناب جی۔ اے حق محمد ایم۔ اے اسلام آباد۔

ان کے مقالے کا عنوان ہے "تصوف، اسلام کی فکری وعملی تحریک"

آخر میں بارگاہ ربُّ العزت میں میری عاجزانہ اور نیازمندانہ دُعا ہے کہ اللہ تبارک تعالیٰ ہم سب کو حضراتِ مشائخ نقشبندیہ اور تمام بزرگانِ دین کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق دے۔ اور حضرت خواجہ ابوالخیر محمد عبداللہ جان دام فیضہم کو صحت وعافیت کے ساتھ عمر دراز عطا فرمائے۔ اور معتقدین پر آپ کا سایۂ عاطفت ہمیشہ قائم رکھے۔ آمین

وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ سَیِّدَنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَذُرِّیَّاتِہٖ وَاَتْبَاعِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ؕ۔

الراقم

مدرار اللہ مدرار نقشبندی عفی عنہ،

ڈسٹرکٹ خطیب مردان

۱۰/۴/۸۷

واحدتیں :- وحدتِ حقیقی حق اور وحدتِ حقیقی انسان۔

وادیٔ ایمن :- تصفیۂ قلب جو قلب کو تجلّی الٰہی کے قابل بنا دے۔

وارد :- خواطرِ محمودہ، جو چیز از قسمِ معانی دل پر بلا کوشش صادر ہو۔

واسطہ :- صورت پیر و مرشد۔

واقعہ :- جو کچھ کہ عالم غیب و شہادت کے متعلق سالک کے دل پر واقع ہو۔

وجد :- احوالِ صادقہ جو قلب پر اُس وقت وارد ہوں جب کہ قلب شہود میں فانی ہو۔

وجدان :- مقامِ شہود۔

وجود :- ہستی۔ ذاتِ بحت، ہستی مطلق، واحدیت، ذات کا وہ مرتبہ جہاں صفات سلب ہوں۔ چنانچہ اس لحاظ سے حضرت الجمع پر بھی وجود کا اطلاق ہوتا ہے۔

وجود چھ اقسام پر منقسم ہے :-

(۱) واجب الوجود :- یعنی لازم الوجود۔

(۲) ممکن الوجود :- یعنی جسمِ مثالی۔

(۳) ممتنع الوجود :- یعنی رُوحِ اضافی۔

(۴) عارف الوجود :- یعنی اعیانِ ثابتہ۔

(۵) شاہد الوجود :- یعنی مرتبۂ وحدت۔

(۶) واحد الوجود :- یعنی مرتبۂ احدیت۔

وجہ :- ذاتِ واجب تعالیٰ، وجود حقیقی۔

وحدتِ حقیقی :- وہ وحدت جس میں کسی وجہ سے کثرت نہ ہو اور جو تجزی کو قبول نہ کرے اور نہ اُس کے مقابل اُس کی کوئی ضد ہو۔ تجزی و تغیر و ضدیت و تشبیہ و اثنینیت کو وہ قبول نہیں کرتی۔ یہ وحدتِ حقیقی ہویت مطلقہ ہی کے شان کے شایان ہے۔

وحدتِ مجازی :- وہ وحدت جو تجزی و تعدد و تکثر کو دینز اپنے مقابل کو قبول کرے۔ یہ وحدت تمام محدثات میں جاری ہے۔ مثلاً کہتے ہیں کہ ایک شخص، یا ایک جماعت یا صدی، یا ایک ہزار۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تقریظ از مجاہدِ اہلسنت عاشقِ رسول جناب سید ریاست علی قادری صاحب۔ کراچی

سخنے چند

پیش نظر کتاب "تذکرۂ نقشبندیہ خیریہ" مولفہ جناب محمد صادق قصوری کا مسودہ پڑھکر مؤلف کے لیے دل سے دعائیں نکلیں۔ مؤلف نے واقعی بڑی محنت وجانفشانی سے حضرات مشائخ نقشبندیہ کے حالات پر سیر حاصل بحث کی ہے۔ مجھے کامل یقین ہے کہ اس کتاب سے نئی نسل خاص طور پر مستفید ہوگی۔

بزرگان دین کے حالات سے لوگوں کو باخبر رکھنا ان کے دینی وملی کارناموں کو اُجاگر کرنا اور ان کے پیغام محبت واخوت کو دوسروں تک پہنچانا ایک عظیم کارنامہ ہے۔ صوفیاء اور مشائخ کی تاریخ ہوس زر کے اس دور میں روشنی کا بلند مینار ہے۔ جس نے اقوام عالم میں ہمارے سر فخر سے بلند کر دیئے ہیں اور ہم یہ کہنے میں حق بجانب ہیں کہ جس طرح ان بزرگوں نے اپنی ہستی مٹا کر اسلام کی روح کو زندہ وپائندہ رکھا بالکل اسی طرح انہوں نے معاشی ومعاشرتی میدان میں بھی ہمارے لیے وہ ڈھانچہ جوں کا توں محفوظ رکھا جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفائے راشدین علیہم اجمعین نے قائم کیا تھا۔ ان بزرگوں کا سرمایۂ حیات، خدا خوفی، صبر، توکل، تقویٰ، فقر، محاسبہ، تزکیۂ نفس، اخلاص، امانت، دیانت اور اعلاء کلمۃ الحق تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پاکیزہ تعلیمات کی تبلیغ واشاعت اور انسانوں کی خدمت ان کی زندگی کا مقصد تھا۔ انہیں اپنے اس مقدس مشن سے کس قدر عشق تھا اس کا ثبوت بت کدۂ عالم کے تاریک ماحول میں روشنی پھیلانے والے بزرگوں کی وہ کوششیں اور کاوشیں ہیں۔ جو انہوں نے رسم پرستانہ معاشرے میں ظالمانہ وجابرانہ حکومتوں کی طرف سے رکاوٹوں کے باوجود جاری رکھیں اور جس کے نتیجے میں دنیا کے چپے چپے پر اسلام کا نور پھیلا۔ ان نفوس قدسیہ کی شبانہ روز محنتوں اور پاکیزہ روحانی زندگی سے متاثر ہو کر دائرۂ اسلام میں داخل ہونیوالوں کی تعداد کا اندازہ لگانا مشکل ہے کیونکہ دنیا میں اسلام کی اشاعت کا کام دراصل ان ہی بزرگوں کا کارنامہ ہے۔ فاتحین وسلاطین تو ان کی کاشت کی ہوئی کھیتوں سے فائدہ اٹھاتے

وحدتِ وجود :۔ ہمہ اوست :۔
وحدتِ شہود :۔ ہمہ زاوست ۔
وَرَقہ :۔ نفسِ کلیہ ۔ لوحِ محفوظ ۔
وسیلہ :۔ مقامِ قربت اور یہی مقامِ محمود ہے ۔
وصال :۔ تعین کا اُٹھ جانا اور ہستیِ مجازی سے جدائی کا واقع ہو جانا اور اپنی خودی کے وہم سے بیگانہ ہو جانا وصالِ حق ہے ۔ اسے آشنائیِ حق بھی کہتے ہیں ۔
ہاہوت :۔ وہ مقام جس کی جانب کُنْتُ کَنْزًا مَخْفِیًّا سے اشارہ ہے ۔
ہجوم :۔ کسی چیز کا دل پر قوت کے ساتھ وارد ہونا بغیر اس کے کہ اُس کے لیے اپنی طرف سے کسی قسم کی کوشش کی جائے ۔
ہدایت :۔ یہ بالذات ایک بھید ہے وجودی اور الہامی ، جو اللہ کے بندوں پر طاری ہوتا ہے اور اُن پر ہجوم کرتا ہے ۔ جذبۂ الٰہی کا ایک نور ہے جس کے تحت میں عارف خدا کے راستہ پر تائید الٰہی سے مناظرِ اعلیٰ کی جانب ترقی کرتا ہے ۔
ہدیہ :۔ ولایت خواہ کسی نوع کی ہو ۔
ہشیاری :۔ غلبۂ حق سے افاقۂ سکون کی جانب آنا ۔ یعنی مقامِ سُکر سے مقامِ صحو میں آنا ۔
ہفت منزل :۔ یہ وہ سات وادیاں ہیں جو سالک کو راہِ سلوک میں پیش آتی ہیں اور جنہیں حضرت خواجہ فریدالدین عطارؒ اپنی کتاب منطق الطیر میں بیان فرماتے ہیں حسب ذیل ہیں ۔

(۱) وادیٔ طلب (۲) وادیِ عشق
(۳) وادیٔ معرفت (۴) وادیِ استغناء
(۵) وادیٔ توحید (۶) وادیِ حیرت
(۷) وادیِ فقر و فنا ۔

ہمت :۔ اپنے لیے یا کسی اور کے لیے حصولِ کمالات کی غرض سے اپنی پوری قوتوں

اور تاریخ میں اپنا نام لکھواتے رہے۔ اولیاء اللہ کے پاس نہ تو کوئی سلطنت تھی نہ سرکاری عہدے۔ حتیٰ کہ یہ لوگ اکثر اوقات اختیاری طور پر رعایا کے عام افراد سے بھی زیادہ تنگ دست اور مفلوک الحال رہتے تھے لیکن ان کے اقتدار کا دائرہ اتنا وسیع تھا کہ اگر ہفت اقلیم کی سلطنت بھی اس میں سما جائے تو ایک قطرۂ سمندر سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتی۔ انسانی دل و دماغ پر حکمرانی کرنے والے یہ لوگ بیک وقت لاکھوں، کروڑوں انسانوں کی عقیدت کا مرکز تھے اور بڑے بڑے فرعون صفت سلاطین و حکمران ان سے خوف محسوس کرتے تھے اور ان کے دربار میں عاجزانہ حاضر ہوتے اور ان کے نگاہ کرم کو اپنی سعادت سمجھتے تھے۔

اسلام کے عالمگیر پیغام سے انسانیت کو روشناس کرانے اور اسلام کی عالمگیر اور ابدی سچائیوں کو انسانی اذہان میں راسخ کرنے کے لیے جو کارنامہ ان بزرگوں نے انجام دیا اور سنت نبوی کے مطابق کہنے سے زیادہ کرنے اور بتانے سے زیادہ عملی نمونہ پیش کرنے کی جو صورت ان صوفیائے کرام نے اختیار کی اُس کی مثال کسی اور مذہب میں نہیں ملتی۔

کسی بھی قوم کی ترقی و خوشحالی کا راز اس بات میں مضمر ہے کہ اُس کے ارباب علم و فن اسلاف کے کارناموں کو آنیوالی نسلوں تک پہنچانے میں کہاں تک اپنی ذمہ داریاں نبھاتے ہیں۔ بحمد للہ مؤلف کتاب نے بڑی خوش اسلوبی سے اس ذمہ داری کو عملی جامہ پہنایا جس کے لیے وہ مبارک باد کے مستحق ہیں۔

مجھے یہ جان کر انتہائی مسرت ہوئی کہ جناب محمد صادق قصوری صاحب کی یہ دلی آرزو تھی کہ حضرات مشائخ نقشبندیہ قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم کے حالات جدید تقاضوں کی روشنی میں لکھے جائیں جس کو کتابی صورت میں پیش کر کے انہوں نے نہ صرف اپنی قلبی طمانیت کا سامان مہیا کیا بلکہ اہل علم و فن کے قلوب کو بھی منور و تاباں کر دیا۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ مؤلف کتاب کو اجر عظیم عطا فرمائے۔ آمین۔

مزید برآں حضرت پیر طریقت خواجہ ابوالخیر محمد عبداللہ جان نقشبندی مجددی

جمیع قوائے روحانیہ کے ساتھ حق تعالیٰ کی جانب متوجہ ہوجانا۔ وصول الی اللہ کے لیے جملہ مخلوقات کو ترک کر دینا اور قلب کو تمام خواہشوں اور آرزوؤں سے پاک کر لینا اور دل میں طلبِ صادق کا پیدا کر لینا بھی ہمت ہے۔

ہیولیٰ:۔ وہ چیز ہے جس میں صُوَر اشیاء سے ظاہر ہوتی ہیں اور وہ نفسِ رحمانی ہے۔ ہر وہ باطن بھی ہیولیٰ ہے جو صورتِ ظاہر رکھتا ہو۔

یار:۔ تجلّیٔ صفات، صفتِ نصرتِ الٰہی۔

یاقوتِ حمراء:۔ نفسِ کلیہ۔ کیونکہ بوجہ تعلق بہ جسم اُس میں ظلمت ہے برعکس عقل کے جسے درّۂ بیضاء کہتے ہیں۔

یقین:۔ جس میں شک و شبہ کو مطلق دخل نہ ہو۔ رویتِ عیان بقوتِ ایمان نہ کہ بذریعہ حجت برہان۔

یوم الجمع:۔ وقتِ لقاء و وصول بسوئے عین جمع۔ روزِ قیامت۔

اس کتاب میں جس قدر اصطلاحات تصوّف کا ذکر ہوا ہے، اُن کی تشریح کر دی گئی ہے پھر بھی اگر کوئی اصطلاح بقایا رہ گئی ہو تو اصطلاحات تصوّف کی تشریحی کتاب "سرِ دلبراں" مصنفہ حضرت شاہ سید محمد ذوقی شاہ رحمۃ اللہ علیہ پر نظر ڈالی جا سکتی ہے۔

مدظلہ، العالی سجادہ نشین آستانہ عالیہ مرشد آباد شریف، پشاور کی بھی خواہش تھی کہ آستانہ عالیہ کی طرف سے شائع ہونے والی کتاب "سلسلۂ خیریہ مع تذکرہ، مشائخ نقشبندیہ" کو نئی ترتیب و تحقیق اور کاوش کے ساتھ جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کر کے شائع کیا جائے حضرت پیر طریقت کا یہ جذبہ قابل ستائش ہے۔ اللہ تعالیٰ حضرت پیر طریقت خواجہ محمد عبداللہ جان نقشبندی، مجددی مدظلہ، العالی کا سایہ ہمارے سروں پر تا دیر قائم رکھے۔ آمین۔ وہ مسلک حقہ کی خدمت کے جذبے سے سرشار جس نہج پر قوم و ملک کی فلاح و بہبود کے لیے سرگرم عمل ہیں اور علمی و روحانی جہاد کر رہے ہیں اس سے معتقدین اولیاء اللہ یقیناً مستفید ہوں گے۔

سید ریاست علی قادری

از۔ رئیس التحریر جناب حضرت مولانا کوثر نیازی صاحب سینیٹر اسلام آباد

و

سرِ سخن

طریقت کے کئی سلسلے ہیں لیکن ہمارے ہاں مشہور و مقبول چار ہیں، چشتیہ، سہروردیہ قادریہ، نقشبندیہ۔

ان چاروں سلسلوں میں بھی نقشبندیہ کو یہ انفرادیت حاصل ہے کہ اس کا آغاز سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ذاتِ والاصفات سے ہُوا ہے اور اس میں سالک کیلئے کامل اتباع سنت کو شرطِ لازم قرار دیا ہے، حضرت امام مجدد الف ثانیؒ نے جویں تو دوسرے سلسلوں سے بھی صاحبِ مجاز مرشد تھے مگر نقشبندیہ طریقے کو سب پر اہمیت اور فوقیت دیتے تھے۔ اپنی معرکۃ الآرا کتاب مکتوبات جلد اوّل میں ارشاد فرماتے ہیں کہ اس سلسلے کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ اس میں سُکر (مستی اور بے ہوشی) کے بجائے صحو (ہوش مندی) کا عنصر غالب ہے، سبب یہ ہے کہ اس کی نسبت فراستِ صدیقیہ رضؓ سے ہے اور حضرت امام مہدی علیہ السلام تشریف لائیں گے تو اسی سلسلے کو اکمال و اتمام تک پہنچائیں گے۔ (مکتوب نمبر ۲۵۱)

حضرت سرمدؒ کی مشہور رباعی ہے۔ ؎

سرمدؒ غم عشق دردمنداں دانند
نے خودستاں و خود پسنداں دانند
از نقش تواں بسوئے نقاش شدن
ایں نقش غریب نقش بنداں دانند



مسجدِ نبوی اور روضۂ رسول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم بابِ اسلام کی جانب سے
تصویر از "سوئے حرم" بشکریہ دربارِ عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر

اس میں شُبہ نہیں کہ ہمارا دور، دورِ انحطاط ہے، دوسرے شعبہ ہائے زندگی کی طرح تصوف وطریقت میں بھی بہت سے جعل ساز دندنا رہے ہیں مگر یہ بھی صحیح ہے کہ دنیا کسی وقت بھی اہل اللہ سے خالی نہیں ہوتی، آج بھی کچھ بندگانِ خدا ایسے موجود ہیں جن کی ذات اور صفات سے ان مبارک سلسلوں کی آبرو قائم ہے، قرآن پاک میں ارشاد ہے "

وَكُونُوا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ سچوں کا ساتھ دو"

قرآنِ پاک ازل سے ہے اور ابد تک رہے گا اس کا مطلب یہ ہے کہ "صادقین" ہر دور میں موجود رہیں گے اسی لیے ان کی رفاقت اور معیت اختیار کرنے کا حکم دیا گیا اگر وہ بالکل ختم ہو جائیں تو پھر یہ آیتِ قرآنی ساقط العمل ہو جائے گی اور ظاہر ہے کہ یہ قرآن کی شان کے خلاف ہے۔

پاکستان میں دوسرے سلسلوں کی طرح سلسلہ نقشبندیہ کے بہت سے ایسے بزرگوں سے بھی مجھے ذاتی نیازمندی کا شرف حاصل ہے جو یقیناً صادقین میں شامل ہیں اور انہی میں ایک نام حضرت خواجہ ابوالخیر عبداللہ جان مدظلہ العالی کا بھی ہے۔ ان کی صحبت میں بیٹھ کر دل کی پژمردہ کلی کھل اٹھتی ہے اور ایمان تازہ ہو جاتا ہے، حضرت مجدد الف ثانیؒ کے عاشق بھی ہیں اور عملی طور پر ان کے مشن کو آگے بڑھانے کے علاوہ علمی طور پر بھی آپ کے افکار عالیہ کی تحقیق وتدوین میں لگے رہتے ہیں، حضرت مجددؒ پر بہت کم کسی کتب خانے میں اتنا مواد ہوگا جتنا حضرت ابوالخیر نے محفوظ کر رکھا ہے۔

سلسلۂ نقشبندیہ کے اولیائے کرام پر اردو زبان میں تھوڑا بہت کام پہلے بھی موجود ہے مگر یہ سہرا حضرت ابوالخیر کے سر بندھتا ہے کہ آپ نے اس کے لیے ایک جامع کتاب کی اشاعت کی ضرورت محسوس کرتے ہوئے جناب صادق قصوری کو ایک مبسوط تذکرے کی تالیف پر مامور کیا، میں نے اس کتاب کو جستہ جستہ دیکھا ہے، سوانح سے بھی زیادہ اس کا وہ حصہ زیادہ وقیع اور معتبر ہے جس میں بعض اہل علم نے تصوّف اور سلسلہ نقشبندیہ کی خصوصیات پر قلم اٹھایا ہے۔

مجھے امید ہے کہ حضرت ابوالخیر کی طرف سے پیش کردہ یہ علمی اور روحانی تحفہ
طالبانِ حق کے حلقے میں ہاتھوں ہاتھ لیا جائے گا۔

کوثر نیازی
اسلام آباد

مواجہہ شریف میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے چہرہ مبارک کے سامنے کی سنہری جالیاں

بڑا دائرہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے چہرہ مبارک کے سامنے ہے۔

تصوّف، اُس کی اَصل اور غرض وغایت

(حضرت اقدس سیّد انور علی انور ایڈووکیٹ، کراچی)

تصوّف کی اصل معلوم کرنے کے لیے فلاسفہ کے چند اصول پیش نظر ہیں جن کی رُو سے اُس کی اصلیت سامنے آجائیگی۔

(۱) مادی ہے یا غیر مادی یہ حقیقت اظہر من الشمس ہے کہ تصوف غیر مادی ہے۔ اس کا تعلق روحانی دُنیا سے ہے۔

(۲) مسئلہ خیر وشر اللہ تعالیٰ کی تخلیق میں کوئی شر نہیں، اُس کی تمام مخلوق خالی از حکمت نہیں۔ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلاً (اے اللہ تُو نے کوئی چیز عبث نہیں بنائی۔)

(۳) مسئلہ زمان ومکان زمانہ بھی اسی کا ہے جو کہ ازل سے ابد تک اسی طرح ہے اور اسی طرح رہے گا۔ ہاں خیر القرون قرنی سے یہ ثابت ہو چکا کہ وہ معاشرہ بہترین تھا جس میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم موجود تھے۔

اس کا مکان انسانیت کے اندر ہے۔ لہٰذا یہ متقین کے لیے مشعلِ راہ ہے جو اس کو نہیں اپناتا وہ اُس کی لذت نہیں پاتا۔

(۴) مخلوق سے واسطہ چونکہ تصوّف کی رُوح اللہ کے بندوں سے پیار کرنا ہے، اس لیے ہر ایک انسان کو اللہ تعالیٰ کی بہترین مخلوق مان کر اس سے محبت لازم ہے۔ صرف وہی شخص صوفی کہلا سکتا ہے جس کے دل میں مخلوقِ خدا سے پیار ہو۔ جو شخص مخلوق سے محبت رکھتا ہو اور اس کی

محبت بھی ہمدردی کی بنا پر ہو تو وہ اللہ تعالیٰ سے کیوں کر محبت نہ رکھیگا جو کہ خالق اور مالک ہے۔

غرض وغایت موجودہ مادی دور میں انسان نجات کی راہ میں اگر کوئی گوشۂ عافیت پائے گا تو وہ اَلَا بِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ؛ (خبردار! اطمینانِ قلب خدا کی یاد میں ہی ہے۔) ہی میں پائے گا۔ یہی وہ حقیقت ہے جسے اولیائے کرام نے اللہ کے بندوں کے سامنے رکھا۔

اسلام دین فطرت ہے اس میں کسی قسم کا اشکال نہیں کیونکہ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے اِسے دین کامل کا نام دیا ہے۔ تصوف اسلام کی حقیقی رُوح کا نام ہے۔ جیسے مَرُورِ زمانہ کے ساتھ عمل کی روح کمزور ہوگئی تو اللہ تعالیٰ کے بندوں نے ذکر و فکر صفائی باطن اور تقویٰ کی تعلیم پر زور دیا اور اس کا نام تصوف رکھا۔

تصوف کی ابتدا بعض لوگ یہ اعتراض کرتے ہیں کہ تصوف عجمی ہے۔ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں اِس کا نشان تک نہ تھا۔ صحابہ کرام کے دور میں بھی اس کا نام نہیں ملتا۔ پھر یہ کہاں سے وجود میں آیا۔

وہ لوگ ایسا کہتے میں حق بجانب ہیں کیونکہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم خود شارع تھے، آپ کی زندگی اسوۂ حسنہ تھی۔ اس لیے اصطلاح کی ضرورت پیش نہ آئی۔

ہادی برحق صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم شمع رسالت کے پروانے تھے، اُن کی زندگی اسلام کی صحیح تصویر تھی۔ وہ آپ کی اتباع میں ہی اپنی نجات جانتے تھے اور عملاً اس کا ثبوت دیتے تھے۔

جب خیر القرون قرنی (بہترین زمانہ میرا زمانہ ہے ۱۲ حدیث) کا دور گزر گیا۔ صحابہ کرام کے دَور میں سلطنت کی حدود وسیع ہوگئیں۔ اسلام عرب سے نکل کر عجم پر بھی محیط ہوا۔ مسلمان قیصر و کسریٰ کے وارث بنے تو عمل برائے نام رہ گیا۔ سیرت طیبہ اور صحابہ کی تعلیم سے انحراف ہونے لگا تو اللہ کے بندوں نے مخلوقِ خدا اور مسلمانوں کو دعوتِ الی الحق دی۔ اسوۂ حسنہ کی مثال عملاً پیش کی۔ دوسروں کو

سیّدِ عالم حضرت محمّد مُصطفیٰ احمد مجتبیٰ صلّی اللہ علیہ وسلّم

معظّمہ — سنہ ۱ عام الفیل / سنہ ۵۷۱ء — سنہ ۱۱ھ / سنہ ۶۳۲ء — مدینہ منوّرہ

مادۂ فراقِ ظاہری

"ھُو"

سنہ ۱۱ھ

قطعۂ فراقِ ظاہری از مسٹر طامس ولیم بیل

وقتِ نزع رواں بخواند رسولؐ — کلمۂ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُو
پس اگر سالِ رحلتش خواہی — لفظ دیگر مگیر "الّا ھُو"
۱۱ھ

؎ فراق ظاہری مراد ہے (قصوری)

اُسے اپنانے کی تلقین کی، اس دارِ فنا کو عارضی سمجھا اور توشۂ آخرت کو ہمیشہ مقدم رکھا۔

یہی تقویٰ کی منزل ہے۔ صادقین کا شعار ہے، سیرتِ طیبہ اور صحابہ کی زندگیوں کا نچوڑ ہے اور یہی اسلام کی حقیقی رُوح ہے۔ جیسا کہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے :۔

يَاأَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَ كُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ ۔ (۱۱ سورہ توبہ آیت ۱۱۹) — اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور سچے لوگوں کے ساتھ ہو جاؤ۔

یہ اُن لوگوں کا راستہ ہے جن پر اللہ تعالیٰ کا انعام ہوا اور انعام یافتہ لوگوں کی نشاندہی یوں فرمائی :۔

اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ ۔ (النساء ۶۹) — اللہ تعالیٰ نے انبیاء پر، صدیقین پر، شہداء پر اور صالحین پر انعام کیا۔

اس خالص اسلامی طریقِ زندگی اور اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ والے سلوک کا نام تصوّف ہے۔

تصوّف پر لُغوی بحث

بعض محققین نے اسے صوف سے مشتق بتایا ہے اور کہتے ہیں کہ صوفیہ کا لباس موٹا اور کھُردرا صُوف کا ہوتا تھا۔ اس لیے موٹے اور کھُردرے لباس پہننے والے کو صُوفی کہا گیا ہے۔

یہ قرین قیاس اس لیے نہیں کہ تمام صوفیہ کا لباس صُوف کا نہیں تھا بلکہ صوفیہ میں سے سلاطینِ زمانہ بھی ہو گزرے ہیں

بعض فلاسفہ اسے یُونانی لفظ " SOPHIST " سے لیتے ہیں جو سراسر غلط ہے۔ تصوّفِ اسلامی کا اس سے دُور کا بھی واسطہ نہیں۔

بعض لوگوں نے اسے اصحابِ صفّہ کے چبوترہ سے نسبت دی جو کہ قابلِ تسلیم نہیں کیونکہ تصوف کا لفظ عجمی ہے اور صحابہ کرام کے دور کے بعد وجود میں آیا، اس لیے صحابہ کرام کے صُفّہ سے اسے نسبت دینا قرین قیاس نہیں۔

امام عبدالکریم قشیری رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ صوفی لفظ صوفانہ سے مشتق ہے جو کہ ایک قسم کی گھاس ہے۔ صوفیاء کی زندگی چونکہ دنیا سے کنارہ کشی اور گوشہ نشینی

۱۔ سیّدِ عالم حضرت محمّد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

حضور پُرنُور خاتم الانبیاء باعثِ تخلیق کائنات، فخرِ موجودات، رحمۃ اللعالمین، شفیع المذنبین، محبوبِ کبریا محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے نور[1] کو اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے پیدا فرمایا اور پھر اُس نُور کے وسیلے سے تمام جہانوں کو تخلیق کیا۔ عالمِ ارواح ہی میں آپ کے نُور کو خلعتِ نبوّت سے سرفراز فرما کر جملہ انبیائے کرام علیہم السّلام کی روحوں سے یہ عہد لیا گیا کہ اگر وہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مبارک کو پائیں تو اُن پر ایمان لائیں اور اُن کی مدد کریں۔ جیسا کہ ارشادِ ربّانی ہے:۔

وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ وَّحِكْمَةٍ ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ قَالَ ءَاَقْرَرْتُمْ وَاَخَذْتُمْ عَلٰى ذٰلِكُمْ اِصْرِىْ ؕ قَالُوْٓا اَقْرَرْنَا قَالَ فَاشْهَدُوْا وَاَنَا مَعَكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ ۔ ؕ

(آلِ عمران : ۸۰)

اور یاد کرو جب لیا اللہ تعالیٰ نے انبیاء سے پختہ وعدہ کہ قسم ہے تمہیں اُس کی جو دُوں میں تم کو کتاب اور حکمت سے پھر تشریف لائے تمہارے پاس وہ رسُول جو تصدیق کرنے والا ہو ان (کتابوں) کی جو تمہارے پاس ہیں تو تم ضرور ضرور ایمان لانا اس پر اور ضرور ضرور مدد کرنا اس کی (اس کے بعد) فرمایا کیا تم نے اقرار کر لیا اور اٹھا لیا تم نے اس پر میرا بھاری ذمہ؟ سب نے عرض کی ہم

---

[1] مصنف عبدالرزاق (ف ۲۱۱ھ) بروایت حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ،

(پارہ ۳ سورہ آل عمران رکوع ۹)

اقرار کیا۔ (اللہ نے) فرمایا تو گواہ رہنا اور میں (بھی) تمہارے ساتھ گواہوں میں سے ہوں۔"

خداوند قدوس کے اسی ارشاد عالیہ کے مطابق تمام انبیائے کرام علیہم السلام اپنی اپنی اُمتوں کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی آمد کی بشارت دیتے رہے۔

اللہ تعالیٰ نے جب حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا تو اپنے محبوب پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے نُورِ پاک کو اُن کی پُشت مبارک میں بطور امانت رکھا۔ حضرت آدم علیہ السلام سے وہ نُور حضرت حواء کے رحم پاک میں منتقل ہوا۔ پھر حضرت حواء سے حضرت شیث علیہ السلام کی پُشت میں منتقل ہوا۔ پھر اسی طرح یہ نُورِ مقدس پاک پُشتوں سے پاک رحموں کی طرف منتقل ہوتا ہوا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے والد ماجد حضرت عبداللہ رضؓ کی پُشت مبارک میں منتقل ہوا۔ اور اُن سے حضرت آمنہ رضؓ کے بطن مبارک میں منتقل ہوا۔

اِسی نُور کی برکت سے حضرت آدم علیہ السلام کو فرشتوں نے سجدہ کیا اور اسی نُور کے وسیلہ سے اُن کی توبہ قبول ہوئی، اسی نُور کی برکت سے حضرت نُوح علیہ السلام کی کشتی غرق ہونے سے بچی، اسی نُور کی برکت سے حضرت ابراہیم علیہ السلام پر آتشِ نمرود گلزار ہوگئی، اسی نُور کی برکت سے حضرت ایوب علیہ السلام کی مصیبت دُور ہوئی اور اسی نُور کی برکت سے تمام انبیائے سابقین پر اللہ تعالیٰ کی بے شمار عنایات و نوازشات ہوئیں۔ مولانا جامیؒ نے اس حقیقت کو یُوں بیان کیا ہے ؎

وصلی اللہ علیٰ نُورٍ کزو شُد نُور ہا پیدا — زمین از حُبِ او ساکن فلک در عشق او شیدا
محمدؐ احمد و محمود و لے را خا نقش بستُود — کزو شُد بود ہر موجود زو شد دیدہا بینا
اگر نامِ محمدؐ را نیاوردے شفیع آدمؑ — نہ آدمؑ یافتے توبہ، نہ نُوح از غرق نجیتا
نہ ایوبؑ از بلا راحت، نہ یوسفؑ حشمت و جاہت
نہ عیسیٰؑ آں مسیحا دم نہ موسیٰؑ آں یدِ بیضا

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ابھی اپنی والدہ ماجدہ کے بطن مبارک میں ہی تھے کہ آپ

پر مشتمل ہے اور وہ جنگلوں میں زندگی بسر کرنا بہتر سمجھتے ہیں، بدیں وجہ اُنہیں صوفی کہا جاتا ہے یہ بھی درُست نہیں کیونکہ صوفیہ سلاطین، بھی ہوئے ہیں جو محلوں میں زندگی بسر کرتے رہے حضرت ابراہیم ادھم رحمۃ اللہ علیہ حضرت داؤد طائی رحمۃ اللہ علیہ حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت خواجہ عبید اللہ احرار رحمۃ اللہ علیہ سب صوفیہ تھے۔

بعض لوگ اِسے صفا سے بتاتے ہیں جو کہ زیادہ موزوں معلوم ہوتا ہے کیونکہ تصوّف کا تعلق صفائی باطن سے زیادہ ہے۔

مولنا جامی قدس سرہ السامی کے مطابق دوسری صدی ہجری میں سب سے پہلے صوفی کا لقب ابو ہاشم کو ملا۔ صوفیہ کے طریق کی وضاحت اور تشریح سب سے پہلے حضرت ذوالنون مصری نے کی۔ پھر جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے طریقت کو وسعت دی اور اسے ضبطِ تحریر میں لائے شبلی رحمۃ اللہ علیہ نے طریقت کی باقاعدہ نشر و اشاعت کی۔ یحییٰ بن معاذ نے سب سے پہلے اپنے نام کے ساتھ صوفی لکھا۔

حقیقت اصل میں یہ ہے کہ کائنات اور اُس کی اشیاء کے جاننے کی آرزو انسان کے دل میں ہمیشہ چٹکیاں لیتی رہی ہے۔ مختلف لوگوں نے مختلف طریقوں سے اُسے پانے کی کوشش کی ہے۔ کسی نے فلسفی بن کر اس کی حقیقت کو جاننا چاہا۔ کسی نے صوفی بن کر افلاطون، ارسطو اور خیام و رازی کے فلسفے کی مدد سے حقیقتِ کائنات کے ادراک کی کوشش کی۔

حقیقتِ مطلق کا جاننا تو ناممکن ہے۔ ہاں البتہ نفسی کیفیت سے ہم اس کا ادراک کر سکتے ہیں۔ بعض نے اسے "INTUTION" اور بعض نے "عشق" کا نام دیا ہے۔ اِس عشق اور وجدان کے ذریعے حقیقت کو پانے کی کوشش دنیا بھر میں کی گئی ہے۔ ؎

آنانکہ محیطِ جمع آداب شدند
درکشفِ دقیقہ شمعِ اصحاب شدند

وہ لوگ جو علم کا سمندر تھے اور تحقیق و تجسس میں شمعِ اصحاب تھے اس



حرم میں جنت المعلیٰ کے قبرستان میں حضرت سیدہ خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالےٰ عنہا
کے مزار شریف کی نایاب تصویر (یہ مزار شریف اب سعودی حکومت نے مسمار کر دیا ہے)
از "مراۃ الحرمین" بشکریہ دربارِ عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر

دقیق مسئلہ کو کھولتے رہے اور اپنی ہمت کے مطابق کام کر سکے۔

آغازِ تصوف تاریخ تصوف کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ آٹھویں صدی عیسوی کے وسط میں ہی تصوف کی مذہبی تحریک کا آغاز ہو گیا تھا صوفیہ کرام کے نظریہ کے مطابق تصوف ایک خالص اسلامی تحریک ہے، جو ۸۵۰ء کے قریب عراق میں ظہور پذیر ہوئی اور وہاں سے ایران پہنچی لہٰذا ایرانی۔ مورخین کا یہ خیال غلط ہے کہ تصوف خالص ایرانی تحریک ہے۔ وہ اس کے ثبوت میں مانی کی دینی تعلیم کا حوالہ دیتے ہیں جس نے ۲۱۵ء میں ساسانی بادشاہ شاہ پور کے زمانہ میں ایران کو ایک نئے مذہب سے رُوشناس کرایا۔

بعض محققین کا کہنا ہے کہ تصوف اہل ہند کے قدیم فلسفہ ویدانت کا پَرتو ہے، یہ بھی غلط ہے کیونکہ ویدانت اور مانی کی تعلیم منفی فلسفے کی حیثیت رکھتی ہیں۔ اُن کی تعلیم یہ ہے کہ "دُنیا کو ترک کرو، جسم کو مسلسل ایذائیں دو، عالم بالا سے لَو لگانا اس کے بغیر ممکن نہیں"۔ اس کے برعکس تصوف کی حیثیت مثبت فلسفے کی ہے کہ حق کی جستجو کرو، نفس کی تربیت کے لیے جدوجہد کرو، دُنیا کے معاشرہ میں رہتے ہوئے اہل دُنیا کے حقوق و فرائض پورے کرو۔

تصوف اور اشراقی تعلیم میں مشابہت ضرور ہے لیکن اِسے نو فلاطونیت قرار دے دینا بھی سراسر زیادتی ہے۔ فلسفہ افلاطون یہ ہے:۔

"جو کچھ ہے نفسِ مدرکہ کے اندر ہے، خارج میں کسی چیز کا وجود نہیں نفسِ مدرکہ خارجی مظاہر کو وجود دیتا ہے۔ وجودِ مطلق خدا کی ذات ہے اس کے علاوہ جو کچھ ہے وہ مثالی ہے۔ اور کوئی حقیقت نہیں رکھتا خدا کو جاننا ہو تو اپنے نفس کا مطالعہ کرو"۔

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کی تردید کی اور دورِ حاضر میں حکیم الامت علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے اس کے خلاف عَلَم بغاوت بلند کیا اور اسے اقوام کے لیے زہر قاتل قرار دیا۔ ؎



مکہ مکرمہ میں جنت المعلیٰ کے قبرستان میں حضرت عبدالمطلب ، عبد مناف، ابی طالب
کے مزارات شریف کی نایاب تصویر (یہ مزارات شریف اب سعودی حکومت نے مسمار کر دیے)

تصویر از "مراۃ الحرمین" بشکریہ دربارِ عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر۔

راہب دیر نیہ افلاطون حکیم	وہ قدیم راہب افلاطون حکیم
از گروہ گوسفندان قدیم	پرانی بھیڑوں کے گروہ میں سے ہے
بر تخیل ہائے ما فرمانروا است	جو کہ ہمارے تخیل پر فرمانروا ہے
جامِ اُو خواب آور گیتی رباست	اس کا فلسفہ خواب آور اور دنیا کو برباد کرنیوالا ہے

اس کے برعکس تصوّف کے اہم نکات یہ ہیں:۔

"خُدا حُسنِ مطلق ہے اس کی جُستجو انسان کا مقصودِ اوّلین ہے، اس جستجو کے لیے مجاہدۂ نفس اور ریاضت ضروری ہیں۔ صفائی قلب، تزکیۂ نفس، سادگی اور صُلح کل اس تحریک کے اجزاء ہیں۔ بلکہ اسلام کے اندر اسی کی پاکیزہ ترین صورت کو تصوّف کہتے ہیں۔ صوفیہ کے نزدیک تصوّف کا صرف یہی مفہوم ہے کہ "اتباعِ کتاب وسنّت میں انتہائی سعی کی جائے۔ اسوۂ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسوۂ صحابہؓ کو دلیل راہ بنایا جائے، اوامر و نواہی کی پورے طور پر تعمیل کی جائے۔ قلب کا تعلق ماسوا اللہ سے الگ کیا جائے، نفسِ امارہ کو خشیتِ الٰہی سے مغلوب کیا جائے۔

ابن خلدون لکھتے ہیں کہ:۔

تصوّف اپنی ابتدا میں کسی فلسفیانہ نظریہ کا نام نہ تھا بلکہ ایک دستور العمل تھا"

اسلام تو سراسر ایک پیغامِ عمل ہے۔ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے خدمت خلق کو سب سے بڑی عادت قرار دیا ہے۔

تصوّف اسلام میں شروع سے موجود ہے۔ یہ سچ ہے کہ صوفی اور تصوف کی اصطلاح زمانۂ نبویؐ میں رائج نہیں تھی کیونکہ صحابی کا لقب سب سے زیادہ وقیع تھا۔ تابعین میں سے حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ، بوشم کوفی رحمۃ اللہ علیہ ابراہیم ادھم رحمۃ اللہ علیہ، معروف کرخی رحمۃ اللہ علیہ اور جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ جیسے لوگ نہ فلسفہ یونان سے باخبر تھے نہ فلسفہ اشراق سے۔ وہ تو یادِ خدا اور مطالعۂ قرآن میں محو رہتے تھے۔ یہ سب لوگ پابند شرع تھے۔ اگر نویں صدی

والد ماجد حضرت عبد اللہ نے مدینہ میں رحلت فرمائی۔

آپ کی ولادت باسعادت ۱۲/ربیع الاول سنہ ۱ عام الفیل (واقعہ عام الفیل سے ۵۵ ...) مطابق ۲۱/اپریل سنہ ۵۷۱ء مطابق ۴/جیٹھ سمت ۶۲۸ بکرمی کو مکہ مکرمہ میں بعد از صبح ...پیر کے دن ہوئی۔ ولادت شریف کے وقت آپ کے ساتھ ایسا نور نکلا کہ مکہ شریف ...نے والوں کو ملکِ شام کے قیصری محل (بادشاہی محلات) نظر آنے لگے، ایوان کسریٰ ...کنگرے گر پڑے۔ فارس کا آتش کدہ بجھ گیا۔ دریائے سادہ خشک ہو گیا اور وادی ...ندی کناروں تک بہنے لگی۔ غرض ایسے بے شمار واقعات ظاہر ہوئے۔

...سب سے پہلے آپؐ کی والدہ ماجدہ نے کئی دن دودھ پلایا۔ پھر آپؐ نے چند روز ...کی آزاد کردہ لونڈی ثوبیہ کا دودھ پیا۔ اس کے بعد حلیمہ سعدیہؓ آپؐ کو اپنے قبیلہ میں ...جہاں پہلی بار آپؐ کا شقِ صدر ہوا۔ دوسری دفعہ دس برس کی عمر مبارک میں، تیسری ...را میں اور چوتھی مرتبہ شبِ معراج میں ہوا۔ جب آپؐ کی عمر شریف چھ برس کی ہوئی ...والدہ ماجدہ حضرت آمنہؓ انتقال فرما گئیں اور آپ کے دادا حضرت عبد المطلبؓ ...کی پرورش اپنے ذمے لے لی۔ جب آٹھ سال کے ہوئے تو دادا جان بھی رحلت ...اب آپؐ کے چچا حضرت ابو طالبؓ پرورش کرنے لگے۔ بارہ سال کی عمر مبارک ...حضرت ابو طالبؓ کے ساتھ ملک شام کو بغرض تجارت تشریف لے گئے۔ اس سفر ...ہب نے آپ کو دیکھ کر کہا کہ یہ تو اللہ تعالیٰ کے آخری پیغمبر ہیں۔ چودہ ۱۴ سال کی عمر ...آپ نے اپنے چچاؤں کے ساتھ حربِ فجار میں شرکت فرمائی۔ پچیس ۲۵ سال کی ...حضرت خدیجہؓ کی طرف سے آپؐ بسلسلہ تجارت شام کو تشریف لے گئے ...واپسی کے بعد آپؐ کا نکاح حضرت خدیجہؓ سے ہو گیا۔ جب آپؐ کی عمر اقدس ...ہوئی تو قریش نے عمارت کعبہ کو از سرِ نو تعمیر کیا۔ آپؐ نے اس تعمیر میں بڑھ

...محققین کے نزدیک آپ کی پرورش زبیر بن عبد المطلب نے کی تھی۔ ...ورسولہٗ (قصوری)

میں اسلامی تصوف کی صورت مسخ ہوگئی تو نہ اُس کی ذمہ داری اُن بزرگوں پر عائد ہوتی ہے اور نہ ہی اُس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ اسلامی تصوف کا ماخذ بجائے قرآن و حدیث کے وہ غیر اسلامی عناصر ہیں جو اس میں رفتہ رفتہ داخل ہوئے۔

تصوفِ اسلام ان رُوحانی اور صوفیانہ عناصر کی ارتقائی صورت ہے جو قرآن و حدیث میں بکثرت موجود ہیں جن کی تصریح خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ رضی اللہ عنہم نے اپنے طرزِ عمل سے فرمائی ہے۔ ابن خلدون رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں

"تصوف اُن مذہبی علوم سے ہے جو اسلام کی بدولت ظہور میں آئے صوفیانہ طریقوں کو صحابہ رضی اللہ عنہم اور تابعین نے ہمیشہ پسندیدہ نظروں سے دیکھا"

صُوفیہ کی زبانی تصوّف

ابوالقاسم قیشری رحمۃ اللہ علیہ "رسالہ قشیریہ" میں فرماتے ہیں کہ تصوف صفا سے بنایا گیا ہے اور یہ کدورت (جس کے معنی "میلا" ہونا ہے) کی ضد ہے۔ صفا، محمود سے ہے اور کدورۃ مذموم۔ اس کے بارے میں ایک حدیث نقل کی ہے:۔

"دُنیا کی صفائی چلی گئی اور اُس کی میل رہ گئی"

جو لوگ شرعی تعلیم سے اور تزکیۂ باطن کے ساتھ اس میل اور گندگی کو صاف کر لیتے ہیں۔ ان کو صوفی کہتے ہیں اور جو لوگ علمِ تصوف کی تربیت حاصل کرتے ہیں، اُن کو "متصوفہ" کہتے ہیں۔

ابو محمد جریری رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا گیا کہ تصوف کیا ہے؟ انہوں نے فرمایا کہ "ہر بلند مرتبہ میں داخل ہونے اور ہر خسیس اور گھٹیا چیز سے نکلنے کا نام ہے"۔ اس ضمن میں قرآن مجید کی آیۃ شریفہ بھی دلالت کرتی ہے۔

قُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا۔

اے رب! مجھے حقیقی مقام میں داخل فرما اور مجھے نکلنے کی جگہ سے نکال لے اور میرے لیے ایسی دلیل

چڑھ کر حصہ لیا اور اپنے پیارے چچا حضرت عباسؓ کے ساتھ اپنے مبارک کندھوں پر
اُٹھا کر لاتے رہے۔

جب آپؐ کی عمر شریف چالیس برس کی ہوئی تو اللہ تعالیٰ نے منصبِ نبوت سے سر
فرمایا۔ چنانچہ آپ خفیہ طور پر بعض لوگوں کو اسلام کی دعوت دینے لگے۔ آپؐ کی اس دعو
پر لبیک کہتے ہوئے بہت سے مرد اور عورتیں آپؐ پر ایمان لائے۔ مردوں میں سے
سے پہلے ایمان لانے والے حضرت ابوبکر صدیق رضؓ لڑکوں میں حضرت علی رضؓ، عورتو
میں حضرت خدیجہؓ آزاد کئے ہوئے غلاموں میں حضرت زید بن حارثہ رضؓ اور غلامو
حضرت بلال رضؓ ہیں۔

خفیہ دعوت کے تین سال بعد، دعوتِ اعلانیہ کا حکم آیا تو سردارانِ قریش بہت
پٹائے اور آپؐ اور آپؐ کے اصحاب کو اذیت دینے لگے۔ نبوت کے پانچویں سال حضو
نے صحابہ کرام سے ارشاد فرمایا کہ تم میں سے جو چاہیں ہجرت کر کے حبشہ چلے جائیں چ
پہلی دفعہ گیارہ مرد اور چار عورتوں نے ہجرت کی۔ نبوت کے چھٹے سال حضرت حمز
مشرف بہ اسلام ہوئے اور اُن کے تین دن بعد حضرت عمر فاروق رضؓ بھی ایمان لے آ
اب اسلام کی روز افزوں ترقی کو دیکھ کر قریش کی نیندیں حرام ہو گئیں اور وہ مسلما
کو شدت کے ساتھ ایذائیں دینے لگے۔ اس لیے ۸۲ مرد اور ۱۸ عورتوں نے دوسر
بار حبشہ کی طرف ہجرت کی۔ قریش نے حبشہ کے بادشاہ نجاشی کے پاس اپنے سفیر
کہ مہاجرین کو واپس کر دو مگر اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے سفیر خاسر و نامراد واپس لو
اب قریش نے جھنجھلا کر بہ اتفاق رائے یہ قرارداد پاس کی کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو
اعلانیہ قتل کر دیا جائے۔ بنو ہاشم و بنو مطلب حفاظت کی غرض سے آپؐ کو شعب ابی طالب
میں لے گئے۔ اس پر قریش نے بنو ہاشم و بنو مطلب سے قطع تعلق کر لی تاکہ وہ ہراسا
و پریشان ہو کر آپؐ کو اُن کے حوالہ کر دیں اور اس بارے میں ایک تحریری معاہدہ خانہ
کی چھت پر آویزاں کر دیا۔ قریش نے نہایت سختی سے اس معاہدہ کو پر عملدرآمد کیا۔ تی
سال بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر ارشاد فرمائی کہ اس معاہدہ پر کو دیمک چاٹ گئی

(پارہ ۱۵ سورہ بنی اسرائیل آیت ۸۰) بنا جو مددگار ہو۔

حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ "تصوف یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ تجھ کو تیرے اوصاف سے مار کر اپنے اوصاف کے ساتھ تجھ کو زندہ کرے"۔

ایک حدیث شریف بھی اس کی تائید میں پیش ہے۔

المرء مع من احب — جس چیز سے انسان کو محبت ہو گی اُسی کے ساتھ اُسے اٹھایا جائیگا۔

حسین بن منصور رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے، "صوفی وہ ہے جو تنہائی پسند ہو اس حد تک نہ ہو کہ اس کو کوئی قبول نہ کرے اور نہ وہ کسی کو پسند کرے"

ابو حمزہ بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا، "صوفی صادق کی علامت یہ ہے کہ غنا کے بعد محتاج ہو اور عزت کے بعد ذلت کو پسند کرے اور شہرت کے بعد مخفی ہو۔

عمر بن عثمان مکی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا "صوفی وہ ہے جو ہر وقت میں وہی کام کرے جو اولیٰ و افضل ہے"

محمد بن علی قصاب رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا، "تصوف اخلاقِ کریمہ کا نام ہے جو کریم وقت میں کریم آدمی سے کریم لوگوں کے ساتھ ظاہر ہوں"

سمنون رحمۃ اللہ علیہ سے تصوف کے بارے میں پوچھا گیا تو انہوں نے فرمایا "تو چیز (نفس) کا مالک ہو، تیری مالک کوئی چیز نہ ہو"

رویم رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا گیا تصوف کیا ہے تو انھوں نے فرمایا "اپنے نفس کا اللہ تعالیٰ کے ساتھ اس چیز میں چھوڑنا جس کا وہ ارادہ کرتا ہے"

ذوالنون مصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، "اللہ سے محبت کی علامت یہ ہے کہ اللہ کے حبیب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پوری پوری اتباع کی جائے، آپؐ کے افعال، اوامر اور سنن سب میں"

حضرت ابو علی فضیل رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، "اگر دنیا اپنی تمام دلچسپیوں

اور سوائے اللہ تعالیٰ کے تمام پاک کے باقی کچھ نہیں رہا جب معاہدہ کو دیکھا گیا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد مبارک صحیح نکلا مگر مخالفین بجائے نادم و شرمسار ہونے کے مزید در پے زیادہ ہو گئے اور طرح طرح سے زیادتیاں کرنے لگے۔ ماہ رمضان سنۂ نبوت میں حضرت ابو طالبؓ کا انتقال ہو گیا اور اس کے تین دن بعد حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ نے بھی انتقال فرمایا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پریشانی کی حالت میں طائف کا سفر اختیار فرمایا مگر اشراف ثقیف نے آپ کی دعوت کا بُری طرح سے جواب دیا اور آپ پر اس قدر سنگ باری کی نعلین شریفین خون آلودہ ہو گئیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عادتِ شریفہ تھی کہ ہر سال حج کے موسم میں تمام قبائلِ عرب کو جو مکہ اور اس کے اردگرد موجود ہوتے دعوتِ اسلام دیا کرتے تھے اور میلوں میں بھی اسی غرض سے تشریف لے جایا کرتے تھے۔ نبوت کے گیارہویں سال آپؐ نے حسبِ عادت منیٰ میں قبیلہ خزرج کے چھ آدمیوں کو دعوتِ اسلام دی اور وہ مسلمان ہو گئے۔ انہوں نے مدینہ طیبہ میں اپنے بھائیوں کو اسلام کی دعوت دی جس کے طفیل آئندہ سال بارہ مرد ایامِ حج میں مکہ آئے اور حضور سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے دستِ مبارک پر بیعت کی سعادت سے مشرف ہوئے۔ مشہور قول کے مطابق اسی سال ماہ رجب کی ستائیسویں رات کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو حالت بیداری میں جسدِ اطہر کے ساتھ معراج مبارک ہوا اور پانچ نمازیں فرض ہوئیں۔ نبوت کے تیرھویں سال انصار میں سے ۷۳ مرد اور دو عورتوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت کی اور یوں کاروانِ اسلام روز بروز شاہراہ ترقی پر گامزن ہونے لگا۔

اسلام کی روز افزوں ترقی کی وجہ سے قریش کی ایذا رسانی بھی شدید ہوتی جا رہی تھی جس کی وجہ سے اب مسلمانوں کا مکہ میں رہنا دشوار ہو گیا۔ لہٰذا حضور سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی اجازتِ مبارکہ سے صحابہ کرامؓ متفرق طور پر چوری چھپے ہجرت کر کے مدینہ شریف پہنچ گئے اور مکہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ حضرت ابو بکرؓ، حضرت علیؓ اور چند علیل و ناتواں صحابہ کرامؓ رہ گئے۔

کے ساتھ مجھے دے دی جائے اور اس پر کسی محاسبہ کا بھی اندیشہ نہ ہو تب بھی میں اسے ایسا ہی ناپاک سمجھوں گا جیسے تم مردار کو ناپاک سمجھتے ہو۔"

بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، "او بایزید! تو اپنے پندارِ انا سے اسی وقت نکل سکتا ہے جب میرے محبوب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کرے اور اس مٹی کو جس پر اُن کے نقوشِ پا مرتسم ہیں اپنے لیے سرمۂ چشم قرار دے"۔

ابوسلیمان الدارانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، بھوک یاگر سنگی خزائنِ آخرت کی کلید ہے۔ اور شکم میری دنیا کی کلید ہے۔"

شہنشاہِ نقشبند رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

سلوکِ ما برجادۂ مصطفویہ و متابعتِ سنت باشد و حق از باطل متمیز گردد"۔

ہمارا سلوک نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوۂ حسنہ اور اُن کی سنت کی اتباع ہے اور حق کو باطل سے الگ کرتا ہے

گذشتہ تعریفات سے اہل علم ایک حد تک تصوف سے متعارف ہو چکے ہوں گے۔ مشائخ صوفیہ کے حالات و سیر سے اور ان کی متداول اصطلاحات سے مسئلہ کا صرف ایک ہی رُخ نظر کے سامنے آتا ہے اور وہ یہ ہے کہ جانبازوں کا یہ گروہ اپنے خیالات و افکار کے لحاظ سے اُونچا ہے، سیرت کے لحاظ سے بلند ہے اور اس کا زندگی کے بارے میں خاص زاویہ نظر ہے اور ان بزرگوں کی تگ و دو اور توجہات کا مرکزی نقطہ اللہ تعالیٰ کی ذاتِ گرامی ہے۔

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ اسلامی تصوف مندرجہ ذیل رجحانات سے ترتیب پاتا ہے یہ عناصر کُل چھ ہیں۔

(۱) انفرادیت اس سے مراد خلوت ہے، جس کا مطلب یہ ہے کہ راہرو معرفت اپنی تمام تر توجہات کو اللہ تعالیٰ پر مرکوز کر دے۔

(۲) تخصیص اس سے مراد صوفیہ کی امتیازی خصوصیت ہے جس میں

قریش نے جب دیکھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے جانثار و مددگار مکہ کے علاوہ مدینہ بھی میں بھی کافی تعداد میں ہو گئے ہیں تو اُن کی نیندیں حرام ہو گئیں کہ کہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم بھی مدینہ میں نہ چلے جائیں اور وہاں سے اپنے حامیوں کی فوج ظفر موج کے ساتھ مکہ پر حملہ آور ہوں۔ لہٰذا اُنہوں نے دارالندوہ میں جمع ہو کر شیخ نجدی کے مشورہ سے یہ قرار دیا کہ آج رات ہی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو قتل کر دیا جائے۔ تاکہ نہ رہے بانس نہ بجے بانسری۔ اللہ تعالیٰ نے بذریعہ وحی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو قریش کے اس مذموم فیصلے کی خبر کر دی۔ کفار نے قرار داد کے مطابق رات ہوتے ہی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دولت کدہ کو گھیرے میں لے لیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اپنے بستر پر چھوڑا اور مٹھی بھر خاک لے کر سورۂ یٰسین شریف کی شروع کی آیات پڑھ کر کفار پر پھینک دی جس کی وجہ سے کفار کو کچھ نظر نہ آیا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم وہاں سے نکل کر حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ساتھ لے کر عازمِ مدینہ ہو گئے۔ تین راتیں غارِ ثور میں گزاریں۔ براستہ میں سراقہ بن جعشم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے تعاقب میں آیا مگر آپؐ کی دُعا سے اُس کا گھوڑا زمین میں دھنس گیا اور وہ معافی مانگ کر واپس چلا آیا۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ۱۲ ربیع الاوّل دوشنبہ (پیر) کے دن قبا میں پہنچے یہی تاریخ اسلامی سال (سن ہجری) کی ابتدا ٹھہری۔ آپؐ نے قبا میں مسجد قباء کی بنیاد ڈالی جس کا ذکر قرآن مجید میں آیا ہے۔ یہاں سے جب آپ مدینہ شریف جلوہ افروز ہوئے تو مسلمانوں میں مسرت کی جو لہر دوڑی اُسے احاطۂ تحریر میں نہیں لایا جا سکتا۔ آپؐ نے حضرت ابو ایوب انصاریؓ کے مکان پر قیام فرمایا۔ اس سال مسجد نبوی، ازواج مطہرات کے لیے حجرے اور مہاجرین کے لیے مکانات تعمیر کئے گئے، اذان شروع کی گئی اور صحابہ کرامؓ میں بھائی چارہ پیدا فرمایا۔

ہجرت کے دوسرے سال بیت المقدس کے بجائے کعبہ شریف قبلہ نماز ٹھہرا رمضان المبارک کے روزے فرض ہوئے اور غزوات و سرایا کا آغاز ہوا۔ غزوات تعداد میں ۲۷ ہیں اور سرایا ۴۷ بڑے بڑے غزوات جن کا ذکر قرآن مجید میں ہے سات ہیں۔ بدرؔ

اُنہیں مرتبۂ اختصاص حاصل ہوتا۔

(۳) اخلاص اعمال وحسنات میں یہ خُوبی تصوّف کی جان ہے

(۴) مَعرفت اس کے تین درجے ہیں:۔

(ا) اپنے گردوپیش کی جزئیات کا جزوی علم۔

ب:۔ منطقی قضایا کو ترتیب دینا اور جزئیات سے بطور استقراء کے نتائج مستنبط کرنا۔

ج:۔ بغیر ترتیب قضایا کے ذہن انسانی پر بعض حقائق کا دفعتہً انکشاف۔

(۵) ترجیحِ آخرت یہ حضرات آخرت کو اس درجہ اہم، ضروری اور حقیقی سمجھتے ہیں اور اس کے ہجوم وافکار میں اس درجہ مستغرق اور مشغول رہتے ہیں کہ دُنیا کی جھوٹی اور عارضی رعنائیوں کی طرف نظر اُٹھا کر بھی نہیں دیکھتے اور نہ ہی اُن کو دیکھنے کی فرصت ہوتی ہے"

(۶) ترجیحِ معانی یہ وہ ہمہ گیر عنصر ہے جو دنیا بھر کے متصوفانہ ادب میں پایا جاتا ہے، اس کا تعلق ان کے مخصوص اندازِ تعبیر سے ہے۔ امامِ ربانی مجدّد الف ثانی شیخ احمد سرہندی قدس سرّہ اپنے ایک مکتوب میں فرماتے ہیں۔

"خدا تعالیٰ کی معرفت اُس شخص پر حرام ہے جس کے باطن میں دُنیا کی محبت رائی کے دانہ جتنی بھی ہو یا اُس کے باطن کو دُنیا کے ساتھ اس قدر تعلق ہو"

المختصر، تصوّف تو یہی کچھ ہے کہ ہر ایک شے کی قیمت بقدرِ جنس ہے دُنیادار دُنیا کے لیے کتنی محنت ومشقت برداشت کرتے ہیں یہ جانتے ہوئے کہ یہ گزشتنی ہے۔ اہل آخرت دُنیا کی لذتوں کو اِس اُمید پر ترک کرتے ہیں کہ آخرت میں اس سے بڑھ کر نعمت ملیگی۔ جو جاودانی ہے۔ طالبِ حق کو دُنیا اور آخرت دونوں ترک کرنا

احدؔ، خندقؔ، خیبرؔ، فتح مکہؔ، حنینؔ، تبوکؔ۔ جن غزوات میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے قتال فرمایا وہ یہ ہے۔ بدرؔ، احدؔ، خندقؔ، مصطلقؔ، خیبرؔ، فتح مکہؔ، حنینؔ، طائفؔ۔ سب سے آخری غزوہ تبوک ماہ رجب ۹ھ میں وقوع پذیر ہوا۔

ہجرت کے ساتویں سال کے آغاز میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے والیانِ مُلک (قیصر و کسریٰ اور نجاشی وغیرہ) کے نام دعوتِ اسلام کے خطوط ارسال فرمائے اور ۹ھ میں غزوہ تبوک سے واپسی پر آپ نے منافقین کی مسجد ضرار (جو مسلمانوں میں پھوٹ ڈالنے کے لیے بنائی گئی تھی) کو جلا دینے کا حکم دیا۔ اسی سال عربوں کے کثیر التعداد وفد بارگاہِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہوئے جس کی وجہ سے اِسے سالِ وفود بھی کہا جاتا ہے۔ یہ وفود عام طور پر دولتِ ایمان سے مالا مال ہو کر واپس گئے۔ ۱۰ھ میں بھی وفود حاضر خدمت ہو کر نورِ ایمان سے مشرف ہوتے رہے۔ اسی سال اہل یمن و ملوکِ حمیر ایمان لائے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آخری حج کیا جسے حجۃ الوداع کہتے ہیں۔

حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادتِ مبارکہ کے وقت پوری دنیا بالخصوص ملک عرب میں جہالت و گمراہی کا دور دورہ تھا۔ عربوں کی مذہبی اور اخلاقی پستی آخری حدوں کو پہنچی ہوئی تھی۔ موافق و مخالف، دوست اور دشمن، اپنے اور بیگانے سب کو یہ معلوم ہے کہ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم اُمّی تھے۔ اُمیّوں ہی میں آپ نے پرورش پائی۔ کسی کے سامنے زانوئے تلمذ تہہ نہ کیا اور نہ لکھنا پڑھنا سیکھا۔ مگر آپ نے تلمیذ الرحمٰن ہونے کی حیثیت سے اپنے اصحاب کرام کو وہ روحانی تعلیم دی کہ وہ معارف ربانی کے عارف اور اسرارِ فرقانی کے ماہر بن گئے۔ جس کسی نے بھی دولتِ ایمان سے سرفراز ہو کر کچھ وقت بھی آپ کے قدموں میں گزارا وہ عالمِ ربانی اور عارفِ یزدانی بن گیا۔ آپ کے فیضِ صحبت سے صحابہ کرام میں سے ہر ایک کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے نسبت خاصہ اور قوتِ قدسیہ عطا ہو گئی۔ الغرض حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم سب کو اسلام و ایمان اور احسان سے مالا مال کر کے اور سچے دین کے ظاہری و باطنی علوم سکھا کر ۱۲ ربیع الاول ۱۱ھ کو دوشنبہ ۸ جون ۶۳۲ء (پیر وار) کے دن الرفیق الاعلیٰ

ریں گی۔ بقول حکیم الامت حضرت اقبال رحمۃ اللہ علیہ۔ ؎

سوداگری نہیں یہ عبادت خدا کی ہے — اے بے خبر جزا کی تمنا بھی چھوڑ دے
صد کتاب و صد ورق و رنا رکن — خفتہ دل را یک دمے بیدار کن

تصوفِ اسلامی کے ماخذ

اب قرآن مجید سے وہ آیات دیکھئے جو تصوف کی تعلیم دیتی ہیں۔ تصوف کا متعلق اور مقصود تقویٰ ہے۔ اس بارے میں قرآن مجید نے بار بار متقین کی تعریف کی ہے اور اُن کیلئے جزائے خیر اور درجاتِ اعلیٰ کا ذکر کیا ہے۔ اسی کو بہترین زادِ راہ قرار دیا گیا ہے۔ جیسا کہ ارشادِ ربانی ہے خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوٰى۔ (بہترین توشہ (آخرت) تقویٰ ہے)۔ متقین کے بارے میں قرآن یوں گویا ہے۔

اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ مَفَازًا۔ — بے شک متقین کے لیے بہت بڑی کامیابی ہے۔ (پارہ — ۳۰)

اسی طرح متعدد آیات متقین، صالحین، صادقین اور زاہدین کے بارے میں قرآن مجید میں جا بجا ملتی ہیں جو کہ صوفیاء کے احوال کو ظاہر کرتی ہیں۔

صوفیہ، ذکرِ الٰہی کو اوّل مقام دیتے ہیں یہاں تک کہ "ہر دم غافل سو دم کافر" اب اس کے تحت قرآنی آیات ملاحظہ فرمائیں:۔

فَاذْكُرُوْنِيْٓ اَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوْا لِيْ وَلَا تَكْفُرُوْنِ (البقرہ ۱۵۲) — تم میرا ذکر کرو میں تمہیں یاد کروں گا میرا شکر ادا کرو اور ناشکری نہ کرو۔

صوفیہ، خدا کو شہ رگ سے بھی نزدیک جانتے ہیں جو کہ ایک قرآنی حقیقت ہے

نَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ۔ — ہم شہ رگ سے بھی نزدیک تر ہیں۔

صوفیہ بیعت کرتے ہیں اور اسے خدا اور اُس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت بتاتے ہیں۔ جیسا کہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ اِنَّمَا — بے شک جو لوگ آپ کی بیعت

پکارتے ہوئے عالمِ فانی سے عالم باقی کی طرف تشریف لے گئے۔ مگر حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم رحمۃ اللعالمین اور حیات النبی ہیں۔ قیامت تک حضورؐ کی اُمت مرحومہ کو حضورؐ سے وہی فیضان بواسطہ خواصِ اُمت، علمائے کرام وصوفیہ پہنچتا رہیگا، جو حضورؐ کی ظاہری زندگی میں پہنچتا تھا۔ حضورؐ کی اُمت میں وقتاً فوقتاً اولیا، وصلحا پیدا ہوتے رہیں گے جو آپؐ کی اُمت کو ظاہری و باطنی علوم کے فیضان سے مالامال کرتے رہیں گے۔ اور ان اولیائے کرام کے ذریعے حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کی تصدیق ہوتی رہیگی۔ چنانچہ حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ اپنی معرکۃ آلارا کتاب کشف المحجوب میں یوں فرماتے ہیں۔

"خداوند تعالیٰ برہان نبوی را تا امروز باقی گردانیدہ است واولیاء را سبب اظہار آں کردہ۔ تا پیوستہ آیاتِ حق وحجت صدق سیدنا محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ظاہری باشند۔ ومر ایشان راوالیانِ عالم گردانیدہ تا محرم وے گشتہ اند وراہ متابعتِ نفس را در توشتہ، از آسمان باراں برکت اقدام ایشان آید۔ واز زمین نباتات برکات صفائی احوال ایشان رُوید۔"

ترجمہ:۔ "اللہ تعالیٰ نے برہانِ نبوی کو آج تک کے لیے باقی رکھا ہے اور اولیاء کو اُس کے اظہار کا سبب بنایا ہے تاکہ آیاتِ حق اور حجت صدق سیدنا محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمیشہ ظاہر ہوتی رہیں اور اُن کو دُنیا کے والی گردانا گیا ہے۔ یہاں تک کہ وہ اس کے محرم ہو گئے ہیں اور انہوں نے متابعتِ نفس کو اپنا رستہ بنایا ہے۔ آسمان سے بارش اُن کے قدموں کی برکت سے آتی ہے اور زمین سے نباتات اُن کے صفائے احوال کی بدولت اُگتے ہیں۔"

حضرت سائیں توکل شاہ انبالوی رحمۃ اللہ علیہ یوں ارشاد فرماتے ہیں:۔

"حقیقت محمدیہ کا تعلق جس طرح ذاتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حیات میں تھا بعینہٖ وہی تعلق اب بعد وصال ظاہری بھی بدن مبارک کے ساتھ ہے یہی

یُبَایِعُوْنَ اللّٰہَ ط یَدُ اللّٰہِ فَوْقَ اَیْدِیْھِمْ۔ (فتح ، ۱۰)

کرتے ہیں وہ اللہ کی بیعت کرتے ہیں اللہ کا ہاتھ ان کے ہاتھوں پر ہے۔

صوفیہ کے نزدیک نیکی وہی قابل ہے جس میں خلوص ہو۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰی تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ ط (آل عمران آیت ۹۲)

(سورۂ آل عمران آیت ۹۲)

تم ہرگز نیکی کو نہیں پا سکتے جب تک اس چیز سے خرچ نہ کرو جو تمہیں بہت پسند ہو۔

صوفیہ، توبہ پر زور دیتے ہیں جس کا قرآن مجید میں متعدد مقامات پر ذکر آیا ہے۔

یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا تُوْبُوْٓا اِلَی اللّٰہِ تَوْبَۃً نَّصُوْحًا ط

(سورہ تحریم آیت ۸)

(سورہ تحریم آیت ۸)

اے ایمان والو! اللہ کی طرف خالص توبہ کرو۔ یعنی خدا کی بارگاہ میں صاف دل سے جھک کر توبہ کرو۔

صوفیہ دُنیا کو ہیچ جانتے ہیں۔ اس بارے میں قرآنی ارشاد ملاحظہ ہو۔

وَمَا الْحَیٰوۃُ الدُّنْیَآ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ط

(سورہ الحدید آیت ۲۰)

دنیا کی حیاتی سامانِ دھوکہ وفریب ہے۔

صوفیہ لوگ شب بیداری کو اپنا شعار سمجھتے ہیں۔ اس بارے میں ارشادِ ربانی ہے:

تَتَجَافٰی جُنُوْبُھُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ

(سورہ سجدہ آیت ۱۶)

اُن کے پہلو بستروں سے الگ رہتے ہیں

اسی طرح ارشاد ہوتا ہے۔

وَمِنَ الَّیْلِ فَتَھَجَّدْ بِہٖ نَافِلَۃً لَّکَ۔ (سورہ بنی اسرائیل آیت ۷۹)

اور رات کو تہجد پڑھیں جو آپ کے لیے نفع بخش ہے۔

وجہ ہے کہ آپ کے دین کو کوئی نہیں بدل سکتا اور جس طرح حضور پُر نورؐ کی حیات میں آپ کے تصرفات جاری تھے ویسے ہی اب بھی جاری ہیں یہی معنی ہیں حیات النبیؐ ہونے کے۔ اور اسی وجہ سے قطب غوث، ابدال، اوتاد وغیرہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اُمت میں ہوتے رہیں گے "

(ذکر خیر)

بطور تبرک حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک کے چند بڑے بڑے واقعات کی نہایت مختصر سی فہرست پیش کر دی گئی ہے۔ اِن واقعات کی تفصیل اور حضورؐ انور کے خُلقِ عظیم حُلیہ شریف و معجزات و مناقب و خصائص اور اُمت پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حقوق وغیرہ کے بیان کے لیے حضرت مولانا نور بخش توکلی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب ۔ سیرتِ رسول عربیؐ حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ کی کتاب مدارج النبوت و سیرت کی دیگر کتابوں کا مطالعہ ہر مسلمان کے لیے ضروری ہے۔

ارشاداتِ قُدسیہ

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاداتِ قدسیہ کا دائرہ بہت وسیع ہے۔ زندگی کا کوئی شعبہ ایسا نہیں ہے جس کے متعلق آپؐ کے ارشادات عالیہ نہ پائے جاتے ہوں۔

(۱) رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا کہ قیامت کے دن خدا کے نزدیک بندوں میں سے کون سا بندہ زیادہ فضیلت والا اور زیادہ بلند مرتبہ والا ہوگا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ وہ مرد اور وہ عورت جو ذکرِ خدا زیادہ کرتے ہیں۔ عرض کیا گیا، یا رسولؐ اللہ! کیا خدا کا ذکر زیادہ کرنے والے راہِ خدا میں جہاد کرنے والے سے زیادہ فضیلت والے اور زیادہ بلند مرتبے والے ہوں گے۔ آپ نے فرمایا کہ غازی اگر اپنی تلوار سے کافروں اور مشرکوں کو قتل کرے یہاں تک کہ وہ ٹوٹ جائے اور وہ خون آلود ہو جائے۔ خدا کا ذکر کرنے والا درجہ میں اُس سے بڑھ کر ہوگا (امام احمد و ترمذی)

(۲) جب تم بہشت کی چراگاہوں میں گزرو۔ تو چرو۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا کہ

صوفیہ، محبتِ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ہی اصل ایمان جانتے ہیں اور یہ آیت پیش کرتے ہیں :۔

قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ۔	آپ فرما دیں کہ اگر تم چاہتے ہو کہ اللہ تُم سے محبت کرے تو میری اتباع کرو۔ اللہ تم سے محبت کرے گا۔

(سورۂ آل عمران آیت ۳۱)

اور صوفیہ، درود شریف کو اپنا حرزِ جان بناتے ہیں اور یہ آیت پیش کرتے ہیں

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ؕ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا۔	بے شک اللہ اور اُس کے فرشتے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھتے ہیں۔ اے ایمان والو! تم بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر دُرود اور سلام بھیجا کرو۔

(الاحزاب آیت ۵۶)

تصوف کا دوسرا ماخذ حدیث شریف ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے معرفتِ نفس کے بارے فرمایا :۔

من عرف نفسه فقد عرف ربه۔	جس نے اپنے نفس کو پہچان لیا، اُس نے اپنے رب کو پہچان لیا۔

ذکر کے بارے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشادِ گرامی ہے :۔

لاتزال لسانك رطبا من ذكر الله۔	اللہ کے ذکر سے اپنی زبان کو ہمیشہ تر رکھو۔)

ارشادِ باری تعالیٰ کے مطابق حضور سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی ذکرِ خفی کو ترجیح دی۔ حدیث شریف کے الفاظ ملاحظہ ہوں۔

خير الذكر الخفي۔	بہترین ذکر، ذکرِ خفی ہے۔

ذکر سے متعلق آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا :۔

بہشت کی چراگاہیں کیا ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ ذکر کے حلقے۔ (ترمذی)

(۳) اللہ تعالیٰ کے ایسے فرشتے ہیں جو گلی کوچوں میں پھرتے ہوئے اہل ذکر کی تلاش میں رہتے ہیں اور جب وہ کسی جماعت کو اللہ کا ذکر کرتے ہوئے پاتے ہیں تو ایک دوسرے کو یوں پکارتے ہیں "اپنے مقصود کی طرف آؤ"۔ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ فرشتے اہل ذکر کو اپنے بازوؤں سے پہلے آسمان تک گھیر لیتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اُن فرشتوں سے پوچھتا ہے (حالانکہ وہ اُن کا حال زیادہ جانتا ہے) کہ میرے بندے کیا کہتے ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ فرشتے جواب دیتے ہیں کہ تیرے بندے تجھے پاکی، بزرگی اور ثنا اور عظمت سے یاد کرتے ہیں۔ پھر اللہ تعالیٰ پوچھتا ہے کہ کیا انہوں نے مجھے دیکھا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ فرشتے جواب دیتے ہیں کہ نہیں۔ اللہ کی قسم، انہوں نے تجھے نہیں دیکھا۔ پھر خدا تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ اگر وہ مجھے دیکھ لیتے تو اُن کا حال کیسا ہوتا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ فرشتے عرض کرتے ہیں کہ اگر وہ تجھے دیکھ لیتے تو وہ تیری عبادت میں اور تیری تعظیم کرنے میں سخت تر ہوتے اور تیری تسبیح زیادہ کیا کرتے۔ پھر اللہ تعالیٰ پوچھتا ہے کہ وہ کیا مانگتے ہیں؟ فرشتے عرض کرتے ہیں کہ وہ تجھ سے بہشت مانگتے ہیں۔ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ حق تعالیٰ پوچھتا ہے کہ کیا انہوں نے بہشت کو دیکھا ہے؟ فرشتے جواب دیتے ہیں کہ نہیں۔ اللہ کی قسم، اے پروردگار انہوں نے بہشت کو نہیں دیکھا۔ پھر اللہ تعالیٰ پوچھتا ہے کہ اگر وہ بہشت کو دیکھ لیتے تو اُن کا حال کیسا ہوتا؟ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ فرشتے جواب دیتے ہیں کہ اگر وہ بہشت کو دیکھ لیتے تو اُس کی حرص اور اُس کی طلب میں سخت تر ہوتے اور اُس کی رغبت زیادہ کرتے۔ پھر اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ وہ کس چیز سے پناہ مانگتے ہیں۔ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ فرشتے عرض کرتے ہیں کہ دوزخ کی آگ سے۔ پھر حق تعالیٰ پوچھتا ہے کہ کیا

الذکر خیر من الصدقۃ — ذکر صدقہ سے بھی بہتر ہے۔

نماز کے بارے میں فرمودۂ رسولِ انام صلی اللہ علیہ وسلم یوں ہے۔

الصلوٰۃ عماد الدین من اقامھا فاقام الدّین ومن ھدمھا فقد ھدم الدین۔

نماز دین کا ستون ہے۔ جس نے اسے قائم کیا اس نے دین کو قائم کیا جس نے اسے گرادیا اس نے دین کو ختم کر دیا۔

باہمی احترام کے بارے میں ارشادِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم یوں ہے۔

المسلم من سلم المسلمون من لسانہ ویدہ۔

مسلمان کے ہاتھ اور زبان سے دوسرے مسلمانوں کو کوئی نقصان نہ پہنچے۔

تقویٰ، عبادات، حقوق العباد، آخرت اور توبہ کے بارے میں میں کتبِ احادیث میں کئی ابواب ملتے ہیں۔ شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کی وضاحت یوں کی ہے۔ ؎

خلافِ پیغمبر کسے رہ گزید
کہ ہرگز بمنزل نخواہد رسید

جس کسی نے بھی حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سُنّتِ مطہرہ کے خلاف راستہ اپنایا وہ کبھی بھی منزل پر نہ پہنچ سکے گا۔

علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اسی طرف اشارہ کیا ہے۔ ؎

بمصطفیٰ برساں خویش را کہ دین ہمہ اوست
اگر باو نرسیدی تمام بولہبی است

اپنے آپ کی رسائی بارگاہ مصطفوی تک کر کیونکہ اُن کی ذات مقدس ہی تمام دین ہے۔ اگر تو ایسا نہ کر سکا

اُنہوں نے دوزخ کی آگ کو دیکھا ہے؟ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ فرشتے جواب دیتے ہیں کہ نہیں، اللہ کی قسم، اے پروردگار۔ اُنہوں نے نہیں دیکھا۔ پھر حق تعالیٰ پوچھتا ہے کہ اگر وہ اُسے دیکھ لیتے تو ان کا حال کیا ہوتا؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ فرشتے عرض کرتے ہیں کہ اگر وہ دوزخ کی آگ کو دیکھ لیتے تو اُس سے بھاگنے اور ڈرنے میں سخت تر ہوتے۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ حق تعالیٰ فرماتا ہے "میں تمہیں گواہ بناتا ہوں کہ میں نے اُن کو بخش دیا"۔ اس پر ان فرشتوں میں سے ایک فرشتہ عرض کرتا ہے کہ ان میں سے فلاں شخص ذکر کرنے والوں میں سے نہیں، وہ تو کسی کام کے لیے آیا تھا۔ حق تعالیٰ فرماتا ہے کہ یہ وہ جماعت ہے کہ اُن کا ہمنشین محروم نہیں رہتا۔ (امام بخاری)

(۴) اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں اپنے بندے کے گمان کے نزدیک ہوں وہ جو میری نسبت رکھتا ہے۔ اور میں اُس کے ساتھ ہوں جب وہ مجھے یاد کرتا ہے۔ اگر وہ مجھے اپنے جی میں یاد کرتا ہے تو میں بھی اُس کو اپنے جی میں یاد کرتا ہوں۔ اور اگر وہ مجھے آدمیوں کی جماعت میں یاد کرتا ہے تو میں اُسے اُس جماعت سے بہتر جماعت میں یاد کرتا ہوں۔ (بخاری و مسلم)

(۵) قیامت برپا نہ ہوگی یہاں تک کہ زمین میں کوئی اللہ اللہ کہنے والا نہ رہے گا۔ (مسلم)

(۶) افضل ذکر لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ہے اور افضل دُعا اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ہے (ترمذی و ابن ماجہ)

(۷) جو شخص مجھ پر ایک بار درود بھیجتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اُس پر دس بار دُرود بھیجتا ہے (مسلم)

(۸) جب تو نماز مغرب سے لوٹے (یعنی سلام پھیرے) تو کسی سے کلام کرنے سے پہلے سات بار کہہ لیا کر۔ اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ۔ (خدایا مجھے دوزخ کی آگ سے پناہ دے) کیونکہ اگر تو یہ کہہ اور پھر اُسی رات مرجائے تو تیرے

تو تُو ابولہب کی طرح ہے۔

وَمَا تَوْفِيْقِيْ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

لیے دوزخ کی آگ سے رہائی لکھی جاتی ہے اور جب تُو نمازِ صبح ادا کرے تو ان ہی کلمات کو سات مرتبہ کہہ لیا کر، اگر تو اُسی دن مرجائے تو تیرے لیے دوزخ کی آگ سے رہائی لکھی جاتی ہے۔ (ابو داؤد)

(۹) دو کلمے ایسے ہیں جو زبان پر آسان اور میزانِ اعمال میں بھاری اور خدا کے نزدیک محبوب ہیں۔ یعنی سُبْحَانَ اللّٰہِ وَ بِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ۔
(بخاری و مسلم)

(۱۰) یہ کہنا سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ۔ میرے نزدیک محبوب تر ہے ہر چیز سے جس پر سورج طلوع ہوا ہے۔ (امام مسلم)

(۱۱) کسی نے کبھی اپنے ہاتھ کی کمائی سے بہتر کوئی طعام نہیں کھایا۔ حضرت داؤد علیہ السلام اپنے ہاتھ کی کمائی سے کھایا کرتے تھے۔ (امام بخاری)

(۱۲) جو شخص صبح کے وقت یوں کہے۔
اَللّٰھُمَّ مَا اَصْبَحَ بِیْ مِنْ نِّعْمَۃٍ اَوْ بِاَحَدٍ مِنْ خَلْقِکَ فَمِنْکَ وَحْدَکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ الْحَمْدُ وَلَکَ الشُّکْرُ۔
ترجمہ:۔ یا اللہ! صبح کو میرے پاس یا تیری خلق میں سے کسی کے پاس جو نعمت ہے وہ تجھ تنہا کی طرف سے ہے۔ پس تیرے لیے حمد ہے اور تیرے لیے شکر ہے) اور جو شخص اسی طرح شام کے وقت کہے
اَللّٰھُمَّ مَا اَمْسٰی بِیْ مِنْ نِّعْمَۃٍ الخ اُس نے رات کا شکر ادا کر دیا۔ (ابو داؤد)

(۱۳) جب تم میں سے کوئی اپنے بستر پر لیٹنے لگے تو اُسے چاہیئے کہ اپنے بستر کو اپنے تہ بند کے اندرونی حاشیہ کے ساتھ جھاڑے۔ کیونکہ وہ نہیں جانتا کہ اُس کے بعد کونسی چیز بستر پر پڑی ہے۔ پھر یہ دُعا پڑھے۔
بِاسْمِکَ رَبِّیْ وَضَعْتُ جَنْبِیْ وَبِکَ اَرْفَعُہٗ اِنْ اَمْسَکْتَ نَفْسِیْ فَارْحَمْھَا وَاِنْ

تصوّف چیست؟

(حکیم امین الدین احمد ـــــ شادباغ لاہور)

حضرت ابوالحسن نوری رحمۃ اللہ علیہ نے تصوّف کی یہ تعریف بیان کی ہے کہ اعتقاداتِ صحیحہ اور فرائض وسُنن کی پابندی کے ساتھ تمام اخلاقِ رذیلہ سے علیحدہ ہونے اور جملہ اخلاقِ فاضلہ سے متصف ہونے کو تصوّف کہتے ہیں۔

حضرت ذوالنون مصری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ تمام تعلقات سے الگ تھلگ ہوکر اللہ تعالیٰ کے حضور حاضر رہنے کو تصوّف کہتے ہیں۔

حضرت مرتعش رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حقائق ومعارف کو حاصل کرنے اور اہل دنیا سے کُلیتہً ناامید ہوجانے کا نام تصوّف ہے۔

حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ نفس کو لوازمِ عبودیت کی مشق کرانا ہی تصوّف ہے۔

حضرت سری سقطی رحمۃ اللہ علیہ نے نہایت مختصر الفاظ میں تصوّف کی یہ تعریف کی ہے کہ اخلاقِ حسنہ کا نام تصوّف ہے۔

ابوحفص حدار نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے کہ ظاہر وباطن میں آدابِ شرعیہ کے ساتھ قائم ہونے کو تصوّف کہتے ہیں۔ اس طرح کہ ان کا اثر ظاہر سے باطن اور باطن سے ظاہر پر پہنچ جائے۔

حضرت بشر بن الحارث رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اللہ تعالیٰ کے ساتھ صدق برتنے اور مخلوقات کے ساتھ خُلق برتنے کو تصوّف کہتے ہیں۔

اَرْسَلْتَهَا فَاحْفَظْهَا بِمَا تَحْفَظُ بِهٖ عِبَادَكَ الصَّالِحِيْنَ۔

ترجمہ:۔ اے میرے پروردگار! میں نے تیرے نام سے اپنا پہلو (بستر پر) رکھا ہے اور تیرے نام سے اُسے اٹھاؤں گا۔ اگر تو میری رُوح کو قبض کرے تو اُس پر رحم کرنا اور اگر تُو اس کو چھوڑ دے تو اُسے نگاہ رکھنا جیسا کہ تو اپنے نیک بندوں کو نگاہ رکھتا ہے۔) اور ایک روایت میں ہے کہ بستر کو جھاڑ کر اپنے دائیں پہلو کے بل لیٹ جائے بعد ازاں یہ دُعا آخر تک پڑھے (بخاری و مسلم)

(۱۴) جو شخص اپنے بستر پر لیٹتے وقت تین بار کہے۔ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ۔ خدا تعالیٰ اُس کے گناہ بخش دیتا ہے۔ اگرچہ وہ سمندر کی جھاگ کی مانند ہوں یا صحرا کی ریت کے ذرّوں کے برابر یا درختوں کے پتوں کے برابر یا دنیا کے دنوں کے برابر۔ (ترمذی)

(۱۵) حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ حضرت سیّدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو معلوم ہوا کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس مالِ غنیمت میں غلام اور لونڈیاں آئے ہیں۔ وہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمتِ بابرکت میں حاضر ہوئیں تاکہ چکی پیسنے کی مشقت سے اپنے ہاتھوں کی تکلیف کا ذکر کر کے ایک لونڈی طلب کریں۔ حضورؐ اس وقت گھر پر جلوہ افروز نہ تھے۔ چنانچہ اُنہوں نے اپنا حال ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے عرض کیا۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قول ہے کہ حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے تشریف فرما ہوئے۔ اُس وقت ہم اپنے بستروں پر لیٹ چکے تھے ہم اُٹھنے لگے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اپنی جگہ پر رہو۔ حضورؐ میرے اور فاطمہؓ کے درمیان بیٹھ گئے یہاں تک کہ میں نے حضورؐ اقدس کے قدم مبارک کی ٹھنڈک اپنے پیٹ پر محسوس کی۔ حضورؐ اکرم نے فرمایا

حضرت شیخ علی ہجویری داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ کے قول کے مطابق اخلاق ومعاملات کو مہذب بنانے اور اپنے باطن کو شرک وکفر کی آلودگیوں اور نجاستوں سے پاک کرنے کا نام تصوف ہے۔

لفظ صوفی کے ماخذ کے متعلق بھی مختلف اولیاء کرام کے نظریات مختلف ہیں۔ چنانچہ بشر بن الحارث رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ "صوفی وہ ہے جس کا دل اللہ تعالیٰ کی خاطر پاک وصاف ہو"۔ بعض کا قول ہے کہ انہیں "صوفی" اس لیے کہا گیا ہے کہ وہ خدائے عزوجل کے حضور میں پہلی صف میں ہیں۔ سید الطائفہ حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اُن کو "صوفی" اس وجہ سے کہتے ہیں کہ اُن کے اوصاف اُن اہلِ صفہ کے اوصاف سے ملتے جلتے ہیں۔ جو عہد رسالت میں تھے۔

کسی نے اس کو صفا سے مشتق کہا ہے تو کسی نے اس کا تعلق یونانی لفظ "سوفی" سے قائم کیا ہے جس کے معنی "عرفان" کے ہیں۔ ایک گروہ کہتا ہے اور اس رائے سے ابن خلدون بھی متفق ہیں کہ انہیں صوف پہننے کی وجہ سے صوفی کہا گیا ہے چونکہ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم اُون کی موٹی کھردری کملی اوڑھتے تھے۔ اس لیے عاشقانِ رسول انام صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اسی لباس کو اختیار کیا۔

لفظ صوفی اور تصوف کی اصطلاح کی تاریخ کے متعلق بھی اقوال مختلف ہیں اگرچہ بعض کا قول ہے کہ اسلام میں تصوف ایک زائیدہ لفظ ہے اور صوفی کا لقب اہل بغداد کی ایجاد ہے۔

مگر علامہ ابو نصر عبداللہ بن علی السراج الطوسی رحمۃ اللہ علیہ اس لقب کو اہل بغداد کی ایجاد نہیں سمجھتے بلکہ ان کو نہایت قدیم زمانہ میں اس کا سراغ ملتا ہے۔ چنانچہ موصوف اپنی تصنیف منیف "کتاب اللمع" میں لکھتے ہیں کہ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کے زمانہ میں یہ نام مشہور تھا جنہوں نے اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک جماعت کا زمانہ پایا تھا۔ موصوف یہ بھی روایت کرتے ہیں کہ میں نے طواف میں ایک صوفی کو دیکھا اور اُن کو کچھ دینا چاہا مگر اُنہوں نے نہیں لیا۔ نیز موصوف

کیا میں تم کو اُس سے بہتر نہ دوں جس کا تُم نے سوال کیا ہے۔ جب تم اپنے بستر پر لیٹو تو ۳۳ بار سبحان اللہ، ۳۳ بار الحمد اللہ اور ۳۴ بار اللہ اکبر پڑھ لیا کرو۔ یہ تمہارے واسطے لونڈی سے بہتر ہے۔ (بخاری و مسلم)

(۱۶) اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَ اَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰی عَھْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَیَّ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ فَاِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ افضل استغفار مندرجہ بالا دُعا ہے جو شخص ان کلمات کو دن کے کسی حصہ میں پڑھے اور اِن پر یقین کامل رکھے تو اگر وہ اُسی شام سے پہلے مرجائے تو وہ اہل بہشت میں سے ہوگا۔ اگر رات کے کسی حصہ میں پڑھے اور مکمل یقین و اعتقاد رکھتا ہو اور وہ صبح سے پہلے مرجائے تو وہ اہل بہشت میں سے ہے۔ (امام بُخاری)

(۱۷) جب رات کا آخیر تہائی حصہ باقی ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ پہلے آسمان کی طرف اترتا ہے اور ارشاد فرماتا ہے کہ ہے کوئی جو مجھے پُکارے تاکہ میں اُس کی دُعا قبول کروں، ہے کوئی جو مجھ سے سوال کرے تاکہ میں اُسے عطا کروں اور ہے کوئی جو مجھ سے بخشش طلب کرے تاکہ میں اُسے بخش دوں۔"

(بخاری و مسلم)

(۱۸) خوشی ہو اُس شخص کو جس نے اپنے نامہ اعمال میں کثرت سے استغفار پائی۔

(ابن ماجہ و نسائی)

(۱۹) جس شخص نے کھانا کھانے کے بعد یُوں کہا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَطْعَمَنِیْ ھٰذَا الطَّعَامَ وَرَزَقَنِیْہِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِنِّیْ وَلَا قُوَّۃٍ۔

بیان کرتے ہیں کہ ایک کتاب میں جس میں اخبارِ مکہ جمع کئے گئے ہیں۔ محمد بن اسحاق بن یسار رحمۃ اللہ علیہ اور دوسرے لوگوں سے یہ روایت ہے کہ اسلام سے پہلے کسی وقت میں مکہ خالی ہو گیا تھا، یہاں تک کہ کوئی شخص خانہ کعبہ کا طواف نہیں کرتا تھا۔ اس وقت کسی دُور دراز ملک سے صرف ایک صوفی آتا تھا اور طواف کر کے واپس چلا جاتا تھا۔ پس اگر یہ روایت صحیح ہے تو اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ قبل از اسلام یہ نام مشہور تھا۔ اور اس کی طرف اہل اصلاح منسوب کئے جاتے تھے۔ لیکن جہاں تک تاریخی روائیتوں سے ثابت ہے، اسلام میں سب سے پہلے ابو ہاشم صوفی کو یہ خطاب ملا جنھوں نے سنہ ۱۵۰ھ میں وفات پائی۔

امام قشیری رحمۃ اللہ علیہ اپنے رسالہ میں فرماتے ہیں کہ "رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں صحابہ کے علاوہ اور کوئی لقب ایجاد نہیں ہوا کیونکہ شرفِ صحبت سے بڑھ کر کوئی شرف نہیں ہو سکتا تھا"۔ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی صحبت کو وہ عظمت اور خصوصیت حاصل ہے کہ جس شخص کو یہ عزت حاصل ہو گئی اُس کو کوئی دوسرا خطاب جو اُس سے بھی بڑھ کر ہو نہیں دیا جا سکتا۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم، زُہاد، عُباد متوکلین فقراء، صوفیاء، اہلِ رضا، اہل صبر اور اہل تواضع کے امام ہیں اور اُن کو یہ رُتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فیضِ صحبت سے حاصل ہوا۔ اس لیے زمانۂ باسعادت میں مومن کے لیے کوئی لفظ "صحابی" سے زیادہ افضل نہیں ہو سکتا تھا۔ چنانچہ اُس وقت کے افاضل اسی لقب سے موسوم ہوئے۔ اس کے بعد ان صحابیوں سے صحبت یافتہ حضرات کے لیے "تابعین" کی اصطلاح وضع ہوئی اور اُن کی صحبت پانیوالے "تبع تابعین" کہلائے۔

اس کے بعد جب اُمت زیادہ پھیلی تو بزرگانِ دین زاہد اور عابد کے لقب سے ممتاز ہوئے لیکن زہد و عبادت کا دعویٰ ہر فرقے کو تھا۔ یہاں تک کہ اہل بدعت کو بھی تھا۔ اُس وقت اہل سنت کے طبقۂ خاص نے جو ذکرِ الٰہی میں مشغول اور غفلتوں سے دور رہتا تھا۔ اپنے لیے "اہل تصوف" کی اصطلاح قائم کی اور صوفی کہلائے

ترجمہ:۔ سب تعریف اللہ کے لیے ہے جس نے مجھے یہ کھانا کھلایا اور بغیر کسی حیلہ وقوت کے یہ کھانا مجھے دیا۔) اُس کے پچھلے اور اگلے صغیرہ گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں اور جس شخص نے کپڑا پہن کر کہا ۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ كَسَانِیْ هٰذَا الثَّوْبَ وَرَزَقَنِیْهِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّةٍ ۔ اُس کے اگلے پچھلے صغیرہ گناہ بخش دیئے جاتے ہیں۔

(۲۰) جو شخص ہر روز سو بار پڑھے لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ اس کو دس غلام آزاد کرنے کے برابر ثواب ملیگا۔ اور اُس کے لیے سو نیکیاں لکھی جاتی ہیں۔ اور سو برائیاں مٹا دی جاتی ہیں اور اُس شام تک۔ اُسے شیطان سے پناہ مل جاتی ہے اس سے بڑھ کر کسی شخص کا افضل عمل نہیں ہے مگر جو اس سے بھی زیادہ عمل کرے۔ (بخاری)

(۲۱) آدمی زاد کو اِن چیزوں کے سوا اور کسی چیز میں حق نہیں (یعنی قیامت کے دن ان چیزوں کا حساب نہ ہوگا۔) مکان رہنے کے لیے، کپڑا ستر عورت کے لیے روٹی کا ٹکڑا اور پانی (ترمذی)

(۲۲) ہر ایک آدمی کو قیامت کے دن بارگاہِ خداوندی میں کھڑا رکھا جائے گا یہاں تک کہ اُس سے پانچ چیزوں کا سوال نہ پوچھ لیا جائے۔ اس کی عمر کی بابت کہ کس کام میں بسر کی۔ اُس کی جوانی کی بات کہ کس کام میں بوسیدہ کی۔ اُس کے مال کی بابت کہ کہاں سے کمایا اور کس چیز پر اُسے خرچ کیا۔ اور اپنے علم پر کیا عمل کیا۔ (ترمذی)

(۲۳) تو دنیا میں اس طرح زندگی گزار کہ گویا مسافر ہے یا راہ گیر۔ (بخاری)

(۲۴) خدا نے اُس مرد کا عذر زائل کر دیا جس کی عمر لمبی کر دی یہاں تک کہ اُسے ساٹھ سال تک پہنچا دیا۔ (بخاری)

(۲۵) ایک شخص نے بارگاہِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہو کر عرض کیا،

اور یہ لقب دوسری صدی ہجری کے ختم ہونے سے پہلے رواج پا چکا تھا۔
لیکن بعض تنگ نظر حضرات زمانہ باسعادت کے بعد ہونیکی وجہ سے اس طریقہ کو بدعت کہتے ہیں۔ اس اعتراض کے جواب میں مولنا عبدالماجد دریا بادی فرماتے ہیں۔

"اگر تصوف، صوفی اور دوسری اصطلاحات، بدعت کے لغوی مفہوم کے لحاظ سے بدعت ہی میں داخل سمجھی جائیں تو پھر تفسیر، اصولِ تفسیر فقہ، اصولِ فقہ و کلام کے آج جو ماشاء اللہ دفتر کے دفتر موجود ہیں عہد رسالت میں یہ کہاں تھے اور سب کو جانے دیجئے براہِ راست سنّتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہی کو لیجئے آج حدیث کے متون ہی کا کتنا بڑا ذخیرہ موجود ہے۔ پھر ان کی شرحیں ہیں۔ ان کی تسہیل کے لیے مستقل لغات ہیں۔ رجال کا ایک مستقل فن ہے۔ احادیث کے جانچنے پرکھنے، روایت و درائت کے قانون اور ضابطے ہیں۔ سینکڑوں کی تعداد میں مصطلحاتِ فن ہیں، ظاہر ہے کہ عہد رسالت میں یہ کچھ بھی نہ تھا۔ سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی سادہ اور معمولی روزمرّہ کی گفتگو حدیث تھی اور آپ کا ہر چھوٹا بڑا عمل سنّت۔ تو کیا اب کوئی اس بنا پر حضرات محدثین کی ساری کاوشوں اور کوششوں کو بدعت کہہ دینے کی جرأت کرلے گا۔؟

اسی طرح حضرات فقہا کی ساری موشگافیاں، قیاس و اجماع کی بحثیں استقراء اور استنباط کا عقیدہ، اجتہاد کے مسائل، عبارت و اشارت اور دلالت النص کی قسم کی سینکڑوں اصلاحیں دورِ نبویؐ میں کہاں تھیں اور کیسے ہو سکتی تھیں۔ تو کیا بخاریؒ، مسلمؒ، ترمذیؒ، ابوداؤدؒ کی طرح ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ شافعی، مالک و احمد رحمۃ اللہ علیہم نخعی رحمۃ اللہ علیہ، اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ شیبانی رحمۃ اللہ علیہ اور طحاوی رحمۃ اللہ علیہ کی جانفشانیوں کو بھی ضائع قرار دینے اور بدعت

یارسول اللہ! آپ اس مرد کے بارے میں کیا ارشاد فرماتے ہیں جس نے ایک گروہ کو دوست رکھا اور وہ اُن سے ملا نہیں۔ آپ نے فرمایا "ہر انسان قیامت کے دن اُس کے ساتھ اُٹھے گا جس کو اُس نے دوست رکھا ہے"

(بخاری و مسلم)

(۲۶) اگر دنیا اللہ کے نزدیک ایک مچھر کے بازو کے برابر وقعت رکھتی تو وہ کسی کافر کو اُس کا ایک گھونٹ نہ پلاتا۔ (احمد و ترمذی و ابنِ ماجہ)

(۲۷) حلال اور حرام دونوں ظاہر ہیں۔ اِن دونوں کے درمیان مشتبہ چیزیں ہیں جن کو بہت سے لوگ نہیں جانتے۔ جس شخص نے مشتبہات سے پرہیز کیا۔ اُس نے اپنے دین اور اپنی آبرو بچالی اور جو شخص شُبہات میں پڑ گیا وہ حرام میں پڑ گیا اُس چرواہے کی طرح جو اپنے جانور چراگاہ کے اردگرد چراتا ہے نزدیک ہے کہ وہ چراگاہ کے اندر چرائے۔ آگاہ رہو کہ ہر ایک بادشاہ کی ایک چراگاہ ہے۔ اور آگاہ رہو کہ اللہ تعالیٰ کی چراگاہ اُس کے محارم میں ہے۔ آگاہ رہو کہ جسم میں ایک گوشت کا ٹکڑا ہے جب وہ دُرست ہو جاتا ہے تو تمام جسم درست ہو جاتا ہے اور جب وہ بگڑ جاتا ہے تو تمام جسم بگڑ جاتا ہے۔ آگاہ رہو کہ وہ گوشت کا ٹکڑا دل ہے۔ (بخاری و مسلم)

(۲۸) مومن کی فراست سے ڈرو کیونکہ وہ اللہ کے دئے ہوئے نُور سے دیکھتا ہے

(ترمذی)

(۲۹) جب انسان مر جاتا ہے تو اُس سے اُس کے عمل کا فائدہ منقطع ہو جاتا ہے مگر تین چیزوں کا فائدہ منقطع نہیں ہوتا۔ صدقۂ جاریہ، علم جس سے فائدہ اٹھایا جائے اور نیک فرزند جو اُس کے لیے دُعا کرے۔ (مُسلم)

(۳۰) اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ جو شخص نیک عمل کرتا ہے، اُس کے لیے دس گنا ثواب ہے اور میں اس سے زیادہ بھی دیتا ہوں۔ اور جو شخص بدی کرتا ہے اُس کا بدلہ ویسی ہی بدی ہے یا میں معاف کر دیتا ہے اور جو شخص مجھ سے ایک

کے حکم میں لانے کی جرأت کر کے شریعت ہی کے بہت بڑے حصے سے انکار کر دیا جائے گا؟ اور تو اور خود قرآن مجید اس مکتوبی شکل میں اعراب و علامات وقف سے مزین پاروں، سورتوں، رکوعوں اور آیتوں کے ساتھ مدون عہد رسالت میں یکجا کہاں موجود تھا؟

آگے چل کر مولانا عبدالماجد دریابادی مزید فرماتے ہیں۔

"غرض یہ کہ جو حال فقہ کا ہے، حدیث کا ہے، تفسیر کا ہے، جملہ علوم شرعی ظاہری کا ہے کچھ ایسا ہی حال علوم باطن یعنی سلوک و تصوف کا ہے۔ عہد نبوی میں بے شک نہ لفظ تصوف رائج تھا نہ صوفی اور نہ ذکر و شغل، حال و مقام، مکاشفہ اور مراقبہ کی وہ سینکڑوں اصطلاحیں مروج تھیں جن سے آج کتب فن لبریز ہیں۔ لیکن خود مرشد اور شیخ اور بیعت و مسترشد بھی اس اصطلاحی معنیٰ میں ناپید تھے لیکن اس اصطلاحی معنیٰ میں خود فن حدیث ہی کہاں موجود تھا نہ کوئی اسماء الرجال کے نام سے آشنا تھا، نہ جرح و تعدیل کے اصول و ضوابط سے، نہ ضعیف اور موضوع اور متواتر اور مشہور اور صحیح اور حسن کی اصلاحیں مقرر ہوئی تھیں، نہ کسی دماغ میں مدلس اور طبقات المدلسین کا مفہوم تھا۔

لیکن اگر لفظ و اصطلاح کی بحث سے گزر کر نفس حقیقت اور اصل مغز تک پہنچنا مقصود ہے تو جس طرح صحابی رضی اللہ عنہ یا بزم رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا صحبت یافتہ اور دربار رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا حاضر باش اپنی اپنی جگہ اور اپنے اپنے درجہ ظرف اور بساط و استعداد کے موافق مفسر تھا، محدث تھا فقیہ تھا، متکلم تھا۔ اسی طرح اور اسی نسبت سے صوفی و سالک بھی تھا۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم مریدین و مسترشدین تھے اور ان سب کے شیخ اور مرشد وہی جو ساری دنیا

بالشت بھر نزدیکی ڈھونڈتا ہے میں اُس سے ایک ہاتھ بھر نزدیکی ڈھونڈتا ہوں اور جو شخص مجھ سے ایک ہاتھ بھر نزدیکی ڈھونڈتا ہے میں اُس سے دو ہاتھ بھر نزدیکی ڈھونڈتا ہوں۔ اور جو شخص میرے پاس چل کر آتا ہے میں اُس کے پاس دوڑ کر آتا ہُوں اور جو شخص بمقدار زمین گناہ لے کر مجھ سے ملتا ہے میں اُس کی مثل مغفرت کے ساتھ اُس سے ملتا ہوں۔ (مُسلم)

(۳۱) اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ جو شخص میرے کسی ولی سے دشمنی رکھتا ہے میں اُسے لڑائی کی خبر دیتا ہوں (یعنی وہ شخص مجھے لڑائی کا چیلنج دیتا ہے) اور میرے جس بندے نے میرے نزدیک ہونے کے لیے فرائض سے زیادہ کسی اور چیز کو محبوب نہیں رکھا اور نوافل کی ادائیگی کے ساتھ میری نزدیکی کو تلاش کیا ہے۔ میں اُس کو دوست رکھتا ہوں اور جب میں اُس کو دوست رکھتا ہوں تو میں اُس کا کان بن جاتا ہوں جس سے وُہ سنتا ہے اور اُس کی آنکھ بن جاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے اور اُس کا ہاتھ بن جاتا ہوں جس سے وہ کسی چیز کو پکڑتا ہے اور اُس کا پاؤں بن جاتا ہوں جس سے وہ چلتا ہے۔ اگر وہ مجھ سے سوال کرے تو میں اُسے عطا (سوال پُورا) کر دیتا ہوں اور اگر وہ مجھ سے پناہ مانگے تو میں اس کو پناہ دیتا ہوں اور میں کسی چیز پر کام جس کو میں کرنے والا ہوں ایسا تردّد و توقف نہیں کرتا جیسا کہ مومن کی جان قبض کرنے میں توقف کرتا ہوں جو موت کو ناپسند کرتا ہے اور میں اُسے غمناک کرنے کو ناپسند کرتا ہوں۔ (بخاری)

(۳۲) جو شخص کسی کو مصیبت میں گرفتار دیکھے اور کہے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی كَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا۔
وہ مصیبت اُس کو نہ پہنچے گی خواہ وہ کوئی مصیبت ہو۔ (ترمذی)

(۳۳) کلمہ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ننانوے بیماریوں کی دوا ہے جن میں سب سے آسان غم ہے۔
(بیہقی در دعوتِ کبیر)

کے لیے معلّم و مزکّی و مطہّر ہو کر آئے تھے۔"

بہر حال لُغت کے اعتبار سے تصوّف کی اصل خواہ صوف ہو اور حقیقت کے لحاظ سے اس کا رشتہ چاہے صفا سے ملتا ہو، اس میں شک نہیں کہ یہ دین کا ایک اہم جزو ہے جس کی اساس خلوص فی العمل اور خلوص فی النیت پر ہے اور جس کی غائیت تعلق مع اللہ اور حصول رضائے الٰہی ہے۔

یہ تو اس دور کی سنّت ہے جب سرورِ کائنات فخرِ موجودات صلی اللہ علیہ وسلم غارِ حرا میں بیٹھ کر ذکرِ الٰہی میں مشغول رہتے تھے اس غارِ حرا میں تصوّف کا جو مقدس پودا لگایا گیا تھا وہ حضور پاک علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی متبرک تعلیمات کے ساتھ ساتھ پروان چڑھتا رہا اور ایک تناور درخت بن کر صبر و شکر، عزیمت و استقامت اخلاصِ نیت، اطاعتِ الٰہی اور اتباعِ سنّت کی صورت میں برگ و بار لایا اور اس عظیم الشان درخت کی ٹھنڈی اور گھنی چھاؤں میں لاکھوں بلکہ کروڑوں انسانوں کو سکونِ دل اور اطمینانِ قلبی میسّر آیا۔

تصوّف کے معنی تزکیۂ نفس اور جلائے قلب کے ہیں اور اگر کلامِ پاک کا بغور مطالعہ کیا جائے تو یہ نتیجہ بآسانی اخذ کیا جا سکتا ہے کہ انبیاء علیہم السلام کی بعثت کا مقصد ہی نفوسِ انسانی کا تزکیہ ہے۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کے لیے جو دُعا فرمائی اس کا مقصد بھی یہی بیان فرمایا:۔

"اے رب ہمارے تُو اُن میں اُنہی میں سے ایک رسول بھیج جو کہ اُن کو تیری آیتیں پڑھ کر سنائے اور ان کو کتاب و حکمت کی تعلیم دے اور اُن کا تزکیہ کر لے۔ بے شک تو غالب اور حکمت والا ہے۔

اس کے بعد حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا بارگاہِ الٰہی میں مقبول ہوئی اور حضور پاک علیہ الصلوٰۃ والسلام آخری نبی کی حیثیت سے اس دنیا میں تشریف لائے تو اس کی غرض و غائیت بھی اللہ تعالیٰ نے یہی بیان فرمائی۔

(۳۴) میں نے بہشت کو غور سے دیکھا تو اُس کے اہل میں سے بیشتر فقیروں کو دیکھا اور دوزخ کی آگ کو غور سے دیکھا تو اُس کے اہل میں سے اکثر عورتیں دیکھیں۔
(بخاری و مسلم)

(۳۵) تم میری رضا اُن ضعیفوں اور فقیروں کی رضا میں ڈھونڈو جو تم میں ہیں، کیونکہ تم کو صرف اِن ضعیفوں کی برکت سے رزق یا مدد ملتی ہے۔ (ابوداؤد)

(۳۶) فقراء تونگروں (امیروں) سے پانچ سو سال پہلے بہشت میں داخل ہوں گے
(ترمذی)

(۳۷) جس دن اللہ تعالیٰ کے سایہ کے سوا کوئی سایہ نہ ہوگا سات شخص ایسے ہیں۔ جن کو اللہ اپنے سایہ میں رکھے گا۔ امام عادل۔ جوان جس نے اپنے پروردگار کی عبادت میں نشوونما پائی۔ وہ مرد جس کا دل مسجدوں سے معلق ہے (یعنی جس کا دل مسجد میں ہی لگتا ہے۔) وہ دو مرد جن کی آپس میں محبت صرف اللہ کے واسطے ہے۔ وہ تمام زندگی اُسی پر اکٹھے رہے اور اُسی پر ہی جدا (فوت) ہوئے۔ وہ مرد جسے ایک خاندانی اور خوبصورت عورت نے دعوتِ گناہ دی مگر اُس نے کہا کہ میں اللہ رب العالمین سے ڈرتا ہوں، وہ مرد جس نے چھپا کر صدقہ دیا یہاں تک کہ اُس کا بایاں ہاتھ نہیں جانتا کہ دایاں کیا خرچ کر رہا ہے۔ وہ مرد جو تنہائی میں اللہ کا ذکر کرے تو اُس کی آنکھوں سے آنسو زار زار ٹپکنے لگیں۔
(بخاری)

(۳۸) اللہ تعالیٰ جب کسی بندے کو دوست رکھتا ہے تو جبرئیل علیہ السلام کو ارشاد فرماتا ہے کہ میں نے فلاں بندے کو دوست رکھا ہے تو بھی اُس کو دوست رکھ پس جبرئیل اس کو دوست رکھتے ہیں۔ پھر جبرائیلؑ آسمان میں پکارتے ہیں کہ اللہ نے فلاں بندے کو دوست رکھا ہے تم بھی اُس کو دوست رکھو۔ پس آسمان والے اس کو دوست رکھتے ہیں اور زمین والوں میں بھی اُس کی قبولیت پیدا ہو جاتی ہے۔ (بخاری)

"جیسا کہ ہم نے تُم میں ایک رسول تمہی میں سے بھیجا جو تُم کو ہماری آیتیں سناتا ہے اور ہمارا تزکیہ نفس کرتا ہے۔

اسی طرح سورۂ جمعہ میں نبی کریم علیہ الصلوۃ والسلام کی بعثت کی غرض وغایت بیان فرماتے ہوئے اللہ تعالیٰ نے حضرت اسماعیلؑ پر ان الفاظ میں احسان کا اظہار فرمایا ہے:۔

"وہ خدا ہے جس نے اُمیوں یعنی بنی اسماعیل میں انہیں میں سے ایک رسول بھیجا جو اُن کو اس کی آیتیں پڑھ کر سناتے ہیں اور اُن کا تزکیہ کرتے ہیں۔

اسی طرح حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بعثت کا اصل مدعا اِس چیز کو قرار دیا گیا ہے

"یعنی فرعون کے پاس جاؤ، وہ سرکش ہو گیا ہے اور اُس سے کہو کہ ہے تیرے اندر کچھ رغبت کہ تو تزکیہ حاصل کرے"

نیز قرآن مجید اس بات پر شاہد ہے کہ آخرت میں انسان کی نجات وفلاح کا انحصار تزکیۂ نفس پر ہے۔ جیسا کہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔

"اُس نے فلاح پائی جس نے اپنے نفس کا تزکیہ کیا اور وہ نامراد ہوا جس نے اس کی گندگیوں پر پردہ ڈالا"

اسی طرح دوسری جگہ فرمانِ خداوندی ہے:۔

"اس نے فلاح پائی جس نے تزکیہ حاصل کیا"

اسی تزکیۂ نفس کے متعلق حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشادِ گرامی ہے:۔

"خبردار! انسان کے جسم میں ایک لوتھڑا ہے، اگر اس کی اصلاح ہو گئی تو تمام جسم کی اصلاح ہو گئی۔ اگر وہ خراب ہو گیا تو سارا جسم خراب ہو جاتا ہے اور خبردار! وہ لوتھڑا قلب (دل) ہے"

یہ حدیث پاک بتاتی ہے کہ انسان کی اصلاح دل کی پاکی سے ہوتی ہے اور دل کی پاکی اللہ تعالیٰ کی ہدایتوں پر اسوۂ حسنہ کی روشنی میں عمل سے ہوتی ہے۔ اور دل کی پاکی یہ ہے کہ مومن کی ہر حرکت وسکون اللہ تعالیٰ کی مرضی کے خلاف نہ ہو۔

اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنّت کے مطابق ہو۔

عبادت کا یہی جامع مفہوم ہے کہ پوری زندگی اللہ تعالیٰ کے حکم کی تعمیل میں بسر کی جائے اور اصل میں عبادت کا مقصد بھی تزکیۂ نفس اور تطہیر قلب ہے۔ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

"اے لوگو! اپنے پروردگار کی عبادت کرو جس نے تم کو پیدا کیا اور اُن لوگوں کو بھی جو تم سے پہلے گزرے ہیں تاکہ تم پرہیزگار بن جاؤ۔

مندرجہ بالا آیاتِ مقدسہ اور احادیثِ پاک سے یہ صاف واضح ہوجاتا ہے کہ تزکیۂ نفس جو تصوف کی اصل اور روح ہے۔یہی تمام دینِ شریعت کی غایت اور تمام انبیاء علیہم السلام کی بعثت کا حقیقی مقصود ہے۔اور دین میں جو اہمیت اس چیز کو حاصل ہے وہ کسی اور چیز کو میسّر نہیں۔دوسری چیزیں ذرائع اور وسائل کی حیثیت رکھتی ہیں۔اور یہ چیز غایت ومقصد کی حیثیت کی حامل ہے۔

دوسرے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ تصوّف کہیں یا تزکیۂ نفس اِس کا سرچشمہ اور منبع ومصدر کتاب اللہ اور سنتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔اس کی تعلیم سے تزکیہ کا آغاز ہوتا ہے اور پھر اسی کے حقائق ودقائق اور اسرار ورموز ہیں جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ اور وسیلہ سے واضح ہوکر تزکیہ کی تکمیل کرتے ہیں

شیخ سراج اپنی کتاب "کتاب اللمع" میں ظاہری اور باطنی علوم کے متعلق تحریر فرماتے ہیں کہ

"علم کی دو قسمیں ہیں ظاہری اور باطنی۔جب تک اس (علم) کا تعلق زبان واعضاء سے ہوتا ہے اِسے علم ظاہر سے تعبیر کرتے ہیں اور اس کا نام شریعت ہے۔مثلاً عبادات ہیں، طہارت، نماز، روزہ زکوٰۃ، حج وغیرہ یا احکام ہیں طلاق، فرائض اور قصاص وغیرہ ــــ جب اس کا اثر ظاہر سے گزر کر قلب وباطن تک محیط ہوجاتا ہے



مسجدِ نبوی شریف بابِ ابوبکر رضی اللہ تعالےٰ عنہ اور بابِ رحمت کی طرف سے
تصویر از "سوئے حرم" بشکریہ دربارِ عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر۔

تو اس کو علمِ باطن کہتے ہیں۔ یا طریقت سے موسوم کرتے ہیں۔ یہاں عبادات واحکام کی بجائے مقامات واحوال کی اصطلاحیں رائج ہیں۔ مثلاً تصدیق، اخلاص، صبر، تقویٰ، توکل، محبت اور عشق وغیرہ اور اس تفریقِ دوگانہ کی سند قرآن مجید سے ملتی ہے۔ ارشاد ہوتا ہے

وَاَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهٗ ظَاهِرَةً وَّبَاطِنَةً۔ (لقمٰن، ۲۰)

اس نے اپنی تمام نعمتیں تم پر پوری کر دیں ظاہر بھی اور باطن بھی۔

مندرجہ ذیل حدیث شریف سے طریقِ تصوف کی اصل ثابت ہے۔ حدیثِ جبرائیل علیہ السلام جو بخاری اور مسلم کی روایت سے مشکوٰۃ کے شروع میں کتاب الایمان میں منقول ہے۔ جس کے مبارک الفاظ یہ ہیں۔

عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قال بینما نحن عند رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم ذات یوم اذ طلع علینا رجل شدید بیاض الثیاب قال اخبرنی عن الاحسان قال ان تعبد واللّٰہ کانک تراہ فان لم تکن تراہ فانہ یراک۔

(مشکوٰۃ کتاب الایمان، حدیث اول)

حضرت عمر ابن الخطاب فرماتے ہیں کہ ایک روز ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں حاضر تھے کہ ناگاہ ایک شخص مسافرانہ شکل میں بڑے سفید کپڑوں والا آیا اور اسلام کی بابت سوال کر کے یہ سوال کیا۔ یا حضرت! احسان کیا چیز ہے؟ آپ نے فرمایا، احسان یہ ہے کہ تو اللہ کی عبادت ایسی طرح کیا کر گویا تو اُس کو دیکھ رہا ہے اور اگر تو اس کو نہیں دیکھ رہا تو کم از کم یہ بات ذہن نشین رکھ کہ وہ تجھے دیکھ رہا ہے۔

عالم علوم دینیہ شہنشاہِ باطن حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی

ہ اللہ علیہ جنھیں اگر صوفیۂ کرام اپنے سر کا تاج سمجھتے ہیں تو علمار عظام، مایۂ ناز اور فخر
رمانتے ہیں۔ ارشاد فرماتے ہیں :۔

"شریعت اور حقیقت بالکل ایک ہی ہیں۔ ایک دوسرے سے جُدا
نہیں ہیں۔ فرق صرف اجمال اور تفصیل کا ہے اور استدلال اور کشف
کا ہے۔ یعنی جو بات ظاہری علومِ شرعیہ میں بالاجمال اور بالاستدلال
ملتی ہے وہی طریقت میں بالتفصیل اور مشاہدہ سے نظر آتی ہے۔"

(جلد اوّل مکتوب ۸۴)

ایک شخص نے حضرت خواجۂ خواجگان شاہِ نقشبند بخاری رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا
کہ سیر و سلوک یعنی تصوّف سے کیا مطلب ہے۔ آپ نے ارشاد کیا کہ "اجمالی
معرفت تفصیلی ہو جائے اور جو امر عقلی یا نقلی دلیل سے سمجھا جائے وہ کشفی طور سے
مشاہدہ میں آجائے۔"

ایک دوسرے مقام پر شاہِ نقشبند رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔
"درمیانِ علماء اور صُوفیہ کے صرف اتنا ہی فرق ہے کہ علماء استدلالاً
اور علماً جانتے ہیں اور صوفیہ کشفاً اور ذوقاً پاتے ہیں یعنی از روئے
کشف و ذوق کے اس کی حالت کو پا لیتے ہیں۔"

حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں :۔
"ہمارا سارا طریقہ کتاب اللہ اور سنّتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا
پابند ہے۔ جو شخص کلام الٰہی کا حافظ اور احادیثِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم
کا عالم نہیں اُس کی تقلید طریقت کے باب میں درست نہیں۔ اس لیے
کہ ہمارا اس سارے علمِ سلوک کا ماخذ قرآن و حدیث ہیں۔"

حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب "عوارف المعارف"
میں فرماتے ہیں۔

"تصوّف نام ہے قولاً فعلاً ہر حیثیت سے اتباعِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم



مواجہ شریف میں حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے چہرہ مبارک کے سامنے سنہری جالیاں
درمیان والا دائرہ حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے چہرہ مبارک کے سامنے ہے۔
تصویر از "سوئے حرم" لشکر بہ دربار عالیہ مرشد آباد شریف نشان شہر

کااوراس پر مداومت سے جب اہل تصوف کے نفوس مقدس ہوجاتے ہیں، حجابات اُٹھ جاتے ہیں اور ہر شے میں اتباعِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہونے لگتا ہے تو حق تعالیٰ اُن سے محبت کرنے لگتا ہے"۔

حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں :۔

"صوفی وہ ہے جو اپنے نفس سے فانی ہوکر حق میں زندہ و باقی ہو اور ماسویت سے گزر کر حقیقت تک رسائی حاصل کر چکا ہو"

حضرت شیخ سراج رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں :۔

"صوفیہ کی اوّلین خصوصیت یہ ہے کہ وہ اللہ ہی پر نظر رکھتے ہیں۔ان کا مطلوب و مقصود تمام تر اللہ ہی ہوتا ہے۔ماسوی اللہ اور لایعنی مشغلوں سے انہیں کوئی واسطہ نہیں ہوتا۔اس کا لازمی اثر اُن کی عملی زندگی پر یہ پڑتا ہے کہ قناعت کو اپنا شیوہ بنا لیتے ہیں۔اللہ سے حسنِ ظن رکھتے ہیں۔نیکیوں اور طاعتوں کی جانب خلوصِ نیت کے ساتھ پیش قدمی کرتے ہیں۔بلاءِ الٰہی پر راضی رہتے ہیں۔اور اُس کو یاد رکھتے ہیں۔مجاہدہ اور مخالفتِ خواہشِ نفس میں مشغول رہتے ہیں اور اس بات کو یاد رکھتے ہیں کہ کلامِ پاک میں نفس کو "اَمَّارَۃٌ بِالسُّوءِ" سے تعبیر کیا گیا ہے"

مشہور صوفی حضرت حاتم اصم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

"تمام علوم میں سے میں نے چار چیزوں کا علم حاصل کر لیا ہے اور باقی علوم سے بے نیاز ہوگیا ہوں۔اوّل یہ کہ رزق کی ایک مقدار مقسوم ہے اس میں کمی بیشی نہیں ہوسکتی۔اس لیے میں اضافہ کی طلب گاری سے نجات پاگیا۔دوسرے یہ کہ خدا کی جانب سے میرے ذمہ فرض ہے کسی اور پر نہیں۔اس لیے اس کی ادائیگی میں مشغول ہوگیا ہوں۔تیسرے یہ کہ میرے تعاقب میں موت لگی ہوئی ہے جس سے کسی طرح گریز ممکن نہیں ہے

(۳۹) ایک غلام مکاتب (وہ غلام جس سے کچھ معاوضہ لے کر آزاد کیا جائے) حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس آیا۔ کہنے لگا کہ میں اپنے زرِ کتابت سے عاجز ہوں آپ میری مدد فرمائیں۔ حضرت علی مرتضیٰ رضؓ نے ارشاد کیا کہ کیا میں تجھے وہ کلمات نہ سکھاؤں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے سکھائے۔ اگر تجھ پر پہاڑ جتنا بھی قرض ہو، اللہ تعالیٰ اُسے تجھ سے ادا کر دے گا۔ تو یہ پڑھا کر۔ اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ

(ترمذی و بیہقی)

(۴۰) پانچ چیزوں کو پانچ چیزوں سے پہلے غنیمت سمجھو۔ زندگی کو موت سے پہلے تندرستی کو بیماری سے پہلے، فراغتِ وقت کو مشاغلِ دُنیا میں مبتلا ہونے سے پہلے، جوانی کو بڑھاپے سے پہلے اور تونگری (امیری) کو فقر (غربت) سے پہلے۔ (حاکم و بیہقی)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّاَصْحَابِ سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّاَھْلِ بَیْتِ سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّاَزْوَاجِ سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّذُرِّیَّةِ سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّاَتْبَاعِ سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

اس لیے اس سے ملنے کی تیاری کرتا رہتا ہوں۔ چوتھے یہ کہ خدا میرے حال کو دیکھتا ہے اس لیے اُس سے شرم کرتا اور ممنوعات سے بچتا رہتا ہوں۔"

حضرت حاتم اصم رحمۃ اللہ علیہ سے لوگوں نے پوچھا کہ آپ کو خواہشات پیدا نہیں ہوتیں۔ آپ نے فرمایا کہ "میری سب سے بڑی خواہش یہ رہتی ہے کہ رات ہونے تک دن خیر سے گزر جائے"۔ لوگوں نے کہا کہ دن تو خیریت سے گزرتے ہی رہتے ہیں۔ ارشاد ہوا کہ "میں خیریت اُسے کہتا ہوں کہ اس روز معاصی الٰہی کا ارتکاب نہ ہو"۔

شریعت کی تعلیم کے ساتھ تزکیۂ نفس (سلوک و معرفت) کی تعلیم بھی نہایت ضروری اور لازمی ہے۔ اسی بنا پر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے صحابہ کرام کو تزکیۂ نفس کی خاص طور پر تعلیم کا انتظام فرمایا۔ چنانچہ مسجد نبوی سے متصل ایک وسیع دالان اس کام کے لیے مخصوص فرمایا گیا اور چند وہ لوگ منتخب کیے گئے جن میں طلبِ صادق کے ساتھ ذوقِ سلیم بھی تھا۔ اور یہ جماعت درسِ قرآن کے ساتھ اصلاحِ باطن میں مصروف ہوئی۔ جو لوگ قرآن مجید کو حفظ کر لیتے اور کتاب اللہ کے مطالب و حقائق کو آقائے کونین صلی اللہ علیہ وسلم سے پوری طرح سمجھ لیتے اور مجاہدات و ریاضت کے مراحل کو طے کر کے تعلیماتِ اسلامی کا کامل نمونہ بن جاتے وہ اصحابِ صُفہ کہلاتے تھے ـــــ زمانۂ باسعادت میں چار سو اصحابِ صُفہ نے فراغت حاصل کی اُن میں سے اکثر کی میزبانی خود حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے۔ اور بعض اصحابِ ثروت و استطاعت بھی اُن کی ضیافت کیا کرتے تھے۔ انہی اصحابِ صُفہ میں حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سپرد یہ کام تھا کہ جو امداد ان لوگوں کے لیے آتی اُس کی حفاظت اور مناسب تقسیم کا انتظام فرماتے۔

اصحابِ صُفہ کی زندگی عبادت، تعلیم قرآن و حدیث اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے تربیت حاصل کرنے کے لیے وقف تھی اُن کا سرمایۂ حیات، صبر و تحمل



حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالےٰ عنہ کی مسجد روایت ہے کہ آپ نے اس مسجد میں چند نمازیں ادا فرمائیں تھیں۔

تصویر از "سوئے حرم" دربار عالیہ مرشد آباد شریف بشاور شہر

عزتِ نفس، ریاضت و مجاہدہ اور اللہ اور اُس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر فدا ہو جانا تھا۔ اس خوش قسمتی کا کیا کہنا کہ اپنا بہت زیادہ وقت اُس نورِ مجسّم صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت میں گزارتے تھے۔

امام ابوبکر بن ابواسحاق رحمۃ اللہ علیہ انہی اصحابِ صُفّہ کے متعلق فرماتے ہیں۔

"یہ لوگ بہ ظاہر اجسام ہیں مگر روحانی ہیں، زمین پر ہیں مگر آسمانی ہیں، یہ مخلوق کے ساتھ ہوتے ہوئے بھی ربانی ہیں، خاموش ہیں مگر سب کچھ دیکھتے ہیں۔ غائب ہیں مگر بارگاہِ رب العزت میں حاضر ہیں۔ ان کے باطن صاف ہیں، صاحبِ صفا ہیں، صوفی ہیں، نوری ہیں، برگزیدہ ہیں اور مخلوق میں اللہ کی امانت ہیں۔ یہی لوگ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں اُن کے اہلِ صفہ تھے اور اُن کے وصال کے بعد اُن کی امت کے بہترین لوگ"

اکثر اہلِ صفہ اُون کا لباس پہنتے تھے، اسی لیے بعض علماء کا خیال ہے کہ "صوف" کی طرف نسبت سے اُن کو صوفیہ کہا گیا۔ پھر جس نے بھی اصحابِ صفہ کی روش اختیار کی اُس کو صوفی کہا جانے لگا۔ تصوف کے علم و عمل کو اس لیے اختیار کیا گیا کہ اس سے نفس میں تزکیہ اور قلب میں جلا پیدا ہوتی ہے اور اخلاقِ حمیدہ عالیہ مثلاً ارادہ و نیت اخلاص، اُنس، تبلیغ، تفکر، تفویض، تقویٰ، تواضع، توحید، توکل، خشوع، خوف، دُعا رجا، رضا، زہد، شکر، شوق، صبر، صدق اور محبت کی حقیقتوں سے آگاہی اور اخلاقِ ذمیمہ رذیلہ مثلاً آفاتِ لسان، کذب، غیبت، اسراف، بخل، بغض، تکبر، حُبِّ جاہ حُبِّ دُنیا، حرص، حسد، ریا، شہوت، عُجب اور غضب سے نجات حاصل ہوتی ہے اور یہ مقاصد نہ تو صرف تفسیر و حدیث پڑھنے سے حاصل ہوتے ہیں اور نہ رسمی طور پر اوامر و نواہی کی پابندی سے میسّر آسکتے ہیں۔

یہ مقصد کسی شیخِ کامل کی صحبت اور اُس کی رشد و ہدایت ہی سے حاصل ہوتا ہے جب ایک سالک تمام آدابِ سلوک کا عملی طور پر پابند ہو کر مجاہدہ اور

حضرتِ صدیقِ اکبر رضی اللہ تعالےٰ عنہ

سنہ ۳ عام الفیل سنہ ۵۷۳ء — مکہ معظمہ — سنہ ۱۳ھ سنہ ۶۳۴ء — مدینہ منوّرہ

مادۂ تاریخ رحلت

"اَحد" — سنہ ۱۳ھ

"جُود" — سنہ ۱۳ھ

"وجد" — سنہ ۱۳ھ

ریاضت میں اپنی عمر کا ایک حصہ صرف کرتا ہے تو شیخ طریقت کے فیضان سے اس کا دل مزکّٰی ہو جاتا ہے اور اسرارِ غیب اس پر منکشف ہوتے اور زبان حقائق علیہ کی ترجمانی کرتی ہے۔

صاحبِ کتاب اللمع لکھتے ہیں کہ

"قرآن مجید کے الفاظ، مقربون، صادقین، متوکلین، مخلصین، سارعین الی الخیرات، اولیاء ابرار اور شاہدین سے "صوفیہ" ہی مراد ہیں۔ اور اہل طریقت کی حقانیت پر حضرت موسیٰ علیہ السلام کا جناب خضر علیہ السلام سے یوں مستدعی ہونا،۔

هَلْ اَتَّبِعُكَ عَلٰٓى اَنْ تُعَلِّمَنِ مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا۔

آیا میں آپ کی پیروی کروں اس شرط پر کہ آپ اپنے خداداد علم سے مجھے اصلاح و تقویٰ کی تعلیم دیں۔

کسی دنیاوی غرض پر مبنی نہ تھا۔ لہٰذا جس طرح علمِ شریعت کا حاصل کرنا فرض ہے اسی طرح علمِ حقیقت و معرفت کا حاصل کرنا بھی فرض ہے۔

صوفیہ اور اولیاء اللہ، ابدال و اقطاب کا وجود موجبِ برکات اور وسیلۂ نجات از عذاب ہونا مندرجہ ذیل حدیث پاک سے ثابت ہے۔

"شریح بن عبید سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے روبرو اہل شام کا ذکر آیا۔ کسی نے کہا، اے امیر المومنین ان پر لعنت کیجئے۔ فرمایا انہیں، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے، فرماتے تھے کہ ابدال (جو ایک قسم ہے اولیاء کی) شام میں رہتے ہیں اور وہ چالیس آدمی ہوتے ہیں۔ جب کوئی شخص ان میں سے مرجاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی جگہ دوسرا شخص بدل دیتا ہے۔ ان کی برکت سے بارش ہوتی ہے۔ اعداء پر غلبہ ہوتا ہے اور ان کی دعا و برکت سے اہلِ شام سے عذاب ہٹ جاتا

ہے" (رواہ احمد، مشکوٰۃ شریف)

نوٹ! ملفوظات ومکتوباتِ صُوفیہ میں ابدال، اقطاب، اوتاد وغوث وغیرہم الفاظ اور اُن کے مدلولات کے صفات وبرکات وتصرفات پائے جاتے ہیں۔ حدیث میں جب ایک قسم کا اثبات ہے تو دوسرے اقسام بھی مستبعد نہ رہے ایک نظیر سے دوسری نظیر کی تائید ہونا امرِ مسلّم ومعلوم ہے۔ برکات تو اس حدیث میں منصوص ہیں اور تصرفاتِ تکوینیہ قرآن مجید میں حضرت خضر علیہ السلام کے قصہ سے ثابت ہوتے ہیں۔ ؎

تصوّف چیست! اخلاق است واحساں — تصوّف بس ہمیں است ودگر ہیچ
تصوّف چیست! عشق است ومحبت — علاجِ بُغض وکینہ است ودگر ہیچ
تصوّف چیست! اطمینانِ قلب است — کہ ایں ہم جزوِ دین است ودگر ہیچ
تصوّف چیست! جمع خاطرِ تُو — کہ دینِ احمدؐ ایں است ودگر ہیچ
تصوّف چیست! فکرِ عرش پیما — نگاہِ دُوربین است ودگر ہیچ
تصوّف دُوری از وہم وگمان است — تصوّف دریقین است ودگر ہیچ
بحفظِ حُرمتِ دین جاں سُپردن — تصوّف خود چنیں است ودگر ہیچ
تصوّف راہِ ایمان است وتوحید — کہ ایں دینِ متین است ودگر ہیچ
تصوّف راہ ہموار است وروشن — رہِ خلدِ بریں است ودگر ہیچ
شنیدستم کہ وجدِ صُوف پوشاں — زوجدِ ذوقِ دین است ودگر ہیچ

تصوّف نیست چیزے جُز شریعت
ہمیں شرعِ مبیں است ودگر ہیچ

تصوّف اور معرفت ایسا بحرِ ذخار اور ریلے پایاں سمندر ہے جس کا کوئی حد وحساب نہیں ہے۔ اگر دفتر کے دفتر اس موضوع پر لکھے جائیں تو بھی یہ بھی موضوع تشنۂ تکمیل رہیگا۔ بس مختصر یہ ہے کہ اوامر ونواہی کا پابند ہونا شریعت ہے اور اوامر ونواہی کے تحقیق اور اُن کی روشنی میں ضمیر کی صفائی،

② حضرت ابوبکر صدّیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ

آپؓ کا اسم گرامی عبداللہ، والد بزرگوار کا نام مبارک عثمانؓ اور کنیت ابو قحافہ تھی۔ صدیق اور عتیق آپؓ کے لقب ہیں۔ آپؓ کی پیدائش حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کے تولد شریف سے دو سال اور کچھ مہینے بعد ہوئی۔ آپ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے خاندان میں مرہ بن کعب سے جا ملتے ہیں۔ مرہ اور حضرت ابوبکر صدیق رضؓ میں چھ واسطے ہیں اسی طرح مرہ اور حضور صلی اللہ علیہ کے درمیان بھی چھ واسطے ہیں۔ آپ زمانۂ جاہلیت میں رؤسائے قریش میں سے تھے اور سب سے بڑھ کر عالمِ انساب تھے۔

فضائل ومناقب

مردوں میں آپ سب سے پہلے اسلام لائے۔ اسلام لاتے ہی آپ نے تبلیغ کا کام شروع کر دیا چنانچہ حضرات عشرہ مبشرہ میں سے عبدالرحمٰنؓ بن عوف، سعدؓ بن ابی وقاص، عثمانؓ بن عفان زبیر بن عوام اور طلحہ بن عبیداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم آپ ہی کی دعوت سے مشرف باسلام ہوئے صحابہ کرام میں آپ کے لیے ایک خصوصیت اور انفرادیت یہ بھی ہے کہ آپ کے والد آپ کی تمام اولاد اور پوتے ابوعتیق محمد بن عبدالرحمٰن سب صحابی تھے۔ رضوان اللہ علیہم اجمعین۔

ساتویں سنہ نبوت میں آپ بارادۂ ہجرت حبشہ کی طرف نکلے۔ برک الغماد (جو مکہ مکرمہ سے یمن کی طرف پانچ دن کی مسافت ہے) تک پہنچے تھے کہ قبیلہ قارہ کا سردار ابن الدغنہ (ربیعہ بن رفیع) ملا۔ اس نے پوچھا کہ کہاں جا رہے ہو؟ آپ نے جواب میں فرمایا میری قوم نے مجھے مکہ مکرمہ سے نکلنے پر مجبور کر دیا ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ کہیں جا کر خدا کی عبادت کروں۔ ابن الدغنہ نے کہا "یہ نہیں ہو سکتا کہ آپ

اخلاق کی تطہیر اور نفس کے تزکیہ کا نام طریقت ہے اور ماسوی اللہ سے منقطع ہو کر روح میں تجلی پیدا کرنا حقیقت ہے۔ اس طرح شریعت سے طریقت اور اور طریقت سے حقیقت حاصل ہوتی ہے۔

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا۔

جیسا فیاض، اپنوں سے نیک سلوک کرنے والا، غریب پرور، مہمان نواز اور مصیبت کے وقت لوگوں کی مدد کرنے والا مکہ سے نکل جائے یا نکالا جائے۔ میں آپ کو اپنی حفاظت میں لیتا ہوں۔ آپ واپس چلیں اور اپنے شہر میں اپنے پروردگار کی عبادت کریں "۔ چنانچہ آپ ابن الدغنہ کے ساتھ واپس آ گئے۔ اُس (ابن الدغنہ) نے شام کو سردارانِ قریش کو بلایا اور کہا کہ ابوبکر جیسا شخص نکلنے نہ پائے اور نہ نکالا جائے۔ کیا تم ایسے شخص کو نکالتے ہو جو فیاض، اپنوں سے نیک سلوک کرنے والا۔ غریب پرور، مہمان نواز اور مصیبت میں لوگوں کی مدد کرنے والا ہے۔ یہ سُن کر قریش نے ابن الدغنہ کی حفاظت کو رد نہ کیا اور اُس سے کہا کہ ابوبکر سے کہہ دو کہ اپنے گھر میں سکون سے اپنے رب کی عبادت کرے، نماز آہستہ آواز سے پڑھے، قرآن پاک بلند آواز سے نہ پڑھے اور ہمیں ایذا نہ دے۔ کیونکہ ہمیں خطرہ ہے کہ کہیں ہماری عورتوں اور بچوں کو قرآن کا اثر نہ ہو جائے۔ ابن الدغنہ نے یہ شرائط آپ سے بیان کر دیں۔ کچھ مدت تک تو آپ نے یہ پابندی اختیار کی کہ چپکے اور خاموشی سے نماز پڑھتے اور گھر کے سوا کسی اور جگہ قرآن نہ پڑھتے۔ بعد ازاں آپ نے اپنے گھر کے پاس ایک مسجد بنا لی جس میں آپ نماز پڑھتے اور قرآن پاک بلند آواز سے پڑھتے۔ مشرکین کی عورتیں اور بچے آپ کے گرد جمع ہو جاتے اور تعجب و حیرت سے آپ کی طرف دیکھتے۔ آپ چونکہ رقیق القلب تھے، قرآن پڑھتے تو بے اختیار روتے۔ آپ کی قرأت اور رقت سے سردارانِ قریش خوفزدہ ہو گئے۔ اُنہوں نے ابن الدغنہ کو بلا کر کہا کہ ہم نے ابوبکر رضؓ کو تمہاری حفاظت کی وجہ سے اس شرط پر پناہ دی تھی۔ کہ وہ اپنے گھر میں چپکے سے اپنے رَب کی عبادت کرے مگر اس نے تو خلافِ شرط و معاہدہ اپنے گھر کے پاس ایک مسجد بنا لی ہے جس میں وہ بہ آوازِ بلند نماز اور قرآن پڑھتا ہے۔ ہمیں خطرہ لاحق ہو گیا ہے کہ کہیں ہماری عورتیں اور بچے اثر قبول کر کے مسلمان ہی نہ ہو جائیں۔ تم اُس کو روک دو کہ ایسا نہ کرے اور حسبِ معاہدہ اپنے گھر کے اندر ہی چپکے سے عبادت کرے۔ اور اگر بہ آوازِ بلند قرآن پڑھنے پر اصرار کرے تو تم اُس کی حفاظت کی ذمہ داری واپس لے لو کیونکہ ہم اس امر کو پسند نہیں کرتے کہ تمہارے عہدِ حفاظت کو توڑ دیں

تصوّف، اسلام کی فکری و عملی تحریک

(جی اے حق محمد ایم اے ـــــ اسلام آباد)

تصوّف، اسلام کی فکری و عملی تحریک ہے جس کے مبلّغین دُنیا کے ہر گوشے میں پہنچے۔ گھر بار کو خیر باد کہا، اہل و عیال کو چھوڑا، شہر شہر قریہ قریہ اسلام کے پیغام امن و سلامتی کا پرچم لہرایا اور سیّد کونین صلی اللہ علیہ وسلم کی دی ہوئی خوشخبری بدأ الاسلام غریبا سیعود غریبا فطوبی الغربا کا مصداق بنے۔ ہر پودا جب پھُوٹتا ہے تو اس کی کئی شاخیں نکلتی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ تصوّف کے بھی کئی سلسلے پیدا ہوئے۔ سلسلہ نقشبندیہ کی یہ خصوصیت ہے کہ یہ سلسلہ صاحب صدق و صفا سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے توسط سے ہادی دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ جا ملتا ہے۔ میں اپنے اس مختصر مقالے میں تصوّف کی لغوی تحقیق اور اُس کے آغاز پر کچھ معروضات پیش کروں گا۔

لفظ تصوّف اور صُوفی کی لغوی تحقیق

مختلف اہل قلم اور صاحب علم لوگوں نے اس مسئلہ میں نکتہ آفرینی کی ہے اور اپنے اپنے خیال کے مطابق اُس کی تشریح کی ہے بعض مفکرین کی رائے ہے۔ کہ صوفی کا لفظ صوفانہ سے مشتق ہے۔ صوفانہ ملائم اور باریک گھاس کو کہتے ہیں۔

ہم ابوبکرؓ کو کسی قیمت پر بھی اونچی آواز سے قرآن پڑھنے کی اجازت نہیں دے سکتے۔ یہ سُن کر ابن الدغنہ آپ کے پاس آیا اور کہنے لگا کہ آپ کو میری شرطِ حفاظت معلوم ہے آپ اُس کی پابندی کریں ورنہ میری ذمہ داری واپس کر دیں کیونکہ میں نہیں چاہتا کہ عرب یہ سُنیں کہ ایک شخص کی حفاظت کا عہد جو میں نے کیا تھا وہ توڑ ڈالا۔ آپ نے جواب دیا کہ میں تمہاری حفاظت تم کو واپس کرتا ہوں اور خدا کی حفاظت پر راضی ہوں۔ (صحیح بخاری باب ہجرۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم)

مندرجہ بالا واقعہ سے حضرت ابوبکر صدیق رضؓ کی بڑی فضیلت ظاہر ہوتی ہے کیونکہ ابتدائے بعثت میں حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضؓ نے جن اوصاف سے حضور پُر نور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یاد کیا تھا۔ اُن ہی اوصاف سے ابن الدغنہ نے جو بعد میں ایمان لائے حضرت صدیق اکبر کو یاد کیا ہے۔

(صحیح بخاری کتاب التفسیر، تفسیر سورہ علق)

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلے خلیفہ برحق مبشر بالجنۃ (جسے دنیا میں ہی جنت کی بشارت دی گئی ہو۔) اور افضل البشر بعد الانبیاء ہیں۔ آپ کے فضائل میں کئی آیتیں وارد ہوئی ہیں۔

اِلَّا تَنْصُرُوْهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ اِذْ اَخْرَجَهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثَانِيَ اثْنَيْنِ اِذْ هُمَا فِي الْغَارِ اِذْ يَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا الآية (پارہ ۱۰ سورۃ التوبہ ع ۶)	اگر تم نے محبوبؐ کی مدد نہ کی تو بے شک اللہ نے اُن کی مدد فرمائی جب کافروں کی شرارت سے انہیں باہر تشریف لیجانا ہوا صرف دو جان سے جب وہ دونوں غار میں تھے۔ جب اپنے یار سے (ابوبکر رضی اللہ عنہ سے) فرماتے تھے غم نہ کھا۔ بے شک اللہ ہمارے ساتھ ہے۔

اس آیت میں "صاحب" سے مراد بالاتفاق حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ

چونکہ صوفیہ جنگل کی زندگی کو اپناتے ہوئے اس گھاس پر گزر اوقات کرتے ہیں، اس لیے صوفیاء کہلاتے ہیں۔ مگر اس خیال کو دوسرے محققین نے یوں رد کیا ہے کہ اگر صوفانہ سے مشتق ہوتا تو صوفانی ہوتا نہ کہ صوفی اور اس لحاظ سے بھی غلط ہے کہ صوفیا نے تبلیغ اسلام کے لیے گرانقدر خدمات انجام دی ہیں۔ ترکِ دُنیا کبھی اُن کا شیوہ نہیں رہا۔ اُنہوں نے ہندو جوگیوں کی طرح جنگلات یا مسیحی راہبوں کی طرح پہاڑوں کی غاروں کو ٹھکانہ نہیں بنایا کیونکہ اس طرح وہ تبلیغ اسلام کا فریضہ سرانجام نہ دے سکتے تھے۔

کچھ لوگ اس کی نسبت صوفۃ القفا کی طرف کرتے ہیں۔ صوفۃ القفا سر کے پچھلے حصے پر اُگے ہوئے لمبے بالوں کو کہتے ہیں۔ چونکہ یہ لوگ یہ بال رکھتے تھے، اس لیے صوفیاء کہلانے لگے مگر یہ خیال بھی محض خیال ہے کیونکہ محض لمبے بالوں کو تصوف کا امتیاز نہیں کہا جا سکتا۔ جس طرح عوام الناس داڑھی والے کو صوفی کہہ دیتے ہیں چاہے وہ تصوف کی ابجد سے بھی ناآشنا ہو۔ اس لیے ایک عالم اور محقق اس کو دلیل نہیں بنا سکتا۔ تصوف کا تعلق محض لمبے بالوں سے نہیں ہے۔

ایک گروہ کی رائے ہے کہ یہ لفظ صف سے مشتق ہے چونکہ یہ لوگ دل کی نورانیت اور عمل صالح کے معاملے میں صفِ اوّل میں ہوتے ہیں اس لیے صوفی کہلاتے ہیں مگر یہ نسبت بھی درست نہیں ہے، کیونکہ عمل صالح میں صف اوّل میں رہنے والے محض صفِ اوّل کی وجہ سے اگر صوفی کہلانے لگے ہیں تو عملِ بد صفِ اوّل کے لوگ بھی صفِ اوّل کی نسبت سے صوفی کہلائیں گے مگر ایسا نہیں ہے۔ تاہم اس تاویل کو "کلیتہً" غلط قرار نہیں دے سکتے۔

ایک جماعت کا کہنا ہے کہ یہ لفظ صوف (اُون) سے مشتق ہے۔ اس جماعت میں علامہ ابن تیمیہ، قاسم غنی، ڈاکٹر کامل مصطفیٰ الشیبی اور غیر مسلم مستشرقین شامل ہیں۔ نیز ابو نصر عبداللہ بن علی السراج طوسی کا خیال بھی یہی ہے کہ یہ لوگ ادنیٰ لباس پہنتے تھے جو انبیاء اور صدیقین کا لباس ہے۔ اس لیے صوفی کہلاتے تھے۔ وہ مزید کہتے

ہیں اور یہ وہ منقبت ہے کہ جس میں کوئی دوسرا صحابی آپ کا ہمسر یا شریک نہیں ہے۔

ایک روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے شاعر خاص حضرت حسان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پوچھا کہ کیا تم نے ابوبکرؓ کی شان میں بھی کچھ کہا ہے۔ حضرت حسان رضؓ نے عرض کیا کہ ہاں۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ سناؤ، میں سنتا ہوں۔ پس حضرت حسانؓ نے یہ دو شعر پیش کئے۔ ؎

وَثَانِيَ اثْنَيْنِ فِي الْغَارِ الْمُنِيفِ	اور غار میں وہ دو میں کے ایک تھے
وَقَدْ طَافَ الْعَدُوِّ بِهِ	جب دشمن پہاڑ پر چڑھ کر گھوم رہے تھے۔
إِذْ صَعَّدَ الْجَبَلَا وَكَانَ	وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے
حِبَّ رَسُولِ اللهِ قَدْ عَلِمُوا	محبوب ہیں اور لوگوں کو تحقیق کے ساتھ
مِنَ الْبَرِيَّةِ لَمْ يَعْدِلْ	اس کا علم ہے کہ مخلوق میں آپؐ کے
بِهِ رَجُلَا۔	نزدیک ان کے برابر کوئی نہیں ہے۔

یہ اشعار سن کر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس قدر ہنسے کہ دندانِ مبارک نمایاں ہو گئے اور فرمایا۔ اے حسان! تم نے سچ کہا۔ وہ ایسے ہی ہیں جیسا کہ تم نے کہا (طبقات الشافعیہ الکبریٰ السبکی جزو اوّل صـ۱۲۱۔ زرقانی علی المواہب بحوالہ ابن عدی و ابن عاکر برویت انسؓ، ہجرۃ المصطفیٰ واصحابہ الی المدینہ)

۲۔ وَلَا يَأْتَلِ أُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَالسَّعَةِ أَنْ يُؤْتُوا أُولِي الْقُرْبَىٰ وَالْمَسَاكِينَ وَالْمُهَاجِرِينَ فِي سَبِيلِ اللهِ ۖ وَلْيَعْفُوا وَلْيَصْفَحُوا ۗ أَلَا تُحِبُّونَ أَنْ يَغْفِرَ اللهُ لَكُمْ ۗ وَاللهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ۔

(پارہ ۱۸ سورہ نور - ع ۳)

اور قسم نہ کھائیں وہ جو تم میں فضیلت والے اور گنجائش والے ہیں۔ قرابت والوں اور مسکینوں اور اللہ کی راہ میں ہجرت کرنے والوں کو دینے کی۔ اور چاہیئے کہ معاف کر دیں اور درگزر کریں۔ کیا تم اُسے دوست نہیں رکھتے کہ اللہ تمہاری بخشش کرے اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

ہیں کہ محدّث وہ ہوتے ہیں جو حدیث میں ماہر ہوں، فقیہ وہ ہوتے ہیں جو فقہ میں ماہر ہوں مگر صوفیا، تمام علوم میں ماہر ہوتے ہیں وہ کسی اہلِ علم کے ساتھ منسوب نہیں کئے جا سکتے، اس لیے اُن کی خصوصیّت اور امتیازی حیثیت ظاہر کرنے کے لیے اُن کے ظاہری لباس کو اُن کا امتیاز ٹھہرایا گیا اور وہ صوفی کہلائے۔ یہ استدلال بھی کچھ عجیب سا لگتا ہے انہیں امتیاز تو اُن کی علمی اور ذہنی و فکری حیثیت سے حاصل ہوا مگر نام رکھتے وقت اس امتیاز کی بجائے ایسی چیز کو ـــــ مابہ الامتیاز تصوّر کر لیا گیا جو ہر چھوٹا بڑا استعمال کرتا ہے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ آج کے زمانے میں جب لاکھوں جدّتیں پیدا ہو چکی ہیں، روئے زمین پر کروڑوں انسان ایسے ہیں جو موٹا لباس پہنتے ہیں آج سے سینکڑوں سال قبل نہ جانے اس کا تناسب کیا ہوگا، ایسی حالت میں محض موٹے لباس کو صوفیاء کا مابہ الامتیاز قرار دینا کچھ قرین قیاس معلوم نہیں ہوتا۔

ڈاکٹر زکی مبارک نقل کرتے ہیں کہ ایک صوفی ابو حسین بن سمعون سے کہا گیا کہ آپ لوگوں کو زہد و تقویٰ کی طرف بلاتے ہیں مگر خود بہترین کپڑے پہنتے ہیں اور عمدہ کھانا کھاتے ہیں۔ اس کی کیا وجہ ہے تو انہوں نے یہی جواب دیا کہ اصل بات معرفتِ حق اور خلوصِ باطن کے ساتھ عمل صالح ہے۔ اگر یہ مقصد اچھے لباس پہننے اور عمدہ طعام سے حاصل ہو جاتا ہو تو کیا ہرج ہے۔

ڈاکٹر کامل مصطفےٰ الشیبی کا کہنا ہے کہ اسکندریہ (مصر) میں سب سے پہلے جس نے صوفی کا لقب پایا وہ ابو عبداللہ الصوفی الشاعر الاندلسیؒ ہے مگر ایسی کوئی روایت نہیں ملتی کہ اُس نے صوف پہنا ہو۔ ڈاکٹر شیبی کا خیال ہے کہ صرف کوفہ میں ایک جماعت پیدا ہو گئی تھی جس نے صوف پہننا اپنا شعار بنا لیا تھا اور اُس کی وجہ یہ تھی کہ کوفہ دار الخلافہ تھا، خلفاء بہترین ریشمی لباس پہنتے تھے۔ اُن کے خدّام نانبائی تک ریشمی لباس پہننے لگے تھے۔ اس لیے ردِ عمل کے طور پر عبادت گزار لوگوں میں صوف پہننے کا رواج ہو گیا۔ شیخ نور الدین مالکی ابن الصباغؒ لکھتے ہیں کہ امام رضاؒ ایک بار نیشاپور گئے تو یہیں اُن کو ایک جماعت ملی جس نے موٹا کپڑا پہننا اپنا شعار بنا رکھا تھا، وہ جماعت

یہ آیت حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شان میں نازل ہوئی ہے۔ جیسا کہ صحیح بخاری میں ہے۔ صدر الافاضل مولانا سید محمد نعیم الدین مراد آبادی رحمۃ اللہ علیہ اس کا شانِ نزول یوں لکھتے ہیں کہ یہ آیت حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حق میں نازل ہوئی۔ آپ نے قسم کھائی تھی کہ مسطح رضؓ کے ساتھ سلوک نہ کریں گے اور وہ آپ کی خالہ کے بیٹے تھے، نادار تھے، مہاجر تھے، بدری تھے آپ ہی اُن کا خرچ اُٹھاتے تھے مگر چونکہ ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا پر تہمت لگانے والوں کے ساتھ اُنہوں نے موافقت کی تھی۔ اس لیے آپ نے یہ قسم کھائی۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ جب یہ آیت حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھی تو حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا بے شک میری آرزو ہے کہ اللہ میری مغفرت کرے اور میں مسطح رضؓ کے ساتھ جو سلوک کرتا تھا اُس کو کبھی موقوف نہ کروں گا۔ چنانچہ آپ نے اُس کو جاری فرما دیا اس آیت سے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی فضیلت ثابت ہوئی۔ اِس سے آپ کی علوِ شان و مرتبت ظاہر ہوتی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو اولوالفضل فرمایا ہے

۳۔ وَالَّذِیْ جَآءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِهٖۤ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ۔

(پارہ ۲۴ سورۃ زمر ع ۴)

اور وہ جو یہ سچ لے کر تشریف لائے اور وہ جنھوں نے اُن کی تصدیق کی یہی ڈر والے ہیں۔ (یعنی پرہیزگار یہی لوگ ہیں۔)

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے قول کے مطابق "جو سچ لے کر تشریف لائے" سے حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور "جنھوں نے اُن کی تصدیق کی" سے مراد حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں۔

۴۔ وَسَیُجَنَّبُهَا الْاَتْقَى ۙ الَّذِیْ یُؤْتِیْ مَالَهٗ یَتَزَكّٰى ۚ وَمَا لِاَحَدٍ عِنْدَهٗ مِنْ نِّعْمَةٍ تُجْزٰۤى ۙ اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْاَعْلٰى ۚ

اور بہت اُس سے دُور رکھا جائے گا جو سب سے بڑا پرہیزگار جو اپنا مال دیتا ہے کہ ستھرا ہو اور کسی کا اس پر کچھ احسان نہیں جس کا بدلہ دیا جائے صرف

امام رضا کے پاس آئی اور کہا کہ امامت ایسے شخص کی محتاج ہے جو موٹا کھائے اور موٹا پہنے۔

ان شواہد سے ہم یہ فیصلہ نہیں دے سکتے کہ صوف اہل اللہ کا امتیازی نشان تھا یا تصوف کے لیے صوف کا استعمال ہی بنیادی چیز ہے کیونکہ خود امام رضاؒ نے اس جماعت کے اس اندازِ فکر کو رد کیا اور کہا کہ حضرت یوسف علیہ السلام نبی تھے اور نبی کے بیٹے تھے مگر انہوں نے اعلیٰ لباس پہنا اور بادشاہوں کے تخت پر بیٹھ کر حکمرانی کی۔ اللہ نے قطعاً یہ چیزیں حرام نہیں کیں بلکہ قرآنِ مجید میں ہے۔

قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِيْنَةَ اللّٰهِ الَّتِيْٓ اَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ وَالطَّيِّبٰتِ مِنَ الرِّزْقِ۔

(پارہ ۸ سورۃ الاعراف آیت ۳۲)

پوچھو تو کہ جو زینت (و آرائش) اور کھانے (پینے) کی پاکیزہ چیزیں خدا نے اپنے بندوں کے لیے پیدا کی ہیں اُن کو حرام کس نے کیا ہے

صوفیاء میں سے بعض بزرگوں نے اگرچہ موٹے لباس کو اپنایا مگر یہ خصوصی علامت کے طور پر رائج رہا بلکہ اکثر صوفیاء نے پوری زندگی عام مسلمان شہریوں کی طرح گزاری اور تبلیغ اسلام و اصلاحِ معاشرہ کے فرائض سرانجام دیئے۔

بعض مستشرقین مثلاً دون ہامر VON - HOMMER نے محض آوازِ تلفظ کی مشابہت سے لفظ صوفی کا اصل یونانی لفظ "سوفیا" قرار دیا ہے اور تصوف کا اصل "تئوسوفیا" بتلایا ہے۔ سوف کے معنی ہیں علم اور حکمت۔ اسی سے فلسفی اور فلاسفہ ہے۔ انگریزی میں (PHILOSORHY) اور (PHILOSOPHER) کے الفاظ بھی اسی سے ملتے ہیں۔ چونکہ صوفیاء دُنیا کی ماہیت اور اللہ کی ذات کے بارے میں غور و فکر کرتے ہیں، اس لیے یہ بھی حکمائے یونانی کے ساتھ مشابہت کی وجہ سے صوفیاء کہلائے۔ ابو ریحان محمد بن احمد البیرونی کی تحقیق کا خلاصہ یہ ہے کہ قدیم یونان کے حکمائے سبعہ ہندوؤں کی طرح پیرا عتقاد رکھتے تھے کہ تمام اشیاء شئی واحد ہیں اور انسان کو جمادات پر اس لیے فضیلت حاصل ہے کہ رُتبہ میں وہ علتہ اولیٰ کے

وَلَسَوْفَ يَرْضٰى ۝ع

(پارہ ۳۰ سورہ لیل ع ۱)

اپنے رب کی رضا چاہتا ہے جو سب سے بلند ہے اور بے شک قریب ہے کہ وہ راضی ہوگا۔

اس آیت کا شانِ نزول یہ ہے کہ جب حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بہت گراں قیمت پر خرید کر آزاد کیا تو کفار کو حیرت ہوئی اور انہوں نے کہا کہ حضرت صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایسا کیوں کیا شائد بلال رضؓ کا اُن پر کوئی احسان ہوگا جو انہوں نے اتنی گراں قیمت دیکر خریدا اور آزاد کیا۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی اور ظاہر فرما دیا گیا کہ حضرت صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یہ فعل محض اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے ہے کسی کے احسان کا بدلہ نہیں اور نہ اُن پر حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ وغیرہ کا کوئی احسان ہے۔ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بہت سے لوگوں کو اُن کے اسلام لانے کے سبب خرید کر آزاد کیا۔

۵۔ هُوَ الَّذِیْ یُصَلِّیْ عَلَیْكُمْ وَمَلٰٓئِكَتُهٗ لِیُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَحِیْمًا ۝

(پارہ ۲۲ سورۃ الاحزاب ع ۶)

وہی ہے کہ درود بھیجتا ہے تم پر وہ اور اُس کے فرشتے، کہ تمہیں اندھیروں سے اُجالے کی طرف نکالے اور وہ مسلمانوں پر مہربان ہے۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ جب آیت اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ یُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِیِّ ۔۔۔۔ نازل ہوئی تو حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب آپ کو اللہ تعالیٰ کوئی افضل و شرف عطا فرماتا ہے تو ہم نیازمندوں کو بھی آپ کے طفیل میں نوازتا ہے۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی۔

مندرجہ بالا تمام آیات حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کی شان میں نازل ہوئی ہیں۔ ان میں وضاحت کے ساتھ بیان کیا گیا ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اتقیٰ (تقویٰ و پرہیزگاری میں سب سے بڑھے ہوئے) ہیں۔ جو اتقیٰ ہو

قریب ہے۔ بعض حکمار کا یہ خیال تھا کہ وجودِ حقیقی صرف وہی علتہ اولیٰ ہے اس کے علاوہ دوسری تمام چیزیں اپنے وجود میں اس کی محتاج ہیں، اس لیے اُن کا وجود صرف خیال کا حکم رکھتا ہے۔ اس بحث کے بعد البیرونی اپنا فیصلہ ان الفاظ میں لکھتا ہے۔

" وھذا رائی السوفیۃ وھم الحکما فان سوف بالیونانیۃ الحکمۃ وبھا سمی الفیلسوف ای محب الحکمۃ ولما ذھب فی الاسلام قوم الی قریب من رایھم سمو باسمھم "

جرجی زیدان بھی اسی نظریہ کا قائل ہے مگر یہ نظریہ بھی محلِ نظر ہے۔ کچھ مستشرقین اپنا مشن یہی بنا لیتے ہیں کہ اسلامی عقائد و نظریات کو رومی اور یونانی افکار کا چربہ ثابت کریں جس طرح کہ ہمیشہ سے وہ کہتے چلے آئے ہیں کہ اسلامی فقہ قانون، روما سے ماخوذ ہے۔ اسی طرح تصوف کے بارے میں بھی اُن کی یہی کوشش ہے کہ اس کا سرچشمہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ والاصفات کی بجائے یونانی حکماء یا عیسائی راہبوں کو ثابت کریں۔ بعض مسلمان بھی آخری نتائج سے بے فکر انہی کی ہاں میں ہاں ملاتے ہیں۔

اس نظریہ کی تردید کئی مستشرقین نے بھی کی ہے۔ مثلاً نیکلسن NICHOLSON لوئی ماسینیوں (LOUIS . MASSIGNON) اور نولدیکہ (NOLDEKA) کا کہنا ہے کہ یونانی حرف (SIGMA) عربی میں ہمیشہ "سین" کی صورت میں لکھا گیا ہے "صاد" کی شکل میں کبھی نہیں لکھا گیا اور آرامی زبان میں ایسا کوئی لفظ موجود نہیں ہے جس کو (SOPHOS) (سوفوس) اور صوفی کی درمیانی صورت سمجھا جا سکے۔

عربی لغت میں بعض الفاظ جامد ہوتے ہیں مشتق نہیں ہوتے۔ جس طرح "لقب" کا لفظ ہے یہ جامد ہے مشتق نہیں ہے۔ امام ابوالقاسم عبدالکریم بن ہوزان القشیری رح کہتے ہیں کہ لفظ "لقب" کی طرح یہ لفظ بھی جامد ہے حضرت علی الہجویری رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اس لفظ کو جامد قرار دیا ہے اور اس کی

اللہ تعالیٰ کے نزدیک اکرم (معزز) ہے۔ چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقَاکُمْ۔ اور جو اکرم ہو وہ افضل ہوتا ہے۔ پس حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ، تمام اُمّت سے افضل ثابت ہوئے۔

آیاتِ مذکورہ بالا کے علاوہ اور بھی بہت سی آیتیں ہیں جو حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شان میں نازل ہوئی ہیں۔ آپ کی خلافتِ راشدہ کے ثبوت میں جو آیات وارد ہیں وہ ان کے علاوہ ہیں۔ اختصار کے پیشِ نظر ہم اُن کو نقل کرنے سے قاصر ہیں۔

آیاتِ قرآن کریم کے علاوہ آپ کے مناقب میں بکثرت احادیث آئی ہیں۔ ایک سو اکیاسی[۱۸۱] حدیثیں تو آپ کے خصوصی فضائل میں مروی ہیں۔ اٹھاسی[۸۸] حدیثیں ایسی ہیں جن میں حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مشترکہ فضیلت کا بیان ہے۔ سترہ[۱۷] حدیثیں ایسی ہیں جن میں مجموعی طور پر خلفائے ثلثہ کے فضائل ہیں۔ چودہ[۱۴] حدیثوں میں خلفائے اربعہ کے فضائل مجموعی طور پر مذکور ہیں۔ سولہ[۱۶] حدیثوں میں خلفائے اربعہ کے ساتھ اور صحابہ کرام بھی شریک فضائل ہیں۔ اس طرح کُل تین سو سولہ[۳۱۶] حدیثیں حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے فضائل میں روایت کی گئی ہیں۔ یہ تعداد تو اُن حدیثوں کی ہے جو کہ مخصوص نام کے ساتھ ہیں۔ جن ہزاروں حدیثوں میں مہاجرین، مومنین وغیرہ اہل ایمان وصلاح کے فضائل مذکور ہیں وہ بھی حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شان میں صادق آتی ہیں۔ چند حدیثیں بطور نمونہ اور تبرک نقل کی جاتی ہیں۔

۱۔ ما دعوت احدا الی الاسلام الا کانت لہ عندہ کبوۃ و تردد ونظر الا ابا بکر ما عتم عنہ حین ذکرۃ و ما تردد فیہ۔ (ابن اسحاق)

میں نے کسی کو اسلام کی دعوت نہیں دی مگر اُس میں اُس کی طرف سے ایک گونہ کراہت، تردد اور فکر پائی۔ لیکن ابوبکر رضہ سے جب میں نے اسلام کا ذکر کیا تو انہوں نے بلا توقف وتردد اس کو قبول کر لیا۔

۲۔ ھل انتم تارکون لی صاحبی

کیا تُم میرے دوست کا ستانا

لطیف توجیہ کی ہے جو آگے درج کروں گا۔

کئی علماء اور اکثر صوفیاء کا نظریہ ہے کہ لفظ تصوّف عربی لفظ صفو سے مشتق ہے پہلے یہ عرض کر دوں کہ عربی میں جب کوئی لفظ کسی اور لفظ سے مشتق ہوتا ہے تو اُس اشتقاق کی تین قسمیں ہوتی ہیں۔

ا :۔ مشتق اور مشتق منہ کے حروف ایک ہوں اور اُن کی ترتیب بھی ایک جیسی ہو تو اُس کو اشتقاقِ صغیر کہتے ہیں۔ بعض ماہرین اس کو اشتقاقِ اصغر کا نام دیتے ہیں۔

ب :۔ مشتق اور مشتق منہ کے حروف اصلی تو ایک جیسے ہوں مگر اُن کی ترتیب ایک جیسی نہ ہو جس طرح جذب سے جبذ اُ مشتق ہے، اس کو اشتقاقِ کبیر کہتے ہیں۔

ج :۔ مشتق اور مشتق منہ کے حروفِ مادہ ایک نہ ہوں بلکہ مختلف ہوں البتہ دونوں کے حروف متحد المخرج ہوں جیسے نعق اور نہق ہے۔ عین اور ہا اقصی الحلق مخرج رکھتے ہیں۔

تصوّف کا صفو سے اشتقاق دوسری قسم کا ہے۔ صفو کا لفظ کدر کی ضد پر اطلاق کیا جاتا ہے اور کدرہ ایسے رنگ کو کہتے ہیں جو خالص نہ ہو بلکہ کسی دوسرے بھدے رنگ کے ساتھ ملا ہوا ہو۔ صفا کا مادہ ابتدائی لغت کی کتابوں کی تصریح کے مطابق بھی تین معانی میں آتا ہے، جو درج ذیل ہیں۔

(۱) بغیر ملاوٹ کے ہونا۔

(۲) دودھ والے جانور کا دودھ زیادہ دینا۔

(۳) محبت میں اخلاص رکھنا اِس کو باب تفعّل پر چڑھا کر تصوّف بنایا گیا ہے۔

صاحبِ ہدایۃ الصرف کے مطابق باب تفعّل کے اصولی خواص تو گیارہ ہیں مگر ذیلی اقسام کے پیشِ نظر یہ انیس تک ہو سکتے ہیں۔ ہماری بحث میں ان میں سے اکثر خواص مراد لیے جا سکتے ہیں۔ تفصیل ملاحظہ کریں۔

(۱) پہلا خاصہ ہے مطاوعت یعنی فاعل نے تفعیل سے جو اثر مفعول پر ڈالا تھا یہ اس اثر کے قبول ہو جانے کو واضح کرتا ہے چونکہ یہ اثر دو قسم کا ہو سکتا ہے

میری خاطر سے چھوڑ دو گے۔ میں نے کہا
کہ اے لوگو میں تم سب کے پاس اللہ
کی طرف سے رسول ہو کر آیا ہوں۔ تم
نے کہا جھوٹ، ابو بکر رضؓ نے کہا سچ ہے

اس حدیث شریف کی تشریح و تفصیل کچھ اس طرح ہے کہ ایک مرتبہ حضرت ابو بکر صدیق اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہم میں کچھ جھگڑا ہو گیا تھا حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ، فوراً نادم ہوئے اور معافی چاہی۔ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے معاف کرنے سے انکار کر دیا۔ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بارگاہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہو کر یہ ماجرا عرض کیا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا یا ابا بکر یغفر اللہ لك یا ابا بکر یغفر اللہ لك۔ "اے ابو بکرؓ! تمہاری خطا اللہ بخشے، اے ابو بکرؓ تمہاری خطا اللہ بخشے۔ اس دوران حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اپنے فعل پر ندامت ہوئی اور حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مکان پر پہنچے، وہاں نہ ملے تو کاشانۂ نبوت میں حاضر ہوئے۔ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن (حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کو دیکھا تو چہرۂ مبارک غصے سے متغیر ہو گیا۔ حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ یہ کیفیت دیکھ کر ڈر گئے اور گھٹنوں کے بل گر کر دوبارہ عرض کی انا کنت اظلم زیادتی میری جانب سے ہوئی۔ اس وقت حدیث بالا ارشاد فرمائی گئی۔ راوی کا بیان ہے کہ اس کے بعد پھر کسی نے حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کبھی ایذا نہیں پہنچائی۔

۳۔ ماطلعت الشمس و لاغربت علی احد افضل من ابی بکر الاان یکون نبی۔

سوائے نبی کے آفتاب کسی ایسے شخص پر طلوع یا غروب نہیں ہوا جو ابو بکر رضؓ سے زیادہ بزرگ ہو۔

۴۔ ابو بکر خیر الناس الا ان یکون نبی۔ (طبرانی)

سوائے نبیوں کے ابو بکر رضؓ سب آدمیوں سے بہتر ہیں۔

۵۔ ان اللہ یکرہ فوق السماء ان

اللہ تعالیٰ آسمانوں پر اس بات کو

لہٰذا مطاوعت بھی دو قسم کی ہوگی۔ ایک یہ کہ مفعول نے جو اثر لیا ہے وہ زائل نہ ہوگا جیسے "قطعتہ فتقطع" یعنی میں نے اُس کو کاٹا اور وہ کٹ گیا"۔ ظاہر ہے کہ کٹ جانے کا اثر زائل نہیں ہو سکتا کیونکہ قطع عربی میں ایسی چیز کے لیے کہا جاتا ہے جو سخت ہو اور آلات سے کاٹی جائے۔ اس صورت میں یہ لفظ اس طرح استعمال ہوگا، "صوفتہ اللہ تعالیٰ فتصوف" یعنی "خدا نے اُس کو پاکیزہ کیا اور وہ پاکیزہ و یک رنگ ہو گیا۔

(۲) دوسری قسم اثر لینا ہے جو زائل ہو سکتا ہو جس طرح "ادبتہ فتادب" یعنی میں نے اس کو سمجھایا اور وہ سمجھ گیا"۔ ادب، بے ادبوں کی صحبت اختیار کرنے سے زائل ہو جاتا ہے۔ ؎

پسرِ نوح با بداں بنشست
خاندانِ نبوتش گم شد

حضرت نوح علیہ السلام کا بیٹا بُرے لوگوں کی صحبت میں بیٹھا تو اُس کی نبوت کا خاندان ختم ہو گیا۔

(۱) ہم موضوع زیر بحث میں یوں کہیں گے "صوفہ الصحبت فتصوف" یعنی اچھی صحبت نے اُس کو سنوارا اور وہ سنور گیا۔

(۲) اس کا دوسرا خاصہ ہے تجنب یعنی اثر قبول نہ کرنا۔ جیسے تحوب یعنی وہ گناہ سے بچ گیا، یہ خاصہ تصوف میں صوفیاء کے لیے استعمال نہیں ہو سکتا البتہ صوفیاء کے مخالفین پر یہ باب اس معنی میں استعمال کیا جا سکتا ہے مثلاً "تصوف الخوارج" یعنی خوارج نے صفائی قبول کرنے سے انکار کر دیا اور وہ اس سے محروم رہ گئے۔

(۳) تیسرا خاصہ ہے لُبس یعنی ماخذ مجرد کو لباس پہنا دینا اور اپنے آپ کو اس میں گم کر دینا جیسے تحسم یعنی اُس نے تلوار کو اپنا لباس بنا لیا۔ از روئے حقیقت اس خاصہ میں تصوف کو استعمال نہیں کر سکتے جب کہ اس کا مادہ صفو، صفاء یا صفوۃ قرار دیں کیونکہ یہ خاصہ ان الفاظ کے لیے ہے جو مصدر نہ ہوں بلکہ جامد ہوں۔ جس طرح قمیص سے تقمص یعنی اُس نے قمیص پہن لی اور شلوار سے تسروال یعنی "اُس نے

یخطا ابی بکر (طبرانی، و ابو نعیم وغیرھما)

ناپسند فرماتا ہے کہ ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ خطا کریں۔

۶۔ عَن عمرو بن عاص قال قلت یارسول اللہ من احب الناس الیک قال عائشۃ قلت من الرجال قال ابوھا قلت ثم من قال عمر بن الخطاب۔ (بخاری و مسلم)

عمروؓ بن العاص نے کہا ہے کہ میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک سب لوگوں سے زیادہ کون محبوب ہے؟ فرمایا عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔ میں نے عرض کیا کہ مردوں میں؟ فرمایا۔ ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، پھر عرض کیا اُن کے بعد؟ فرمایا عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

اس حدیث کو حضرت انس، حضرت ابن عمر اور حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے بھی روایت کیا ہے۔

۷۔ عن علی بن ابی طالب قال کنت مع رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اذا طلع ابو بکر و عمر فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لابی بکر و عمر ھذان سیدا کھولا اھل الجنۃ من الاولین والاٰخرین الا النبیین والمرسلین لا تخبرھما۔ (ترمذی وغیرہ)

حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھا کہ حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ و حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ رونما ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن کی نسبت فرمایا کہ یہ دونوں انبیاء کرام اور مُرسلین کے سوا سارے اگلے پچھلے ادھیڑ عُمر والے جنتیوں کے سردار ہیں۔ اُن کو خبر نہ کرنا۔

حضرت شیرِ خدا علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس حدیث کے راوی حضرت امام

شلوار پہن لی"۔ اگر تصوّف کا اصل مادہ صفاۃ بمعنی پتھریلیں یا صُوف بمعنی پشم لیں یا صُفّہ بمعنی برآمدہ لیں تو یہ لفظ اس خاصے میں بھی مستعمل ہوگا۔ صفاۃ یا صفّہ سے ماخوذ ہو تو بس بمعنی التزام ہوگا یعنی صفاۃ سے ماخوذ تصوّف کا اخلاق صحیح طور پر رُہبانِ اہل کتاب پر ہوگا۔ کیونکہ انہی کا یہ وطیرہ تھا کہ آبادیوں سے بھاگ کر پہاڑوں کی غاروں میں ہمیشہ ہمیشہ کے لیے جا بسیرا کرتے تھے۔ اسلامی تصوّف یہ نہیں ہے۔ جیسا کہ حضرت سعدی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ ؎

طریقت بجز خدمتِ خلق نیست
بہ تسبیح و سجادہ و دلق نیست

طریقت سوائے خدمتِ خلق کے کچھ اور نہیں ہے۔
یہ تسبیح، سجادہ اور گودڑی کے ساتھ نہیں ہے۔

اگر صفّہ کو اصل مادہ قرار دیں تو اس خاصے میں تصوّف کا مفہوم ہوگا اصحابِ صفّہ رضی اللہ عنہ کی سنت کو اپنانا جس طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

کن فی الدنیا کانك غریب او: کھابر سبیل۔

دُنیا میں اس طرح گزر کرو جیسے کہ تم پردیسی ہو یا راہ چلتے مسافر ہو۔

(۴) چوتھا خاصہ جس کے لیے لفظ کو اس باب پر لایا جاتا ہے تکلّف ہے۔ تکلّف کے دو معنی ہیں۔ ایک تو یہ کہ مطلوب کے حصول کے لیے تکالیف برداشت کرنا جس طرح تعلّم کیونکہ ضروری ہے۔ ؏

پئے علم چوں شمع باید گداخت

علم کے حصول کے لیے شمع کی طرح پگھلنا چاہیئے۔

اس صورت میں تصوّف کا معنی ہوگا محبوبِ حقیقی سے خالص محبت کی منزل تک پہنچنے کے لیے مصیبتیں اور صعوبتیں برداشت کرنا کیونکہ ؎

متاعِ وصلِ جاناں بس گراں است
گریں سودا بجاں بُودے چہ بودے

زین العابدین رضؓ ہیں یہی حدیث حضرات ابن عمرؓ، ابن عباسؓ، ابوسعید خدریؓ اور جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بھی روایت کی ہے۔

۸- ارحم امتی بامتی ابو بکر (ترمذی امام محمد)

میری اُمت میں میری اُمت پر سب سے زیادہ مہربان ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں۔

۹- قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما من بنی الا ولہ وزیران من اھل السماء وزیران من اھل الارض فاما وزیران من اھل السماء فجبریل و میکائیل و اما وزیای من اھل الارض فابو بکر و عمر (ترمذی)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ کوئی نبی ایسا نہیں ہے جس کے دو وزیر اہل آسمان میں سے اور دو وزیر زمین والوں میں سے نہ ہوں۔ میرے دو وزیر آسمان والوں میں سے جبرائیل اور میکائیل ہیں اور اہل زمین سے ابوبکر اور عمر۔ (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

* * * * *

۱۰- ابو بکر فی الجنۃ (اصحاب سنن وغیرہ)

ابوبکر جنتی ہیں۔

۱۱- قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انت صاحبی علی الحوض وانت صاحبی علی الحوض و انت صاحبی فی الغار۔ (ترمذی)

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ) سے فرمایا تم میرے رفیقِ حوضِ کوثر ہو اور میرے رفیقِ غار بھی۔

۲- قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان من امن الناس علی فی صحبتہ ومالہ ابا بکر ولو کنت متخذا خلیلا لاتخذت ابا بکر خلیلا ولکن اخوۃ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے اوپر صحبت اور مال میں سب سے زیادہ احسان ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ہے اور اگر میں کسی کو اپنا خلیل (ولی دوست) بناتا تو ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ

محبوب کے وصل کی دولت بہت مہنگی ہے۔
اگر یہ سودا جان دیکر بھی مل جائے تو بڑی بات ہے۔
تکلف کا دوسرا معنی یہ ہے کہ فاعل میں ایک صفت حقیقتاً موجود تو نہ ہو مگر بناوٹی طور پر اس کو اپنے اندر موجود ثابت کیا جائے یا زبردستی کرکے اس صفت کو اپنانیکی کوشش کی جائے جیسے تعرب یعنی "وہ بناوٹی طور پر عرب بن بیٹھا"۔ اس صورت میں یہ سالکین کی منزلِ اولیٰ کا بیان ہوگا کہ پہلے بزور اپنے آپ کو کسی چیز کا جب کہ وہ مقصد اعلیٰ ہو پابند کیا جاتا ہے تا آنکہ یہ عادت بن کر طبیعۃ ثانویہ کا رُوپ دھار لے ؎

جھُٹ مٹ کھیلے سچ مچ ہوئے
سچ مچ کھیلے ور لا کوئے،

(۵) اس باب میں لفظ کو لانے کا پانچواں مقصد یہ ہوتا ہے کہ فاعل یہ ظاہر کرتا ہے کہ اس نے ماخذ اور اصل سے کام لیا ہے جس طرح تعمّل۔ اس کی پھر تین صورتیں ہیں۔

اوّل:۔ یہ کہ ماخذ فاعل سے ملا ہوا تو ہو مگر اُس کا احساس جُدا طور پر ہوتا ہے جیسے "تترس" یعنی "اُس نے ڈھال بنایا"۔

دوم:۔ یہ کہ ماخذ فاعل کے ساتھ اس طرح ملا ہوا ہو کہ جداگانہ طور پر اس کا احساس نہ ہوتا ہو۔

سوم:۔ یہ کہ ماخذ اور فاعل کے درمیان یک قالبی نہ ہو بلکہ قُربِ مکانی ہو جیسے تخیّم یعنی اُس نے خیمہ لگایا"۔

تصوّف میں یہ تین صورتیں صفو کو ماخذ قرار دینے کی شکل میں صحیح نہ ہونگی۔ باقی صورتوں میں درست ہونگی۔

(۶) اس بات کا چھٹا خاصہ اتحاد ہے جس کے چار معانی ہیں۔ اوّل، خود ماخذ کو ساخت کرنا۔ دوم ساخت شدہ ماخذ کو حاصل کرنا۔ سوم فاعل کا کسی چیز کو ماخذ بنا لینا۔ چہارم کسی چیز کو ماخذ میں داخل کرنا۔ تصوّف میں چاروں معانی مراد لیے

الاسلام۔ (بخاری و مسلم) کو بنا تا لیکن اخوت اسلام ہے۔

یہ حدیث تیرہ صحابیوں نے روایت کی ہے اور امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو متواتر حدیثوں میں نقل کیا ہے

۱۳۔ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما لاحد عندیدا الا و قد کافانا ما خلا ابا بکر فان لہ عندنا یدا یکافیہ اللہ بھا یوم القیٰمۃ و ما نفعنی مال احد قط ما نفعنی مال ابی بکر۔ (ترمذی)

حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ہم پر کسی کا احسان نہیں جس کا بدلہ ہم نے نہ دیدیا ہو مگر ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا جو احسان ہمارے ذمہ ہے اُس کا بدلہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن دے گا اور کبھی کسی کے مال نے وہ نفع مجھ کو نہیں دیا جو ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مال نے دیا۔

حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس ارشاد مبارک کو سُن کر روئے اور عرض کیا یارسول اللہ! کیا میرا مال آپ کا مال نہیں ہے۔

۱۴۔ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ابوبکر صاحبی فی الغار و مونسی فی الغار سد وا کل خوخۃ فی المسجد غیر خوخۃ ابی بکر (عبداللہ ابن احمد)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ابوبکر غار میں میرے رفیق تھے اور مونس بھی۔ مسجد میں جس قدر کھڑکیاں ہیں سب بند کر دو مگر ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کھڑکی۔

جب مسجد نبوی تعمیر ہوئی تھی تو اس کے گرد مکانات بھی تعمیر ہوئے تھے صحابہ کرام کے مکانوں کی کھڑکیاں مسجد کی جانب تھیں۔ رحلت کے قریب ارشاد ہوا کہ سب کھڑکیاں بند کر دی جائیں، ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کھڑکی مستثنیٰ رہے۔ (اس حدیث کا جز و ثانی مسلم و ترمذی نے بھی روایت کیا ہے۔)

۱۵۔ اللھم اجعل ابا بکر فی ذرحتی

ارشاد فرمایا، الٰہی! ابوبکر صدیق رضی اللہ

جاتے ہیں۔اوّل محبّت الٰہی میں خلوص پیدا کرنا۔ دوم، صفائی حاصل کرنا وغیرہ۔

(۷) بابِ تفعل کا ساتواں خاصہ تدریج ہے جو دو قسم ہے۔

اوّل:۔ یہ کہ کوئی کام ایک ہی دفعہ ہو سکتا ہے مگر اُس کو ہمیشہ آہستہ آہستہ قسطوں میں کیا۔

دوم یہ کہ ایک دفعہ وہ کام کرنا ممکن نہ تھا۔

پہلے معنی کے لحاظ سے تصوّف کا مفہوم یہ ہوگا کہ ایک ہی دفعہ میں اللہ تعالیٰ نے اپنے بندے کو فائز المرام فرمادیا۔ اور دوسرے معنی کے لحاظ سے تصوّف کا مفہوم ہوگا کہ بندہ عبادات کرتے کرتے منزل بہ منزل اپنے مقصود کو پہنچا۔

(۸) آٹھواں خاصہ تحوّل ہے یعنی فاعل کا عین ماخذ بن جانا جیسے تَبَحَّرَ الرجل علماً یعنی آدمی علم کا سمندر ہی بن گیا۔ تصوّف میں اس کا مفہوم یہ ہوگا کہ بندہ عین اخلاص بن گیا۔

(۹) نواں خاصہ "صیرورت" یعنی "کچھ کا کچھ ہو جانا ہے" تصوّف میں اس کی مثال حضرت بلھے شاہ رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے۔ ع

ہُن میں تاں ہو گیا کچھ ہور مینوں کون پچھانے گا

(۱۰) دسواں خاصہ۔ موافقت یعنی با بہائے افعال وغیرہ کا معنی دینا ہے جن کا مقصد کسی اور کو ماخذ سے متصف کرنا ہوتا ہے یعنی صوفی دوسروں کو صفائی سے مزین کرنے لگتا ہے یہ مشیخت کا مقام ہے۔

(۱۱) گیارہواں خاصہ ابتدا ہے۔ اس کی دو قسمیں ہیں۔

اوّل:۔ یہ کہ مادہ مجرّد کا وجود ہی نہ ہو، نیا مادہ گھڑ کے اس کو مزید بنایا جائے۔ جیسے دھوپ میں کھڑے ہونے کو تشمس کہتے ہیں۔ اس کی بہتر مثال تسمّد ہے کیوں کہ سمد بمعنی گانا عربی کا لفظ نہیں ہے بلکہ حبشی زبان کا لفظ ہے۔ تصوّف بمعنی صوفی بن گیا، اسی قبیلہ سے ہوگا۔

دوم:۔ دوسری قسم یہ ہے کہ مادہ کسی دوسرے معنی میں مستعمل ہو اور اُس باب

فی الجنۃ یوم القیمۃ۔ (حاکم)

تعالیٰ عنہ کو قیامت کے دن جنت میں میرے ہی درجہ میں جگہ دینا۔

۱۶۔ یاابا بکر انت عتیق اللہ من النار۔ (ابن عساکر)

ارشاد مبارک ہے اور اے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ! تم کو اللہ نے دوزخ سے آزاد کر دیا ہے۔

آپ کے فضائل میں یہ بھی ہے کہ آپ کو ضمنیتِ کبریٰ حاصل تھی۔ ضمنیت سے مراد ہے کہ ایک ولی دوسرے کے ضمن میں ہو۔ پس جو کمال پہلے کو حاصل ہوتا ہے دوسرا بے اختیار اُس میں شریک ہوتا ہے۔ جس طرح بڑی مچھلی چھوٹی مچھلی کو اپنے پیٹ میں لے لیتی ہے جس جگہ وہ سیر کرتی ہے چھوٹی بے اختیار اُس سیر میں شریک ہوتی ہے۔ اگر ایک ولی کی ضمنیت دوسرے ولی کو حاصل ہو تو اُسے ضمنیت صغریٰ کہتے ہیں۔ جس ولی کو حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ضمنیت حاصل ہو، اُسے ضمنیتِ کبریٰ کہتے ہیں چنانچہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ضمنیتِ کبریٰ حاصل تھی۔ اسی لیے تو حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ما صب اللہ فی صدری الا صببتہ فی صدر ابی بکر۔ یعنی خلائق و معارف میں سے جو کچھ اللہ تعالیٰ نے میرے سینہ میں ڈالا ہے وہی میں نے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سینہ میں ڈال دیا ہے۔ (مکتوباتِ قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ) ؎

آنچہ بُود از بارگاہِ کبریا
ریخت در صدر شریف مصطفیٰ

آں ہمہ در سینۂ صدیق رضؓ ریخت
لاجرم تا بود زَو تحقیق ریخت

حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سفر و حضر میں حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے قدموں میں رہے اور تمام غزوات میں حضور (فدا امی وابی) کے ساتھ ثابت قدم رہے۔ ہجرت کے وقت آپ غار میں ثانی اور بدر کے دن عریش دھوپ

تفعّل میں لاکر کوئی دوسرا معنی اس سے مراد لیا جائے جیسے تکلّم ہے کہ مجرد کلم کا معنی "زخمی کرنا ہے یا زخمی ہونا ہے" مگر تکلم کا معنی تقوّل یعنی بات کہنا ہے یہی حال تصوّف کا ہوگا کہ مادہ مجرّد میں عام ہے مگر اس باب میں آکر خصوصی آداب کا حامل ہو جاتا ہے۔

حضرت علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ نے تصوّف کے ماخذ میں چار اقوال نقل فرمائے ہیں۔ اوّل[1] جامہ صوف دارد۔ دوم[2] اندر صفِ اوّل باشد۔ سوم[3] تولی باصحاب صفہ دارد چہارم[4]، این اسم از صفا مشتق است۔ اور پھر آپ نے "صوفی" کی حد تک لغتِ عرب کے استعمال سے استدلال کر کے صفا سے اشتقاق کے احتمال کو محمود اور باقی احتمالات کو بعید قرار دیا ہے۔ اور یہ اس طرح بھی درست قرار دیا جا سکتا ہے کہ "صوفی" ماضی مجہول کے صیغے ہو بابِ مصافاۃ میں شمار کیا جائے۔ جس کا معنی ہے باہمی مخلصانہ محبت رکھنا۔ ماضی مجہول واحد مذکر غائب کے صیغے میں "صُوْفِیَ" کا مفہوم ہوگا، وہ آدمی جسے ذاتِ خداوندی نے اپنی خصوصی عنایت کی بدولت اپنا مخلص محبّ بنا لیا ہے اور حقیقت میں یہ مقام عطیۂ الٰہی ہے، بزورِ بازو نیست۔

ایک کہانی مشہور ہے کہ کسی امیر کو ایک فقیر کے ساتھ عقیدت تھی۔ وہ امیر چاہتا تھا کہ اُس فقیر کو اپنے محل میں مدعو کرے مگر فقیر اس پر راضی نہ تھا۔ ایک مرتبہ جب کہ فقیر اس امیر کے محل کے قریب سے عام راستے سے گزر رہا تھا، امیر کے حکم سے خدّام نے اُوپر سے پالکی لٹکائی اور اُس فقیر کو اٹھا کر اُس پالکی میں ڈال دیا۔ اس طرح فقیر محل میں امیر کے سامنے لایا گیا۔ فقیر نے کہا، تم خواہ مخواہ مجھے تنگ کرتے ہو۔ اُس امیر نے کہا آپ صرف اتنا بتلا دیں کہ رب العالمین کی حضوری کا یہ مقام آپ کو کس طرح نصیب ہوا فقیر نے جواب دیا، میں اُس مقام پر بالکل اسی طرح پہنچا ہوں جس طرح تمہارے محل میں، کیونکہ ؎

ہیچ کسے بہ خویشتن او بزو بسوے اُو — بلکہ بہ پائے خود برد ہر کہ رود بکوئے اُو
تا نہ شود از و طلب، طالبِ او کسے نہ شُد — ایں ہمہ جستجوئے ہست ز جستجوئے اُو

حضرت علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ نے مزید ایک لطیف نکتہ بیان کیا ہے۔

سے بچنے کے لیے کوئی سایہ دار جگہ) میں ثانی اور موت کے بعد قبر میں بھی ثانی۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (وفات شریف سے پانچ روز پیشتر جمعرات کے دن نمازِ ظہر کے بعد) لوگوں کو خطبہ دیا اور فرمایا کہ اللہ نے ایک بندے کو دُنیا اور ماعند اللہ (جو کچھ اللہ کے پاس ہے) میں اختیار عطا فرمایا۔ اُس بندے نے ماعند اللہ کو اختیار کیا۔ یہ سُن کر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ رو پڑے۔ ہمیں اُن کے رونے پر تعجب ہُوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تو ایک بندے کی خبر دے رہے ہیں جس کو اختیار دیا گیا ہے۔ (یہ رونے کی کیا بات ہے۔) مگر ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہم میں اَعلم (بہت زیادہ جاننے والے) تھے لہٰذا وہ سمجھ گئے کہ وہ بندہ خود حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔

امام فخرالدین رازی صاحبِ تفسیر کبیر یہ روایت نقل کرتے ہیں کہ جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے آیہ اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ۔ (سورہ مائدہ) صحابہ کرام کو سنائی تو وہ بہت خُوش ہوئے اور اظہارِ مسرت کیا۔ مگر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ رو پڑے۔ اُن سے رونے کا سبب دریافت کیا گیا تو فرمایا کہ یہ آیت تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات شریف کے قُرب پر دلالت کرتی ہے کیونکہ کمال کے بعد ہی زوال ہوا کرتا ہے۔ اس سے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا کمالِ علم معلوم ہوتا ہے کیونکہ اِس آیت سے اِس سِرِّ پنہاں (مخفی راز) پر آپ کے سوا کوئی صحابی واقف نہ ہوا۔ (تفسیر کبیر جُزثالث)

جمادی الاولیٰ ۸ھ میں جنگ موتہ مشرکینِ رُوم و عرب نے حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو شہید کر دیا تھا۔ اس لیے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے مرضِ موت میں رُومیوں سے جہاد کرنے اور حضرت زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بدلہ لینے کے لیے ایک لشکر تیار کیا جس میں سرداران مہاجرین و انصار، حضرت صدیق اکبر فاروق اعظم، ابوعبیدہ بن جراح، سعد بن ابی وقاص، سعید بن زید، قتادہ بن نعمان، سلمہ بن اسلم وغیرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم شامل تھے۔ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اُس لشکر کا سردار مقرر

فرماتے ہیں کہ صوفی بمعنی تذکرہ۔ بالالغوی طور پر کسی ماخذ سے اشتقاق کا محتاج نہیں کیونکہ یہ اس قدر عظیم معنی ہے کہ اس کی جنس نہیں ہو سکتی جس سے یہ مشتق ہو کیونکہ صاحبِ جنس کا جنس میں مندرج ہونا ضروری ہوتا ہے اور مندرج ہونے والی چیز اس کی نسبت لامحالہ چھوٹی ہوتی ہے جس میں وہ مندرج ہے اور اس صورت میں اصل عظمت اس جنس کو حاصل ہوگی نہ اس معنی کو۔ لہٰذا اس کی عظمت کا تقاضا یہی ہے کہ اس کی جنس ہی نہ ہو۔ اشتقاق مجانست کا تقاضا ہے اور یہاں جو کچھ ہے وہ کدر ہے جو صفا کی ضد ہے۔ اس لیے صُوفی کو نہ کسی عبارت سے بیان کر سکتے ہیں نہ کسی اشارہ سے البتہ محض تعبیریں کرنیوالے تعبیریں کرتے رہتے ہیں۔

فکری و عملی تحریکِ تصوف کا آغاز

اس تحریک کے آغاز کے متعلق مختلف صاحبِ قلم اور اہل تحقیق حضرات نے اپنے اپنے ذوق اور نقطۂ نظر سے غور کیا ہے اور مختلف آرا کا اظہار کیا ہے۔ میں اختصار کے ساتھ اِن آرا کو نقل کر کے ساتھ ہی اپنی رائے کا اظہار بھی کروں گا۔

(۱) چند اصحاب کا دعویٰ ہے کہ تصوّف آریائی ایرانی فکر کا عکس ہے۔ جو عربی اسلام کے جواب کے طور پر وجود میں آیا کیونکہ قادسیہ، اجلولہ اور حلوان و نہاوند کی جنگوں میں ایرانی مغلوب ہو کر اپنی شان و شوکت کھو بیٹھے، اگرچہ وہ بظاہر اسلام کے زیر اثر آ گئے مگر ایسا بحالتِ مجبوری ہُوا کیونکہ ایرانی بحیثیت قوم طویل زمانہ سے عربوں کو نفرت کی نگاہ سے دیکھتے تھے۔ عربوں اور ایرانیوں کی معاشرتی، تہذیبی اور سیاسی زندگی میں بالکل تضاد تھا۔

ایرانی جب سیاسی طور پر مغلوب ہوئے تو یہی تضاد افکار و نظریات کی کشمکش میں ظاہر ہوا۔ اسی ذہنی اور فکری کشمکش نے دو چیزوں کو جنم دیا، ایک شیعیت اور دوسرا تصوّف۔

کیا گیا اور حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دستِ مبارک سے حضرت آسامہؓ کے لیے جھنڈا تیار کیا۔ ۸/ربیع الاوّل بروز جمعرات آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بلا کر خلیفہ نماز مقرر فرمایا۔ چنانچہ وفات شریف تک وہی نماز پڑھاتے رہے۔ متعینانِ لشکر مدینہ منورہ سے تین میل کے فاصلہ پر مقام جرف میں جمع ہو کر کوچ کرنے ہی والے تھے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال شریف ہو گیا اور وہ لشکر واپس مدینہ منورہ آ گیا۔ اسی اثنا میں یہ خبر پھیلی کہ عرب کے کئی قبیلے دین اسلام سے پھر گئے ہیں اور بعضوں نے زکوٰۃ دینے سے انکار کر دیا ہے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے منصبِ خلافت سنبھالا تو از سرِ نو لشکر کی روانگی کا حکم صادر فرمایا لیکن بعض اصحاب نے حالات کی ناسازگاری (فتنۂ ارتداد اور منکرین زکوٰۃ) کی وجہ سے اُن سے عرض کیا کہ ایسی حالت میں ایسے لشکرِ جرار کا دور و دراز مہم پر بھیجنا خلافِ مصلحت ہے۔ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا! خدا کی قسم! میری جان برخواہ کچھ ہی بن جائے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس حکم میں جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم صادر فرما چکے ہیں کسی قسم کی ترمیم نہیں کروں گا۔ اس کے بعد حضرت اسامہ رضؓ کو روانہ فرما دیا اور حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بغرض مشورہ اپنے پاس رکھ لیا۔ غرض وہ لشکر فتح و ظفر کے جھنڈے لہراتا ہوا واپس آیا۔

حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے لشکرِ اسامہؓ کی روانگی کے ساتھ ہی مرتدین سے جہاد کا حکم دیا۔ یہ مرتدین عرب کے مختلف مقامات میں تھے۔ آپؓ نے سرایا بھیج کر اُن سب کو زیر کیا اور اُن کے ارتداد کا انسداد کیا۔ اسی طرح منکرین زکوٰۃ کے ساتھ بھی جہاد کی تیاری کی گئی۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا کہ آپ لوگوں سے کیسے قتال کریں گے حالانکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔

امرت ان اقاتل الناس	مجھے حکم دیا گیا کہ میں لوگوں سے قتال
حتی یقولوا لا الٰہ الا اللہ	کروں یہاں تک کہ وہ کہیں لا الٰہ الا اللہ
فمن قال لا الٰہ الا اللہ عصم	جس نے لا الٰہ الا اللہ کہہ دیا۔ اُس نے

(۲) ایک گروہ تصوف کی بنیاد فلسفہ نوفلاطونی اور فلسفۂ اشراق کو قرار دیتا ہے ان کے ساتھ اسلامی تصوف کی جو تھوڑی مشابہت پائی جاتی ہے، اس کو یہ لوگ بطور دلیل پیش کرتے ہیں اور تاریخی شواہد سے استدلال کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ فلسفۂ یونان، ظہورِ اسلام سے قبل بھی اور بعد بھی مشرق میں پھیلا ہے اور یہ اسی کے اثرات کا ثمرہ ہے۔ گولڈزیہر بھی اسی کی تائید کرتا ہے۔

(۳) کچھ اہل الرائے، ہندی افکار کو اسلامی تصوف کی بنیاد قرار دیتے ہیں مشہور مستشرق مسٹر جونس (TONES) بھی ان میں شامل ہے۔

(۴) کچھ محققین تصوف کو مسیحی رہبانیت کی ایک شکل بتلاتے ہیں۔ گولڈزیہر اور کئی دیگر مستشرقین مثلاً مرکس (MERD) اور وون کریمر VON-IC REMER کا خیال بھی یہی ہے، بونٹ مورے (BONET) اور میکڈانلڈ نے بھی یہی رائے ظاہر کی ہے۔ MPYRY)

اِن تمام آرا کو صوفیاء کرام کے سامنے پیش کر کے ان کے متعلق فیصلہ خود انہی کے خیالات و تحقیقات سے حاصل کریں گے۔)

(۵) ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ "عہد رسالت میں مسلم اور مومن کے الفاظ استعمال ہوتے تھے بعد میں زاہد اور عابد کے لفظ مستعمل ہونے لگے مگر ایک زمانہ بعد ایک جماعت ایسی پیدا ہو گی کہ دُنیا سے بے التفاتی اور زہد و عبادت ان کی خصوصیات تھیں۔ اس جماعت کو صوفیہ کہا جانے لگا" مگر یہ امر یاد رکھنے کے قابل ہے کہ دنیا جس سے بے التفاتی صوفیاء کرام کا شیوہ ہے، اس کا مفہوم یہ نہیں جو عالم لوگ سمجھتے ہیں۔ پیر رومی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ ؎

چیست دُنیا از خدا غافل بُدن
نے قماش و نقرہ و فرزند و زن

پہلا شخص جو اس نام سے مشہور ہوا، ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ کی تحقیق کے مطابق غوث بن مرہ تھا۔ اس کی والدہ کے ہاں کوئی بچہ نہ بچتا تھا، اس نے

منی مالہ ونفسہ الا بحقہ وحسابہ علی اللہ۔

(مشکوٰۃ، کتاب الزکاۃ)

مجھ سے اپنا مال اور جان بچالی مگر بحق اسلام (دیت قصاص وغیرہ) اور اس کا حساب خدا پر ہے۔

یہ سُن کر حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ خدا کی قسم! میں ضرور جہاد کروں گا اُن لوگوں سے جنہوں نے نماز اور زکوٰۃ کے درمیان فرق کیا کیونکہ زکوٰۃ مال کا حق ہے۔ خدا کی قسم! اگر وہ ایک سالہ بکری کا بچہ جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیا کرتے تھے مجھے دینے سے انکار کریں تو میں ضرور اُن سے قتال کروں گا۔" حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا، "خدا کی قسم! اس حجت میں مَیں نے دیکھ لیا کہ اللہ تعالیٰ نے ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو قتال کے لیے شرح صدر (دلی تسکین) عطا فرمایا ہے پس میں نے پہچان لیا کہ قتال ہی حق ہے۔" ایک روایت میں ہے کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا، اے خلیفۂ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں سے موافقت کیجیے اور اُن کے ساتھ نرمی کیجئے۔ یہ سُن کر حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جواب دیا۔

اجبار فی الجاھلیۃ وخوار فی الاسلام۔

(مشکوٰۃ۔ باب فی مناقب ابی بکر صدیق)

کیا آپ امرِ جاہلیت میں جبار و قہار اور کاروبارِ اسلام میں سُست بنتے ہیں۔

بعض روایات میں وارد ہے کہ دیگر صحابہ کرام حتیٰ کہ حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بھی حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو جہاد سے منع کیا اور کہا کہ عہد خلافت کا آغاز ہے اور مخالفین کی تعداد بہت زیادہ ہے کہیں ایسا نہ ہو کہ کاروبارِ اسلام میں کوئی خلل واقع ہو جائے۔ غور و خوض کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے۔ مگر صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جواب دیا کہ میں جہاد سے نہیں رُک سکتا۔ اگر تمام لوگ مجھے چھوڑ بھی جائیں تو تنہا جہاد کروں گا۔ بالآخر تمام صحابہ کرام نے آپ سے مکمل اتفاق کیا اور کامیابی و کامرانی کے ساتھ جہاد کیا۔ اور دُنیا نے دیکھ لیا کہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی رائے کتنی صائب اور اعلیٰ تھی۔ ان روایات و واقعات سے ثابت ہوتا ہے کہ حضرت صدیق اکبر رضی

نذر مانی کہ اگر غوث زندہ بچا تو اس کو کعبۃ اللہ کی خدمت کے لیے وقف کر دوں گی۔ وہ بچہ زندہ بچ گیا اور اس کی والدہ نے اپنی نذر پوری کر دی مگر ایک دن سخت گرمی کی وجہ سے وہ بچہ بے ہوش ہو گیا۔ اور اُس کی والدہ نے کہا کہ میرا بچہ تو صوفہ یعنی اُون کے بے جان کپڑے کی طرح ہو گیا ہے۔ پھر اُسی دن سے غوث بن مرہ کا نام صوفہ پڑ گیا۔ بعد میں جن لوگوں نے اس طرح کی زندگی اپنائی وہ اُس کی نسبت سے صوفی کہلائے جانے لگے۔

ڈاکٹر غلاب اور کامل مصطفیٰ الشیبی کی تحقیق یہ ہے کہ سب سے پہلے جس شخص نے یہ لقب پایا وہ مشہور مسلم سائنسدان جابر بن حیان ہے۔ ابن خلدون کی تحقیق بھی یہی ہے کہ لفظ صوفی دوسری صدی ہجری کی پیداوار ہے۔ بہرحال اتنا ضرور ثابت ہوتا ہے کہ تصوف خالص اسلامی فکر ہے اور اس کا آغاز مسلمانوں ہی سے ہوا ہے۔

(۶) کچھ صوفیا راہل صفہ اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم کو تصوف کی پہلی کڑی قرار دیتے ہیں۔ اصلِ صفہ کم و بیش ستر آدمیوں کی جماعت تھی جو صفہ مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں قیام رکھتی تھی۔ علامہ ابن تیمیہ کے بقول ہجرت کر کے آنے والے وہ مسلمان جن کا مدینہ میں کوئی ٹھکانہ نہیں ہوتا تھا وہ اس صفہ میں قیام کرتے تھے اور جب وہ اپنا ٹھکانہ بنا لیتے تھے تو وہاں منتقل ہو جاتے تھے۔ اس طرح صفہ میں گاہے گاہے یا مستقل قیام رکھنے والے صحابہ کی تعداد چار سو سے زائد ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خود اُن کے خورد و نوش اور دیگر حاجات میں اُن کی معاونت فرماتے تھے۔ اِن میں سے زیادہ مشہور بلالِ حبشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، عمار بن یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، صہیب بن سنان رومی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، زید بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ، ابوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ، ابوعبیدہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں۔ اس کی تفصیل "کشف المحجوب" میں دیکھی جا سکتی ہے۔

صوفیاء کرام، تصوف کے بارے میں کہتے ہیں کہ یہ قرآن و حدیث کے

رضی اللہ تعالیٰ عنہ اشجع الصحابہ (صحابہ کرام میں سب سے زیادہ بہادر) اور اعلم الصحابہ (صحابہ کرام میں سب سے زیادہ جاننے والے) تھے۔

جود و سخا

حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسلام لاتے ہی اپنا تمام مال (چالیس ہزار درہم) بارگاہِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم میں پیش کر دیا۔ چنانچہ وہ مال حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے مسلمانوں پر صرف ہوتا رہا۔ آپ نے سات مرد و زن حضرت بلال حبشی[1]، عامر بن فہیرہ[2]، زنیرہ رومیہ[3]، نہدیہ[4]، دختر نہدیہ[5] ابو عبیس[6]، کنیز بنی مؤمل[7] رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو جو غلامی کے جرم میں کفار کے ہاتھوں سخت بدنی تکلیفیں اٹھا رہے تھے۔ بھاری رقوم پر خرید کر آزاد کر دیا۔ ہجرت مدینہ تک تیرہ سال میں آپ نے تجارت سے جو کچھ کمایا وہ سب اسلام کی تائید و حمایت میں خرچ کیا۔ ہجرت کے وقت آپ کے پاس پانچ ہزار درہم تھے جو مہم ہجرت[1]، مسجد[2] کے لیے زمین کی خرید اور دیگر وجوہ خیرات میں صرف ہوئے۔ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم بھی تو فرماتے تھے

مانفعنی مال احد قط مانفعنی مال ابی بکر	مجھے کسی کے مال نے وہ نفع نہیں دیا جو ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مال نے دیا۔

حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد کی وجہ یہ ہے کہ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا، حضرت ابو طالب اور حضرت عبد المطلب کا مال جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر خرچ آیا تھا وہ صرف خوراک و پوشاک، صلہ رحم و مہمان نوازی اور محتاجوں کو خبر گیری کے لیے تھا جب کہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مال شوکتِ اسلام کا پھر برا لہراتے، کفار کے ہاتھوں مسلمانوں کو رہائی و خلاصی اور اہلِ اسلام کے ضعیفوں کو اعانت میں کام آیا ان ہر دو مصارف میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔

جب حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا تمام مال خرچ ہو گیا اور اُن پر فقر و فاقہ نے غلبہ پایا تو ایک روز بجائے کرتہ کے کمبل کو ایک خلال سے مربوط کر کے گلے میں ڈال کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس میں حاضر ہوئے۔ اسی اثنا میں حضرت جبرئیل علیہ السلام

اسرار و رموز اور اولیاء اللہ کے کشف و مشاہدہ کا نتیجہ ہے۔ حضرت علی الہجویری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں علم تین قسم ہے۔ علم من اللہ، علم مع اللہ اور علم باللہ، اس کی تشریح یوں ہے کہ علم باللہ، علم معرفت ہے تمام اولیاء اللہ تعالیٰ کو اس وجہ سے جانتے ہیں کہ جب تک خود اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کی اپنی معرفت کا القا نہ ہو اولیاء اُس کی پہچان حاصل نہیں کر سکتے کیونکہ حق تعالیٰ سے اکتسابِ مطلق کے تمام اسباب منقطع ہیں اور بندے کا علم حق تعالیٰ کی معرفت کے لیے علت نہیں ہو سکتا۔ حق تعالیٰ کی معرفت کی علت بھی خود ذاتِ الٰہی کی طرف سے القا کی جاتی ہے۔

علم من اللہ، علمِ شریعت ہے جس کی بدولت اللہ کے احکام معلوم ہوتے ہیں اور علم مع اللہ طریقِ حق کے مقامات اور اولیاء اللہ کے درجات کا علم ہے۔ اس لیے معرفت بغیر شریعت کے درست نہیں ہو سکتی اور شریعت پر عمل صحیح مقامات جانے بغیر نہیں ہو سکتا۔"

اِس سے ہی معلوم ہوتا ہے کہ تصوف شریعتِ اسلامی ہی کا ایک گوشہ ہے اس کو اسلام کے مقابل میں پیدا شدہ فکر کہنا غلط ہے۔ اسی طرح فلاسفہ کی افکار اس کی بنیاد نہیں کیونکہ فلاسفہ تو عقل کے بندے ہوتے ہیں جب کہ صوفیاء عقل کو عرفان کے لیے ناکافی تصور کرتے ہیں۔ غزالی رحمۃ اللہ علیہ جب فلسفی سے صوفی بنے تو عقل کی بیکسی پر صفحات کے صفحات لکھے۔ شیخ عطار رحمۃ اللہ علیہ تصوف کے سمندر میں غوطہ زن ہوئے تو فلسفہ کے متعلق یوں فیصلہ لکھا ؎

زجائے دیگر است این گونہ اسرار — ندارد فلسفی با ایں سخن کار
چو عقل فلسفی در علت افتاد — ز دینِ مصطفیٰ بید ولت افتاد
ورائے عقل ما را بارگاہ است — ولیکن فلسفی یک چشم راہ است

اسی طرح پیر جلال الدین رومی رحمۃ اللہ علیہ جب مولوی سے مولائے روم کے مقام پر فائز ہوتے ہیں تو کہتے ہیں۔ ؎

صد ہزاراں ز اہل تقلید و نشاں — افگند شاں نیم و ہمی در گماں

کشی کی ہے۔ ؎

اک دن رسول پاکؐ نے اصحابؓ سے فرمایا — دیں مال راہِ حق میں جو ہوں تم میں مالدار
ارشاد سُن کے، فرطِ طرب سے عمرؓ اُٹھے — اُس روز اُن کے پاس تھے درہم کئی ہزار
دل میں یہ کہہ رہے تھے کہ صدیقؓ سے ضرور — بڑھ کر رکھے گا آج قدم میرا راہوار
لائے غرض کہ مالِ رسولِ امینؐ کے پاس — ایثار کی ہے دست نگر ابتدائے کار
پُوچھا حضور سرورِ عالم نے اے عمرؓ! — اے وہ کہ جوشِ حق سے ترے دل کو ہے قرار
رکھا ہے کچھ عیال کی خاطر بھی تُو نے کیا! — مُسلم ہے اپنے خویش و اقارب کا حق گزار

کی عرض نصف مال ہے فرزند و زن کا حق
باقی جو ہے وہ ملّتِ بیضا پہ ہے نثار

اتنے میں وہ رفیقِ نبوّت بھی آ گیا — جس سے بنائے عشق و محبت ہے استوار
لے آیا اپنے ساتھ وہ مردِ وفا سرشت — ہر چیز جس سے چشمِ جہاں میں ہو اعتبار
مِلکِ یمین و درہم و دینار و رخت و جنس — اسپ قمر سم و شتر و قاطر و حمار
بولے حضورؐ چاہیئے فکرِ عیال بھی! — کہنے لگا وہ عشق و محبت کا رازدار
"اے تجھ سے دیدۂ مہ و انجم فروغ گیر — اے تیری ذاتِ باعثِ تکوینِ روزگار
پروانے کو چراغ ہے بُلبُل کو پھُول بس
صدیقؓ کے لیے ہے خُدا کا رسُول بس (بانگِ درا)

القصہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اجود الصحابہ (صحابہ میں سب سے زیادہ سخاوت کرنیوالے) تھے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔

تقویٰ و تواضع حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ارشاد فرماتی ہیں کہ میرے ابا جی حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ایک غلام تھا جو کما کر لاتا تھا اور آپ اُس میں سے کھا لیا کرتے تھے۔ ایک دن وہ کوئی چیز لایا جس میں سے آپ نے بھی کچھ کھا لیا۔ غلام نے عرض کیا کہ کیا آپ کو معلوم ہے کہ آپ نے کیا کھایا ہے! حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دریافت فرمایا کہ وہ کیا ہے؟ غلام نے عرض کیا کہ میں

پائے استدلالیاں چوبیں بود　　پائے چوبیں سخت بے تمکیں بود
فلسفی کو منکرِ حنانہ است　　از حواسِ اولیا ربیگانہ است
فلسفی را زہرہ نے تا دم زند　　دم زند قہر حقش برہم زند

ان حقائق سے بخوبی پتہ چلتا ہے کہ تصوف خالص اسلامی فکر ہے۔ غیروں کے کسی فلسفے کے ساتھ اس کا کوئی رشتہ نہیں ہے اور محض ظاہری اور وہ بھی انتہائی معمولی حد تک صوفیاء کی مسیحی راہبوں کے ساتھ مشابہت سے یہ نتیجہ اخذ کرنا کہ تصوف مسیحی رہبانیت ہی کی ایک شکل ہے سراسر ناانصافی ہوگی۔ فقر اور توکل من اللہ کے بارے میں یہ تصور کرنا کہ یہ صفات عیسائی راہبوں سے لی گئی ہیں جس طرح کہ قمر گیلانی نے رائے ظاہر کی ہے بہت عجیب بات ہے۔ فقر کی نسبت "الفقر فخری" کہنے والے محسنِ انسانیت کی طرف کیوں نہ کی جائے اور توکل من اللہ کے لیے کلام الٰہی ومن یتوکل علی اللہ فھو حسبہ کو کیوں پس پشت ڈالا جائے۔ قمر گیلانی نے مزید ایک صفت تمتع عن الزوج سے پرہیز کے متعلق بھی یہی کیا ہے کہ یہ صفت رُہبانیت سے اخذ کردہ ہے۔ مگر یاد رہے کہ معدودے چند صوفیاء نے شادی کرنے سے پرہیز کیا ہے جب کہ وہ خود پر مکمل کنٹرول رکھ سکتے تھے اور رکھا۔ ورنہ اکثر صوفیاء نے نکاح کیئے، صاحبِ اولاد ہوئے اور آج تک اُن کے سلسلہ ہائے نسب موجود ہیں۔

عیسائی راہبوں کی واقعی یہ خصوصیت تھی کہ وہ شادی نہ کرتے تھے، آبادیاں چھوڑ کر ویران جنگلوں میں بسیرا کرتے تھے۔ اگرچہ ایک خاص وقت میں انسان اس کی خواہش رکھتا ہے، جیسا کہ حضرت اقبال رح کہتے ہیں۔ ؏

دامن میں کوہ کے ایک چھوٹا سا جھونپڑا ہو

مگر اللہ کا حکم یہی ہے کہ مخلوقِ خدا کی خدمت کی جائے، انہیں راہِ حق کی ہدایت کی جائے۔ اس لیے صوفیاء نے کبھی زندگی سے فرار اختیار نہیں کیا۔ ابتدائی مراحل میں قدرے خلوت کی ضرورت ہوتی ہے، جس طرح سید الرسل صلی اللہ علیہ وسلم

نازل ہوئے اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ! باوجود مال و دولت اور مالداری و تونگری کے ابوبکرؓ کا کیا حال ہوگا کہ لباسِ فقر پہنے بیٹھا ہے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اُس نے اپنا تمام مال و دولت مجھ پر اور راہِ خدا میں خرچ کر دیا ہے اور مُفلس ہو کر یہ صورت اختیار کی ہے۔ حضرت جبریل علیہ السلام نے عرض کیا کہ خُدا تعالیٰ نے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو سلام بھیجا ہے اور اُن سے دریافت فرمایا ہے کہ بتاؤ، اس فقر میں تم مجھ سے راضی ہو یا کچھ کدورت رکھتے ہو! یہ سُن کر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر وجد کی حالت طاری ہوگئی اور جواب میں عرض کیا کہ میں اپنے پروردگار سے کس طرح کدورت رکھ سکتا ہوں اور بار بار یوں نعرہ زن ہوتے رہے۔

انا عن ربی راض انا عن ربی راض۔ (تفسیر عزیزی)

میں اپنے رَب سے راضی ہُوں، میں اپنے رب سے راضی ہوں۔

حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ ایک روز حضور سیدِ عالم نے ہمیں حکم دیا کہ راہ خدا میں صدقہ دو۔ اتفاقاً اُس وقت میرے پاس بہت سا مال تھا میں نے اپنے دل میں کہا کہ میں آج حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سبقت لے جاؤں گا۔ میں نے اپنا آدھا مال بارگاہِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم میں پیش کر دیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے استفسار فرمایا کہ تم اپنے اہل و عیال کے لیے کتنا کچھ چھوڑ آئے ہو۔ میں نے عرض کیا کہ آدھا چھوڑ آیا ہوں۔ حضرت ابوبکرؓ نے اپنا تمام مال جو اُن کے پاس تھا۔ لاکر بارگاہِ بیکس پناہ صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر کر دیا۔ جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن سے دریافت فرمایا کہ تم اپنے اہل و عیال کے لیے کتنا مال چھوڑ آئے ہو۔ اس پر انہوں نے عرض کیا کہ فقط خدا اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو چھوڑ آیا ہوں،، (یعنی خدا کا فضل اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اعانت و خوشنودی میرے لیے کافی ہے) یہ سُن کر میں نے کہا کہ میں کبھی بھی ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سبقت حاصل نہیں کر سکتا۔ (مشکوٰۃ، باب فی مناقب ابی بکر الصدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

حکیم الامت حضرت علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے اس واقعہ کی کتنی حسین منظر

اوائل عمر میں غارِ حرا میں تشریف لے جاتے تھے مگر ہمیشہ کے لیے ہنگامہ ہائے زندگی کو خیرباد کہہ دینا اسلام میں ممنوع ہے۔ صوفیا اسی دنیا میں رہ کر اس کی صعوبتیں برداشت کرتے ہیں کیونکہ یہی اللہ کا حکم ہے۔ سیدنا عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ نے شوال ۵۴۵ھ میں ایک وعظ کے دوران فرمایا کہ "اگر صبر نہ ہوتا تو میں تم لوگوں میں نہ ہوتا" اس کی وجہ کیا ہے یہی کہ دل مچلتا ہے کہ۔ ع

بیٹھے رہیں تصورِ جاناں کیے ہوئے

مگر اسی جاناں کا حکم ہے کہ میری مخلوق کی خدمت کرو۔ اس لیے صوفیا کرام صبر سے کام لیتے ہیں اور اس دنیائے دوں کی تکالیف سہتے ہیں۔ ع

اِدھر مخلوق میں شامل اُدھر اللہ سے واصل

کے مصداق ہوتے عظمت تو یہی ہے کیونکہ ؎

اس حسن مہ وش کا دل سوختہ وہی ہے
شعلوں سے بھی جو کھیلے دامن کو بھی بچائے

شیخ ضیاء الدین سہروردی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جہال کے ساتھ صحبت صبر، حسن، خلق اور مدارات کے ساتھ ان کی سختی کو برداشت کرنے اور ان کو بنظرِ رحمت دیکھتے ہوئے ہونی چاہیئے۔ صوفیائے اسلام نے کبھی رہبانیت کو اچھا نہیں سمجھا۔ پھر ان کے فکر و عمل کے ڈانڈے ان راہبوں کے ساتھ ملانا قرین انصاف نہیں ہو سکتا۔ انسائیکلوپیڈیا آف اسلام کا مقالہ نگار ایک عجیب بات لکھتا ہے کہ پہلی تین صدیوں کے مفسرین مثلاً مجاہد اور ابوامامہ الباہلی سورہ الحدید کی آیت ۲۷ ورھبانیۃ ابتدعوھا الخ۔ کو رہبانیت کے جواز کے لیے بطور دلیل استعمال کرتے تھے۔ بعد میں زمخشری نے رہبانیت کی مخالفت کی، گویا عہد صحابہ، تابعین اور تبع تابعین میں رہبانیت اسلام کا حصہ تھی۔ حالانکہ ان مفسرین نے اس آیت کی تفسیر کرتے وقت محض تاویلاً ایک خیال ظاہر کیا ہے کہ بعثتِ محمدی صلی اللہ علیہ وسلم سے قبل حالات زمانہ سے

تے دورِ جاہلیت میں بطور کاہن ایک شخص کو غیب کی خبر دی تھی، آج اتفاقاً وہ مجھے مل گیا۔ اور بطور ہدیہ کچھ دیدیا۔ آپ نے اُسی میں سے کھایا ہے۔ یہ سُن کر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنا ہاتھ منہ میں ڈال کر جو کچھ کھایا تھا قے کر دیا۔

(صحیح بخاری، باب ایام الجاہلیہ)

عبدالرزاق نے بروایت ابن سیرین نقل کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چند اصحاب ایک پانی پر اُترے ہوئے تھے۔ حضرت نعیمان بن عمرو انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ پانی والوں سے کہا کرتے تھے کہ آئندہ ایسا ہوگا سو وہ حضرت نعیمان کی خدمت میں دودھ اور کھانا بطور ہدیہ لاتے، جسے وہ اپنے ساتھیوں کے پاس بھیج دیا کرتے۔ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خبر لگی تو فرمایا کہ "میں دیکھتا ہوں کہ میں اُس دن سے نعیمان کی کہانت (علم نجوم) سے کھاتا ہوں" یہ فرما کر جو کچھ پیٹ میں تھا قے کر دیا تھا۔

تاریخ کامل ابن اثیر میں لکھا ہے کہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رحلت کے وقت اپنی صاحبزادی حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے فرمایا کہ جب سے ہم مسلمانوں کے اُمور کے متکفل ہوئے ہیں ہم نے ان کا کوئی روپیہ پیسہ نہیں لیا۔ ہاں اُن کا نیم کوفتہ طعام کھایا ہے اور موٹے کپڑے پہنے ہیں۔ اب ہمارے پاس مسلمانوں کے مال میں سوائے اس غلام، اس اونٹ اور اس چادر کے کچھ نہیں ہے۔ جب میں دائمی اجل کو لبیک کہہ جاؤں تو ان تمام کو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس بھیج دینا۔ جب آپ نے دارِ فنا سے دارالبقا کی طرف کوچ فرمایا تو حسب وصیت حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سب کچھ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں بھیجدیا۔ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ (جن کا نام سُن کر شہنشاہان عالم لرزہ براندام ہو جاتے تھے) یہ منظر دیکھ کر رو پڑے یہاں تک کہ اُن کے آنسو ٹپ ٹپ زمین پر گرنے لگے اور بلک بلک کر روتے جاتے تھے اور بار بار فرماتے تھے۔

رحم اللہ ابا بکر لقد اتعب من بعدہ ۔

خدا ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر رحم کرے اُنہوں نے بے شک اپنے جانشینوں کو

رہو کو اللہ کی رضاجوئی کے لیے کچھ لوگوں نے رہبانیت کی طرح ڈالی مگر پھر وہ خود اس کی مکمل رعایت نہ کر سکے۔ ایک بات تو ظاہر ہے کہ رہبانیت کی راہ انہوں خود ہی اپنائی تھی۔ ایسا کرنے کے لیے انہیں اللہ تعالیٰ نے نہیں کہا تھا البتہ قرآن کا مقصد یہ ہے کہ چلو انہوں نے یہ راہ اپنائی تھی تو پھر اس پر کاربند بھی تو رہتے جب وہ ایسا نہ کر سکے۔ اس سے تاویلاً اور ضمناً اتنا مفہوم نکل سکتا ہے کہ رہبانیت بذاتِ خود بُری شی نہیں بشرطیکہ اس کی مکمل رعایت کی جائے اور اسی مفہوم کو ان مفسرین نے بیان کیا ہے۔ اس سے یہ نتیجہ نکالنا کہ صدرِ اسلام میں رہبانیت کی اجازت تھی قرآن مجید کے تمام معاشرتی احکام اور سنتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا انکار ہے۔

حضرات صوفیاء کرام نے کبھی قرآن مجید کے احکامِ شریعت اور رحمتِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت سے رُوگردانی نہیں کی۔ حضرت شاہ مینا لکھنوی رحمۃ اللہ علیہ اپنے مُرشد کا قول نقل کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ اگر تو کسی کو دیکھے کہ ہوا میں اُڑتا ہے یا پانی پر چلتا ہے مگر فرائض اور سُنتوں سے بے اعتنائی کرتا ہے تو جان لے کہ وہ جھوٹا ہے اور یہ اس کی کرامت نہیں بلکہ جادو ہے۔

پیر رومی رحمۃ اللہ علیہ اپنی مثنوی کی چھٹی جلد میں "مُرغ کا صیاد" کے ساتھ مکالمہ نقل کرتے ہوئے کہتے ہیں ؎

مُرغ گفتش خواجہ در خلوت مایست — دینِ احمدؐ را ترحب نیک نیست
از ترحب نہی فرمود آں رسولؐ — بدعتی چوں بر گرفتی اے فضول

صوفیاء کرام نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بطور اسوۂ حسنہ ہر حال میں اپنے سامنے رکھا ہے۔ یہ لوگ خانقاہوں میں مجاہدات و عبادات کرتے ہیں۔ عالم لوگوں کو وعظ فرماتے ہیں۔ تشنگانِ علم کو علومِ ظاہریہ و باطنیہ کا درس دیتے ہیں۔ شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ درسِ علم ہی کا فیض ہے کہ مجھے مقامِ قطب پر فائز کیا گیا۔ درست العلم حتی صرت قطبًا۔

کچھ ایسے لوگ ضرور رہے ہیں جو شریعت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی

مشقت میں ڈال دیا۔

پھر حکم دیا کہ یہ سب کچھ لے لیا جائے۔ اس پر حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہا۔ سُبحان اللہ! آپ ابوبکر کے عیال سے غلام[1]، آبکش اونٹ[2] (پانی لانے والا اونٹ) اور پرانی چادر[3] جس کی قیمت پانچ درہم ہیں، چھین رہے ہیں۔ کاش آپ واپس کر دیں۔ یہ سُن کر حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: "قسم ہے مجھے اُس ذات کی جس نے حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو مبعوث فرمایا ہے، یہ میرے قبضہ و اختیار میں نہیں ہے"

روایت ہے کہ ایک دفعہ آپ کی زوجہ محترمہ کا دل حلوا کھانے کو چاہا۔ آپ نے فرمایا کہ ہمارے پاس حلوہ خریدنے کی گنجائش نہیں۔ زوجہ محترمہ نے عرض کیا کہ میں چند روز میں اپنے نان و نفقہ میں سے کچھ بچت کر لوں گی تاکہ حلوا خریدا جا سکے۔ آپ نے ارشاد کیا کہ بچا لو۔ کافی دنوں بعد کچھ بچت ہوئی تو زوجہ محترمہ نے حلوہ خریدنے کے لیے عرض کیا۔ آپ نے اُس بچت کو لے کر بیت المال میں داخل کر دیا اور فرمایا کہ یہ ہمارے نفقہ سے زائد ہے اور اپنے نفقہ میں اتنا کم کر دیا جتنا کہ زوجہ محترمہ نے روزانہ خرچ میں کمی کی تھی اور مقدارِ زائد کو بیت المال میں جمع کروا دیا۔ خدا کی قسم! یہ غایت درجہ کا تقویٰ ہے جس سے زیادہ ممکن ہی نہیں۔ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بجا طور پر آپ کو اپنا سردار اور خلیفہ بنایا تھا۔

حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مکان مقام سُنح (یہ مقام مدینہ منورہ کے ایک طرف واقع تھا اور اس کے اور رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دولت خانہ کے درمیان ایک میل کا فاصلہ تھا۔) آپ کی زوجہ محترمہ حبیبہ بنت خارجہ خزرجیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس تھا۔ آپ نے بیعتِ خلافت کے بعد چھ مہینے تک وہیں قیام رکھا۔ وہاں سے مدینہ منورہ پیدل تشریف لاتے۔ بعض اوقات گھوڑے پر سوار ہوتے اور تہبند اور پھٹی پرانی چادر اوڑھتے اور لوگوں کو نماز پڑھاتے۔ نمازِ عشاء کے بعد سنح کو واپس تشریف لے جاتے۔ آپ کی عدم موجودگی میں حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ

کو چھوڑ کر غلط افکار و اعمال کو اپناتے ہیں مگر وہ متصوفین ہیں یعنی صوفیار کا لبادہ اوڑھ کر لوگوں کو دھوکہ دینے والے ہیں۔ ان کے خیالات اور دعاوی سند نہیں ہو سکتے

امام قشیری، ابو الحسین احمد بن محمد نوری رحمۃ اللہ علیہ کا قول نقل کرتے ہیں :۔

"جس شخص کو تو اللہ کے ساتھ ایسی حالت کا دعویٰ کرتے ہوئے دیکھے
جو اس کو شریعت کی حد سے نکال دے تو تجھے اس شخص کے
قریب بھی نہیں جانا چاہیئے"

عارف رومی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ؎

اے بسا ابلیس آدم روئے ہست
بس بہر دستے بنا باید داد دست

امام ربانی حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ السامی اپنے خلیفہ ارشد میر محمد نعمان رحمۃ اللہ علیہ کو اپنے ایک خط میں صوفیار کے طریقے کی وضاحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں :۔

"اے برادر! مکرر بشما گفتہ شدہ است کہ مدار ایں طریق بر دو اصل
است، استقامت بر شریعت بحدے کہ بر ترکِ ادنائے آداب
آں راضی نباید شد"

اب ان صوفیار کے مسلک کے بارے میں یہ کہنا کہ یہ اسلام کے جواب کے طور پر وجود میں آیا، یا یہ رہبانیت کی ایک شکل ہے، کسی قدر بے معنی بات ہوگی۔ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے رسالے "ہمعات" میں تصوف پر کافی بحث کی ہے۔ اُن کی تحقیق یہ ہے کہ تصوف کی اصل رُوح عہد رسالت صلی اللہ علیہ وسلم اور عہد صحابہ رضؓ میں موجود تھی مگر اس کی جداگانہ امتیازی شکل جو بعد میں پیدا ہوئی نہیں تھی۔ ان کا کہنا ہے کہ اسلام کی دو حیثیتیں ہیں۔ ایک ظاہری اور دوسری باطنی۔ دین کی ظاہری حیثیت کی حفاظت تو فقہا، محدثین، مجاہدین اور قراء کرتے رہے لیکن اُن کے دین کے محافظین کا ایک اور گروہ بھی رہا ہے

نماز پڑھا دیا کرتے۔ آپ ایک با اصول تاجر تھے۔ ہر روز خرید و فروخت کے لیے بازار جاتے۔ آپ کے پاس بکریوں کا گلہ تھا جسے بعض اوقات آپ خود چراتے اور بعض اوقات کوئی اور چراتا۔ آپ اپنے قبیلے والوں کی بکریوں کا دودھ دوہ دیا کرتے تھے۔ منصب خلافت پر متمکن ہونے کے بعد بھی آپ کی خدمتِ خلق میں کوئی فرق نہ آیا۔ آپ کے قبیلہ کی ایک لڑکی نے کہا کہ ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ چونکہ اب خلیفہ بن گئے ہیں اب ہمارے گھر کی بکریوں کا دودھ نہ دوہیں گے۔ آپ نے جو یہ سنا تو فرمایا: "مجھے اپنی زندگی کی قسم! میں تمہاری بکریوں کا دودھ ضرور دوہ دیا کروں گا۔ مجھے قوی امید ہے کہ خلافت سے میرے اخلاقِ سابق میں کچھ تغیر و تبدل نہیں ہوگا۔" چنانچہ حسب سابق ان کی بکریوں کا دودھ دوہ دیا کرتے تھے۔

حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دورِ خلافت سے قبل حضرت فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ اطرافِ مدینہ میں ایک اندھی بڑھیا کے ہاں پانی لانے و دیگر کاموں کے لیے روزانہ آتے تھے۔ جب حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے منصبِ خلافت سنبھالا تو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے آنے سے قبل ہی سب کام ہو چکے ہوتے تھے۔ انہوں نے تلاش شروع کی کہ مجھ سے پہلے یہ کام کون کر جاتا ہے۔ معلوم ہوا کہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کر جاتے ہیں۔

بیعتِ خلافت سے چھ ماہ بعد آپ نے مدینہ منورہ میں سکونت اختیار کی اور فرمایا کہ میری قوم کو معلوم ہے کہ میں کپڑے کی تجارت کیا کرتا تھا جس سے میرے اہل و عیال کا گزارا ہوتا تھا۔ امورِ خلافت میرے ذمہ ہو گئے ہیں۔ ظاہر ہے کہ امورِ خلافت کی انجام دہی سے اب تجارت کے لیے وقت ملنا محال ہے لہٰذا اب ابو بکر کے اہل و عیال و متابعین بیت المال سے کھائیں گے۔ چنانچہ آپ نے بیت المال سے نفقہ لینا شروع کر دیا جو آپ کے لیے، آپ کے اہل و عیال اور حج و عمرہ کے لیے کفایت کرتا۔ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جو آپ کے لیے معین کیا وہ چھ ہزار درہم سالانہ تھے۔ کہا گیا ہے کہ جب آپ کی وفات کا وقت قریب آیا تو وصیت کی کہ میری زمین

طاعت ونیک شعاری کے جن کاموں سے نفس پر اچھے اثرات مرتب ہوتے ہیں اور دلوں کو اُن سے لذت ملتی ہے یہ بزرگ عامتہ الناس کو اُن کاموں کی دعوت دیتے رہتے ہیں

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ صوفیاء کے طریقہ کی وضاحت کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ

"میں نے جانا کہ اِن کا طریقہ علم اور عمل دونوں سے پُورا ہوتا ہے۔ ان کے عمل کا نتیجہ اور حاصل یہ ہے کہ نفس کی دشواریاں قطع ہو جاتی ہیں اور وہ اخلاقِ ذمیمہ اور صفاتِ خبیثہ سے پاک وصاف ہو جاتا ہے۔ اور قلب غیر اللہ سے خالی ہو کر ذکرِ الٰہی سے روشن ہو جاتا ہے"

ایسے مستند اور محقق اہل علم حضرات کے فیصلوں کو معلوم کرنے کے بعد یہ واہمہ لازماً باطل ہو جاتا ہے کہ تصوف اسلام سے ہٹ کر کوئی چیز ہے۔ جب بھی کوئی فکر بڑھتا ہے وُہ دُنیا پر اثر انداز ہوتا ہے اور ساتھ ہی دُنیا سے کچھ اثر لیتا ہے۔ یہی حال تصوف کا بھی ہے۔ جیسا کہ ڈاکٹر وحید قریشی کا خیال ہے کہ اگرچہ تصوف میں ہندی اثرات شامل ہیں مگر اُن کی حیثیت ضمنی اور ذیلی ہے۔ ہند میں تصوف جس راستے سے وارد ہوا اور وہ راستہ شریعت پر شدید اصرار کی منزل سے ہو کر گزرتا ہے۔ ویدانت کی تعلیمات نے کسی حد تک صوفیاء کو ضرور متاثر کیا ہے۔ صوفیاء کے فلسفیانہ افکار پر مقامی اثرات کا عمل دخل ضرور ہوا ہے لیکن ہندوستان میں مسلمانوں کی فکری تاریخ کا عہد بہ عہد جائزہ لیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ ان اثرات کی حیثیت ضمنی اور ذیلی ہے مسلمانوں نے ہر علاقے کی مقامی روایات کو اپنے وسیع تر فکری پیمانے میں مناسب قطع وبرید کے بعد ہی شامل کیا ہے۔ اُنہوں نے ہمیشہ اس احتیاط کو ملحوظ رکھا ہے کہ فکر ونظر کا اساسی نظام نو وارد عناصر سے مسخ نہ ہونے پائے تاکہ اسلامی نظامِ فکر کی ہیئت ترکیبی اپنے بنیادی ماخذ اور منابع سے سرتابی نہ کرتے ہوئے اپنے کلی خطوط کو برقرار رکھ سکے۔

بُعدِ زمانہ کی وجہ سے کیا کیا بیرونی اثرات تصوف میں شامل ہوئے یہ اس وقت موضوعِ بحث نہیں لیکن مندرجہ بالا شواہد سے اتنی بات ضرور تسلیم کرنی پڑتی ہے

بیچ کر اُس کی قیمت اُس نفقہ کے عوض صرف کر دی جائے جو میں نے مسلمانوں کے مال میں سے لیا تھا۔

آپ پہلے حاکم ہیں جن کے لیے رعیت نے نفقہ کا تعین کیا تھا۔ اور آپ ہی پہلے حاکم ہیں جن کو خلیفہ کہا گیا اور پہلے خلیفہ ہیں جن کو اُن کے والد بزرگوار کی زندگی میں خلافت ملی اور پہلے شخص ہیں۔ جنہوں نے مصحفِ قرآن کو مصحف کہا۔

اتباعِ سنت

حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اتباعِ سنت کو احاطہ تحریر میں نہیں لایا جا سکتا تھا وہ تو اس معاملے میں عدیم النظیر تھے۔ کون ہے جو اُن کے اس کمالِ شوق کا ذکر کر سکے۔ ذرا اُس گفتگو کو پیشِ نظر رکھیں جو وفات شریف سے چند گھنٹے پیشتر آپ کے اور آپ کی صاحبزادی حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے درمیان ہوئی۔

صدیق اکبر رضؓ:۔ تم نے حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو کتنے کپڑوں میں دفن کیا؟

صدیقہ رضؓ:۔ تین سفید کپڑوں میں جن میں نہ قمیض تھی نہ عمامہ۔

صدیق اکبر رضؓ:۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے کس دن وفات پائی۔

صدیقہ رضؓ:۔ دوشنبہ (پیر وار) کے دن۔

صدیق اکبر رضؓ: آج کون سا دن ہے۔

صدیقہ رضؓ: دوشنبہ (پیر وار)

صدیق اکبر رضؓ:۔ مجھے قوی اُمید ہے کہ میری موت اس وقت اور رات کے درمیان ہو گی (اپنے بدن کے کپڑے پر زعفران کا نشان دیکھ کر) میرے اس کپڑے کو دھو ڈالنا اور اس پر دو کپڑے اور زیادہ کرنا اور مجھے ان دونوں قسموں کے کپڑے میں کفنا دینا۔

صدیقہ رضؓ:۔ یہ کپڑا تو پرانا ہے۔

صدیق اکبر رضؓ:۔ زندہ شخص مُردے کی نسبت نئے کپڑے کا زیادہ حقدار ہے۔

حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا سوال حضور سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم

کہ اس کی بنیاد عہدِ رسالت میں رکھی گئی اور سید المرسل صلی اللہ علیہ وسلم ہی اس کے بانی ہیں یاد رہے کہ سلسلہ نقشبندیہ حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے توسط سے حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچتا ہے، جیسا کہ حضرت داتا علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ صفا حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صفت ہے دل سے خیالِ غیر کو محو کر دینا اور دل کو خلوص و عشق الٰہی میں محو کر دینا ہر لحاظ سے صفا کی یہ صفت آپ میں موجود تھی اور صوفی وہی ہوتا ہے جو معرفتِ حق تعالیٰ میں مرتبۂ کمال پر فائز ہو۔ اور جب بندہ اس مقام پر پہنچتا ہے تو ایک دُنیا اُس کے فیضِ نگاہ سے حصہ پاتی ہے۔ صوفیا، اس دُنیا کے احتیاج سے پاک ہوتے ہیں تو ان کے سامنے بڑے چھوٹے یا اپنے پرائے کا فرق مٹ جاتا ہے۔ توحید کے مبلّغ سمندر میں اس طرح مستغرق ہوتے ہیں اور زبانِ حال اس طرح گویا ہوتی ہے۔ ؎

مجھے بے خودی یہ تُو نے بھلی چاشنی چکھائی — کسی آرزو کی دل میں نہیں اب رہی سمائی
نہ محلِ گفتگو ہے نہ مقامِ جستجو ہے — دلِ بے نوا نے میرے جہاں چھاؤنی ہے چھائی

کے کفن و یوم وفات کے متعلق اس لیے تھا کہ آپ کی قلبی آرزو تھی کہ کفن و یوم وفات میں بھی حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی موافقت نصیب ہو۔ زندگی میں تو حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا اتباع تھا ہی وہ موت میں بھی حضور پُر نُور صلی اللہ علیہ وسلم کا اتباع چاہتے تھے۔ اللہ اللہ یہ اتباع کیوں نہ ہو، صدیق اکبر جو تھے رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

حکیم الامت حضرت اقبال رحمۃ اللہ علیہ کیا خوب کہا ہے۔ ؎

آں اَمَنَّ النّاس بر مولائے ما
آں کلیم اوّل سینائے ما
ہستی اُو کشتِ ملّت را چُو ابر
ثانی اسلام و غار و بدر و قبر

آپ فرمایا کرتے تھے کہ جس امر پر حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم عمل کیا کرتے تھے میں اُسے کیئے بغیر نہیں چھوڑتا۔ اگر میں کسی امر کو چھوڑ دُوں تو مجھے ڈر ہے کہ سنّت سے منحرف ہو جاؤں گا۔ (نسیم الریاض بحوالہ (۱) الاداؤد و بخاری)

کرامات و خوارق آپ کی کرامات بے حد و حساب ہیں۔ بطور تبرّک چند ایک درج ذیل ہیں۔

(۱) حضرت عبدالرحمٰن بن ابی بکر (رضی اللہ تعالیٰ عنہما) کا بیان ہے کہ ایک روز حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس کسی کے ہاں دو شخص کا کھانا ہو وہ تیرے کو اصحابِ صُفّہ میں سے اپنے ساتھ لے جائے۔ جس کے ہاں تین کا کھانا ہو وہ چوتھے کو لے جاتے جس کے ہاں چار کا کھانا ہو وہ پانچویں کو یا چھٹے کو بھی لے جائے۔ اِس طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اصحابِ صفّہ میں سے دس کو اپنے ہاں لیگئے اور حضرتِ صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ تین کو لیگئے اور اُن کو اپنے گھر چھوڑ آئے۔ آپ نے خود شام کا کھانا حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں کھایا اور وہیں ٹھہرے رہے یہاں تک کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز عشاء ادا کی اور رات کا ایک حصہ گزرنے پر گھر واپس تشریف لائے۔ آپ کی زوجہ محترمہ

تصوّف، اُس کی اصل اور غرض وغایت

بہاء الحق ایم اے

تصوّف کے لُغوی معنی خواہ کچھ بھی ہوں مگر درحقیقت اس سے مراد عرفانِ حق ہے۔ اور عرفانِ حق ایک علم ہے اور ہر علم ذوق وشوق، طلب ومحنت اور رہنمائی اور اس کا اتباع چاہتا ہے اور جب تک یہ سب یا ان میں سے کوئی چیز بھی موجود نہ ہو تو حصولِ علم ممکن نہیں اس کے علاوہ ہر علم کے لیے چند مخصوص طریقے اور اصول ہوتے ہیں۔ مثلاً تجرباتی علوم کے لیے مخصوص قسم کی تجربہ گاہیں اور اُن میں کام آنیوالے آلات کی ضرورت ہوتی ہے اور جب تک یہ تجربہ گاہیں اور آلات موجود نہ ہوں تو تجرباتی علوم کا حصول ممکن نہیں اس کے ساتھ ہی ان علوم کے ماہر اساتذہ، اُن کا مخصوص طریقِ تعلیم اور ان کا صحیح اتباع یہ بھی انتہائی اہم چیزیں ہیں کہ ان کے بغیر تجربہ گاہیں اور آلات دونوں ہی بیکار رہو کر رہ جاتے ہیں۔

اسی طرح پڑھنے لکھنے کی تعلیم کا اپنا مخصوص طریقہ ہے، جو حروفِ تہجی کی تعلیم سے شروع ہو کر جملوں اور پھر عبارتوں کی ساخت پر ختم ہوتا ہے اور اس میں بھی شروع سے آخر تک ایک ماہر اُستاد اور اس کی کامل اتباع کی ضرورت ہوتی ہے اور یہ کیفیت ہم اُن تمام علوم میں دیکھتے ہیں جو ظاہر ہیں اور جن کے لیے تفصیلی کتب بھی موجود ہیں۔ اور جن کا تعلق بہرحال ہماری مادّی زندگی سے ہے۔ مگر وہ علوم جن کا تعلق ہماری مادّی زندگی سے نہیں۔ مثلاً فلسفہ، منطق، مابعد الطبعیات وغیرہ۔ ان میں بھی بغیر اُستاد ورہنما اور اُن کے مخصوص اصولوں کی اتباع کے، اُن کا حصول ممکن نہیں۔

اُمِّ رومان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آپ کی خدمت میں عرض کیا کہ آپ نے اپنے مہمانوں کی خبر کیوں نہ لی۔ فرمایا! کہ تُو نے اُن کو کھانا نہیں کھلایا؟ زوجہ محترمہ نے عرض کیا کہ کھانا پیش کیا گیا مگر اُنہوں نے انکار کر دیا اور کہا کہ جب تک ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نہ آئیں گے ہم نہیں کھائیں گے۔ یہ سُنکر آپ خفا ہوئے اور سخت سُست کہا اور فرمایا کہ میں کھانا نہیں کھاؤں گا۔ زوجہ محترمہ نے کہا کہ میں بھی نہ کھاؤں گی۔ مہمانوں نے کہا کہ جب تک گھر والے نہ کھائیں گے ہم بھی نہ کھائیں گے۔ آخر حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اُس میں سے ایک لقمہ کھایا۔ پھر باقی سب نے پیٹ بھر کر کھایا۔ مہمان جب لُقمہ اُٹھاتے تھے تو کھانا اُس کے نیچے سے اور زیادہ ہو جاتا تھا۔ آخر میں حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جو نگاہ کی تو کیا دیکھتے ہیں کہ کھانا اُتنا ہی ہے جتنا کہ شروع میں تھا یا اُس سے بھی زیادہ ہے۔ آپ نے اپنی زوجہ محترمہ سے کہا، اے بنو فراس کی بہن! یہ کیا معاملہ ہے! اُس نے عرض کیا کہ مجھے قُرۃ العین کی قسم کہ کھانا اب پہلے سے تین گُنا زیادہ ہے۔ بعد ازاں آپ نے وہ کھانا حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارگاہ میں بھیج دیا اور وہ صبح تک حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں رہا۔

حضرت عبد الرحمٰن رضی اللہ تعالیٰ عنہ مزید روایت کرتے ہیں کہ ایک قوم سے ہمارا عہد تھا، اُس کی میعاد گزر چکی تھی بدین وجہ وہ لوگ مدینہ منورہ آ گئے تھے۔ ہم نے اُن میں سے بارہ اشخاص کو منتخب کر لیا۔ ہر ایک منتخب کے ماتحت بہت سے اشخاص تھے جن کی تعداد صرف خدا ہی کو معلوم ہے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر ایک منتخب شخص کے ہاتھ اُس کھانا میں سے اُس کے ساتھیوں کا حصہ بھیج دیا۔ اِس طرح تمام لوگوں نے پیٹ بھر کر کھانا کھایا۔ یہ تکثیر طعام (کھانے کا زیادہ ہو جانا) حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کرامت تھی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا معجزہ تھا۔

(۲) حضرت عروہ بن زبیر رضہ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مدینہ منورہ کے ایک نواحی گاؤں میں اپنے مال میں سے کچھ کھجور کے درخت عطا فرمائے۔ جن میں سے

اسی طرح تصوف بھی ایک ایسا علم ہے جس کا تعلق بظاہر ہماری مادی زندگی سے نہیں اور نہ اُس کے لیے تفصیلی کتب موجود ہیں مگر ہر علم کی طرح اس کے بھی اپنے مخصوص طریقے اور اصول ہیں اور اس کے حصول کے لیے بھی تصوف کے ماہر رہنما اور اُن کا کامل اتباع ضروری ہے۔ پھر یہ ایک ایسا علم ہے جس کی اساس تمامتر احساس اور مشاہدہ پر ہے اور احساس و مشاہدہ کا تعلق بُنیادی طور پر عمل اور تجربہ سے ہے۔ اس لیے کہ یہ وہ حقیقت ہے جس کو حرف و بیان کی قیود میں لاکر نہ سمجھا جا سکتا ہے نہ سمجھایا جا سکتا ہے۔ اور در اصل یہ کیفیت ہر اُس چیز میں پائی جاتی ہے جس کا تعلق مادہ سے نہیں مثلاً حُسن، تازگی، عقل، فہم اور یاد وغیرہ۔

انسان بظاہر جسم و رُوح کا مرکب ہے مگر در حقیقت وجودِ اصلی اور دائمی محض روح کا ہے جسم کا نہیں، کیونکہ جسم تو ایک عارضی، مادی اور فانی چیز ہے۔ چنانچہ انسانیت کے تمام خواص مثلاً عقل و فہم، اخلاق، عمل، علم و ہُنر، اور اُن کی اچھائی، بُرائی کا تعلق رُوح سے ہے جسم سے نہیں۔ چنانچہ روحانی زندگی ہی در اصل انسانی زندگی ہے اور روحانی زندگی کو سمجھنے اور اُس کو بہتر بنانے میں نہ تو فلسفہ مددگار ہو سکتا نہ سائنس یا کوئی اور علم۔ بلکہ یہاں صرف مذہب اور مذہب بھی وہ جس کی بنیاد وحی الٰہی پر ہو کامل رہنما ہو سکتا ہے۔

مذہب اللہ تعالیٰ کی جانب سے انسان کے لیے وضع کردہ آئینِ حیات ہے اور انسانی زندگی کی فلاح و بہبود اور کامیابی اسی آئین پر عمل کرنے میں ہے۔ اس آئین میں انسانی عقل اور عمل دونوں کے لیے رہنمائی موجود ہے اور اس آئین کا عملی نمونہ نبیٔ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ گرامی ہے۔ چنانچہ انسانی زندگی کی کامیابی صرف آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی کامل اطاعت میں ہے۔ آپ کی حیاتِ طیبہ میں تین چیزیں نمایاں ہیں۔ ایک قول، دوسری فعل اور تیسری حال۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ:۔

الشریعۃ اقوالی والطریقۃ — شریعت میرے اقوال، طریقت

ایک فصل میں بیس وسق (تقریباً ۲۹۰۰ کلو) کھجوریں اترتی تھیں۔ جب آپ کی وفات کا وقت آیا تو فرمانے لگے، اے پیاری بیٹی! اللہ کی قسم! میں تم کو تمام لوگوں میں سب سے زیادہ آسودہ حال دیکھنا پسند کرتا تھا اور مجھے کسی طرح پسند نہیں کہ میرے بعد تم تنگدست ہو جاؤ۔ میں نے تجھے اپنے مال میں سے بیس وسق آمدنی والے کھجور کے درخت ہبہ کئے تھے اگر تُو اُن پر قبضہ کر لیتی تو وہ تیری ملکیت ہو جاتے لیکن اب میرے بعد وہ سب وارثوں کا حق ہے اور وُہ وارث تیرے علاوہ دونوں بھائی اور دونوں بہنیں ہیں تم سب ملکر کتاب اللہ کے مطابق آپس میں تقسیم کر لینا۔ یہ سُن کر حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا، ابا جان! اللہ کی قسم! اگر وہ مال موہوب (ہبہ کیا ہوا مال) اس سے بھی زیادہ ہوتا تو میں اُسے چھوڑ دیتی۔ آپ نے دو بہنوں کا ذکر فرمایا ہے۔ میری تو صرف ایک بہن اسماء ہے دوسری کون ہے؟ فرمایا کہ تمہاری سوتیلی والدہ (حبیبہ) بنتِ خارجہؓ کے پیٹ میں جو بچہ ہے وہ میرے گمان میں لڑکی ہے چنانچہ بنتِ خارجہؓ نے کے ہاں لڑکی ہوئی۔ (موطا امام محمد۔ باب التملی)

استیعاب ابن عبدالبر میں ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میرے دل میں القاء (وہ بات جو اللہ تعالیٰ کسی کے دل میں ڈال دے۔) ہُوا ہے کہ جو بچہ بنتِ خارجہؓ کے شکم میں ہے وہ لڑکی ہے چنانچہ آپ کی وفات کے بعد لڑکی ہی پیدا ہوئی جس کا نام ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اُم کلثوم رکھا۔ اس روایت میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی دو کرامتوں کا ذکر ہے۔ ایک تو یہ کہ آپ نے خبر دیدی کہ میری موت اسی مرض میں ہوگی دوسری یہ کہ آپ نے بتا دیا کہ میری اہلیہ حبیبہؓ کے بطن سے لڑکی پیدا ہوگی۔ چنانچہ ایسا ہی ہُوا یہ دونوں کرامتیں غیب کی خبریں دینے کی قسم سے ہیں۔

حضرت امام مستغفری رحمۃ اللہ علیہ نے اسناد کے ساتھ روائت کی ہے کہ

افعالی والحقیقت حالی ۔" میرے افعال اور حقیقت میرے احوال ہیں۔

چنانچہ اہل تصوف کے نزدیک جس نے فرمودۂ پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم) کو قبول کیا وہ اہلِ شریعت ہے، جس نے کردۂ پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم) کو کیا وہ اہل طریقت ہے اور جس نے وہ کچھ دیکھا جو پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا وہ اہلِ حقیقت ہے۔

انسانی زندگی کے عناصرِ ترکیبی تین چیزوں پر مشتمل ہیں۔ عقیدہ[۱]، عبادت[۲] اور اخلاق[۳] اور ان تینوں عناصر سے متعلق جو احکامات اسلام نے دیئے ہیں وہ شریعت کہلاتے ہیں۔ اور ان کا اتباع ہر اہل ایمان پر فرض ہے اور محض ان کے کامل اور پُرخلوص خلوصِ اتباع سے ہی زندگی کی کامیابی اور دُنیا و عقبیٰ کی فلاح حاصل کی جا سکتی ہے۔

مگر انسانی ذہنوں میں ایک دو نہیں بیسوں[۲۰] ذہن اپنی فطری صلاحیتوں اور ذوقِ تجسس کے سبب، احکاماتِ شریعت کی حقیقت کو بھی معلوم کرنا چاہتے ہیں اور کائنات کی اصل کو بھی سمجھنے کے لیے بے چین رہتے ہیں۔ دوسرے لفظوں میں وہ عرفانِ حق حاصل کرنے کے متمنی ہیں۔ مگر عرفانِ حق کوئی مادّی یا ظاہری چیز نہیں۔ اس کا تعلق تمام تر روح سے ہے اور اس کے لیے شرطِ اوّل تزکیۂ نفس اور صفائے قلب ہے اور تزکیۂ نفس اور صفائے قلب کے لیے ایک مخصوص علم ہے، جس کو ہم علمِ تصوف کہتے ہیں۔ اور اس کے ذریعہ عرفانِ حق کے حصول کو ہی طریقت کہا جاتا ہے اور عرفانِ حق جن لوگوں کو حاصل ہو جاتا ہے، وہی اہل حقیقت کہلاتے ہیں۔

اگرچہ طریقت کا راستہ کسی کے لیے بند نہیں ہے مگر اصل میں نہ یہ ہر انسان کے لیے ضروری ہے اور نہ ہر انسان اس کا مکلف ہو سکتا ہے۔ اس کی مثال یُوں سمجھیے کہ صدیوں کے تجربہ، علم اور تحقیق سے یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ پیاس کی تسکین پانی سے اور بھوک کی سیری خوراک سے اور مرض کا علاج دوا سے ہو جاتا ہے۔ چنانچہ اب ہر انسان آنکھ بند کر کے اور بلا مزید تحقیق یا تجربہ کے پیاس کی تسکین پانی پی کر کر سکتا ہے اور بھوک کی سیری خوراک کھا کر کر سکتا ہے۔ اور مرض کا علاج دوا،

حضرت جابر بن عبد اللہ رضؓ نے بیان کیا کہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے وصیت کی تھی کہ میں جب مر جاؤں تو مجھے اُس حجرے کے دروازے میں لیجائیو جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر انور ہے اور دروازہ کھٹکھٹائیو۔ اگر دروازہ کھُل جائے تو مجھے اُس میں دفن کر دیجیو۔ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قول ہے کہ ہم آپ کا جنازہ وہاں لیگئے اور دروازہ کھٹکھٹایا اور کہا کہ یہ ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں۔ اِن کی آرزو تھی کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے حضورؐ دفن کیا جاؤں۔ اس پر دروازہ کھُل گیا۔ ہمیں معلوم نہیں کہ دروازہ کس نے کھولا۔ اور آواز آئی کہ اندر لے آؤ اور عزت و تکریم سے دفن کرو مگر آواز دینے والا ہمیں کوئی نظر نہیں آیا۔ نفحات الانس، خصائص کبریٰ، سیوطی)

(۴) حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ارشاد فرماتی ہیں کہ جب حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رحلت فرمائی تو بعض صحابہ کرام رضؓ نے کہا کہ ہم اِن کو شہیدوں میں دفن کریں گے۔ دوسروں نے کہا کہ جنت البقیع میں لے جائیں گے۔ میں نے کہا کہ میں ان کو اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس دفن کروں گی۔ ہم اسی اختلاف میں تھے کہ مجھ پر نیند نے غلبہ کیا۔ میں نے سُنا کہ کوئی کہہ رہا ہے "ضموا الحبیب الی الحبیب" یعنی حبیب کو حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہنچا دو، جب میری آنکھ کھُلی تو معلوم ہوا کہ سب نے اُس آواز کو سُن لیا یہاں تک کہ مسجد میں لوگوں نے بھی سُنا۔ (شواہد نبوت، مولانا عبد الرحمٰن جامیؒ)

(۵) ابو محمد شبنکی کا بیان ہے کہ شیخنا ابو بکر بن ہوار رضی اللہ تعالیٰ عنہ بطائح (شہر واسط اور شہر بصرہ کے درمیان) میں رہزنی کیا کرتے تھے۔ آپ اپنے گروہ کے سردار تھے۔ مسافروں اور راہگیروں کا مال لُوٹ کر باہم تقسیم کر لیا کرتے تھے۔ ایک رات آپ نے سُنا کہ ایک عورت اپنے شوہر سے کہہ رہی ہے کہ یہیں ٹھہر جاؤ۔ میادا ہم کو ابنِ ہوار اور اُس کے ساتھی پکڑ لیں۔ عورت کی یہ بات آپ کے دل پر بجلی بن کر گری اور رو پڑے۔ کہنے لگے کہ لوگ مجھ سے ڈرتے ہیں اور

استعمال کر کے کر سکتا ہے۔ چنانچہ یہی مثال شریعت کی ہے۔ عقائد، عبادات اور اخلاقیات کے جو اصول اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ مقرر فرما دیئے ہیں ہر انسان اُن پر بلا جھجک اور بغیر کسی تامل، فکر و تردد اور مزید تحقیق و تفہیم کے عمل کر کے فلاحِ دارین حاصل کر سکتا ہے۔

لیکن اگرچہ آج بھی کوئی شخص پانی، خوراک اور دوا کی اصلیت معلوم کرنا چاہے تو اُس کے لیے اُس کی راہ بند نہیں ہے۔ مگر اُس کے لیے ضروری ہوگا کہ اُن علوم کو حاصل کرے جو ان سے متعلق ہیں مثلاً علمِ کیمیا، علم طب وغیرہ اور ظاہر ہے کہ ان علوم کو اُن کے اپنے مخصوص طریقوں اور اُن کے ماہر اساتذہ کے ذریعہ ہی حاصل کیا جا سکتا ہے۔ چنانچہ یہی مثال طریقت کی ہے، جو شخص بھی شریعت کے احکامات کی حقیقت کو سمجھنا چاہتا ہے۔ اور عرفانِ حق کا اس مادی زندگی میں بھی متمنی ہے تو اس کے لیے علمِ تصوف کا حصول ضروری ہے۔

علمِ تصوف جیسا کہ پہلے عرض کیا گیا، ایک مخصوص، وسیع اور مشکل ترین علم ہے۔ اس کی بُنیاد تمامتر احساس اور مشاہدہ پر ہے اور احساس اور مشاہدہ کا تعلق عمل اور تجربہ سے ہے۔ اور عمل اور تجربہ کے لیے بُنیادی طور پر عملی ہدایات کی ضرورت ہوتی ہے محض تحریری بات سے کام نہیں بنتا۔ چنانچہ یہ علم، علمِ سفینہ نہیں بلکہ علم سینہ کی تعریف میں آتا ہے یعنی بات سینہ بہ سینہ چلتی ہے۔ اور انتہائی رازداری اور پوری احتیاط کے ساتھ حقائق پیر کے قلب سے مرید کے قلب کی جانب منتقل ہوتے ہیں چنانچہ اس میں استادِ کامل یعنی پیرِ طریقت کی رہنمائی اور اُس کا کامل اتباع نہایت ضروری ہے۔ اور اس کے لیے برسوں کی کٹھن، صبر آزما اور مسلسل ریاضت لگن اور یکسوئی درکار ہے۔ بقولِ مشہور "پیر کامل ہو۔ مرید عامل ہو اور فضلِ خدا شامل ہو تو تزکیۂ نفس اور صفائے قلب کا حصول ممکن ہوتا ہے"۔ اور یہ تصوف کی خشتِ اوّل ہے۔

دراصل اس کائنات میں ہر ایک چیز کی مانند، بندگی کے بھی دو رُخ ہیں۔ ایک ظاہر اور دوسرا باطن۔ ظاہر میں بندگی، نماز، روزہ، حج اور زکوٰۃ کی ادائیگی سے

اللہ تعالیٰ سے نہیں ڈرتا۔ اُسی وقت بمعہ اپنے ساتھیوں کے توبہ کی۔ پھر صدق و اخلاص کے ساتھ پروردگارِ عالم کی طرف متوجہ ہوئے اور دل میں یہ خیال پیدا ہوا کہ اب اپنے آپ کو کسی شیخ کامل کے سپرد کریں جو خدا تک پہنچا دے۔ اُن ایام میں عراق میں کوئی مشہور و معروف شیخ نہ تھا۔ آپ نے خواب میں حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دیکھا اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ! مجھے خرقہ پہنایئے۔ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اے ابنِ راہوار! میں تیرا نبی ہوں اور یہ تیرے شیخ ہیں۔ اور پھر حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف اشارہ کر کے فرمایا، اے ابوبکرؓ! اپنے ہمنام ابن راہوار کو خرقہ پہناؤ۔ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ابن راہوار کو پیراہن اور کلاہ پہنائی اور اپنا مبارک ہاتھ اُن کے سر اور پیشانی پر پھیرا اور کہا۔

اس کے بعد حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم نے ابن راہوار سے یوں فرمایا۔

"اے ابوبکرؓ! تجھ سے عراق میں میری اُمت کے اہل طریقت کی مردہ سنتیں زندہ ہوں گی اور ارباب حقائق و دوستانِ خدا کے مٹے ہوئے نشانات قائم ہو جائیں گے اور عراق میں شیخیت تا قیامت تجھ میں رہیگی۔ تیرے ظہور سے عنایت باریتعالیٰ گرم ہوا میں چلنی شروع ہو گئی ہیں اور تیرے قیام سے عنایت ایزدی کی ٹھنڈی ہوائیں چلنے لگ گئی ہیں۔"

جب ابن راہوار بیدار ہوئے تو وہی پیراہن اور کلاہ اپنے اوپر موجود پائی۔ اُن کے سر پر جو پھوڑے تھے وہ سب ناپید ہو گئے۔ آفاق میں گویا یہ ندا اور منادی ہو گئی کہ ابن راہوار اللہ تعالیٰ تک پہنچ گئے۔ پس چاروں طرف سے خلقِ خدا آپ کی طرف متوجہ ہوئی اور قربِ الٰہی کی علامتیں ظاہر ہو گئیں۔ (راوی (ابو محمد) کا قول ہے کہ میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا کرتا تھا۔ آپ اکیلے رہتے تھے اور نہ شیر آپ کے گرد ہوتے تھے بلکہ بعض شیر آپ کے قدموں پر لوٹتے تھے۔ (بہجۃ الاسرار)

وفات جب آپ کی رحلت کا وقت آیا تو صحابہ کرام عیادت کو آئے اور عرض کرنے لگے کہ ہم کسی طبیب کو بلاتے ہیں جو آپ کو دیکھے تا آپ

پوری ہوجاتی ہے مگر باطن میں بندگی کا تعلق اِن ارکان کی حقیقت سے ہے۔ اس میں ایمان محبت، خلوص، خوفِ خدا، رضائے الٰہی، توکل اور اسرارِ غیب و شہود کی تعلیم و تربیت اور اس پر عمل سے واسطہ پڑتا ہے اور بندگی ظاہر و باطن تکمیل کو پہنچتی ہے اور یہی منزل "طریقت کی منزل" کہلاتی ہے۔

اس بات کو ایک اور بات سے سمجھیئے نماز شریعت کا ایک حکم ہے اور اس کیلئے نیت، قیام، قرأت، رکوع و سجود، جلسہ و قعدہ وغیرہ سے متعلق تفصیلی اصول بتا دیئے ہیں۔ چنانچہ جو شخص بھی نماز پڑھنا چاہئے وہ ان تمام ارکان کو ادا کر کے نماز ادا کر سکتا ہے اور فی الحقیقت بشرطِ خلوص نماز ادا ہو جائیگی۔ اور اس کے جو بھی دینا و عقبیٰ کے فوائد ہیں وہ بھی ضرور حاصل ہوں گے۔ اس میں کسی قسم کے شک و شبہ کی گنجائش نہیں۔ مگر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ "نماز مومن کی معراج ہے"، اور ایک حدیث شریف میں یہ بھی فرمایا کہ "نماز کا اس طرح پڑھنا گویا نمازی بچشم خود باری تعالیٰ کا دیدار کر رہا ہے اور اگر یہ ممکن نہ ہو تو اس احساس کو قائم رکھنا کہ باری تعالیٰ خود اُس کو دیکھ رہے ہیں"۔ احسان کی منزل ہے اور یہ ایمان و عمل یا بندگی کی "اعلیٰ ترین منزل" ہے۔ اور نماز میں باری تعالیٰ کا دیدار ہی مومن کی معراج ہے مگر نماز میں اس مقام کو حاصل کرنے کے لیے تزکیۂ نفس اور صفائے قلب کی ضرورت ہے اور یہ نعمت، طریقت کے ذریعہ ہی حاصل ہوتی ہے۔ اور یہ ہی تصوف کی "غرض و غایت" ہے۔ اور اس طرح اللہ رب العزت کو خالق و مالک بزرگ و برتر، قاضی الحاجات اور قادرِ مطلق ماننا ہر اہل ایمان کے لیے ضروری ہے مگر اس ایمان پر صحیح معنوں میں عمل کرنے کے لیے جس اولوالعزمی، عالی ہمتی اور بے خوفی و بیباکی کی ضرورت پڑتی ہے۔ اس کے لیے بڑی ریاضت اور مجاہدہ درکار ہے اور یہ ریاضت اور مجاہدہ، اصولِ طریقت ہی سے حاصل ہوتا ہے۔ اسی طرح باوجود آب و تاب، حرص و طمع، اور عام رجحانات کے، دُنیا اور اُس کی زیب و زینت کو عارضی، بے سود اور لاحاصل تصور کرنا اور اپنے عمل سے اس تصور کو صحیح ثابت کرنا بڑے ایثار اور صبر و تحمل کا متقاضی ہے۔ اور اس صبر و تحمل اور ایثار کی تعلیم

کر دیکھے۔ آپ نے فرمایا کہ طبیب نے مجھے دیکھ لیا ہے۔ انہوں نے پوچھا کہ اُس نے کیا فرمایا اس نے یُوں کہا ہے۔

اِنِّیْ فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ ـــــــ میں کرنے والا ہوں جو چاہتا ہوں۔

ابن سعد وغیرہ کہتے ہیں کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ جب بابا جان کو مرض میں زیادہ تکلیف ہوئی تو میں نے یہ شعر پڑھا۔

لِعَمْرِکَ مَا یُغْنِیْ الثَّرَآءُ عَنِ الْفَتٰی
اِذَا حَشْرَجَتْ یَوْمًا وَضَاقَ بِهَا الصَّدْرُ

ترجمہ:۔ اپنی عمر کی قسم جب ہچکی لگ جاتی ہے اور سینہ تنگ ہو جاتا ہے تو پھر مال کوئی فائدہ نہیں دیتا۔

یہ شعر سُنکر آپ نے چادر اپنے چہرے سے ہٹائی اور مجھ سے فرمایا نہیں بلکہ اس طرح کہو کہ "موت کے وقت سکرات ہوتی ہے اور اُس سے کسی کو چھٹکارا نہیں ہے"۔

ابو یعلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ جب میں حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں گئی تو آپ نزع کی حالت میں تھے۔ پس بیساختہ میری زبان سے نکلا ؎

مَنْ لَا یَزَالُ دَمْعُهٗ مُقَنَّعًا
فَاِنَّهٗ فِیْ مُرَّةٍ مَدْفُوْقٌ

ترجمہ:۔ آج آپ کو سخت مرض لاحق ہو گیا ہے۔ اللہ آپ کی رُوح کو توفیق بخشے (اللہ آپ پر رحم فرمائے)

یہ سُن کر آپ نے فرمایا! یہ مت کہو بلکہ یہ کہو کہ سکراتِ موت کا آنا ضروری ہے یہی وہ حالت ہے جس سے تو بھاگتا ہے۔ پھر آپ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کس روز ہوئی تھی۔ میں نے عرض کیا دوشنبہ (پیر) کے دن! آپ نے فرمایا کہ مجھے اُمید ہے کہ میں آج رات ہی انتقال کروں گا۔ چنانچہ آپ پیر اور منگل کی درمیانی شب میں انتقال فرما گئے اور صبح ہونے سے قبل آپ کو دفن کر دیا گیا۔

طریقت ہی کے ذریعہ حاصل ہوتی ہے اور یہ چیز ہمیں جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم آپ کے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین، تابعین، تبع تابعین اور اُن کے بعد ہر دور کے اولیاء اللہ کی مبارک زندگیوں میں ملتی ہے اور اسی کا نام تصوف ہے۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رُوحانی اور پھر نبوی زندگی کا آغاز "غارِ حرا" کی تنہائیوں سے ہُوا، جہاں آپ دنیاوی آرام و راحت سے دُور، برسوں شب و روز یادِ الٰہی میں مصروف رہے اور جہاں سب سے پہلے وحیٔ الٰہی کا نزول ہوا۔ اور اس کے بعد بھی زندگی بھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی حیاتِ طیبہ دُنیاوی زیب و زینت اور عیش و آرام سے دُور رہی۔ حالانکہ پورے عرب کی دولت و امارت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے قدموں پر تھی۔ اسی طرح آپؐ کے صحابہ کرام حضرات، صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، بلال حبشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، ابوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور دیگر صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین سب کے سب دُنیاوی لذتوں اور نام و نمود سے دُور رہ کر خشوع و خضوع کے ساتھ عبادت کرتے اور مجاہدۂ نفس میں مشغول رہتے ہیں۔ اُن کا جینا اور مرنا عملاً صرف خدا کے لیے تھا۔ اُن کے بعد اُن کی یہ میراث تابعین اور تبع تابعین کو ملی اور اُن سے ہر دور کے اولیاء اللہ نے پائی۔

تصوف کا ماخذ حقیقی دراصل قرآن ہے۔ قرآن کی متعدد آیات میں طلب مغفرت[1]، صبر و رضا[2]، مجاہدہ[3]، توکل[4]، عبادت[5]، دنیا کی بے ثباتی[6]، اسرار و معارف کا تجسس[7]، کائنات اور اس کی ابتدا و انتہا کا علم[8]، تخلیق اور اس کے مقاصد کی تفہیم[9] اور رجوع الی اللہ کی ترغیب دلائی گئی ہے۔ چنانچہ ارشاد ہوا کہ

وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ (الدھر، ۲۵)	اللہ کے نام کا ذکر کر۔
وَلَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ ط (العنکبوت: ۴۵)	اللہ کا ذکر بڑی چیز ہے۔

عبداللہ بن احمد نے زوائد الزہد میں بکر بن عبداللہ مزنی سے روایت کی ہے کہ حضرت صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے انتقال کے وقت حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے سرہانے پر یہ شعر پڑھنے لگیں۔ ؎

وکل ذی ابل یوما سیورد ھا

وکل ذی سلب لا بد مسلوک

ترجمہ۔ ہر سوار کی ایک منزل ہوتی ہے۔ اور ہر کپڑا پہننے والے کا ایک کپڑا ہوتا ہے۔

آپ فوراً (ان کا) مدعا سمجھ گئے اور فرمایا بیٹی! اس طرح نہیں بلکہ جس طرح اللہ عزوجل نے فرمایا ہے۔ "موت کو بے ہوشی تو ضرور آکر رہے گی یہی وہ حالت ہے جس سے تو بھاگتا تھا"۔

احمد نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حوالہ سے بیان کیا ہے کہ میں نے آپ کے سامنے یہ شعر پڑھا۔ ؎

وابیض یستسقی الغمام بوجھہ

ثمال الیتامی عصمۃ للارامل

ترجمہ۔ وہ بہت سے ایسے روشن چہرے والے ہیں کہ ۔۔۔۔ کہ ابر ان چہروں سے پانی حاصل کرتا ہے اور آپ یتیموں اور بیواؤں کے فریاد رس ہیں"۔

یہ سن کر حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ یہ صفت تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہے۔

آپ نے سہ شنبہ کی رات مغرب و عشاء کے درمیان ۲۲/ جمادی الاخر کے ۱۳ھ کو بعمر شریف تریسٹھ ۶۳ سال وصال فرمایا اور صبح ہونے سے پیشتر حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے حجرے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلو مبارک میں دفن ہوئے۔ آپ کی خلافت دو سال تین مہینے اور آٹھ دن رہی۔ اس قلیل عرصہ

اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ۔
(رعد : ۲۸)

اللہ کے ذکر سے قلوب اطمینان پاتے ہیں۔

فَاذْكُرُوْنِيْٓ اَذْكُرْكُمْ۔
(البقرۃ : ۱۵۲)

تم میرا ذکر کرو، میں تمہارا ذکر کروں گا۔

اور فرمایا کہ:۔

وَابْتَغُوْٓا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ
(مائدہ : ۳۵)

اللہ تعالیٰ کی طرف پہنچنے کا وسیلہ تلاش کرو۔

اہل علم کی نشانی یہ بتائی کہ:۔

اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَاٰيٰتٍ
لِّاُولِي الْاَلْبَابِ الَّذِيْنَ يَذْكُرُوْنَ
اللّٰهَ قِيَامًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى
جُنُوْبِهِمْ وَيَتَفَكَّرُوْنَ فِيْ
خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ۔
(پارہ ۴ آل عمران : ۱۹۰)

زمین و آسمان کی پیدائش میں، لیل و نہار کے اختلاف میں صاحب عقل کے لیے نشانیاں ہیں جو کھڑے ہوئے بیٹھے ہوئے اللہ کو یاد کرتے ہیں۔ اور زمین و آسمان کی پیدائش میں غور و فکر کرتے ہیں۔

ایک اور جگہ فرمایا:۔

وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ
الْيَقِيْنُ۔ (الحجر : ۹۹)

اپنے رب کی عبادت کر جب تک کہ موت نہ آجائے۔

اور فرمایا کہ:۔

اَنِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ
تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ۔
(ھود : ۳)

اپنے رب سے مغفرت طلب کرو اور اُس سے توبہ کرو۔

وَتُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ جَمِيْعًا اَيُّهَا

اللہ سے توبہ کرو، اے ایمان

بیں بیمامہ، اطرافِ عراق اور ملک شام کے بعض شہر فتح ہوئے۔ مسیلمہ کذاب مارا گیا، قرآن مجید یک مصحف میں جمع کیا گیا۔

آپ کی وفات پر صحابہ کرامؓ کے تاثرات

حضرت ام المومنین عائشہ طاہرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

فرمایا "اگرچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حادثۂ وفات کے بعد آپ کی وفات سے بڑا حادثہ ہے لیکن بہ ہر حال اللہ کے حکم کے مطابق ہم صبر ہی کریں گے۔۔۔۔ابا جی میرا آخری سلام قبول کیجئے میں آپ کے مرنے پر جزع فزع نہیں کر رہی۔

حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے باچشم پُرنم فرمایا:۔

"۔۔۔۔۔۔۔۔اے خلیفۂ رسول اللہ! آپ نے دنیا سے رخصت ہو کر قوم کو سخت محنت و مشقت میں ڈال دیا۔۔۔۔آپ کا سا ہونا تو درکنار اب تو کوئی ایسا بھی نہیں جو آپ کی گرد کو پہنچ سکے"۔

سیدنا حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم آپ کے دروازہ پر انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھتے ہوئے پہنچے اور فرمایا یوم انقطعت خلافۃ النبوۃ آج خلافت نبوت منقطع ہو گئی (طویل خطبہ جس میں آپ کے بے شمار محاسن اور اوصاف کا تذکرہ فرمایا)

(ترجمہ) "اے ابوبکرؓ! اللہ تم پر رحم فرمادے تم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے محبوب، مونس، معتمد، محرم راز اور مشیر تھے تم سب سے پہلے ایمان لائے، تم سب سے زیادہ مخلص مومن تھے۔ تمہارا یقین سب سے زیادہ مضبوط تھا۔ تم سب سے زیادہ اللہ سے ڈرنے والے اور دین کے معاملے میں تکلیف اٹھانے والے تھے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں سب سے زیادہ حاضر باش، اسلام پر سب سے زیادہ مہربان حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھیوں کے لیے سب سے زیادہ بابرکت، رفاقت میں سب سے بہتر مناقب و

الْمُؤْمِنُوْنَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ۔	والوتاکہ تم فلاح پاؤ۔
(النور : ۳۱)	
فرمایا کہ:۔	
اِعْلَمُوْا اِنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ (الحدید: ۲۰)	جان لو کہ دنیا کی زندگی لہو ولعب ہے۔
وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ۔ (الحدید : ۲۰)	حیاتِ دنیوی کی متاع فریب کے سوا کچھ نہیں۔
فرمایا کہ خبردار۔	
فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا۔ (فاطر: ۵)	دنیا کی زندگی تمہیں فریب میں مبتلا نہ کردے۔
یہ بھی فرمایا کہ:۔	
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا۔ (آل عمران : ۲۰۰)	اے ایمان والو! صبر سیکھو، صبر کرو اور اللہ سے رشتہ استوار کرو۔
وَلَمَنْ صَبَرَ وَغَفَرَ اِنَّ ذٰلِكَ لَمِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ۔ (الشوریٰ : ۴۳)	جو شخص صبر کرے اور توبہ کرے تو بے شک یہ عزم کا کام ہے۔
مزید ارشاد ہوا کہ:۔	
وَتَوَكَّلْ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ۔ (الفرقان : ۵۸)	اللہ پر بھروسہ رکھ جو زندہ ہے اور جسے موت نہیں۔
وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ۔ (آل عمران : ۱۲۲)	وہ اللہ ہی ہے جس پر ایمان والے توکل کرتے ہیں۔

اللہ کے بندے جو ان احکامات پر پوری مستعدی اور خلوص کے ساتھ عمل کرتے ہیں، وہ صالحین کہلاتے ہیں اور اُن کے لیے ارشاد ہے کہ:۔

وَهُوَ يَتَوَلَّى الصّٰلِحِيْنَ۔ (الاعراف: ۱۹۶) اللہ تعالیٰ صالحین کا دوست ہے

فضائل میں سب سے بڑھ کر، پیش قدمیوں میں سب سے افضل و برتر، درجے میں سب سے اُونچے، درجے کے لحاظ سے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سب سے زیادہ قریب تر، سیرت میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے مشابہ عادت، مہربانی اور فضل میں صحابہ میں سے سب سے زیادہ مکرم اور معتمد تھے پس اللہ اسلام اور اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے تم کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ تم حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک بمنزلہ چشم و گوش تھے۔ تم نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اُس وقت تصدیق کی جب لوگوں نے تکذیب کی۔ اسی لیے اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام میں تم کو "صدیق" کہا ... وَالذی جاء بالصّدق و صدق بہ۔ تم نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اُس وقت غمخواری کی جب لوگ بُخل کرتے تھے۔ ناخوشگوار حالات میں تم حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جم کر کھڑے رہے جب کہ لوگ بچھڑ گئے۔ تم نے سختیوں میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حقِ محبت حُسن و خُوبی سے ادا کیا۔ تم ثانی اثنین اور رفیقِ غار تھے۔ تم پر سکون نازل ہوا۔ تم ہجرت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھی تھے۔ اللہ کے دین اور امتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے تم ایسے خلیفہ تھے جس نے اُس وقت خلافت کا حق ادا کیا جب لوگ مرتد ہو گئے۔ تم نے خلافت کا ایسا حق ادا کیا جو کسی پیغمبر کے خلیفہ سے نہ ہو سکا۔ تم نے اُس وقت مستعدی دکھائی جب تمہارے ساتھی سُست ہو گئے۔ تم نے اُس وقت جنگ کی جب وہ عاجز ہو گئے تھے۔ جب وہ کمزور ہو گئے تو تم قوی رہے۔ تم نے منہاج رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو اُس وقت تھاما جب لوگ پست ہو گئے۔ تم نزاع و تفرقہ کے بغیر خلیفۂ برحق تھے۔ اگرچہ اس سے منافقوں کو غصہ، کفار کو رنج، حاسدوں کو کراہت اور باغیوں کو غیظ تھا۔ تم امرِ حق پر قائم رہے جب لوگ بزدل ہو گئے۔ تم ثابت قدم رہے

اور یہی وہ لوگ ہیں جن کے لیے کہا گیا کہ:۔

رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمْ وَ رَضُوْا عَنْہُ ۔ (التوبہ : ۱۰۰)

اللہ اُن سے راضی اور وہ اللہ سے راضی ہیں۔

قرآنِ حکیم کے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا عمل مبارک طریقت کے اصولوں کو مرتب کرنے میں سنگِ میل ثابت ہوا۔ آپؐ نے توحید اور رجوع الی اللہ کے بعد سب سے زیادہ جس چیز پر زور دیا تزکیۂ نفس ہے اور اس کے لیے ریاضت کے اصول اور آئین مقرر کیئے۔ تفکر اور عبادت کے آداب سکھائے۔ دُنیا میں رہتے ہوئے، دُنیا کو برتتے ہوئے، دُنیا سے الگ رہنے اور اس سے بے نیازی کی تعلیم دی۔ آپؐ نے فرمایا:۔

ان مما اخاف علیکم من بعدی مایفتح علیکم من زھرۃ الدنیا و زینتھا۔ (بخاری و مسلم)

اپنے بعد میں تُم سے جس چیز کے بارے میں ڈرتا ہوں وہ یہ کہ دنیا کی زینت اور کامیابی کے دروازے تُم پر کھُل جائینگے۔

ایک اور حدیث میں ارشاد ہوا کہ:۔

الدنیا سجن المومن وجنۃ الکافر (ابن ماجۃ)

دُنیا مومن کے لیے قید خانہ ہے اور کافر کے لیے جنت۔

آپؐ نے متعدد واقع پر لوگوں کو زُہد کی ترغیب دی۔ ذکر، توکل، صبر توبہ اور نوافل کے ذریعہ قرب الی اللہ حاصل کرنیکی تعلیم دی۔ ایک موقعہ پر فرمایا

> "اللہ تعالیٰ جب اپنے بندے کے ساتھ بھلائی کرنا چاہتا ہے تو اُسے دین کی سمجھ عطا فرماتا ہے اور دُنیا کی نفرت اُس کے دل میں پیدا کر دیتا ہے اور دُنیا کے عیوب اُس کے سامنے کھول دیتا ہے۔" (بیہقی)

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

جب وہ ڈگمگا گئے۔ تم اللہ کے نُور کو لیے ہوئے بڑھتے رہے جب لوگ ٹھہر گئے۔ پھر انہوں نے تمہاری پیروی کی اور ہدایت پائی۔ تمہاری آواز ان سب سے پست تھی مگر تمہارا رُتبہ اِن سب سے بلند تھا۔ تمہارا کلام سب سے سنجیدہ تھا اور تمہارا نطق سب سے زیادہ صحیح تھا۔ تم سب سے زیادہ خاموش تھے۔ تمہارا قول بلیغ تھا۔ تم سب سے زیادہ بہادر اسب سے زیادہ معاملہ فہم اور عمل کے لحاظ سے سب سے زیادہ اشرف تھے۔ خدا کی قسم! تم دین کے سردار تھے، جب لوگ دین سے ہٹے تو تم اُن سے آگے تھے اور جب وہ دین کی طرف آئے تو تم اُن کے پیچھے تھے۔ تم مومنوں کے لیے رحمدل باپ تھے یہاں تک کہ وہ تمہاری اولاد بن گئے جن بھاری بوجھوں کو وہ اُٹھا نہ سکتے تھے۔ تم نے اُن کو اُٹھا لیا۔ جس چیز کو انہوں نے چھوڑ دیا تھا تم نے اُن کو اُس کی رغبت دلائی اور جو چیز اُنہوں نے ضائع کر دی تم نے اُس کی حفاظت کی۔ جس کو وہ نہیں جانتے تھے تم نے اُن کو وہ چیز سکھائی۔ جب وہ عاجز درماندہ ہوئے تو تم نے تلوار کھینچ لی یعنی بہادری دکھائی جب وہ گھبرائے تو تم ثابت قدم رہنے نتیجہ یہ ہوا کہ تم نے اُن کی دادرسی کی اور وہ اپنی ہدایت کے لیے تمہاری طرف راجع ہوئے اور کامیاب ہوئے اور جو چیز اُن کے گمان میں بھی نہ تھی اُن کو مل گئی۔ تم کفار کے لیے عذاب کی بارش اور آگ کا شعلہ تھے۔ مومنوں کے لیے رحمت، اُنس اور پناہ تھے۔ تم نے اوصاف و کمالات کی فضا میں پرواز کی اور اُس کا عطیہ پایا اور فضیلتیں حاصل کر لیں۔ تمہاری محبت کو شکست نہ ہوئی تمہاری بصیرت کمزور نہیں ہوئی، تمہارا نفس بزدل نہیں ہوا تمہارا دل کج نہیں ہوا اور منحرف نہیں ہوا۔ تم اُس پہاڑ کی مانند تھے جس کو آندھیاں ہلا نہیں سکتیں۔ جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! تم رفاقت اور مالی اعتبار سے سب سے زیادہ احسان کرنے والے تھے

"دُنیا سے نفرت کرو، اللہ تُم سے محبت کرے گا"

(ابن ماجہ، طبرانی، بیہقی)

ایک اور حدیث شریف میں ارشاد ہوا کہ دنیاوما فیھا

"جب تُم کسی آدمی کو دیکھو، جو دنیا سے نفرت کرتا ہے تو اُس کا قُرب حاصل کرو، وہ تمہیں حکمت بتائے گا" (ابن ماجہ، بیہقی)

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

"صلوٰۃ نور ہے، صدقہ بُرہان ہے اور صبر ضبط ہے" (مُسلم)

آپ صلی اللہ علیہ وسلم دُعا فرماتے تھے کہ:۔

"اے اللہ! علم سے میری مدد کر علم سے مجھے مزین کر، تقویٰ سے مجھے سرفراز کر اور صحت سے مجھے ہمکنار کر"

(کنز العمال جلد اوّل)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ریاضت کا یہ عالم تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ساری رات قیام فرماتے تھے۔ یہاں تک کہ آپ کے پائے مبارک متورم ہو جاتے تھے۔ دن میں ستّر ستّر بار توبہ و استغفار فرماتے تھے اور رمضان کے آخری عشرہ میں اعتکاف فرماتے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آغوشِ تربیت میں پرورش پانے والے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم میں بھی زہد و ورع اور کشف بدرجۂ اتم موجود تھا۔ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرمایا کرتے تھے کہ:۔

"جس نے معرفتِ الٰہی کا مزہ چکھ لیا وہ ماسوائے اللہ سے بے پروا ہو جاتا ہے اور لوگوں سے اُسے وحشت ہونے لگتی ہے"

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سادہ زندگی اور فقر و غنا، اُن کی دُنیا سے بے نیازی کا واضح ثبوت ہے۔ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا زیادہ وقت عبادت و ریاضت میں گزرتا تھا۔ یہاں تک کہ شہادت کے وقت بھی تلاوتِ قرآن میں مصروف تھے۔

اور بقول حضور صلی اللہ علیہ وسلم تم جسماً گو کمزور تھے لیکن اللہ کے معاملے میں قوی تھے اور اپنی ذات میں متواضع۔ اللہ کے نزدیک باعظمت اور لوگوں کی نظر میں بزرگ۔ تمہاری نسبت نہ کوئی دھوکے میں تھا اور نہ حرف گیری کر سکتا تھا۔ تم سے نہ کوئی (غلط) طمع رکھ سکتا تھا اور نہ تم کسی کی رعایت کرتے تھے ضعیف اور پست آدمی تمہارے نزدیک قوی تھا تم اس کو حق دلاتے تھے اور قوی تمہارے نزدیک ضعیف و ذلیل تھا، تم اس سے حق لیتے تھے۔ دور و نزدیک کے دونوں قسم کے آدمی تمہاری نگاہ میں یکساں تھے جو اللہ کا سب سے زیادہ مطیع اور متقی ہوتا تھا وہی تمہارا سب سے زیادہ مقرب تھا۔ تمہاری شان حق، صدق اور نرمی تھی۔ تمہارا قول حکم قطعی اور تمہارا معاملہ بردباری اور دور اندیشی تھا اور تمہاری رائے علم و عزم تھا۔ تم نے فساد کا قلع قمع کر دیا اور راستے ہموار ہو گئے مشکل آسان ہو گئی۔ آگ بجھ گئی اور دین معتدل ہو گیا۔ ایمان قوی ہو گیا، اسلام اور مسلمان مضبوط ہو گئے۔ اللہ کا امر غالب ہو گیا اگرچہ کفار کو ناگوار ہوا۔ تم نے سخت سبقت کی اور اپنے بعد والوں کو تھکا دیا۔ تم خیر سے کامیاب ہوئے۔ تم اس سے بالاتر ہو کہ تم پر ماتم کیا جائے۔ تمہارے مرثیے آسمان پر پڑھے جا رہے ہیں اور تمہاری مصیبت تمام دنیا میں ظاہر ہے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔ اللہ کے فیصلے پر راضی اور اپنا معاملہ اُس کو سونپتے ہیں اور اللہ کی قسم! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد تمہاری موت جیسا کوئی حادثہ مسلمانوں پر کبھی نازل نہیں ہوا۔ تم دین کی عزت، جائے پناہ اور حفاظت گاہ تھے۔ مومنوں کے لیے تنہا ایک گروہ، قلعہ اور دار الامن تھے۔ منافقوں کے واسطے سختی اور غضب تھے۔ پس اللہ تم کو تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ملا دے اور ہم کو تمہارے بعد تمہارے اجر سے محروم و گمراہ نہ کرے۔ (ریاض النضرہ

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی پوری زندگی زُہد و تقویٰ اور عبادت و ریاضت سے عبارت تھی۔ اصحابِ صفہ جن کی زندگیوں نے اسلام کی رُوحانی تاریخ پر گہرا اثر ڈالا ہے وہ سب دنیا و مافیہا سے بے پروا ہو کر اپنا سارا وقت عبادت و ریاضت طلبِ علم اور مجاہدۂ نفس میں گزارا کرتے تھے۔ یہ وہ لوگ تھے، جنہوں نے بقول ابونعیم اصفہانی :۔

"اپنے آپ کو اہل و عیال اور مال و زر میں پھنسایا، نہ خدا کے ذکر سے اُنہیں کاروبار روک سکا اور دُنیا میں اگر یہ کچھ کھوتے تھے تو اُنہیں ذرا بھی غم نہیں ہوتا تھا"

ان کے علاوہ بھی اکثر صحابہ کرامؓ وقت کا بڑا حصہ عبادت اور ریاضت میں بسر کرتے تھے اور ایک پیسہ پاس رکھنے کے روادار نہیں تھے۔ مالداروں اور دولت مندوں سے چڑتے تھے۔

صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے بعد تابعین میں بہت سے بزرگ زہد و عبادت ریاضت و مجاہدہ اور دُنیا سے بے تعلقی میں ممتاز نظر آتے ہیں۔ مثلاً اویس قرنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، خواجہ حسن بصری رضی اللہ تعالیٰ عنہ وغیرہم۔ اُن کا تمام تر وقت ذکرِ الٰہی، حُبِ دنیا سے بیزاری، کائنات کے مسائل پر غور و فکر، اہلِ دنیا سے استغنا اور انابت الی اللہ میں مصروف نظر آتا ہے۔ اس کے بعد ہم صوفیائے کرام کے گروہ پر نظر ڈالتے ہیں تو ان تمام بزرگوں کا بھی یہی مسلک ہے یعنی دُنیا سے بے رغبتی اور رجوع الی اللہ۔

پھر جب اسلامی فتوحات نے دنیاوی دولت اور جاہ و حشم کو مسلمانوں کے قدموں میں لا ڈالا، تو دُنیا پرستی نے اپنا اثر دکھایا اور نفس کی پوجا شروع ہو گئی فساد کے اس دَور میں پھر اہل اللہ کی ایک جماعت سرگرمِ عمل ہوئی اور خالص دین کا جھنڈا بلند کیا۔ یہ جماعتِ صوفیہ اور اولیاء اللہ ہی کی جماعت تھی اور یہی جماعت ہر دور میں دُنیا پرستی اور جاہ پسندی کے خلاف صف آرا رہی ہے۔ اسی جماعت

جلد اوّل۔ کنز العمال بر مسند احمد بن حنبل جلد ۴۔ ماہنامہ فیض الاسلام راولپنڈی
(صدیق اکبر نمبر")

جب تک حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم خطاب فرماتے رہے لوگ خاموش رہے لیکن جب اختتام کو پہنچے تو سب کی چیخیں نکل گئیں اور یک آواز سب نے کہا، اے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے داماد! آپ نے بے شک سچ فرمایا۔

حضرت حسان بن ثابت رضؓ نے فرمایا۔

ترجمہ:۔ اگر تم اپنے معتمد بھائی کا غم یاد کرو تو اپنے بھائی ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے کارنامے یاد کرو جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد مخلوق میں سب سے بہتر، سب سے زیادہ متقی و عادل اور اپنے فرائض انجام دینے والے ہیں۔"

حضرت محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:۔

"اگر میں قسم کھا کر کہوں کہ اللہ تعالیٰ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور صدیق و فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو ایک ہی سرشت وطنیت سے پیدا کیا تو میں اپنی قسم میں صادق ہوں گا۔"

علامہ سمہودی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کی شرح یوں فرمائی ہے:۔

"ہر شخص کا مدفن وہیں ہوتا ہے جس جگہ کی مٹی اس کی سرشت وطنیت میں ہوتی ہے۔"

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ مزید وضاحت فرماتے ہوئے لکھتے ہیں:۔

"روحوں کو اللہ تعالیٰ نے گروہ در گروہ پیدا کیا پھر جو روح اس وقت سے متعارف ہوئی دنیا میں بھی اسی سے مانوس و مالوف ہوئی اور وجود خارجی میں ایک جگہ تھیں اور بعد انتقال بھی ایک جگہ ہیں اور رہیں گی۔"

(فیض الاسلام، راولپنڈی، صدیق اکبر نمبر ص ۵۱۔)

کے بوریہ نشینوں نے محض اپنی قوتِ ایمانی کے بل بوتے پر بڑے بڑے جابر بادشاہان وقت کو للکارا ہے اور سیاسی ہنگامہ آرائیوں کے زمانہ میں اپنے عمل سے ثابت کر کے دکھایا، کہ اسلام صرف مُلک گیری یا مُلک رانی کا نام نہیں ہے بلکہ یہ اصلاح و تربیت کا ایک مکمل نظام ہے، جو انسان کو ارتقائے روحانی کا راستہ دکھاتا ہے۔ یہی گروہ ہے جس نے ہمیشہ مسلمان فرمانرواؤں کو اسلام کے احکام کو فراموش کر دینے سے روکا ایسے مواقع پر بھی نہ چُوکے جب حاکمانِ وقت اپنے خوشامدیوں کے غول میں بیٹھ کر دادِ عیش دیتے تھے اور کسی کو اُن کے مزاج کے خلاف بات کہنے کی مجال نہیں ہوتی تھی۔ یہ ہی وہ اُولوالعزم لوگ ہیں کہ جنہوں نے اہلِ اقتدار کی گم کردہ راہی کو کبھی تسلیم نہیں کیا اور اسلامی تعلیمات کو اپنی پاکیزہ زندگیوں کے ذریعہ قائم رکھا۔

خلیفہ ہارون الرشید اپنے وزیر کے ساتھ جب باوجود اجازت نہ ملنے کے خواجہ فضیل بن عیاض رحمۃ اللہ علیہ کے مکان میں داخل ہوئے تو اُنہوں نے چراغ گُل کر دیا۔ مگر اس کے باوجود جب خلیفہ کا ہاتھ آپ کے ہاتھ سے مَس ہوا تو فرمایا کہ "کتنا نرم ہاتھ ہے، کاش دوزخ کی آگ سے بچ سکے"۔ ہدایت کی مزید درخواست پر فرمایا کہ "مُلک تیرا گھر ہے، رعایا تیری اولاد ہے۔ ماں باپ کے ساتھ نرمی بہن بھائیوں پر مہربانی کر، اگر مفلس بڑھیا بھی رات کو بھوکی سو جائیگی تو قیامت کے دن تجھے اپنا پیچھا چھڑانا مشکل ہو جائے گا"۔

حضرت سُفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ نے حج کے موقع پر منیٰ کے میدان میں خلیفہ منصور کو پکڑ کر کہا کہ "تو نے اُمتِ محمدیہ کا بے شمار مال اُس کی اجازت کے بغیر صَرف کر دیا ہے، تو اِس کا اللہ کو کیا جواب دے گا۔ منصور نے اپنی حکومت کی ملازمت دینی چاہی تو روپوش ہو گئے"۔

امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے خلیفہ منصور کے حکم کے خلاف قاضی القضات کا عہدہ لینے سے انکار کر دیا اور اس پر قائم رہے یہاں تک کہ کوڑوں کی سزا بھگتی اور اسی میں وصال کیا۔

بروایت حافظ ابوسعد بن سمان وغیرہ محدثین۔ نیز محمد بن عقیل رضؓ بن ابی طالبؓ سے کہ بے شک جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے وفات پائی اور اُن کو چادر سے چھپا دیا گیا۔ اہل تحت المدینۃ بالبکاء کیومٍ قبض فیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تو لوگوں کی گریہ زاری سے مدینہ منورہ ہلنے لگا جیسے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے دن ہلا تھا۔ (تحفہ اثنا عشریہ)

ابن مسیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہے کہ جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ انتقال فرما گئے تو مکہ میں ایک زلزلہ آیا۔ (فضائل صدیق اکبر مرتبہ میاں جمیل احمد شرقپوری ص ۱۰۰ بحوالہ تاریخ خلفائے اسلام، سیوطی (اُردو) ص ۱۳۵)

ارشادات قدسیہ:۔

(۱) جب حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ خلیفہ ہوئے تو آپ نے خطبہ دیا جس میں خدا کی حمد و ثنا کے بعد فرمایا:۔

"اے لوگو! میں تمہارا حاکم بنایا گیا حالانکہ میں تُم سے بہتر نہیں ہُوں۔ اگر میں نیک کام کروں تو تم لوگ میری مدد کرو۔ اگر میں غلط کام کروں تو مجھے سیدھا کردو۔ صدق امانت ہے اور کذب خیانت ہے۔ تُم میں جو ضعیف ہے وہ میرے نزدیک قوی ہے۔ میں اُسے اُس کا حق دلوا کر چھوڑوں گا انشاء اللہ اور تم میں جو قوی ہیں وہ میرے نزدیک ضعیف ہے میں اُس سے حق لیکر چھوڑوں گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ جو قوم جہاد فی سبیل اللہ چھوڑ دیتی ہے خدا اُس پر ذلت و رُسوائی نازل کرتا ہے اور جس قوم میں کوئی برائی شائع ہو جاتی ہے خدا اس قوم پر مصائب و آلام بھیجتا ہے۔ تم میری اطاعت کرو جب تک کہ میں خدا اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کروں۔ پس جب میں خدا و رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی کروں تو میری اطاعت تم پر واجب نہیں" (سیرت ابن ہشام)

حضرات بایزید بسطامی، ذوالنون مصری اور جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہم نے عقلیت اور وضعیت کے خلاف آواز اٹھائی اور عشق الٰہی پر زور دیا۔

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے یونانی فلسفہ اور علم الکلام کے مباحث کو غلط اور لاحاصل ثابت کیا۔ اُن کے علاوہ تبلیغِ دین کے سلسلہ میں اہل اللہ نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ چنانچہ شیخ عبدالقادر جیلانی، شیخ نجیب الدین سہروردی، خواجہ شہاب الدین سہروردی، خواجہ معین الدین چشتی، خواجہ بہاء الدین نقشبند، حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہم اور دیگر صوفیائے کرام نے تبلیغِ دین اور اصلاح و تربیت کا کام بڑے پیمانے پر انجام دیا۔

اس تمام تفصیل سے جو پچھلی سطور میں بیان کی گئی، یہ بات بھی واضح ہو جاتی ہے کہ تصوف کا سلسلہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپؐ کے صحابہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہم) کے دور سے ہی شروع ہو گیا تھا اور اس سلسلہ کی دو شاخیں اسی زمانہ میں سے ظہور میں آگئی تھیں۔ ایک وہ جس کی ابتدا سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہوئی اور اس کا نام "سلسلہ نقشبندیہ" مشہور ہوا، دوسری شاخ وہ ہے جس کی ابتدا اصحابِ صفہ سے ہوئی اور جس کے سربراہ حضرت حسن بصریؒ تھے جنہیں حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے خلافت حاصل تھی۔ سیاسی انقلابات اور تبدیلیٔ حالات و واقعات کے باوجود یہ دونوں سلسلے اہل اسلام کی باطنی تعلیم و تربیت کرتے رہے ہیں۔ اور اس سے انکار نہیں ہو سکتا کہ اسلام کی بقا اور اسلامی اقدار کا تحفظ انہیں کے ذریعہ ہوتا رہا ہے۔ ان دونوں سلاسل کی تعلیمات کے مختلف ادوار میں "صاحبِ وقت" کے نام کی رعایت سے مختلف نام پڑتے رہے، مگر ان میں جو بظاہر اختلافات نظر آتے ہیں، وہ محض فروعی نوعیت کے ہیں ورنہ درحقیقت اصل بنیاد اور مقصد میں کوئی اختلاف نہیں۔

(۲) یوسف بن محمد کا بیان ہے کہ مجھے خبر پہنچی کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مرضِ موت میں وصیّت کی اور حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہا کہ لکھئے:۔

"بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ یہ وہ ہے جس کی وصیت ابوقحافہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بیٹے ابوبکر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے دنیا سے جاتے اور آخرت میں داخل ہوتے ہوئے ایسے وقت میں کی جب کہ کافر سچ بولتا ہے اور خائن امانت ادا کرتا ہے اور کافر ایمان لاتا ہے (مضمون وصیت یہ) کہ میں نے اپنے بعد عمر بن خطاب (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کو خلیفہ بنایا ہے۔ اگر وہ عدل کرے تو یہ میرا اُس کی نسبت گمان اور توقع ہے اور اگر وہ جور و ستم کرے تو میں غیب دان نہیں۔ اور ہر شخص کے لیے سزا ہے اُس گناہ کی جو اُس نے کیا۔ اور ظلم کرنے والے عنقریب معلوم کریں گے کہ وہ کس کروٹ الٹتے ہیں"

(شعراء۔ آخیر آیت)

(۳) آپ نے ایک پرندے کو درخت پر بیٹھے ہوئے دیکھ کر فرمایا۔ اے پرندے! خوش رہو۔ اللہ کی قسم! کاش میں تیری مانند ہوتا کہ تو درخت پر بیٹھتا ہے۔ پھل کھاتا ہے پھر اڑ جاتا ہے اور تجھ پر کوئی حساب و عذاب نہیں۔ خدا کی قسم! کاش میں بجائے انسان ہونے کے راستے کی ایک طرف کا درخت ہوتا اور کوئی کوئی اونٹ میرے پاس سے گزرتا، مجھے پکڑ کر اپنے منہ میں ٹھونس لیتا، پھر چبا کر نگل جاتا اور پھر بعد ازاں مینگنیوں کی شکل میں نکال دیتا۔

(۴) جب لوگ آپ کی مدح کرتے تو آپ یوں کہتے۔

خدایا! تو میرا حال میری نسبت بہتر جانتا ہے اور میں اپنا حال اُن کی نسبت بہتر جانتا ہوں۔ خدایا تو مجھے بہتر بنا دے اُس سے جو وہ گمان کرتے ہیں اور میرے وہ گناہ بخش دے جو ان کو معلوم نہیں اور جو وہ کہتے ہیں پر مجھے گرفت نہ کر۔"

آپ مشکرک کھانا کھا لیتے اور پھر جب اس کو اس کا علم ہو جاتا ہے تو اُسے

تبلیغِ اِسلام اَور سلسلہ نقشبندیہ

قاضی ظہور اختر ایم اے

برصغیر پاک وہند میں اسلام کی آمد کے ساتھ ہی تبلیغ دین کا سلسلہ شروع ہو گیا تھا۔ محمد بن قاسم رحمتہ اللہ علیہ نے کشور کشائی کی نسبت تبلیغِ دین کو زیادہ اہمیت دی سندھ میں سب سے پہلے چنہ قوم نے اسلام قبول کیا۔ محمد بن قاسم نے دیبل فتح کرنے کے بعد وہاں چار ہزار مسلمان آباد کیئے اور ایک جامع مسجد تعمیر کروائی۔ اراور کی فتح کے بعد وہاں بھی ایک مسجد تعمیر کروائی۔ صاحبِ تاریخ سندھ کے مطابق محمد بن قاسم نے مال غنیمت کے پانچویں حصہ سے ہر شہر اور قصبہ میں مساجد تعمیر کرائیں اور اِن مساجد کو آباد رکھنے کے لیے ہر شہر اور قصبہ میں مسلمان آباد کیئے۔

اُموی خاندان نے سندھ پر خصوصی توجہ دی۔ حضرت عمر ثانی عمر بن عبد العزیز رحمتہ اللہ علیہ کو تبلیغ دین کا بڑا خیال تھا۔ اُنہوں نے سندھ کے چیدہ چیدہ امیروں کو بذریعہ خطوط دعوتِ اسلام دی چنانچہ ان ہی کی دعوت کا نتیجہ ہیں راجہ داہر کا بیٹا جے سنگھ مشرف باسلام ہوا۔ اس کے علاوہ بہت سے امراء نے دینِ حق قبول کیا۔

حضرت عمر بن عبد العزیز رحمتہ اللہ علیہ کے فرمان سے سندھ کے اہم شہروں کی مساجد میں علماء اور خطیب مقرر ہوئے۔ اُس زمانہ کے مشہور عالم الشیبانی کو بیہون شریف کی جامع مسجد کا خطیب مقرر کیا گیا۔

ان علماء کی شبانہ روز محنت نے سندھ کو اسلام کی روشنی سے منوّر رکھا۔

حضرت ابو حفص ربیع بصری رحمتہ اللہ علیہ (جو امام حسن بصری رحمتہ اللہ علیہ کے شاگردِ رشید تھے) نے سندھ میں احادیثِ نبوی (علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام)

قے کر کے اپنے پیٹ سے نکال دیتے۔ اور یوں دعا کرتے "خدایا! جو کچھ رگوں نے پی لیا اور انتڑیوں کے ساتھ مل گیا تو اُس پر مجھے مواخذہ نہ کرنا"

(۶) فرماتے کہ جب کسی شخص کو زینت دنیا پر ناز اور غرور آجاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس شخص کو دشمن رکھتا ہے یہاں تک کہ وہ اُس زینت کو چھوڑ دے۔

(۷) فرماتے۔ اے گروہ آدمیاں! خدا سے حیا کرو۔ اُس ذات کی قسم! جس کے ہاتھ میری جان ہے جب میں قضائے حاجت کے لیے جنگل میں جاتا ہوں تو خدا سے حیا کے بارے اپنا سر ڈھانپ لیتا ہوں۔

(۸) امام نسائی رحمتے اسلم رضی اللہ تعالیٰ عنہ (غلام حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ) سے نقل کیا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دیکھا کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنی زبان کو ہاتھ سے پکڑے ہوئے فرما رہے ہیں کہ اسی نے مجھے ہلاکت کی جگہوں میں ڈال دیا ہے۔ (مشکوٰۃ بحوالہ امام مالک، باب حفظ اللسان)

(۹) آپ کے صاحبزادے حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے ہمسایہ سے جھگڑ رہے تھے۔ آپ اُن کے پاس سے گزرے تو فرمایا! اپنے ہمسایہ سے نہ جھگڑو کیونکہ نیکی رہ جائیگی اور لوگ چلے جائیں گے۔

(۱۰) جب آپ کی اونٹنی کی مُہار گر پڑتی تو اُسے بٹھا کر خود اُٹھا لیتے۔ حاضرین عرض کرتے کہ آپ نے ہمیں کیوں نہ حکم دے دیا۔ آپ جواب دیتے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا ہے کہ لوگوں سے کسی چیز کا سوال نہ کرنا۔

(۱۱) آپ جب کسی شخص کو صبر کی نصیحت کرتے تو فرماتے کہ بصبر کے ساتھ کوئی مصیبت نہیں اور بے صبری سے کوئی فائدہ نہیں۔ موت اپنے مابعد سے آسان اور ماقبل سے سخت ہے۔

(۱۲) جب حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مرتدین کی طرف جہاد کرنے کے لیے بھیجا تو فرمایا کہ موت کا حریص بن، تجھے حیات عطا ہوگی۔

جب آپ کو خبر لگی کہ اہل فارس نے پرویز شہنشاہ کی لڑکی کو اپنا حکمران بنا لیا

کا درس جاری کیا۔ اُنہوں نے جو شمعِ علم سندھ میں روشن کی تھی اُس کی ضوء سے پورا سندھ منور ہوگیا اور پھر سندھ نے بڑے بڑے نامور عالم پیدا کئے۔ ان علماء کی محنت شاقہ نے سندھ کو اسلام کی روشنی سے فروزاں کر دیا۔ ابو معشر سندھی رحمۃ اللہ علیہ، ابو عطا سندھی رحمۃ اللہ علیہ ابو علی سندھی رحمۃ اللہ علیہ، جعفر محمد بن اسماعیل دیبلی رحمۃ اللہ علیہ اور اُن کے فرزند ابراہیم بن محمد رحمۃ اللہ علیہ اُس زمانہ کے مشہور علماء تھے۔ ابو معشر سندھی، ابو جعفر محمد بن اسمٰعیل اور ابراہیم بن محمد رحمۃ اللہ علیہم کا شمار اُس زمانہ کے جید محدثین میں ہوتا ہے۔ ابو علی سندھی رحمۃ اللہ علیہ اپنے زمانہ کے ایک صاحبِ حال بزرگ تھے۔ حضرت ابو جعفر محمد بن اسمٰعیل رحمۃ اللہ علیہ اور اُن کے فرزند بعد میں مکہ مکرمہ میں جا بسے۔ اُن کا شمار بھی ایسے محدثین میں ہوتا ہے جن کا نام حدیث کے راویوں میں آتا ہے۔ ان لوگوں نے تبلیغِ دین کو بھی جاری رکھا اور اپنی مساعی جمیلہ سے دیبل تا ملتان اسلامی تہذیب و تمدن کی جڑیں مضبوط کر دیں۔

مسلمان جہاں بھی جاتے تبلیغ دین کو اپنا اولین فریضہ خیال کرتے۔ مسلمان تاجروں کی محنت سے گجرات میں اسلامی اثرات کا نفوذ ہوا۔ چیمور کی بندرگاہ پر بلہرا نامی ایک ہندو راجہ حکمران تھا۔ وہ مسلمانوں سے خندہ روئی سے پیش آتا۔ چیمور میں اہل اللہ کی تبلیغ سے بہت سے مقامی باشندے مسلمان ہو گئے۔ شہر میں مساجد تعمیر ہوئیں اور پانچوں وقت اذانیں ہونے لگیں۔ گجرات اور مہاراشٹر کے درمیانی علاقہ میں سندان کے مقام پر ایک ہندو راجہ حکمران تھا۔ اس کا بیٹا بیمار تھا۔ اپنے پروہتوں کے ذریعہ بتوں سے استمداد کا طالب ہوا۔ اپنے بیٹے کی وفات پر اُس نے تمام بت مسمار کر دیئے اور اسلام قبول کر لیا۔ وہاں بھی مساجد تعمیر ہوئیں اور دینی مشاغل کا اجرا ہوا۔ مالابار کے ساحل پر بھی مسلمانوں کا غلبہ ہوا اور اسلام کی ترقی کے ساتھ ساتھ بستیاں وجود میں آگئیں۔ جنوبی ہند میں بھی تبلیغ کی بدولت اسلام کی شمع روشن ہوئی۔

یوں تو اسلام کی ترویج و اشاعت میں مسلمان فاتحین، تجار اور علماء نے

ہے تو فرمایا کہ وہ لوگ ذلیل ہو گئے۔ جنھوں نے اپنی حکومت ایک عورت کے ہاتھ میں دے دی۔

(۱۴) تجھ پر خدا کی طرف سے جاسوس مقرر ہیں جو تجھے دیکھتے ہیں۔

(۱۵) لوگوں میں خدا کا سب سے زیادہ فرمانبردار بندہ وُہ ہے جو گناہ کا سب سے زیادہ دشمن ہو۔

(۱۶) قسم ہے اُس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے کہ میرے نزدیک اپنے خویش واقربا کی نسبت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خویش واقربا سے محبت و سلوک پسندیدہ تر ہے۔

(۱۷) اُس قول میں کوئی خوبی نہیں ہے جس سے رضائے خدا مراد نہ ہو اور اُس مال میں کوئی خُوبی نہیں جو راہِ خدا میں خرچ نہ کیا جائے اور اُس شخص میں کوئی خوبی نہیں جس کی جہالت اُس کے علم پر غالب ہو اور اُس شخص میں کوئی خوبی نہیں جو ملامت کرنے والے کی ملامت سے ڈرتا ہو۔

(۱۸) ابو صالح کا بیان ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہد میں یمن کے لوگ آئے اور انہوں نے قرآن شریف سُنا تو زار و قطار رونے لگے۔ یہ دیکھ کر حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ہم بھی اس طرح رویا کرتے تھے۔ پھر ہمارے دل سخت ہو گئے۔ حافظ ابو نعیم اصفہانی نے کہا کہ اس سے مراد یہ ہے کہ اُن کے دل اللہ تعالیٰ کی معرفت سے قوی اور مطمئن ہو گئے۔

(۱۹) ادراک (عقل، فہم) حاصل کرنے سے عاجز آنا ادراک ہے۔

(۲۰) اللہ تعالیٰ تیرے باطن کا حال دیکھ رہا ہے جیسا کہ ظاہر کا حال دیکھ رہا ہے۔

(۲۱) اللہ رحم کرے اُس مرد پر جس نے اپنی جان سے اپنے بھائی کی مدد کی۔

(۲۲) تُو اپنے آپ کو جاہلیت کی غیبت سے دُور رکھ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے غیب جاہلیت کو اور اہل غیبت کو دشمن رکھا ہے۔

(۲۳) جب تجھ سے کوئی نیکی فوت ہو جائے تو اس کا تدارک کر اور اگر کوئی بدی تجھ

خُوب خُوب حصّہ لیا ہے لیکن برّصغیر پاک وہند میں جو کامرانی و کامیابی بزرگانِ دین کو اس سلسلہ میں نصیب ہوئی وہ کسی اور کے حصّہ میں نہ آسکی۔ اُنہوں نے تبلیغِ دین کے ساتھ تعلیمِ دین کا بھی اہتمام رکھا اور اپنے بے نظیر استقلال سے دونوں کاموں کو جاری رکھا۔ سلطان محمود غزنوی کی تخت نشینی سے بہت پہلے حضرت شیخ صفی الدین کازرونی رحمۃ اللہ علیہ بہاول پور کے مشہور رومانی مرکز اُوچ شریف میں آکر مقیم ہوئے اُن کی تبلیغی کاوشوں کے نتیجہ میں بہت سے لوگ مشرف باسلام ہوئے۔

سلطان محمود غزنوی کے ورودِ پاک وہند کے بعد حضرت مخدوم علی بن عثمان ہجویری المعروف بہ داتا گنج رحمۃ اللہ علیہ لاہور میں تشریف لائے اور درس وتدریس کا سلسلہ شروع کیا۔ آپ کی توجہ سے لاہور کا ایک مشہور جوگی معہ اپنے چیلوں کے مسلمان ہوا۔ آپ نے لاہور ہی میں کشف المحجوب قلم بند کی جو تصوّف کے موضوع پر فارسی میں پہلی کتاب ہے۔ حضرت یوسف گردیزی رحمۃ اللہ علیہ نے ملتان کو اپنی تبلیغی سرگرمیوں کا مرکز بنایا۔ ان کی سعیِ جمیلہ پھل لائی اور اُن کے ہاتھ پر بہت سے لوگوں نے اسلام قبول کیا۔

اگرچہ بزرگانِ دین اور اولیائے کرام نے اسلام کی بے بہا خدمات سرانجام دیں اور پاک وہند میں اسلام کی جڑیں مضبوط کرنے میں بھرپور حصّہ لیا۔ اور اپنے رُوحانی کمالات اور فیوض سے اطراف کو منوّر کیا تاہم دین کی شمع فروزاں رکھنے کے لیے مزید محنت کی ضرورت تھی، اس مقصد کو حاصل کرنے کے لیے سلاسلِ اربعہ کے بزرگانِ دین سامنے آئے۔

اگرچہ سلسلہ سہروردیہ، چشتیہ اور قادریہ کے اولیائے کرام نے اپنے اپنے دَور میں رُشد وہدایت کا سلسلہ جاری رکھا اور ہزاروں فرزندانِ توحید اور بندگانِ خدا کے دلوں میں شمعِ ایمان روشن کی اور اپنے اپنے مخصوص انداز میں اسلام کی خدمت سرانجام دی لیکن سلسلہ نقشبندیہ نے تبلیغ اسلام اور سُنّت رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی ترویج واشاعت میں اکبری الحاد کے

آگھیرے تو اس سے بچ۔

(۲۴) ہم ایک حرام میں پڑنے کے خوف سے ستر حلال کو چھوڑ دیا کرتے تھے۔

(۲۵) جو شخص بغیر توشہ کے قبر میں جائے اُس نے گویا بغیر کشتی کے سمندر میں سفر کیا۔

(۲۶) آیہ ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ۔ (ظاہر ہو گیا فساد جنگل اور سمندر میں۔ (روم۔ ع ۵) کی تاویل میں آپ کا قول ہے کہ جنگل سے مراد زبان اور سمندر سے مراد قلب ہے۔ جب زبان خراب ہو جاتی ہے تو انسان اُس پر روتے ہیں۔ جب دل خراب ہو جاتا ہے تو اُس پر فرشتے روتے ہیں

(۲۷) شہوت کے سبب سے بادشاہ غلام بن جاتے ہیں اور صبر سے غلام بادشاہ بن جاتے ہیں۔ حضرت یوسف علیہ الصلوٰۃ والسلام و زلیخا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے قصے پر غور کرو۔

(۲۸) جس شخص نے گناہوں کو ترک کیا۔ اُس کا دل نرم ہو گیا اور جس نے حرام کو ترک کیا اُس کا فکر و اندیشہ صاف ہو گیا۔

(۲۸) جس شخص نے گناہوں کو ترک کیا۔ اُس کا دل نرم ہو گیا اور جس نے حرام کو ترک کیا اُس کا فکر و اندیشہ صاف ہو گیا۔

(۲۹) سب سے کامل عقل اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کا اتباع اور اُس کے غضب سے بچنا ہے۔

(۳۰) عاقل کے لیے کوئی مسافرت نہیں اور جاہل کے لیے کوئی وطن نہیں۔

(۳۱) تین چیزیں جس شخص میں ہوں گی اُسے نقصان دیں گی۔ نافرمانی، عہد شکنی، مکر

(۳۲) تین چیزیں تین چیزوں سے حاصل نہیں ہوتیں۔ دولت مندی آرزوؤں سے جوانی خضاب سے۔

(۳۳) جس شخص میں یہ چار خصلتیں ہوں وہ اللہ تعالیٰ کے برگزیدہ بندوں میں سے ہے۔ توبہ کرنے والے سے خوش ہو۔ گنہگار کے لیے مغفرت طلب کرے مصیبت زدہ کے لیے دُعا کرے احسان کرنے والے کی مدد کرے۔

دور میں جو مصائب برداشت کئے وہ کسی اور کے حصہ میں نہ آ سکے۔ اس سلسلہ کے بزرگانِ دین، خالقِ حقیقی کی رضا جوئی اور شریعتِ محمدی صلی اللہ علیہ وسلم علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کی خاطر جان و مال اور ہر متاعِ عزیز پیش کرنے میں کوشاں رہے سلسلہ نقشبندیہ کے جلیل القدر بزرگ حضرت خواجہ باقی باللہ رحمۃ اللہ علیہ پاک و ہند میں تبلیغ دین کے لیے وارد ہوئے۔ آپ کے پیر و مرشد حضرت خواجہ امکنگی رحمۃ اللہ علیہ نے انہیں خلافت اور سلسلہ نقشبندیہ کی برکات سونپ کر فرمایا۔

"آپ ہندوستان تشریف لے جائیے کیونکہ وہاں آپ سے اس طریقہ عالیہ کو رواج ہوگا"

آپ نے دہلی کو تبلیغ کا مرکز بنایا اور اپنی تبلیغی کاوشوں سے اسلام کو فروغ دیا آپ کے خلیفۂ اعظم حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی رحمۃ اللہ علیہ کی تبلیغی خدمات سے کون انکار کر سکتا ہے۔ حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کی تحریک کو سمجھنے کی خاطر اکبر اور دینِ الٰہی کا مطالعہ ضروری ہے۔ اکبر، شیخ مبارک اور اس کے بیٹوں ابوالفضل اور فیضی کے مکمل نرغہ میں تھا۔ یہ گھرانہ باطنی طور پر غالی شیعہ تھا۔ اکبر کا ہندوؤں سے بھی خاصا میل و جول تھا۔ وہ دراصل بچپن ہی سے اس کی طرف مائل تھا، دکن کے ایک نومسلم بھاون کو اکبر نے ہندوؤں کی مذہبی کتابوں کو فارسی میں ترجمہ کرنے پر مامور کیا۔ بھاون جب کبھی بادشاہ کے حضور میں باریاب ہوتا تو اُس کے سامنے دقیق مسائل کی تشریح اپنے مخصوص رنگ میں بیان کرتا۔ علامہ عبدالقادر بدایونی رح کا خیال ہے کہ اکبر کی گمراہی میں اُس کا بڑا ہاتھ ہے۔ بات یہاں تک پہنچی کہ اکبر ملحد ہو گیا۔ امام الہند شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ اکبر کے متعلق لکھتے ہیں کہ "وہ ملحد ہو چکا تھا۔ اور اُس نے زندیقوں جیسے طور طریقے اختیار کر لیے تھے"

حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ، اکبر کی ان ہی مشرکانہ حرکات

(۳۴) چار چیزیں چار چیزوں سے تمام وکامل ہو جاتی ہیں۔ نماز سجدہ سہو سے، روزہ صدقۂ فطر سے حج فدیہ سے اور ایمان حیا سے۔

(۳۵) تاریکیاں پانچ ہیں اور اُن کے چراغ بھی پانچ ہیں۔ حُبِّ دنیا تاریکی ہے اور اُس کا چراغ تو یہ ہے۔ قبر تاریکی ہے اور اُس کا چراغ لاالٰہ الا اللہ ہے ــــ آخرت تاریکی ہے اور اُس کا چراغ نیک عمل ہے۔ پُل صراط تاریکی ہے اور اُس کا چراغ یقین ہے۔

(۳۶) ابلیس تیرے آگے کھڑا ہے اور نفس تیرے دائیں طرف اور خواہش نفسانی بائیں طرف اور دُنیا تیرے پیچھے اور اعضا تیرے گرد اور اللہ تعالیٰ جل جلالہ، تیرے اُوپر ہے۔ ابلیس تو تجھے ترکِ دین کی طرف بلا رہا ہے اور نفس معصیت کی طرف اور خواہش نفسانی شہوتوں کی طرف اور دنیا آخرت کو چھوڑ کر اُسے اختیار کرنیکی طرف اور اعضا گناہوں کی طرف اور اللہ تعالیٰ جلا جلالہ، جنّت و مغفرت کی طرف بلا رہا ہے۔ پس جس نے ابلیس کی سُنی اس کا دین جاتا رہا۔ جس نے نفس کی سُنی اس کی روح جاتی رہی۔ جس نے ہوائے نفس کی سنی تو اس کی عقل جاتی رہی۔ جس نے دنیا کی سُنی اُس سے آخرت جاتی رہی۔ جس نے اعضاء کی سُنی اُس سے بہشت جاتا رہا۔ جس نے اللہ تعالیٰ کی سُنی اُس سے تمام برائی جاتی رہی اور اُس نے تمام نیکی کو حاصل کر لیا۔

(۳۷) بخیل کا مال سات حالتوں میں سے ایک سے خالی نہیں ہوتا۔ وہ مر جائے گا تو اس کا وارث ایسا شخص ہوگا جو اُس کے مال کو فضول خرچی سے اڑا دے گا۔ اور طاعت خدا کے سوا کسی اور کام میں خرچ کرے گا، یا اللہ تعالیٰ اس پر کسی جابر شخص کو مسلط کر دے گا جو اُس کا مال بلا اختیار اُس سے چھین لے گا۔ یا کوئی شہوت نفسانی اس میں پیدا ہو جائیگی جس سے وہ اپنا مال کو ضائع کر دے گا یا اُسے گھر یا عمارت (جس کا انجام خرابی ہے) کے بنانے کا خیال آجائے گا اور اُس کا مال صرف ہو جائے گا، یا اُس مال کو حوادثِ دُنیا میں سے کوئی حادثہ

کی طرف اشارہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ "اگر کوئی شخص کلمہ پڑھنے کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوۂ حسنہ کے خلاف کوئی کام کرے یا کسی بُت کے آگے جُھکے یا زنار باندھے وہ یقیناً کافر ہے"۔

"اکبر اور اُس کے دین الٰہی" نے اسلام کو بہت نقصان پہنچایا۔ اُس زمانہ کا نقشہ کھینچتے ہوئے حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ مکتوبات شریف میں لکھتے ہیں کہ

"اسلام کی غربت یہاں تک پہنچ گئی ہے کہ کفار کھلم کُھلا اسلام پر طعن اور مسلمانوں کی مذمت کرتے ہیں اور ہر کوچہ و بازار میں نڈر ہو کر کُفر کے احکام جاری کرتے ہیں اور اہلِ کفر کی تعریف کرتے ہیں اور مسلمان اسلام کے احکام جاری کرنے سے رُکے ہوئے ہیں اور اُن کے بجالانے میں مذموم و ملعون ہیں"۔

رُسومات کے بارے میں آپ" لکھتے ہیں کہ "مسلمان باوجود ایمان کے اہل کفر کی رسموں کو بجالاتے اور اُن کے ایام کی تعظیم کرتے ہیں۔ ہندوؤں کی رُسوم میں مسلمان سرگرم حصہ لینے لگے تھے۔ اس کے بارے میں آپ نے لکھا ہے کہ "اہل اسلام کے جہلاء دیوالی کے دنوں میں خصوصاً عورتیں اہلِ کفر کی رسمیں ادا کرتی ہیں اور اس کو تہوار بنا کر مناتی ہیں"۔ اکبر کا دور اسلام کے لیے ابتلا کا دور تھا اور اس دور میں اسلام حد درجہ مظلوم تھا اور مسلمانوں پر عرصۂ حیات اس قدر تنگ ہو چکا تھا کہ خود حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ اُس وقت ظہورِ مہدی کے منتظر تھے۔

اللہ تعالیٰ نے اس تیرہ و تار دور میں اصلاحِ احوال کے لیے حضرت خواجہ باقی باللہ رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کو منتخب فرمایا۔ اِن دونوں بزرگوں نے امراء کی ایک جماعت کو، جسے حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ جرگہ مسلمان دولتِ اسلامیہ کے نام سے یاد کرتے ہیں، بادشاہ کے سامنے کلمۂ حق کہنے اور ترویج اشاعتِ شریعت کے لیے ترغیب دلائی۔

اکبر کی وفات کے بعد نُور الدین جہانگیر تخت نشین ہوا تو اُس نے اپنے والد

پیش آئے گا جیسا کہ جل جانا یا غرق ہو جانا یا چوری ہو جانا یا مثل ان کے کوئی اور حادثہ یا اُس کو کوئی دائمی مرض لاحق ہو جائے گا جس کے سبب سے وہ اپنے مال کو دواؤں میں خرچ کر دے گا یا وہ اپنے مال کو کسی جگہ دفن کر کے بھول جائے گا اور نہ پائے گا۔

۳۸ آٹھ چیزیں، آٹھ چیزوں کی زینت ہیں۔ پرہیزگاری زینت ہے فقر کی۔ شکر زینت ہے دولتمندی کی۔ صبر زینت ہے بلا کی تواضع زینت ہے شرف و بزرگی کی۔ علم زینت ہے عالم کی۔ فروتنی و عاجزی زینت ہے طالب علم کی۔ احسان نہ جتانا زینت ہے احسان کی اور خشوع زینت ہے نماز کی۔

۳۹ عابد تین قسم کے ہیں اور ہر قسم کی علامات ہیں جن سے وہ پہچانے جاتے ہیں۔ ایک قسم وہ ہیں جو بر سبیلِ خوف اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتے ہیں۔ دوسرے وہ ہیں جو بر سبیلِ اُمید اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتے ہیں اور تیسرے وہ ہیں جو بر سبیلِ زینت اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتے ہیں۔

قسم اوّل کے لیے تین علامتیں ہیں۔ عابد اپنے نفس کو حقیر سمجھے گا اور اپنی نیکیوں کو قلیل اور اپنی برائیوں کو کثیر خیال کرے گا۔ قسم دوم کے عابد کی تین علامتیں ہیں۔ وہ تمام حالتوں میں لوگوں سے پرہیز کرے گا۔ دنیا میں سب سے زیادہ سخی ہوگا۔ اور تمام خلق میں اللہ تعالیٰ کے ساتھ حُسنِ ظن رکھنے والا زیادہ ہوگا۔ تیسری قسم کے عابد کی تین علامتیں ہیں۔ وہ عطا کرے گا وہ چیز جسے وہ دوست رکھتا ہے۔ خدا کی رضا کے سوا کسی چیز کی پروا نہ کرے گا۔ بلکہ رضائے خدا کے لیے خلافِ نفس عمل کرے گا۔ اور تمام حالتوں میں امر و نہی میں اپنے پروردگار کے ساتھ ہوگا۔

(۴۰) امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے مؤطا میں بروایت یحییٰ بن سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ نقل کیا ہے کہ حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے شام کی طرف فوجیں بھیجیں۔ آپ سالارِ لشکر یزید بن ابی سفیان کو وداع کرتے نکلے تو اُن سے فرمایا کہ میں تم کو دس باتوں کی وصیت کرتا ہوں۔

کی طرح سجدہ کو جاری رکھا اور دوسری تمام رسوم و آئین کو برقرار رکھا۔ دربار پر جہانگیر کی اہلیہ نور جہاں اور وزیر اعظم آصف جاہ چھائے ہوئے تھے۔ یہ دونوں شیعہ مذہب سے تعلق رکھتے تھے۔ اِن کے رُعب سے شیعہ ملت کو ترقی ہونے لگی۔ حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے خلیفہ شیخ بدیع الدین کو فوج میں تبلیغ دین کے لیے روانہ کیا اور خود امراء اور عہدے داروں کو تبلیغی خطوط لکھے۔ اس کا خاطر خواہ اثر ہوا اور ہزاروں بندگانِ خدا نے راہِ حق کو اپنا لیا۔ حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کی یہ تبلیغی سرگرمیاں آصف جاہ کو ایک آنکھ نہ بھائیں۔ اُس نے جہانگیر کے کان بھرے اور دربارِ شاہی میں طلبی کے بعد گرفتار کر لینے کا مشورہ دیا۔ جہانگیر نے حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کو دہلی بلایا۔ دربار میں پہنچکر حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ نے شاہی آداب کو ملحوظِ خاطر نہ رکھا اور بادشاہ کو مروجہ سجدہ بھی نہ کیا۔ اس پر مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ بادشاہ کے غضب کا نشانہ بنے۔ آپ کو گوالیار کے قلعہ میں قید کر دیا گیا۔

آپ نے گوالیار کے قلعہ میں مجوس غیر مسلموں پر توجہ دی۔ آپ کی "سعی و کاوش" سے صدہا قیدی مشرف با سلام ہوئے۔ قلعہ کے ملازمین اور عہدے دار بھی آپ کی تبلیغ سے متاثر ہوئے اور اپنے عقائد باطلہ سے تائب ہو کر داخل سلسلہ عالیہ ہوئے قید کے دوران میں آپ نے تبلیغ سلسلہ جاری رکھا اور امراء اور فوجی عہدے داروں کو خطوط لکھتے رہے جن کا خاطر خواہ اثر ہوا اور ہزاروں لوگ تائب ہو کر دین حق کے مطابق زندگی بسر کرنے لگے۔ آخر دو سال بعد جہانگیر نے خود ہی رہائی کا حکم صادر کر دیا۔

مفتی غلام سرور لاہوری لکھتے ہیں کہ "دو سال کے بعد بادشاہ اپنے فعل پر نادم ہوا اور حضرت شیخ کو اپنے پاس طلب کر کے بہت زیادہ اکرام و احترام کیا اور بہت معذرت چاہی۔ حضرت شیخ سے اسقدر محبت کرنے لگا کہ کسی وقت آپ کی جدائی گوارا نہ کرتا۔ شہزادہ خرم، شاہ جہان، کو حضرت شیخ کے حلقہ مریداں میں داخل کیا۔"

(۱) کبھی لڑکے کو قتل نہ کرنا،

(۲) کسی عورت کو قتل نہ کرنا۔

(۳) کسی بوڑھے کو قتل نہ کرنا۔

(۴) کسی پھل والے درخت کو نہ کاٹنا۔

(۵) کسی بکری یا گائے کے پاؤں نہ کاٹنا مگر بغرض خوراک ذبح کر لینا۔

(۶) کسی بستی کو نہ جلانا۔

(۷) اور نہ ویران کرنا۔

(۸) ہراساں نہ ہونا۔

(۹) بزدلی نہ کرنا۔

(۱۰) مال غنیمت میں خیانت نہ کرنا۔

یہ حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کی مساعی جمیلہ کا نتیجہ تھا کہ شاہی دربار سے دین الٰہی کی جملہ بدعات و منکرات اور روافض کے عقائدِ فاسدہ کی ترویج و اشاعت کی رخصتی ہوئی۔

امام ربانی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ نے زندگی بھر اتباعِ سنتِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کو مقدم رکھا۔ فرماتے ہیں:۔

"حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوۂ حسنہ کی اتباع ظاہر و باطن میں لازم ہے۔ نجاتِ آخروی اور فلاحِ ابدی کے لیے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت ہی واحد ذریعہ ہے"

—— آپ کے فرمان کے مطابق عقائد کی درستی کو اولیت حاصل ہے۔ اس کے بعد تزکیہ نفس کی باری آتی ہے۔ فرماتے ہیں۔

"جب تک عقائد درست نہ ہوں، احکاماتِ شریعت کی پابندی نہ ہو، قلب کی صفائی ممکن نہیں۔ اور اتباعِ شریعت ہی سب سے بڑی کرامت ہے۔ قلب کو زندہ رکھنے کے لیے یہی سب سے بڑی اکسیر ہے"۔ (مکتوبات شریف)

ریاضت اور مجاہدہ کو بھی شریعت کے مطابق لازمی قرار دیتے ہیں فرماتے ہیں:

"سالک جس قدر اتباع شریعت میں راسخ اور ثابت قدم ہوگا اسی قدر ہوائے نفس سے زیادہ دور ہوگا۔ پس نفسِ امارہ پر شریعت اور امر و نہی کے بجالانے سے زیادہ دشوار کوئی چیز نہیں اور صاحبِ شریعت کی پیروی کے سوا کسی چیز میں اس کی خرابی متصور نہیں ہے وہ ریاضتیں اور مجاہدے جو سنت کی تقلید کے سوا اختیار کریں وہ معتبر نہیں"

حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ کے پیر بھائی حضرت مرزا حسام الدین نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ بھی تبلیغ دین میں مقدور بھر کوشش کرتے رہے۔ مرزا

جبل سلع کے دامن میں دائرے میں حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالےٰ عنہ کی مسجد
تصویر از "سوئے حرم" بشکریہ دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر

حسام الدین رحمۃ اللہ علیہ کی تبلیغی کاوشوں سے تنگ آکر چند معاندین نے جہانگیر کے کان بھرے۔ جہانگیر اُس وقت کشمیر میں تھا۔ آپ کو وہیں آنے کا حکم دیا۔ جب آپ لاہور پہنچے تو اُن کو بشارت ہوئی کہ کشمیر کی بجائے دہلی جانا ہوگا۔ چنانچہ چار روز کے بعد معلوم ہوا کہ جہانگیر فوت ہوگیا ہے۔ لاہور ہی سے آپؒ دہلی واپس روانہ ہوئے

اسی زمانہ میں نقشبندی خاندان کی ایک اور بزرگ ہستی حضرت خواجہ سیّد خاوند محمود المعروف بہ حضرت ایشاں رحمۃ اللہ علیہ تبلیغ اسلام میں مصروف تھے۔ آپ اکبری حکومت کے دورِ آخر میں ممالک اسلامیہ کی سیر وسیاحت کرتے ہوئے پاک وہند میں وارد ہوئے۔ ابتدا میں آپ نے کشمیر کو اپنی تبلیغی سرگرمیاں کا مرکز بنایا۔ جہاں ہزاروں لوگ آپ کے دست فیض سے فیض یاب ہوئے۔

کشمیر میں اسلام کی ابتدا حضرت امیر کبیر سید علی ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ کی کوششوں سے ہوئی۔ کشمیر میں جو مسلمانوں کی اکثریت ہے یہ انہی بزرگوں کی کوشش کا نتیجہ ہے۔ مغلیہ دور میں نازک شاہ بن فتح شاہ نے راجہ رنجن دیو کی وفات پر سلطنت کشمیر پر قبضہ کرلیا۔ وہ مذہباً شیعہ تھا اور شیعیت پھیلانے میں کوشاں رہتا۔ اِس خاندان کے بادشاہوں نے شیعیت کو کشمیر میں کافی فروغ دیا۔ جب حکومت چک خاندان میں منتقل ہوئی تو اس خاندان نے بھی شیعیت کو فروغ دینے کی بے حد کوشش کی اس خاندان کی شہ پر بیشتر سُنّی علماء وصلحاء شہید کر دیئے گئے۔ سنّی رعایا کا عرصہ حیات تنگ کر دیا گیا۔

چک خاندان کے آخری بادشاہ یوسف شاہ بن علی شاہ کے زمانہ میں حضرت ایشاں رحمۃ اللہ علیہ کشمیر میں وارد ہوئے۔ اُس وقت خطۂ کشمیر میں شیعہ سنی فسادات کے باعث بڑا پُرآشوب زمانہ تھا۔ آپ نے خانقاہِ فیض پناہ نقشبندیہ کا اجرا کیا اور تبلیغ دین میں کوشاں ہوئے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو بڑی مقبولیت عطا فرمائی بے شمار افراد آپؒ کے حلقۂ ارادت وعقیدت میں شامل ہوئے اہل بدعت وضلالت کی ایک کثیر تعداد آپ کے دستِ حق پر تائب ہوئی۔ اور اہل سنّت وجماعت میں

شامل ہوئی۔ خانقاہ میں درس وتدریس اور وعظ وہدایت کا سلسلہ شروع کیا۔ دُور دُور سے طالبانِ علم وہدایت خانقاہ میں حاضر ہوکر دینی ودنیوی فیوض وبرکات سے مالا مال ہوکر جاتے۔ حاکمِ کشمیر کو آپ کا فروغ ایک آنکھ نہ بھایا اور آپ کو کشمیر سے نکل جانے کا حکم دیا۔ آپ نے ایک ماہ کی مُہلت مانگی ابھی پندرہ روز ہی گزرے تھے کہ حضرت بابا داؤد خاکی رحمۃ اللہ علیہ کی درخواست پر اکبر بادشاہ نے کشمیر پر قبضہ کر لیا۔ تبلیغی سرگرمیوں کے پیشِ نظر آپ کو مقامی حکام سے اکثر مقابلہ کرنا پڑتا اور اسی سبب مختلف اوقات میں آپ پاک وہند کے دیگر علاقوں میں مصروفِ تبلیغ رہتے۔ یہی مقابلہ آپ کے نقل مکانی کا سبب بنتا رہا۔ آخر کار لاہور میں ہمیشہ کے لیے قیام فرمایا۔ اور یہاں بھی درس وتدریس کا سلسلہ شروع کر دیا۔ نوّے سال تک آپ کا فیضان جاری رہا۔ ایک خلقِ کثیر نے آپ سے علمی اور روحانی فیض حاصل کیا۔

حضرت ایشاں رحمۃ اللہ علیہ اوائل عمر ہی میں اپنے علم وفضل، زہد وتقویٰ، اتباعِ قرآن وسنّت اور رفع بدعت کے باعث مشہور زمانہ ہو گئے۔ دینی نصابِ تعلیم میں قرآن وحدیث کو مقدم قرار دے کر ہر طالب علم کے دل میں یہ بات نقش کر دیتے کہ جو شخص قرآن وحدیث میں اپنی رائے کو دخل دے وہ کفر کا مرتکب ہے۔ وہ علم علم نہیں جو تقویتِ دین کا باعث نہ ہو۔

خاندانِ نقشبندیہ کے اس دور کے بعد خلفاء اور صاحب زادگان کا دور آتا ہے حضرت مجدّد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کے فرزند حضرت خواجہ محمد معصوم رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت خواجہ محمد سعید رحمۃ اللہ علیہ نے تبلیغ کا بیڑا اٹھایا۔ سرہند شریف حضرت مجدّد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کی غیر موجودگی میں صاحبزادگان ہی رُشد وہدایت کا کام جاری رکھے ہوئے تھے۔ حضرت مجدّد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ "جس قدر حقائق ومعارف مجھ پر منکشف ہوتے ہیں میرے بیٹے انہیں اخذ کر لیتے ہیں"

حضرت مجدّد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کے خلیفہ حضرت آدم بنوری رحمۃ اللہ علیہ نے مضافاتِ سرہند میں تبلیغی سلسلہ جاری رکھا۔ آپ جہاں جاتے عقیدت مندوں

(۳)

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

۱۸۷ سنہ قبل عام الفیل — سنہ ۳۳ھ

اصفہان (ایران) ——— مدائن

سنہ ۴۰۴ء — سنہ ۶۵۴ء

مادۂ تاریخ رحلت

"پاکباز"	زُہدِ زاہد
۳۳ھ	۳۳ھ

اور مریدین کی ایک کثیر جماعت آپ کے ساتھ ہوتی۔ ایک دفعہ آپ لاہور تشریف لائے تو ایک عظیم جماعت آپ کے ساتھ تھی۔ بعض مخالفین نے حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے خلاف شاہ جہان کو اُکسایا کہ شیخ کے ساتھ ایک عظیم فوج ہے۔ اگر بغاوت پر آمادہ ہو جائیں تو سلطنت خطرہ میں پڑ سکتی ہے۔ شاہ جہان نے تحقیق کے لیے نواب سعد اللہ خان کو بھیجا۔ آپ نے نواب سعد اللہ خان کو پند و نصائح کے ذریعہ ترکِ دُنیا، ترکِ مال وجاہ اور منصب کی تلقین کی۔ وہ ناراض ہوا اور خدشہ کی تصدیق کر دی۔ بادشاہ نے حضرت شیخ آدم بنوری رحمۃ اللہ علیہ کو وطن جانے کا حکم دیا اور آپ نے رفع فساد کے پیشِ نظر مراجعت فرمائی۔ وہاں سے زیارتِ حرمین شریفین کو روانہ ہوئے اور وہیں وفات پائی۔

حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کے ایک اور مشہور خلیفہ شیخ محمد طاہر بندگی رحمۃ اللہ علیہ ہیں۔ اُنہوں نے لاہور کو اپنا تبلیغی مرکز بنایا۔ لاہور ہی میں ایک مدرسہ جاری کیا جہاں علومِ فقہ و حدیث اور تفسیر کی تعلیم دی جانے لگی۔ آپ عمر بھر وعظ و خطابت اور درس و تدریس کی خدمت سرانجام دیتے رہے۔ آپ کے خلفاء میں ابو محمد نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ، سید صوفی دہلوی رحمۃ اللہ علیہ، شیخ لکھن مست رحمۃ اللہ علیہ اور شیخ ابوالقاسم نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ زیادہ مشہور ہیں جنہوں نے تبلیغ اسلام کے لیے اپنی زندگیاں وقف کر دیں۔

شیخ بدیع الدین رحمۃ اللہ علیہ نے جہانگیر کے لشکر میں ہزارہا لوگوں کو صراطِ مستقیم پر لگایا۔

حضرت شیخ نور محمد پٹنی رحمۃ اللہ علیہ، حضرت شیخ حمید بنگالی رحمۃ اللہ علیہ حضرت شیخ منزل رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت شیخ طاہر بدخشی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے اپنے علاقوں میں تبلیغ اسلام کا پرچم بلند رکھا۔

حضرت ابشاں رحمۃ اللہ علیہ کے صاحبزادگان حضرت خواجہ احمد رحمۃ اللہ علیہ، حضرت خواجہ معین الدین رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت بہاء الدین رحمۃ اللہ علیہ

نے اپنی تبلیغی سرگرمیوں کا دائرہ بڑا وسیع کر لیا۔ اور ہزاروں بندگانِ خدا کو راہ ہدایت دکھائی۔ خواجہ معین الدین رحمۃ اللہ علیہ نے کشمیر میں رُشد و ہدایت کا سلسلہ جاری رکھا اور اپنے والد ماجد کی تعمیر کردہ خانقاہ میں تمام عمر درس و تدریس میں مصروف رہے۔ آپ کے ہم عصر نقشبندی بزرگ حضرت نور محمد کلو کلاشپوری رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت ضیاء الدین رحمۃ اللہ علیہ نے بھی کشمیر میں اپنی تبلیغی کاوشوں سے ہزارہا بندگانِ خدا کو راہِ راست پر لگایا۔

سلسلہ نقشبندیہ کے تیسرے دور میں حضرت عبداللہ سرہندی رحمۃ اللہ علیہ حضرت محمد سعید سرہندی رحمۃ اللہ علیہ، حضرت خواجہ سیف الدین سرہندی رحمۃ اللہ علیہ حضرت خواجہ نور محمد بدایونی رحمۃ اللہ علیہ، حضرت خواجہ محمد اشرف مدنی رحمۃ اللہ علیہ حضرت نور الحق نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ، حضرت محمد محسن رحمۃ اللہ علیہ، حضرت قطب الدین رحمۃ اللہ علیہ، حضرت نظام الدین رحمۃ اللہ علیہ، حضرت نور الدین رحمۃ اللہ علیہ المعروف بہ آفتاب کشمیر۔ ۔ اور حضرت خواجہ کمال الدین رحمۃ اللہ علیہ نے پنجاب، دہلی اور کشمیر کے علاقوں میں تبلیغِ دین میں اپنی سعی و کاوش سے ہزارہا لوگوں کو راہِ ہدایت پر لگایا اور عقائد باطلہ سے توبہ کروائی۔ روایت ہے کہ اسی دور کی تبلیغ سے متاثر ہو کر ضلع لدھیانہ کے جاٹ اور جالندھر کے گوجر مسلمان ہوئے۔

اورنگ زیب عالمگیر کے عہد تک برصغیر پاک و ہند میں تبلیغ کا سلسلہ جاری رہا۔ ان کے بعد صوفیہ اور علماء کی توجہ غیر مسلم اقوام میں تبلیغ کی بجائے مسلمانوں کی اصلاح کی طرف مبذول رہی۔ تاہم انگریزی عہد میں بھی برصغیر پاک و ہند میں غیر مسلم مشرف باسلام ہوتے رہے۔ سلسلہ نقشبندیہ کے

اُس زمانہ کے بزرگوں نے بھی مسلمانوں کے عقائد کی اصلاح کی طرف توجہ رکھی احکامِ خداوندی اور سنتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی ترویج و اشاعت کو مقدم رکھتے اور مسلمانوں کو عقائد باطلہ سے بچانے کی مقدور بھر کوشش کرتے اس دور میں حضرت مرزا مظہر جانجاناں شہید، حضرت حافظ سید محمد جمال اللہ

۳ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

آپ کی کنیّت ابوعبداللہ ہے۔ فارس (ایران) کے شہر اصفہان کے رہنے والے تھے۔ آپ کا والد آتش پرست تھا۔ آپ عالمِ جوانی سے ہی طلبِ حق میں ساعی تھے۔ علمائے یہود و نصاریٰ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور بکمال صبر و استقامت اس راہ میں تکالیف برداشت کیں اور تقریباً دس مرتبہ یکے بعد دیگرے فروخت ہوئے پہلے دین مجوس سے بیزار ہو کر دینِ موسویٰ میں داخل ہوئے۔ پھر دین نصاریٰ اختیار کیا۔ آخری راہب جس کے پاس تھے مرنے لگا تو اُس نے آپ کو بشارت دی کہ مدینہ منورہ نبیِ آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کا زمانہ قریب آگیا ہے، اُن کا دین اختیار کر لینا۔ راہب مذکور کے مرنے کے بعد آپ عازم مدینہ ہوئے۔ راستے میں ایک شخص نے آپ کو غلامی کا الزام دے کر قید کر لیا اور آپ بنو قریظہ کے ایک یہودی عثمان بن سہل کے ہاتھ فروخت ہوئے۔ جب حضور پُر نور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ میں جلوہ افروز ہوئے تو آپ نے ہجرت کے پہلے سال ہی دین اسلام قبول کر لیا۔ اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی نظرِ التفات کے طفیل ۵ھ میں اُس یہودی کی غلامی سے آزاد ہو گئے۔ اور بارگاہِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم میں رہنے لگے۔ آپ کی زبان فارسی تھی۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا لعابِ دہن آپ کے منہ میں ڈالدیا تو آپکی زبان عربی ہو گئی۔

فضائل و مناقب

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ سابقین چار ہیں۔ بعض اِن میں میانہ رو ہیں اور بعض ان میں سے سبقت

رام پوری، حضرت خواجہ محمد علی گنڈا پوری، حضرت شاہ غلام علی دہلوی، حضرت حاجی احمد سندھی، حضرت شاہ حسین مکان شریفی، حضرت امام علی شاہ مکان شریفی، حضرت شاہ ابوسعید دہلوی، حضرت شاہ احمد سعید دہلوی، مولوی احمد یار بخاری امرتسری حضرت بابا فیض محمد تیراہی، حضرت باباجی نور محمد چوراہی، حضرت باباجی خواجہ فقیر محمد چوراہی، حضرت خواجہ غلام مرتضیٰ بیریلوی، حضرت خواجہ غلام محی الدین قصوری دائم الحضوری حضرت مولانا خواجہ غلام دستگیر قصوری، حضرت مفتی اعظم شاہ محمد مسعود دہلوی، شاہ رکن الدین الوری، حضرت خواجہ محمد حسن جان سرہندی ٹنڈو سائیں داد (سندھ) رحمۃ اللہ علیہم، صوبہ سندھ، صوبہ پنجاب، ریاست رام پور اور دہلی میں رشد و ہدایت میں مصروف رہے اور ہزاروں بندگانِ خدا کو احکامِ حق تعالیٰ اور سُنت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے مطابق گزارنے کا طریقہ بتاتے رہے۔ ان بزرگوں نے اپنی زندگی کا واحد مقصد دینِ اسلام کی تبلیغ و اشاعت سمجھا اور اسی لیے زندگی بھر مصروفِ عمل رہے۔

حضرت سائیں توکل شاہ انبالوی، حضرت امیر ملت حافظ پیر سید جماعت علی شاہ محدث علی پوری حضرت پیر سید جماعت علی شاہ ثانی علی پوری، حضرت شاہ ابوالخیر دہلوی، حضرت سید میر جان کابلی ثم لاہوری اور حضرت شیر ربانی میاں شیر محمد شرقپوری رحمۃ اللہ علیہم سلسلہ نقشبندیہ کے روشن چراغ ہیں۔

حضرت سائیں توکل شاہ انبالوی رحمۃ اللہ علیہ ایک کامل ولی تھے۔ آپ کی ذاتِ بابرکات حضرت رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم میں فانی ہو چکی تھی یعنی آپ فنا فی الرسول۔ صلی اللہ علیہ وسلم) تھے۔ آپ کے تمام اقوال، افعال، اطوار، حرکات و سکنات، نشست و برخاست، کھانا، پینا، چلنا، پھرنا سب کے سب سنّت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے عین مطابق تھے۔

آپ کا درجہ اتباعِ سنت کثرتِ درود خوانی اور پرورش رُوحِ مبارک از رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وجہ سے اس حد تک بڑھ گیا تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حضوری آپ کو بالمشافہ ہوتی تھی۔ بلکہ بیان تک فرمایا کرتے تھے۔ کہ

اللہ تعالیٰ کے ایسے بندے بھی ہیں جو آنکھ بند کرنے میں مدینہ منورہ پہنچ جاتے ہیں اور آنکھ کھولنے میں پھر یہاں آموجود ہوتے ہیں۔ اس فقرہ میں آپ کا اشارہ اپنی ذاتِ بابرکات کی طرف ہوتا تھا۔

حضرت شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ باوجود صاحبِ اجازت ہونے کے شروع میں بیعت نہ فرماتے تھے۔ جو کوئی بیعت کے لیے عرض کرتا اپنے دادا پیر حضرت حاجی محمود رحمۃ اللہ سے بیعت کرا دیتے یا اپنے پیر بھائی حضرت خلیفہ عالم شاہ رحمۃ اللہ علیہ سے بیعت کرا دیتے پھر رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی روح مبارک کے حکم پر لوگوں کو بیعت کرنے لگے۔ آپ کے عقیدتمند تمام پاک و ہند میں موجود ہیں۔ ہزارہا لوگ آپ کے آستانہ عالیہ پر حاضر ہو کر فیض یاب ہوتے ہیں۔

حضرت سید میر جان کابلی رحمۃ اللہ علیہ کابل کے رہنے والے تھے۔ ابتدائی تعلیم کابل میں پائی ——— علم سے فارغ ہوئے تو ہدایتِ خلق اور تبلیغ دین اسلام میں مصروف ہو گئے۔ ممالکِ اسلامیہ کی سیر و سیاحت کے دوران میں اشاعتِ دین کی گراں بہا خدمات سرانجام دیں۔ لاہور تشریف لائے تو حضرت مولنا سید احمد یار بخاری اُوچی ثم امرتسری کے حلقۂ ارادت میں داخل ہوئے۔ اُن کی خدمت میں رہ کر کمال حاصل کیا۔ اور خرقۂ خلافت اور ارشادِ ہدایت سے سرفراز ہوئے۔ اکثر افراد آپ کے ہاتھ پر مشرف باسلام ہوئے۔ طالبانِ علم و ہدایت کا اجتماعِ کثیر آپ کے ہاں موجود رہتا۔ آپ علومِ قرآن و حدیث کی ترویج، اشاعتِ دین اسلام، احکامِ شریعت کے اتباع میں کوشاں رہتے۔ لاہور کے علاوہ کشمیر میں بھی تبلیغِ دین اور درس تدریس کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے تھے۔ وہاں بھی عقیدت مندوں کی ایک بڑی تعداد آپ کے گرد رہتی اور فیض حاصل کرتی۔

آپ حضرت ایشاں رحمۃ اللہ علیہ کے اویسی تھے۔ آپ کے چھوٹے بھائی سید محمود آغا رحمۃ اللہ علیہ بھی حضرت ایشان رحمۃ اللہ علیہ سے والہانہ عقیدت رکھتے تھے۔ اور دونوں بھائی حضرت ایشاں رحمۃ اللہ علیہ کے قرب میں محوِ خواب

ابدی ہیں۔

حضرت امیر ملت پیر سید حافظ جماعت علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ علی پور سیداں شریف ضلع سیال کوٹ کے رہنے والے تھے۔ علوم ظاہری اپنے وقت کے نامور علماء سے حاصل کیئے۔ اساتذہ کرام میں مولنا غلام قادر بھیروی، مولینا مفتی محمد عبداللہ ٹونکی مولنا محمد مظہر سہارنپوری، مولنا احمد حسن کانپوری قاری عبدالرحمٰن پانی پتی اور مولانا فیض الحسن سہارنپوری رحمۃ اللہ علیہم قابلِ ذکر ہیں۔ دورانِ حصول تعلیم حضرت مولنا شاہ فضلِ رحمٰن نقشبندی مجددی گنج مرادآبادی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہو کر استفادہ کیا۔ بعد تکمیل تعلیم حضرت باباجی فقیر محمد چوراہی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور خرقۂ خلافت حاصل کیا۔

حضرت حافظ صاحب رحمۃ اللہ علیہ تبلیغِ اسلام کے لیے پاک و ہند کے دُور دراز علاقوں میں تشریف لیگئے۔ آپ کے دستِ فیض پر چار لاکھ سے زائد افراد نے بیعت کی۔ آپ نے کئی غیر مسلم افراد کو مشرف بالاسلام کیا۔ آپ نے فتنۂ مرزائیت کے خلاف جہاد کیا۔ اور مرزا کو بحث و مباحثہ کے لیے للکارا مگر مرزا حیلوں بہانوں سے ٹالتا رہا۔ آخر ایک رات فرمایا ہم تب تک لاہور میں ٹھہریں گے جب تک مرزا کا میدان صاف نہ ہوگا۔ چنانچہ اگلے ہی دن صبح مرزا چل بسا۔ [1]

حضرت حافظ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے ہم عصر، ہم وطن اور پیر بھائی حضرت پیر سید جماعت علی شاہ المعروف بہ ثانی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے خرقۂ خلافت حضرت بابا فقیر محمد صاحب چوراہی رحمۃ اللہ علیہ سے حاصل کرنے کے بعد تبلیغ اسلام کا بیڑا اٹھایا۔ آپ نے شہروں کے بجائے دیہاتوں کو اپنی توجہ کا

---

[1] حضرت امیر ملت رحمۃ اللہ علیہ کی رحلت کے بعد آپ کے صاحبزادگان سید محمد حسین، سید نور حسین اور پوتے سید اختر حسین رحمۃ اللہ علیہم نے بھی تبلیغ دین کے لیے سرگرم کام کیا۔ (قصوری)

لے جانے والے ہیں یہ سبقت محض نیکیوں کی وجہ سے ہوتی ہے۔اور یہ چار شخص ہیں جن میں سے ایک خود میں ہوں، جو تمام عربوں سے پہلے نیکی کے میدان میں اُترا۔ دوسرے سلمان فارسی ہیں جو تمام فارس والوں سے سبقت لے گئے۔ تیسرے صہیب رومی سابقِ رُوم ہیں۔اور چوتھے بلال حبشی، سابقِ حبش ہیں۔

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ غزوۂ خندق اور بعد کے غزوات میں شامل ہوئے۔غزوۂ احزاب میں جب خندق کھودنے لگے تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے خندق مسلمانوں میں تقسیم فرمادی۔حضرت سلمان کے بارے میں مہاجرین و انصار میں اختلاف پیدا ہو گیا۔ہر ایک فریق کا دعویٰ تھا کہ سلمان ہم سے ہیں۔اُس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ سلمان من اھل البیت

(سلمان اہلِ بیت میں سے ہیں) آپ اشراف صحابہ کرام اور اصحابِ صفہ میں سے ہیں آپ اُن تین صحابہ کرام رضؓ میں سے ہیں جن کا بہشت بہت مشتاق ہے۔اور آپ اُن چار صحابیوں میں سے ہیں جن کو خدا دوست رکھتا ہے اور اپنے حبیب پاک صاحبِ لولاک صلی اللہ علیہ وسلم کو اُن کی دوستی کا ارشاد فرماتا ہے۔آپ اُن چار بزرگ میں سے ہیں جن کی نسبت حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی وفات کے وقت وصیت کی تھی کہ علم کو اُن کے پاس تلاش کرنا۔

زُہد و ایثار

حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے عہد سعید میں آپ کو مدائن کی گورنری کے عہدہ جلیلہ پر فائز کر کے پانچ ہزار روپیہ سالانہ وظیفہ مقرر کر دیا تھا۔جب آپ کو وظیفہ ملتا تو اُسے فقراء اور محتاجوں میں تقسیم کر دیتے اور خود زنبیل باقی سے گزارہ کرتے۔آپ کا کوئی گھر نہ تھا۔ دیواروں اور درختوں کے پتوں کے سایہ میں رہا کرتے تھے۔ایک شخص نے عرض کیا کہ میں آپ کی رہائش کے لیے گھر بنا دیتا ہوں آپ نے فرمایا کہ مجھے گھر کی ضرورت نہیں ہے اُس نے باصرار کہا کہ جس قسم کا گھر آپ کی طبیعت کے موافق ہے وہ مجھے معلوم ہے فرمایا، بیان کر۔ اُس نے عرض کیا کہ میں آپ کے لیے ایسا گھر بنا دیتا ہوں کہ جب

اُس میں کھڑے ہوں تو سر مبارک اُس کی چھت سے لگے اور جب پاؤں پھیلائیں تو
وں کی انگلیاں دیوار سے جا لگیں۔ فرمایا کہ درست ہے چنانچہ اُس نے ایسا ہی گھر تیار
دیا۔

بعض ناواقف لوگ آپ کی ظاہری حالت دیکھ کر آپ کو مزدور سمجھتے۔ ایّامِ
رزری میں ایک دفعہ ایک شخص نے آپ کو مزدور سمجھ کر اپنا سامان اٹھوایا۔ راستے
یں ایک شخص نے پوچھا۔ اے امیر! آپ نے یہ بوجھ کیوں اٹھایا ہے۔ تب اُس
خص نے بہت معذرت کی کہ مجھے معلوم نہ تھا اور اصرار کیا کہ سامان یہیں چھوڑ دیں۔
لیکن آپ حسبِ وعدہ بوجھ اس کے مکان پر پہنچا کر ہی واپس لوٹے۔ آپ کے پاس
ایک دھاری دار کملی تھی جس کا کچھ حصّہ اوڑھ لیتے اور کچھ نیچے بچھا لیتے۔ گورنری جیسے
عہدہ جلیلہ پر فائز ہونے پر بھی یہی کملی آپ کے پاس رہتی تھی۔

روایت ہے کہ ایک شخص نے آپ کو گالیاں دیں۔ آپ نے کہا کہ اگر قیامت
کے دن میرے گناہوں کا پلّہ بھاری ہو گیا تو تو جو کچھ کہتا ہے میں اُس سے بھی بدتر ہوں
اگر گناہوں کا پلّہ ہلکا ہو گیا تو جو کچھ تو کہتا ہے مجھ اس سے کوئی ڈر اور خطرہ نہیں ہے۔

آپ نے حضرت ابوداؤد کو ایک خط لکھا کہ اے برادر! دُنیا اتنی جمع نہ کر کہ
شکر ادا نہ کر سکے۔ میں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا ہے کہ آپ صلی اللہ
علیہ وسلم ارشاد فرماتے تھے کہ جس مالدار نے اپنا مال اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق خرچ کیا
تو وہ مال قیامت کے دن دربارِ خداوندی میں حاضر کیا جائے گا۔ مالدار بھی سامنے
ہو وہ مالدار جب پُلصراط پر اِدھر اُدھر جھکنے لگے گا تو اُس کا مال کہے گا تجھ سے چلا کیوں
جاتا جب تُو نے مجھ سے اللہ تعالیٰ کا حق ادا کر چکا ہے تو پھر ڈرتا کیوں ہے۔ اس کے
ایسا مالدار حاضر کیا جائے گا کہ جس نے اپنا مال حکمِ خداوندی کے خلاف خرچ کیا
اُس کا مال اُس کے شانوں پر رکھ دیا جائے گا۔ جب پُلصراط میں جھکنے لگے گا تو
مال کہے گا، خرابی ہو تجھ کو کہ تُو نے مجھ سے خدا کا حق کیوں ادا نہ کیا۔ اُس کا حال
ہو رہے گا اور وُہ دُھائی مچائے گا لیکن کوئی فائدہ نہ ہو گا۔

وفات جب آپ کا آخری وقت قریب آیا تو بہت بے قرار ہو کر زار و قطار رونے لگے۔ عیادت کو آنے والے لوگوں نے دریافت کیا کہ آپ کیوں روتے ہیں؟ فرمانے لگے کہ مجھے نہ خوفِ موت ہے اور نہ دنیا کی خواہش مجھ سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عہد لیا تھا کہ اگر تُو مجھ سے قیامت میں ملنا چاہتا ہے تو دُنیا جمع نہ کرنا اور دُنیا سے اس طرح جانا جس طرح میں جاتا ہوں۔ لیکن میرے پاس تو سامانِ دُنیا جمع ہو گیا ہے بدیں وجہ ڈر لگتا ہے کہ کہیں حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے جمالِ مبارک سے محروم نہ رہ جاؤں۔ آپ کے پاس سامان کیا تھا۔ ایک لوٹا[۱]، پالان[۲]، پوستین[۳] اور کملی۔

جب آپ کی دارالفنا سے دارالبقا کی طرف تیاری ہوئی تو اپنی رفیقۂ حیات سے فرمایا کہ جو کستوری تمہارے پاس ہے، اُسے پانی میں گھول کر میرے سر کے گرد چھڑک دو کیونکہ ایک قوم آنے والی ہے جو نہ انسان ہیں اور نہ جن۔ آپ کی زوجہ محترمہ کا بیان ہے کہ آپ کا ارشاد بجا لائی اور گھر سے باہر نکلی۔ آواز آئی السلام علیک یا ولی اللہ۔ السلام علیک یا صاحب رسول اللہ۔ میں جب اندر آئی تو کیا دیکھتی ہوں کہ آپ خالق حقیقی کے پاس پہنچ چکے ہیں اور ایسے لیٹے ہوئے ہیں کہ گویا سو رہے ہیں۔ آپ کی رحلت ارتحائی ۷۵ سال کی عمر مبارک میں ۱۰ رجب ۳۳ھ کو شہر مدائن میں واقع ہوئی۔ اور وہیں مزار مقدس بنا۔ فیضِ باطنی آپ کو حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ملا۔

ارشاداتِ قدسیہ

(۱) جب آپ اپنی خادمہ کو کسی کام کے لیے بھیجتے تو اس کی عدم موجودگی میں آٹا خود گوندھ لیتے۔ فرماتے کہ ہم اُس سے دو کام نہیں لے سکتے۔

(۲) آپ زنبیل بافی (بوریا بافی) کا شغل رکھتے تھے۔ فرمایا کرتے تھے کہ میں ایک درہم کے کھجور کے پتے خریدتا ہوں اور اُس سے زنبیل یا بوریا تیار کر کے تین درہموں پر بیچ دیتا ہوں۔ اُن میں سے ایک درہم کھجور کے پتے خریدنے

کے لیے رکھ لیتا ہوں۔ایک درہم اپنے بال بچوں پر خرچ کرتا ہوں اور ایک درہم خیرات کر دیتا ہوں۔

(۱) جب آپ گورنری کے منصب پر فائز تھے تو ایک جماعت آپ کی خدمت میں حاضر ہوئی۔اُس وقت آپ زنبیل بانی کر رہے تھے۔انہوں نے عرض کیا کہ آپ یہ کام کیوں کر رہے ہیں جب کہ گورنر کی حیثیت سے آپ کا وظیفہ مقرر ہے۔آپ نے ارشاد کیا کہ میں اپنے ہاتھ کی کمائی کھانا پسند کرتا ہوں۔

(۴) دُنیا میں مومن کا حال اُس بیمار کی مانند ہے جس کے ساتھ اس کا طبیب بیٹھا ہوا ہو۔ اور وہ اُس کی بیماری اور علاج کو جانتا ہو۔جب مریض کسی مضر اور ممنوع چیز کو چاہتا ہے تو وہ اُسے منع کر دیتا ہے اور کہہ دیتا ہے کہ اگر تم اِسے کھاؤ گے۔ تو ہلاک ہو جاؤ گے۔بعینہٖ مومن بہت سی چیزوں کو چاہتا ہے پس اللہ تعالیٰ اس کو اُن سے روک دیتا ہے یہاں تک کہ وہ مر جاتا ہے اور بہشت میں داخل ہو جاتا ہے۔

(۵) تعجب ہے طالبِ دنیا پر جس کو موت طلب کر رہی ہے اور تعجب ہے اُس غافل پر جس کو فراموش نہیں کیا گیا اور تعجب ہے اُس ہنسنے والے پر جو نہیں جانتا کہ اُس کا پروردگار اُس سے راضی ہے یا ناخوش۔

(۶) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے عہد لیا تھا کہ تمہارا روزینہ مثل توشۂ سوار کے ہو۔

(۷) سعید بن مسیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہا، پیارے بھائی! ہم میں سے جو پہلے وفات پائے وہ دوسرے کو خواب میں دکھائی دے۔ حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا، کیا ایسا ہو سکتا ہے؟ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ہاں۔مومن بندے کی روح آزاد ہوتی ہے، زمین میں جہاں چاہتی ہے چلی جاتی ہے اور کافر کی رُوح قید خانے

ہیں ہوتی ہے۔ پس حضرت سلمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے وفات پائی۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ ایک روز میں دوپہر کے وقت اپنی چارپائی پر قیلولہ کر رہا تھا۔ آنکھ جو لگی تو کیا دیکھتا ہوں کہ حضرت سلمان فارسی آئے ہیں۔ اُنہوں نے کہا۔ السلام علیکم و رحمۃ اللہ میں نے جواب دیا وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ اے ابوعبداللہ! تُو نے اپنا مقام کیسا پایا؟ حضرت سلمان فارسی نے کہا خُوب ہے۔ پھر تین بار فرمایا، تُو توکل اختیار کر کیونکہ توکل اچھا ہے۔

(۸) تو بازار میں سب سے پہلے داخل نہ ہو اور نہ سب سے پیچھے نکل کیونکہ وہ معرکۂ شیطان ہے اور وہاں اُس کا جھنڈا کھڑا ہوتا ہے۔

(۹) آپ نے حضرت ابوالدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہا کہ تیرے نفس کا تجھ پر حق ہے اور تیرے رب کا تجھ پر حق ہے اور تیرے مہمان کا تجھ پر حق ہے اور تیرے اہل وعیال کا تجھ پر حق ہے۔ پس ہر ایک حق دار کو اُس کا حق ادا کر۔ پھر دونوں حضرات حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اُن کی بارگاہِ بیکس میں مندرجہ بالا باتوں کا ذکر کیا۔ حضور پرنُور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سلمان (فارسی) نے سچ کہا ہے۔

(۱۰) آپ سے کسی نے دریافت کیا کہ آپ کا نسب کیا ہے۔ فرمایا "اسلام"۔ پُوچھا کہ آپ کے باپ کا کیا نام ہے، فرمایا "اسلام"، فرمایا کرتے تھے کہ جب ہمارا دین "اسلام" ہے تو ہمارا سب کچھ "اسلام" ہے۔ ہمارا دین ہمیں ماں باپ بہن بھائی سے بھی عزیز تر ہے۔

(۴)

حضرت قاسم بن محمّد بن ابوبکر رضی اللہ تعالےٰ عنہم

مادۂ تاریخ وفات

"حق"
۱۰۸ھ

"زاہد اکمل"
۱۰۸ھ

۴ حضرت قاسم بن محمد بن ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہم

خلیفہ دوم حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہد مبارک میں شاہِ فارس یزدجرد کی تین بیٹیاں مال غنیمت میں آئی۔ جن میں سے شہر بانو حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عقد میں آئی۔ جن سے حضرت امام زین العابدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ پیدا ہوئے دوسری حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زوجیت میں آئیں جن سے حضرت سالم رضؓ متولد ہوئے۔ اور تیسری حضرت محمد بن ابوبکر صدیق کے نکاح میں آئیں جن سے حضرت قاسم رضؓ نے جنم لیا۔ اس طرح حضرت زین العابدین، حضرت سالم اور حضرت قاسم تینوں خالہ زاد بھائی ہیں۔ حضرت قاسم کی ولادت ۲۳/شعبان ۲۴ھ/۲۴/جون ۶۴۵ء کو ہوئی۔

حضرت قاسم چھوٹی عمر میں ہی داغِ یتیمی لے کر اپنی پھوپھی حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی آغوشِ شفقت میں آگئے۔ آپ نے علمِ باطن کا اکتساب حضرت سلمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کیا اور یوں اپنے جدِ امجد حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی باطنی نعمت اُن کے وسیلہ سے حاصل کی۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی پرورش اور حضرت امام زین العابدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی محبت نے سونے پر سہاگے کا کام کیا نتیجتاً آپ تابعین کبار اور فقہائے سبعہ میں سے ہیں۔ اپنے وقت کی بے نظیر ہستی اور امامِ اہل زمانہ تھے۔ فقیہ بے مثل، عالمِ بے بدل اور کثیر الحدیث تھے۔ یحییٰ بن سعید انصاری فرماتے ہیں کہ ہم نے مدینہ منورہ میں کسی شخص کو بھی ایسا نہیں پایا جسے حضرت قاسم پر فضیلت دے سکیں۔ ایوب سختیانی کا بیان ہے کہ میں نے کسی کو بھی حضرت قاسم سے افضل نہیں دیکھا۔ امام بخاری کا قول ہے آپ اپنے زمانہ میں سب سے افضل تھے۔ ابوالزناد کا قول ہے کہ میں نے اُن سے بڑھ کر کسی کو سنت کا عالمِ باعمل نہیں

پایا اور نہ کسی فقہ کو آپ سے زیادہ اَعلم دیکھا۔ حضرت عمر بن عبد العزیزؒ فرماتے ہیں کہ اگر خلافت میرے اختیار میں ہوتا تو میں حضرت قاسم کے سپرد کر دیتا۔ ابن اسحاقِ کا بیان ہے کہ میں نے حضرت قاسم کو نماز پڑھتے دیکھا۔ ایک اعرابی آیا۔ اُس نے آپ سے پوچھا کہ آپ اور سالم میں کون زیادہ عالم ہے۔ آپ نے ارشاد فرمایا! سبحان اللہ! اعرابی (صحرانشین) پھر وہی سوال کیا۔ آپ نے فرمایا، سالم وہ ہیں اُن سے پوچھ لے۔ ابن اسحاق نے اس کی توجیہ یہ کی ہے کہ حضرت قاسم نے اپنے آپ کو اَعلم (زیادہ علم والا) کہنا پسند نہ کیا کیونکہ یہ تزکیۂ نفس ہے۔ اور یہ بھی نہ کہا کہ سالم، اَعلم ہیں کیونکہ یہ جھوٹ ہے

جب آپ کی رحلت کا وقت قریب آیا تو آپ نے وصیت فرمائی کہ مجھے اُن کپڑوں میں کفنانا جن میں نماز پڑھا کرتا تھا یعنی قمیص، تہبند اور چادر۔ آپ کے صاحبزادے نے عرض کیا، ابا جان! کیا ہم دو کپڑے اور زیادہ کر دیں؟ ارشاد فرمایا، جانِ پدر! حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا کفن بھی تین کپڑوں پر مشتمل تھا۔ مُردے کی نسبت زندہ کو نئے کپڑوں کی زیادہ ضرورت ہوتی ہے۔

آپ کی رحلت مکہ و مدینہ کے درمیان قدید میں ہوئی۔ اور وہاں سے تین میل دُور "مشلل" میں آخری آرام گاہ بنی۔ جدید تحقیق کے مطابق آپ نے ۸۱ سال کی عمر میں ۲۴ جمادی الثانی ۱۰۸ھ سنہ ۷۲۶ء کو رحلت فرمائی۔



جنت البقیع شریف کا طائرانہ منظر حضرت عثمانِ غنیؓ کا روضہ مبارک نمایاں ہے (اب سعودی حکومت نے یہ تمام مزارات مسمار کر دیئے ہیں)

تصویر از "مراۃ الحرمین" جزاوّل بشکریہ دربارِ عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر

جنت البقیع شریف کی موجودہ تصویر



جنت البقیع شریف کا قریبی منظر بڑا روضۂ مبارک حضرت عثمان غنیؓ اور دوسرا چھوٹا روضہ مبارک
امہات المومنینؓ کے اور دونوں کے دائیں جانب اور حضرت عثمانؓ کے روضہ شریف کے
سامنے حضرت حسن بن علیؓ کا روضہ شریف جس میں حضرت امام جعفر صادقؓ کا مزار شریف
بھی واقع ہے۔ تصویر از "الرحلۃ الحجازی" بشکریہ دربارِ عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر

۵

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ

سنہ ۸۰ھ	سنہ ۱۴۹ھ
۶۹۹ء	۷۶۶ء
مدینہ منوّرہ	مدینہ منوّرہ

مادۂ تاریخِ وفات

"حق طلب" "ماہِ بایمان"

۱۴۹ھ ۱۴۹ھ

"ماہِ مبینا"

۱۴۹ھ

۵ حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ

آپ حضرت امام زین العابدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پوتے اور حضرت امام محمد باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے صاحبزادے ہیں۔ آپ کی والدہ حضرت اُمِّ فردہ، حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پوتے حضرت قاسم رضؓ کی صاحبزادی ہیں۔ اور اُمِّ فروہؓ کی ماں حضرت اسماءؓ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے صاحبزادے حضرت عبدالرحمٰن رضؓ کی بیٹی ہیں۔ بدیں وجہ آپ ارشاد فرمایا کرتے تھے۔ ولدنی ابو بکرؓ مرتین یعنی میں ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے دو مرتبہ پیدا ہوں۔ اوّل ولادتِ ظاہری کہ میری والدہ کے باپ حضرت قاسم بن محمد بن ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں اور دوم ولادتِ باطنی کہ علم باطن بھی میں نے حضرت قاسم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پایا ہے۔

آپ کی ولادت باسعادت ۱۳/ ربیع الاوّل ۸۰ھ کو مدینہ منورہ میں ہوئی۔ صدقِ مقال کے سبب سے آپ کو "صادق" کہتے ہیں۔ آپ کی سیادت و امامت پر سب کا اتفاق ہے۔ عمرو بن ابی المقدام کا قول ہے کہ میں جس وقت حضرت امام جعفر کو دیکھتا ہوں تو معلوم ہو جاتا ہے کہ آپ خاندان نبوت سے ہیں۔ آپ کا نسب یوں ہے امام جعفر صادق بن امام محمد باقر بن امام زین العابدین بن سید الشہداء امام حسین بن حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔

علم آپ لطائف تفسیر اور اسرارِ تنزیل میں بے نظیر تھے۔ علامہ ذہبی نے آپ کو حفاظِ حدیث میں شمار کیا ہے۔ بانیٔ فقہ امام آلائمہ سراج الامت حضرت امام ابوحنیفہ، امام مالک، شعبہ، ہر دو سفیان (سفیان ثوری اور سفیان عیینہ)

حاتم بن اسماعیل، یحییٰ قطان، ابو عاصم نبیل (رحمۃ اللہ علیہم) نے آپ سے حدیثیں روایت کی ہیں۔ حضرت امام ابو حنیفہ رح فرماتے ہیں کہ میں نے اہل بیت میں امام جعفر بن محمد سے بڑھ کر کسی کو فقیہ نہیں دیکھا۔ الغرض آپ تمام علوم و اشارات میں کامل اور مشائخ کے پیشرو اور مقتدائے مطلق تھے۔ آپ اخلاقِ حسنہ اور تفسیر قرآن بلکہ جملہ علوم میں عدیم النظیر تھے آپ مدینہ منورہ میں لوگوں کی ظاہری و باطنی تشنگی دور فرماتے تھے بعد ازاں عراق تشریف لے جا کر ایک عرصہ تک خلقِ خدا کو مستفید و مستفیض فرمایا۔

زہد و سخاوت

ایک روز حضرت سفیان ثوری آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے اُس وقت آپ خز (ایک قسم کا ریشمی کپڑا) کا جُبہ اور کمبل اوڑھے ہوئے تھے۔ یہ منظر دیکھ کر حضرت سفیان یُوں گویا ہوئے، اے فرزند رسولؐ! آپ کے اباؤ اجداد تو ایسا لباس نہیں پہنتے تھے۔ آپ نے ارشاد فرمایا کہ وہ تنگ دستی کے زمانہ میں تھے۔ اب امارت کا زمانہ ہے۔ یہ ارشاد فرما کر آپ نے خز کا جبہ اُٹھا کر اُس کے نیچے پشم کا کھردرا جبہ دکھایا، اور فرمایا، اے سفیان ثوری! یہ ہم نے اللہ کی رضا جوئی کے لیے پہنا ہے اور وہ تمہارے واسطے۔ جو اللہ کے لیے ہے اُسے ہم نے پوشیدہ رکھا ہے اور جو تمہارے لیے ہے اُسے ہم نے ظاہر رکھا ہے۔

آپ کی سخاوت کا یہ حال تھا کہ بقول ہیاج بن بسطام، اوروں کو یہاں تک کھلاتے کہ اپنے بال بچوں کے لیے کچھ باقی نہ رہتا۔ ایک شخص کی اشرفیوں کی تھیلی گم ہو گئی تو عدم واقفیت اور لاعلمی کے سبب اُس نے حضرت امام جعفر صادق سے کہا کہ میری تھیلی آپ کے پاس ہے۔ آپ نے اُس سے پوچھا کہ اُس تھیلی میں کتنے دینار تھے اس نے بتایا کہ ایک ہزار۔ آپ نے اُسے گھر لے جا کر ایک ہزار دینار دے دیئے۔ جب وہ شخص اپنے گھر واپس گیا تو اُسے گمشدہ تھیلی مل گئی۔ وہ حضرت امام صاحب کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ میری تھیلی مجھے مل گئی ہے۔ آپ اپنے دینار واپس لے لیجئے، حضرت امام نے فرمایا کہ تم لے جاؤ، ہم جو کچھ دیتے ہیں پھر واپس نہیں لیتے۔ اُس شخص نے لوگوں سے دریافت کیا کہ یہ کون ہیں۔ کسی نے کہا یہ امام جعفر صادق ہیں

وہ شرمندہ ہوکر چلا گیا۔

خوف وخشیت

روایت ہے کہ ایک مرتبہ حضرت داؤد طائی رح آپ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور عرض کیا، اے فرزند رسولؐ! مجھے کچھ نصیحت فرمایئے کہ میرا دل سیاہ ہو گیا ہے۔ آپ نے ارشاد کیا کہ بھلا تم کو میری نصیحت کی کیا حاجت ہے تم خود زاہد زمانہ ہو۔ اُنہوں نے عرض کیا کہ آپ کی فضیلت سب پر ثابت اور عیاں ہے بدیں وجہ آپ پر واجب ہے کہ سب کو پند و نصیحت سے نوازیں۔ فرمایا، یا ابا سلیمان! مجھے تو خود اندیشہ ہے کہ کہیں قیامت کے دن میرے جدِ بزرگوار میرا دامن نہ پکڑیں اور یوں فرما دیں کہ میرا حقِ متابعت کیوں نہ ادا کیا کیونکہ یہ کام نسب کی شرافت پر موقوف نہیں بلکہ بارگاہِ ربّ العزت میں عمل کی پسندیدگی پر منحصر ہے۔ یہ سُن کر حضرت داؤد طائی خوب روئے۔ اور بارگاہِ خداوندی میں عرض کی کہ اے میرے پروردگار! جس شخص کی شرست نبوت کے آب و گل سے ہے اور جس کی طبیعت کی ترکیب آثارِ رسالت سے ہوئی ہے اور جس کے جدِ بزرگوار رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہوں اور والدہ ماجد حضرت سیدہ طیبہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا ہو، اُس کا یہ حال ہے تو داؤد بیچارہ کس شمار و قطار میں ہے۔

ایک روز آپ اپنے خادموں کے جھرمٹ میں جلوہ افروز تھے کہ فرمایا! "آؤ سب آپس میں بیعت و اقرار کریں کہ ہم میں سے جس کو بھی نجات نصیب ہو وہ دوسروں کی شفاعت کرے گا" سب خادموں نے عرض کیا کہ اے فرزندِ رسولؐ! آپ کو ہماری شفاعت کی کیا ضرورت اور حاجت ہے جبکہ آپ کے جدِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم جیسے خلائق ہیں۔ فرمایا کہ "مجھے اپنے اعمال سے شرم آتی ہے کہ ان کو لیکر اُن کے سامنے جاؤں" حکیم الامت حضرت اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے اس حقیقت کو کس خوبصورتی سے بیان فرمایا ہے۔ ؎

تُو غنی از ہر دو عالم من فقیر
روزِ محشر عذر ہائے من پذیر

ور تو بینی، حسایم را ناگزیر
از نگاہِ مصطفےٰ[۱] پنہاں بگیر

ایک مرتبہ حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ نے عرض کیا کہ مجھے کچھ نصیحت فرمایئے، فرمایا! اے سفیان! جھوٹ بولنے والے کو مروت نہیں ہوتی اور حاسد[۲] کو راحت نہیں ہوتی۔ بدخلق[۳] کو سرداری نہیں ہوتی اور مملوک[۴] کو اخوت نہیں ہوتی۔ عرض کیا کہ کچھ اور فرمایئے فرمایا، اے سفیان! اپنے آپ[۵] کو اللہ تعالےٰ کے محارم (حرام، ممنوع کام) سے بچانا تاکہ عابد ہو اور جو کچھ قسمت میں ہو[۶] گیا اُس پر راضی رہنا کہ مسلمان ہو، فاجر سے صحبت[۷] مت رکھ کر تجھ پر فجور غالب ہو جائے گا۔ اپنے معاملہ[۸] میں ایسے لوگوں سے مشورہ کر کہ جو اطاعتِ خداوندی خوب بجالاتے ہوں۔ عرض کیا کہ کچھ اور فرمایئے۔ فرمایا، اے سفیان! جو شخص چاہے کہ اُس کی عزت بلا ذات وقبیلہ ہو اور ہیبت بلا حکومت ہو اُس سے کہو کہ گناہ چھوڑ دے۔ اور اطاعتِ خداوندی اختیار کرے۔ عرض کیا کہ کچھ اور فرمایئے، فرمایا، اے سفیان! جو شخص[۱۰] ہر آدمی کے ساتھ صحبت رکھتا ہے وہ سلامت نہیں رہتا۔ جو کوئی[۱۱] بُرے راستہ پر چلتا ہے وہ اتہام سے محفوظ نہیں رہتا۔ اور جو شخص[۱۲] اپنی زبان کو قابو میں نہیں رکھتا وہ پشیماں ہوتا ہے۔ مزید فرمایا کہ جو کوئی[۱۳] اللہ تعالیٰ سے اُنس رکھتا ہے اُسے خلق سے وحشت ہو جاتی ہے۔ بہت سے ایسے[۱۴] گناہ ہیں کہ جن کی وجہ سے بندہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک ہو جاتا ہے اور بہت سی ایسی عبادتیں ہیں کہ جن کی وجہ سے بندہ اللہ تعالیٰ سے دُور ہو جاتا ہے کیونکہ مغرور مطیع گنہگار ہوتا ہے اور نادم گنہگار مطیع ہوتا ہے۔

ایک دن حضرت امام جعفر صادق نے حضرت امام ابو حنیفہ سے دریافت فرمایا کہ عقلمند کس کو کہتے ہیں۔ امام ابو حنیفہ نے کہا کہ جو خیر و شر میں تمیز کرے۔ اُنہوں نے فرمایا کہ یہ تمیز تو بہائم (جانوروں) میں بھی ہوتی ہے کہ مارنے والے اور چارہ دینے والے میں تمیز رکھتے ہیں۔ امام ابو حنیفہ نے عرض کیا تو پھر آپ کے نزدیک عقل مند کون ہے؟ فرمایا! عقلمند وہ ہے کہ جو دو خیر اور دو شر میں امتیاز کرے۔ خیر الخیرین

کو اختیار کرے اور شر میں شر الشرین کو۔ ایک شخص نے عرض کیا۔ کہ آپ میں تمام خوبیاں ہیں آپ زاہد بھی ہیں اور آپ میں کرم باطن بھی ہے۔ آپ قرۃ العین خاندانِ نبوت بھی ہیں لیکن متکبر کمال ہیں۔ ارشاد فرمایا کہ میں متکبر نہیں ہوں، اللہ تعالیٰ کی کبریائی کا مجھ پر پرتو ضرور ہے۔

آپ سے کسی نے دریافت فرمایا کہ درویش صابر اچھا ہے یا تونگر شاکر۔ فرمایا، درویش صابر کیونکہ تونگر کا دل کیسہ میں لٹکا رہتا ہے اور درویش کا اللہ تعالیٰ میں۔ فرمایا کہ توبہ کے بغیر عبادت درست نہیں ہوتی۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے توبہ کو عبادت پر مقدم کیا ہے۔ (التائبون العابدون) توبہ ابتداءِ مقامات اور عبودیت انتہاء مقامات و درجات ہے۔

حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت امام جعفر صادق کی خدمت میں حاضر ہوا کرتا تھا۔ حسنِ خلق کے سبب جلوت میں اُن کے مزاج گرامی میں مزاح و تبسم ارزاں تھا مگر جب اُن کے سامنے حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکرِ انور ہوتا تو اُن کا رنگ زرد ہو جاتا۔ عارف رومی رحمۃ اللہ علیہ نے کیں سچی بات کی ہے۔ ؎

عاشقاں را شمش نشان ست اے پسر
آہ سرد و رنگ زرد و چشمِ تر
گر ترا پرسند پس دیگر کدام
گفتن و خوردن کم و خفتن حرام

امام مالک مزید کہتے ہیں کہ میں نے اُن کو حدیث شریف بیان کرتے وقت کبھی بے وضو نہیں دیکھا۔ میں عرصہ دراز تک اُن کی خدمت میں حاضری دیتا رہا مگر جب بھی اُن کے قدموں میں پہنچا تو اُن کو نماز پڑھتے یا خاموش بیٹھے یا قرآن کریم کی تلاوت کرتے پایا۔ وہ خلوت میں کبھی بھی فضول و لغو کلام نہیں کرتے تھے۔ تمام شرعیہ کے عالمِ باعمل اور خدا ترس تھے۔

آپ کی کرامات بے حد و حساب ہیں۔ ذیل میں تبرکاً چند ایک کا ذکر کیا جاتا

ہے۔تاکہ قارئین کرام اپنی کشتِ ایمان کو سرسبز و تازہ کر کے اُن کے نقشِ قدم پر چلیں اور دنیا میں ایک ایسا روحانی انقلاب برپا کر دیں جس سے ہر سو انوار کی تجلیات ہی نظر آئیں۔

(۱) لیث بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں ۱۱۳ھ میں حج کے دوران مسجد حرام میں عصر کی نماز کے بعد کوہِ ابو قبیس پر چڑھ گیا۔کیا دیکھتا ہوں کہ ایک شخص وہاں بیٹھا ہوا یوں دُعا مانگ رہا ہے یَارَبِّ یَارَبِّ پھر خاموش ہو گیا۔بعد ازاں بولا یَاحَیُّ یَاحَیُّ یَاحَیُّ پھر کچھ دیر کے بعد بولا "الٰہی میں انگور چاہتا ہوں، خدایا مجھے انگور کھلا دے اور میری دونوں چادریں پھٹ گئی ہیں، نئی عنایت فرما دے"

ابھی اُس کی دُعا ختم نہ ہونے پائی تھی کہ مَیں نے انگوروں کا بھرا ہوا ایک ٹوکرا دیکھا حالانکہ اُس وقت روئے زمین پر کہیں بھی انگور نہ تھے۔اور پھر دو چادریں بھی دیکھیں کہ جن کی مثل میں کبھی بھی نہ دیکھی تھیں اُس شخص نے چاہا کہ انگور کھا لے۔میں نے کہا کہ میں تیرا شریک ہوں، اُس نے پوچھا کیونکر؟ میں نے کہا کہ جب تم دُعا کر رہے تھے تو میں "آمین" کہہ رہا تھا۔اس پر اُس نے کہا کہ آیئے اور کھایئے۔میں اس کے ساتھ بیٹھ گیا ہم نے سیر ہو کر انگور کھائے مگر ٹوکرا اُسی طرح بھرا ہوا تھا۔انگور ایسے لذیذ تھے کہ ایسے کبھی سُنے اور نہ کھائے۔پھر اُس شخص نے مجھے کہا کہ ان انگوروں کو مت چھپاؤ اور ذخیرہ کرو۔پھر اُس شخص نے ایک چادر خود لے لی اور دوسری مجھے دے دی۔میں معذرت کی کہ مجھے ضرورت نہیں ہے۔اس پر اُس نے ایک چادر بطور تہبند باندھ اور دوسری بدن پر اوڑھ لی۔اور دونوں پرانی چادریں ہاتھ میں لیے پہاڑ سے اُتر گیا۔صفا و مروہ کے درمیان ایک شخص نے اُس سے سوال کیا۔اے فرزندِ رسول میں ننگا ہوں، مجھے اُوڑھنے کو کپڑا دے جیسا کہ اللہ نے تجھے اُوڑھنے کو کپڑے دیئے ہیں۔پس اُس نے وہ دونوں چادریں سائل کو دے دیں۔یہ دیکھ کر میں سائل سے پُوچھا کہ یہ کون بزرگ ہیں۔جواب ملا کہ ربیہ حضرت جعفر صادق رضی ا

الیٰ عنہ، ہیں، اس کے بعد میں نے اُن کو ڈھونڈا تاکہ ملفوظات طیبات سنوں مگر تلاش بسیار کے باوجود نہ ملے۔

(۲) ایک روز حضرت جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ مکہ مکرمہ کی ایک گلی سے گزر رہے تھے کہ ایک عورت کو بچوں کے ساتھ روتے دیکھا جس کے آگے مردہ گائے پڑی ہوئی تھی۔ حضرت امام نے رونے کا سبب دریافت فرمایا تو اُس عورت نے کہا کہ ہمارے پاس صرف ایک یہی گائے تھی جس کے دُودھ سے ہمارا گزارا ہو رہا تھا اب یہ مر گئی ہے تو ہم پریشانِ حال ہیں کہ اب کیا کریں گے۔ گذارا کیسے ہوگا۔ آپ نے ارشاد کیا کہ کیا تو یہ چاہتی ہے کہ اللہ تعالیٰ اِسے زندہ کر دے؛ اُس نے کہا کہ ہم پر تو مصیبت طاری ہے اور آپ ہم سے مذاق کرتے ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ میں مذاق نہیں کرتا۔ پھر آپ نے دُعا فرما کر گائے کو ایک ٹھوکر ماری اور وہ زندہ ہو کر کھڑی ہو گئی اور آپ فوراً عام لوگوں میں جا ملے تاکہ کوئی شناخت نہ کر سکے۔ اُس عورت کو معلوم نہ ہو سکا کہ آپ کون ہیں۔

(۳) عباسی خلیفہ منصور نے اپنے وزیر کو حکم دیا کہ امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو لایا جائے تاکہ انہیں قتل کر دیا جائے۔ وزیر نے کہا کہ جس شخص کے شب و روز زہد و عبادت، گوشہ نشینی، ملکی حالات سے قطع تعلقی و عدم دلچسپی میں گزر رہے ہیں ایسے شخص کو قتل کرنے کا مقصد اور فائدہ کیا ہے۔ خلیفہ نے اظہار خفگی کرتے ہوئے کہا کہ انہیں ضرور لاؤ، تاکہ میں قتل کر دوں۔ وزیر با تدبیر نے ہر چند خلیفہ کو سمجھانے کی کوشش کی مگر بے سُود۔ ناچار وزیر بدل فگار حضرت امام کی تلاش میں نکلا تو خلیفہ نے غلاموں کو حکم دیا کہ جونہی حضرت امام نمودار ہوں اور میں سر سے ٹوپی اتاروں تم ان کو فوراً تہ تیغ کر دینا جب حضرت امام باوقار تشریف لائے تو خلیفہ اُن کو دیکھتے ہی بہر استقبال بڑھا اور آپ کو بکمال ادب و احترام اپنی مسند پر بٹھا کر خود بعد عجز و انکسار سامنے ہو بیٹھا۔ غلام یہ منظر دیکھ کر حیران و پریشان تھے منصور نے دست بستہ عرض کیا کہ اگر حضور والا کو کسی چیز کی ضرورت

ہو تو حکم فرمائیں۔ حضرت امام نے ارشاد کیا کہ مجھے صرف اس بات کی ضرورت ہے کہ پھر کبھی مجھے اپنے پاس نہ بلانا۔ یہ ارشاد فرما کر آپ تشریف لے گئے اور خلیفہ منصور فی الفور بے ہوش ہو کر گر پڑا۔ تین روز تک مسلسل بے ہوشی طاری رہی بقول بعضے کہ اُس کی تین تمازیں فوت ہو گئیں۔ جب ہوش میں آیا تو وزیر نے پوچھا معاملہ کیا تھا! خلیفہ نے کہا کہ جب حضرت امام یہاں جلوہ افروز ہوئے تو ایک اژدھا آپ کے ہمراہ تھا جس کا ایک ہونٹ اس مکان کے نیچے اور دوسرا اُوپر ہے اور زبانِ حال سے مجھے کہہ رہا ہے کہ اگر تُو نے حضرت امام کو ذرہ بھر بھی تکلیف پہنچائی تو میں تمہیں اس مکان سمیت نگل جاؤں گا۔ بدیں وجہ مجھ پر بے پناہ خوف وہراس طاری ہو گیا اور میں حضرت امام سے کچھ نہ کہا بلکہ عذر کیا اور پھر بے ہوش ہو گیا۔

آپ کی وفات حسرت آیات ۱۵ رجب ۱۴۹ھ، ۷۶۶ء کو بعمر شریف اڑسٹھ سال چند ماہ مدینہ منورہ میں ہوئی۔ اور جنت البقیع میں قبۂ اہل بیت میں آخری آرامگاہ بنی۔

کلماتِ قدسیہ

(۱) ہر شریف آدمی کو چار چیزوں سے بالکل عار چاہیئے۔

(۱) اپنے والد کی تعظیم کے لیے کھڑے ہونا۔

(۲) اپنے مہمان کی خدمت کرنا۔

(۳) اپنے چوپایہ کی دیکھ بھال کرنا خواہ اُس کے سو غلام (نوکر) ہی کیوں نہ ہوں۔

(۴) اپنے اُستاد کی خدمت کرنا۔

(۲) نیکی تین خوبیوں کے بغیر کامل و اکمل نہیں ہوتی۔

(۱) اُسے جلدی کرنا۔

(۲) اُسے چھوٹا سمجھنا۔

(۳) اُسے چھپانا۔

(۳) دُنیا جب کسی انسان کے پاس آتی ہے تو اُسے غیروں کی خوبیاں دیتی

اور جب اُس سے منہ پھیر لیتی ہے تو اُس کی ذاتی خوبیاں بھی اُس سے چھین لیتی ہے۔

(۴) جب تجھے اپنے بھائی سے ایسی چیز پہنچے جو تو نا پسند کرتا ہے تو اُسے کے لیے ایک عذر سے ستر عذر تلاش کر۔ اگر تجھے اُس کے لیے کوئی عذر نہ ملے تو یُوں کہہ کہ شاید اُس کے لیے کوئی عذر ہو گا جو مجھے معلوم نہیں۔

(۵) جب تم کسی مسلمان سے کوئی کلمہ سنو تو اُسے اچھے سے اچھے معنی پر محمول کرو۔ اگر اس میں تمہیں کوئی نیک امر معلوم نہ ہو تو اپنے آپ کو ملامت کرو۔

(۶) تم ایسے ہاتھ کا کھانا نہ کھاؤ جو پہلے بھوکا تھا اب سیر ہو گیا ہو۔

(۷) آپ نے کسی قبیلے کے ایک شخص سے پوچھا کہ اس قبیلے کا سردار کون ہے؟ اُس شخص نے جواب دیا کہ میں آپ نے فرمایا کہ اگر تو اُن کا سردار ہوتا تو جواب میں مَیں نہ کہتا۔

(۸) جب تُو گناہ کرے تو معافی مانگ کیونکہ گناہ مردوں کے گلوں میں اُن کی پیدائش سے پہلے ڈالے گئے ہیں اور اُن پر اصرار کرنا کمال درجہ کی ہلاکت ہے۔

(۹) جو شخص اپنے رزق میں تاخیر پائے اُسے طلبِ مغفرت زیادہ کرنی چاہیئے۔

(۱۰) جو شخص اپنے مالوں میں سے کسی مال پر ناز کرے اور اُس مال کا بقا چاہے تو اُسے یوں کہنا چاہیئے۔ ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

(۱۱) اللہ تعالیٰ نے دُنیا کی طرف یہ حکم بھیجا کہ جو شخص میری خدمت کرے تو اُس کی خدمت کر اور جو تیرا خادم بنے تو اُسے تکلیف دے۔

(۱۲) علمائے شریعت پیغمبروں کے امین ہیں جب تک کہ بادشاہوں کے دروازوں پر نہ جائیں۔

(۱۳) یا اللہ! تُو مجھے اُس شخص کے لیے ہمدردی و غمخواری کی توفیق عطا فرما جس پر تُو نے رزق تنگ کر دیا ہے اور جس حالت میں مَیں ہُوں یہ تیرا فضل و کرم ہے

(۱۴) آپ کو جب کسی چیز کی حاجت ہوتی تو یُوں دُعا کرتے، اے میرے پروردگار! مجھے فلاں چیز کی حاجت ہے آپ کی دُعا ابھی ختم نہیں ہوتی تھی کہ وہ چیز آپ کے سامنے موجود ہوتی۔

(۱۵) جس نے اللہ کو پہچانا اُس نے دنیا سے منہ پھیر لیا۔

(۱۶) تعجب ہے اُس شخص پر جو چار چیزوں میں مبتلا ہو اور اُن سے غافل رہتا ہے۔ تعجب ہے اُس پر جو غم میں مبتلا ہو وہ یہ کیوں نہیں کہتا لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ اس کے بعد فرماتا ہے فَاسْتَجَبْنَا لَہٗ نَجَّیْنٰہُ مِنَ الْغَمِّ وَکَذٰلِکَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ اور تعجب ہے اس پر جو کسی آفت سے ڈرتا ہو وہ یہ کیوں نہیں کہتا حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَۃٍ مِّنَ اللّٰہِ وَفَضْلٍ لَّمْ یَمْسَسْہُمْ سُوْٓءٌ اور تعجب ہے اُس پر جو لوگوں کے مکر سے ڈرتا ہو وہ یہ کیوں نہیں کہتا وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰہِ ط اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے فَوَقٰہُ اللّٰہُ سَیِّاٰتِ مَا مَکَرُوْا اور تعجب ہے اُس پر جو جنت کی رغبت اور خواہش رکھتا ہے وہ یہ کیوں نہیں کہتا مَا شَآءَ اللّٰہُ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ ۔ کیونکہ اس کے بعد اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ۔ فَعَسٰی رَبِّیْٓ اَنْ یُّؤْتِیَنِ خَیْرًا مِّنْ جَنَّتِکَ ۔

(۱۷) مومن کی تعریف یہ ہے کہ نفس کی سرکشی کا مقابلہ کرتا رہے اور عارف کی تعریف یہ ہے کہ اپنے مولیٰ کی اطاعت میں ہمہ تن مشغول رہے ۔

(۱۸) صاحبِ کرامت وہ ہے جو اپنی ذات کے لیے نفس کی سرکشی سے آمادہ بجنگ رہے کیونکہ نفس سے جنگ کرنا اللہ تعالیٰ تک رسائی کا سبب ہوتا ہے ۔

(۱۹) نیک بختی کی علامت یہ بھی ہے کہ عقلمند دشمن سے واسطہ پڑ جائے ۔

(۲۰) پانچ قسم کے لوگوں کی صحبت سے اجتناب کرنے میں بہتری ہے ۔ اوّل جھوٹے سے کیونکہ اُس کی صحبت فریب میں مبتلا کر دیتی ہے ۔ دوم بیوقوف سے، کیونکہ تمہارے فائدے سے زیادہ تمہیں نقصان پہنچائے گا ۔ سوم، کنجوس سے، کیونکہ وہ تمہارا بہترین وقت ضائع کرے

گا۔ چہارم، بزدل سے، کیونکہ وقت پڑنے پر ساتھ چھوڑ دے گا۔ پنجم، فاسق سے کیونکہ وہ ایک نوالہ کی طمع میں کنارہ کش ہو کر مصیبت میں مبتلا کر دیتا ہے۔

(۲۱) جو شخص عبادت پر فخر کرے گناہ گار ہے، جو معصیت پر اظہارِ ندامت کرے وہ فرماں بردار ہے۔

سلطان العارفین حضرت بایزید بسطامی کے مزار شریف کا خوبصورت منظر

تصویر از "ایران شہر" جلد اوّل ۔ بشکریہ خانہ فرہنگ جمہوری ایران راولپنڈی۔

حضرت بایزید بسطامیؒ کے مزار شریف کے اندرونی جانب واقع محراب شریف
تصویر از "پریشن آرکیٹکٹ ایک نظر میں" بشکریہ عارف نوشاہی صاحب اسلام آباد

آرام‌گاه حضرت بایزید بسطامی رحمة الله علیه

تصویر از "کارنامه بزرگانِ ایران"، بشکریه خانه فرهنگ جمهوری ایران راولپنڈی

جامع مسجد بطام کی محراب شریف کا خوبصورت منظر
بشکریہ دربارِ عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر

چٹاگانگ میں حضرت بایزید بسطامیؒ سے منسوب درگاہ میں مسجد بایزید بسطامیؒ
(حالانکہ آپ کا چٹاگانگ تشریف لانا ثابت نہ ہے)
تصویر از "مسلم آرکیٹیکچر ان بنگال" بشکریہ ڈاکٹر اے ایچ دانی اسلام آباد

(۶)

سُلطان العارفین حضرت بایزید بُسطامی رحمۃ اللہ علیہ

بُسطام — سنہ ۱۳۶ھ — ۶۷۵۳-۵۴

سنہ ۲۶۹ھ — بُسطام — ۶۸۸۳

مادۂ تاریخ رحلت

"محبوب احد"	"نور احد"	"محبوب دو اور"
۲۶۹ھ	۲۶۹ھ	۲۶۹ھ

۶

سلطان العارفین حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ

آپ کی ولادت باسعادت ۱۳۶ھ میں بسطام شہر میں ہوئی۔ آپ کے دادا پہلے مجوسی (آتش پرست) تھے، بعد میں مسلمان ہو گئے۔ آپ کے والد ماجد علیلی، بسطام شہر کے جلیل القدر بزرگوں میں شمار ہوتے تھے۔ آپ کی والدہ ماجدہ فرماتی ہیں کہ جس وقت بایزید میرے پیٹ میں تھے، اُس وقت اگر کوئی مشتبہ غذا پیٹ میں چلی جاتی تو اس کو بے کلی اور بے چینی ہوتی کہ مجھے حلق میں اُنگلی ڈال کر وہ غذا نکالنا پڑتی آپ کے تین بھائی اور بھی تھے جن کے نام آدم اور علی تھے۔ وہ دونوں بھی زہد و عبادت میں مشغول تھے مگر آپ اُن دونوں سے بدرجہا بڑھ چڑھ کر تھے۔ آپ کی باطنی تربیت خصوصی طور پر حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے کیونکہ آپ کی پیدائش ان کی رحلت کے بعد ہوئی ہے۔

بچپن میں جب آپ مکتب میں زیر تعلیم تھے، سورۂ لقمان کی اس آیت پر پہنچے، اَنِ اشْكُرْ لِيْ وَلِوَالِدَيْكَ یعنی "میرا شکر کر اور اپنے ماں باپ کا" تو استاذ گرامی سے اجازت لے کر گھر آئے اور والدہ ماجدہ سے عرض کیا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میرا اور اپنے والدین کا" لیکن میرے لیے دو گھروں سے نباہ مشکل ہے۔ لہٰذا آپ مجھے خدا تعالیٰ سے مانگ لیں تاکہ آپ ہی کا ہو رہوں یا پھر مجھے خدا تعالیٰ کو سونپ دیجئے کہ اُسی کا ہو رہوں۔ والدہ ماجدہ نے ارشاد کیا کہ میں نے تجھے خدا کو سونپ دیا اور راہِ حق میں چھوڑ دیا۔ یہ سُن کر آپ بُسطام سے نکلے اور

تیس۳۰ سال تک شام کے جنگلوں، صحراؤں اور بیابانوں میں ریاضت و مجاہدہ کرتے رہے تقریباً ایک سو۱۰۰ سترہ۱۷ علماؤ مشایخ سے فیوض و برکات حاصل کئے جن میں حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سرِ فہرست ہیں۔

کسی نے آپ سے پوچھا کہ سخت سے سخت مجاہدہ کونسا ہے جو آپ نے راہِ خدا میں کیا ہے، ارشاد کیا کہ بیان کرنا ناممکن ہے۔ اُس شخص نے کہا کہ آسان سے آسان تکلیف ہی بیان فرما دیجئے جو آپ کے نفس نے اٹھائی ہے فرمایا! ہاں یہ سُن لو۔ ایک دفعہ میں نے اپنے نفس کو کسی طاعت کی طرف بُلایا تو اُس نے میرا کہا نہ مانا اس پر میں نے اُسے ایک سال پیاسا رکھا۔

ایک دفعہ آپ حج کے لیے روانہ ہوئے تو ہر چند قدم پر جا نماز بچھا کر دو رکعت نماز پڑھتے یہاں تک کہ بارہ سال بعد مکہ مکرمہ پہنچے۔ فرماتے تھے کہ یہ دُنیا کے بادشاہوں کا دربار نہیں کہ یکبارگی وہاں پہنچ جائیں۔ اُس دفعہ حج سے فارغ ہو کر واپس آئے اور مدینہ منورہ میں زیارتِ روضہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے حاضر نہ ہوئے۔ فرمایا کہ زیارتِ روضہ مقدسہ کو حج کے تابع بنانا خلافِ ادب ہے۔ اگلے سال روضہ مقدسہ کی زیارت کے لیے علیحدہ احرام باندھا۔ راستے میں آپ ایک شہر میں داخل ہوئے تو لوگ آپ کے گرد اکٹھے ہو گئے۔ جب شہر سے نکلے تو ایک ہجوم آپ کے پیچھے ہو لیا۔ آپ نے یہ منظر دیکھ کر پُوچھا کہ یہ لوگ کون ہیں اور کیا چاہتے ہیں! جواب ملا کہ یہ سب لوگ اب آپ کے ساتھ ہی رہیں گے۔ آپ نے اُن لوگوں کو اپنے سے دُور کرنے کے لیے نمازِ فجر کے بعد اُن کی طرف متوجہ ہو کر یہ آیت پڑھی۔ اِنَّنِیْ اَنَا اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدُوْنِ۔ (بے شک میں ہی اللہ ہوں میرے سوا کوئی معبود نہیں پس تم میری عبادت کرو)۔ یہ سُن کر لوگوں نے کہا کہ یہ تو دیوانہ ہے اور سب چھوڑ کر چلے گئے۔

جب آپ نماز پڑھتے تو اللہ تعالیٰ کے خوف اور شریعت مطہرہ کی تعظیم سے سینہ آپ کے سینہ کی ہڈیوں سے چرچراہٹ کی آواز نکلتی جو لوگوں کو سنائی دیتی

ایک روز ایک امام کے پیچھے نماز پڑھ رہے تھے، جب نماز سے فارغ ہوئے تو امام نے آپ سے پوچھا، اے شیخ! آپ کوئی کام نہیں کرتے اور نہ کسی کے سامنے دستِ سوال دراز کرتے ہیں۔ آپ کھاتے کہاں سے ہیں! آپ نے فرمایا! ٹھہرو میں نماز کا اعادہ کرلوں کیونکہ جو شخص اپنے روزی دینے والے کو نہیں پہچانتا اُسے کے پیچھے نماز جائز نہیں۔ ؎

آنکس کہ نہ بیند در نماز جمالِ دوست
فتویٰ ہمی دہم کہ غازش قضا کند

ابوعلی جوزجانی رح سے اُن الفاظ کی نسبت سوال کیا گیا جو حضرت بایزید سے لوگوں کو اپنے سے دُور کرنے کے لیے منقول ہیں۔ اُنہوں نے جواب دیا کہ ہم بایزید کے حال کو تسلیم کرتے ہیں، شائد وہ الفاظ اُن سے غلبۂ حال یا حالتِ سُکر میں صادر ہوئے ہیں جو شخص بایزید کا مقام حاصل کرنا چاہے اُسے بایزید کی طرح مجاہدۂ نفس کرنا چاہیئے تاکہ وہ بایزید کے کلام کو سمجھ سکے۔

آپ فرماتے ہیں کہ جس کام کو میں مؤخر سمجھتا رہا وہ سب سے مقدم نکلا اور وہ میری والدہ ماجدہ کی رضا تھی۔ میں جو کچھ ریاضات و مجاہدات اور مسافرت میں ڈھونڈتا رہا وہ اسی میں پایا۔ کیونکہ جب میں سفر سے واپسی پر اپنے مکان کے دروازہ پر پہنچا اور دروازے سے کان لگا کر سُنا تو والدہ ماجدہ وضو کرتے ہوئے یہ ارشاد فرما رہی تھیں "یا اللہ! میرے مسافر کو راحت سے رکھنا اور بزرگوں سے اس کو خوش رکھ کر اچھا بدلہ دینا"۔ یہ سُن کر میں زار و قطار روتا رہا۔ آنسوؤں سے منہ دھوتا رہا۔ پھر دروازے پر دستک کی تو والدہ ماجدہ نے پوچھا کون ہے! میں نے عرض کیا کہ آپ کا مسافر۔ اُنہوں نے دروازہ کھول کر شرفِ ملاقات بخشا اور فرمایا، "تم نے اس قدرِ طویل سفر اختیار کیا کرتے روتے میری بصارت ختم ہو گئی اور تیرے غم سے کمر جھک گئی۔

ایک رات آپ کی والدہ ماجدہ نے پانی طلب کیا۔ آپ پانی لینے گئے۔ کوزہ میں گھڑے میں دیکھا تو وہ بھی خالی تھا۔ چنانچہ پانی کے لیے ندی پر گئے اور جب

واپس آئے تو والدہ صاحبہ سو چکی تھیں، شدید سردی کا موسم تھا۔ آپ پانی کا کوزہ ہاتھ میں اٹھائے کھڑے رہے۔ جب والد ماجدہ کی آنکھ کھلی تو پانی پیا اور آپ کو دعاؤں سے نوازا اور فرمایا کہ کوزہ نیچے کیوں نہ رکھ دیا؟ عرض کیا کہ میں ڈرتا رہا کہ آپ بیدار ہو کر پانی طلب فرمائیں اور میں شاید اُس وقت حاضر نہ ہوں۔

آپ فرماتے ہیں کہ اسی طرح ایک اور موقعہ پر والدہ محترمہ نے فرمایا کہ آدھا دروازہ بند کر دو۔ میں صبح تک یہی سوچتا رہا کہ کون سا آدھا بند کروں، دائیں طرف کا یا بائیں طرف کا تاکہ والدہ صاحبہ کے حکم کے خلاف نہ ہو۔ صبح کے وقت مجھے وہ سب کچھ مل گیا جس کو میں ڈھونڈھتا تھا۔ پھر آپ کو وہ مقام حاصل ہوا کہ حضرت جنید بغدادی قدس سرہ العزیز جیسے اکابر بھی پکار اُٹھے کہ "بایزید ہماری جماعت میں ایسے ہیں جیسا کہ فرشتوں میں حضرت جبریل امینؑ۔ اور دیگر سالکین کے میدان کی انتہا، بایزیدؒ کے میدان کی ابتدا ہے۔

ایک دفعہ آپ مکہ مکرمہ سے واپس آ رہے تھے کہ راستہ میں ہمدان سے کسُم (ایک قسم کا پھول) کا بیج خرید کر اپنے خرقہ میں باندھ لیا۔ بسطام آ کر جو کھولا تو اُس میں چند کیڑے نظر آئے۔ فرمانے لگے کہ میں نے ان کو بے وطن کیا ہے پھر دوبارہ ہمدان جا کر کیڑوں کو اُن کے وطن پہنچا کر واپس آئے۔

ایک روز آپ نے صحرا میں اپنا کپڑا دھویا۔ ایک عقیدت مند جو ساتھ تھا عرض کرنے لگا کہ اسے انگوروں کی دیوار پر لٹکا دیتے ہیں آپ نے ارشاد کیا انگوروں کی دیوار میں مینھ نہ گاڑو۔ اس نے عرض کیا کہ درخت پر لٹکا دیتے ہیں۔ فرمایا، ایسا نہ کرنا کہ درخت کی شاخیں ٹوٹ جائیں گی۔ عرض کیا گیا کہ گھاس پر پھیلا دیتے ہیں۔ فرمایا، ایسا نہ کرنا کہ گھاس چوپاؤں کا چارہ ہے، ہم اُسے اُن سے نہیں چھپاتے۔ پس آپ کپڑے کو پشت مبارک پر رکھ کر دھوپ میں کھڑے ہو گئے جب ایک طرف سوکھ گئی تو دوسری طرف اُلٹا دی۔

ایک دفعہ آپ جامع مسجد میں تشریف لے گئے اور اپنا عصا مبارک زمین

گاڑ دیا۔ اُس کے پہلو میں ایک شیخ نے اپنا عصا گاڑا ہوا تھا۔ اتفاق سے آپ کا عصا اُس شیخ کے عصا پر گرا جس سے وہ بھی گر پڑا۔ شیخ نے جُھک کر اپنا عصا اٹھایا اور گھر کو روانہ ہو گیا۔ آپ نے اُس کے گھر جا کر معذرت کی کہ آپ کو جھکنے کی زحمت اس وجہ سے اٹھانی پڑی کہ میں نے اپنا عصا اچھی طرح نہ گاڑا تھا ورنہ آپ کو یہ تکلیف برداشت نہ کرنا پڑتی

ایک دفعہ کسی نے بتایا کہ فلاں جگہ ایک بہت بڑے بزرگ ہیں۔ آپ اُن کی ملاقات کو گئے اور جب اُن کے پاس پہنچے تو انہوں نے جانب قبلہ تھوکا۔ آپ یہ دلخراش چیز دیکھ کر واپس آ گئے اور فرمایا کہ اگر اس شخص کو طریقت کی ذرہ بھر بھی خبر ہوتی تو اس طرح خلافِ ادب کام وقوع پذیر نہ ہوتا۔

آپ کے گھر سے مسجد کا فاصلہ چالیس قدم تھا مگر بوجہ تعظیم مسجد کبھی بھی راستہ میں نہیں تھوکا۔

آپ کے پاس ایک اونٹ تھا جس پر اپنا اور مریدوں کا سامان لاد کر چلا کرتے تھے ایک دن سامان لاد کر کہیں تشریف لیجا رہے تھے کہ ایک شخص نے کہا کہ بیچارے اونٹ پر کس قدر بوجھ لادا گیا ہے۔ آپ نے ارشاد کیا کہ "غور سے دیکھو، اونٹ پر کوئی بوجھ ہے"! اس نے دیکھا تو بوجھ ایک ہاتھ اونچا تھا۔ فرمایا۔ سبحان اللہ! عجیب معاملہ ہے کہ اگر میں اپنا لوگوں سے پوشیدہ رکھوں تو ملامت کرتے ہو اور اگر ظاہر کروں تو اُس کی تم لوگوں کو طاقت میں نہیں ہے۔ پھر اُس شخص سے فرمایا کہ "تم میں سے بعض لوگوں کو میری زیارت سے لعنت ہوتی ہے اور بعض پر رحمت ہوتی ہے۔ لعنت اس وجہ سے کہ جب وہ شخص میرے پاس آتے ہیں اور مجھ پر اُس وقت خاص حالت غالب ہوتی ہے وہ مجھے اپنے آپ میں نہیں پاتے اور میری غیبت کہتے ہیں دوسرے لوگ آئے حق کو مجھ پر غالب پا کر معذور رکھتے ہیں ان پر رحمت ہوتی ہے۔

ایک دفعہ ارشاد فرمایا کہ دل چاہتا ہے کہ قیامت کے دن دوزخ کی طرف اپنا منہ کر لوں کہ وہ مجھے دیکھ کر پست اور ٹھنڈا ہو جائے اور خلق خدا کو راحت

فرمایا کہ ایک بار میں نے خواب میں اللہ تعالیٰ کو دیکھا۔ میں نے عرض کیا۔ یا اللہ!

تجھ تک پہنچنے کا راستہ کس طرح سے ہے؛ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: "دع نفسک و تعال" اپنے نفس کو چھوڑ اور آ" پھر ارشاد کیا کہ نماز سے سوائے کھڑا ہونے اور روزہ سوائے بھوکا رہنے کے کچھ حاصل نہ ہوا۔ مجھے تو جو کچھ ملا اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم ملا ہے نہ کہ عمل سے۔ کیونکہ جب تک اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم شاملِ حال نہ ہو، جہد و سے کچھ بھی حاصل نہیں ہوتا۔

ایک دفعہ آپ کو قبض کا عارضہ لاحق ہو گیا، عبادت سے نا اُمید ہو کر ارادہ با کہ بازار سے زنار خرید کر کمر میں باندھ لوں۔ بازار جا کر ایک زنار کی قیمت دریا کی تو دل میں خیال آیا کہ ایک درم ہو گی۔ مگر دکان دار نے اُس کی قیمت ایک ہزار بتائی۔ آپ سُن کر خاموش ہو گئے۔ ہاتفِ غیب نے آواز دی کہ جو زنار تُو باندھے قیمت ایک ہزار درہم ہی ہونی چاہیئے۔ اس پر آپ کا دل خوش ہو گیا۔ کہ اللہ تعا عنائیت اُن کے شاملِ حال ہے۔

ایک دفعہ فرمایا کہ مجھے الہام ہوا کہ اے بایزید! تُو عبادت تو کرتا ہے سے کوئی بہتر چیز ہمارے سامنے پیش کر۔ میں نے عرض کیا، اے رب ذوالج تیرے پاس کیا چیز نہیں ہے جو لاؤں! الہام ہُوا، اے بایزید! ہمارے ہا انکساری، بیچارگی اور شکستگی نہیں ہے وہ لا کر پیش کر۔

بیان کیا جاتا ہے کہ ایک مرتبہ خلوت میں آپ کی زبان سے سُبْحَانِی مَا شَانِی نکلا۔ جب اپنے آپ میں آئے تو مریدوں نے عرض کیا کہ آپ کی زبان کلمہ نکلا تھا۔ فرمایا۔ تُم پر خدا کی مار ہو۔ اب اگر ایسا کلمہ میرے مُنہ سے سُنو تو ٹکڑے ٹکڑے کر دینا اور ایک ایک چھُری ان سب کو دے دی۔ پھر جب ا یہ کلمہ سرزد ہوا تو مریدوں نے قتل کے ارادہ سے چھُریاں اٹھائیں مگر تمام گھ کی شکل سے معمور پایا۔ مریدانِ باصفا چھُریاں چلاتے تو ایسا معلوم ہوتا کہ پر چلا رہے ہیں۔ آخر کار چڑیا کی طرح محراب میں بیٹھے نظر آئے تو مرید تمام قصہ بیان کیا۔ آپ نے فرمایا کہ بایزید تو یہ ہے جو تمہارے سامنے

ہم دیکھتے رہے وہ بایزید نہ تھا۔
ایک مرتبہ حضرت شفیق بلخی رح اور ابو تراب بخشی رح آپ کے ساتھ کھانا کھا رہے تھے
ب مرید پاس بیٹھا تھا جو شریکِ طعام نہ تھا۔ حضرت ابو تراب بخشی رح نے اُس سے کہا
لو تم بھی کھانا کھاؤ۔ اُس نے کہا میرا روزہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ کھانا کھاؤ اور ایک مہینہ
روزوں کا ثواب حاصل کرو۔ وہ نہ مانا۔ پھر حضرت شفیق بلخی رح نے اُسے کہا کر آؤ میاں
ا کھاؤ۔ اور ایک برس کے روزوں کا ثواب پاؤ۔ اُس نے پھر انکار کیا۔ اس پر آپ
رت بایزید بسطامی رح) نے فرمایا کہ اسے جانے دو، یہ راندۂ درگاہ ہے۔ چنانچہ چند
ل بعد وہ چوری کے جرم میں پکڑا گیا اور اُس کے دونوں ہاتھ کاٹ دیئے گئے۔
ایک دفعہ کسی نے آپ سے دریافت کیا کہ آپ کا پیر کون ہے! آپ نے فرمایا
بوڑھی عورت۔ اُس شخص نے پوچھا کہ وہ کیونکر؟ فرمایا کہ ایک مرتبہ میں نے غلبہ
میں جنگل کی راہ لی۔ وہاں ایک بڑھیا کو بوجھ اُٹھائے دیکھا۔ وہ مجھ سے کہنے لگی کہ
مجھ سے بہت بھاری ہے ذرا اِسے اُٹھانا۔ اُس وقت میری حالت یہ تھی کہ میں
جرد کا بوجھ اٹھانے سے قاصر تھا اُس بڑھیا کا بوجھ کیسے اُٹھاتا۔ میں نے ایک
جانب اشارہ کیا، وہ آیا تو میں نے وہ بوجھ اُس کی پُشت پر رکھ دیا اور بڑھیا
کہ اب تو شہر جا کر کیا بیان کریگی! اُس بڑھیا نے کہا کہ میں کہوں گی کہ آج
م کو دیکھا ہے۔ میں نے کہا کہ کیسے! اُس نے مجھ سے سوال کیا کہ شیر مکلف
مکلف! میں نے کہا کہ غیر مکلف۔ بڑھیا نے کہا کہ جس کو خدا تکلیف نہ دے
تو تکلیف دے تو تُو ظالم ہے یا نہیں! میں نے کہا کہ ظالم۔ اس پر بڑھیا نے
بھی تو چاہتا ہے کہ شہر کے لوگ جان لیں کہ شیر تیرے تابع ہے اور تو
کرامت ہے۔ یہ سُن کر میں نے توبہ کی۔
مرتبہ آپ قبرستان سے واپس شہر تشریف لا رہے تھے کہ روسائے شہر
ا نوجوان باجا بجاتا چلا آ رہا تھا۔ آپ نے اُسے دیکھ کر لَا حَوْلَ وَلَا
اللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ط پڑھا۔ اُس رئیس زادے نے اپنا باجا آپ کے

سراقدس پر اس زور سے مارا کہ باجا ٹوٹ گیا اور آپ کا سر مبارک بھی پھٹ گیا۔ دوسرے دن صبح کے وقت آپ نے باجا کی قیمت اور حلوے کی ایک پلیٹ اپنے ایک خاص کے ہاتھ اُس جوانِ رعنا کے پاس بھیجی اور معذرت کی کہ کل باجے کے ٹوٹنے اُس کا نقصان ہو گیا ہے۔ لہٰذا اس قیمت سے نیا باجا خرید لو اور حلوہ کھا کر کل غم و غصہ کو فراموش کر دو۔ اُس نوجوان نے جب یہ معاملہ دیکھا تو زار و قطار ہوا آپ کے قدموں سے لپٹ گیا۔ معذرت چاہی، توبہ کی اور پھر شرفِ بیعت مشرف ہو گیا۔ اُس کے تمام ساتھی بھی بیعت ہو کر صراطِ مستقیم پر گامزن ہو گئے تھا آپ کی خوش اخلاقی کا کرشمہ۔ آپ کا اخلاق حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ کے اخلاق کا سچا نمونہ تھا جس کے متعلق کسی شاعر نے کہا ہے کہ ؎

کچھ اُن کے خُلق نے کچھ اُن کے پیار نے کر لی
مسخر اس طرح دُنیا شاہِ ابرار نے کر لی

ایک روز آپ کو ذوقِ عبادت حاصل نہیں ہو رہا تھا۔ خادم کو حکم دیا کہ دیکھ گھر میں کیا چیز آ گئی ہے جو سوہانِ رُوح بن گئی ہے۔ تلاش کرنے پر انگور خوشہ نکلا، فرمایا! اسے فوراً کسی مستحق کو دے دو، ہمارا گھر میوہ فروش کا نہیں ہے۔ فوراً آپ کی عبادت میں لذّت و سرُور پیدا ہو گیا۔

آپ کے پڑوس میں ایک آتش پرست رہتا تھا۔ ایک دفعہ وہ کی غرض سے سفر پر گیا۔ رات کو اُس کا بچہ اندھیرے کی وجہ سے روتا تھا۔ آپ چراغ اُس کے گھر لے جاتے تو وہ بچہ ہنسے کودنے اور کھیلنے لگتا ہے۔ جب آتش پرست سفر سے واپس آیا تو بیوی نے تمام حال کہہ سنایا۔ اُس جب آپ کی روشنی ہمارے گھر آ گئی تو اب کاہے کو اندھیرے میں رہیں وقت مسلمان ہو گئے۔

روایت ہے کہ ایک آتش پرست کو کسی نے کہا کہ تو مسلمان ہو جا۔ کہا کہ اگر مسلمانی یہ ہے جو بایزید میں ہے تو وہ مجھ سے بھاری ہے اور میں

ہے وہ مجھے منظور نہیں۔

آپ کے پاس ایک مرید تین۳ برس سے خدمت گزار تھا۔ آپ ہر روز اُس سے نام دریافت فرماتے، وہ بتا دیتا۔ ایک روز اُس نے کہا اے شیخ! میں تین۳ سال سے آپ کی خدمت میں حاضر ہوں۔ آپ ہر روز میرا نام دریافت فرماتے ہیں اور پھر بھول جاتے ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ میں مذاق نہیں کرتا، بلکہ حقیقت یہ ہے کہ جب سے اللہ تعالیٰ کا نام دل میں سما گیا ہے، کچھ اور یاد نہیں رہا۔ ہر روز تیرا نام پوچھتا ہوں اور بھول جاتا ہوں۔

ایک شخص آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ مجھے ایسی نصیحت فرمائیے جس سے میری نجات ہو جائے۔ آپ نے فرمایا۔ دو باتیں یاد کر لے یہی کافی ہیں۔ اوّل یہ کہ اللہ تعالیٰ دانا و بینا ہے یعنی تیرے تمام حال سے آگاہ اور تیرے ہر کام کو دیکھتا ہے۔ دوم۲ یہ کہ تیرے عمل سے بے نیاز ہے۔

ایک روز کسی شخص نے عرض کیا کہ اپنے پوستین کا ایک ٹکڑا مجھے دے دیجئے کہ آپ کی برکت حاصل ہو۔ فرمانے لگے کہ میرا پوستین پہننے کا کیا فائدہ جب کہ میرے سے عمل نہ کرے۔ پھر فرمایا کہ سچا عابد اور سچا عالم وہ ہے کہ جو اپنی جد و جہد کی تلوار سے اپنی تمام خواہشات کا سر کاٹ دے اور اُس کی تمام شہوات و تمنائیں اللہ تعالیٰ کی محبت میں فنا ہو جائیں۔ اور جو چیز اللہ تعالیٰ کو پسند ہو اُسے بھی وہی پسند ہو جو اللہ تعالیٰ کی مرضی ہو اُس کی بھی وہی مرضی ہو۔ ؎

سر تسلیم خم ہے جو مزاجِ یار میں آئے

ایک دفعہ ارشاد کیا کہ اللہ تعالیٰ کو پہچاننے کی یہی نشانی ہے کہ لوگوں سے دور ہو۔ تعارف کے لیے یہ ادنیٰ سی بات از بس ضروری ہے کہ مال و دولت سے دور ہے۔ نیک۱ لوگوں کی صحبت نیک کام کرنے سے بہتر ہے اور بُرے لوگوں کا بُرے کام کرنے سے بُری ہے۔ کیونکہ ؎

صحبتِ صالح ترا صالح کند صحبتِ طالح ترا طالح کند

جس نے اپنی خواہشات ترک کر دیں اُس نے اللہ تعالیٰ کو پا لیا۔ اپنے آپ کو ایسا ظاہر کرو جیسے کہ تم ہو۔ اللہ تعالیٰ کی محبت یہ ہے کہ دُنیا اور آخرت کو دوست نہ رکھے۔ اللہ تعالیٰ کے نزدیک اور قریب سب سے زیادہ وہ شخص ہے کہ لوگوں کی تکلیفیں برداشت کرے اور خوش اخلاقی سے پیش آئے۔

ایک دفعہ کسی نے دریافت کیا کہ آپ بھوک کی کیوں زیادہ تعریف کرتے ہیں۔ فرمایا کہ اگر فرعون بھوکا ہوتا تو انا ربکم الاعلیٰ نہ کہتا۔ کسی نے دریافت کیا کہ متکبر کس کو کہتے ہیں۔ فرمایا کہ جو دنیا میں اپنے آپ سے زیادہ خبیث چیز دیکھے پھر فرمایا کہ مردوں کا کام یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی سے دل نہ لگائیں۔

حضرت ذوالنون مصریؒ نے آپ کے پاس پیغام بھیجا کہ اے بایزید! رات کو جنگل میں آرام اور سکون سے سوتے ہو۔ قافلہ تو چلا گیا۔ آپ نے جواب میں ارشاد فرمایا کہ کامل تو وہ ہے جو رات کو سو جائے اور صبح کو قافلہ اُترنے سے پہلے منزل پر پہنچ جائے۔ حضرت ذوالنون یہ سُن کر رو پڑے اور کہا کہ بایزید! تمہیں مبارک ہو، میں اس مرتبے کو نہیں پہنچا۔

حضرت یحییٰ بن معاذؒ نے آپ کو لکھا کہ ایسے شخص کے متعلق آپ کی کیا رائے ہے کہ جو ایک جامِ ازلی سے ایسا مست ہو گیا ہے کہ اُس کی مستی ابد تک جاری رہنے والی ہو گئی ہے۔ آپ نے جواباً تحریر فرمایا کہ یہاں ایک ایسا فرد بھی موجود ہے جو ازل و ابد کے بحر بیکراں کو پی کر بھی یہی کہتا ہے کہ کچھ اَور مل جائے۔ پھر ایک مرتبہ یحییٰ بن معاذ نے تحریر کیا کہ میں آپ کو ایک راز بتانا چاہتا ہوں لیکن اُس وقت بتاؤں گا جب ہم دونوں شجرِ طوبیٰ (بہشت کا ایک عظیم الشان درخت) کے نیچے کھڑے ہوں گے اور قاصد کو ایک ٹکیہ دے کر یہ ہدایت بھی فرما دی کہ بایزید سے کہنا اس کو کھا لیں کہ یہ آبِ زمزم سے گوندھی گئی ہے۔ جواباً حضرت بایزید نے تحریر فرمایا کہ جس جگہ خدا تعالیٰ کو یاد کیا جاتا ہے۔ وہاں جنت اور طوبیٰ دونوں موجود ہوتے ہیں۔ اور ٹکیہ اس لیے واپس کر رہا ہوں کہ آبِ زمزم سے

بندھنے کی فضیلت اپنی جگہ مسلم لیکن یہ کسے معلوم کہ جو بیج بویا گیا تھا وہ کسبِ حلال تھا یا کسبِ حرام کا۔ مجھے اِس ٹکیہ کے حلال ہونے میں شک ہے۔

ایک دفعہ ایک جماعت آپ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور قحط کی شکایت کی اور درخواست کی کہ دُعا فرمایئے، بارش ہو جائے۔ یہ سُن کر آپ نے سر جُھکا لیا۔ پھر سر اُٹھا کر فرمایا لوگو! اپنے پرنالوں کو درست کر لو۔ فوراً بارش آگئی اور مسلسل ایک دن ایک رات برستی رہی۔

حضرت ابوسعید میخورانی رح آپ کی خدمت میں بغرضِ امتحان آئے۔ آپ نے فرمایا! میرے مرید ابوسعید راعی کے پاس جاؤ کیونکہ ولائیت و کرامت ہم نے اُسے بخش دی ہے۔ جب ابوسعید وہاں پہنچے تو راعی کو دیکھا کہ صحرا میں نماز پڑھ رہے ہیں اور بھیڑیئے نے آپ کی بھیڑوں کی گلہ بانی کے فرائض سنبھال رکھے ہیں۔ جب نماز سے فارغ ہوئے تو پوچھا کیا چاہتے ہو؟ کہا گرم روٹی اور انگور۔ راعی نے ہاتھ کی لکڑی کے دو ٹکڑے کر کے ایک اپنے آگے اور دوسرا اُس کے آگے گاڑ دیا۔ فوراً انگور لگ گئے مگر راعی کی طرف سفید اور اُس کی طرف سیاہ تھے۔ اُس نے راعی سے سبب پُوچھا۔ راعی نے جواب دیا کہ میری طلب بطورِ یقین اور تیری طلب امتحان تھی۔ ہر چیز کا رنگ اُس کے حال کے موافق ہُوا کرتا ہے۔ اس کے بعد راعی نے ابوسعید میخورانی رح کو اپنی گدڑی دی اور فرمایا کہ اسے سنبھال کر رکھنا جب وہ حج کو گئے تو عرفات میں گم ہو گئی۔ جب بسطام واپس آئے تو راعی کو پاس دیکھی۔

ایک دفعہ ملک رُوم میں لشکرِ اسلام کے مقابلہ میں کفار کا لشکرِ جرار تھا۔ قریب تھا کہ مسلمانوں کو شکست فاش ہو کر حضرت بایزید رح نے یہ آواز سُنی "یا بایزید دریاب" (اے بایزید خبر لیجیو) اُسی وقت خراسان کی طرف سے آگ نمودار ہوئی جس کی ہیبت سے لشکرِ کفار میں تہلکہ مچ گیا اور مسلمانوں کو فتح ہوئی۔ یہ تھیں آپ کی کرامات۔

آپ کی وفات حسرت آیات ۱۵/شعبان ۲۶۹ھ ۸۸۳ء بروز جمعۃ المبارک شریف ۷۳ سال بسطام شہر میں ہوئی۔ وصال کے بعد لوگوں نے آپ کو خواب میں دیکھا اور آپ کا حال دریافت کیا۔ آپ نے جواب دیا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھ سے پوچھا بایزید تو میرے واسطے کیا لایا ہے؟ میں نے عرض کیا۔ خداوندا! جب کوئی فقیر بادشاہ کی درگاہ میں آتا ہے تو اُس سے یہ نہیں پوچھا جاتا کہ تو ہمارے واسطے کیا لایا ہے بلکہ یہ پوچھتے ہیں کہ تو کیا مانگتا ہے۔

جب آپ کو دفن کیا گیا تو شیخ احمد خضرویہ کی بیوی زیارت کو آئی۔ زیارت سے فارغ ہو کر کہنے لگی۔ تم جانتے ہو کہ شیخ بایزید کون تھے! لوگوں نے کہا تو بہتر جانتی ہے۔ کہنے لگی کہ ایک رات میں طوافِ کعبہ کر رہی تھی، کچھ دیر بعد بیٹھ گئی اور سو گئی۔ میں نے خواب میں دیکھا کہ مجھے آسمان پر لیجایا گیا۔ میں نے عرش کے نیچے ایک بیابان دیکھا جس کی لمبائی اور چوڑائی کی کوئی حد نہ تھی۔ وہ تمام بیابان گل و لالہ بنا ہوا تھا اور اُس کے پھولوں کی ہر پتی پر لکھا ہوا تھا کہ بایزید ولی اللہ تھا۔

حضرت شیخ ابوسعید ابوالخیر رح آپ کی زیارت کو آئے تو فرمانے لگے کہ یہ وہ جگہ ہے کہ دنیا میں جس شخص کی کوئی چیز گم ہو جائے وہ یہاں آکر ڈھونڈے

کلماتِ قدسیہ

(۱) آپ سے دریافت کیا گیا کہ آپ نے یہ معرفت کس طرح حاصل کی؟ جواب دیا کہ بھوکے پیٹ اور ننگے بدن سے۔

(۲) میں نے تیس ۳۰ سال مجاہدے میں گزارے۔ اس عرصہ میں کسی چیز کو اپنے اوپر ایسا سخت نہ پایا جیسا کہ علم اور اُس پر عمل کو۔ اگر علماء کا اختلاف نہ ہوتا تو میں ایک اجتہاد پر رہتا یعنی متفق علیہ قول پر میرا عمل ہوتا۔ علماء کا اختلاف سوائے تجریدِ توحید کے رحمت ہے۔

(۳) شیخ عمی بسطامی (آپ کے برادر زادہ اور مُرید صادق) کا بیان ہے کہ میں نے اپنے باپ کو یہ کہتے سُنا کہ بایزید رح نے مجھ سے کہا کہ ہمارے ساتھ

تاکہ اُس شخص کو دیکھیں جس نے اپنے آپ کو ولی مشہور کر رکھا ہے اور وہ زہد و تقویٰ میں مشہور و معروف ہے۔ جب ہم اُس کے پاس گئے تو وہ اپنے گھر سے نکل کر مسجد میں داخل ہوا اور قبلہ رُو تھوکا۔ یہ دیکھ کر آپ واپس آ گئے کہ یہ شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کے خلاف عمل کرتا ہے یہ کیسے اپنے دعویٰ ولایت میں سچا ہو سکتا ہے۔

) میں نے ارادہ کیا کہ اللہ تعالیٰ سے یہ سوال کروں گا کہ وہ مجھے کھانے کی طلب اور عورتوں کی چاہت سے بچائے۔ پھر خیال آیا کہ یہ سوال میرے واسطے کس طرح جائز ہے جب کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ سے یہ سوال نہیں کیا لہٰذا باز رہا۔ بعد ازاں اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم سے مجھے عورتوں کی رغبت سے ایسا بچایا کہ مجھے کبھی پروا نہیں رہی کہ میرے سامنے عورت کھڑی ہے یا دیوار۔

) اگر تم کسی شخص میں کرامات دیکھو اور وہ ہوا میں اُڑ کر دکھائے تو اُس پر فریفتہ نہ ہو جاؤ۔ جب تک یہ نہ دیکھ لو کہ وہ امر و نہی، حفظِ حدودِ اور آدابِ شریعت میں کیا ہے۔

) آپ نے آخری وقت فرمایا۔ خدایا میں نے تجھ کو یاد نہ کیا مگر غفلت سے اور تیری عبادت نہ کی مگر سُستی سے۔

) ایک رات میں نے اپنے حُجرے میں پاؤں پھیلا لیئے۔ ہاتف نے مجھے آواز دی کہ بادشاہوں کی صحبت میں اس طرح نہیں بیٹھا کرتے۔ حُسن ادب سے بیٹھنا چاہیئے کیونکہ ؎

ادب ضرور ہے شاہوں کے آستانے کا

) میں نے اللہ کو اللہ کے ساتھ پہچانا اور اللہ کے ماسوا کو اللہ کے نُور کے ساتھ پہچانا۔

) اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو نعمتوں سے نوازا تاکہ وہ اپنے اللہ کا شکر

ادا کریں اور اُسے یاد کریں مگر وہ نعمتیں پاکر غافل ہو گئے۔

(۱۰) اے خُدا! تُو نے مخلوق کو اُن کے علم کے بغیر پیدا کیا اور اُن کے ارادہ کے بغیر اُن کے گلے میں امانت ڈال دی۔ پس اگر تُو ان کی مدد نہ کرے گا تو اور کون کرے گا؟

(۱۱) آپ سے دریافت کیا گیا کہ سنت و فریضہ کیا ہے! فرمایا کہ سنت تمام دنیا کا ترک کرنا اور فریضہ اللہ کے ساتھ صحبت ہے۔ وجہ یہ ہے کہ سنت تمام ترکِ دنیا پر دلالت کرتی ہے اور کتاب تمام صحبتِ مولیٰ پر دلالت کرتی ہے کیونکہ خدا تعالیٰ کا کلام اُس کی ایک صفت ہے اور نعمتیں ازلی ہیں۔ پس واجب ہے کہ ان کا شکر ازلی ہو۔

(۱۲) میں رب العزت کو خواب میں دیکھا۔ پُوچھا، اے میرے پروردگار! میں تجھے کس طرح پاؤں؟ ارشاد ہوا کہ اپنے نفس کو چھوڑ اور میری طرف آ۔

(۱۳) آپ سے دریافت کیا گیا کہ انسان کب متواضع ہوتا ہے۔ فرمایا جب اپنی ذات کے لیے کوئی مقام وحال نہ دیکھے اور نہ لوگوں میں سے اپنے سے کسی کو بدتر سمجھے (بہادر شاہ ظفر رح نے غالباً اسی طرف ہی اشارہ کیا ہے۔ ؏

پڑی جو اپنی برائیوں پہ نظر تو جہاں میں کوئی بُرا نہ رہا۔ (قصوری)

(۱۴) عام مسلمانوں کے مقام کی انتہا اولیاء اللہ کے مقام کی ابتداء ہے اور اولیاء کے مقام کی انتہاء شہداء کے مقام کی ابتدا ہے۔ اور شہداء کے مقام کی انتہاء صدیقوں کے مقام کی ابتدا ہے اور صدیقوں کے مقام کی انتہا نبیوں کے مقام کی ابتدا ہے۔ اور نبیوں کے مقام کی انتہا رسُولوں کے مقام کی ابتدا ہے۔ اور رسولوں کے مقام کی انتہا حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے مقام کی ابتدا ہے۔ صلی اللہ علیہ وسلم۔ اور حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے مقام کی انتہا کسی کو بھی معلوم نہیں صرف اللہ تعالیٰ ہی آپ کے مقام و مرتبہ کو جانتا ہے۔ روزِ ازل اور روزِ میثاق روحوں کا مقام انہی مراتب پر تھا جو اوپر درج

کر دیئے گئے ہیں اور روزِ قیامت بھی یہی مراتب ہوں گے۔
اِنہی مراتب پر ہی اُن کو اللہ تعالیٰ کی محبت کے اسرار نصیب ہوں گے۔

(۱۵) آپ سے دریافت کیا گیا کہ نماز کی صحیح تعریف کیا ہے؟ فرمایا کہ جس کے ذریعے خُدا سے ملاقات ہو سکے۔

(۱۶) فرمایا! کہ تیئس ۲۳ سال تک تو اللہ تعالیٰ میرا آئینہ بنا رہا ہے لیکن اب میں خود آئینہ بن گیا ہوں۔ اس لیے کہ میں نے اُس کی یاد میں خود کو بھی فراموش کر دیا ہے اور اب اللہ تعالیٰ میری زبان بن چکا ہے یعنی میری زبان سے نکلنے والے کلمات گویا نطقِ خداوندی سے نکلتے ہیں اور میرا وجود درمیان سے ختم ہو جاتا ہے۔

حضرت ابوالحسن خرقانیؒ کے پرانے مزار شریف کی یادگار تصویر (اب ایرانی حکومت نے اس کو شہید کر کے اس پر ایک نیا روضہ شریف تعمیر کیا ہے)

تصویر از رسالہ قدسیہ لشکریہ دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر



ابوالحسن خرقانی رحمۃ اللہ علیہ کے مزار شریف کے دروازے پر نصب تختی
[illegible]راز "کارنامہ آثار ملی" بشکریہ خانہ فرہنگ جمہوری ایران راولپنڈی

حضرت ابوالحسن خرقانیؒ کے مزار شریف کی خوبصورت تصویر

تصویر از "کارنامہ آثارِ ملی" بشکریہ خانہ فرہنگ جمہوری ایران راولپنڈی



حضرت ابوالحسن خرقانی رحمۃ اللہ علیہ کے مزار شریف پر سلجوقی عہد میں قائم محراب شریف
کا خوبصورت منظر۔ تصویر از "کارنامہ آثارِ ملی"۔ لشکر یہ خانہ فرہنگ جمہوری ایران راولپنڈی

(۷)

حضرت شیخ ابُوالحسن خرقانی رحمۃ اللہ علیہ

خرقان ۳۵۲ھ / ۹۶۳ء — ۴۲۵ھ / ۱۰۳۳ء خرقان

مادۂ تاریخِ رحلت

"واصل رحمٰن"	"شاہِ احسن"	"نورِ حقانی"
۴۲۵ھ	۴۲۵ھ	۴۲۵ھ
"بیتِ جُود"	"محبوب وطیّب قمر"	"مطلع انوارِ حق"
۴۲۵ھ	۴۲۵ھ	۴۲۵ھ

حضرت شیخ ابوالحسن خرقانی رحمۃ اللہ علیہ

آپ کا اسمِ گرامی علی بن احمد اور کنیت ابوالحسن ہے۔ طریقت میں بطریق اویسیت حضرت سلطان العارفین بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ سے آپ کی روحانی تربیت ہوئی کیونکہ آپ کی ولادت حضرت بایزید کی وفات کے بعد ۳۵۲ھ/۹۶۲ء میں ہوئی۔

آپ مشائخ کے سردار، اوتاد و ابدال کے قطب اور اہلِ طریقت و خفیفت کے پیشوا تھے توحید و معرفت میں کمال کے درجہ پر فائز تھے۔ اُن کے شب و روز ریاضت و مجاہدہ اور حضور و مشاہدہ میں گزرتے تھے۔ آپ کے زہد و عبادت، تقویٰ و پرہیزگاری اور سلوک و معرفت کے پیشِ نظر ہی حضرت شیخ ابوالعباس قصابؒ نے فرمایا تھا کہ ہمارے بعد ہمارا بازار ابوالحسن خرمانی سنبھالیں گے۔ چنانچہ ایسا ہی ہُوا۔

حضرت استاذ ابوالقاسم قشیری رحمۃ اللہ علیہ کا بیان ہے کہ میں جب خرقان کی حدود میں داخل ہوا تو حضرت ابوالحسن خرقانی کی دہشت سے میری فصاحت و بلاغت جاتی رہی میں نے خیال کیا کہ میں اپنی ولائیت سے معزول ہو گیا۔

اوائل زندگی میں آپ کا یہ معمول تھا کہ نمازِ عشا باجماعت خرقان میں ادا کر کے حضرت بایزیدؒ کے مزار مقدس بسطام کی زیارت کے لیے روانہ ہو جاتے وہاں پہنچ کر یوں دعا کرتے:۔

"خدایا! جو خلعت تُو نے بایزیدؒ کو عطا کیا ہے وہ ابوالحسن کو بھی عطا فرما"

پھر زیارت سے فارغ ہو کر خرقان واپس ہوتے اور تمام راستے میں اپنے شیخ کے مزار مبارک کی طرف پیٹھ نہ کرتے۔ اور نمازِ فجر عشاء کے وضو کے ساتھ خرقان میں ادا کرتے۔ بارہ برس کی مسلسل حاضری اور دعاؤں کے بعد مزار مبارک سے آواز آئی، اے ابوالحسنؒ! اب تمہارے بیٹھنے کا وقت آگیا ہے۔ یہ سُن کر عرض کیا کہ میں ان پڑھ ہوں رموزِ شریعت سے چنداں واقف نہیں۔ آواز آئی کہ تم نے جو کچھ خدا سے مانگا وہ تمہیں مل گیا۔ فاتحہ شروع کیجیے۔ جب آپ خرقان واپس پہنچے تو قرآن مجید ختم کر لیا اور علومِ ظاہری و باطنی آپ پر منکشف ہو گئے۔

ایک روز آپ بہت سے درویشوں کے ساتھ خانقاہ میں تشریف فرما تھے اور سات دن سے فاقہ گزار رہے تھے۔ ایک شخص آٹے کی ایک بوری اور ایک بکری لے کر حاضر ہوا اور آواز دی کہ میں یہ صوفیوں کے لیے لایا ہوں۔ آپ نے درویشوں سے فرمایا کہ تم میں سے جو صوفی ہو لے لے، مجھ میں تو جرأت نہیں ہے کہ تصوف کا دعویٰ کروں۔ یہ سُن کر کسی نے بھی نہ لیا اور وہ شخص واپس لے گیا۔

روایت ہے کہ حضرت بایزید بسطامی ہر سال ایک مرتبہ دہستان میں شہیدوں کی قبروں کی زیارت کے لیے تشریف لے جاتے تھے۔ جب موضع خرقان سے گزارتے تو ٹھہر جاتے اور اس طرح سے سانس لیتے جیسے کوئی خوشبو سونگھتا ہے۔ مریدوں نے پوچھا کہ آپ کس چیز کی بُو سونگھتے ہیں ہم کو تو کچھ محسوس نہیں ہوتا۔ آپ نے ارشاد کیا کہ چوروں، ڈاکوؤں اور راہزنوں کے اس گاؤں سے ایک مردِ خدا کی خوشبو آتی ہے جس کا نام علیؓ اور کنیت ابوالحسن ہے۔ اُس میں تین باتیں مجھ سے زیادہ ہوں گی وہ اہل[1] و عیال کا بوجھ اٹھائے گا، کھیتی[2] باڑی کرے گا اور درخت[3] لگایا کرے گا

آپ زُہد و تقویٰ اور پابندیِ شریعتِ مطہرہ کے معاملہ میں عبقریٔ عصر اور نابغۂ روزگار تھے چالیس سال تک آپ نے سر تکیہ پر نہیں رکھا اور صبح کی نماز عشاء کے وضو سے پڑھی۔ ایک دفعہ ایک شخص آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی کہ مجھے اپنا خرقہ پہنائیں۔ آپ نے فرمایا کہ پہلے مجھے ایک مسئلہ کا جواب دو کہ اگر عورت

ے کپڑے پہن لے تو کیا وہ مرد بن جائیگی۔ اُس شخص نے کہا کہ نہیں۔ فرمایا کہ پھر خرقہ
ے کیا فائدہ۔ اگر تُو مرد نہیں ہے تو خرقہ پہننے سے مرد نہیں ہو سکتا۔
ایک شخص نے عرض کیا کہ آپ مجھے اجازت بخشیں کہ میں لوگوں کو خدا کی طرف آنے
دعوت دُوں۔ آپ نے فرمایا کہ اللہ کی طرف دعوت دینا۔ خبردار کہیں ایسا نہ ہو کہ
ی طرف دعوت دینے لگ جاؤ۔ اُس نے عرض کیا کہ اپنی طرف دعوت کیسی ہوتی ہے!
رمایا اس کے یہ معنی ہیں کہ اگر کوئی اور شخص بھی لوگوں کو اللہ تعالیٰ کی دعوت دے اور تجھے
ار گزرے تو یہ اپنی طرف دعوت دینے کی نشانی ہے۔
ایک مرتبہ ایک شخص آپ کی زیارت کے لیے حاضر ہوا۔ آپ اُس وقت گھر پر
ریف فرما نہیں تھے اُس نے آواز دی تو آپ کی بیوی نے جواب دیا کہ اس زندیق
ر کذاب سے تجھے کیا غرض ہے۔ پھر اس کے علاوہ بے شمار نازیبا کلمات کہے
شخص کے دل میں خیال آیا کہ جس شخص کی بیوی منکر ہے۔ وہ کیسے باوقار، باخدا
ر باکرامت ہو سکتا ہے۔ خیر آپ کی تلاش میں جنگل کو نکل گیا۔ کیا دیکھتا ہے کہ آپ
یک شیر پر لکڑیوں کا گٹھا رکھ کر چلے آ رہے ہیں۔ عرض کیا کہ معاملہ سمجھ سے باہر ہے
گر کا وہ حال اور باہر کا یہ حال۔ آپ نے ارشاد کیا کہ جب میں ایسی بکری (یعنی بیوی)
بوجھ برداشت نہیں کروں گا، تو شیر میرا بوجھ کیسے اُٹھائے گا۔
آپ کی کرامات بیحد و حساب ہیں۔ ذیل میں چند ایک کا ذکر کیا جاتا ہے۔ تاکہ
پ کی عظمت و سطوت کا اندازہ ہو سکے۔
(۱) سلطان محمود غزنویؒ آپ کی زیارت کے ارادہ سے خرقان پہنچا۔ ایک شخص کی
زبانی آپ کو یہ پیغام بھیجا کہ سلطان آپ کی زیارت کے لیے غزنی سے آیا ہے
اگر آپ خانقاہ سے باہر تشریف لا کر سلطان کی بارگاہ میں قدم رنجہ فرمائیں تو
آپ کی عنایت سے کچھ بعید نہ ہوگا۔ اور قاصد سے کہہ دیا کہ اگر شیخ انکار کریں
تو اُن کے سامنے یہ آیت پڑھ دینا۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَطِيعُوا — اے ایمان والوں! حکم مانو اللہ کا اور

اللّٰہَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِی الْاَمْرِ مِنْکُمْ۔ (نساء ع ۸)

اُس کے رسولؐ کا اور اُن کا جو اختیار ہیں تم میں سے۔

قاصد نے جب آپ کو یہ پیغام دیا تو آپ نے انکار فرمایا۔ اس پر قاصد نے مذکو بالا آیت پڑھ کر سُنائی۔ شیخ نے جواب دیا کہ مجھے معذور رکھیے اور محمود سے کہہ دیں کہ میں اطیعوا اللّٰہ میں ایسا مستغرق ہوں کہ اطیعوا الرسول[1] سے بھی شرمندہ ہوں اولی الامر تو ایک طرف رہا۔ جب قاصد نے سلطان محمودؒ سے یہ جواب عرض کیا تو سلطان آبدیدہ ہو گیا اور کہنے لگا کہ آؤ ہم خود اُس کی بارگاہ میں جبین عقیدت جھکائیں۔ یہ مردِ خدا ایسا نہیں ہے جیسا کہ ہم نے خیال کیا تھا۔ اپنا شاہی لبا اپنے غلام ایاز کو پہنایا اور خود ایاز کے کپڑے پہن لیے۔ دس لونڈیوں کو غلاموں کا لباس پہنا کر آپ کے امتحان کی غرض سے خانقاہ شریف کا رُخ کیا۔ سب نے حا ہو کر سلام عرض کیا تو آپ نے سلام کا جواب دیا مگر تعظیم کے لیے نہ اُٹھے۔ پھر آپ نے سلطان کی طرف توجہ کی اور ایاز کی طرف مطلق نگاہ نہ کی۔ سلطان محمود نے عرض کیا کہ آپ سلطان کی تعظیم کے لیے نہیں اُٹھے۔ آپ نے ارشاد کیا کہ یہ سب کچھ جال ہے۔ محمود نے کہا ہاں جال ہے مگر اس کا پرندہ آپ نہیں ہیں۔ پھر آپ نے محمود کا ہاتھ پکڑ

---

[1] حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ، ارشاد فرماتے ہیں کہ "حضرت شیخ ابوالحسن خرقانی (رح) نے حق سبحانہ، کی اطاعت کو اُس کے رسولؐ کی اطاعت کے منافی جانا یہ بات استقامت سے دُور ہے۔ مستقیم الاحوال مشائخ اس قسم کی باتوں سے پرہیز کرتے ہیں اور شریعت و طریقت و حقیقت کے تمام مراتب میں حق سبحانہ کی اطاعت کو اُس کے رسولؐ کی اطاعت میں جانتے ہیں۔ اور حق سبحانہ کی اطاعت کو جو اُس کے رسول علیہ السلام کی اطاعت کے منافی ہو عین گمراہی خیال کرتے ہیں"۔ خلاصہ یہ کہ حضرت شیخ کا یہ کلام حالتِ غلبۂ حال میں صادر ہوا ہے ورنہ اطاعتِ رسولؐ عین اطاعت حق سبحانہ ہے۔

(مکتوبات شریف دفتر اوّل مکتوب ۱۵۲)

کر فرمایا، آگے آؤ، تم مقدم ہو۔ پس سلطان محمود بیٹھ گیا اور عرض کیا کہ مجھے کچھ ارشاد فرمایئے آپ نے فرمایا کہ نامحرموں کو نکال دو۔ محمود نے اشارہ کیا اور وہ لونڈیاں باہر چلی گئیں پھر عرض کیا کہ حضرت بایزید رحمۃ اللہ علیہ کی کوئی حکایت ارشاد فرمایئے۔ آپ نے فرمایا سُنو کہ انہوں نے فرمایا ہے جس نے مجھے دیکھا وہ بدبختی سے محفوظ ہو گیا۔ محمود نے کہا کہ حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا مرتبہ تو بایزید سے زیادہ تھا پھر ابوجہل اور ابولہب جنہوں نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کیوں شقی رہے۔ آپ نے ارشاد کیا: اے محمود ادب کو ملحوظ رکھ اور اپنی بساط سے باہر پاؤں مت رکھ۔ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو سوائے صحابہ کرام کے کسی نے نہیں دیکھا۔ اس کی دلیل قرآن حکیم میں یوں ہے۔

وَتَرٰىهُمْ يَنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ وَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ۔ (اعراف۔ ع ۲۴)	اور تُو اُن کو دیکھتا ہے کہ وہ چشم ظاہر سے تیری طرف دیکھتے ہیں۔ حالانکہ چشم بصیرت سے تجھے نہیں دیکھتے۔

محمود! ابوجہل اور ابولہب نے حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو چشم ظاہر سے دیکھا جب کہ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ عنہ نے چشم باطن سے دیکھا۔ ابوجہل اور ابولہب نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک یتیم کی حیثیت سے دیکھا جب کہ صحابہ کرام نے آپ کو اللہ تعالیٰ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی حیثیت سے دیکھا۔" یہ بات محمود کے دل کو بہت اچھی لگی۔ اور عرض کرنے لگا کہ مجھے نصیحت فرمایئے۔ آپ نے فرمایا کہ چار چیزوں کو اختیار کیجئے۔ پرہیزگاری[۱]، نماز باجماعت[۲]، سخاوت[۳]، خلقِ خدا پر شفقت[۴]۔ سلطان محمود نے التجا کی کہ میرے لیے دُعا فرمائیں۔ آپ نے ارشاد کیا کہ میں پانچوں وقت دعا کرتا ہوں۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ۔	یا اللہ! مومنین و مومنات کے گناہ بخش دے۔

سلطان نے کہا کہ خاص دُعا فرمایئے۔ فرمایا۔ اے محمود! تیری عاقبت محمود ہو

اس کے بعد سلطان نے اشرفیوں کی تھیلی پیش کی آپ نے جَو کی ایک روٹی اُس کے آگے رکھ کر فرمایا کہ اسے کھایئے۔ سلطان چباتا تھا مگر حلق سے نیچے نہ اُترتی تھی۔ آپ نے دریافت فرمایا کہ کیا تمہارا گلا پکڑتی ہے۔ محمود نے کہا ہاں۔ فرمایا تمہاری اشرفیوں کی تھیلی بھی اسی طرح میرا گلا پکڑتی ہے اِسے لے جاؤ۔ سلطان نے عرض کیا کہ مجھے اپنی کوئی یادگار مرحمت فرمایئے آپ نے اپنا پیراہن عطا فرمایا۔ جب محمود واپس آنے لگا تو آپ اُس کی تعظیم کو اُٹھے۔ سلطان نے کہا کہ جب میں آیا تھا آپ نے کچھ التفات نہ کی اور اب تعظیم کے لیے کھڑے ہو گئے ہیں۔ فرمایا۔ اُس وقت تو بادشاہی رعونت اور امتحان کی نخوت میں آیا تھا اور اب تو عاجزی وانکساری کا مجسمہ بن کر جا رہا ہے۔ لہذا میں تب تیری بادشاہی کے لیے نہ اُٹھا اور اب تیری درویشی کے لیے کھڑا ہو گیا۔ غرض سلطان وہاں سے چلا آیا اور جب سومنات کے مندر کو فتح کرنے کے لیے لشکر کشی کی اور شکست کا خطرہ پیدا ہونے لگا تو اضطراب و بیقراری کی حالت میں گوشہ تنہائی میں آپ کے پیراہن کو ہاتھ میں لے کر اور پیشانی زمین پر رگڑ کر یُوں دُعا کی۔

الٰہی بآبروئے ایں خرقہ مرا بریں کفار ظفر دہ کہ ہر چہ از نیجا غنیمت بگیرم بدرویشاں بدہم

خداوندا! اس خرقہ کے طفیل اور صدقے مجھے اِن کافروں پر فتح دے یہاں سے جو مال غنیمت ہاتھ آئیگا وہ سب کا سب درویشوں محتاجوں اور حاجت مندوں کو دے دُوں گا۔

اچانک لشکرِ کفار کی طرف سے رعد و ظلمت (آسمانی بجلی کی کڑک اور تاریکی) اس شدت سے نمودار ہوئی کہ انہوں نے ایک دوسرے کو ہی تہ تیغ کیا اور باقی ماندہ اِدھر اُدھر بھاگ گئے۔ اس طرح اسلامی لشکر کو فتح و نُصرت نصیب ہوئی۔ اُسی رات محمود نے خواب میں دیکھا کہ حضرت شیخ فرما رہے ہیں۔ اے محمود! تُو نے ہمارے پیراہن کی قدر نہ کی، اگر تُو اس وقت خدا تعالیٰ سے دُعا کرتا کہ تمام کفار مسلمان ہو جائیں تو سب مسلمان ہو جائے۔

(۲) ایک روز حضرت شیخ عبداللہ داستانی رحمۃ اللہ آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے اُس وقت آپ کے آگے ایک تھال پانی سے بھرا ہوا رکھا تھا۔ شیخ موصوف نے تھال میں ہاتھ ڈال کر ایک زندہ مچھلی نکال کر آپ کے سامنے رکھ دی۔ آپ نے نظر کی تو سامنے ایک گرم تنور نظر پڑا۔ آپ نے اُس میں ہاتھ ڈال کر زندہ مچھلی نکال لی اور فرمایا کہ پانی میں سے زندہ مچھلی کا نکالنا آسان کام ہے مزا تو جب ہے کہ آگ سے نکالی جائے۔ شیخ نے کہا۔ آؤ ہم دونوں اس تنور میں کود پڑیں، پھر دیکھیں کہ کون زندہ نکلتا ہے۔ آپ نے فرمایا، اے عبداللہ! آ ہم اپنی نیستی میں چلے جائیں اور پھر دیکھیں کہ اُس کی ہستی کے ساتھ کون نکلتا ہے شیخ نے اِس پر خاموشی اختیار کر لی۔

(۳) آپ کے ایک مرید نے درخواست کی کہ مجھے کوہِ لبنان میں جا کر قُطبِ عالم کی زیارت کرنے کی اجازت عنایت فرمائیں۔ آپ نے اجازت دے دی جب وہ مرید سفر کی صعوبتیں برداشت کر کے لبنان پہنچا تو کیا دیکھتا ہے کہ بہت سے لوگ ایک جنازہ سامنے رکھے قبلہ رو بیٹھے ہیں۔ مرید نے پوچھا کہ نماز جنازہ کیوں نہیں پڑھتے۔ انہوں نے کہا کہ قطب عالم کی انتظار ہے۔ وہ ہر روز یہاں پانچوں وقت کی امامت کرتے ہیں۔ یہ سُن کر مرید خوش ہوا کہ اب زیارت ہو جائیگی قطبِ عالم تشریف لائے اور امام بن کر نماز جنازہ ادا کی۔ مرید پر دہشت طاری ہو گئی اور بے ہوش ہو کر گر پڑا۔ جب ہوش میں آیا تو لوگ مردہ کو دفنا چکے تھے اور قطب عالم تشریف لے جا چکے تھے۔ مرید نے لوگوں سے پوچھا کہ یہ شخص کون تھا جو قطبِ عالم کے نام سے پہچانا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ حضرت ابوالحسن خرقانی ہیں۔ مرید نے پھر پوچھا کہ اب کب تشریف لائیں گے؟ لوگوں نے بتایا کہ اب دوسری نماز کے وقت جلوہ افروز ہوں گے۔ اس پر مرید رونے لگا اور کہا کہ میں اُن کا مرید ہوں، مجھے معلوم نہ تھا کہ قطب عالم وہی ہیں ورنہ یہ دور و دراز کا سفر اختیار نہ

کرتا۔تم میری سفارش کرتا کہ وہ مجھے خرقان لے چلیں۔جب نماز کا وقت آیا، آپ تشریف لائے۔امامت فرمائی اور جب سلام پھیرا تو مریدنے آپ کا دامن پکڑ لیا اور عرض کیا کہ میں پشیمان و شرمسار ہوں خدا را مجھے بھی خرقان لے چلیں آپ نے فرمایا کہ تجھے اس شرط پر خرقان لے چلتا ہوں کہ جو کچھ تُو نے دیکھا ہے کسی پر ظاہر نہ کرے۔کیونکہ میں نے اللہ تعالیٰ سے درخواست کی ہے کہ اس جہان میں مجھے خلقت سے پوشیدہ رکھے۔چنانچہ مجھے سوائے بایزید بسطامی کے کسی مخلوق نے نہیں دیکھا۔

(۴) آپ سماع بالکل نہیں سنتے تھے لیکن جب شیخ ابوسعید آپ کی زیارت کے لیے آئے تو کھانا سے فارغ ہونے کے بعد اجازت طلب کی کہ قوال کچھ گائیں۔آپ نے فرمایا کہ ہمیں سماع کی بالکل رغبت نہیں ہے مگر آپ کی موافقت اور دلجوئی کے لیے سُن لیتے ہیں قوالوں نے ایک شعر پڑھا تو شیخ ابوسعید نے کہا اے شیخ! اب وقت ہے کہ آپ اُٹھیں۔آپ اُٹھے اور اپنی آستین کو تین بار حرکت دی اور سات مرتبہ قدم مبارک زمین پر مارا۔خانقاہ کی تمام دیواریں آپ کی موافقت میں ہلنے لگیں۔شیخ ابوسعید نے کہا۔یا شیخ! اب بس کیجئے ورنہ خانقاہ کی تمام دیواریں خراب ہو جائیں گی اور قسم ہے خداوند ذوالجلال کی عزت کی کہ زمین و آسمان بھی آپ کی موافقت میں رقص کرنے لگیں گے۔اس کے بعد آپ نے فرمایا، اے ابوسعید! سماع اُس شخص کے لیے جائز ہے جس کی نظر اوپر عرشِ معلیٰ تک اور نیچے تحت الثریٰ تک ہو اور پھر اپنے مریدوں سے ارشاد کیا کہ اگر تُم سے کوئی دریافت کرے کہ رقص کیوں کرتے ہو تو یہ جواب دینا کہ ان لوگوں کی موافقت میں جو ہو گزرے ہیں اور وہ ایسے ہوا کرتے ہیں۔

(۵) ایک دفعہ حضرت شیخ ابوسعید رح آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔اُس وقت آپ کے ہاں جَو کی چند روٹیاں موجود تھیں جو آپ کی بیوی نے خود پکائی

تھیں۔ لوگوں کا خاصا اجتماع تھا۔ آپ نے اپنی بیوی سے فرمایا کہ ان روٹیوں پر چادر ڈال دو اور جتنی روٹیاں چاہو نکال نکال کر باہر بھیجتی رہو۔ بیوی نے ایسا ہی کیا، خادم روٹیاں لاتا رہا اور لوگ ذوق و شوق سے کھاتے رہے مگر وہ روٹیاں جوں کی توں باقی بچی رہیں۔ مگر جب آپ کی بیوی نے چادر اُٹھا دی تو کوئی روٹی باقی نہ رہی۔ آپ نے بیوی سے کہا کہ تُو نے غلطی کی، اگر تو چادر نہ اُٹھاتی تو قیامت تک اسی طرح اِس چادر کے نیچے سے روٹیاں نکلتی رہتیں اور خلقِ خدا کھاتی رہتی۔

(۶) شیخ بوعلی سینا آپ کی شہرت سے متاثر ہو کر آپ کی زیارت کے لیے حاضر ہوئے جب آپ کے دولت خانہ پر پہنچے تو آپ ایندھن لانے کے لیے جنگل کی طرف گئے ہوئے تھے آپ کی بیوی سے پوچھا کہ کب واپس تشریف لائیں گے۔ بیوی نے جواب دیا کہ تُم کو ایسے زندیق کذاب سے کیا کام ہے! اور بہت کچھ نازیبا اور غیر شائستہ باتیں کیں۔ بوعلی سینا کے دل میں خیال آیا جس کی بیوی ہی منکر ہے اُس کا کیا حال ہوگا۔ پھر آپ کی زیارت کے لیے جنگل کی راہ لی۔ ناگاہ دیکھا کہ آپ تشریف لا رہے ہیں اور درمنہ (جوہری جوائن کی گھاس) کا گٹھا شیر پر لدا ہوا ہے۔ بوعلی نے حیران ہو کر دریافت کیا کہ یا شیخ! یہ کیا حالت ہے! آپ نے ارشاد فرمایا کہ اگر میں ایسے بھیڑیئے (یعنی بیوی کی بدزبانی) کا بوجھ نہ اٹھاؤں تو شیر میرا بوجھ کیسے اٹھائے۔

جب دولت خانہ پر واپس آئے تو بوعلی بیٹھ گئے اور آپس میں بہت سی باتیں ہوئیں آپ نے دیوار بنانے کے لیے گارا تیار کیا ہُوا تھا، فرمانے لگے میں نے دیوار بنانی ہے لہذا معذور سمجھیئے۔ یہ فرما کر دیوار بنانے لگے اچانک تیشہ آپ کے ہاتھ سے گر پڑا۔ بوعلی سینا نے اُٹھا کر پکڑانا چاہا مگر اُس سے قبل ہی تیشہ آپ کے ہاتھ میں پہنچ گیا۔ یہ دیکھ کر بُوعلی سینا کے دل میں آپ کی عقیدت و محبت مزید مستحکم ہو گئی۔

آپ کی وفات مبارک کا وقت نزدیک آیا تو وصیت فرمائی کہ میری قبر تیس گز گہری کھودنا تاکہ حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ کی قبر سے اونچی نہ رہے چنانچہ ایسا ہی کیا گیا۔ اس کی وجہ یہ فرمائی کہ خرقان کی نسبت بسطام شہر پستی میں واقع تھا۔ اگر آپ کی قبر اونچی رہتی تو یہ ترکِ ادب ہوتا کہ پیر کی قبر نیچے اور مرید کی قبر بلند۔ ۱۰ محرم ۴۲۵ھ سنہ ۱۰۳۳ کو آپ کا وصال ہوا۔ اور خرقان میں آخری آرام گاہ بنی جو آج تک مرجعِ خاص و عام ہے۔ یہ بات مشہور ہے کہ آپ نے ارشاد فرمایا تھا جو شخص میرے سنگِ مزار پر ہاتھ رکھ کر دُعا مانگے گا۔ وہ قبول ہو جائیگی اور یہ بات بارہا تجربہ میں آچکی ہے۔ حکیم الامت اقبالؒ نے یُوں ہی تو نہیں کہہ دیا کہ ؎

کیمیا پیدا کن از مُشتِ گلے
بوسہ زن بر آستانہ کاملے

ارشاداتِ قدسیہ

(۱) ایک دن آپ نے اپنے مریدوں سے پوچھا کہ کونسی چیز بہتر ہے! انہوں نے عرض کیا، یا شیخ آپ ہماری نسبت زیادہ جانتے ہیں۔ آپ نے فرمایا:۔ "وہ دل بہتر ہے جس میں خدا کی یاد ہو"

(۲) لوگوں نے آپ سے پوچھا کہ صوفی کی کیا تعریف ہے؛ آپ نے فرمایا، صوفی وہ نہیں ہوتا جس کے پاس گُدڑی اور جانماز ہو اور رسُوم و عادات صوفیوں جیسی رکھتا ہو بلکہ صُوفی وہ ہوتا ہے جو نیست (فناہ، معدوم) ہو۔ اور صوفی اُس دن ہوتا (بنتا) ہے جب اُس کو آفتاب کی حاجت نہ ہو اور اس رات ہوتا ہے جب اُسے چاند اور ستاروں کی محتاجی نہ ہو اور ایسا نیست ہوتا ہے کہ ہستی کی حاجت نہ ہو۔

(۳) آپ سے پُوچھا گیا کہ صدق کیا چیز ہے۔ فرمایا۔ صدق یہ ہے کہ دل سے بات کہے یعنی وہ بات کہے جو اُس کے دل میں ہو۔ (حکیم الامت علامہ اقبال

نے اسی مضمون کو یُوں ادا کیا ہے ۔ ؎

ہزار خوف ہو لیکن زبان ہو دل کی رفیق
یہی رہا ہے ازل سے قلندروں کا طریق! ۔ (قصُوری)

(۴) آپ سے دریافت کیا گیا کہ مرد کس چیز سے اپنے آپ کو پہچانے کہ وہ جاگتا ہے فرمایا:۔ اس بات سے کہ جب وہ اللہ تعالیٰ کو یاد کرے تو سر سے قدم تک اُس کا تمام جسم یادِ الٰہی سے باخبر ہو۔

(۵) آپ سے پوچھا گیا کہ اخلاص کس چیز کا نام ہے۔ فرمایا:۔ جو کچھ تو خدا کی رضا جوئی کے لیے کرتا ہے وہ اخلاص ہے اور جو کچھ لوگوں کی خوشنودی کے لیے کرتا ہے وہ ریا ہے۔

(۶) آپ سے دریافت کیا گیا کہ فنا، بقا میں کلام کرنے کا حق کس کا ہے۔ فرمایا اُس شخص کا کہ جو ایک تار سے آسمان سے لٹکتا ہو اور ایسی تیز آندھی چلے کہ درختوں عمارتوں اور ہر چیز کو تہہ و بالا کر دے، تمام پہاڑوں کو اکھیڑ دے اور تمام دریاؤں، صحراؤں اور سمندروں کو اُلٹ دے مگر اُس کو اپنی جگہ سے نہ ہلا سکے۔

(۷) اُس شخص کے ساتھ ہرگز صحبت نہ رکھو جس کے سامنے تم خدا کا ذکر کرو اور وہ کچھ اور کہے۔

(۸) غم واندوہ کی طلب کر یہاں تک کہ تیری آنکھ سے آنسو نکل پڑیں کیونکہ اللہ تعالیٰ رونے والوں کو دوست رکھتا ہے۔

(۹) اگر کوئی شخص راگ گائے اور اُس کی وساطت سے خدا کو طلب کرے، وہ اس شخص سے بہتر ہے جو قرآن پڑھے اور اُس کے ذریعے سے خدا کو طلب نہ کرے۔

(۱۰) حضور سیّد عالم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وارث وہ شخص ہے جو آپؐ کے قول و فعل کی پیروی کرے نہ کہ وہ شخص جو کاغذ کو سیاہ کرے۔

(۱۱) حضرت شبلی رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے کہ میں یہ چاہتا ہوں کہ کچھ نہ چاہوں۔ اس پر آپ نے فرمایا یہ بھی طلب ہے۔

(۱۲) آج چالیس سال ہو گئے ہیں کہ میں ایک ہی حالت میں ہوں اور اللہ تعالیٰ میرے دل کو دیکھتا اور اپنے سوا کسی اور کو نہیں پاتا۔ مجھ میں غیر اللہ کے لیے کوئی شے باقی نہیں رہی اور نہ ہی میرے سینہ میں غیر کے لیے قرار رہا ہے۔

(۱۳) دُنیا میں عالم و عابد بہت ہیں لیکن تجھے ایسا ہونا چاہیئے کہ تو صبح سے شام اور شام سے صبح اس طرح کرے جیسا کہ خدا تعالیٰ پسند فرماتا ہے۔

(۱۴) چالیس سال سے میرا نفس ٹھنڈے پانی یا کھٹی چھاچھ (کھٹی لسی) کا ایک گھونٹ طلب کرتا ہے مگر اب تک میں نے اُس کو نہیں دیا۔

(۱۵) دلوں میں سب سے روشن دِل وہ ہے کہ جس میں مخلوق نہ ہو اور کاموں میں سب سے اچھا کام وہ ہے جس میں مخلوق کا ڈر نہ ہو اور نعمتوں میں سے سب سے حلال وہ نعمت ہے جو تیری کوشش اور ہمت سے ہو اور رفیقوں میں سب سے اچھا وہ رفیق ہے جس کی زندگی اللہ تعالیٰ کے لیے بسر ہو۔

(۱۶) مجھے تین چیزوں کی غایت (انتہا) معلوم نہیں ہوئی۔ حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے درجات نفس کا مکر۔ معرفت

(۱۷) میں نے خدا تعالیٰ کی طرف سے یہ آواز سُنی۔ میرے بندے! اگر تُو غم کے ساتھ میرے سامنے آئے گا تو تجھے خوش کروں گا، اگر حاجت و فقر کے ساتھ آئے گا تو تجھے تونگر (امیر) کر دوں گا اور جب تو اپنے آپ سے بالکل دست بردار ہو جائے گا تو پانی اور ہوا کو تیرے مطیع کر دوں گا۔

(۱۸) میں نے پایا دو چیزوں کو دو چیزوں میں۔ عافیت تنہائی میں اور سلامتی خموشی میں۔

(۱۹) تمام مسلمان نماز پڑھتے ہیں اور روزے رکھتے ہیں مگر مرد وُہ ہے کہ ساٹھ سال کی عمر تک اُس کے نامۂ اعمال میں فرشتے کو کوئی ایسی بات نہ لکھنی پڑے

کہ جس کے سبب اُسے اللہ تعالیٰ سے شرمندہ ہونا پڑے۔ اور اُس کے لیے لازم ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کو ایک لمحہ بھی فراموش نہ کرے (آپ کے اس قول میں فلسفہ یہ ہے کہ جو مسلمان ساٹھ سال کی عمر تک تقویٰ و پرہیزگاری کے سبب گناہ سے بچا رہے گا تو اُس کے بعد اُس سے گناہ سرزد ہونے کی قوت ہی سلب ہو جاتی ہے۔ اور اُس پر نیکی کی قوت غالب آجاتی ہے اور بدی کی قوت ناپید ہو جاتی ہے۔ قصوری)

(۲) تین مقام ایسے ہیں کہ جہاں پر فرشتے اولیاء اللہ سے بہت زیادہ دہشت کھاتے ہیں۔ موت کا فرشتہ اُن کی جان نکالنے کے وقت۔ کراماً کاتبین اُن کے عمل لکھنے کے وقت اور منکر نکیر اُن سے سوال کے وقت۔

(۲۱) ایک روز اللہ تعالیٰ نے مجھے آواز دی کہ جو بندہ تیری مسجد میں آئے گا، دوزخ کی آگ اُس پر حرام ہو گی اور جو کوئی تیری زندگی یا تیری رحلت کے بعد تیری مسجد میں دو رکعت نماز پڑھے گا، قیامت کے دن عابدوں کے گروہ میں اُٹھے گا۔

(۲۲) خدا تعالیٰ کے ایسے بندے بھی ہیں جو رات کو تنگ و تاریک گھر میں سوتے ہیں اور لحاف متبرید ہوتا ہے تو آسمان کے ستاروں اور چاند کی سیر کو دیکھتے ہیں لوگوں کی اُس اطاعت اور گناہ کو دیکھتے ہیں جو فرشتے آسمان پر لے جاتے ہیں اور لوگوں کے رزقوں کو دیکھتے ہیں جو آسمان سے زمین پر آتے ہیں۔ اور اُن فرشتوں کو دیکھتے ہیں جو آسمان سے زمین پر آتے ہیں اور پھر آسمان پر چلے جاتے ہیں اور آفتاب کو دیکھتے ہیں جو کہ زمین میں گزرتا ہے۔

(۲۳) دین کو شیطان سے اتنا اندیشہ نہیں جتنا کہ دنیا پرست عالم اور بے علم زاہد سے۔

(۲۴) بہت سے آدمی ایسے ہیں کہ زمین پر چلتے ہیں لیکن مُردہ ہیں اور بہت سے آدمی ایسے ہیں کہ وہ زمین کے اندر سوتے ہیں مگر وہ زندہ ہیں حضرت سلطان باہوؒ

نے اس حقیقت کو کس حسین انداز میں بیان فرمایا ہے ۔ ؎

اِک جاگن اِک جاگ نہ جانن اِک جاگدیاں ایں سُتنے ہو۔
اِک سُتیاں ایں جاواصل ہوئے جنہاں کھوہ پریم دے جُتے ہو ۔ (قصوری)

(۲۵) کاش کہ جنت اور دوزخ کا وجود نہ ہوتا تاکہ یہ معلوم ہو سکتا کہ اللہ تعالیٰ کے پرستاروں کی تعداد کتنی ہے اور دوزخ سے بچنے کے لیے کتنے بندے اُس کی عبادت کرتے ہیں۔

حضرت شیخ ابو علی فارمدیؒ کے مزار شریف کا یادگار فوٹو۔
تصویر از۔ "پرشین آرکیٹکچر" بشکریہ پنجاب پبلک لائبریری لاہور

حضرت شیخ ابو علی فارمدیؒ کے مزار شریف کے ستون کا خوبصورت طرزِ تعمیر

تصویر از "پرشین آرکیٹیکچر" بشکریہ پنجاب پبلک لائبریری لاہور

۸

حضرت شیخ ابو علی فارمدی رحمۃ اللہ علیہ

فارمد نزد طوس شہر ○ طوس

سنہ ۴۳۴ھ / ۱۰۴۲-۴۳ء

سنہ ۴۷۷ھ / ۱۰۸۴ء

مادۂ تاریخِ رحلت

"عزّت"
۴۷۷ھ

"عبادت"
۴۷۷ھ

۸۔ حضرت شیخ ابوعلی فارمدی طوسی رحمۃ اللہ علیہ

آپ کا اسم گرامی فضل بن محمد بن علی اور کنیت ابوعلی ہے۔ آپ ۴۳۴ھ میں طوس کے نواحی گاؤں فارمد میں پیدا ہوئے جس کی نسبت سے فارمدی کہا جاتا ہے۔

آپ نے فقہ، امام ابوحامد غزالی کبیر رح سے پڑھی اور ابوعبداللہ بن باکو شیرازی ابومنصور تمیمی، ابوحامد غزالی کبیر، ابوعبدالرحمان نیلی اور ابوعثمان صابونی (رحمۃ اللہ علیہ) سے سماع حدیث کیا۔ وعظ و تذکیر میں آپ حضرت امام ابوالقاسم قشیری رح صاحب "رسالہ قشیری" کے شاگرد ہیں۔ علم باطن میں آپ کا انتساب دو طریقوں سے ہے ایک حضرت شیخ ابوالحسن خرقانی سے اور دوسرے حضرت امام ابوالقاسم گرگانی سے یہ دونوں بزرگ اپنے زمانے کے قطب اور پیشوائے مشائخ تھے۔

آپ نے اپنی تعلیم کی داستان یوں بیان فرمائی ہے۔

"میں اوائل عمری میں نیشاپور میں تعلیم حاصل کر رہا تھا تو کسی نے بتایا کہ حضرت شیخ ابوسعید بن ابی الخیر قدس سرہ، تشریف لائے ہوئے ہیں اور وعظ فرماتے ہیں میں شوقِ زیارت سے بیتاب ہو کر اُن کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اُنکے مقدس اور نُورانی چہرے پر پہلی نظر پڑتے ہی میں دل و جان سے شیدا ہو گیا۔ اور حضرت صوفیہ کرام کی محبت

میرے دل میں پہلے سے بھی زیادہ ہو گئی۔ ؎

ایک ہی بار ہوئیں وجہِ بربادیٔ دل
التفات اُن کی نظروں نے دوبارہ نہ کیا

ایک روز میں مدرسہ میں اپنے کمرے میں بیٹھا ہوا تھا کہ میرے دل میں حضرت شیخ ابوسعیدؒ کی زیارت کی تمنا پیدا ہوئی اور وہ وقت شیخ کے باہر نکلنے کا نہ تھا۔ میں نے صبر کرنا چاہا مگر نہ ہو سکا۔ ناچار اٹھ کر باہر آیا اور جب چوراہا میں پہنچا تو میں نے دیکھا کہ حضرت شیخ ایک بہت بڑی جماعت کے ساتھ تشریف لے جا رہے ہیں۔ میں بھی اُن کے پیچھے پیچھے ہو لیا۔ شیخ ایک جگہ پر پہنچ کر تشریف فرما ہو گئے تو میں بھی ایک کونہ میں خاموشی سے بیٹھ گیا جہاں حضرت شیخ کی نظر مجھ پر نہ پڑتی تھی محفل سماع شروع ہوئی اور شیخ کو وجد آ گیا اور حالتِ وجد میں شیخ نے اپنے کپڑے تار تار کر دیئے۔ جب سماع سے فارغ ہوئے تو پھٹے ہوئے کپڑے اتار ڈالے۔ شیخ نے ایک آستین علیحدہ کر لی اور آواز دی کہ ابوعلی طوسی کہاں ہیں۔ میں نے خیال کیا کہ شیخ تو مجھے دیکھتے اور جانتے بھی نہیں شاید اُن کے کسی مرید کا نام ابوعلی ہوگا بدیں وجہ میں بالکل خاموش رہا۔ شیخ نے دوسری آواز دی تو پھر بھی میں خاموش رہا۔ تیسری بار آواز دی تو لوگوں نے کہا کہ شیخ تم کو جانتے ہیں اس لیے تمہیں ہی بُلا رہے ہیں۔ میں اُٹھ کر شیخ کے سامنے آیا تو شیخ نے وہ آستین مجھے مرحمت فرمائی اور فرمایا کہ یہ تیرا حصہ ہے۔ میں نے وہ کپڑا لیا اور آداب بجا لایا۔ اور اُسے لے جا کر ایک محفوظ جگہ میں رکھ دیا۔ میں ہمیشہ حضرت شیخ کی خدمت میں حاضر ہوتا رہا اور اُن سے فیوض و برکات حاصل کرتا رہا۔ اُن کی صحبت سے بہت سے فائدے اور روشنی ظاہر ہوئی اور حالات وارد ہوئے۔

جب شیخ نیشاپور سے تشریف لے گئے تو میں استاد امام ابوالقاسم قیشریؒ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اُن سے وہ تمام حالات بیان کئے جو مجھ پر وارد ہوئے تھے۔ آپ نے فرمایا، اے لڑکے! جا، علم حاصل کرنے میں مصروف رہ، مگر وہ روشنی جو شیخ ابوسعید کی صحبت سے ملی تھی روز بروز زیادہ ہوتی جا رہی تھی۔ میں تین سال تک مزید علم حاصل کرتا رہا یہاں تک کہ ایک روز میں نے جیب قلم دوات سے نکالا تو سفید نکلا۔ میں حضرت امام کی خدمت میں حاضر ہوا اور تمام معاملہ عرض کیا۔ آپ نے فرمایا کہ اب علم تجھ سے دست بردار ہو گیا ہے لہٰذا تو بھی اُس سے الگ ہو جا اور طریقت کے کام میں مصروف ہو جا۔ چنانچہ میں اپنا سامان مدرسہ سے خانقاہ میں لے آیا اور حضرت امام کی خدمتِ بابرکت میں رہنے لگا۔ ایک روز حضرت امام، حمام میں نہا رہے تھے اور کوئی اور آس پاس نہ تھا۔ میں نے جا کر چند ڈول پانی کے حمام میں ڈالے جب حضرت امام نہا کر باہر نکلے تو نماز پڑھ کر پوچھا کہ کون شخص تھا جس نے حمام میں پانی ڈالا۔ میں اس خوف سے کہ کہیں خلافِ مرضی ہو خاموش رہا۔ آپ نے پھر پوچھا میں تب بھی خاموش رہا۔ جب آپ نے تیسری بار پوچھا تو میں نے عرض کیا کہ یہ خادم تھا۔ حضرت امام نے ارشاد فرمایا کہ اے ابوعلیؒ! جو کچھ میں نے ستر سال میں پایا تو نے پانی کے ایک ڈول سے پا لیا۔ کچھ عرصہ میں حضرت امام کی خدمت میں مجاہدہ کرتا رہا ایک روز مجھ پر ایسی حالت طاری ہوئی کہ میں اس میں گم ہو گیا۔ میں نے یہ واقعہ حضرت امام سے عرض کیا تو فرمایا۔ اے ابوعلیؒ! سلوک میں میری بھاگ دوڑ اس مقام سے اُوپر نہیں اور جو کچھ اس مقام سے اُوپر ہے مجھے وہاں تک رسائی کا راستہ معلوم نہیں۔ یہ سُن کر میں نے اپنے دل میں سوچا کہ مجھے ایسے شیخ، پیر و مرشد اور رہنما

کی ضرورت ہے جو اس مقام سے اُوپر لے جائے۔ چونکہ میری حالت روز افزُوں تھی اور میں حضرت شیخ ابوالقاسم کرگانی رح کا نام سُنا ہوا تھا لہٰذا طوس کی طرف روانہ ہو گیا۔ جب میں وہاں پہنچا تو آپ اپنے مریدوں کے ہجوم نجوم کے ساتھ مسجد میں جلوہ افروز تھے۔ میں دو رکعت تحیۃ المسجد پڑھ کر حاضر خدمت ہوا۔ آپ مراقبہ میں تھے، سر اٹھا کر فرمایا۔ ابوعلی رح! آؤ، کیا چاہتے ہو؟ میں سلام کر کے اُن کے حضور بیٹھ گیا اور اپنے تمام حالات اور قلبی واردات عرض کیے آپ نے فرمایا تمہیں یہ ابتدا مبارک ہو۔ ابھی تم کسی مرتبہ پر نہیں پہنچے ہاں اگر تربیت پاؤ گے تو بڑے درجہ پر پہنچ جاؤ گے۔ میں نے اپنے دل میں کہا کہ میرے پیر یہی ہیں اور وہیں قیام کیا۔ اُنہوں نے مدتوں تک مجھ سے طرح طرح کی ریاضت و مجاہدہ کرایا۔ بعد ازاں اپنی صاحبزادی کا نکاح مجھ سے کر دیا۔ ابھی آپ نے مجھے وعظ کرنے کی اجازت نہ بخشی تھی کہ ایک روز شیخ ابوسعید اپنے گاؤں میہنہ سے طوس تشریف لائے ہوئے تھے۔ میں اُن کی خدمت میں حاضر ہوا تو فرمایا، ابوعلی رح! وہ وقت آگیا ہے کہ تم طوطیٔ شیریں مقال کی طرح باتیں کرو گے! اس کے چند دن بھر بعد ہی شیخ ابوالقاسم نے مجھے وعظ کہنے کی اجازت بخش دی اور شیخ ابوسعید کے ارشاد کا مطلب مجھ پر افشا ہو گیا۔"

اس کے بعد آپ طوس سے نیشاپور تشریف لے گئے اور اپنے پُر تاثیر وعظ کی وجہ سے امراء بالخصوص نظام الملک کے ہاں بے حد شرف قبولیت حاصل کیا۔ کہتے ہیں کہ آپ کو جو کچھ ملتا تھا وہ صوفیہ کرام پر خرچ کر دیتے تھے۔ آپ صوفیہ کرام و غرباء کے مرجع اور لسان الوقت تھے ابن سمعانی کا قول ہے کہ ابوعلی رح لسانِ خراسان و شیخ خراسان تھے۔ اور

اپنے اصحاب و مریدین کی تربیت میں طریقہ حسنہ رکھتے تھے۔ آپ کے وعظ کی مجلس گویا ایک باغ ہوتا تھا جس میں طرح طرح کے پھول کھلے ہوئے ہوں۔
امام غزالیؒ آپ کے مریدوں میں سے تھے۔

آپ کی وفات ۴/ ربیع الاوّل ۴۷۷ھ ۱۰۸۴ء بعمر شریف ۴۳ سال ہوئی۔
مزار مقدس طوس میں مرجع خاص و عام ہے۔

حضرت خواجہ یوسف ہمدانیؒ کے ایوان کی ایک یادگار تصویر

تصویر از "پرشین آرکیٹیکچر" بشکریہ پنجاب پبلک لائبریری لاہور

حضرت خواجہ یوسف ہمدانیؒ کے ایوان کی اندرونی محراب کی یادگار تصویر

تصویر از "پرشین آرکیٹیکچر" بشکریہ پنجاب پبلک لائبریری لاہور



حضرت خواجہ یوسف ہمدانیؒ ایوان کا ایک کونہ اور اس پر تعمیر شدہ خوبصورت نقش و نگار

تصویر از "پرشین آرکیٹیکچر" بشکریہ پنجاب پبلک لائبریری لاہور

(۹)

حضرت خواجہ یوسف ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ

بوزنجرد نزد ہمدان ۴۴۱ھ / ۱۰۴۹-۵۰ء ۵۳۶ھ / ۱۱۴۲ء بامیین (تاجیکستان ہوس)

مادۂ تاریخ رحلت

"یوسف فقر"
۵۳۶ھ

"ملکِ روزگار بود"
۵۳۶ھ

۹ حضرت خواجہ یوسف ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ

آپ کا نام نامی اسمِ گرامی یوسف بن ایوب اور کنیت ابو یعقوب تھی۔ آپ کی ولادت سعادت ۴۴۱ھ میں موضع بوزنجرد (ہمدان کے نواحی دہ) میں ہوئی۔ اٹھارہ برس کی عمر میں بغداد میں آئے۔ ابو اسحاق شیرازی رحمۃ اللہ علیہ کی صحبت اختیار کر کے فقہ پڑھی یہاں تک کہ اصولِ فقہ و مذہب و خلاف میں مہارت تامہ حاصل ہو گئی۔ قاضی ابو الحسین محمد بن علی بن مہتدی باللہ رح، ابو الغنائم عبد الصمد بن علی بن مامون رح ابو جعفر محمد بن احمد بن مسلم رح وغیرہ سے سماعِ حدیث کیا۔ اور اصفہان و سمرقند کے مشائخ حدیث سے بھی استفادہ کیا بعد ازیں سب کو ترک کر کے عبادت و ریاضت و مجاہدہ کو مطمحِ نظر اور مقصد وحید بنا لیا۔ تصوف میں آپ کا انتساب حضرت ابو علی فارمدی رحمۃ اللہ علیہ سے ہے۔ اصفہان میں شیخ عبد اللہ جوینی نیشاپوری اور شیخ حسن سمنانی سے بھی خرقۂ خلافت اور فیوض و برکات حاصل کیے۔ ان سب کے بعد حضرت شیخ ابو علی فارمدی کی خدمت میں فقر و سلوک کی منزلیں طے کیں۔

آپ عالمؒ، عاملؒ، عارفؒ، زاہدؒ، پرہیزگارؒ، عابدؒ، صاحبِ حالؒ اور صاحبِ کراماتؒ تھے۔ اپنے وقت کے سرکردہ مشائخ میں آپ کا شمار ہوتا ہے۔ خراسان میں مریدوں کی تربیت آپ جیسی کسی نے نہ کی۔ آپ کی مجلس میں علماءؒ، فقہاءؒ و صلحاءؒ کا بہت بڑا اجتماع رہتا تھا۔ سب لوگ آپ کے ارشاد و کلام سے استفادہ کرتے تھے۔ آپ مدت سال سے زیادہ عرصہ تک مسندِ رشد و ہدایت پر متمکن رہے۔ کچھ عرصہ

کوہِ زرآ (خراسان کے نواح) میں ۔۔۔ بھی مقیم رہے اور سوائے نمازِ جمعہ کے کبھی باہر نہ نکلتے تھے۔

آپ کے خلفاء میں سے چار کو بڑی شہرت ملی، خواجہ عبدالخالق[1] غجدوانی، خواجہ احمد[2] یسوی، خواجہ احمد[3] اندراقی اور عبداللہ[4] برقی۔ مہرو میں آپ کا قیام کافی عرصہ تک رہا۔ وہاں آپ کی خانقاہ میں جس قدر طالبانِ خدا تھے کسی دوسری خانقاہ میں نہ تھے مرو سے آپ ہرات تشریف لائے، کچھ عرصہ بعد پھر ہرات سے مرو چلے گئے۔ بعد ازاں دوبارہ ہرات کو اپنا مسکن بنالیا۔ کچھ مدت بعد پھر مرو کو روانہ ہوگئے یہ آپ کا آخری سفر تھا۔

حضرت خواجہ یوسف ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ کی طرح حضور سیدنا غوث الاعظم بھی اٹھارہ سال کی عمر میں حصولِ علم کے لیے اپنے وطن سے بغداد تشریف لائے تھے۔ جب آپ تحصیلِ علم سے فارغ ہو چکے تو ایک روز حضرت خواجہ یوسف ہمدانی سے اُن کی ملاقات ہوئی۔ جسے اُنہوں نے یوں سپردِ قلم فرمایا ہے:۔

"بغداد میں ایک شخص ہمدان سے آیا جسے یوسف ہمدانیؒ کہتے تھے اور کہا جاتا تھا کہ وہ قطب ہیں۔ وہ ایک مسافر خانے میں اُترے۔ جب میں نے یہ حال سنا تو مسافر خانے میں گیا مگر اُن کو نہ پایا۔ دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ وہ سرداب میں ہیں پس میں وہاں پہنچا تو مجھے دیکھ کر کھڑے ہوگئے اور اپنے پاس بٹھایا میرے تمام حالات مجھ سے ذکر کئے اور میری تمام مشکلات کو حل فرمایا۔ پھر مجھ سے یوں ارشاد فرما ہوئے:۔ اے عبدالقادر! تم لوگوں کو وعظ سنایا کرو" میں نے عرض کیا آقا! میں عجمی ہوں، اہل بغداد کی فصاحت و بلاغت کے سامنے میری گفتگو کی کیا حیثیت ہے۔ یہ سُن کر آپ نے فرمایا کہ تم کو اب فقہ، اصول فقہ، اختلاف مذاہب نحو، لغت اور تفسیر قرآن یاد ہے۔ تم میں وعظ کہنے کی صلاحیت

وقابلیّت موجود ہے۔ بر سرِ منبر لوگوں کو وعظ سنایا کرو۔ کیونکہ میں تُم میں ایک جڑ دیکھ رہا ہوں جو عنقریب درخت ہو جائے گا۔

اس واقعہ سے ثابت ہوتا ہے کہ خواجہ یوسف ہمدانی اُن مشائخ کبار میں سے ہیں جن کی صحبت میں حضرت غوث الاعظم شیخ عبدالقادر جیلانی قدس سرہ، جیسے لوگ بھی حاضر ہوتے رہے ہیں۔

ایک روز ایک درویش حضرت خواجہ یوسف ہمدانی رح کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا کہ میں ابھی ابھی شیخ احمد غزالی رحمۃ اللہ علیہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا، وہ درویشوں کے ساتھ کھانا کھا رہے تھے کہ اسی اثنا میں اُن کو غیبت استغراق ہو گئی۔ اس کے بعد اُنہوں نے فرمایا کہ ابھی ابھی حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے ہیں اور میرے منہ میں لقمہ رکھا ہے۔ یہ سُن کر حضرت خواجہ ابو یوسف رح نے فرمایا تلک خیالات تربی بھا اطفال الطریقۃ یعنی یہ خیالات ہیں کہ جن سے مبتدیانِ طریقہ پرورش کئے جاتے ہیں۔ یعنی یہ ابتدائے کشود کی باتیں ہیں۔

کرامات (۱) ایک دفعہ ایک عورت روتی پیٹتی آپ کے پاس آئی اور عرض کیا کہ فرنگی میرے لڑکے کو پکڑ کر لے گئے ہیں۔ دُعا فرمائیے کہ وہ آجائے۔ آپ نے فرمایا، صبر کر اور گھر واپس جا کر دیکھ تیرا لڑکا تو گھر میں موجود ہے۔

آپ نے اللہ تعالیٰ سے یُوں دعا فرمائی۔

اللھم فك اسرہ وعجل فرجہ۔ — خدایا اس کی بیڑی توڑ دے اور اس کا غم جلدی دور کر۔

عورت جب واپس آئی تو دیکھا کہ واقعی اُس کا لڑکا گھر میں موجود تھا اُس سے حال دریافت کیا تو اُس نے بتایا کہ میں ابھی قسطنطنیہ میں قید تھا بیدار ہو کر اردگرد موجود تھے کہ ناگاہ ایک نامعلوم شخص آیا اور مجھ کو جھپکتے ہی گھر میں پہنچا دیا۔ اُس عورت نے آپ کے پاس آکر تمام

واقعہ بیان کیا۔ آپ نے فرمایا کہ تجھے حکمِ خدا سے تعجب آتا ہے۔

(۲) ایک دفعہ آپ وعظ فرما رہے تھے۔ وعظ کی تاثیر سے تمام مجمع مسحور تھا۔ دو
بھی حاضرین میں موجود تھے وہ یہ منظر برداشت نہ کر سکے اور آپ سے کہ
لگے، "چپ ہو کہ تم بدعتی ہو"۔ آپ نے ارشاد کیا "تم خاموش رہو کہ تمہیں
موت آنے والی ہے"۔ چنانچہ وہ دونوں اُسی وقت اُسی جگہ مر گئے۔

(۳) ایک مرتبہ آپ مدرسہ نظامیہ بغداد میں وعظ فرما رہے تھے کہ ایک فقیہ ا
نامی اُٹھا اور کوئی مسئلہ پوچھا۔ آپ نے فرمایا، "بیٹھ جا کہ تیری گفتگو سے بو
کُفر آتی ہے اور تیری موت دینِ اسلام پر نہ ہو گی"۔ کچھ مدت بعد خلیفۂ وقت
پاس شاہِ رُوم کا سفیر آیا تو اس فقیہ کی نشست و برخاست اُس کے ساتھ
اور نصرانیت سے متاثر ہو گیا۔ آخر کار اُس نے سفیر سے التجا کی کہ مجھے ا
ساتھ لے چلو، میں دینِ اسلام چھوڑ کر عیسائیت اختیار کرنا چاہتا ہوں۔
اُسے اپنے ساتھ رُوم لے گیا۔ چنانچہ وہ فقیہ شاہِ روم سے ملا
عیسائی ہو گیا اور عیسائی ہی مرا۔ کہتے ہیں کہ ابن سقا قاری و حافظِ قرآ
تھا۔ مرضِ موت میں ایک شخص نے اُسے قسطنطنیہ میں دیکھا کہ ایک
دکان میں لیٹا ہوا ہے اور ہاتھ میں ایک پرانا پنکھا ہے جس سے
اپنے چہرے سے مکھیاں اڑا رہا ہے۔ اس حالت میں اُس سے پُوچھا
کہ کیا تمہیں کچھ قرآن یاد ہے! بولا کہ نہیں۔ سب کچھ بھول گیا ہ
صرف یہ آیت یاد ہے۔

رُبَمَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ كَانُوْا مُسْلِمِيْنَ۔ (الحجر۔ ع)

بہت وقت کفار آرزو کر
گے کہ کاش وہ مسلمان ہوتے

سچ ہے کہ:۔ ؎

جراحتے کہ ز تیغِ زبان رسد بہ دے
بہ ہیچ مرہمے راحت نکو نخواہد شُد

چُوں خدا خواہد کہ پردہ کس درد
میلش اندر طعنۂ پاکاں زند

آپ کی وفات ۱۷ رجب ۵۲۶ھ ۱۱۴۲ء بعمر شریف ۹۵ برس ہرات اور نیشور کے درمیان موضع بامئین میں ہوئی اور وہیں سپردِ خاک ہوئے۔ کچھ عرصہ بعد آپ کے ایک مریدِ خاص شیخ ابن النجار (بعض جگہوں پر ابن النجار لکھا ہے۔) نے آپ کے جسد مبارک کو شہر مرو میں لے جاکر دفن کر دیا جس آج مزار مقدس موجود ہے۔ آپ کی کئی ایک تصانیف ہیں جن میں سے تحفۃ زینت الحیات[1] منازل السالکین[2] اور منازل السائرین[3] کے نام معلوم ہو سکے ہیں۔

سماعاتِ قدسیہ

(۱) سماع ایک سفیر ہے حق تعالیٰ کی طرف اور ایک ایلچی ہے حق تعالیٰ کی طرف سے۔ وہ ارواح کی خوراک[1]، اجسام کی غذا[2]، قلوب کی زندگی[3] اور اسرار[4] کی بقا ہے۔ وہ پردہ کے پھاڑنے والا اور بھید کے ظاہر کرنے والا ہے۔ اور برقِ درخشاں اور آفتابِ تاباں ہے۔ وہ دنیا میں ہر فکر[1]، ہر لحظہ[2]، ہر تدبر[3] و تفکر، ہر ہوا کے جھونکے، ہر درخت کی حرکت[4] اور ہر ناطق کے نطق[5] سے ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ تُو اہل حقیقت کو سماع میں سرگشتہ و حیران، مقیّد و اسیر اور صاحب خشوع و مست دیکھتا ہے۔

(۲) اللہ تعالیٰ نے اپنی زیبائی کے نُور سے ملائکہ مقربین میں سے ستر ہزار فرشتے پیدا کیے۔ اور اُن کو اپنی بارگاہ میں عرش و کرسی کے درمیان کھڑا کیا۔ اُن کا لباس "سبز صوف" ہے اور اُن کے چہرے چودھویں رات کے چاند کے مانند چمکتے ہیں۔ وہ اپنی پیدائش کے وقت سے حالتِ وجد میں سرگشتہ و حیران اور فروتن و مست کھڑے ہیں۔ اور شیفتگی کی شدت کے سبب کرسی عرش سے کرسی تک دوڑتے ہیں۔ پس وہ اہل آسمان کے صوفیہ

اور نسبتوں کے لحاظ سے ہمارے بھائی ہیں۔ اسرافیل اُن کے قائد و مُرشد اور جبریل اُن کے رئیس و متکلم ہیں اور حق تعالیٰ ان کا انیس و ملیک ہے پس اُن پر سلام و تحیۃ و اکرام ہو۔

(۳) تم خدا تعالیٰ کے ساتھ محبت رکھو۔ اگر یہ میسّر نہ آئے تو اس شخص کے ساتھ محبت رکھو جو اللہ تعالیٰ کے ساتھ محبت رکھتا ہے۔

(۴) آپ سے لوگوں نے پوچھا کہ جب اہل اللہ ہم سے رُوپوش ہو جاتے ہیں تو ہمیں کیا کرنا چاہیئے تا کہ ہم سلامت رہ سکیں۔ آپ نے فرمایا "کہ ان باتیں دہراتے رہو"

بخارا کے مضافات میں واقع پرانے قبرستان کا عمومی منظر (اب روسی حکومت
نے اس کو مسمار کر دیا ہے)
تصویر از "دی امیر آف بخارا اینڈ ہز کنٹری" شکریہ پنجاب پبلک لائبریری لاہور

(۱۰)

حضرت خواجہ عبدالخالق غجدوانی رحمۃ اللہ علیہ

غجدوان نزد بخارا ۴۳۵ھ ۶۱۰۴۴ ○ ۵۷۵ھ ۶۱۱۷۹ غجدوان نزد بخارا

مادۂ تاریخِ رحلت

"آفتاب کامل"	"گرامی قدر"
۵۷۵ھ	۵۷۵ھ

۱۰۔ حضرت خواجہ عبدالخالق غجدوانی رحمۃ اللہ علیہ

آپ حضرت خواجہ یوسف ہمدانی رح کے خلیفہ اعظم، سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کے سردار اور طائفہ خواجگان کے سرِ دفتر ہیں۔ آپ ہمیشہ راہِ صدق وصفا، متابعتِ شرع وسنت مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور مخالفت بدعت وہوا میں ساعی وکوشاں رہے

آپ کی ولادت ۲۲/ شعبان ۴۳۵ھ ۱۰۴۴ء کو غجدوان میں ہوئی۔

آپ کے والد گرامی قدر کا نام عبدالجمیل یا عبدالجلیل ہے جو امام عبدالجمیل (یا عبدالجلیل) کے نام سے مشہور ومتعارف تھے۔ وہ اپنے وقت کے مقتدر پیشوا عالم ظاہر وباطن اور حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کی اولادِ امجاد میں سے تھے۔ چونکہ اُن کی شادی رُوم کے شاہی خاندان میں ہوئی تھی۔ اس لیے رُوم میں رہا کرتے تھے اور حضرت خضر علیہ السلام کے محبت دار تھے۔ حضرت خضر علیہ السلام نے اُن کو بشارت دی تھی کہ تمہارے ہاں ایک لڑکا پیدا ہوگا۔ اُس کا نام عبدالخالق رکھنا حوادثِ روزگار کے سبب رُوم سے نکل کر ماوراء النہر کی طرف نکلے اور ولایت بخارا میں پہنچ کر بخارا سے چھ فرسنگ (اٹھارہ میل) کے فاصلہ پر غجدوان میں حکومت پذیر ہوئے جہاں آفتابِ طریقت اور ماہتابِ معرفت خواجہ عبدالخالق متولد ہوئے اور پرورش پائی۔

حضرت خواجہ عبدالخالق رح نے تعلیم حضرت شیخ صدرالدین قاضیٔ بخارا سے پائی اور اذکارِ ذکرِ خفی وذکرِ نفی واثبات حضرت خضر علیہ السلام سے پائی۔ حضرت خواجۂ خواجگان بہاء الدین نقشبند بخاری قدس سرہ فرماتے ہیں کہ جن دنوں خواجہ عبدالخالق

اپنے استاد شیخ صدر الدین کے حضور تفسیر پڑھ رہے تھے جب اس آیت پر پہنچے۔

اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ۚ إِنَّهُ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ۔ (اعراف - ع ۷)

تم اپنے رب کو زاری اور پوشیدگی کے ساتھ پکارو۔ تحقیق وہ حد سے زیادہ تجاوز کرنے والوں کو دوست نہیں رکھتا۔

تو آپ نے اُستاد سے پوچھا کہ اس پوشیدگی کی حقیقت اور اُس کا طریقہ کیا ہے اگر ذاکر بلند آواز سے ذکر کرے یا ذکر کرتے وقت اعضاء سے حرکت کرے تو غیر شخص اُس ذکر سے واقف ہو جاتا ہے اور اگر دل سے کرے تو غیر شخص اُس ذکر سے واقف ہو جاتا ہے اور اگر دل سے کرے تو بحکم حدیث شریف الشیطان یجری من الانسان مجری الدم۔ (ابو داؤد) شیطان انسان میں خون کی طرح چلتا ہے) شیطان ذکر سے واقف ہو جاتا ہے۔ اُستاد نے فرمایا کہ یہ علمِ لدنی ہے۔ اگر خدا نے چاہا تو اہل اللہ میں سے کوئی تمہیں مل جائے گا اور بتا دے گا۔ اس کے بعد آپ اولیاء اللہ کی تلاش میں رہے یہاں تک کہ ایک روز حضرت خضر علیہ السلام سے شرفِ ملاقات حاصل ہوا۔ حضرت خضر علیہ السلام نے فرمایا کہ میں نے تمہیں اپنی فرزندی میں قبول کیا اور تمہیں ایک سبق بتاتا ہوں، اُسے ہمیشہ دُہراتے رہنا تم پر اسرار کھُل جائیں گے پھر وقتِ عددی کی تعلیم دی اور فرمایا کہ حوض میں اترو، غوطہ لگاؤ اور دل سے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ الرَّسُوْلُ اللّٰہِ کہو۔ آپ نے اسی طرح کیا اور اس ورد میں مشغول و مصروف رہے یہاں تک کہ بہت سے اسرار کھُل گئے۔ بعد ازاں جب حضرت یوسف ہمدانی رح بخارا میں تشریف لائے تو جب تک اُن کا قیام بخارا میں رہا۔ اُن کی خدمت میں حاضر ہو کر فیوض و برکات حاصل کرتے رہے۔ کہتے ہیں۔ کہ حضرت خضر علیہ السلام آپ کے پیر سبق ہیں اور حضرت خواجہ یوسف ہمدانی رح پیر محبت و پیر خرقہ۔ اگرچہ خواجہ یوسف ہمدانی رح اور اُن کے مشائخ ذکر جہر کیا کرتے تھے لیکن چونکہ آپ کو ذکرِ خفی کی تلقین حضرت خضر علیہ السلام سے تھی اس

وجہ حضرت خواجہ یوسف ہمدانی رح نے اس میں رد و بدل نہیں کیا
فرمایا کہ جس طرح تمہیں تلقین ہوئی ہے کئے جاؤ۔

آپ نے اپنی تحریروں میں ذکر کیا ہے کہ جب حضرت خضر علیہ السلام نے مجھے حضرت خواجہ ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کے سپرد کیا تو اس وقت میری عمر بائیس ۲۲ سال کی تھی۔ ایک مدت کے بعد حضرت خواجہ ابو یوسف رح خراسان میں آ گئے تو آپ ریاضات و مجاہدات میں مشغول ہو گئے اور اپنے حالات پوشیدہ رکھا کرتے تھے۔ ملک شام میں بہت سے لوگ آپ کے مرید ہو گئے اور وہاں خانقاہ و آستانہ بن گیا۔

ایک روز ایک درویش نے آپ کی خدمت میں عرض کیا کہ اگر خدا تعالیٰ مجھے یہ اختیار دے کہ دوزخ و بہشت میں سے ایک کو اختیار کر لے تو میں دوزخ کو اختیار کروں گا۔ کیونکہ میں تمام عمر اپنے نفس کی خواہش پر نہیں چلا اور اس صورت میں بہشت میرے نفس کی مراد ہو گی۔ آپ نے اس درویش کی بات کی تردید کی اور فرمایا کہ بندے کو اختیار سے کیا کام۔ جہاں مالک بھیجے چلا جائے اور جہاں ٹھہرائے ٹھہر جائے۔ بندگی اسی چیز کا نام ہے نا کہ جو تم کہہ رہے ہو اس درویش نے پوچھا کہ سالکانِ طریقت پر شیطان کا غلبہ ہوتا ہے کہ نہیں۔ آپ نے فرمایا، جو سالک مقامِ فنائے نفس کو نہ پہنچا ہو۔ غصہ کے وقت شیطان اس پر قابو پاتا ہے لیکن جو اس مقام پر پہنچ گیا ہو اس کو غصہ نہیں آتا بلکہ غیرت آتی ہے۔ اور جہاں غیرت ہوتی ہے وہاں سے شیطان بھاگ جاتا ہے اور یہ صفت اس شخص میں ہوتی ہے جو کتاب اللہ کو دائیں ہاتھ میں اور سنتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بائیں ہاتھ میں لیئے ہوئے ہو اور ان دونوں کی روشنی میں راستہ چلتا ہو۔

ایک روز آپ اپنے عبادت خانے میں رو رہے تھے۔ مریدوں نے عرض کیا کہ آپ کے اقوال و افعال ایسے عمدہ اور اچھے ہیں کہ ان کی نظیر نہیں ملتی، پھر رونے اور خوف کھانے کی وجہ کیا ہے؟ آپ نے فرمایا کہ جب اللہ تعالیٰ کی

بے نیازی کا خیال کرتا ہوں تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جان قلب و روح سے نکلا چاہتی ہے۔ عرق اِس وجہ سے آتا ہے کہ شائد بلا ارادہ اور نادانستہ طور پر مجھ سے کوئی ایسا کام سرزد ہو جائے جو اللہ تعالیٰ کو ناپسند ہو۔ آپ جس جگہ بیٹھتے تو خوفِ خدا سے حالت ایسی ہوتی کہ گویا آپ کو قتل کرنے کے لیے بٹھایا گیا ہے۔

کرامات (۱) ایک دن آپ کثیر التعداد مجمع کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے۔ کہ اچانک ایک جوان لباسِ زاہدانہ پہنے جانماز کندھے پر ڈالے ہوئے آیا اور ایک کونہ میں بیٹھ گیا۔ آپ نے اُسے بغور دیکھا اور خاموشی اختیار فرمائی۔ تھوڑی دیر کے بعد وہ جوان اُٹھا اور کہنے لگا کہ حدیث شریف میں جو آیا ہے۔

اَتَّقُوْا فَرَاسَةَ مُؤْمِنٍ فَاِنَّهٗ يَنْظُرُ بِنُوْرِ اللّٰهِ۔ — مومن کی فراست سے ڈرو کیونکہ وہ اللہ کے نور سے دیکھتا ہے۔

اس کا مطلب کیا ہے؟ آپ نے فرمایا اِس کا مطلب یہ ہے کہ اپنا زنار توڑ ڈال اور مشرف بایمان ہو جا۔ جوان نے کہا، خدا نہ کرے کہ میں زنار پہنوں۔ آپ نے خادم کو اشارہ کیا۔ خادم نے اُس کے کپڑے اتار کر دیکھا تو زنار موجود تھا۔ اُس جوان نے فی الفور زنار توڑ کر توبہ کی اور ایمان قبول کر لیا اس پر آپ نے لوگوں سے فرمایا، یارو! آؤ ہم بھی اس نو مسلم کی طرح زنار توڑ ڈالیں اور ایمان لائیں۔ جس طرح اس نے زنارِ ظاہری توڑا ہے ہم اپنے زنارِ باطنی (خود پسندی) کو توڑ ڈالیں تاکہ اس کی طرح ہم بھی بخشے جاویں۔ یہ سن کر حاضرین پر عجیب کیفیت طاری ہوئی۔ اور سب کے سب آپ کے قدموں پر گر کر توبہ کرنے لگے۔

(۲) بخارا شہر میں ایک عورت مجذوبہ ہر ہفتہ حالت میں گلی کوچوں میں پھرا کرتی تھی۔ لوگوں نے اُس سے پوچھا کہ تو کپڑے کیوں نہیں پہنتی۔ وہ کہنے لگی کہ اس شہر میں کوئی مرد ہے کہ جس سے پردہ کروں۔ ایک روز صبح کے وقت

نابینائی کی دکان پر گئی، تنور گرم تھا۔ اُس میں چھلانگ لگا دی اور کہا کہ اس کا منہ بند کر دو کیونکہ ایک مرد اس شہر میں داخل ہو گیا ہے، اُس سے اپنے آپ کو چھپاتی ہوں۔ تھوڑی بعد لوگوں نے تنور کا منہ کھولا اور پوچھا کہ کیا حال ہے، اُس نے کہا کپڑے لاؤ تاکہ پہنوں۔ چنانچہ کپڑے لائے گئے، وہ کپڑے پہن کر تنور سے صحیح سلامت نکلی۔ ایک بال کا بھی نقصان نہیں ہوا تھا۔ سب لوگ حیران رہ گئے کہ یہ تو ولیہ ہے۔ سب نے قسم دے کر پوچھا کہ سچ بتا وہ مرد کون ہے جس سے تُو پردہ کرتی ہے! اُس نے کہا میرے ساتھ آؤ کہ میں اُن کی زیارت کو جا رہی ہوں۔ وہ سیدھی آپ (خواجہ عبدالخالق) کے پاس گئی جب کہ آپ ابھی ابھی عجدوان سے آکر بخارا شہر میں داخل ہوئے تھے۔ آپ اُسے دیکھ کر تعظیم کے لیے اُٹھے اور آپس میں کچھ باتیں ہوئیں جو وہی سمجھی یا آپ سمجھے۔

(۳) ایک مرتبہ آپ بمع مریدوں کے حج بیت اللہ کے لیے جا رہے تھے۔ راہ میں شدتِ پیاس نے غلبہ کیا۔ ناگاہ ایک کنویں پر پہنچے مگر وہاں رسّی اور ڈول نہ تھا۔ نہایت مایوسی ہوئی۔ آپ نے فرمایا کہ میں تو نماز پڑھتا ہوں۔ تم پانی پیو اور وضو کرو۔ مریدوں نے جو یہ سُنا تو سمجھ گئے کہ اس میں کچھ بھید ہے پھر کنویں پر گئے تو آپ کی برکت سے پانی کناروں تک آگیا تھا۔ سب نے جی بھر کر پانی پیا اور وضو کیا۔ ایک شخص نے ایک برتن پانی سے بھر لیا تو پانی فی الفور کنویں کی تہہ تک پہنچ گیا۔ یہ بات کسی نے آپ سے عرض کی تو فرمایا یاروں نے اللہ تعالیٰ پر بھروسہ نہ کیا ورنہ پانی قیامت تک اُوپر ہی رہتا۔

(۴) آپ کی ولایت اس مرتبہ تک پہنچ گئی تھی کہ ہر نماز کے وقت آپ خانہ کعبہ جاتے اور واپس آجاتے۔

جب آپ کا آخری وقت آیا تو مرید و فرزند وہاں موجود تھے۔ آپ نے آنکھ کھول فرمایا، "اے مزید! خوش خبری ہو کہ اللہ تعالیٰ مجھ سے راضی ہے اور اپنی

رضا کی بشارت دی ہے"۔ تمام لوگ رونے لگے اور عرض کی کہ ہمارے لیے بھی دُعا فرمائیں۔ آپ نے فرمایا "تم کو بھی بشارت ہو۔ اللہ تعالیٰ نے مجھے فرمایا ہے کہ جو شخص اس طریقہ پر تا آخر استقامت رکھے گا میں اُس پر رحمت کروں گا اور اُسے بخش دوں گا۔ کوشش کرو کہ اِس طریقہ سے علیٰحدہ نہ رہو"۔ تھوڑی دیر بعد آواز آئی

يَا اَيَّهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ارْجِعِي اِلٰى رَبِّكِ رَاضِيَةً مَرْضِيَّةً

لوگوں نے جو خیال کیا تو آپ کی رُوح قفسِ عنصری سے پرواز کر چکی تھی۔

اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ تاریخ وفات ۱۲ ربیع الاوّل ۵۷۵ھ ۱۱۷۹ء ہے

مرقدِ اقدس عجدوان نزد بُخارا میں باعثِ تسکینِ عاشقاں ہے۔

ارشاداتِ قدسیہ

(۱) آپ کے کلماتِ قدسیہ میں آپ کی اصطلاحات ہیں جن پر طریقہ نقشبندیہ کی بنا ہے۔ یہ آٹھ کلمے ہیں۔ (۱) ہوش دردم (۲) نظر بہ قدم (۳) سفر در وطن (۴) خلوت در انجمن (۵) یاد کرد (۶) بازگشت (۷) نگاہداشت (۸) یادداشت۔ ان آٹھ کے علاوہ تین کلمے اور بھی ہیں جو مصطلحاتِ نقشبندیہ میں سے ہیں۔

(۱) وقوف عددی۔

(۲) وقوفِ زمانی۔

(۳) وقوفِ قلبی۔

۱ ہوش دردم

اس سے مراد یہ ہے کہ سالک کا ہر ایک سانس حضور و آگاہی سے ہو نہ کہ غفلت سے۔ یعنی سانس میں خدا سے غافل نہ رہے۔ حضرت خواجہ بہاء الدین نقشبندیہ قدس سرہ، فرماتے ہیں کہ کسی سانس کو ضائع نہ ہونے دو۔ سانس کے خروج و دخول میں اور خروج و دخول کے درمیان محافظت چاہیئے کہ کوئی وقفہ غفلت کا نہ پایا جائے۔

۲ نظر بہ قدم

اس سے مراد یہ ہے کہ نظر اپنے پاؤں کی پشت پہ رکھے تاکہ بیجا نظر نہ پڑے اور دل محسوساتِ متفرقہ سے پراگندہ

ہو جائے۔ پس راہ چلتے اِدھر اُدھر نہ دیکھے کہ موجب فسادِ عظیم و مانع حصولِ مقصود ہے۔ یہ عمل تفرقہ بیرونی کے دفعیہ کے لیے ہے۔ جیسا کہ ہوش دردم تفرقہ اندرونی کے دفعیہ کے واسطے ہے یا اس سے مراد یہ ہے کہ سالک کا قدمِ باطن اُس کی نظرِ باطن سے پیچھے نہ رہے۔ رُشحات میں ہے کہ شاید نظر بر قدم، سُرعتِ سیر کی طرف اشارہ ہے یعنی مسافتِ ہستی کے قطع کرنے اور عقباتِ خود پرستی کے طے کرنے میں قدم نظر سے پیچھے نہ رہے بلکہ منتہائے نظر پر پڑے۔

چنانچہ مولانا جامی رحمۃ اللہ علیہ حضرت خواجہ بہاء الدین نقشبند قدس سرہ، کی مدح میں فرماتے ہیں۔ ؎

بسکہ خود کردہ بسرعت سفر
باز نماندہ قدمش از نظر

۳ سفر در وطن یعنی سیر در انفس سے مراد صفات ذمیمہ سے صفاتِ حمیدہ کی طرف انتقال کرنا ہے۔ خواجگانِ نقشبندیہ نے مقام بقا میں جو سیر انفسی سے تعلق رکھتا ہے بجائے سیر آفاقی کے اسی سیر کیفی کو اختیار کیا ہے اور سفر ظاہر اتنا ہی کرتے ہیں کہ پیرِ کامل تک پہنچ جائیں۔ دوسری حرکت جائز نہیں رکھتے اور ملازمتِ شیخ سے دُوری نہیں چاہتے۔ اور ملکۂ آگاہی کے حصول کے لیے پوری کوشش کرتے ہیں۔ اس لیے وہ سیر آفاقی کو جو دُور دراز راستہ ہے علی الامکان پسند نہیں کرتے بلکہ سیر انفسی کے ضمن میں اُسے قطع کرتے ہیں۔ اور آگاہی کے حصول کے بعد سفر کرتے ہیں یا اقامت۔ دوسرے سلسلوں میں سلوک سیر آفاقی سے شروع کرتے ہیں اور سیر انفسی پر ختم کرتے ہیں۔ سیر انفسی سے شروع سلسلۂ نقشبندیہ کا خاصہ ہے۔ اندراج نہایت در بدایت کے یہی معنی ہیں کہ سیر انفسی جو دوسروں کی نہایت (انتہا) ہے وہ اکابر نقشبندیہ کی بدایت (ابتدا) ہے۔

واضح رہے کہ سیر آفاقی مطلوب کو اپنے سے باہر ڈھونڈنا ہے اور سیر انفسی

اپنے میں آتا اور اپنے دل کے گرد پھرنا ہے۔

ہمچو نا بینا مبر ہر سوئے دست
با تو زیر گلیم است ہر چہ ہست

مگر شہود انفسی میں گرفتار نہ رہنا چاہیئے اور اُس کو مطلوب کے ظلال میں سے ایک ظل تصور کرنا چاہیئے۔ کیونکہ حضرت حق سبحانہ تعالیٰ جیسا کہ ورائے آفاق ہے ورائے نفس بھی ہے۔ پس اُس کو آفاق و انفس سے باہر طلب کرنا چاہیئے۔

۴ خلوت در انجمن

اس سے مراد یہ ہے کہ انجمن میں جو محل تفرقہ ہے راہِ باطن مطلوب کے ساتھ خلوت رکھے اور غفلت کو دل میں راہ نہ دے۔ ظاہر میں خلائق کے ساتھ اور باطن میں حق کے ساتھ ہو چاہیئے۔ ابتدا میں یہ معاملہ تبکلف ہوتا ہے اور انتہا میں بے تکلف۔ ؎

از بروں در میانِ بازارم
وز دروں خلوتیست با یارم

حضرت خواجہ اولیائے کبیر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ خلوت در انجمن یہ ہے کہ سالک اگر بازار میں جائے تو ذکر میں استغراق کے سبب سے کوئی آواز نہ سُنے۔ حضرت خواجہ عبید اللہ احرار قدس سرہ، کا قول ہے کہ ذکر میں جہد و اہتمام بلیغ کے ساتھ مشغول ہونے سے سالک کو پانچ چھ روز میں یہ دولت حاصل ہو جاتی ہے۔ حضرت خواجہ خواجگان خواجہ بہاء الدین نقشبند بخاری قدس سرہ، نے اس کی جو تشریح کی ہے وہ آگے آئیگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ مشائخ نقشبندیہ بجائے کے اِسی خلوت پر قناعت کرتے ہیں کیونکہ حاصلِ چلہ اس میں داخل ہے اور آفات سے دُور ہے۔

۵ یاد کرد

اس سے مراد یہ ہے کہ ہر وقت ذکر میں مشغول رہے زبانی ہو یا قلبی۔ ذکر کی تلقین کا طریق بیان کرنے کی ضرورت نہیں۔

۶ بازگشت اس سے مراد یہ ہے کہ جب ذاکر بطریق معہود کلمۂ توحید کا ذکر دل سے کرے تو ہر بار کلمۂ توحید کے بعد زبان دل سے کہے۔ خدایا مقصود میرا تُو ہے اور تیری رضا۔ مشائخ نقشبندیہ کا معمول یہ ہے کہ کلمۂ توحید کے تلفظ کے ضمن میں لامقصود ملاحظہ کرتے ہیں کیونکہ جو معبود ہوتا ہے وہ مقصود ہوتا ہے جیسا کہ آیہ اَفَرَاَیْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ سے ظاہر ہے۔

۷ نگاہداشت اس سے مراد یہ ہے کہ قلب کو خطرات وحدیثِ نفس سے نگاہ میں رکھا جائے یعنی کلمہ طیبہ کے تکرار کے وقت ماسوا قلب میں خطور نہ کرے۔ خطرات کے دُور کرنے کے لیے کلمہ طیبہ حبسِ دم کے ساتھ مفید ہے۔

۸ یادداشت اس سے مراد یہ ہے دوام آگاہی بحق سبحانہ بر سبیلِ ذوق ؎

دارم ہمہ جا با ہمہ کس در ہمہ خیال
در دِل ز تُو آرزو و در دیدہ خیال

اگر دوام آگاہی اس قدر غالب ہو کہ کثرتِ کونیہ اُس کی مزاحم نہ ہو بلکہ اپنے وجود کا بھی شعور نہ رہے تو اُسے فنا کہتے ہیں۔ اگر اس بے شعوری کا شعور بھی نہ رہے تو اسے فنائے فنا کہتے ہیں اور عین الیقین بھی کہتے ہیں۔

پنجگانہ حضرت خواجہ ناصر الدین عبید اللہ احرار قدس سرہ، نے آخیر کے چار کلموں کی تشریح یُوں فرمائی ہے کہ یاد کرد سے مراد ذکر میں تکلف یعنی جس ذکر کی شیخ سے تلقین ہوتی ہے اُس کے تکرار میں بتکلف مشغول رہے تاں تک کہ مرتبۂ حضور حاصل ہو جائے۔ اور بازگشت سے مراد رجوع بحق سبحانہ، ر کہ جتنی بار کلمہ طیبہ کا ذکر کرے ہر بار اُس کلمہ کے بعد دل میں خیال کرے قصود میرا تُو ہے اور تیری رضا۔ اور نگاہداشت سے مراد ہے اس

رجوع کی محافظت بغیر زبان سے کہنے کے اور یادداشت سے مراد نگاہداشت میں رسوخ ہے۔

وقوفِ عددی سے مُراد ذکرِ نفی واثبات میں عددِ ذکر سے واقف رہنا یعنی ذاکر اس ذکر میں سانس کو عددِ طاق پر چھوڑے نہ کہ جفت پر۔ کہتے ہیں آدابِ شرائط کی رعایت کے ساتھ ایک سانس میں ۲۱ بار نفی واثبات کرنا ہے۔ حضرت خواجہ علاء الدین عطار قدس سرہ، فرماتے ہیں کہ زیادہ کہنا شہ نہیں جو کچھ کہے وتوق سے کہے۔ جب عدد ۲۱ سے تجاوز کر جائے اور ظاہر نہ ہو تو یہ اس عمل کی بیحاصلی کی دلیل ہے۔ اثرِ ذکر یہ ہے کہ زمانِ نفی میں بشریت منفی ہو جائے اور زمانِ اثبات میں جذباتِ الٰہی کے تصرفات کے آثار کوئی اثر محسوس ہو۔ یہ جو کلامِ خواجگان میں آیا ہے کہ فلاں بزرگ نے فلاں کو وقوفِ عددی کا امر فرمایا اس سے مراد ذکرِ قلبی مع رعایتِ عدد ہے نہ کہ رعایتِ عدد۔

وقوفِ زمانی

اس کے دو معنے ہیں۔ ایک یہ کہ سالک کو چاہیئے کہ واقفِ رہے اور پاسِ انفاس کو ملحوظ رکھے یعنی ہر وقت خیال رہے سانس حضور میں گزرتا ہے یا غفلت میں۔ دوسرے معنے یہ ہیں کہ بندہ ہر وقت حال سے واقف رہے۔ اگر وقت طاعت میں گزرا ہے تو شکر بجا لائے۔ اور معصیت میں گزرا ہے تو عذر خواہی کرے۔ اسی طرح حالتِ بسط میں شکر اور حالتِ قبض میں استغفار کرے۔ صوفیۂ کرام کی اصطلاح میں اسے محاسبہ کہتے ہیں۔ قول باری تعالیٰ۔

وَاَنِيْبُوْٓا اِلٰى رَبِّكُمْ وَاَسْلِمُوْا لَهٗ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ

۔۔۔ اور رجوع کرو اپنے رب کی طرف اور اُس کی فرمانبرداری کرو۔ پہلے اس ۔۔۔ کہ آئے تم پر عذاب۔ پھر کوئی تمہاری مدد کو نہ آئے گا (پ ۲۴ سورہ زمر ع ۱

اور قولِ حضرت فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ حَاسِبُوْا قبل ان تُحَاسَبُوْا۔
اسی محاسبہ کی طرف اشارہ ہے۔

وقوفِ قلبی اس کے دو معنی ہیں۔ ایک یہ کہ ذکر کے وقت دل حق سبحانہ سے واقف و آگاہ رہے اور یہ مقولہ یا داشت سے ہے۔ دوسرے معنی یہ ہیں کہ بندہ اثنائے ذکر میں قلبِ صنوبری کی طرف متوجہ رہے اور اُسے ذکر میں مشغول کرے اور ذکر اور ذکر کے مفہوم سے غافل نہ ہونے دے۔ حضرت خواجہ بہاء الدین نقشبند قدس سرہ، نے ذکر میں حبس دم اور رعایتِ عدد کو لازم قرار نہیں دیا۔ مگر وقوفِ قلبی بہر دو معنی کو ضروری سمجھا ہے۔ آیہ یَاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اذْکُرُوا اللّٰہَ ذِکْرًا کَثِیْرًا ۔ اسی وقوفِ قلبی کی طرف اشارہ ہے۔ حضرت عروۃ الوثقیٰ خواجہ محمد معصوم قدس سرہ، فرماتے ہیں کہ وقوفِ قلبی یہ ہے کہ دل کا نگران و واقف رہے۔ اور قطع نظر ذکر سے اُس کی طرف توجہ رکھے تاکہ اُس میں تفرقہ راہ نہ پائے اور وہ ماسوا کے نقوش سے منقش نہ ہو جائے۔ کہتے ہیں کہ دل بیکار نہیں رہتا۔ یا ماسوا سے ملا رہتا ہے یا مطلوبِ حقیقی سے۔ جب دل ماسوا سے ممنوع ہو گیا تو اُسے مطلوب کی طرف توجہ سے چارہ نہ ہوگا۔ پس تم دل کو دشمن سے باز رکھو۔ دوست کی طلب کی حاجت نہیں، وہ خود جلوہ گر ہو جائے گا۔

(ب) آپ کا ایک وصیت نامہ آدابِ طریقت کے بارے میں ہے۔ جسے آپ نے اپنے خلیفہ و فرزندِ معنوی خواجہ اولیائے کبیر قدس سرہ، کے لیے لکھا ہے ملاحظہ ہو جو سلسلہ نقشبندیہ کے متوسلین کے لیے مشعلِ راہ ہے۔

پیارے فرزند! میں تم کو وصیت کرتا ہوں کہ تقویٰ کو اپنا شعار بناؤ۔ وظائف

پیش کرو پہلے اس سے کہ محاسبہ کیے جاؤ۔
کثرت سے اللہ تعالیٰ کو بہت یاد کرو۔ (پ ۲۲۔ سورہ ۳۳ احزاب۔ ع ۶)۔

وعبادات کی پابندی رکھو۔ اپنے حالات کی نگہبانی کرتے رہو۔ خدا تعالیٰ سے ہمیشہ ڈرتے رہو۔ خدا اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے حقوق کو نگاہ میں رکھو۔ ماں باپ اور تمام مشائخ کے حقوق کا خیال رکھو تاکہ اِن خصلتوں سے تُم رضائے خُدا سے مشرف ہو جاؤ۔ خدا تعالیٰ کا حکم بجا لاؤ تاکہ وہ تمہارا حافظ رہے۔ تُم پر لازم ہے کہ قرآن شریف کا پڑھنا ترک نہ کرو۔ تلاوت بلند آواز سے ہو یا آہستہ، زبانی ہو یا دیکھ کر قرآن مجید کو غور و فکر اور خوف و گریہ سے پڑھو۔ اور تمام امور میں قرآن کی پناہ لو کیونکہ بندوں پر خدا کی حجت قرآن کریم ہے۔ علمِ فقہ کی طلب سے ایک قدم بھی دور نہ رہو اور حدیث کا علم سیکھو۔ جاہل صُوفیوں سے دُور رہو کیونکہ وہ دین کے چور اور مسلمانوں کے رہزن ہیں۔ تُم پر لازم ہے کہ مذہب اہل سنت و جماعت کے پابند رہو اور آئمہ سلف کے مسلک کو اختیار کرو کیونکہ جو نئی باتیں پیدا ہوئی ہیں وہ گمراہی ہیں۔ عورتوں، نوجوانوں، بدعتیوں اور دولت مندوں سے محبت مت رکھو کیونکہ دین کو برباد کر دیتے ہیں۔ اور دُنیا سے دو روٹی پر قناعت کرو۔ اگر محبت ہو تو فقیروں سے رکھو ہمیشہ خلوت نشین رہو اور حلال کھاؤ کیونکہ حلال نیکی کی کنجی ہے۔ حرام سے بچو ورنہ خدا تعالیٰ سے دُور ہو جاؤ گے۔ اسی پر ثابت رہنا تاکہ تم کو دوزخ کی آگ میں نہ جاؤ۔ حلال پہنو تاکہ عبادت کی لذت پاؤ۔ حق تعالیٰ کی جلالت سے ڈرتے رہو اور بھولو مت کہ ایک روز تم موقفِ حساب میں کھڑے ہو گے۔ رات دن نماز بہت پڑھا کرو۔ اور جماعت کو ترک نہ کرو۔ امام و مؤذن نہ بنو۔ کسی پر اپنا نام نہ لکھو۔ محکمہ قضا میں حاضر نہ ہو۔ خارج از طریقت بادشاہوں کی صحبت میں نہ بیٹھو۔ لوگوں کی وصیتوں میں دخل نہ دو۔ اور لوگوں سے بھاگو جس طرح کہ شیر سے بھاگتے ہیں۔ تُم پر لازم ہے کہ گمنام رہو تاکہ نیکنام ہو جاؤ۔ تم پر لازم ہے کہ سفر بہت کرو تاکہ تمہارا نفس خوار ہو جائے۔ خانقاہ نہ بناؤ اور نہ خانقاہ میں رہو۔ کسی کی مدح سے مغرور اور کسی کی مذمت سے غمگین نہ ہو۔ بندوں کی مدح و مذمت تمہارے نفس کے نزدیک برابر ہونی چاہیئے۔ لوگوں سے حُسنِ ظن سے معاملہ کرو۔

ہے کہ تمام حالات میں ادب سے رہو۔ بُرے بھلے تمام مخلوقات پر رحم کرو۔ تمہیں
ہ مار کر ہنسنا نہ چاہیئے کیونکہ قہقہہ غفلت کے سبب سے ہوتا ہے اور دل کو مردہ کر
تا ہے۔ حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قیامت کے احوال و شدائد
مجھے معلوم ہیں، اگر تم کو معلوم ہو جائیں تو خندہ (ہنسنا) تھوڑا اور رونا زیادہ کرو اللہ تعالیٰ
عذاب سے نڈر اور اُس کی رحمت سے نا اُمید نہ رہو۔ خوف و اُمید میں زندگی
سر کرو کیونکہ سالکوں کو کبھی خوف ہوتا ہے اور کبھی اُمید۔

اے فرزند! شیخ اپنے مرید کے لیے بمنزلہ باپ کے ہے بلکہ باپ سے
زیادہ مشفق کیونکہ وہ مرید کو مقامِ قرب میں پہنچا دیتا ہے۔ اگر ہو سکے تو نکاح
مت کر، ورنہ طالبِ دُنیا بن جاؤ گے اور دُنیا کی طلب میں دین کو برباد کر دو گے۔
تمہارا نفس نکاح کا مشتاق ہو تو روزے رکھو اور آخرت کے غم میں رہو اور موت
کو یاد کرو۔ طالبِ ریاست مت بنو کیونکہ جو طالبِ ریاست ہو اُسے سالک
نہیں کہنا چاہیئے۔ تم پر لازم ہے کہ فقر میں پرہیز و دیانت اور پرہیزگاری
کے ساتھ پاکیزہ رہو اور خدا تعالیٰ کے رستے میں ثابت قدم رہو۔ جاہلوں سے
جان و تن و مال سے مشائخ کی خدمت کرو۔ اُن کے دلوں کا خیال رکھو۔ اُن کی
پیروی کرو۔ اُن کے سیر و سلوک پر نگاہ رکھو، اُن میں سے کسی کا انکار نہ کرو سوائے
چیزوں کے جو خلافِ شرع ہوں۔ اگر تم مشائخ کا انکار کرو گے تو کبھی کامیاب نہ
ہو گے۔ لوگوں سے کوئی چیز مت مانگو اور کل کے لیے ذخیرہ نہ کرو۔ حق تعالیٰ کے
سپرد اس پر بھروسہ کرو کیونکہ وہ ارشاد فرماتا ہے۔ اے فرزند آدم! میں ہر روز
تمہارا روزی تجھے پہنچا دیتا ہوں تو اپنے آپ کو تکلیف نہ دے۔ مقامِ توکل میں قدم
رکھو کیونکہ حق تعالیٰ فرماتا ہے:۔

وَمَنْ يَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ جو اللہ پر بھروسہ کرتا ہے،
(سورہ الطلاق آیت ۳) اللہ اُس کے لیے کافی ہے۔

جان لو کہ رزق قسمت میں لکھا ہوا ہے۔ جو نامرد سخی بنو۔ جو کچھ خدا تعالیٰ

نے تمہیں دیا ہے تم خلقِ خدا پر خرچ کرو۔ بخل و حسد سے دُور رہو کیونکہ بخیل اور حاسد قیامت کے دن دوزخ میں ہوں گے۔ اپنے آپ کو آراستہ مت کرو کیونکہ ظاہر آراستہ باطن کی خرابی ہے۔ خدا تعالیٰ کے وعدہ پر بھروسہ کرو اور تمام خلائق سے ناامید ہو جاؤ۔ اور اُن سے اُنس نہ پکڑو۔ سچ بولو اور ڈرو مت۔ مخلوقات میں کسی سے صحبت نہ رکھو کیونکہ وہ تمہارے دین کو برباد کر دیں گے اور تم خدا تعالیٰ سے دُور ہو جاؤ گے۔ تم پر لازم ہے کہ اپنے نفس کی ضروریات کا خیال رکھو تاکہ وہ درست ہو جائے۔ اپنے نفس کی عزت نہ کرو۔ غیر ضروری باتوں سے زبان کو بند رکھو اور ہمیشہ لوگوں کو نصیحت کرتے رہو۔ تم پر لازم ہے کہ کم بولو، کم کھاؤ۔ کم سوؤ، اور جلدی اُٹھو۔ سماع میں زیادہ نہ بیٹھو کیونکہ سماع کی کثرت سے نفاق پیدا ہوتا ہے اور دل مردہ ہو جاتا ہے سماع کا انکار نہ کرو۔ کیونکہ اصحابِ سماع بہت ہیں۔ سماع روا در جائز نہیں مگر اُس شخص کے لیے جس کا دل زندہ اور نفس مردہ ہو۔ ورنہ نماز، روزے میں مصروف و مشغول ہونا بہتر ہے۔ چاہیئے کہ تمہارا اوّل غمگین، تمہارا بدن بیمار، تمہارا آنکھ روتی، تمہارا عمل خالص، تمہاری دعا مجاہدہ کے ساتھ، تمہارا کپڑا پُرانا، تمہارا رفیق درویش، تمہارا گھر مسجد تمہارا مال کتبِ دین، تمہاری آرائش، زہد اور تمہارا مُونس باری تعالیٰ ہو۔ کسی شخص سے برادری نہ کر جب تک یہ پانچ خصلتیں اس میں نہ پاؤ۔ اوّل فقیری۔ دوم، دین کو دُنیا پر ترجیح دے۔ سوم، ذلت کو عزت ترجیح دے۔ چہارم، علمِ ظاہری و باطن کا جاننے والا ہو۔ پنجم، موت کے لیے تیار ہو۔

اے فرزند! میری وصیتوں کو نگاہ میں رکھو۔ جس طرح میں نے اپنے شیخ قدس سرہ سے یاد کیں اور اُن پر عمل کیا۔ اُسی طرح اب تم بھی یاد کرو اور عمل کرو خدا تعالیٰ دنیا و آخرت میں تمہارا حافظ و نگہبان ہو گا۔ اگر یہ خصلتیں کسی سالک میں پائی جائیں تو اس کا شیخ و پیر ہونا مسلم ہو گا جو شخص ایسے شیخ کی پیروی کرے گا۔ اور وہ اُس کو مقصد و مقصود تک پہنچا دے گا مگر یہ مرتبہ ہر ایک کو نصیب نہیں ہوتا۔

(ج) ایک درویش نے آپ سے دریافت فرمایا کہ "تسلیم" کس کو کہتے ہیں۔ فرمایا: تسلیم یہ ہے کہ روزِ الست جو نفس و مال فروخت کر کے بہشت خریدا ہے آج بھی تسلیم کرے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ ان اللہ اشتری من المومنین انفسھم واموالھم بان لھم الجنۃ تسلیم نفس و مال اس طرح ہوتا ہے کہ اپنے نفس کو مملوکِ حق تعالیٰ سمجھے اور اپنے آپ کو وکیلِ خرچ ہ تعالےٰ جانے اور جہاں تک ہو سکے اپنے نفس اور مال سے بندگانِ خدا کے ساتھ بے لوث نیکی کرے۔ اور مالِ دنیا کو باطن میں جگہ نہ دے اور اپنے آپ حکم و قضاءِ حق تعالیٰ کے تسلیم کرے۔

(د) ایک روز ایک خادم نے عرض کیا کہ فراغت کس کو کہتے ہیں۔ فرمایا: فراغتِ ل یہ ہے کہ محبتِ دنیا دل میں راہ نہ پائے اور یہ نہیں کہ دنیا کے کام کاج سے آزاد و۔ اللہ تعالےٰ نے حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا فَاِذَا فَرَغْتَ فانصب نی جس وقت تمام موجودات سے دل فارغ ہو جائے، اُس وقت میری خدمت ں مشغول ہو۔ جو لوگ خرید و فروخت اور لوگوں سے معاملہ داری میں اللہ تعالیٰ سے افل نہیں ہوتے اُن کی تعریف اللہ تعالیٰ قرآن پاک میں یوں فرماتا ہے۔

رِجَالٌ لَا تُلْهِيهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ[1]

اگر ان لوگوں میں ہو جاؤ تو سبحان اللہ۔ ورنہ اِن لوگوں کی جان و مال سے خدمت رنے میں کوتاہی نہ کرنا تاکہ قیامت کے دن اُن کی خدمت اور محبت کی وجہ سے اُن کے ساتھ ہی تمہارا حشر ہو۔

---

[1] ایسے لوگ جن کو خدا کے ذکر سے نہ سوداگری غافل کرتی ہے نہ خرید و فروخت (سورۃ النور آیت ۳۷)



بخارا کے مضافاتی قصبے کی ایک یادگار پرانی تصویر

تصویر از "دی امیر آف بخارا اینڈ ہز کنٹری" بشکریہ پنجاب پبلک لائبریری

(۱۱)

حضرت خواجہ عارف ریوگری رحمۃ اللہ علیہ

ریوگر نزد بُخارا ۵۵۱ھ / ۱۱۵۶ء — ۷۱۵ھ / ۱۳۱۵ء ریوگر نزد بُخارا (رُوس)

مادۂ تاریخِ رحلت

"مرآتِ جمال" ۷۱۵ھ — "درویشِ صادق" ۷۱۵ھ — "شہ نشین" ۷۱۵ھ

۱۱ حضرت خواجہ عارف ریوگری قدس سرہٗ

حضرت خواجہ عبدالخالق غجدوانی قدس سرہ کے چار خلیفے تھے۔ خواجہ احمد صدیق خواجہ اولیائے کبیر، خواجہ سلیمان کرمینی اور خواجہ عارف ریوگری رحمۃ اللہ علیہم۔ خواجہ عارف ریوگری خلیفہ اعظم تھے۔ تمام عمر اپنے پیر روشن ضمیر کی خدمت با برکت میں رہے اور باطنی فیوض و برکات سے مالا مال ہوئے۔ علم و حلم، زُہد و تقویٰ، عبادت و ریاضت اور رُشد و ہدایت میں عالی شان رکھتے تھے۔ حضرت خواجہ عبدالخالق غجدوانی رحمۃ اللہ علیہ کی رحلت کے بعد سجادہ نشین بنے اور ایک خلق کو راہ ہدایت پر گامزن کیا۔

آپ کا مولد و مدفن ریوگر (بخارا سے ۱۸ میل اور غجدوان سے ۳ میل دُور ایک موضع) ہے۔ آپ کی وفات یکم شوال ۷۱۵ھ ہے۔ آپ کی عمر شریف بہت دراز تھی۔ آپ کے پیر و مُرشد خواجہ عبدالخالق غجدوانی کی وفات ۵۷۵ھ میں ہوئی۔ اور آپ کی ۷۱۵ھ میں گویا کہ آپ پیر و مرشد کی رحلت کے بعد ۱۴۰ سال زندہ رہے۔ (تحقیق و تفتیش کے بعد پتہ چلا ہے کہ آپ کی ولادت ۲۷/ رجب المرجب ۵۵۱ھ بمطابق ۱۵ ستمبر ۱۱۵۶ء کو ریوگر میں ہوئی۔)

بخارا شہر کی اندرونی دیوار کے اندر واقع قبرستان کا عمومی منظر (روایت کے مطابق اس میں متعدد اولیائے کرام کی قبور شریف موجود تھیں جو کہ روسی حکومت نے مسمار کر دی تھیں) از "دی امیر آف بخارا اینڈ ہز کنٹری" بشکریہ پنجاب پبلک لائبریری

(۱۲)

حضرت خواجہ محمود انجیر فغنوی رحمۃ اللہ علیہ

انجیر فغنہ نزد بخارا ۶۲۷ھ / ۱۲۳۰ء ۷۱۷ھ / ۱۳۱۷ء وابکنہ نزد بخارا

مادۂ تاریخ رحلت

"یوسف ثانی" ۷۱۷ھ

"شاہِ عرفانی" ۷۱۷ھ

"وائے کوکب برج ولایت"

۷۱۷ھ

۱۲ حضرت خواجہ محمود انجیر فغنوی رحمۃ اللہ علیہ

آپ حضرت خواجہ عارف ریوگری کے تمام اصحاب میں افضل و اکمل اور خلافت سے ممتاز تھے۔ آپ کی ولادت ۱۸/ شوال ۶۲۸ھ / ۱۲۲۰ء کو موضع انجیر فغنہ نزد وابکنہ (بخارا سے چند میل دُور) میں ہوئی۔ ذریعۂ معاش گلکاری (نقاشی، بیل بوٹے کا کام) تھا۔ جب آپ کو اجازتِ ارشاد مل گئی تو آپ نے مصلحتاً اور بتقاضائے وقت ذکرِ جہر شروع کیا۔ کیونکہ حضرت خواجہ عارف ریوگری نے آخری وقت فرمایا تھا کہ اب وہ وقت آگیا ہے جس کی طرف ہمیں اشارہ ہوا تھا کہ طالبوں کو بربنائے مصلحت ذکرِ جہر اختیار کرنا پڑے گا۔

مولنا حافظ الدین بخاری رح (جو اُس وقت کے بہت بڑے عالم اور خواجہ پارسا قدس سرہ، کے جدِ اعلیٰ تھے) نے رئیس العلماء شمس الائمہ حلوانی کے اشارے سے علماء مصر کی ایک جماعت کے روبرو حضرت خواجہ محمود رح سے سوال کیا تھا کہ آپ ذکرِ جہر کس نیت سے کرتے ہیں! آپ نے فرمایا تھا کہ سویا ہوا بیدار اور غفلت سے ہوشیار ہو جائے۔ راہِ راست پر آجائے۔ اور شریعت و طریقت پر استقامت کرے اور توبہ و انابت (خدا کی طرف رجوع، انکساری و عاجزی) کی طرف رغبت کرے۔ مولنا نے فرمایا کہ آپ کی نیت درست ہے اور آپ کے لیے یہ جائز ہے لیکن ذکرِ جہر کی اَب حد مقرر کر دیجئے کہ جس سے حقیقت، مجاز سے آشنا سے ممتاز ہو جائے۔ اس پر حضرت خواجہ نے فرمایا کہ ذکرِ جہر اُس

شخص کے لیے جائز ہے کہ جس کی زبان جھوٹ اور غیبت سے پاک ہو جس کا حلق حرام و شبہ سے، دل ریا و سمعہ سے اور باطن توجہ بما سواء سے پاک ہو۔

حضرت خواجہ علی رامتینی رح کا بیان ہے کہ حضرت خواجہ محمود (قدس سرہ) کے وقت ایک درویش نے حضرت خضر علیہ السلام کو دیکھا اور اُن سے پوچھا کہ اس زمانے میں مشائخ میں سے ایسا کون ہے جو طریق استقامت پر ثابت قدم ہو تاکہ اُس کا مرید بن کر پیروی کروں۔ حضرت خضر علیہ السلام نے جواب دیا کہ حضرت خواجہ محمود الانجیر فغنوی خواجہ رامتینی کے بعض اصحاب نے کہا کہ وہ درویش سائل خود خواجہ رامتینی تھے مگر اپنا نام اس وجہ سے نہ لیا کہ یہ ظاہر نہ ہو جائے کہ اُنہوں نے حضرت خضر علیہ السلام کو دیکھا ہے۔

آپ صاحب کرامت بزرگ تھے جن کی کرامتیں زبان زدِ عام تھیں۔ بطور تبرک ایک کرامت درج ذیل ہے۔

ایک روز حضرت خواجہ علی رامتینی رح، خواجہ محمود الانجیر فغنوی رح کے باقی اصحاب کے ساتھ موضع رامتین میں مشغولِ ذکر تھے۔ کیا دیکھتے ہیں کہ ایک بہت بڑا سفید پرند اُن کے اوپر اُڑا چلا آتا ہے۔ جب وہ پرندہ اُن کے عین سر پر آیا تو بزبانِ فصیح بولا

"اے علی مردین اور اپنے کام میں مشغول رہ"

یہ بات سن کر تمام اہلِ مجلس پر ایک کیفیت طاری ہو گئی اور بے ہوش ہو گئے جب ہوش میں آئے تو حضرت خواجہ سے پوچھا کہ یہ کیا معاملہ تھا! حضرت خواجہ نے فرمایا کہ وہ حضرت خواجہ محمود فغنوی قدس سرہ، تھے۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں یہ طاقت اور قوت بخشی ہے کہ وہ جس مخلوق کے قالب میں چاہیں متشکل ہو جائیں۔ اور وہ ہمیشہ اُس مقام پر پرواز کرتے ہیں۔ جہاں اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ کلیم اللہ علیہ السلام سے کہ ہزار کلمات فرمائے اُس وقت خواجہ دہقان قلتی رح بروایتِ دیگر خواجہ دہقان قل (خلیفۂ اوّل خواجہ اولیائے کبیر رح) کا وقت آخر تھا۔ اُنہوں نے دُعا کی تھی، یا اللہ! میر اس آخری وقت میری مدد کے لیے اپنے دوستوں میں سے کسی کو بھیج تاکہ اُس کی برکت سے اپنا ایمان سلامت لیجاؤں۔ چنانچہ باشارۂ ربانی حضرت خواجہ محمو

فتوی رح کی روح مبارک خواجہ دہقان کے پاس پہنچی تھی۔ ان کا خاتمہ بالخیر ہو گیا اور اب واپس تشریف لے گئے ہیں چونکہ انہیں میرے حال پر فرطِ محبت وعنایت تھی لہذا اس راہ سے گزرتے ہوئے مجھ پر کرم فرمایا۔

واضح رہے کہ حیاتِ دینوی میں بعض بندگانِ خدا کو عنایتِ صفا دلطافت سے بعنایت ایزدی اس بات پر قدرت ہوتی ہے کہ جسمِ ظاہری کی قید کے باوجود مختلف بدن تبدیل کر سکیں۔ چونکہ موت کے بعد جب کہ یہ قید رفع ہوتی ہے اور طائرِ روح اس قفس سے آزاد ہو جاتا ہے لہذا وہ دوسرے بدن میں تبدیل ہونے پر بطریق اولیٰ قادر ہیں۔ اسے بروز کہتے ہیں۔ بروز و تناسخ میں فرق ہے۔ اہل تناسخ عموم ولزوم کے قائل ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ کوئی روح نفیس ہو یا خسیس، مسلمان ہو یا کافر، انسان ہو یا حیوان، کسی بدن سے جدا نہیں ہوتی جب تک کہ کوئی دوسرا بدن اس کے واسطے تیار نہ ہو تاکہ پہلے بدن سے نکلتے ہی دوسرے میں چلی جائے۔ بخلاف بروز کے کہ اُن کے نزدیک نہ عموم ہے نہ لزوم۔ یعنی اس طائفہ کے نزدیک یہ تعلق بعض مومنین سے خاص ہے اور وہ بھی بر سبیل لزوم نہیں۔ کیونکہ موت کے بعد کبھی مصلحت کی بنا پر دوسرے بدن میں ظاہر ہوتے ہیں، خواہ وہ بدن اصلی دینوی کی مثل ہو یا نہ ہو صورت بشری میں ہو یا نہ ہو۔ اور پھر اتمامِ مطلوب کے بعد پس پردہ غائب ہو جاتے ہیں۔ جو لوگ بروز و تناسخ میں فرق نہیں کرتے وہ اولیائے کرام پر بیجا اعتراض طعن و تشنیع کرتے ہیں۔ ؎

تا چند کنی بیادہ نوشاں انکار　　انکار مکن نیست نیکو ایں کار
قدسے کہ بود زیادۂ عرفان مست　　زنہار برو طعنہ مکن صد زنہار

آپ کی وفات ۱۷/ ربیع الاول ۷۱۷ھ/۱۳۱۷ء کو ہوئی۔ مزار مقدس وابکنہ (بخارا) میں ہے۔

بخارا شہر کی اندرونی دیوار کے اندر واقع قبرستان کا عمومی منظر
تصویر از "دی امیرآف بخارا اینڈ ہز کورٹ" بلکہ یہ پنجاب پبلک لائبریری

(۱۳)

حضرت خواجہ علی رامتینی

ملقب بہ

عزیزاں علی رحمۃ اللہ علیہ

کن نزد بخارا ۵۹۱ھ / ۱۱۹۴-۹۵ء ○ ۷۲۱ھ / ۱۳۲۱ء خوارزم

مادۂ تاریخ رحلت

"نفعی حشر" ۷۲۱ھ

"ذکا" ۷۲۱ھ

۱۳

حضرت خواجہ علی رامتینی ملقب بہ عزیزاں علی رحمۃ اللہ علیہ

آپ حضرت خواجہ محمود فغنوی قدس سرہ، کے خلفاء میں سے ہیں۔ سلسلۂ خواجگان میں آپ کا لقب عزیزاں ہے اور حضرت عزیزاں علی کے نام سے مشہور و معروف ہیں۔ آپ کے مقاماتِ عالیہ اور کراماتِ عجیبہ بہت ہیں۔ آپ صنعتِ بافندگی میں مشغول و مصروف رہا کرتے تھے۔ عارفِ جامی رحمۃ اللہ علیہ اپنی شہرتِ عام اور بقائے دوام کی حاصل کتاب "نفحات الانس" میں لکھا ہے کہ:

"میں نے بعض اکابر سے یوں سنا ہے کہ حضرت مولانا جلال الدین رومی قدس سرہ، کے شعر ذیل میں آپ (خواجہ عزیزاں علی) ہی کی طرف اشارہ ہے ؎

گر نہ علم حال فوقِ قال بودے کے شدے — علم حال اگر قال سے بہتر نہ ہوتا تو سردارانِ بخارا
بندہ اعیانِ بخارا خواجۂ نساج را — خواجہ نساج (بافندہ) کے کب غلام بنتے

آپ کی پیدائش موضع رامتین (بخارا شہر سے چھ میل دور) ۵۹۱ھ میں ہوئی۔ التفاتِ زمانہ سے آپ رامتین سے باوردیں تشریف لائے اور ایک مدت تک یہاں کے لوگوں کو راہِ خدا بتاتے رہے۔ بعد ازاں خوارزم شہر میں مقیم ہو گئے اور حسب معمول ہدایتِ خلق اور ریاضت و مجاہدہ میں مشغول رہے۔ خوارزم میں بہت سے لوگ آپ کے سلسلہ میں داخل ہوئے۔

آپ حضرت خواجہ محمود انجیر فغنوی قدس سرہ، کے خلفاء کبار میں سے ہیں۔ جب حضرت خواجہ محمود انجیر کا وقتِ آخر قریب پہنچا تو انہوں نے اپنی خلافت اور اصحاب آپ کے سپرد کر دیئے آپ حضرت خواجہ خضر علیہ السلام کے صحبت دار

تھے اور انہی کے اشارہ سے ہی حضرت خواجہ محمود فغنوی کے مرید ہوئے تھے۔

کرامات (۱) حضرت سیداتاؒ اور آپ (حضرت عزیزانؒ) ہمعصر تھے۔ اور کبھی کبھی ایک دوسرے سے ملاقات بھی کر لیا کرتے تھے۔ شروع شروع میں سیداتاؒ کا دل آپ کے متعلق صاف نہیں تھا چنانچہ ایکروز سیداتاؒ کی طرف سے آپ کی شان میں کوئی بے ادبی اور گستاخی وقوع پذیر ہو گئی۔ اتفاق ایسا ہوا کہ انہیں دنوں ایک جماعت دشتِ قبچاق کی طرف سے حملہ آور ہوئی اور سیداتاؒ کے لڑکے کو پکڑ کر لے گئی۔ سیداتاؒ کو خیال آیا کہ یہ حادثہ اُس بے ادبی کے نتیجہ میں ظہور پذیر ہوا ہے۔ فوراً آکر معذرت کی اور آپ کی اپنے ہاں دعوت کی جسے آپ نے قبول فرما لیا۔ آپ ان کی دعوت میں تشریف لے گئے۔ دعوت میں بڑے بڑے علماء اور مشاہیر مدعو تھے۔ آپ اُس روز نہایت خوش وقت اور عالم کیفیت میں تھے جب خادم نے دسترخوان بچھایا اور نمکدان لایا تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ علی (حضرت نے اپنے آپ کو مخاطب کیا) اُس وقت تک اپنی انگلی نمک پر نہ رکھے گا اور نہ ہاتھ کھانے کی طرف بڑھائے گا جب تک کہ سیداتا کا لڑکا دسترخوان پہ حاضر نہ ہو جائے۔ یہ کہہ کر آپ نے تھوڑی دیر سکوت فرمایا تو اچانک لڑکا دروازے سے اندر داخل ہوا۔ مجلس میں یکبارگی شور بلند ہوا اور سب کے سب حیران رہ گئے۔ لڑکے سے اس کے آنے کی کیفیت دریافت کی گئی تو اُس نے بتایا کہ میں اس سے زیادہ کچھ نہیں جانتا کہ ابھی ابھی ترکوں کی قید میں تھا اور وہ مجھے اپنے ملک میں لے جا رہے تھے لیکن اب دیکھ رہا ہوں کہ آپ سب کے سامنے حاضر ہوں۔ اہلِ مجلس کو یقین ہو گیا کہ یہ آپ (حضرت عزیزانؒ) کا تصرّف ہے۔ سب آپ کے پاؤں پر گر پڑے اور مرید ہو گئے۔

(۲) ایک روز آپ کے ہاں ایک عزیز مہمان آگیا۔ گھر میں کھانے کے لیے کو

چیز نہ تھی۔ آپ پریشان ہوکر گھر سے نکلے۔ اچانک آپ کا ایک معتقد طعام فروش لڑکا کھانے کی بھری ہوئی دیگ سر پر اٹھائے آپہنچا۔ اُس نے عرض کی کہ میں نے یہ کھانا آپ کے خادموں کے لیے تیار کیا ہے، امیدوار شرف قبولیت ہوں۔ آپ کو اس لڑکے کی یہ خدمت بہت پسند آئی۔ جب مہمان کھانا کھا چکے تو اُس لڑکے کو بلا کر فرمایا۔ "ہم تیری اس خدمت سے بہت خوش ہیں، اب تیری جو مراد ہے ہم سے بلا دھڑک مانگ۔ انشاء اللہ تعالیٰ پوری ہو جائے گی"۔ لڑکا بہت زیرک اور دانا تھا، بولا کہ "میں چاہتا ہوں کہ خواجہ عزیزاں بن جاؤں"۔ آپ نے فرمایا، "یہ تو نہایت مشکل ہے، اس قدر بھاری بوجھ اٹھانے کی تجھ میں ہمت اور طاقت نہیں ہے"۔ لڑکے نے عرض کیا کہ "میری مراد تو یہی ہے اور اس کے سوا کوئی آرزو نہیں ہے"۔ ؎

سب کچھ تجھی سے مانگ لیا تجھ کو مانگ کر
اب اُٹھتے نہیں ہیں ہاتھ میرے اس دُعا کے بعد

آپ نے ارشاد فرمایا کہ بالکل اسی طرح ہو جائے گا۔ اور اُس کے ہاتھ پکڑ کر جلوت سے خلوتِ خاص میں لے گئے۔ اُس پر توجہ ڈالی اور وہ لڑکا تھوڑی سی دیر میں صورت و سیرت میں آپ کی طرح کا بن گیا۔ اس کے بعد وہ تقریباً چالیس روز زندہ رہا اور پھر دائمی اجل کو لبیک کہہ گیا۔

(۳) کہتے ہیں کہ جب آپ نے باشارۂ غیبی بخارا سے خوارزم کا قصد کیا تو شہر کے دروازے پر پہنچ کر ٹھہر گئے۔ اپنے دو درویشوں کو بادشاہ کی خدمت میں بھیجا کہ ایک بافندہ فقیر آپ کے شہر کے دروازے پر کھڑا ہے اور اقامت کا ارادہ رکھتا ہے، اگر اجازت ہو تو داخل شہر ہو جائے ورنہ واپس چلا جائے اور درویشوں کو تاکید کی کہ اگر بادشاہ اجازت دے دے تو اجازت نامہ پر مہر و دستخط کروا کر لانا۔ جب درویشوں نے بادشاہ کے پاس اپنا مدعا بیان کیا تو بادشاہ اور ارکانِ سلطنت ہنس پڑے اور کہنے لگے آپ کے پیر بہت

سادہ اور نادان آدمی ہیں اور پھر ازراہِ مذاق اجازت نامہ دے دیا۔ درویش اجازت نامہ لے کر آپ یعنی حضرت عزیزاں کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ نے قدم مبارک شہر میں رکھا اور گوشہ نشین ہو کر حضرات خواجگان کے طریقے کے مطابق اپنے اوراد و اذکار میں مشغول ہو گئے۔

آپ ہر روز صبح کے وقت مزدور گاہ میں تشریف لے جاتے اور ایک دو مزدوروں کو اپنے مکان پر لے جا کر فرماتے کہ پورا وضو کرو اور نماز عصر تک باوضو ہمارے پاس رہو اور ذکر کرو۔ بعد ازاں اپنی مزدوری لے کر چلے جاؤ۔ مزدور بخوشی ایسا کرتے اور نمازِ عصر تک آپ کی خدمتِ بابرکت میں رہتے۔ جو مزدور ایک دن اس طرح آپ کے پاس رہے آپ کی صحبت کی برکت اور تاثیر و تصرفِ باطنی سے اُن میں یہ وصف پیدا ہو جاتا کہ آپ کی خدمت سے جدائی گوارا نہ کرتے۔ اس طرح کچھ مدت کے بعد وہاں کے لوگ آپ کے مرید بن گئے اور آپ کے گرد طالبانِ خدا کا ہجوم ہو گیا۔ رفتہ رفتہ بادشاہ تک یہ خبر پہنچی کہ اس شہر میں ایک شخص آیا ہے جس نے شہر کے اکثر و بیشتر لوگوں کو مرید کر لیا ہے اور ہر وقت اس کے گرد جمگھٹا رہتا ہے۔ اندیشہ ہے کہ کہیں ملک میں کوئی فتنہ و فساد پیدا نہ ہو جائے جس کا انسداد ممکن نہ ہو سکے۔ بادشاہ نے بلا سوچے سمجھے آپ کے اخراج کا حکم دے دیا۔ آپ نے انہی دو درویشوں کے ہاتھ اجازت نامہ بادشاہ کی خدمت میں بھیج دیا کہ ہم تمہارے شہر میں تمہاری ہی اجازت سے آئے ہیں، اب اگر تم اپنے حکم کی خلاف ورزی کرتے ہو تو ہم یہاں سے چلے جاتے ہیں۔ اس پر بادشاہ اور تمام ارکانِ سلطنت نادم و شرمسار ہوئے اور آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر آپ کے محبین و مخلصین میں سے ہو گئے۔

(۴) آپ کے دو بیٹے تھے۔ ایک خواجہ محمد جو خواجہ خوردؒ کے نام سے مشہور تھے کیونکہ آپ کے اصحاب آپ (حضرت عزیزاں علیؒ) کو خواجہ بزرگ کہا کرتے تھے اور خواجہ محمد کو خواجہ خورد۔ دوسرے خواجہ ابراہیم تھے۔ جو خواجہ محمد سے چھوٹے تھے

جب آپ کا زمانۂ وفات قریب آیا تو آپ نے خواجہ ابراہیم کو اجازت و خلافت عطا فرمائی۔ بعض مریدوں کے دل میں خیال آیا کہ بڑے صاحبزادے کی موجودگی میں (جو عالم و عارف ہیں) چھوٹے کو کیوں خلیفہ بنایا گیا ہے۔ آپ نے ان کے خطرے پر آگاہ ہو کر فرمایا، کہ خواجہ خوردؒ ہمارے بعد زیادہ دیر زندہ نہیں گے بلکہ جلدی ہمارے پاس پہنچ جائیں گے۔ چنانچہ ایسا ہی وقوع و ظہور ہوا۔ آپ کی رحلت کے انیس ۱۹ روز بعد خواجہ خوردؒ نے وفات پائی۔ جب کہ خواجہ ابراہیمؒ نے ۷۹۳ھ میں انتقال فرمایا۔ آپ کا وصال ۲۸ ذی قعدہ ۷۲۱ھ / ۱۳۲۱ء کو خوارزم میں ہوا اور وہیں آخری آرامگاہ بنی۔

ارشاداتِ قدسیہ

(۱) حضرت شیخ رکن الدین علاء الدولہ سمنانیؒ (جو آپ کے ہم عصر تھے) نے ایک درویش کو آپ کی خدمت میں بھیج کر تین مسئلے پوچھے اور ہر ایک کا جواب پایا۔ پہلا مسئلہ یہ تھا کہ ہم اور تم آنے جانے والوں کی خدمت کرتے ہیں۔ تم کھانے میں تکلف نہیں کرتے جب کہ ہم کرتے ہیں۔ پھر کیا وجہ ہے کہ لوگ آپ کے ہاں حاضر ہونے کی آرزو کرتے ہیں اور ہماری شکایت؟ آپ نے جواب دیا کہ احسان جتا کر خدمت کرنے والے بہت ہیں اور احسان مند ہو کر خدمت کرنے والے کم ہیں۔ کوشش کرو کہ تم دوسری قسم سے ہو تاکہ کوئی تمہاری شکایت نہ کرے۔

دوسرا مسئلہ یہ تھا کہ ہم نے سنا ہے کہ تمہاری تربیت خواجہ خضر علیہ السلام سے ہوئی ہے، یہ کس طرح ہے؟ آپ نے جواب دیا کہ جو لوگ اللہ تعالیٰ کے عاشق ہوتے ہیں حضرت خضر علیہ السلام ان کے عاشق ہوتے ہیں۔

تیسرا مسئلہ یہ تھا کہ ہم نے سنا ہے۔ آپ ذکر جہر کرتے ہیں، یہ کس طرح؟ آپ نے فرمایا، میں نے بھی سنا ہے کہ تم ذکر خفیہ کرتے ہو۔ پس تمہارا ذکر بھی جہر ہوا۔

مولانا سیف الدینؒ (جو اس زمانے کے اکابر علماء میں سے تھے) نے آپ سے

سوال کیا کہ تم ذکرِ علانیہ کس نیت سے کرتے ہو؟ آپ نے فرمایا کہ تمام علماء کا اتفاق ہے کہ آخیر دم میں ذکر بلند کرنا اور تلقین کرنا جائز ہے۔ بحکم حدیث شریف

لقنوا موتاکم بشہادۃ ان لا الٰہ الا اللہ — تم اپنے مردوں کو لا الٰہ الا اللہ کی شہادت کی تلقین کرو۔

درویشوں کا ہر دم، دمِ آخیر ہے

(۳) حضرت شیخ بدرالدینؒ (جو شیخ حسن بلغاریؒ کے اصحابِ کبار میں سے تھے) نے آپ سے کہا کہ اللہ تعالیٰ جو ارشاد فرماتا ہے:

یاایھا الذین امنوا اذکروا اللہ ذکراً کثیراً (احزاب) — اے ایمان والو! خدا کو بہت یاد کیا کرو۔

ذکرِ کثیر سے ذکرِ زبان مراد ہے یا ذکرِ دل؟ آپ نے فرمایا کہ تبدی کے لیے ذکرِ زبان اور منتہی کے لیے ذکرِ دل۔ تبدی ہمیشہ تکلف و تعمل سے کام لیتا ہے جب کہ منتہی کے ذکر کا اثر دل تک پہنچتا ہے اور اس کے تمام اعضاء رگیں اور جوڑ ذکر کرنے لگتے ہیں۔ اس وقت سالک ذکرِ کثیر سے متعف ہوتا ہے اور اس حالت میں اس کا ایک دن کا کام دوسروں کے سال بھر کے کام کے برابر ہوتا ہے۔

(۴) آپ نے فرمایا کہ یہ بات کہ اللہ تعالیٰ ہر شب و روز میں بندۂ مومن کے دل پر تین سو ساٹھ (۳۶۰) بار نظرِ رحمت کرتا ہے، اس طرح ہے کہ دل تمام اعضاء کی طرف تین سو ساٹھ دریچے رکھتا ہے اور دل کے متصل تین سو ساٹھ رگیں جہندہ (کودنے والی) اور غیر جہندہ (نہ کودنے والی) ہیں۔ جب دل ذکر سے متاثر ہوتا ہے اور اس مرتبے پر پہنچ جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی نظرِ خاص کا مستحق ہو جائے تو اس نظر کے آثار دل سے تمام اعضاء کی طرف منشعب (منتشر) ہوتے ہیں۔ پس ہر ایک عضو اپنے اپنے حال کی مناسب سے طاعت میں مشغول ہو جاتا ہے اور ہر عضو کی طاعت کے نور سے ایک فیض جس سے مراد نظرِ

رحمت ہے دل کو پہچتا ہے۔

(۵) آپ سے پوچھا گیا کہ ایمان کیا ہے؟ آپ نے اپنی صنعت (بافندگی) کی مناسبت سے جواب دیا کہ توڑنا اور جوڑنا۔ یعنی ماسوأ (غیر اللہ) سے توڑنا اور اللہ تعالیٰ سے جوڑنا۔

(۶) آیہ توبوا الی اللہ (تحریم) میں اشارت بھی ہے اور بشارت بھی۔ اشارت ہے توبہ کرنے اور بشارت ہے اُس کے قبول ہونے کی کیونکہ اگر اللہ تعالیٰ توبہ قبول نہ کرنا تو پھر توبہ کا امر بھی نہ کرنا۔ امر دلیل ہے قبول کی گردیدِ قصور کے ساتھ۔

(۷) عمل کرنا چاہیے مگر ناکردہ خیال کرنا چاہیے اور اپنے آپ کو ہمیشہ قصوروار سمجھنا چاہیے اور بصورتِ نقصان عمل کو از سرِ نو کرنا چاہیے

(۸) دو وقتوں میں اپنے آپ پر کڑی نگاہ رکھنی چاہیے۔ بات کرنے کے وقت اور کوئی چیز کھانے کے وقت۔

(۹) ایک بار حضرت خضر علیہ السلام حضرت خواجہ عبدالخالقؒ کے پاس آئے خواجہؒ نے جَو کی دو روٹیاں گھر سے لاکر پیش کیں مگر حضرت خضر علیہ السلام نے تناول نہ کیں۔ خواجہؒ نے عرض کیا کہ تناول فرمائیے لقمہ حلال ہے۔ حضرت خضر علیہ السلام نے فرمایا، درست ہے لیکن خمیر کرنے والا بے وضو تھا۔ ہمارے لیے اس کا کھانا روا نہیں ہے۔

(۱۰) جو شخص مسندِ ارشاد پر بیٹھے اور لوگوں کو راہِ خدا بتائے۔ اُسے پرندے پالنے والے کی طرح ہونا چاہیے جو ہر ایک پرندہ کے پوٹے سے واقف ہوتا ہے اور ہر ایک کے لیے مناسب خوراک دیتا ہے۔ اسی طرح مرشد کو بھی چاہیے کہ اپنے مریدوں میں سے ہر ایک کی تربیت اس کی استعداد و قابلیت کے مطابق کرے۔

(۱۱) اگر تمام روئے زمین میں حضرت خواجہ عبدالخالق غجدوانیؒ کے فرزندوں میں سے ایک بھی ہوتا تو منصور کی سولی پر نہ چڑھتا۔ یعنی اگر حضرت خواجہؒ کے

معنوی فرزندوں میں سے ایک بھی زندہ ہوتا تو وہ حسین منصور کی تربیت کر کے اس مقام سے اوپر لے جاتا۔

(۱۲) سالکانِ طریقت کو ریاضت و مجاہدہ کثرت سے کرنا چاہیئے تاکہ وہ کسی مقام و مرتبہ پر پہنچ سکیں لیکن مقصود کو جلد پہنچنے کا سب سے نزدیکی راستہ یہ ہے کہ سالک خلق اور خدمت کے ذریعے کسی صاحب دل کے دل میں گھر کر لے۔ چونکہ گردہِ صاحب دلاں کا دل نظر حق کا مواد (ٹھہرنے کی جگہ) ہے لہذا سالک کو اس نظر سے حصہ مل جائے گا۔

(۱۳) ایسی زبان سے دعا کرو کہ جس سے گناہ نہ کیا ہو تاکہ وہ دعا درجۂ قبولیت پائے یعنی خدا کے دوستوں کے آگے تواضع اور التجا کرو تاکہ وہ تمہارے واسطے دعا کریں۔

(۱۴) ایک روز کسی نے آپ کے سامنے یہ مصرع پڑھا ع

عاشقاں در دے دو عید کنند

آپ نے فرمایا کہ عاشق ایک دم میں دو کیا تین عید کرتے ہیں۔ اس نے عرض کیا کہ اس کی تشریح فرما دیجئے۔ حضرت نے فرمایا کہ بندے کی ایک یاد اللہ تعالیٰ کی دو یادوں کے درمیان ہے۔ اللہ تعالیٰ پہلے بندے کو توفیق دیتا ہے کہ اس کی یاد کرلے، پھر جب بندہ اُسے یاد کرتا ہے تو اسے شرف قبولیت سے مشرف فرماتا ہے۔ پس توفیق، یاد اور قبولیت تین عیدیں ہوئی۔

(۱۵) ایک روز شیخ فخر الدین نوریؒ (جو اکابر وقت سے تھے) نے آپ سے سوال کیا کہ روزِ ازل میں جب اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ کے ساتھ سوال ہوا تو ایک گروہ نے لفظ بَلیٰ کے ساتھ جواب دیا۔ مگر روزِ ابد میں جب اللہ تعالیٰ لمن الملک الیوم کہے گا تو کوئی جواب نہ دے گا۔ اس کا سبب کیا ہے؟ آپ نے ارشاد فرمایا روزِ ازل تکالیف شرعیہ کی وضع کا دن تھا اور شرع میں گفت ہوتی ہے مگر روزِ ابد تکالیفِ شرعیہ کے اُٹھا دینے اور ابتدائے عالم حقیقت کا دن

اور حقیقت میں گفت نہیں ہوتی۔ اس لیے اس روز اللہ تعالیٰ خود اپنے سوال کا جواب یوں دے گا۔ لِلّٰہِ الْوَاحِدِ الْقَہَّارِ۔

(۱۶) اللہ تعالیٰ کے ساتھ محبت رکھو، اگر یہ ممکن نہ ہو تو ایسے شخص کے ساتھ محبت رکھو جو اللہ تعالیٰ کے ساتھ محبت رکھتا ہو کیونکہ خدا کے مصاحب کا مصاحب مصاحبِ خدا ہے۔

(۱۷) اگر کسی کے پاس بیٹھو اور خدا تعالیٰ کو بھول جاؤ تو اس آدمی کو شیطان سمجھو کیونکہ ایسا آدمی نما ابلیس بدرجہا بدتر ہے ابلیسِ لعین سے کہ ابلیس تو پوشیدہ طور پر وسوسہ ڈالتا ہے مگر یہ آدمی نما ابلیس ظاہری طور پر۔

(۱۸) نیک کام سے نیک دوست بہتر ہے کیونکہ ہو سکتا ہے کہ نیک کام سے تجھ میں تکبر و غرور پیدا ہو جائے مگر نیک دوست تو تجھے نیک کام ہی کا مشورہ دے گا۔

(۱۹) بعض دور والے مجھ سے نزدیک ہیں اور نزدیک والے دُور۔ دُور والے نزدیک اس طرح ہیں کہ وہ ظاہری لحاظ سے تو دُور ہیں مگر دل و جان سے نزدیک ہیں اور نزدیک والے دُور اس طرح ہیں کہ وہ اگرچہ ظاہراً میرے پاس ہیں مگر دل و جان سے میرے ساتھ نہیں ہیں۔ یعنی وہ دل سے کاروبارِ دنیا اور ہوا و ہوس میں مشغول و مصروف ہیں لہٰذا مجھے دور والے نزدیک بہتر ہیں نزدیکانِ دور سے کیونکہ ان سے تو نہ جان و دل کی نزدیکی کا اعتبار ہے نہ آب و گل کی ؎

گر دور یمنے کہ با منی پیش منی ور در پیش منی کہ بے منی در منی

کسی درویش نے آپ سے دریافت کیا کہ بالغِ شریعت کس کو کہتے ہیں اور بالغِ طریقت کون ہے؟ آپ نے فرمایا، بالغِ شریعت وہ ہے کہ جس سے منی (غرور، تکبر، خودی، خود بینی، نخوت) نکلے اور بالغ طریقت وہ ہے کہ جو منی سے باہر آئے یعنی اس کی خودی جاتی رہے۔ اُس درویش نے یہ سن کر اپنا سر زمین پر رکھ دیا۔ آپ نے ارشاد کیا، سر کے زمین پر رکھنے کی ضرورت نہیں ہے بلکہ جو کچھ سر میں

(غرور و تکبر) ہے وہ زمین پر رکھو۔

(۲۱) آپ کے فرزندِ ارجمند اور جانشین حضرت خواجہ ابراہیم قدس سرہ نے آپ کی خدمت میں عرض کیا کہ اس کے کیا معنی ہیں۔ اَلْفَقِیْرُ لَا یُحْتَاجُ اِلَی اللّٰہ (یعنی فقیر نہیں حاجت رکھتا طرف اللہ کی) آپ نے ارشاد فرمایا لَا یُحْتَاجُ بِالسُّؤَالِ اللّٰہ یعنی فقیر سوال نہیں کرتا کیونکہ اللہ تعالیٰ اعلام الغیوب ہے لہٰذا اس سے سوال کرنے کی کیا حاجت اور ضرورت ہے۔ وہ تو سب کی حاجتیں جانتا ہے اور پوری کرتا ہے۔

(۲۲) غنا، بے پروائی کو کہتے ہیں اور یہ اگرچہ بصورتِ تونگری معلوم ہوتی ہے مگر فقری کے وصف سے ہے۔

(۲۳) اگر فقیر کے ہاتھ میں کچھ نہ ہو اور دل میں بھی کوئی خواہش نہ رکھتا ہو تو وہ فقیر محمود الصفات ہے۔ پھر اگر وہ الفقر فخری کا نعرہ بلند کرے تو درست ہے۔ لیکن اگر فقیر ہاتھ میں کچھ نہ رکھے مگر دل میں خواہاں ہو تو وہ گدائے محلہ ہے نہ کہ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا تابع اور فرمانبردار۔ اور اگر فقیر ہاتھ میں کچھ رکھے اور دل میں بھی خواہاں ہو تو وہ فقیر مذموم الصفات ہے اور سوادالوجہ کادالفقر ان یکون کفرا اُس پر صادق آتا ہے۔

(۲۴) کسی نے سوال کیا کہ حدیث الفقر سوادالوجہ اور کادالفقر ان یکون کفرا متناقض حدیثِ الفقر فخری ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ اوالذکر دونوں حدیثیں اُن فقیروں کے حق میں ہیں جو اپنا فقر لوگوں پر ظاہر کرتے ہیں اور اس کو ذریعۂ گدائی ٹھہرا کر منفعت حاصل کرتے ہیں۔

(۲۵) اگر بندہ کو خدا تعالیٰ کی طرف سے ندا آئے کہ اے میرے بندے! ہم سے کچھ مانگ حاجت طلب کر۔ تو اس مقام پر شرط بندگی یہ ہے کہ بندہ خدا سے خدا کے سوا کچھ نہ مانگے۔

(۲۶) آپ کے صاحبزادہ خواجہ ابراہیمؒ نے عرض کیا کہ منصورؒ نے انا الحق کہا اور بایزیدؒ نے

لَیْسَ جَنّیِ سَوَای۔ دونوں قول خلافِ شرع ہیں مگر منصورؒ کو سُولی چڑھا دیا گیا اور بایزیدؒ کو کچھ نہ کہا گیا۔ آپ نے ارشاد فرمایا: دونوں قولوں میں بہت فرق ہے منصورؒ نے پہلے اپنی ہستی پیش کی کہ "انا" کہا اور بایزیدؒ نے نیستی پیش کی اور لیس کہا۔

(۲۷) اگر کسی شخص کے پاس کچھ نہ ہو مگر اس کے دل میں خواہش ہو تو اس کو تجریدِ معنوی نہیں ہے اور اگر کسی شخص کے پاس سب کچھ ہو مگر اُس کے دل میں مال و دولت کی محبت نہ ہو تو اس کو تجریدِ معنوی حاصل ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس اتنی بکریاں تھیں کہ ستر کتے اُن کی حفاظت کرتے تھے۔ اس سے اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ باقی سامان کتنا ہوگا۔ جو آپ نے سب کا سب اللہ کی راہ میں خرچ کر دیا تھا۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کے پاس کتنا وسیع و عریض ملک تھا مگر آپ زنبیل بافی کرکے بسر اوقات کرتے تھے۔ حضرت شیخ ابوسعید ابوالخیرؒ نہایت مالدار تھے اور بڑی کرّ و فر اور شان و شوکتِ ظاہری کے ساتھ رہتے تھے اسی طرح بہت سے انبیاء اور اولیاء گزرے ہیں کہ جن کے پاس مال و متاع بکثرت تھا مگر اُن کے دل میں اس کی ذرہ برابر محبت اور پرکاہ جتنی حیثیت نہ تھی، کیونکہ انہیں تجریدِ معنوی (باطنی طور پر مال و دولت سے علیحدگی) حاصل تھی۔

(۲۸) ایک شخص آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ مجھ کو بھول نہ جائیے گا۔ آپ نے فرمایا کہ بازار جاکر ایک کوزہ خرید کر ہمیں بطور تحفہ لاکر دے دے اُس نے ایسا ہی کیا۔ فرمایا کہ اب جب بھی کوزے کو دیکھا کروں گا تجھ کو یاد کیا کروں گا۔

(۲۹) ایک مرتبہ علماء کا ایک گروہ آپ سے ملاقات کے لیے حاضرِ خدمت ہوا۔ دورانِ گفتگو ایک عالم نے کہا، علماء، پوست (جلد، کھال) ہیں اور فقراء، مغز (گری، گودا وغیرہ) آپ نے فرمایا ہاں مغز، پوست کی حمایت (مدد، طرفداری، حفاظت) میں رہتا ہے۔

(۳۰) ایک شخص جو آپ کا منکر تھا، کہنے لگا کہ آپ تو بازاری آدمی ہیں۔ (آپ سوت کی خرید و فروخت کے لیے بازار جایا کرتے تھے) آپ نے سُن کر فرمایا کہ ہم تو زاری (رونا، عاجزی) چاہتے ہیں۔ پھر ہم کیوں نہ بازاری (رونے والا۔ عاجز، انکساری کرنے والا) ہوں یعنی اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں آہ وزاری، درد و سوز اور عجز و انکساری کرنا چاہتے۔

حکیم الامت حضرت اقبالؒ نے اس مقام پر کیا خوب فرمایا ہے ؎

متاعِ بے بہا ہے درد و سوزِ آرزومندی
مقامِ بندگی دے کر نہ لوں شانِ خداوندی

ارشاداتِ قدسیہ مذکورہ بالا کے علاوہ آپ کے تصنیف سے ایک رسالہ بھی ہے اُس رسالہ میں آپ نے فرمایا ہے کہ سالکِ راہ کو دس شرطیں ہر وقت نگاہ میں رکھنی چاہئیں۔ طہارت[1]، خاموشی[2]، خلوت[3]، روزہ[4]، ذکر[5]، نگہداشتِ خاطر[6]، رضا بحکم خدا[7]، صحبتِ صالحاں[8]، شب بیداری[9] اور نگہداشتِ لقمہ[10]۔ تفصیل کے لیے اس رسالہ کا مطالعہ ضروری ہے۔

آپ کے اشعار میں سے یہ رُباعی بہت مشہور ہے ؎

باآنکہ نشستی دلِ شد جمع دلت	تو جس شخص کے پاس بیٹھا اور تیری دلجمعی نہ ہو
ورنہ رسید زحمتِ آب و گلت	اور تیری آب و گل کی کدورت تجھ سے دُور نہ ہو
از صحبتِ دلے اگر تبرّا نہ کنی	اگر تو اس کی صحبت سے بیزار نہ ہوگا تو
ہرگز نکند رُوحِ عزیزاں بجلت	عزیزاں کی روح تجھے کبھی معاف نہیں کرے

بخارا شہر کی اندرونی دیوار کے اندر واقع قبرستان میں اولیاء خواجہ صاحبؒ
کے مزار کی تعمیر نو کی یادگار تصویر (روسی حکومت نے اس قبرستان کو مسمار کر دیا ہے)
از "دی امیر آف بخارا اینڈ ہز کنٹری" بشکریہ پنجاب پبلک لائبریری لاہور

۱۴

حضرت بابا محمد سماسی رحمۃ اللہ علیہ

سماس نزد بخارا ۷۵۵ھ ۱۳۵۴ء ○ ۵۹۱ھ ۱۱۹۵ء بخارا نزد سماس

نادۂ تاریخ وفات

"اہل بیت بابا محمد سماسی" ۷۵۵ھ ○ "رہبرِ پاک بابا محمد سماسی" ۷۵۵ھ

"برگزیدۂ آفاق جناب بابا محمد سماسی" ۷۵۵ھ

○

۱۴

حضرت بابا محمد سماسی رحمۃ اللہ علیہ

آپ خواجہ علی رامتینی ملقب بہ حضرت عزیزاں علیؒ کے اجل خلفاء میں سے ہیں۔ ی کو حضرت خواجہؒ نے اپنی رحلت کے وقت خلافت و نیابت کے تمام مناصب ے سرفراز فرمایا اور تمام اصحاب کو آپ کی متابعت و ملازمت کا حکم دیا۔

آپ کی ولادت باسعادت ۲۵ رجب ۵۹۱ھ بمطابق ۱۱۹۵ء کو قصبہ سماس ا ہوئی۔ جو رامتین سے تین میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔ حضرت شاہ ولی اللہ محدّث وی رحمۃ اللہ علیہ کے قول کے مطابق سماس مضافاتِ طوس (مشہد) سے ہے۔ سنوسی ند حضرت امیر ملّت پیر سید جماعت علی شاہ محدث علی پوری قدس سرہ، کے خلیفہ ل پیر خیر شاہ امرتسریؒ اپنی تصنیف منیف برکاتِ علی پور شریف میں تحقیق لکھتے ہیں سماس بخارا اور رامتین ہر دو سے نو نو میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔ بہر حال حضرت ا بابا کو سماس کی نسبت سے سماسی کہتے ہیں۔

آپ عرصۂ دراز تک حضرت خواجہ علی رامیتنی عرف حضرت عزیزاں علیؒ کی خدمت ا رہے اور فیوضاتِ ظاہری و باطنی سے خوب مالا مال ہوئے۔ آپ کی محویّت اور ستغراق کا یہ عالم تھا کہ آپ اپنے چھوٹے سے باغ میں کبھی کبھی تشریف لے جاتے اور رختوں کی شاخوں کو اپنے دستِ مبارک سے تراشتے۔ جب ایک شاخ کو کاٹتے غلبۂ حال و استغراق کی وجہ سے آری آپ کے دست مبارک سے گر پڑتی اور آپ دہ ہو جاتے۔ یہ بے خودی اور غیبت دیر تک رہتی، جب ہوش میں آتے تو پھر کو کاٹنا شروع کر دیتے اور پھر بے ہوش ہو جاتے۔ اس طرح اس کام میں بہت

دیر ہو جاتی۔

کرامات

(۱) آپ نے خواجۂ خواجگان حضرت خواجہ بہاء الدین نقشبندؒ کو اپنی فرزندی میں قبول فرمایا تھا جس کی تفصیل یوں ہے کہ حضرت شاہ نقشبندؒ کی ولادت باسعادت سے پہلے آپ بارہا کوشکِ ہندواں سے گزرتے اور فرماتے۔

ازیں خاک بوئے مردے مے آید۔ زود باشد کہ کوشک ہندواں قصر عارفاں شود	اس زمین سے ایک مرد کی خوشبو آتی ہے جلدی ایسا ہوگا کہ کوشکِ ہندواں قصر عارفاں بن جائے گا۔

ایک روز آپ اپنے خلیفۂ اعظم حضرت سید امیر کلالؒ کے مکان سے قصر عارفاں کی طرف متوجہ ہوئے۔ اور پھر وہاں پہنچ کر فرمایا کہ وہ خوشبو اب زیادہ گئی ہے، بلاشک شبہ وہ مرد پیدا ہو گیا ہے۔ اس وقت نقشبندؒ کی ولادت کو تین روز ہو چکے تھے۔ آپ کے جدامجدؒ ان کو لے کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ آپ نے ارشاد فرمایا کہ "یہ فرزند ہے۔ ہم نے اس کو اپنی فرزندی میں قبول کیا"۔ پھر اپنے اصحاب سے فرمایا کہ "وہی مردِ خدا ہے جس کی خوشبو ہم نے سونگھی تھی، یہ لڑکا عنقریب اپنے وقت کا مقتدا ہوگا۔" بعد ازاں سیّد امیر کلالؒ کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا کہ تم میرے فرزند بہاء الدین کے حق میں شفقت و تربیت سے ہرگز دریغ اور کوتاہی نہ کرنا۔ اگر تم اس میں کوتاہی کرو گے تو میں تمہیں معاف نہیں کروں گا۔ حضرت سیّد امیر کلالؒ نے کھڑے ہو کر ادب و احترام سے ہاتھ سینے پر رکھ کر عرض کیا کہ "اگر کوتاہی کروں تو میں مرد نہیں"۔

۲۔ حضرت خواجہ نقشبندؒ بیان فرماتے ہیں کہ جب میری عمر اٹھارہ سال (کم و بیش) ہوئی تو میرے جدامجد کو میرے نکاح کی فکر ہوئی۔ انہوں نے مجھے حکم دیا کہ قصرِ عارفاں جا کر حضرت بابا محمد سماسیؒ کو تشریف لانے کی دعوت دوں تاکہ اُن کے میمنت لزوم فرمانے سے یہ کام انجام پذیر ہو جائے۔ جب میں زیارت سے مشرف ہوا تو سب سے پہلی کرامت دیکھنے میں یہ آئی کہ اس رات آپ کی صحبت کی برکت

سے مجھ میں بڑا تضرع و نیاز (گریہ وزاری اور عاجزی وانکساری) پیدا ہوا۔ رات کے آخری حصے میں اٹھ کر میں نے وضو کیا اور آپ کی مسجد مبارک میں جا کر دو رکعت نماز پڑھی اور سجدے میں رکھ کر دعا اور گریہ زاری بہت کی۔ اسی اثنا میں میری زبان سے نکلا۔ "خدایا! مجھے بلا (دکھ، تکلیف) کا بوجھ اٹھانے اور اپنی محبت کی محنت و مشقت برداشت کرنے کی قوت عطا فرما۔ صبح میں جب آپ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے از روئے فراست و بصیرت میری رات کی سرگذشت سے آگاہ ہو کر فرمایا: "اے فرزند! دعا میں یوں کہنا چاہیے،" خدایا! اس بندہ ضعیف کو اپنے فضل و کرم سے اُسی پر قائم رکھ جس میں تیری رضا ہے۔" پھر ارشاد کیا کہ "بے شک اللہ تعالیٰ کی رضا تو اس میں ہے کہ بندہ مصیبت میں مبتلا نہ ہو لیکن اگر وہ کسی حکمت کی وجہ سے اپنے کسی دوست پر مصیبت اور آزمائش نازل کرتا ہے تو اپنی عنائت سے اُس دوست کو اُس مصیبت اور آزمائش کو برداشت کرنے کی قوت عطا فرماتا ہے اور اُس کی حکمت اس پر ظاہر کر دیتا ہے۔ خود اپنی مرضی و اختیار سے مصیبت و تکلیف، دکھ اور درد اور رنج و بلا طلب کرنا دشوار ہے۔ گستاخی نہ کرنی چاہیے۔

بعد ازاں کھانا لایا گیا۔ جب کھانے سے فارغ ہوئے تو آپ نے دسترخوان پر سے ایک روٹی اٹھا کر مجھے عنایت فرمائی۔ میں لینا نہ چاہتا تھا۔ آپ نے فرمایا" لے لو، کام آئے گی"۔ میں نے وہ روٹی لے لی اور آپ کے ہمراہ قصر عارفاں کی طرف روانہ ہوا۔ اثنائے راہ میں جب بھی کوئی خطرہ پیدا ہوتا تو آپ فرماتے کہ باطن کی حفاظت کرنی چاہیے۔ ان حالات و واقعات کے مشاہدے سے آپ کی نسبت میرا یقین و اعتقاد بڑھتا گیا۔ راستے میں ایک ایسی جگہ پہنچے جہاں آپ کا ایک محب و مخلص تھا۔ وہ بڑی لبشاشت اور عاجزی سے پیش آیا۔ جب آپ اس کے مکان پر جلوہ گر ہوئے تو آپ نے اُس کے اضطراب و بے قراری کو دیکھ کر ارشاد فرمایا "سچ سچ بتا، تمہارے اضطراب کا سبب کیا ہے؟ اُس نے عرض کیا کہ گھر میں دودھ تو حاضر ہے مگر روٹی موجود نہیں۔ آپ نے میری طرف متوجہ ہو کر فرمایا کہ" وہ

روٹی لاؤ۔ تم نے دیکھا کہ آخر کام آ ہی گئی ۔

آپ کے چار خلفاء کامل و اکمل اور مشہور معروف ہوئے۔

(۱) خواجہ محمد صوفیؒ جن کا مزار مقدس سوخار میں ہے ۔

(۲) خواجہ محمود سماسیؒ جو کہ آپ کے فرزند ارجمند تھے۔

(۳) خواجہ دانشمند رحمۃ اللہ علیہ

(۴) خواجہ سیّد میر کلال رحمۃ اللہ علیہ

آپ کی رحلت ۱۰ جمادی الآخر ۷۵۵ھ مطابق ۱۳۵۴ء کو ہوئی اور مرقد مقدس موضع سماس میں بنا۔

شہر کی اندرونی دیوار کے اندر واقع قبرستان کا عمومی منظر

از "دی امیر آف بخارا اینڈ ہز کنٹری"، بشکریہ پنجاب پبلک لائبریری لاہور

(۱۵)

حضرت خواجہ شمس الدین امیر کلال رحمۃ اللہ علیہ

قصبہ سوخار نزد بخارا ۶۷۶ھ / ۱۲۷۸ء ○ ۷۷۲ھ / ۱۳۷۰ء قصبہ سوخار نزد بخارا

مادۂ تاریخ وفات

"امجد کلال میر سید پیشوا"

۷۷۲ھ

"ابجدِ اہلِ خلوص" "صاحبِ انوارِ عرفان بود" "یک عبقریِ عصر"

۷۷۲ھ ۷۷۲ھ ۷۷۲ھ

۱۵

حضرت خواجہ شمس الدین امیر کلال رحمۃ اللہ علیہ

حضرت امیر کلال رحمۃ اللہ علیہ صحیح النسب سیّد ہیں۔ طریقت میں آپ کا انتساب حضرت بابا محمد سماسی قدس سرہ سے ہے۔ آپ قصبہ سوخار (جو قصبہ سماس سے پندرہ میل اور بخارا سے ایک میل کے فاصلہ پر ہے) میں ۶۷۶ھ / ۱۲۷۸ء میں پیدا ہوئے آپ کوزہ گری کا شغل رکھتے تھے۔ فارسی زبان میں کوزہ گر کو کلال کہتے ہیں۔ لہٰذا آپ امیر کلالؒ کے نام سے آسمانِ طریقت و معرفت پر آفتاب و ماہتاب بن کر چمکے۔

آپ اوائل جوانی میں کشتی لڑا کرتے تھے۔ ایک روز آپ رامتین میں کشتی لڑنے میں مشغول تھے حضرت محمد باباسماسیؒ کا گزر اُدھر سے ہوا۔ اور وہ یہ نظارہ دیکھنے کے لیے ایک دیوار کے سایہ میں ٹھہر گئے اور آپ پر توجہ مرکوز کر کے محو ہو گئے۔ حضرت باباؒ کے خدام میں ایک نے عرض کیا یا حضرت! آپ ان لوگوں پر جو امور بدعت میں مصروف ہیں کیوں حیران و پریشان ہیں؟ حضرت باباؒ نے ارشاد کیا کہ اس میدان میں ایک ایسا مرد ہے اور اس شکار گاہ میں ایک ایسا شکار ہے جس کی صحبت سے کاملینِ زمانہ فیض یاب ہوں گے کیونکہ اُس کی پرواز نہائت بلند و بالا ہے۔ ہم اسی مرد کے منتظر ہیں کہ کاش وہ ہمارے جال میں آپھنسے۔ اسی اثنا میں حضرت امیر کلالؒ کی نظر حضرت محمد باباؒ پر پڑی تو ان کے دل کا پرندہ باباؒ کی محبت کے جال میں آپھنسا۔ حضرت باباؒ نے اپنی قوتِ جاذبہ سے اپنی طرف کھینچ لیا۔ اس طرح آپ بے اختیار پیچھے پیچھے باباجیؒ کے دولت کدہ پر پہنچے۔ حضرت باباؒ نے اُسی وقت آپ کو طریقہ عالیہ نقشبندیہ کی تلقین فرمائی اور اپنی فرزندی میں قبول کر لیا۔ اس کے بعد آپ کبھی بھی کشتی کے دنگل یا بازار میں دکھائی نہ دیئے۔ اور

حضرتِ خواجگان کے طریقہ کے مطابق مشغولِ ریاضت و مجاہدہ رہے یہاں تک کہ درجۂ تکمیل وارشاد پر پہنچ گئے۔

آپ فنافی الشیخ کی سچی تصویر تھے۔ متواتر آٹھ سال تک بلا ناغہ دوشنبہ (پیر دار) اور جمعۃ المبارک کے روز نمازِ مغرب سوخار میں پڑھ کر سماس کو روانہ ہو جاتے اور عشاء کی نماز حضرت بابا کی اقتدا میں ادا کرتے اور پھر نماز فجر واپس سوخار میں آکر پڑھتے آپ کی زندگی میں کسی کو بھی آپ کے اس حال کی خبر نہ ہوئی ؎

گر شہرہ شوی بہ خلق شر الناسی
در گوشہ نشیں شوی ہمہ وسواسی
بہ زانِ نبود چو خضر چوں الیاسی
کس نشناسد ترا و تو کس نہ شناسی

ایک روز آپ رامتین کے ایک باغ میں کپڑے دھو کر خشک کرنا چاہتے تھے۔ مریدوں نے کانٹوں کی باڑ پر کپڑے پھیلا کر خشک کرنے چاہے تو آپ نے منع فرمادیا کہ باڑ کو کوئی نقصان نہ پہنچے۔ درختوں کی شاخوں سے بھی منع فرمادیا کہ مبادا شاخیں ٹیڑھی ہو جائیں اور زمین پر پھیلانے سے بھی روک دیا تاکہ مویشیوں کے کھانے کی گھاس خراب نہ ہو۔ آپ کے یہ ارشاداتِ طیبات سُن کر مریدین دنگ رہ گئے اور عرض کرنے لگے کہ اے امیر! تو پھر آپ کپڑے کس طرح خشک کیا کرتے ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ میں اپنے کپڑے اپنی پیٹھ پر پھیلا کر سکھا لیا کرتا ہوں اور پیٹھ سورج کی طرف کر لیا کرتا ہوں۔ پھر فرمایا! اے یارو! اگر باڑ کو نقصان پہنچے، کسی درخت کی شاخ ٹیڑھی ہو جائے یا مویشیوں گھاس خراب ہو جائے تو تم باغ کے مالک کے سامنے کیا عذر پیش کرو گے؟ بہ عمل تم خلافِ شریعت کرتے ہو، دوسروں کی ملکیت میں تصرف و اختیار جائز نہیں گناہ خواہ صغیرہ ہی کیوں نہ ہو اسے سہل اور معمولی نہ سمجھو۔ آدمی گناہ کو سہل اور معمولی سمجھنے سے دوزخ میں جاتا ہے۔ اسی حال میں آپ کی زبانِ اقدس سے نکلا کہ حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔

لاصغیرۃ مع الاصرار ولا کبیرۃ مع الاستغفار

اصرار کے ساتھ کوئی صغیرہ نہیں (بلکہ) کبیرہ ہوجاتا ہے۔ اور استغفار کے ساتھ کوئی کبیرہ نہیں رہتا۔

بعدازاں فرمایا کہ راہِ خدا کسی پر نہیں کھلتا جب تک کہ وہ تقویٰ کو اپنا شعار نہ بنائے۔

امیر تیمور (المتوفی ۸۰۷ھ مطابق ۱۴۰۵ء) نے سمرقند میں جب قیام کیا تو ایک قاصد کو حضرت امیر کلال کی خدمت میں بھیجا کہ آپ یہاں قدم رنجہ فرمائیں اور اس ملک کو اپنے قدم مبارک سے مشرف فرمائیں کیونکہ ہمارا حاضر ہونا بہت دشوار اور مشکل ہے۔

اِنَّ الْمُلُوْكَ اِذَا دَخَلُوْا قَرْيَةً اَفْسَدُوْهَا (سورہ نمل ۳۴)

تحقیق بادشاہ جب کسی بستی میں داخل ہوتے ہیں تو اسے خراب کر دیتے ہیں۔

وہ قاصد آپ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ نے عذر کیا اور فرمایا کہ ہم اسی جگہ ہی دعاگو ہیں اور اپنے صاحبزادے امیر عمرؒ (المتوفی ۸۰۳ھ) کو عذر خواہی کے لیے بھیجا اور اس کو تاکید کر دی کہ اگر امیر تیمور تم کو انعام یا جاگیر دے تو ہرگز قبول نہ کرنا اگر قبول کر و تو ہمارے پاس نہ لانا کیونکہ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم ایسے معاملے قبول نہیں فرمایا کرتے تھے۔ لہٰذا اگر تم قبول کرو گے تو اپنے جد بزرگوار صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت کرو گے۔ درویش ہر وقت مومنوں کے لیے دعا میں مشغول رہتے ہیں اگر وہ دنیا کی طرف میلان کریں تو اُن کی دعا حجاب میں ہو جاتی ہے۔ جب امیر عمرؒ امیر تیمور کے پاس پہنچے تو عذر خواہی کی اور چند روز کے بعد اجازتِ رخصت طلب کی۔ امیر تیمور نے عرض کیا کہ میں نے تمام بخارا آپ کی نذر کیا لیکن آپ نے انکار کر دیا تیمور نے پھر کہا کہ چلو سارا نہ سہی کچھ تو قبول فرمائیے۔ آپ نے انکار فرمایا کہ اجازت نہیں تیمور نے کہا کہ میں حضرت امیر کلالؒ کی خدمت میں کیا چیز ارسال کروں کہ ہمارا تقرب ہو۔ امیر عمرؒ نے فرمایا کہ اگر تم چاہتے ہو کہ درویشوں کے دل میں تمہارا تقرب

ہو جائے تو تقویٰ اور عدل کو اپنا شعار بناؤ کیونکہ اللہ تعالیٰ اور خاصانِ خدا کے قرب کا ذریعہ یہی چیزیں ہیں۔

کرامات (۱) حضرت امیر کلالؒ کی والدہ ماجدہ فرماتی ہیں کہ جب آپ پیٹ میں تھے۔ اگر اتفاقاً کبھی مشتبہ لقمہ میرے پیٹ میں چلا جاتا تو اس قدر درد ہوتا کہ میں بے ہوش ہو جاتی۔ جب یہ کیفیت کئی بار گزری تو مجھے معلوم ہو گیا کہ یہ بات اس بچے کے قدم کی برکت سے ہے جو میرے پیٹ میں ہے۔

(۲) بیعت سے پہلے ایک روز آپ کشتی لڑ رہے تھے کہ حاضرین کی ایک سیاہ باطن جماعت غیبت (چغلی) کرنے لگی کہ ایسے سیّد زادہ اور بزرگ زادہ کو اس امر بدعت میں مشغول نہ ہونا چاہیے اُسی وقت اُس جماعت پر خواب (نیند) نے غلبہ کیا۔ کیا دیکھتے ہیں کہ قیامت برپا ہے اور وہ کیچڑ میں پھنسے ہوئے ہیں۔ ہر چند کوشش کرتے ہیں مگر نکل نہیں سکتے۔ ناگاہ حضرت امیر کلالؒ اُن کے پاس پہنچتے ہیں اور اُن کو کیچڑ سے نکال لاتے ہیں۔ جب وہ بیدار ہوئے تو آپ نے اُن کے کان پکڑ کر کہا کہ یارو! ہم اُسی روز کے لیے زور آزمائی کرتے ہیں۔ تم درویشوں کے حق میں بداعتقاد نہ بنو۔ جب انہوں نے یہ حال دیکھا تو سب نے توبہ کی اور مردانِ راہ خدا بن گئے جس بزرگ کا یہ حال کشتی لڑنے کے وقت ہو بعد میں اسی پر قیاس کر لینا چاہیے۔

(۳) ایک روز آپ (حضرت امیر کلالؒ) اپنے اصحاب کے ساتھ خواجہ ابو حفص بخاری قدس سرہ، کی مسجد میں تشریف رکھتے تھے اور مناسکِ حج بالتفصیل بیان فرما رہے تھے۔ ایک بداعتقاد شخص کے دل میں خیال آیا کہ آپ نے کعبہ کو کب دیکھا ہے کہ بیان فرما رہے ہیں۔ یہ مسائل تو وہ بیان کرے جس نے کعبہ کو دیکھا ہو۔ کچھ دیر بعد آپ باہر نکلے اور اُس شخص کا ہاتھ پکڑ کر فرمایا: اے نادان! دیکھ تجھے کیا دکھائی دیتا ہے؟ اُس نے جو نظر اٹھائی تو دیکھا کہ کعبہ آپ کے سر پر طواف کر رہا ہے۔ آپ نے فرمایا: اے نادان! جس کے پاس ایک درہم نہ ہو وہ اس خیال میں ہے کہ کسی کے پاس کچھ نہیں تا وقتیکہ اُس کے دل کی آنکھ نہ کھلے، اُسے کچھ نظر نہیں

آئے گا۔ وہ شخص قدموں میں گر کر تائب ہوا۔

(۴) ایک روز آپ کے اصحاب کی ایک جماعت حضرت جبروں اتاؒ کے مزار کی زیارت کو گئی۔ جو کچھ فاصلہ طے کیا تو ایک شیر کو راستے میں کھڑا دیکھا۔ وہ حیران ہوئے کہ اب کیا کریں۔ اتنے میں آپ تشریف لائے اور شیر کی گردن پکڑ کر راستہ سے ایک طرف کر دیا جب وہ جماعت گزر گئی تو شیر نے بعض تعظیم سر جھکایا اور ایک طرف چل دیا کچھ عرصہ کے بعد اصحاب نے آپ سے پوچھا کہ یہ کیا معاملہ تھا۔ آپ نے فرمایا: کہ جو ظاہر و باطن میں اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے، سب چیزیں اس سے ڈرتی ہیں۔ کیونکہ اصل درہم کار ہا

تو ہم گردن از حکم داور مپیچ کہ گردن نہ پیچد ز حکم تو ہیچ

(۵) ایک روز حضرت خواجہ بہاء الدینؒ رحمۃ اللہ علیہ، سلطان قضان کے دربار میں جلاد کا کام کرنے میں مصروف تھے کہ ایک مجرم پیش ہوا سلطان نے اس کے قتل کا حکم دیا۔ خواجہ صاحب اسے قتل گاہ میں لے گئے، اُس کی آنکھیں باندھیں اور تلوار کھینچ لی۔ درود شریف پڑھنے کے بعد تلوار اس کی گردن پر ماری مگر تلوار نے اثر نہ کیا دوسری بار وار کیا مگر تلوار نے اثر نہ کیا۔ تیسری بار بھی وار کیا مگر کوئی اثر نہ ہوا۔ خواجہ صاحب نے جب دیکھا کہ تلوار کھینچتے وقت مجرم ہونٹ ہلاتا ہے اور منہ میں کچھ کہتا بھی ہے۔ حضرت خواجہؒ نے پوچھا، تجھے خدائے عزوجل کی قسم! تو سچ سچ بتا کہ منہ میں کیا کہتا تھا؟ اُس نے جواب دیا کہ میں اپنے شیخ و سیّد کو یاد کرتا تھا۔ حضرت خواجہؒ نے پوچھا کہ تیرا شیخ کون ہے؟ اُس نے جواب دیا کہ میرے شیخ و سید حضرت امیر کلالؒ ہیں۔ پوچھا کہ اس وقت کہاں ہیں؟ جواب دیا کہ بخارا کے علاقہ میں ایک قصبہ سوخار شریف رکھتے ہیں۔ یہ سن کر حضرت خواجہؒ نے تلوار پھینک دی اور فوراً سوخار کو ہو گئے۔ فرماتے تھے کہ وہ بزرگ اور شیخ جو اپنے مرید کو تلوار کے نیچے سے بچا ہے۔ اگر کوئی اُس کی خدمت بجالائے تو تعجب نہیں کہ اللہ تعالیٰ اُسے دوزخ سے بچالے۔

(۶) ایک روز آپ جامع مسجد بخارا سے نماز جمعہ ادا کر کے اپنے گھر کو روانہ ہوئے۔ راستے میں فتح آباد و کلا آباد کے درمیان امیر تیمور مع فوج خیمہ زن تھا آپ نے اپنے مریدوں اور یاروں سے استفسار فرمایا کہ یہ کون ہیں ؟ انہوں نے عرض کیا کہ یہ امیر تیمور کا خیمہ ہے۔ امیر تیمور یہ سن کر اپنے خیمہ سے باہر نکلا اور آپ کی خدمت میں عرض کی کہ اے مخدوم ! میں آج آپ کی زبانِ فیض ترجمان سے کچھ سننا چاہتا ہوں تاکہ میرے دل کو تسکین و راحت نصیب ہو۔ آپ نے ارشاد کیا کہ فقیر کو جب تک حضرت عزیزاں رحمۃ اللہ علیہ کی طرف سے روحانی اشارہ نہ ہوگا اپنی طرف سے کچھ نہیں کہہ سکتا۔ یہی حال میرے حضور بزرگوار صلی اللہ علیہ وسلم کا تھا۔ مگر تم منتظر رہو۔ جب آپ اپنے آستانے پر پہنچے تو نمازِ عشاء با جماعت ادا کر کے حضرت عزیزاں کی روحانیت کی طرف متوجہ ہوئے۔ اور اپنے ایک محرم راز شیخ منصور کو جو فراشا میں رہتا تھا، طلب کر کے ارشاد فرمایا کہ فوراً امیر تیمور کے پاس جا کر اُسے پیغا دو کہ مشائخ بخارا کی ارواحِ طیبہ نے مملکتِ خوارزم تمہیں عطا کر دی ہے تم بلا توقف وہاں پہنچ جاؤ۔ امیر تیمور نے ایسا ہی کیا اور فتح و نصرت کے شادیانے ہوا واپس آیا۔

(۷) ایک روز آپ اپنے اصحاب کے ساتھ جامع مسجد بخارا کو جا رہے تھے کہ ایک کھیت میں ایک کسان کام کر رہا تھا۔ اس کے غلام نے پوچھا کہ یہ کون آقا (کسان) نے جواب دیا کہ یہ مفت خورے ہیں۔ آپ نے اپنے نورِ فراست نورِ کرامت سے یہ بات معلوم کر لی اور فرمایا کہ یارو ! حضرت خواجہ عبدالخا غجدوانی ؒ نے فرمایا ہے کہ درویشوں کے متعلق بداعتقادی نہ کرو اور ان کو حقارت سے نہ دیکھو تاکہ دنیا سے ذلیل و خوار ہو کر نہ جاؤ۔ یار حیران ہوئے حضرت آج کیا فرما رہے ہیں ؟ جب مسجد سے واپس آئے تو کیا دیکھتے ہیں کہ شخص (آقا) درد گردہ کی تکلیف سے قریب الموت ہے۔ جب نزدیک پہنچ اُس نے کہا مجھے حضرت امیر کلال ؒ کے پاس لے چلو جب اس کو آپ کی خدمت

لایا گیا تو آپ نے فرمایا کہ اس شخص نے کارگر تیر کھایا ہے، اس کا علاج نہیں ہو سکتا۔ اسے واپس لے جاؤ۔ یہ انجام کو پہنچ چکا ہے۔ چنانچہ وہ شخص گھر پہنچتے ہی مر گیا۔ کسی نے کیا خوب کہا ہے ؎

خاکسارانِ جہاں را بحقارت منگر — تو چہ دانی کہ دریں گرد سوارے باشد
ہر بیشہ را مبراں کہ خالی است — شائد کہ پلنگے خفتہ باشد

(۸) ایک مرتبہ آپ چند مریدوں کے ساتھ کسی دریا کے کنارے فرد کش ہوئے۔ سیر کرتے کرتے اصحاب سے کچھ دُور نکل گئے۔ تھوڑی دیر بعد کچھ سوچتے ہوئے واپس لوٹ آئے اور فرمایا: دوستو! "علی صوفی ابھی آجائے گا"۔ ارادت مند خاموش رہے مگر انھیں تعجب ہو رہا تھا کہ علی صوفی جسے حضرت امیرؒ یہاں سے بہت دور بخارا میں چھوڑ آئے ہیں، یہاں کیسے آئے گا؟ اتنے میں دیکھا کہ علی صوفی ہوا کی مانند پانی پر دوڑتا چلا آرہا ہے اور جب دریا سے نکل کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا تو اس کا ایک بال بھی تر (بھیگا ہوا) نہ تھا۔ آپ نے علی صوفی کو جھڑکا کہ تو گھر سے کب باہر آیا تھا؟ اس نے عرض کیا، میرے مخدوم! وہاں مجھے آپ کے جمال کا اس قدر اشتیاق غالب ہوا کہ مجھے کوئی خبر نہ رہی اور آنکھ کھولی تو اپنے آپ کو یہاں دیکھا۔ آپ نے ارشاد فرمایا کہ جیسے آیا ہے، ویسے ہی لوٹ جا اور جب تک ہم نہ لوٹیں تم اپنی جگہ پر موجود ہو۔ علی صوفی نے آپ کے اشارے پر پانی پر قدم رکھا اور ہوا کی مانند چل پڑا اور فوراً منزلِ مقصود پر جا پہنچا۔

(۹) ایک دفعہ خواجہ خواجگان خواجہ بہاء الدین نقشبندؒ (جو آپ کے خلفائے اعظم ہیں) زیارت کے لیے حاضر ہوئے۔ سامنے آگ دہک رہی تھی۔ آپ خواجہؒ کو دیکھ کر بہت خوش ہوئے اور فرمایا: "تم اچھے موقعہ پر آئے"۔ خواجہ صاحب آگ میں لکڑی ڈالی اور بیٹھ رہے ان پر اضطراب کا عالم طاری تھا اور اس حالت میں انھوں نے اپنی پوستین اتار کر آگ میں ڈال دی۔ حالانکہ اس کی جیبوں میں کچھ شکار کردہ پرندے موجود تھے۔ باہر آکر آپ نے حضرت خواجہؒ کو ملامت کی اور کہا جاؤ! پوستین اٹھا لاؤ۔ حضرت خواجہؒ نے عرض کیا، حضرت! پوستین تو

جل کر خاکستر بن چکی ہو گی۔ فرمایا: بہاء الدین! جو چیز سالہا سال تک درویشوں کے زیر استعمال رہی ہو، اسے آگ کس طرح جلا سکے گی، اُسے تو آتشِ عشق نے پہلے ہی جلا رکھا ہے۔ ع

سوختہ از بس کہ بریاں کبے شود مثلِ کباب

حضرت خواجہ بہاء الدین نقشبندؒ گئے اور اپنی پوستین وہاں سے صحیح وسالم باہر نکال لائے۔ حالانکہ یہ کام آپ کو دہکتی ہوئی آگ سے گزر کر کرنا پڑا مگر گزند نہ پہنچی اس پر آپ نے ارشاد فرمایا: بہاء الدین! درویشوں اور ان کی چیزوں پر یہ دنیوی آگ اثر نہیں کر سکتی، کیا عجب جو کوئی درویشوں کو اپنے دل میں جگہ دے دے اُسے دوزخ کی آگ بھی نہ جلائے۔

(۱۰) آپ کے انتقال کے بعد مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے صوفیاء کی ایک جماعت بخارا میں وارد ہوئی اور قصبہ سوخار کا پوچھا۔ لوگوں کے پوچھنے پر انھوں نے بتایا کہ وہ حضرت سید امیر کلالؒ کی زیارت کے لیے آئے ہیں۔ لوگوں نے بتایا کہ حضرت تو رحلت فرما گئے ہیں۔ اُن صوفیاء نے خواہش ظاہر کی کہ اُن کی اولاد امجاد سے ملیں گے۔ چنانچہ وہ سوخار آئے اور حضرت امیرؒ کی اولاد سے ملے اور حضرت کے کمالات کا ذکر کرنے لگے۔

لوگوں نے کہا کہ حضرت امیرؒ تو کبھی مکہ اور مدینہ گئے ہی نہیں، آپ انھیں کیسے جانتے ہیں؟ صوفیاء بولے! کہ حرمین شریفین میں ان کے متعدد مرید موجود ہیں جن میں ہم لوگ بھی شامل ہیں۔ ہم گذشتہ ۳۲ سال سے ان کے ساتھ سفر کرتے رہے۔ اس سال آپ کو نہ دیکھا تو اُن کے جمال کی کشش نے ہمیں یہاں کھینچ لیا مگر افسوس کہ وہ انتقال فرما گئے۔

مذکورہ جماعتِ صوفیاء نے حضرت امیرؒ کے مزار مقدس پر حاضری دی اور ارادتمندوں کی طرح آنسو بہائے اور لوگوں سے کہا، کتنے افسوس کی بات کہ ایسے صاحبِ کمال کی قدر تم نے نہیں کی، اس کی قدر عرب میں جا کر دیکھو

خدا حافظ کہہ کر چل دیئے ؎

قدرِ گل و مَل بادہ پرستاں دانند　　نے تنگ دلاں و تنگ دستاں دانند
ای بے خبر، از بے خبری، معذوری　　سر بست دریں شیوہ کہ ستاں دانند

آپ کا شجرۂ نسب فخرِ موجودات، سرورِ کائنات، رسولِ رحمت، حضور سیّد العالم صلی اللہ علیہ وسلم سے یوں جا ملتا ہے :

(۱) حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم (۲) حضرت علی کرم اللہ وجہٗ حضرت سیدہ فاطمۃ الزہرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا
(۳) حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ (۴) حضرت امام زین العابدین
(۵) حضرت امام محمد باقر (۶) حضرت امام جعفر صادق
(۷) حضرت امام موسیٰ کاظم (۸) حضرت سیّد ابراہیم رضا
(۹) حضرت سیّد محمد جعفر موسوی (۱۰) حضرت سیّد محمد عزیز موسوی
(۱۱) حضرت سیّد احمد موسوی (۱۲) حضرت سیّد محمد شہید موسوی
(۱۳) حضرت سیّد عبداللہ الملقب بہ مظلوم (۱۴) حضرت سیّد امیر موسوی
(۱۵) حضرت سیّد امیر حسین (۱۶) حضرت سید ابو القاسم
(۱۷) حضرت سیّد امیر عزیز (۱۸) حضرت سیّد امیر حمزہ
(۱۹) حضرت سیّد امیر کلال رحمۃ اللہ علیہم۔

آپ کی رحلت ۸ر جمادی الاوّل ۷۷۲ھ بروز پنجشنبہ (جمعرات) صبح صادق کے وقت ہوئی۔ مزار شریف قصبہ سوخار نزد بخارا میں ہے ؎

کرد در حلت چوں امیر اولیاء　　ہر کسے سالش بہ سلک نظم سُفت
ہاتف غیبی بتاریخ وصال　　"صاحب انوار عرفان بود" گفت

۷۷۲ھ

ارشادات قدسیہ

جب آپ پر ضعف غالب آگیا اور جسم کمزور پڑ گیا تو اپنے صاحبزادوں اور ارادتمندوں کو جمع کر کے یہ فرمائیں۔

(۱) جب تک تم زندہ رہو طلب علم سے ایک قدم بھی دُور نہ رہو کیو
طلب علم تمام مسلمانوں پر فرض ہے اور حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنّ
ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی سے سرمو تجاوز نہ کرو کیونکہ جملہ سعادتیں
اسی عمل سے حاصل ہوتی ہیں۔ اوّل علم ایمان۔ دوم علم نماز۔ سوم علم روزہ
علم زکوٰۃ۔ پنجم علم حج۔ ششم والدین کی خدمت کا علم۔ ہفتم، صلۂ رحم اور رعایت
ہمسایہ کا علم۔ ہشتم، خرید فروخت کا علم۔ نہم، حلال و حرام کا علم۔ ان امور سے ناواقفی
کی بنا پر لوگ تباہی کے بھنور میں جا گرے ؎

دنیا طلبان ز حرص مستند ہمہ — از بہر درم جملہ شکستند ہمہ
ان عہد کہ با خدای بستند ہمہ — موسیٰ کش و فرعون پرستند ہمہ

(۲) عزیزو! یقین جانو کہ دنیا داروں کی دوستی اللہ تعالیٰ کے راستے کی بہت
بڑی رکاوٹ ہے۔ لہٰذا ضروری ہے کہ خدا داں بنو اور خدا خواں بھی تاکہ تمہارے
دین و ایماں کا زیاں نہ ہو۔ ہر حالت میں خدا سے ڈرتے رہو اور یاد رکھو کہ خدا
سے بڑھ کر کوئی عبادت نہیں ہے۔ جو شخص خدا سے نہیں ڈرتا، اُس سے مت
ڈرو۔ ہاں جو خدا سے ڈرتا ہے اس سے تم بھی ڈرو۔ خدا ترس کو مت تکلیف دو
ایسا نہ ہو کہ اس کی بد دعا سے بتلائے مصیبت ہو جاؤ ؎

ای بسا نیزۂ عدو شکناں — لخت لخت از دعائے پیرزناں
آہ یک پیرزن کند بہ شجر — نہ کند صد ہزار تیر و تبر

(۳) فرمایا: دوسروں کے دل موہ لینے کی پوری پوری کوشش کرو کیونکہ
در راہِ خدا وکعبہ آمد منزل — یک کعبہ صوراست و یک کعبۂ دل
تا بتوانی زیارتِ دلہا کن — کافزوں ز ہزار کعبہ بُود یک دل

(۴) آپ نے فرمایا: عزیزو! جہاں تک ممکن ہو۔ اللہ تعالیٰ کے ذکر پر
توجہ دو۔ ذکر ایسا کرو کہ اُس سے نفی و اثبات نمایاں ہوتی ہوں۔ "لا الٰہ"
کہنے میں ماسوائے حق کی نفی کرو اور اس کے بعد "الا اللہ" سے ذاتِ وا

والدین، اولاد اور ہر قسم کی احتیاج و مدد سے پاک اور بے نیاز ہے، کا اثبات کرو۔ اس وقت تم صحیح طور پر ذکر کرنے والے بنو گے۔ کلمہ طیبہ کے بعض نے یہ معانی لکھے ہیں کہ میں نے دینِ اسلام اور اس کے تقاضے مان لیے ہیں۔" بعض نے لکھا: "جو کچھ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم چاہتے تھے اُسے ہم نے مان لیا، اور جس چیز کو وہ نہیں مانتے تھے اُس سے ہم بھی بیزار ہیں۔" بعض نے کہا ہے: "کلمہ طیبہ، حق کا ماننا اور باطل کا رد کرنا ہے۔ میرے عزیزو! اس کلمے کے معانی جان کر اس پر عمل کرو تو حقیقی صاحبِ تصوف بنو گے۔ یاد رکھو، کپڑے پانی سے پاک ہوتے ہیں، زبان ذکر الٰہی سے اور جسم ادائے نماز سے، مال و دولت زکوٰۃ دے کر پاک ہوتے ہیں اور تمہارا پورا وجود نفسی ماسوا اللہ اور حقوق العباد کی ادائیگی سے پاک ہوتا ہے ؎

قومی بگزاف در غرور افتادند — واندر طلبِ حُور و قصور افتادند
معلوم شود چو پردہا برگیرند — کز کوئے تو دُور دُور افتادند

(۵) میرے عزیزو! اخلاص اختیار کرو اور دوسروں پر رحم کرو تاکہ نجات پاؤ۔ ؎

میازار مور و نیازار کس — رہِ رستگاری ہمیں است و بس (سعدی)

(۶) فرمایا، دل زبان اور جسم کی پاکیزگی، حلال کے لقمے سے حاصل ہوتی ہے آدمی کے معدے کو پانی کا حوض جانیئے۔ حوض سے مختلف سمتوں میں پاک پانی اسی صورت میں نکل سکے گا جب کہ خود حوض پاک کا مجموعہ ہو۔ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، "جو کوئی چالیس دن تک حلال روزی کھائے، اللہ تعالیٰ اس کے دل و زبان کو علم و حکمت سے بھر دے گا اور اس کا دل روشن ہونے لگے گا۔" مگر شرط یہ ہے کہ تقویٰ کو ہر حال میں اپنا شعار بنائے رکھے ؎

تقویٰ و خوف و ترس و اخلاص و زہد و علم — صبر و یقین و طاعت و خیرات بر دوام
عہد و وفا و صدق و سخا و صفا و حلم — مردی و مردمی و نکوئی بہ خاص و عام
اینہا ہمہ صفات کمالی اند در روشن — مرد آں زماں شوی کہ شوی در روش تمام

(۷) فرمایا: مسالک، نائب ہے کیونکہ توبہ سب طاقتوں کا سرچشمہ ہے توبہ یہ ہے کہ پہلے اپنے کیے پر دل میں شرمندہ ہو، پھر ترکِ گناہ کی نیت کرے اور اُس کے بعد اُن گناہوں کا ارتکاب نہ کرے، اور ہمیشہ اللہ تعالیٰ سے ڈرتا رہے گناہوں کی معافی مانگے۔

(۸) فرمایا: اتنی گریہ زاری کرو کہ اپنی توبہ کی قبولیت کا یقین ہو جائے اور تائب کے لقب کے سزاوار بن سکو۔ روزی کا غم دل سے نکال دو اور آخرت کے غم سے فکرمند رہو، عبادت کرتے رہو کیونکہ یہ بندہ ہونے کی علامت ہے۔

(۹) ارشاد کیا: جانتے ہو، ارادت کیا ہے؟ ارادت، رضائے خداوندی کا حصول ہے یہ بُری عادتیں ترک کرنے، وفائے عہد، ادائے امانت اور ترکِ خیانت کا نام ہے۔ دیکھئے تو اپنی غلطی کو اور نہ دیکھے تو اپنے اعمال کے مرتبے کو اور ہمیشہ ذکرِ خدا میں مشغول رہے۔ اللہ کا نام لیے بغیر کوئی کام شروع نہ کرو تاکہ قیامت کے دن اپنے عمل کی وجہ سے دین سے نادم نہ ہو۔ عزیزو! کوئی کام کرنے سے قبل خوب سوچ لیا کرو ؎

سخن دانستہ گو چیزی کہ گوئی — بدل دانستہ بہتر گو مگوئی
بمیدانِ فصاحت گو گرانی — مران لبس کرم تا در سر ندانی

(۱۰) عزیزو! اللہ تعالیٰ کے احکام خاکساری سے بجالاؤ، تم جہاں بھی علم و عمل کی طلب کا ثبوت دو علم و عمل حاصل کرنے کی خاطر آب و آتش کے طوفان سے بھی گزرنا سیکھو ؎

در بادیہ علم دویدن چہ خوش است — وز علم دین سخن شنیدن چہ خوش است
صد بار بانفاق بادل گفتم — از صحبت نااہل بریدن چہ خوش است

(۱۱) عزیزو! ہر حالت میں امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے فرائض بجالاتے رہو۔ غیر شرعی باتوں اور بدعتوں سے بچتے رہو اور اس آیت مبارک کو پیش نظر رکھو "اے ایمان والو! اپنے آپ کو اور اپنے اہل کو اس آگ سے بچاؤ جس کا ایندھن آدمی اور پتھر ہیں۔ حضرت فضیل عیاضؒ کا واقعہ ہے۔ انہوں نے سردی کے موسم

شیخ عبدالعلام کو پسینہ میں شرابور دیکھا۔ پوچھا: "اس موسم میں آپ کی مبارک پیشانی پر پسینہ کیسا"؟ جواب دیا: "یہاں نہی منکر کا ایک موقعہ تھا۔ میں برائی سے منع کرسکتا تھا مگر نہ کیا۔ اب بے قرار ہوں کہ اس سستی کا ازالہ کیسے کروں اور قیامت کے دن کس طرح سے نجات پاؤں؟ عزیزو! غور کرو، تم ہر روز امر معروف اور نہی منکر سے کس قدر غفلت برتتے ہو۔ تمہیں اپنی اور دوسروں کی اصلاح کی کتنی فکر ہے؟ ؎

الی ہر نفسے صد گنہ از من دیدہ — وانگہ پردۂ من بکرم نہ دریدہ
اے من بتر م از ہر چہ بعالم تبراست — اے لطف تو از من بتر آمرزیدہ

(۱۲) عزیزو! اپنے اعمال کی کسوٹی سنتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو بناؤ۔ جو کام اس کسوٹی پر پورا اترے وہ مقبول ہے وگرنہ غلط اور گمراہی ہے۔

(۱۳) عزیزو! اللہ تعالیٰ کے ساتھ اپنے حقوق کا خیال رکھو۔ اس کی بشارتوں سے خوش رہو اور وعیدوں سے ڈرو، کھانے پینے، اٹھنے، بیٹھنے اور ہر کام میں احکام خداوندی کا خیال رکھو۔ ؎

دلا امروز کارے کن کہ فریادت رسد فردا
نہ باشی طالب چیزے کہ او شورش دہد سرا
بخوان از علم دین چیزے کہ عالم بہتر از جاہل
بہ بیں از راہِ حق راہے کہ بنیا بہ ز نابینا
دلا امروز کاری کن کہ کارت می شود آنجا
بناشی طالبِ کاری کہ دشوارت شود آنجا

(۱۴) عزیزو! کام کرو، محنت سے اتنی روزی حاصل کرو جو احتیاجات کے لئے کفایت کرے، نہ اتنی کہ اس سے عیش و عشرت اور اسراف کی راہیں کھلنے لگیں۔ خرچ میں میانہ روی اختیار کرو۔ نہ اسراف و فضول خرچی ہو اور نہ ہی کنجوسی اور تنگدلی۔ ارشادِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہے کہ سب کاموں میں میانہ روی بہتر ہے۔ روزی کمانا ؎

رو بہ عقبیٰ زرِ حلال بود　　دل ہما نجا بود کہ مال بود
ہر چہ زینجا بری نگہ دارند　　بہ قیامت ہمانت پیش آرند

(۱۵) عزیزو! جمع مال کی ہوس نہ رکھو، جو ملے اُسے خرچ کرتے رہو ؎

خورد و پوش و بخشائے راحت رساں
نگہ می گزاری زبہر کساں!

احتیاج سے جو بچے، بچانے میں حرج نہیں، مگر بھروسہ اس ذخیرہ پر نہ ہو، خدا پر ہو۔ نیند آئے تو اتنا سوؤ جس سے اطاعت کی قوت بحال ہو سکے۔ عزیزو! اللہ کریم کے بغیر مت سوجاؤ، غافل نہ ہوجاؤ۔ حضرت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ جاہل کی عبادت سے عالم کی نیند بہتر ہے ؎

خواب بیداریست چوں با دانش است
وائے بیداریٔ کہ با نادانش است

(۱۶) روزوں کی پوری پابندی کرو، روزے کا ظاہر از سحر تا غروب آفتاب کھانے پینے سے پرہیز کرنا ہے لیکن اس کا باطن سب اعضا و جوارح پر پابندی لگانا ہے۔ آنکھ حرام نہ دیکھے، زبان سے ناجائز باتیں نہ نکلیں، کان فواحش سننے کے عادی نہ بنیں اور ہاتھ خراب اور غلط کام کرنے سے رُکے رہیں۔ اس سے بھی آگے حقیقتِ روزہ یہ ہے کہ دل غرور، حسد، لالچ، ریاکاری، نفاق، کینہ اور تکبر سے پاک ہوجائے ؎

کبر و حسد و بخل و نفاق و کینہ
اوصافِ بشر، طبیعت دیرینہ
ہرگز بہ مقام ہیچ مردی نہ رسی
تا زیں ہا پاک نہ داری سینہ

(۱۷) میرے عزیزو! تمہیں چاہیے کہ ادائے زکوٰۃ کا اہتمام کرو۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: "جو زکوٰۃ نہ دے، اُس کی نماز، روزہ،

در جہاد نامقبول رہتے ہیں"۔ ایک دوسرا ارشاد رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہے "بخیل اللہ رحمت، اس کے بندوں اور بہشت سے دور ہے اور دوزخ سے قریب ہے سخی اللہ رحمت، اُس کے بندوں کے دلوں اور بہشت سے قریب ہے اور دوزخ سے دور"

(۱۸) عزیزو! اچھے اخلاق اور جوانمردی سے آدمی واقعی انسان بنتا ہے۔

(۱۹) فرمایا: مجھ سے پہلے مشائخ نے اپنے مریدوں کو وصیتیں کیں اور انہوں نے اُن پر عمل کر کے اپنی دنیا وعقبیٰ سنوار لے۔ مجھے امید ہے کہ میرے مرید بھی میری بات سنیں گے اور اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ انہیں عمل کرنے کی توفیق دے۔

(۲۰) عزیزو! لوگ وصال حق سے اس لیے محروم رہتے ہیں کیونکہ انہوں نے دنیائے دُوں کو اپنا مقصود بنا رکھا ہے لیکن صوفی کو چاہیے کہ ذات باری کی معرفت کے بارے میں اپنا عقیدہ درست رکھے اور بدعت سے بچے۔ اُسے چاہیے کہ ہر بات کی دلیل پر غور کرے تاکہ بوقت پرسش بتا سکے۔ میرے عزیزو! حیف ہے اگر تمہیں دین کے بارے میں پوچھیں اور تم بتا نہ سکو۔ دوسروں کے لیے پوشیدہ باتیں طبقۂ صوفیا کی خاطر آشکارا ہوتی ہیں، پھر آپ علم و دانش سے غفلت برت کر اہل ظاہر سے پیچھے کیوں رہ جاؤ

عزیزانِ من! طبقہ صوفیہ میں، ہر زمانے میں اللہ تعالیٰ اپنا ایک دوست رکھتا ہے جس کی برکت سے دوسروں کی لغزشیں معاف ہوتی رہتی ہیں۔ اس دوستِ خدا اور مردِ حق کو تلاش کرو کہ دونوں جہانوں کی نعمتوں سے مالا مال ہو جاؤ۔ لیکن علمائے دین کی خدمت کرنے میں پیش قدم رہو کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں "وارثانِ انبیا" کہا ہے اور یہ کہ جس نے علم اور علماء کو چاہا، اُس نے زندگی بے خطا گزاری ؎

زدانائی دمی از دجہانی — بزرد صد سر نادان بہ نانی
مگو کز صحبتِ دانا زیاں است — دگر یابی ز عمرت حاصل آں است
دراں کن جہد تا دانش پذیری
نکو باشی اگر دانا بہ سیری

(۲۱) عزیزو! دنیا کے طالبوں کی ہمنشینی نہ کرو اور جاہلوں سے دوری اختیار

کروسہ

بیراز جاہل از چہ خویش باشد　　کہ رنج او ز راحت بیش باشد

(۲۲) بے وقوف کی صحبت آدمی کو خدا سے دور کر دیتی ہے۔ تم لوگ سماع و رقص کرنے والوں کی محفل میں نہ جاؤ کیونکہ یہ لوگ دل کی صلاحیت کو خراب کر دیتے ہیں۔ سماع کرنے والوں کو حال نہیں، ان کی نظر میں "حال" یہ ہے کہ چھری ماری جائے اور خبر نہ ہو ؎

سماع آسماں بود مر صوفی گرم　　چو آتش ہست جوشیدن چہ کار است

(۲۳) عزیزو! اجازت و رعایت سے استفادہ نہ کرو تاکہ صاحب عزم بنو۔ رعایات سے مستفید ہونا کمزوروں کا شیوہ ہے۔ اس سے زیادہ کیا کہوں۔ حضرت خواجہ عبدالخالق غجدوانیؒ جو قطب عارفین، برہان محققین اور مرشد سالکین تھے۔ اشارات پر اکتفا فرماتے تھے کیونکہ عاقل کے لیے اشارہ کافی ہوتا ہے۔ العاقل تکفیہ الاشارۃ ؎

ازیں بہ نصیحت نہ گویدکسی　　دگر عاقلی یک اشارت بس است

حضرت سید امیر کلالؒ کی مذکورہ وصیتیں اکثر مریدوں نے سنیں جو خود بھی منصب رشد و ہدایت پر فائز تھے۔ حضرت کے چار صاحبزادے تھے۔ امیر برہان[1]، جو حضرت بہاء الدین نقشبندؒ کی زیر تربیت تھے۔ سید امیر شاہ[2]، شیخ یادگار کے زیر نظر تھے۔ امیر حمزہ[3]، جو مولانا عارف کے مرید تھے۔ چوتھے فرزند امیر عمر[4]، مولانا جمال الدین دہ آسیائی کی تربیت میں تھے۔ چار خلفاء اور چار ہی فرزند تھے ؎

دلا یارے طلب کن گر توانی　　چناں یاری کہ بردی جان فشانی

چو یابی دوستی سختش نگہ دار　　بہ سستی دامنش از دست مگذار

ترا گر یافت شد یار اخبر کن
وگرنہ ایں حکایت مختصر کن

حضرت امیرؒ نے دریافت فرمایا، میرے بیٹو! تم میں کون اللہ کے بندوں کی خدمت کا کام سنبھالے گا۔ سب نے عرض کیا ہم میں اتنی استطاعت کہاں، مگر آپ جیسے حکم دیں ہم دوسرے اُس کا حکم مانیں گے ؎

خدمت بجان کنیم اگر با شدت قبول
ای دولت وسعادت ما گر تست قبول

اس پر حضرت امیرؒ نے مراقبہ کیا، اور حضرت امیر حمزہؒ کی طرف اشارہ کیا۔ فرمایا مشائخ کی ارواح نے تمہارا ہی اشارہ کیا ہے۔ امیر حمزہؒ معذرت کرنے لگے کہ میرے مخدوم! مجھ میں اتنی طاقت کہاں، اور اس قدر استعداد کیسے ہو سکتی ہے۔ فرمایا، اے بیٹے! یہ کام تمہارا مقدر ہو چکا، مانو مانو تمہیں بار خلافت سنبھالنا ہی پڑے گا ؎

ما بدستِ یار دادیم اختیار خویش را

اس کے بعد حضرت امیر کلالؒ نے پھر حضرت امیر حمزہؒ کی طرف اشارہ کیا اور پھر گوشہ تنہائی میں تشریف لے گئے اور تین دن تک کسی سے بات نہ کی۔ تین دن کے بعد مراقبہ سے سر اٹھایا اور خدا تعالیٰ کی حمد و ثنا میں مصروف ہو گئے۔ حاضرین مجلس نے بصد ادب و احترام سوال کیا کہ اے مخدوم! آپ نے جو تین دن رات خلوت فرمائی ہے، ہمیں بھی معلوم ہونا چاہیے کہ اس کا سبب کیا ہے؟ حضرتؒ نے ارشاد کیا کہ میں اس دوران گوشۂ تنہائی میں دریائے حیرت میں غوطہ زن تھا کہ قیامت کے دن ہمارا اور ہمارے یاروں کا کیا حال ہوگا؟ آخر ہاتفِ غیبی نے ہمارے باطن میں یہ ندا دی کہ "اے میر کلالؒ! ہم نے تجھ پر تیرے یاروں پر، تیرے دوستوں پر اور ان لوگوں پر جن پر آپ کے لنگر کی نکھی بیٹھی ہو، رحمت کی اور سب کے گناہ معاف کر دیئے"، تم خوش ہو جاؤ کہ خدا تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے تم پر رحمت کرے گا اور تمہارے گناہوں سے درگزر کرے گا ؎

شادم کہ زمن بہ دل کس بار نیست — کس را زمن و کار من آزار نیست
گر نیک شمارند و گر بد گویند — با نیک و بدم ہیچ کسی کار نیست

اللہ تعالیٰ اپنی مہربانی اور لطفِ خاص سے تم سب پر رحم فرمائے۔ یہ فرمایا اور اسی روز اللہ تعالیٰ کے جوارِ رحمت میں پہنچ گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون ؎

ایں مزرعہ را بیش کساں کاشتہ اند — ناکام گذشتند و بگذاشتہ اند

رفتند بگان نگان کنوں میروند　　ہر نیک و بدی کہ در جہاں کاشتہ اند

حضرت امیر کلالؒ کی وصیت کے مطابق حضرت خواجہ بہاء الدین نقشبندؒ اور حضرت مولانا عارفؒ نے اُن کے جسد مبارک کو حوالۂ خاک کیا ؎

در عالم خاک پاک پاشیدہ رفت
صد دشمن و دوست بر تراشیدم رفت
با نیک و بد زمانہ ام کاری است بسی
دارندہ چنانکہ داشت پاشیدم رفت



حضرت خواجہ بہاؤالدین نقشبندؒ کے مزار شریف کی دور سے کھینچی گئی یادگار تصویر

حضرت خواجہ بہاؤالدین نقشبندؒ کے مزار شریف پر واقع مینار شریف کی یادگار تصویر
تصویر از "اے گائیڈ بک آف بخارا" بشکریہ ڈاکٹر اے ایچ دانی صاحب اسلام



حضرت خواجہ بہاؤالدین نقشبندؒ کے ایوان کی یادگار تصویر۔
بشکریہ "یادداشت ہا۔ قسم II" ڈاکٹر اے ایچ دانی صاحب اسلام آباد۔

حضرت بہاؤالدین نقشبندؒ کے مزار شریف کے مقدس سنگِ بنیاد کی یادگار تصویر
تصویر از "دی امیر آف بخارا اینڈ ہز کنٹری"۔ بشکریہ پنجاب پبلک لائبریری لاہور

بہاؤالدین نقشبندؒ کی مسجد کے برآمدے کی نایاب تصویر

"امیر آف بخارا اینڈ ہز کنٹری"، بشکریہ پنجاب پبلک لائبریری لاہور

حضرت بہاؤ الدین نقشبندؒ کے مزار شریف کے دروازے کے سامنے واقع مسجد
اور قبرستان کی یادگار تصویر
تصویر از "دی امیر آف بخارا اینڈ ہز کنٹری" بشکریہ پنجاب پبلک لائبریری

(۱۶)

خواجۂ خواجگان

حضرت خواجہ سیّد بہاء الدین محمد نقشبند قدس سرہٗ

عارفاں ۷۲۸ھ / ۱۳۲۷-۲۸ء ○ ۷۹۱ھ / ۱۳۸۹ء قصرِ عارفاں، بُخارا

مادۂ تاریخ وفات

"خاکِ مصلّےٰ" / ۷۹۱ھ

"قصرِ عرفان" / ۷۹۱ھ

"عرفانِ فقری" / ۷۹۱ھ

۱ تو تیائے چشم سازم خاک پائے نقشبندؒ
تا بیابم سرِّ حق از لطف سائے نقشبندؒ

ترجمہ:۔ میں حضرت نقشبندؒ کے پاؤں کی خاک کو اپنی آنکھوں کا سرمہ بناتا ہوں تاکہ میں حضرت نقشبند کے سایۂ کرم سے رازِ حق پاؤں

۲ رو بدرگاہ بہا والدین نظر کن زانکہ ہست
نُہ فلک مانند دربان درسرائے نقشبندؒ

ترجمہ:۔ (اے مخاطب) تو حضرت بہاوالدین نقشبند کی درگاہ میں جا اور اس کا نظارہ کر (اس لیے کہ) نو کے نو آسمان حضرت نقشبند کے گھر کے دروازے کے دربان کی حیثیت رکھتے ہیں۔

۳ مشکلات ما ہمہ ہرگز نیاید در عدد
امدد یا خواجۂ مشکل گشائے نقشبندؒ

ترجمہ:۔ ہماری تمام مشکلات ہرگز گنتی میں نہیں آ سکتیں۔ اے خواجۂ مشکل کشائے نقشبند ہماری مدد کو آئیے

لسان الغیب حضرت حافظ شیرازی رحمۃ اللہ علیہ

(ترجمہ: از ڈاکٹر کے۔ بی۔ نسیم پشاور یونیورسٹی)

۱۶

حضرت خواجہ بہاء الدین محمد نقشبند بخاری قدس سرہٗ

سکہ کہ در یثرب و بطحا زدند — نوبت آخر بہ بخارا زدند
از خطِ آں سکہ نشد بہرہ مند — جز دل بی نقش شہ نقشبند
تاج بہا بر سرِ دیں او نہاد — قفلِ ہوا از درِ دیں او گشاد!

مولانا جامیؒ

آپ کی ولادت ۷۱۸ھ میں قصر عارفاں (بخارا سے تین میل دور) میں ہوئی۔ آپ کی پیدائش سے پہلے حضرت بابا محمد سماسی رحمۃ اللہ علیہ نے آپ کی ولادت کی بشارت دی تھی۔ تولّد سے تیسرے روز آپ کے جدّ امجد آپ حضرت بابا قدس سرہ کی خدمت میں لے گئے۔ حضرت بابا نے آپ کو اپنی فرزندی میں قبول فرمایا اور اپنے خلیفۂ اعظم سیّد امیر کلالؒ سے آپ کی تربیت کے بارے میں عہد لیا جیسا کہ گذشتہ اوراق میں ہو چکا ہے۔

بچپن ہی سے آثارِ ولایت اور انوارِ کرامت و ہدایت آپ کی پیشانی سے آشکارا تھے۔ چنانچہ آپ کی والدہ ماجدہ کا بیان ہے کہ میرا فرزند بہاء الدین چار ماہ کا تھا میرے پاس ایک گائے تھی جو حاملہ تھی۔ ایک روز میرے فرزند نے اس کی طرف متوجہ ہو کر کہا کہ یہ گائے گوسالہ سفید پیشانی والا جنے گی۔ چنانچہ چند ماہ کے بعد قدرتِ حق تعالیٰ سے اس گائے نے ویسا ہی گوسالہ جنا۔ جنہوں نے میرے فرزند کی بات سنی وہ حیران ہوئے اور حضرت محمد بابا سماسیؒ کے نقش مبارک کا اثر ثابت ہو گیا۔

آپ کو اگرچہ آدابِ طریقت کی ظاہری تعلیم سیّد امیر کلالؒ سے ہے مگر حقیقت میں آپ اویسی ہیں۔ کیونکہ آپ کی تربیت حضرت خواجہ عبد الخالق غجدوانیؒ

روحانیت سے ہوئی ہے۔ چنانچہ خود فرماتے ہیں کہ اوائلِ احوال اور غلبات، جذبات و بیقراری میں راتوں کو میں نواحیٔ بخارا میں پھرا کرتا تھا اور ہر مزار پر جاتا تھا۔ ایک رات میں تین مزاروں پر گیا۔ جس مزار پر پہنچتا ایک چراغ ٹمٹماتا نظر آتا۔ چراغ میں پورا تیل اور بتی ہوتی مگر بتی کو ذرا اکسانے کی ضرورت تھی تاکہ تیل سے باہر آجائے اور بخوبی جلے شروع رات میں خواجہ محمد واسعؒ کے مزار مبارک پر پہنچا وہاں اشارہ ہوا کہ خواجہ محمود فغنویؒ کے مزار پر جانا چاہیئے جب میں اس مزار پر پہنچا تو دو شخص آئے اور انہوں نے دو تلواریں میری کمر پر باندھیں اور گھوڑے پر سوار کر کے اس کی باگ مزارِ مزداخن کی طرف پھیر دی جب وہاں پہنچا تو فتیلہ اور چراغ اسی حالت میں تھا۔ میں رو بقبلہ بیٹھ گیا اور اسی توجہ میں غیبت طاری ہو گئی کیا دیکھتا ہوں کہ قبلہ کی جانب سے دیوار شق ہو گئی ہے اور ایک بڑا تخت ظاہر ہوا جس پر ایک بزرگ بیٹھا ہوا ہے اور اس کے آگے ایک سبز پردہ لٹکا ہوا ہے۔ اس تخت کے گرد ایک جماعت حاضر ہے۔ میں نے اس جماعت میں خواجہ محمد بابا کو دیکھا اور جان گیا کہ یہ جماعت گزشتہ بزرگوں کی ہے مگر دل میں آیا کہ وہ بزرگ اس جماعت میں کون ہے۔ اسی اثناء میں اس جماعت میں سے ایک نے کہا کہ وہ حضرت خواجہ عبدالخالق غجدوانی اور یہ جماعت ان کے خلیفے ہیں۔ خلیفوں کے نام گن گن کر اس نے ہر ایک طرف اشارہ کیا کہ یہ خواجہ احمد صدیق ہیں۔ یہ خواجہ اولیاءؒ کے کلال ہیں۔ یہ خواجہ عارف ریوگری، یہ خواجہ محمود انجیر فغنوی اور یہ خواجہ علی رامیتنی ہیں جب خواجہ محمد بابا سماسی کے پہنچا تو اشارہ کر کے کہا کہ ان کو تم نے حالتِ حیات میں دیکھا ہے۔ یہ تیرے شیخ ہیں انہوں نے تجھے کلاہ دی ہے کیا تو ان کو پہچانتا ہے۔ میں نے کہا میں ان کو پہچانتا ہوں۔ کلاہ کا قصہ بہت دنوں کا ہے مجھے یاد نہیں رہا۔ اس نے کہا وہ کلاہ تیرے گھر میں ہے اور تجھے کرامت عطا ہوئی ہے کہ جو بلا (دکھ، مصیبت) نازل ہو وہ تیری برکت سے دور ہو جائے گی۔ اس وقت اس جماعت نے کہا کہ کان لگا کر سنو۔ حضرت خواجہ بزرگ (خواجہ عبدالخالق غجدوانی) ارشادات فرمائیں گے جو تجھے راہِ حق کے سلوک میں کام آئیں گے تب اس جماعت سے درخواست کی کہ میں حضرت خواجہ کو سلام کرنا چاہتا ہوں۔

انہوں نے وہ پردہ آگے سے اٹھا دیا اور میں نے حضرت خواجہ کو سلام کیا۔ حضرت نے جواب دیا اور ارشادات فرمائے جو سلوک کے ابتدا، وسط اور انتہا سے تعلق رکھتے ہیں ان میں سے ایک یہ تھا کہ جو چراغ تجھے اس حالت میں دکھائے گئے تیرے لیے بشارت ہے اور اس امر کی طرف اشارہ ہے کہ تجھ میں اس شے کی استعداد و قابلیت ہے مگر استعداد کی بنی کو اکسانا چاہیئے تاکہ روشن ہو جائے اور اسرار ظاہر ہوں اور قابلیت کے مطابق عمل کرنا چاہیئے تاکہ مقصد حاصل ہو۔ دوسرا ارشاد جس کی آپ نے تاکید فرمائی یہ تھا کہ ہر حال میں جادۂ شریعت و استقامت پر قدم رکھنا چاہیئے اور عزیمت و سنت پر عمل کرنا اور رخصت و بدعت سے دور رہنا چاہیئے اور ہمیشہ احادیث مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنا پیشوا بنانا اور اخبارِ رسول اکرمؐ اور آثارِ صحابہ کرامؓ کی تلاش میں رہنا چاہیئے۔ ان ارشادات کے ختم ہونے پر حضرت خواجہ کے خلیفوں نے مجھ سے کہا کہ تیرے حال کی صداقت کا شاہد ایک یہ ہے کہ تم مولانا شمس الدین ابکنویؒ کے پاس جاکر کہنا کہ فلاں ترک نے ایک شخص سقا نام پر دعویٰ کیا ہے۔ حق اس ترک کی طرف ہے اور تم سقا کی رعایت کرتے ہو۔ اگر سقا مدعی کی جانب کی حقیقت کا منکر ہو تو اس سے کہنا کہ "اے سقائے تشنہ" وہ اس بات کو جانتا ہے۔ دوسرا شاہد یہ ہے کہ سقا نے ایک عورت سے زنا کیا ہے جب وہ حاملہ ہو گئی تو حمل کو اسقاط کر کے بچہ کو فلاں جگہ پر انگور کے نیچے دفن کر دیا ہے۔ پھر ان خلیفوں نے فرمایا کہ جب تو یہ پیغام مولانا شمس الدین کو پہنچا دے تو دوسرے روز صبح کے وقت فوراً تین عدد موٹے رسوکھے ہوئے انگور۔ منقا) لینا اور ریگِ مردہ کے راستے نسف کی طرف حضرت سید امیر کلالؒ کی خدمت میں روانہ ہو جانا۔ جب تو جنگل میں پہنچے گا تو ایک بوڑھا ملے گا جو تجھے ایک گرم روٹی دے گا وہ روٹی لے لینا مگر اس سے بات نہ کرنا۔ آگے بڑھ کر تجھے ایک قافلہ ملے گا۔ قافلہ سے گزر کر ایک سوار آگے آئے گا جسے تو نصیحت کرے گا اور وہ تیرے ہاتھ پر توبہ کرے گا۔ حضرت عزیزاں کی کلاہ جو تیرے پاس ہے اسے اپنے ساتھ حضرت سید امیر کلالؒ کی خدمت میں لے جانا۔

بعد ازاں اس جماعت نے مجھے ہلا دیا اور میں ہوش میں آگیا۔ صبح کو میں فوراً اپنے مکان پر گیا اور متعلقین سے کلاہ کا قصہ دریافت کیا انہوں نے بتایا کہ مدت ہوئی وہ کلاہ فلاں جگہ رکھا تھا۔ جب میں نے حضرت عزیز ان کی کلاہ دیکھی تو میری حالت بہت بدتر گوں ہوگئی اور میں بہت رویا۔ اسی وقت میں ابکنہ پہنچا اور نماز فجر مولانا شمس الدینؒ کی مسجد میں پڑھی۔ نماز سے فارغ ہوکر میں نے مولانا سے وہ قصہ بیان کیا۔ سقا حاضر تھا وہ مدعی کے دعویٰ کا منکر ہوگیا۔ میں نے سقا سے کہا کہ میرا ایک گواہ یہ ہے کہ سقائے تشنہ ہے، تجھے عالم معنی سے کوئی حصہ نہیں۔ وہ خاموش ہوگیا۔ پھر میں نے کہا کہ میرا دوسرا گواہ یہ ہے کہ تو نے ایک عورت سے زنا کیا۔ وہ حاملہ ہوگئی اور تیرے حکم سے اسقاطِ حمل کیا گیا۔ اور بچہ کو تو نے فلاں جگہ پر انگور کے نیچے دفن کیا ہے۔ سقا نے اس سے بھی انکار کیا۔ مولانا اور مسجد کے لوگ اس جگہ پہنچے اور تلاش کی تو وہاں مدفون بچہ پایا۔ سقا نے معافی مانگی۔ مولانا اور مسجد کے لوگ رو پڑے اور عجیب حالات رونما ہوئے جب وہ دن گزر گیا تو میں دوسرے دن آفتاب طلوع ہونے پر تین عدد مویز لے کر ریگ مردہ کے راستے نسف کی طرف روانہ ہونے لگا۔ جب مولانا کو میری روانگی کی خبر ہوئی تو مجھے بلایا اور مجھ پر بڑی عنایت کی اور فرمایا کہ تجھ میں دردِ طلب پیدا ہوگیا ہے اس درد کی دوا ہمارے پاس ہے۔ اگر تو ہمارے پاس ٹھہر جائے تو ہم تمہاری تربیت کریں گے۔ میں نے عرض کیا کہ میں دوسروں کا فرزند ہوں، اگر آپ پستانِ تربیت میرے منہ میں دیں تو مجھے لینا نہ چاہیے۔ یہ سُن کر مولانا خاموش ہوگئے اور مجھے اجازت دے دی۔ میں نے اسی وقت کمر ہمت باندھی اور چل پڑا۔ جب جنگل میں پہنچا تو ایک بوڑھا مجھ سے ملا جس نے مجھے ایک گرم گرم روٹی دی۔ میں نے روٹی تو لے لی مگر اُس سے کوئی بات نہ کی۔ آگے بڑھ کر ایک قافلہ پر سے گزرا ہوا۔ قافلہ والوں نے مجھ سے پوچھا کہ تو کہاں سے آرہا ہے؟ میں نے کہا ابکنہ سے۔ وہ بولے کہ وہاں سے تو کب روانہ ہوا۔ میں نے کہا طلوعِ آفتاب کے وقت۔ جب قافلہ والوں سے بات ہو رہی تھی تو چاشت کا وقت تھا۔ وہ حیران

ہوئے کہ ایکنہ یہاں سے بارہ میل کا فاصلہ ہے ہم اوّل شب وہاں سے روانہ ہوئے تھے اور تم طلوعِ آفتاب پر وہاں سے چلے اور یہاں ایک ساتھ ہی پہنچ گئے۔

قافلہ والوں سے فارغ ہو کر آگے بڑھا تو وہ سوار ملا۔ میں نے سلام کیا تو اُس نے کہا، تو کون ہے؟ میں تجھ سے ڈرتا ہوں۔ میں نے کہا کہ میں وہ ہوں جس کے ہاتھ پر تجھے توبہ کرنی ہے۔ وہ جلدی سے گھوڑے سے اترا، بہت گریہ زاری کی اور تائب ہوا۔ اُس کے پاس بہت سی شراب تھی۔ اُس نے وہ سب پھینک دی۔ اُس سے آگے بڑھ کر نسف کی حد میں پہنچا تو وہاں حضرت سید امیر کلالؒ جلوہ افروز تھے۔ میں ان کی ملاقات سے مشرف ہوا اور حضرت عزیزانؒ کی کلاہ اُن کے آگے رکھ دی۔ حضرت امیرؒ ایک لحظ تو خاموش رہے اور پھر فرمایا کہ وہ کلاہ تو حضرت عزیزانؒ کی ہے۔ میں نے کہا، ہاں۔ اس پر انہوں نے فرمایا کہ اس کے بارے میں اشارہ یوں ہوا ہے کہ اس کو دو پردوں کے درمیان محفوظ رکھو۔ میں نے قبول کیا اور کلاہ مبارک لے لی۔ پھر حضرت امیرؒ نے مجھے تلقینِ ذکر کی اور بطریقِ خفیہ نفی و اثبات میں مشغول کیا۔ میں ایک عرصہ تک اس سبق میں مشغول رہا۔ جیسا کہ واقعہ میں مامور ہوا تھا میں نے عزیمت (عزم، ارادہ) پر عمل کیا اور ذکر جہر نہ کیا۔ چونکہ مجھے اخبار و آثارِ رسول کریم و صحابہ کرامؓ کی تفحص (جستجو، تلاش) کا حکم تھا بدیں وجہ حضرات علمائے کرام کی خدمت میں حاضر ہوا کرتا تھا اور احادیث پڑھا کرتا تھا، آثارِ صحابہ معلوم کیا کرتا تھا، ہر ایک پر عمل کرتا اور اس کا نتیجہ اپنے باطن میں مشاہدہ کرتا تھا۔

حضرت خواجہ نقشبندؒ فرماتے ہیں کہ اوائلِ احوال میں ایک دفعہ نو ماہ تک دروازۂ فیض مجھ پر بند رہا جس کی وجہ سے میں کمزور اور بے چین ہو گیا۔ میں نے چاہا کہ مخلوق کی خدمت و ملازمت میں مشغول ہو جاؤں۔ اس حال میں میرا گزر ایک مسجد پر ہوا جس پر یہ شعر لکھا ہوا تھا

اے دوست بیا کہ ما ترا ئیم بیگانہ مشو کہ آشنا ئیم[1]

میں نے جب یہ شعر پڑھا تو مجھ پر رقت طاری ہو گئی اور اللہ تعالیٰ کی عنایت

---

[1] اے دوست آ کہ ہم تیرے ہیں، بیگانہ نہ بن کہ ہم تجھ سے آشنا ہیں۔ (قصوری)

سے وہ دروازہ مجھ پر کھل گیا۔

آپ فرماتے ہیں مبادیٔ احوال میں ایک رات میں مسجد زیورتوں میں ایک ستون کے پیچھے رو بقبلہ بیٹھا تھا۔ ناگاہ غیبت و فنا کا اثر ظاہر ہونے لگا اور میں رفتہ رفتہ بے خود ہو گیا۔ اور اسی حالت میں ارشاد ہوا کہ ہوشیار ہو جاؤ۔ جو مطلوب و مقصود ہے تمہیں مل گیا ہے کچھ دیر کے بعد میں ہوش میں آگیا۔ فرماتے ہیں کہ اس قصہ کے بعد ایک روز میں اس باغ میں تھا جس میں آپ کا مزار مقدس واقع ہے، متعلقین کی ایک جماعت میرے ساتھ تھی۔ ناگاہ عنائتِ الٰہی کے جذبات کا اثر ظاہر ہونے لگا۔ اضطراب و بے قراری پیدا ہوئی۔ میں اُٹھ کر رو بقبلہ ہو بیٹھا۔ اچانک غیبت واقع ہوئی اور وہ غیبت فنائے حقیقی تک پہنچ گئی۔ میں اس فناء میں کیا دیکھتا ہوں کہ میری روح کو آسمانوں کے ملکوت سے آگے لے گئے اور اس مقام پر پہنچا کہ میری رُوح ستارہ کی شکل میں نور بے نہایت کے دریا میں محو و ناپدید ہو گئی۔ اور میرے قالب میں حیاتِ ظاہری کا کچھ نشان نہ رہا۔ میرے گھر والے اور متعلقین اس حالت میں گریہ زاری کرتے تھے یہاں تک کہ میں آہستہ آہستہ وجودِ بشریت میں آگیا۔ وہ غیبت و فناہ کم و بیش چھ گھنٹے رہی تھی۔

سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کے خواجگان حضرت خواجہ محمود الخیر فغنویؒ کے وقت سے حضرت سید امیر کلالؒ کے زمانے تک ذکر خفیہ کو ذکر علانیہ کے ساتھ جمع کیا کرتے تھے مگر حضرت خواجہ بہاء الدین نقشبندؒ ذکرِ خفیہ کیا کرتے تھے اور ذکر علانیہ سے پرہیز کیا کرتے تھے جیسا کہ گزشتہ صفحات میں بیان ہو چکا ہے۔ جب حضرت سید امیر کلالؒ کے اصحاب و مریدین حلقہ میں ذکر علانیہ کرتے تو خواجہ نقشبندؒ مجلس سے اٹھ جایا کرتے۔ حضرت امیرؒ کے اصحاب کو یہ بات بہت ناگوار اور شاق گزرتی مگر خواجہ نقشبندؒ، حضرت امیر کلالؒ کی خدمت و ملازمت میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کرتے۔ اور ہمیشہ سرِ تسلیم خم کرتے اور حضرتؒ بھی روز بروز خواجہ نقشبندؒ کی طرف زیادہ توجہ و التفات فرماتے۔ یہاں تک کہ ایک روز تمام اصحاب نے حضرت امیرؒ کی خدمت میں تنہائی میں شکائت کی مگر حضرت امیرؒ نے کوئی جواب نہ دیا مگر بعد ازاں ایک دن حضرت امیرؒ کے تمام اصحاب بتعداد

پانچ صد سو خار میں مسجد، جماعت خانہ اور دیگر مکانات کی تعمیر کے لیے جمع تھے۔ اور ہر ایک کام میں لگا ہوا تھا۔ جب مٹی کا کام ختم ہو گیا تو آپ نے اس مجمع سے مخاطب ہو کر شکایت کرنے والوں سے فرمایا کہ تم میرے فرزند بہاء الدین نقشبندؒ کے حق میں بدگمانی کرتے ہو اور غلطی سے اس کے بعض احوال کو قصور پر محمول کرتے ہو، تم لوگوں نے اُسے نہیں پہچانا۔ اللہ تعالیٰ کی نظر خاص ہمیشہ اُس کے شاملِ حال ہے اور بندگانِ حق تعالیٰ کی نظر اللہ تعالیٰ کی نظر کے تابع ہے۔ اُس کے حق میں مزید التفات کے بارے میں میرا کچھ اختیار نہیں۔

پھر حضرت خواجہ نقشبندؒ جو اینٹیں اٹھا کر لا رہے تھے، طلب کر کے فرمایا:

"اے فرزند بہاء الدینؒ! حضرت خواجہ بابا سماسیؒ نے تمہارے تمہارے حق میں جو وصیت کی تھی میں اُسے اپنی ہمت و بساط کے مطابق بجا لایا۔ انہوں نے مجھے ارشاد کیا تھا کہ جس طرح میں نے تمہاری تربیت کی بالکل اُسی طرح میرے فرزند بہاء الدینؒ کی تربیت کرنا۔ مقامِ شکر ہے کہ میں نے ویسا ہی کیا۔ پھر اپنے سینہ مبارک کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا، میں نے یہ استخوان تمہارے واسطے خشک کیے اور تمہاری روحانیت کا مرغ بشریت کے بیضہ (انڈا) سے نکل آیا ہے اور تمہاری ہمت کا مرغ بہت بلند واقع ہوا ہے۔ ترک و تاجیک یا جس جگہ سے بھی کوئی خوشبو تمہارے دماغ میں پہنچے طلب کرو اور اپنی ہمت کے مطابق طلب میں کسی قسم کی کوتاہی نہ کرو۔"

اس ارشاد کی تعمیل کے لیے حضرت خواجہ نقشبند سات سال تک مولانا عارف دیک کرانی[1] رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں رہے اور اُن کی متابعت، تعظیم اور آداب بجا لاتے رہے۔ چنانچہ وضو کے وقت نہر کے کنارے جب مولانا بیٹھتے تو خواجہ نقشبند نیچے کی طرف بیٹھ کر وضو کرنے کے لیے بیٹھتے اور چلتے وقت مولانا کے قدم پر قدم نہ

---

[1] دیک کراں ایک گاؤں ہے جو بخارا سے ۲۷ میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔ مولانا عارف کا مزار مبارک گاؤں سے باہر قبصہ ہزارہ کو جانے والے راستہ پر واقع ہے۔ (قصوری)

رکھتے۔ بعد ازاں قثم شیخ کی خدمت میں دو تین مہینے رہے۔ جب پہلی بار شیخ کی خدمت میں پہنچے تو شیخ اُس وقت خربوزہ کھا رہے تھے۔ شیخ نے چھلکا آپ کی طرف پھینک دیا جسے آپ نے بطور تبرک کھا لیا۔ اسی مجلس میں دو تین بار ایسا ہی وقوع پذیر ہوا۔ دریں اثنا شیخ کے خادم نے آکر اطلاع دی کہ تین اونٹ اور چار گھوڑے گم ہو گئے ہیں۔ شیخ نے حضرت خواجہ نقشبندؒ کی طرف اشارہ کیا۔ حضرت خواجہ مراقب ہو کر متوجہ ہو گئے۔ نمازِ مغرب کے بعد خادم نے اطلاع دی کہ اونٹ اور گھوڑے خود بخود آگئے ہیں۔ اس کے بعد حضرت خواجہ نقشبند بارہ سال حضرت اتاؒ کی خدمت میں رہے۔ چنانچہ خود فرماتے ہیں کہ:

"اوائلِ حال میں ایک روز میں نے خواب میں دیکھا کہ حضرت حکیم اتا قدس سرہٗ جو کہ اکابر مشائخ ترک میں سے تھے، مجھ سے ایک درویش کی سفارش فرماتے ہیں۔ جب میں بیدار ہوا تو اس درویش کی صورت میرے ذہن میں تھی۔ میں نے اپنی دادی سے جو صالحہ تھیں اس خواب کا ذکر کیا۔ انھوں نے فرمایا کہ بیٹا! تجھے مشائخ ترک سے کچھ فیض پہنچے گا۔ میں ہمیشہ اُس درویش کی ملاقات کا طالب رہا۔ ایک روز بخارا کے بازار میں اُس سے میری ملاقات ہو گئی۔ میں نے اس کو پہچان لیا۔ اس کا نام خلیل اتا تھا۔ اس وقت تو اس کی صحبت میسر نہ ہوئی۔ جب میں گھر پہنچا تو شام کے وقت ایک قاصد آیا کہ درویش خلیل آپ کو یاد کرتے ہیں۔ میں نے کچھ تحفہ لیا اور بڑے نیاز و شوق سے اُن کی خدمت میں گیا۔ میں نے چاہا کہ وہ خواب اُن سے بیان کروں مگر انھوں نے خود ترکی زبان میں مجھ سے فرمایا کہ جو کچھ تمہارے دل میں ہے وہ ہمارے سامنے عیاں ہے، بیان کی ضرورت نہیں۔ یہ سُن کر میرا حال دگرگوں ہو گیا اور میرا میلانِ خاطر اُن کی طرف زیادہ ہو گیا۔ اُن کی صحبت میں عجیب حالات دیکھنے میں آتے تھے اتفاقاً کچھ مدت بعد اُن کو ماوراء النہر کی بادشاہی مل گئی۔ ایک دفعہ ایامِ سلطنت میں ایک کام کے لیے میں اُن کی خدمت میں حاضر ہوا۔ انہوں نے مجھے اپنی ملازمت و خدمت کی عزت بخشی۔ بادشاہت کے زمانے

میں بھی ان سے بڑے بڑے حالات ظہور میں آتے اور میرا میلانِ خاطر ان کی طرف اور زیادہ ہوتا گیا۔ وہ مجھ پر بڑی شفقت فرماتے تھے اور کبھی مہربانی اور کبھی غصہ سے مجھے آدابِ خدمت سکھاتے۔ جس سے مجھے بہت سے فائدے پہنچتے۔ اُن آداب کی تعلیم اس راہ کی سیر و سلوک میں بہت کارآمد ثابت ہوئی۔ میں اُن کے عہدِ سلطنت میں چھ سال اس طریقہ سے اُن کی خدمت میں رہا کہ مجلسِ عام میں آدابِ سلطنت بجالاتا اور تنہائی میں اُن کا محرمِ خاص تھا۔ اپنے خواصِ بارگاہ کے سامنے وہ اکثر یوں فرمایا کرتے کہ جو شخص اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی کے لیے میری خدمت کرے گا وہ خلق میں بزرگ ہو جائے گا۔ مجھے معلوم تھا کہ اُن کا مقصود کون اور کیا ہے؟ اس سے اُن کا اشارہ اس امر کی طرف تھا کہ بادشاہوں کا اعزار و اکرام اُن کی ظاہری عظمت کی وجہ سے نہ کرنا چاہیے

بلکہ اس واسطے کرنا کہ خدا تعالیٰ نے اُن کو اپنے جلال و بزرگی کا مظہر بنایا ہے۔ کچھ مدّت بعد جب اُن کی سلطنت کو زوال آیا تو ایک دم میں وہ خدم و حشم و ملک اُڑتی ہوئی خاک ہو گئے۔ یہ دیکھ کر دنیا کا ہر کام، ہر چیز میری نظروں میں ہیچ ہو گئی۔ میں بخارا چلا آیا اور زیورتوں جو بخارا کے نواح میں ایک گاؤں ہے، ساکن ہو گیا۔"

حضرت خواجہ نقشبندؒ فرماتے ہیں کہ منازل و مقامات کے طے کرنے میں حسین بن منصور حلاجؒ کی صفت دو مرتبہ میرے وجود میں ظاہر ہوئی۔ نزدیک تھا آوازِ جوان سے ظہور میں آئی تھی مجھ سے بھی ظاہر ہو جائے۔ بخارا میں سولی تھی، میں دونوں دفعہ اپنے آپ کو اس سولی کے نیچے لے گیا۔ اور کہا کہ جگہ یہی سولی ہے۔ عنایتِ الٰہی سے میں اس مشکل مقام کو عبور کر گیا۔

فرمایا کہ حضرت اویس قرنیؓ کی روحانیت کا اثر علائق ظاہری و باطنی سے انقطاع تمام ہے۔ اور امام محمد علی حکیم ترمذیؒ کی روحانیت کا اثر بے ضبطی محض

فرمایا کہ میں نے حضرت بایزید بسطامی، شیخ جنید بغدادی، شیخ شبلی اور ابن منصور حلاج رحمۃ اللہ علیہم کے مقامات کی سیر کی۔ جہاں وہ پہنچے تھے میں بھی وہاں پہنچا۔ یہاں تک کہ صفاتِ انبیاء کی سیر میں ایسی بارگاہ میں پہنچا کہ جس سے بڑی کوئی بارگاہ نہ تھی۔ میں نے جان لیا کہ یہ بارگاہ محمدی ہے علیہ الصلوٰۃ والسلام۔ سلطان العارفین بایزید بسطامیؒ جب اس بارگاہ تک پہنچے تھے تو انہوں نے چاہا کہ سیر کرنے میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مماثلت کریں، لیکن اُن کو روک دیا گیا۔ مگر میں نے ایسی گستاخی نہ کی بلکہ نیاز و تعظیم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے آستانہ اقدس پر کیا۔

فرمایا کہ غلباتِ طلب میں ایک روز میں بخارا سے نسف کی طرف جا رہا تھا۔ تاکہ حضرت سید امیر کلالؒ کی صحبت کا شرف حاصل کروں۔ جب رباط جغرانی میں پہنچا تو ایک سوار ملا۔ وہ چرواہوں کی طرح ایک بڑی لکڑی ہاتھ میں لیے اور بندہ پہنے میرے پاس آیا اور اُس لکڑی سے مجھے مارا اور ترکی زبان میں کہا کہ کیا تو نے گھوڑے دیکھے ہیں میں نے اُس سے کوئی بات نہ کی۔ اُس نے کئی بار میرا راستہ روکا اور لکڑی ماری۔ میں نے اس سے کہا کہ میں آپ کو پہچانتا ہوں۔ وہ کافی دور تک میرے پیچھے آیا اور مجھ سے کہا آؤ کچھ دیر بات چیت کریں مگر میں نے توجہ نہ کی۔ جب میں حضرت سید امیر کلالؒ کے قدموں میں حاضر ہوا تو انہوں نے ارشاد کیا کہ تم نے حضرت خضر علیہ السلام کی طرف توجہ نہیں کی میں نے عرض کی کہ ہاں۔ میں آپ کی محبت میں مستغرق تھا اس لیے اُدھر متوجہ نہ ہو سکا۔

حضرت خواجہ علاء الدین عطارؒ قدس سرہ، فرمایا کرتے تھے کہ ہمارے مرشد حضرت نقشبندؒ کی نظرِ عنایت کی برکتوں سے طالبوں کا یہ حال تھا کہ قدمِ اوّل میں سب کے سب سعادتِ مراقبہ سے مشرف ہو جاتے تھے۔ جب نظرِ عنایت زیادہ ہوتی تو درجۂ وصول کو پہنچ جاتے۔ جب اس سے بھی زیادہ نظرِ عنائت ہوتی تو مقامِ فنا کو پہنچ جاتے فنا فی اللہ سے خود اور باقی بحق ہو جاتے۔ اس حال میں حضرت خواجہ نقشبندؒ یوں فرمایا کرتے تھے کہ دولتِ وصال کے واسطے ہیں۔ ہم سے منقطع ہو کر مقصودِ حقیقی سے ملنا چاہیے

اور اربابِ تکمیل و ایصال کا طریقہ یہ ہے کہ اس راستے کے بچوں کو طریقت کے گہوارے میں لٹاتے ہیں اور تربیت کے پستان سے دودھ پلاتے ہیں۔ یہاں تک کہ حدِ فصال کو پہنچ جاتے ہیں۔ اس کے بعد ان کا دودھ چھڑاتے ہیں اور بارگاہِ احدیت کا محرم بناتے ہیں تاکہ اللہ تعالیٰ سے بلا واسطہ فیض حاصل کر سکیں۔

حضرت خواجہ فقیر تھے اور ہمیشہ فقر کی تائید فرمایا کرتے تھے۔ فرماتے تھے کہ ہم نے جو کچھ پایا ہے، محبتِ فقر سے پایا ہے۔ آپ کے دولت خانہ میں موسم سرما میں خاشاک مسجد ہوا کرتا اور گرما میں پرانا بوریا۔ ہر چیز بالخصوص طعام میں حلال کی رعایت اور شبہات سے اجتناب میں نہایت احتیاط فرمایا کرتے تھے۔ اپنی مجلس میں ہمیشہ حدیثِ نبوی کو بیان فرمایا کرتے تھے۔

ان العبادۃ عشرۃ اجزاء تسعۃ منہا طلب الحلال وجزء واحد منہا سائر العبادات	عبادت دس اجزاء ہیں جن میں سے طلبِ حلال ہیں اور اُن میں سے ایک باقی عبادات ہیں۔

باوجود کمالِ فقر کے آپ میں ایثار اعلیٰ درجہ کا تھا۔ جو شخص آپ کی خدمت میں بلا اتباعِ سنت کے طور پر آپ اسی قدر یا زیادہ اس کے ساتھ احسان کرتے۔ اگر کوئی دوست یا مہمان آپ کے درِ دولت پر حاضری دیتا تو پر تکلف کھانا کھلاتے۔ آپ کی بسر اوقات زراعت سے تھی۔ ہر سال کچھ جَو اور کچھ ماش کاشت کرتے۔ تیاری زمین انتخاب بیج اور بیلوں سے کام لینے میں بڑی احتیاط فرماتے۔ اکابر علماء و مشائخ جو خدمت ہوتے آپ کا طعام بطور تبرک کھاتے تھے۔ آپ کا کوئی مکان ملکیتی نہ تھا بطور عاریت رہا کرتے۔ آپ کے ہاں کوئی خادم یا خادمہ نہ تھی۔ جب دریافت کی گئی تو فرمایا: "بندگی با خواجگی راست نمے آید"۔ آپ فرماتے تھے کہ حدیث میں آیا ہے کہ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواجِ مطہرات رضی اللہ عنہم کے مبارک حجروں میں جَو کا آٹا چھلنی سے نہ چھانا جاتا تھا۔ صحیح بخاری کتاب الاطعمہ میں ہے چند روز ہمارے گھر میں جَو کا آٹا بغیر چھانے پکتا رہا۔ تمام متعلقین و فرزند

ار ہو گئے۔ مجھے معلوم ہوا کہ اس کا باعث یہ تھا کہ اہل بیت رسالت کے ساتھ بے ادبی
گئی ہے کیونکہ اس کھانے میں صورتِ مساوات کی تشبیہ پیدا ہو گئی ہے۔ بے شک متابعت
بہت کوشش کرنی چاہیے مگر حقیقت میں اپنے آپ کو ہر امر میں مقصر (قصوروار)
یال کرنا چاہیے۔ بعد ازاں جَو کا آٹا نہ پکایا گیا، تمام تندرست ہو گئے ؎

ہر کہ پے در پئے رسول نہاد از ہمہ رہرواں بہ پیش افتاد

حضرت خواجہ اکثر و بیشتر کھانا پکانے اور دستر خوان کی خدمت خود انجام دیتے
ے۔ درویشوں کو بالخصوص طعام کھانے کے وقت وقوف و حضور (شعور و تمیز اور حاضری)
(پابندی اور نگہداشت) کا حکم دیتے اور تاکید فرماتے۔ اگرچہ دستر خوان پر بڑا اجتماع
ا مگر جب اُن میں کوئی غفلت سے لقمہ کھاتا تو آپ براہ لطف و کرم اُسے آگاہ فرماتے
لقمہ کھانے نہ دیتے۔ اگر کھانا غصہ اور کراہت سے پکا ہوتا تو آپ اُسے نہ کھاتے
رنہ ہی درویشوں کو کھانے دیتے۔

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت خواجہ، غدیوت میں تشریف فرما تھے۔ ایک درویش
کی خدمت میں کھانا لایا۔ آپ نے فرمایا کہ ہمیں یہ کھانا نہ چاہیے کیونکہ غصّہ کی
لت میں پکایا گیا ہے۔ آٹا چھاننے، خمیر کرنے اور پکانے کے وقت کسی میں غصّہ
ہے۔

اگر کوئی شخص کفگیر (چمچہ) کو غصے یا کراہت کی حالت میں دیگ میں مارتا تو آپ
کھانے کو نہ کھاتے اور فرماتے جو کام غضب یا کراہت و دشواری سے کیا جائے،
یں خیر و برکت نہیں۔ کیونکہ اُس میں نفس و شیطان کا دخل ہو جاتا ہے۔ اُس سے
جہ کب پیدا ہو سکتا ہے۔ اعمال صالحہ اور افعال حسنہ کے صدور کی بنا پر طعام
ہے جو وقوف و آگاہی سے کھایا جائے۔ تمام اوقات بالخصوص نماز میں حضور
ے حاصل ہوتا ہے۔

ک دن ایک شخص مچھلی پکا کر آپ کی خدمت میں لایا۔ اُس وقت درویشوں
بھی موجود تھی جن میں ایک جوان عابد و زاہد روزہ دار تھا۔ آپ نے فرمایا

کہ آؤ ہمارے ساتھ شریک ہو جاؤ۔ اس نے انکار کیا۔ تین بار فرمایا لیکن وہ انکار کرتا رہا۔ آپ نے فرمایا کہ اس کو چھوڑ دو کہ در افتادہ ہے۔ بالآخر وہ جوان بوجہ بے ادبی سخت ذلیل و خوار ہو کر مرا۔ حافظ شیرازی نے کیسی خوبصورت بات کہی ہے ؎

بمئے سجادہ رنگین کن گرت پیر مغاں گوید
کہ سالک بے خبر نبود ز راہ و رسم منزلہا

کسی پنجابی شاعر نے اس شعر کا کیسا عارفانہ ترجمہ کیا ہے ؎

وچ شرابیں رنگ مصلیٰ جو میں ہادی فرماوے
کہ سالک واقف راہ و رسم تھیں پل وچ پار لنگھاوے

روایت ہے کہ ایک دفعہ آپ کی خدمت میں ہر لیہ (ایک قسم کا کھانا جو گندم کے آٹے، گوشت کی یخنی اور دودھ سے پکاتے ہیں۔) آپ نے تناول فرمایا: اتنے میں ایک درویش حاضر ہوا۔ آپ نے فرمایا، آؤ کھاؤ! اُس نے نفلی روزہ رکھا تھا۔ عذر کیا۔ آپ نے فرمایا! "مارا از در فضل در آورند وظیفہ ماوائے فرض و واجب و سنت است درویش بے متابعت دریا بندہ نسبتِ مانیست" اس طریقہ کو حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اس قدر مناسبتِ تامہ ہے کہ عارفِ جامی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں ؎

سکہ کہ در یثرب و بطحا زدند — نوبت آخر بہ بخارا زدند

آپ فرماتے ہیں کہ مجھے غائبانہ طریق سے کہا گیا کہ تو کس طرز اور روش سے چاہتا ہے؟ میں نے عرض کیا کہ اُس روش سے کہ جو میں چاہوں۔ پھر ندا آئی کہ جو تجھ سے گے وہ کرنا ہوگا۔ میں نے کہا کہ یہ مجھ میں طاقت نہیں کہ آپ جو فرماؤ بجا لاسکوں۔ حسبِ منشا ہوتا رہا تو قدم اس راہ پر رکھ سکتا ہوں ورنہ مجھ میں وہ طاقت نہیں۔ گفتگو کے بعد ۱۵ روز تک کچھ جواب نہ آیا۔ آخر کار حکم آیا۔ "اچھا آؤ جیسا تم چاہتے ویسا ہی ہوگا ؎

آنرا کہ در پذیر معبود لا یعلمہ — او را چہ حاجت آید در نج چہار چلہ

پھر آپ نے فرمایا:

ہر کہ در سلسلۂ ما قدم نہد تا بمقصود زسد از دنیا نرود۔ و ہر کہ از سلسلہ ما روئے تابداز دنیا بے ایمان رود۔

یعنی جو کوئی ہمارے سلسلہ میں قدم رکھے گا جب تک مقصد کو نہیں پہنچے گا اس دنیا سے نہیں جائے گا اور جو کوئی ہمارے سلسلہ سے تحقیراً و تخفیفاً منہ پھیر لے وہ دنیا سے ایمان کے بغیر ہی جائے گا۔

سبحان اللہ! اس ارشادِ گرامی سے ثابت ہو گیا کہ آپ کو خدا تعالیٰ نے محبوبیت و معشوقیت کا درجہ عطا کیا ہے اور جو لوگ طریقہ نقشبندیہ سے سرکش اور روگرداں ہیں اور اس طریقہ کو حقارت کی نظر سے دیکھتے ہیں وہ مرتد اور منافقِ ابدی ہیں۔ چنانچہ خود حضرت خواجہ نقشبند قدس سرہٗ فرماتے ہیں ؎

امروز منم بزور بازہ مغرور — پر زور نئی ما بہ کل عالم مشہور
من ہمچو ز مردم عدد چوں افعیٰ — کز دیدن من دیدۂ گردد کور

من صرفہ برم کہ بر زخم اعدا نزد — مشت خاشاک بطمع بر دریا نزد
ما تیغ برہنہ ایم در دست قضا — شد کشتہ ہر آنکہ خویش را بر بازد

اوائل زندگی میں ایک دن آپ کا گزر ایک قمار خانہ سے ہوا دیکھا کہ اس مجلس میں دو شخص ایسے محو و مستغرق ہیں کہ تمام نقد و جنس جو کچھ اُن کے پاس تھا سب ہار چکے تھے۔ اور تعجب یہ کہ جس قدر وہ زک اور ہار کھاتے اسی قدر عربی گھوڑے کی طرح اور بھی تیز و تند ہو جاتے اور اُن کا ذوق و شوق لحظہ بہ لحظہ ترقی پکڑتا۔ ان کی یہ حالت دیکھ کر آپ کا دل بھی چمکا اور آتشِ عشق بھڑکی اور امید وصال بڑھتی گئی یعنی آپ نے نفس کو ہدایت دلائی کہ اس کو کہتے ہیں استقلال۔ تو نے اگر خدا کو پانا ہے تو اُن قمار بازوں کی طرح

آپ فرماتے ہیں کہ جن ایام میں مجھے کششِ عشق میں خدا تعالیٰ نے سخت مضطرب کر رکھا تھا میں حضرت امیر کلالؒ کی خدمت میں حاضر تھا۔ ایک دن اچانک حضرت امیر کلالؒ نے

فرمایا کہ چونکہ تم مجھے نہیں چاہتے لہذا یہاں سے چلے جاؤ۔ آپ پر یہ بات ناگوار گزری چل دیئے راستے میں خیال آیا کہ حضرت امیرؒ کے ایک بار ایسا کہنے سے کیوں چلا جاؤں ؟ واپس آ گئے حضرت امیرؒ نے فرمایا : یہاں تیرا کام نہیں، کوئی دوسرا دروازہ تلاش کر۔ آپ نے کہا، جاتا ہوں پھر نہ پلٹوں گا۔ چنانچہ چل دیئے اور شہر بخارا میں آ گئے۔ ایک قمار خانے کے پاس سے گزرے تو دیکھا کہ دو قمار باز کھیل رہے ہیں، ایک سب کچھ ہار چکا تھا لیکن پھر بھی دوسرے سے قرض مانگتا اور کھیل جاری رکھنے پر اصرار کر رہا تھا۔ دوسرے نے کہا اب چلے جاؤ، تمہارے پاس کھیلنے کے لیے اب رہ ہی کیا گیا ہے ؟ اُس نے کہا! اب جان کی بازی لگاؤں گا ؎

ای دادہ رُخ تو ماہِ زیبائی　　خاکِ قدم تو دیدہ را بینائی
در خدمتِ تو جان و دل و دیدہ و تن　　می درِ بازم اگر قبول منجائی

آپ یہ جواب سُن کر بے قرار ہو گئے اور ماہی بے آب کی طرح تڑپنے لگے اپنے آپ کو مخاطب کر کے کہنے لگے۔ "بہاء الدین ! تم قمار باز سے بھی گئے گزرے تم اتنی جلدی کیوں میدان چھوڑ گئے۔ تم فوراً حضرت امیرؒ کے آستانے پر لوٹ جاؤ

تا جان دارم در غمت آویزم　　تا اشک بود سرکویت ریزم
چوں صبح قیامت بر مدبا عشقت　　از خاکِ درت نعرہ زناں برخیزم

چنانچہ آپ واپس لوٹ آئے۔ آپ کا معمول تھا کہ حضرت امیرؒ کے وضو اور دھلا کے لیے پانی کا اہتمام فرماتے تھے۔ آپ اُسی طرح پانی کا آفتابہ بغل میں لیے آئے رات کو وہاں پہنچے۔ رات بے حد سرد تھی اور برف گر رہی تھی۔ آپ پانی لیے در میں پڑے رہے اور برف گرتے گرتے آپ کا سارا جسم برف میں ڈوب گیا۔ صبح کو حضرت امیر کلالؒ باہر تشریف لائے تو اُن کا پاؤں مبارک آپ کے سر پر پڑا حضرت نے بکمال شفقت تمام برف اور خس و خاشاک دور کر کے آپ کا سر اٹھایا اور فرمایا بیٹے بہاء الدین ! اُٹھ جا کہ جس طرح ہمارا قدم تمہارے سر پر پڑا ہے تمہارا قدم لوگوں کے سر پر آئے گا۔ اور یہ خلعتِ سعادت تیرے ہی قد مبارک کو موزوں تھا۔

عنایت اور آپ درجۂ کمال کو پہنچ گئے ؎

ہزار عمر فدائے دمے کہ من از شوق بخاک و خوں بتپم دگوئی از برائے من است

آپ کا جامہ اُدنی، عمامہ سفید، پاپوش پرانا اور کبھی کلاہ بھی پہنا کرتے۔ درویشوں کی نہایت تعظیم کرتے۔ ہر ایک دوست کے ساتھ بتواضع پیش آتے۔ آپ قطب عالم تھے۔ اکثر فرمایا کرتے تھے۔

"طریقہ ما از نوادر است و عروۃ الوثقیٰ است ما را از فضل آوردہ اند دریں طریقہ باندک عمل فتوح بسیار است ما رعایت سنت کارے بزرگ تر است۔"

کسی نے آپ کی خدمت میں عرض کیا کہ آپ کو کہاں اور کس طرح حاصل کروں۔ فرمایا، اتباعِ سنت سے۔ اور فرمایا جو شخص میرے طریقہ سے منہ پھیرے اُس کو دینی خطرہ ہے اور فرماتے کہ میرا مرید خواہ دُور ہو یا نزدیک مجھے ہر روز اُس کی خبر اور اطلاع ہے۔ فرماتے کہ:

"آئینہ ہر یک مشائخ را دو جہت است و آئینہ ما را شش جہت است۔"

اور اپنے مخلصین سے فرمایا کرتے۔

"ہر گاہ ترا مہمے پیش آید توجہ بما نمائے۔"

آپ کو مریدوں کی سخت غیرت ہے۔ جو شخص طریقۂ نقشبندیہ کا مخالف ہو وہ تباہ و برباد ہو جاتا ہے چنانچہ آپ کی یہ تین رباعیاں شاہد ہیں ؎

تو در صفِ دوستانِ ما باش و مترس	خاکِ رہ آستانِ ما باش و مترس
گر جملہ جہاں قصدِ وجودِ تو کنند	دل فارغ دار و از آن ما باش و مترس
ما در کشتیم نشستہ بر کوہ و درہ	کانجا کہ پلنگ و شیر و اژدر گزرہ
ہیراں قوی دارم و مردانِ سپہ	ہر کس کہ بما کج نہ گردد جاں بزرہ

(۳) من دش دعا کردم و باد آمینا — تا بہ شود آں دو چشم باد آمینا
گر چشم ترا چشم بداندیش رسید — در چشم بداندیش ہم باد آمینا

آپ اکثر و بیشتر فرماتے تھے۔

"مقصودِ ما آنست کہ سلوکِ ما بر جادۂ مصطفویہ و متابعتِ سنّت باشد و حق از باطل متمیز گردد"۔

اور بعض دفعہ فرماتے۔

"بنائے طریقۂ ما بر تتبع احادیث و آثار است"

یہی وجہ ہے کہ طریقۂ نقشبندیہ کا نام طریقۂ رسولیہ صدیقیہ مشہور ہے۔ طریقۂ نقشبندیہ میں غیرت، جوش، شجاعت اور تصرف بہت زیادہ ہے۔ آپ امامِ وقت ہیں۔ حضرت خواجہ فریدالدین عطار رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:

"جس قدر خواجہ نقشبند علیہ الرحمۃ عالم پیری میں مجاہدہ و ریاضت اور ذکر و مراقبہ کرتے تھے ہم سے تو جوانی میں اس قدر نہ ہو سکا اور بے نفس اس قدر تھے کہ اپنے گاؤں میں جو مسجد تیار کرائی تو اپنے سر پہ مٹی کی ٹوکری اُٹھاتے اور زبانِ مبارک سے یہ شعر یاد فرماتے ؎

بجان و دل کار تو چرا نہ کنم — بسر و دیدہ کشم بار تو چرا نہ کشم

حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہ، نے اسی لیے تو ان الفاظ میں آپ بارگاہ میں ہدیۂ تحسین پیش کیا ہے ؎

ابوالوفت و عالم قطب ارشاد — بہاء الدین کہ دین شد از وے آباد
زمینی در جنید افگند آشوب — بر جذبہ بایزیدش آسماں روب
پے تسکین مشتاقانِ دیدار — جمال مصطفیٰ را آئینہ دار
دراں آئینہ می یابم محقق! — سوائے من رائی قدرائی الحق
فنا فی اللہ خواجہ بس بلند ست — مکن تا دیل خواجہ نقشبند است
خلیفہ بود حق را در زمانہ — نمودش برزخ داں درمیانہ

جب آپ حج سے واپس آتے ہوئے طوس پہنچے تو شاہ معز الدین حسینی والیٔ ہرات کا صدر مکتوب لے کر آیا کہ میں آپ کی ملاقات سے مشرف ہونا چاہتا ہوں۔ لیکن حاضر ہونا بہت مشکل ہے۔ اس پر بموجب واما السائل فلا تنھر (القرآن) اور واذا طالبا فکن لا، خادما ہرات کی جانب روانہ ہوئے۔ بادشاہ سے ملاقات ہوئی اور بعد ادائے مراسم توقیر فقراء مجلس منعقد ہوئی۔ بادشاہ نے دریافت کیا، آپ کو شیخیت اپنے آباؤ اجداد سے بطریق وراثت ہے؟ میں نے کہا نہیں۔ پھر پوچھا، آپ سماع اور ذکر جہر کرتے ہیں؟ میں نے کہا نہیں۔ بادشاہ نے کہا، انہی باتوں کو تو درویشی کہتے ہیں، وہی تم میں نہیں ہیں۔ میں نے کہا جذبۂ ہدایت الٰہی مجھ پر پہنچا اور بلا مسابقت ریاضت قبول فرمایا اور بادشاہِ حقانی حضرت خواجہ عبد الخالق غجدوانی رحمۃ اللہ علیہ کے خلفاء سے بیعت ہوا۔ ان کے ہاں ان چیزوں میں سے کچھ نہ تھا۔ بادشاہ نے دریافت کیا، پھر ان کے یہاں کیا ہے؟ ظاہر باطن باحق، بادشاہ نے کہا، کیا ایسا ہو جاتا ہے، میں نے کہا، ہاں ہو جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ رجال لا تلھیھم تجارۃ ولا بیع عن ذکر اللہ (سورہ نور) اور یہ بات میں شہرت ہے اور شہرت میں آفت۔

ہمارے خواجگان کا اصول ہے، ہوش دردم، نظر برقدم، سفر در وطن، خلوت در انجمن یاد کرد، بازگشت، نگاہ داشت، یاد داشت، وقوفِ زمانی، وقوف قلبی۔ پھر اس کی مختصر تشریح بیان کی اور کہا کہ جو حضورِ ذوقی۔ ذکر جہر و سماع سے ہوتا ہے اس میں دوام و استقلال نہیں۔ اگر کوئی وقوفِ قلبی پر مداومت کرے تو جذبہ پیدا ہوتا ہے اور جذبہ کا کام تمام ہو جاتا ہے۔ حقیقتِ ذکر خفیہ وقوف قلبی سے حاصل ہوتی ہے اور ایسا ہوتا ہے کہ پھر دل کو خبر نہیں ہوتی کہ ذکر میں مشغول ہے۔ کیونکہ بزرگوں کا قول ہے کہ علم القلب انہ ذاکر فاعلم انہ غافل یعنی اگر قلب کو معلوم ہو جائے کہ ذاکر ہے، تو جان لو کہ وہ غافل ہے، اور آیت واذکر ربک فی نفسک تضرعا وخیفۃ۔ قال الحسن رحمۃ اللہ علیہ لا تظھر ذکرک لنفسک فتطلب لہ، اور بعض بزرگوں کا مقولہ ہے، ذکر اللسان هذیان وذکر القلب

وسوسہ اور یہ بیت پڑھا ؎

دل را گفتم بیادِ او شاد کنم، گفت — چوں من ہمہ اوشدم کرا یاد کنم

وفات حضرت خواجہ نقشبندؒ فرمایا کرتے تھے کہ جب میرا وقتِ آخر آئے تو سب کو مرنا سکھاؤں گا۔ حضرت خواجہ عبید اللہ احرارؒ کا بیان کہ جب آپ کا وقت آخر آیا تو ہم سورہ یٰسین پڑھ رہے تھے۔ جب نصف سورت گئی تو انوار ظاہر ہونے لگے۔ ہم کلمہ پڑھنے لگے۔ آپ نے اپنے دونوں ہاتھ دعا کے واسطے اٹھائے اور دیر تک دعا مانگتے رہے۔ جب بعد دعا ہاتھ منہ پر پھیرے تو نار نفس گیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ یہ واقعہ ۳ ربیع الاول ۷۹۱ھ / ۱۳۸۹ء بروز دوشنبہ (پیر) کا ہے۔ مزارِ مقدس قصر عارفاں میں ہے۔ کسی نے یہ قطعہ تاریخ وفات کہا ؎

رفت شاہِ نقشبنداں خواجۂ دنیا و دیں — آنکہ بودے شاہزادہ دین و دولت جلیش
مسکن و ماوائے او چوں بود قبر عارفاں — قصر عارفاں زیں سبب آمد حساب

آپ نے وصیت فرمائی تھی کہ میرے جنازہ کے آگے کلمۂ شہادت اور قرآن نہ پڑھیں کیونکہ بے ادبی ہے۔ بلکہ یہ رباعی پڑھیں ؎

مفلسانیم آمدہ در کوئے تو — شیئاً للہ از جمال روئے تو
دست بکشا جانب زنبیلِ ما — آفریں بر ہمتِ بازوئے تو

کرامات

(۱) ایک مرتبہ کسی نے آپ سے کرامت طلب کی تو آپ نے جواب میں فرمایا کہ میری کرامت ہے کہ باوجود اس قدر گنہ گار ہونے کے نہ تو مجھے زمین نگل لیتی ہے اور نہ آسمان سے کوئی عذاب نازل ہوتا ہے بلکہ میں زمین پر چلتا پھرتا رہتا ہوں

(۲) آپ کے ایک مخلص عقیدت مند کا بیان ہے کہ جس زمانے میں دشتِ قبچاق کی طرف سے ایک لشکر نے بخارا پر حملہ کر کے بہت سی مخلوق کو ہلاک کر دیا اور بے شمار لوگوں کو قیدی بنا لیا تو میرا بھائی بھی قید ہونے والوں میں شامل تھا۔ میرے والد اس کے غم میں بہت پریشان تھے اور مجھے ہر وقت یہی کہا کرتے کہ اگر تو میری رضا

چاہتا ہے تو دشتِ قبچاق کی طرف جاکر اپنے بھائی کو تلاش کر۔ مجھے چونکہ حضرت خواجہ نقشبندؒ سے بڑی عقیدت تھی اور تمام مہمّات میں انہی کی طرف ہی رجوع کیا کرتا تھا لہٰذا میں نے یہ قصہ بھی ان سے عرض کیا۔ آپ نے فرمایا۔ جلدی جا اور باپ کی رضامندی حاصل کر۔ میں نے ایک درہم بطور نذر آپ کی خدمت میں پیش کیا، جسے آپ نے قبول فرمایا۔ مگر پھر مجھے واپس کر دیا اور فرمایا کہ اسے اپنے پاس رکھنا۔ اس میں بڑی برکتیں ہوں گی۔ جس وقت دورانِ سفر تم کو کوئی مہم پیش آئے تو ہماری طرف متوجہ ہونا میں حسبِ ارشاد روانہ ہو گیا اور دورانِ سفر تھوڑی سی تجارت سے مجھے بہت زیادہ نفع ہوا اور بغیر کسی دشواری کے اپنے بھائی کو خوارزم میں پا لیا۔ ہم فیدیوں کی ایک جماعت کے ساتھ کشتی میں سوار ہو کر بخارا کی طرف روانہ ہو گئے۔ کشتی میں بہت سے لوگ تھے، ناگاہ باد مخالف چلنے لگی اور کشتی کے غرق ہو جانے کا خطرہ لاحق ہو گیا۔ لوگوں نے فریاد شروع کی اُس پریشانی کی حالت میں میرے کان میں کسی کی آواز آئی جو حضرت خواجہ نقشبند کو یاد کر رہا تھا۔ اسی وقت مجھے بھی حضرتؒ کا وہ ارشاد یاد آ گیا کہ "جس وقت تم کو کوئی مہم پیش آئے تو میری طرف متوجہ ہونا۔ چنانچہ میں نے حضرت خواجہ کی طرف توجہ کی تو اُسی وقت حضرتؒ مجھے دکھائی دیئے۔ میں نے سلام عرض کیا۔ اُن کی برکت سے ایک لمحہ میں ہوا رک گئی اور دریا کی لہر موقوف ہو گئی۔ تھوڑی دیر کے بعد ہم دونوں بھائی بخارا میں حضرتؒ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور سلام کر کے قدمبوسی کی۔ حضرت نے مسکرا کر فرمایا جس وقت تم نے کشتی میں ہمیں سلام کیا تھا میں نے سلام کا جواب دیا تھا مگر تم نے نہ سنا تھا۔

کے ایک درویش کا بیان ہے کہ میرے پچیس[۲۵] دینار (ایک دینار برابر ہے ائی روپے کے) گم ہو گئے۔ آپ سے یہ قصہ بیان کیا گیا۔ آپ نے فرمایا کہ ان دوں کو اس گھر کی لونڈی لے گئی ہے اور لونڈی کو حکم دیا کہ دینار واپس کر دو۔ نے کہا کہ میں نے فلاں جگہ زمین میں دفن کر دیئے ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ زمین

ہیں تو صرف تین دینار مدفون ہیں۔ حافر بن منجب ہوئے۔ جب دیکھا گیا تو زمین میں تین ہی دینار تھے۔

(۴) ایک روز حضرت خواجہ نقشبندؒ نے ایک درویش کو کسی کام کے لیے کہیں روانہ کیا اور حسب عادت اُس کو بغل میں لے کر نظرِ عنائت ڈالی۔ اتفاقاً اخی محمد درآہنی جو حضرت خواجہؒ کے بڑے درویشوں میں سے تھا، اس درویش کے آگے آگے جاتا تھا۔ ایک ساعت کے بعد وہ درویش گر پڑا اور اس کی روح قالب سے نکل گئی۔ جب اخی محمدؒ نے یہ حال دیکھا تو وہ جلدی جلدی حضرت خواجہؒ کی خدمت میں حاضر اور تمام داستان عرض کی۔ حضرت اقدسؒ فوراً اُس درویش کے پاس تشریف لے گئے اور اپنا قدم مبارک اُس کے سینے پر رکھا، وہ ہلنے لگا اور اس کی رُوح قالب میں آگئی۔ بعدازاں حضرت خواجہؒ نے فرمایا کہ میں نے اُس کی روح چوتھے آسمان میں پائی اور وہاں سے واپس کر لی۔

(۵) ایک نجیب الطرفین سیّد جو حضرت خواجہ سے عقیدت و محبت رکھتا تھا، نے یہ حکایت بیان کی کہ ایک دفعہ آپ بیت اللہ شریف کی زیارت کے لیے تشریف لے گئے تھے جس روز حاجی قربانیاں دے رہے تھے۔ آپ نے فرمایا کہ ہم بھی قربانی دیتے ہیں۔ ہمارا ایک لڑکا ہے، اُسی کو قربان کر دیتے ہیں۔ جو درویش اُس سفر میں آپ کے ساتھ تھے۔ انہوں نے یہ بات لکھ لی۔ جب بخارا میں واپس آئے تو معلوم ہوا کہ جس روز کعبہ میں حضرت خواجہؒ کی زبان مبارک پر وہ الفاظ جاری ہوئے تھے، اُسی دن بخارا میں آپ کا وہ لڑکا فوت ہوا تھا۔

(۶) حضرت خواجہ علاء الدین عطارؒ بیان فرماتے ہیں کہ ایک روز حضرت خواجہ نقشبندؒ درویشوں کی جماعت کے ساتھ شہر بخارا میں دروازہ کلاباد میں ایک درویش کے مکان پر تشریف رکھتے تھے۔ اتفاقاً وہ درویش حضرت اقدس کے لیے کلاہ نوروزی (ایسی ٹوپی جیسے صرف امراؤ حکام ہی پہنا کرتے تھے) سی رہا تھا۔ آپ اُس وقت حالتِ بسط میں تھے اور آپ کی اس حالت سے درویشوں

میں بڑا ذوق پیدا ہو رہا تھا۔ اسی حالت میں حضرت خواجہ کے سر پر درویشوں نے وہ کلاہِ نوروزی رکھ دی۔ آپ نے ارشاد فرمایا کہ چونکہ ہم نے سلاطین کی ٹوپی سر پر رکھی ہے چاہیے کہ سلطنت میں تصرف بھی کریں۔ بتاؤ کہ سلاطین میں سے پہلے کس پر زد کریں۔ ایک محمود نامی درویش پہلوان نے حاکم ماوراءالنہر کا نام لیا۔ آپ نے فرمایا کہ ہم نے اُس پر زد کی۔ حاضرین مجلس نے وہ تاریخ لکھ لی۔ آپ نے اُسی وقت ایک امیر بخاری کی طرف خط لکھا جو حاکم ماوراءالنہر سے تنگ آکر بھاگ کر کابل چلا آیا تھا۔ کہ ایسا واقعہ وقوع پذیر ہو گیا ہے لہٰذا تمہیں چاہیے کہ پانچ سو دینار بطور نذرانہ حامل خط ہذا کے ہاتھ درویشوں کی خدمت میں روانہ کر دو۔

چند روز کے بعد خبر آئی کہ حاکم ماوراءالنہر قتل ہو گیا ہے۔ دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ وہ اسی تاریخ کو قتل ہوا تھا۔ یہ سُن کر سب تعجب کرنے لگے اور کہنے لگے کہ حق تعالیٰ نے اپنے خاص بندوں کو ایسے تصرفات عطا فرمائے ہیں۔ اس پر آپ نے ارشاد فرمایا، دوستو! جس وقت ہم سے ایسا امر ظہور میں آتا ہے تو ہم درمیان نہیں ہوتے۔ باوجود کمال قرب کے حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب ہوتا ہے۔ وَمَا رَمَيْتَ إِذْ رَمَيْتَ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ رَمَىٰ۔ پس حضور علیہ السلوٰۃ والسلام کی امت کے بیچاروں کا کیا حال ہوگا۔ جو کچھ درویشوں سے صادر ہوتا ہے، اُس میں اُن کا کچھ اختیار نہیں ہوتا۔ طالبوں کی رہنمائی کے لیے ایسا ہوتا ہے۔

(۷) ایک درویش نے بیان کیا کہ ایک روز حضرت خواجہ نقشبندؒ ایک حوض کے کنارے کھڑے تھے جو شہر بخارا سے قبلہ کی طرف ہے۔ اسی دوران ایک درویش جو لوگوں میں ارشاد و تربیت کی وجہ سے بہت مشہور تھا، حاضر خدمت ہوا۔ آپ نے اُس سے فرمایا کہ "ہم نے سنا ہے کہ تمہارا ارادہ خوارزم جانے کا ہے"؟ اُس نے عرض کیا کہ ہاں۔ آپ نے فرمایا کہ "ہم تمہیں خوارزم نہ جانے دیں گے"۔

اُس نے کہا، ایسا نہ کہئے کیونکہ آپ کو اس بات کی قدرت نہیں۔ اتفاقاً اسی اثناء میں مولانا حمید الدین شاشیؒ ایک جماعتِ کثیر کے ساتھ آپ کی ملاقات کے لیے آئے۔ آپ نے وہ قصہ مولانا سے ذکر کر کے فرمایا کہ آپ گواہ رہیں، ہم اس درویش کو خوارزم نہ جانے دیں گے۔ مولانا نے کہا کہ ہم گواہ ہوئے۔ اس کے بعد وہ درویش خوارزم کی طرف روانہ ہوا لیکن وہ جب اقشیہ (بخارا کے نواح قافلہ کے اترنے کی جگہ) میں پہنچا تو بادشاہِ وقت کے سپاہیوں نے آ کر خوارزم کا راستہ بند کر دیا۔ اُس درویش نے اہل قافلہ کے ساتھ تدبیر کر کے دوسرے راستہ سے خوارزم جانے کی کوشش کی مگر سپاہی وہاں بھی آ پہنچے اور اس درویش کو بمعہ قافلہ گرفتار کر کے بخارا لے آئے۔ اُس درویش نے شیخ سیف الدین باخرزی قدس سرہ، کے نواسہ خواجہ داؤدؒ سے التجا کی اور کچھ مال دے کر سپاہیوں سے رہائی پائی۔ جب یہ خبر مولانا حمید الدینؒ کو پہنچی تو بہت متعجب ہوئے اور فرمایا کہ خواص بندگانِ الٰہی نے اس طرح تصرف کیا۔ عارف رومیؒ نے کیسی سچی بات کہی ہے ؎

گفتۂ اُو گفتۂ اللہ بود گرچہ از حلقوم عبداللہ بود

(۸) ایک مرتبہ آپ غدیوت میں قیام فرما تھے۔ ایک جماعت انناروں کا نذرانہ لے کر حاضر ہوئی اُس جماعت میں ایک درویش محمد زاہد بھی تھا۔ آپ نے انار تقسیم فرما کر ارشاد کیا کہ کھاؤ۔ محمد زاہد نے عرض کیا کہ میرا غلام بھاگ گیا ہے، بدیں وجہ مجھے سخت پریشانی لاحق ہے۔ آپ نے فرمایا کہ وہ کسی طرف نہیں جا سکتا تم دو دن اور دو رات ہمارے پاس ٹھہرو۔ تیسرے روز اپنے مکان زیورون میں چلے جانا، تم کو غلام کی خبر مل جائے گی۔ محمد زاہد نے ایسا ہی کیا تیسرے روز جب وہ اپنے مکان میں پہنچا تو پیشتر اس کے کہ وہ اپنے اہلِ خانہ سے آپ کی بشارت کا ذکر کرے، غلام دروازے سے داخل ہوا۔ محمد زاہد اور اس کے گھر والوں نے تعجب کیا اور غلام سے تفصیل دریافت کی۔ اُس نے بتایا کہ

کہ جب میں بخارا سے نکلا تو میں نے نسف کی طرف جانے کا قصد کیا۔ میں نے کچھ راستہ طے کیا تھا کہ میرے پاؤں میں ایک بیڑی ظاہر ہوئی جس کی وجہ سے میں چل نہ سکتا تھا اور گھنٹی کی آواز آتی تھی جس سے مجھے وہم پیدا ہوا کہ یہ آواز بخارا تک پہنچی ہے۔ جب میں زیورتوں کی طرف لوٹتا تو بیڑی کھل جاتی اور گھنٹی کی آواز نہ آتی۔ تین دن یہی حال رہا۔ میں سمجھ گیا کہ یہ کیفیت دوسری جگہ سے ہے میں لوٹ کر آپ کی خدمت میں آگیا، مجھے معاف فرمائیے۔

(۹) ایک روز آپ قصر عارفاں میں جلوہ افروز تھے۔ غدیوت سے شیخ شادیؒ حاضر خدمت تھے اور اپنے ایک قصور کے لیے جو اُن سے سرزد ہوگیا تھا، عذر خواہی کر رہے تھے۔ آپ نے فرمایا کہ نذرانہ چاہیے۔ انہوں نے عرض کیا کہ ایک بیل لاتا ہوں آپ نے فرمایا کہ نذرانہ میں بیل قبول نہیں۔ اڑتالیس ۴۸ دینار عدلی جو غدیوت میں تم نے ایک مدّت سے دیوار کے سوراخ میں چھپائے ہوئے ہیں اور دھوئیں نے وہ جگہ سیاہ کردی ہے، نذرانہ میں لانے چاہئیں یہ سُن کر شیخ شادیؒ کا حال دگرگوں ہوگیا۔ کہ سوراخ میں چھپانے کے وقت کسی کو اطلاع نہ تھی۔ وہ جلدی غدیوت میں گئے اور وہ دینار لاکر آپ کی خدمت میں پیش کردیئے۔ آپ نے اُن میں سے ایک دینار شیخ شادیؒ کو واپس کردیا اور فرمایا کہ یہ حرام ہے، تجھے یہ کہاں سے ملا؟ پھر شیخ شادی کو فرمایا کہ "ایک بیل اور خرید کر کاشتکاری کر اور بندگانِ خدا کی خدمت میں صرف کر۔" اس کے بعد لوگوں نے شیخ شادیؒ سے اس کے ایک دینار کا حال دریافت کیا تو انہوں نے کہا کہ حضرت خواجہ نقشبندؒ کا مرید بننے سے پہلے میں ایک مدّت تک قمار بازی کرتا رہا۔ وہ دینار قمار سے حاصل ہوا تھا۔

حضرت خواجہ علاء الدین عطارؒ بیان کرتے ہیں کہ ایک روز حضرت خواجہ نقشبندؒ درویشوں کی ایک جماعت کے ساتھ ایک درویش کے حُجرے میں جلوہ فگن تھے۔ جماعت میں سے بعض لوگ حضرت خواجہ نقشبندؒ کے اشارے سے دسترخوان

لے لیے سامان لینے نکلے، اور دو گروہوں میں بٹ گئے۔ ایک فریق بازار صرافاں کی طرف روانہ ہوا۔ انہوں نے حضرت خواجہ کو بازار میں دیکھا اور خیال کیا کہ آپ حجرے سے نکل آئے ہیں۔ دوسرا فریق چوک کی طرف گیا اور انہوں نے حضرت خواجہ نقشبندؒ کو چوک میں دیکھا اور وہی خیال کیا جو پہلے گروہ نے خیال کیا تھا۔ بعد ازاں وہ اخی محمد درآہنی سے بازار میں ملے اور اپنا قصہ اُس سے بیان کیا۔ اُس نے کہا کہ میں نے ابھی حضرت خواجہ کو فلاں جگہ دیکھا ہے کہ ایک طرف کو تشریف لے جا رہے ہیں۔ یہ سُن کر درویش حیران ہوئے کہ حضرت خواجہ نے کہاں جا کر ملیں۔ ابھی اسی فکر میں تھے کہ ایک درویش آیا اور کہا کہ حضرت خواجہ فرماتے ہیں کہ اتنی دیر کیوں لگادی ہے جلدی واپس آؤ۔ درویشوں نے سارا قصہ بیان کیا تو اُس درویش نے کہا کہ جس وقت تم حجرے سے نکلے ہو صاحب حجرہ اور میں حضرت خواجہ کی خدمت میں رہے ہیں، آپ حجرے سے بالکل باہر نہیں نکلے۔ اس وقت آپ نے مجھے تمہارے پیچھے بھیجا ہے۔ تمام درویش حیران ہوئے اور فوراً حضرت خواجہ کی خدمت اقدس میں حاضر ہو کر قدم بوس ہوئے اور تمام ماجرا عرض کیا۔ آپ نے تبسم فرمایا اور صاحب حجرہ بہت رویا۔ حضرت خواجہ نقشبندؒ نے ارشاد فرمایا کہ ایک دفعہ ماہِ رمضان کی شام کو حضرت عزیزاں رحمۃ اللہ علیہ کی تیرہ جگہ دعوت ہوئی جو آپ نے قبول فرمائی۔ راوی کا بیان ہے کہ میں ان دعوتوں میں سے ایک میں حاضر تھا۔ میں نے دوسری جگہوں سے جو دریافت کیا تو یہی سنا کہ حضرت عزیزاں تمام جگہوں میں حاضر تھے[1]

---

[1] اولیائے کرام کو اللہ تعالیٰ نے یہ قوت بخشی ہے کہ بعض دفعہ وہ ایک ہی وقت میں متعدد جگہ حاضر ہوتے ہیں اور اُن سے اعمالِ مختلفہ صادر ہوتے ہیں۔ بقول حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی قدس سرہ النورانی، "اس صورت میں وہ تو اپنی جگہ میں ہوتے ہیں مگر اُن کے لطائف مختلف اجساد سے منجسد اور مختلف اشکال سے متشکل ہو کر ایک ہی آن میں متعدد جگہوں میں اعمال عجیبہ وقوع میں لاتے ہیں۔ بعض اوقات اس تشکل کی اُن کو خبر تک نہیں ہوتی۔ یہ تجسد و تشکل کبھی عالم شہادت میں ہوتا ہے اور کبھی عالم مثال میں پایا جاتا ہے۔"

(مکتوبات شریف، دفتر دوم مکتوب ۵۸)

(۱۱) ایک درویش کا بیان ہے کہ ایک روز حضرت خواجہ نقشبندؒ اور شیخ شمس الدین کلال خلیفہ حضرت سید امیر کلالؒ اُس ندی کے کنارے بیٹھے تھے جو شیخ سیف الدین اور شیخ حسن بلغاری رحمہا اللہ کے مزار کے سامنے ہے اور آپس میں باتیں کر رہے تھے۔ اسی اثنا میں مچھلی کے قصہ کا ذکر آیا جو ایک دفعہ شیخ سیف الدین اور شیخ حسن کے درمیان گزرا تھا۔ شیخ شمس الدین کلالؒ نے کہا کہ بے شک اولیاء اللہ کے ایسے تصرفات ہوئے ہیں۔ کیا اس زمانے میں بھی کوئی ایسا بزرگ ہے جس سے ایسے حالات ظہور میں آتے ہیں۔ حضرت خواجہ نقشبندؒ نے فرمایا کہ میں یہ نہیں چاہتا۔ بلکہ ایسے بزرگ بھی ہوتے ہیں کہ اگر مثلاً اس ندی کی طرف اشارہ کر دیں کہ الٹی بہے، تو الٹی بہنے لگے۔ حضرت خواجہؒ نے فرمایا کہ میں یہ نہیں چاہتا، اس پر وہ ندی بدستور بہنے لگی۔ بہت سے لوگوں نے اس کرامت کا مشاہدہ کیا اور حضرت خواجہ نقشبندؒ کی کمالِ ولائت کا اعتراف بھی۔

(۱۲) حضرت خواجہ علاء الدین عطارؒ نے یہ حکائت بیان کی کہ ایک روز موسم سرما میں حضرت خواجہ نقشبندؒ نے درویش امیر حسین سے فرمایا کہ ایندھن بہت سا جمع کر لینا چاہیے۔ جب حسب الارشاد بہت سا ایندھن جمع ہو گیا۔

تو دوسرے دن برف گرنے لگی اور چالیس دن تک گرتی رہی۔ اسی حال میں حضرت خواجہؒ، شیخ شادی کو ساتھ لے کر خوارزم کی طرف روانہ ہو گئے۔ جب حرام کام ندی کے کنارے پر پہنچے تو آپ نے شیخ شادی سے فرمایا کہ پانی پر قدم رکھ کر گزر جاؤ۔ شیخ نے توقف کیا۔ آپ نے دوبارہ ہیبت سے شیخ کی طرف نگاہ کی تو شیخ بے ہوش ہو گئے۔ جب ہوش میں آئے تو قدم پانی پر رکھ کر روانہ ہوئے حضرت خواجہؒ بھی اُن کے پیچھے پیچھے چل رہے تھے۔ جب پانی سے گزر گئے تو حضرت خواجہؒ نے شیخ سے فرمایا کہ اپنے موزہ (جُوتہ) کو دیکھو کہ کسی جگہ سے بھیگا ہے یا نہیں شیخ شادی نے دیکھا کہ قدرت الٰہی سے موزہ کی جگہ نہ بھیگی تھی۔

اسی طرح ایک دفعہ حضرت خواجہؒ ایک طرف جا رہے تھے شیخ امیر حسین اور

چند درویش ساتھ تھے ایک نالہ کے پُل پر پہنچے تو آپ نے شیخ سے فرمایا کہ پانی سے گزر جاؤ حسب ارشاد شیخ پانی میں کود پڑے اور حضرت خواجہؒ پل پر سے گذر گئے۔ کچھ دیر کے بعد فرمایا۔ امیر حسین! پانی سے نکل آ۔ شیخ پانی سے نکل آئے اور اُن کے کپڑے خشک تھے۔ حضرت خواجہؒ نے پوچھا کہ جس وقت تم پانی میں کودے تمہارا کیا حال تھا۔ عرض کی کہ میرا حال اچھا تھا۔ میں ایک نہایت صاف مکان میں تھا۔ کچھ دیر کے بعد ایک دروازہ ظاہر ہوا، آپ کی آواز مبارک سن کر میں اس دروازے سے نکل آیا۔

حضرت خواجہ حافظ شیرازی رحمۃ اللہ علیہ نے سچ کہا ہے ؎

نمے سجادہ رنگین کُن گرت پیر مغاں گوید
کہ سالک بے خبر نبود زراہ و رسم منزلہا

(۱۳) ایک درویش کا بیان ہے کہ ایک روز حضرت خواجہ نقشبندؒ میرے غریب خانہ پر تشریف فرما ہوئے مجھے بڑی خوشی ہوئی۔ گھر میں آٹا نہ تھا میں آٹے کی بوری لے آیا۔ حضرت خواجہؒ نے فرمایا کہ اس آٹے کو خرچ کرتے رہو مگر اس کی کمی بیشی کا حال کسی سے ذکر نہ کرنا۔ حضرت خواجہ دو مہینے غریب خانہ میں رہے۔ ہر روز درویش اور دوست آپ کی زیارت کو آتے تھے۔ اسی آٹے سے کھانا تیار ہوتا رہا مگر وہ آٹا بدستور رہا۔ جب حضرت خواجہؒ تشریف لے گئے تو مدتوں بعد بھی اسی بوری سے پکتا رہا اور مقدار میں اتنا ہی رہا۔ بعد ازاں میں نے حضرت خواجہؒ کے ارشاد کی خلاف ورزی کرتے ہوئے یہ قصہ اپنے اہل وعیال سے ذکر کر دیا لہٰذا پھر وہ برکت نہ رہی اور آٹا ختم ہو گیا۔

(۱۴) حضرت سید امیر کلالؒ کے بڑے صاحبزادے امیر برہان الدینؒ کا بیان ہے کہ ایک روز حضرت خواجہ نقشبندؒ سوخار میں ہمارے مکان میں فروکش تھے۔ میں نے عرض کی کہ مجھے مولانا عارفؒ کی زیارت کا اشتیاق ہے اور وہ اس وقت نسف میں ہیں۔ آپ توجہ فرمائیں کہ وہ جلدی آجائیں۔ حضرت خواجہ نقشبندؒ نے

فرمایا کہ ان کو جلدی بلا لیتے ہیں۔ بعد ازاں حضرت اقدس، امیر برہان الدینؒ کو ساتھ لے کر خانقاہ کی چھت پر چڑھ گئے اور تین دفعہ مولانا عارفؒ کو آواز دی پھر فرمایا کہ مولانا عارفؒ نے ہماری آواز سن لی ہے اور اس طرف چل پڑے ہیں۔ مولانا عارفؒ نسف سے بخارا اور بخارا سے سوخار میں آئے تو ان سے حضرت خواجہؒ کے بلانے کا قصہ دریافت کیا گیا۔ مولانا عارفؒ نے بیان کیا کہ فلاں روز فلاں وقت ہم اپنے یاروں کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے کہ حضرت خواجہؒ کی آواز آئی کہ چلے آؤ۔ میں جلدی جلدی نسف سے بخارا کی طرف روانہ ہو گیا۔

(۱۵) حضرت خواجہ علاء الدین عطارؒ ارشاد فرماتے ہیں کہ ایک روز شام کے وقت حضرت خواجہ نقشبندؒ درویشوں کی ایک جماعت کے ساتھ درویش عطا کے بالاخانے میں تھے۔ پڑوس میں بخارا کے ایک امیر کا محل تھا جس میں قوالوں کی ایک جماعت گا رہی تھی اور صوفیہ کا ایک گروہ رقص کر رہا تھا اور نہایت شور و شغب برپا تھا۔ حضرت خواجہ نقشبندؒ نے فرمایا کہ یہ جو کچھ ہو رہا ہے از قبیل ملاہی (کھیل کود) ہے اس کا سننا جائز نہیں۔ تدبیر کا تقاضا یہ ہے کہ ہم اپنے کانوں میں روئی ٹھونس لیں۔ حضرت خواجہ نقشبندؒ کا یہ فرمانا تھا کہ سب کا حال متغیر ہو گیا اور وہ آوازیں کسی کو سنائی نہ دیں۔ صبح کو پڑوسیوں نے رات کے حالات درویشوں سے بیان کر کے دریافت کیا کہ آپ کی رات کیونکر گزری۔ درویشوں نے جواب دیا کہ حضرت خواجہ نقشبندؒ کی عنایت سے وہ آوازیں ہمیں سنائی نہ دیں۔ یہ سن کر پڑوسیوں نے بہت تعجب کیا۔

(۱۶) خواجہ علاء الدین عطارؒ ناقل ہیں کہ حضرت خواجہؒ کا ایک درویش ایک روز سیب لایا آپ نے فرمایا کہ ٹھہرو۔ اس سیب کو ابھی نہ کھاؤ۔ یہ تسبیح پڑھتا ہے حضرت خواجہؒ کا ارشاد درست تھا۔ وہ حاضرین میں سے بعض لوگ اس سیب کی تسبیح سن رہے تھے۔

ایک روز قصرِ عارفان میں حضرت خواجہ نقشبندؒ کے حکم سے درویش مٹی کا چھکڑا

کھینچ رہے تھے۔ اسی اثناء میں حضرت خواجہؒ کا ایک مرید محمد خرکوشی زیورتون سے آیا۔ وہ آپ کی زیارت کے لیے بے قرار ہو رہا تھا۔ اس نے درویشوں سے آپ کا پتہ پوچھا۔ انہوں نے بتایا کہ آپ دولت خانہ کو تشریف لے گئے ہیں۔ یہ سن کر محمد خرکوشیؒ فوراً آپ کے درِ دولت کی طرف روانہ ہوا اور بے قراری میں پرندے کی طرح اڑتا جا رہا تھا چنانچہ آپ کے کاشانۂ اقدس تک دو دفعہ اڑا۔ درویشوں نے جب یہ حال دیکھا تو اس کے پیچھے روانہ ہوئے۔ جب اُس کے پاس پہنچے تو آپ اپنے دولت خانہ سے باہر جلوہ گر ہوئے اور اُن سے یوں ارشاد فرمایا کہ تم اس فقیر بے سروپا سے کیا چاہتے ہو؟ اس صفت سے کچھ حاصل نہیں۔ اس حالت پر کچھ اعتماد نہ کرنا چاہیے، بہت سے بیگانے ایسے ہوتے ہیں جو پرندے کی طرح ہوا میں اڑتے ہیں۔ حق طلبی اور ہی چیز ہے۔ درویش یہ سُن کر بہت ڈر سے۔ اُس حال میں حضرت خواجہ نے اُن سے کہا کہ جاکر چھکڑے میں مٹی بھر دو۔ پھر آپ نے چھکڑے کی طرف اشارہ کیا۔ چھکڑا خود بخود چلتا تھا اور مٹی گرا کر واپس آجاتا تھا۔ حاضرین یہ دیکھ کر اپنے فعل سے پشیمان ہوئے۔

(۱۸) ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حضرت خواجہ نقشبندؒ نسف میں قیام فرما تھے۔ سرد کا موسم تھا۔ آپ ایک ضروری کام کیلیے بخارا آنا تھا۔ خواجہ محمد پارساؒ جو مولا حافظ الدین کبیر بخاریؒ کے صاحبزادوں سے تھے، آپ کے ہمراہ تھے۔ اُس مطلع ابر آلود تھا۔ نسف کے لوگوں نے حضرت خواجہؒ کی خدمت میں درخوا کی کہ رُک جائیے مگر آپ نہ رُکے۔ درویشوں کی ایک بہت بڑی جماع آپ کے ہم رکاب تھی، مینہ برسنے لگا اور لحظہ بہ لحظہ شدّت اختیار ک حضرت خواجہؒ نے محمد پارساؒ کی طرف اشارہ کیا کہ مینہ سے کہہ دو، ٹھہر جا خواجہ محمد پارساؒ نے آپ کی موجودگی میں ایسی گستاخی نہ کی۔ آپ نے فرمایا تجھ سے کہتا ہوں کہ یوں کہہ دے۔ "اے مینہ! ٹھہر جا" پس خواجہ محمد پار

نے ایسے ہی کہا۔ پس مینہ ٹھہر گیا، مطلع صاف ہوگیا اور سورج نکل آیا۔

(۱۹) ایک درویش کا بیان ہے کہ حضرت خواجہ نقشبندؒ ایک مرتبہ غدیوت میں درویش اسحاق کے مکان میں کھانا تیار کر رہے تھے۔ تنور میں آگ شعلہ زن تھی، اُسی حالت میں آپ نے اپنا دستِ مبارک اس تنور میں ڈال دیا اور کچھ دیر تک رکھا۔ بعدازاں نکال لیا۔ عنایتِ الٰہی سے دستِ مبارک کا بال تک نہ جلا

آج بھی ہو جو ابراہیم کا ایماں پیدا — آگ کر سکتی ہے اندازِ گلستاں پیدا
خلیل اللہ با آتش ہمے گفت — اگر موئے زمن با قیست مے سوز

(۲۰) ایک درویش کا بیان ہے کہ میں اور ایک اور درویش (اس باغ میں جہاں اب حضرت خواجہ نقشبندؒ کا مزار مقدس ہے) آپ کی خدمت میں حاضر تھے۔ آپ تکیہ بیٹھے تھے۔ ایک ساعت کے بعد آپ میں ایک ہیبت ناک حالت پیدا ہوئی اور وہ درویش بے ہوش ہو کر گر پڑا۔ حضرت خواجہؒ اٹھ کر حوض کے گرد پھرنے لگے۔ کچھ دیر کے بعد آپ نے ایک سیب کا درخت اپنی کولی (آغوش، دو بازوؤں کا حلقہ) میں لے لیا۔ ایک لحظہ میں آپ کا وجود مبارک اتنا بڑا ہو گیا کہ تمام باغ اُس سے پُر ہو گیا۔ جہاں میری نگاہ پڑتی تھی، آپ کا وجود مبارک ہی دکھائی دیتا تھا۔ بعدازاں میں نے پھر نگاہ اٹھائی تو آپ کا وجود چھوٹا ہونے لگا یہاں تک کہ اصلی حالت پر آگیا۔ اور آپ وہی سیب کا درخت اپنی کولی میں لیے نظر آئے۔ میں نہایت حیران ہوا کہ یہ کیا حالتیں ہیں۔ اُسی وقت حضرت خواجہؒ نے فرمایا کہ ایسے احوال حضرت عزیزاں علیہ الرحمۃ کی نسبت بھی منقول ہیں۔

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک شخص رات کو اپنے محبوب کے بوس و کنار میں مشغول رہا۔ صبح کو آپ کے پاس آکر اشتیاقِ صحبت درویشاں کیا۔ آپ نے فرمایا کہ رات کو تو یہ کام کر اور دن کو ہم سے یوں کہو۔ وہ شخص از حد شرمندہ ہوا۔

نقل ہے کہ ملک خوارزم کے لوگ کسی جہاز پر سوار ہوئے۔ اتفاقاً بادِ مخالف چلی جہاز ڈوبنے کو تیار تھا۔ اتنے میں کسی کے منہ سے نکلا "یا شاہ نقشبند المدد"

کیا دیکھتے ہیں کہ حضرت خواجہ قدس سرہ، فوراً تشریف لائے۔ آپ کی تشریف آوری سے فوراً ہی جہاز پار لگ گیا جب وہ لوگ بخارا شریف پہنچے تو حضرت خواجہؒ کو دیکھتے ہی پہچان حالانکہ ان کی آپ سے پہلے ملاقات نہ ہوئی تھی۔ اُن لوگوں نے خواجہ صاحب کو سلام کیا۔ آپ نے تبسم فرمایا اور ارشاد کیا کہ جب تم نے جہاز میں مجھے سلام کیا تھا۔ میں نے تم کو جواب تو دے دیا تھا مگر تم نے سلام کا جواب نہیں سنا۔

(۲۳) مولانا عارف رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں کہ ایک روز ہم قصر عارفاں جا رہے تھے۔ ہمارا ایک ساتھی حضرت خواجہ نقشبند قدس سرہٗ کی غیبت کرنے لگا۔ میں نے اُسے روکا اور کہا کہ یہ بات ہرگز جائز نہیں کہ اولیاء اللہ کی شان میں بے ادبی کی جائے لیکن وہ نہ مانا۔ اچانک ایک بھڑ آئی اور اس کے منہ میں گھس گئی جب اسے کاٹا تو وہ چلانے لگا۔ میں نے کہا کہ یہ حضرت خواجہ قدس سرہ کی بے ادبی کی سزا ہے۔ پھر اُس نے توبہ کی تو اُسی وقت اچھا ہو گیا۔

(۲۴) حضرت خواجہ نقشبند قدس سرہٗ کے ایک مرید سید محمود سمنانیؒ نے اپنے بیعت ہونے کا واقعہ بیان فرمایا کہ ایک رات مجھے حضور سید دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی۔ آپ ایک نہائت خوبصورت مکان میں جلوہ افروز تھے۔ اور آپ کی خدمت میں ایک بڑے بارعب شخص بھی بیٹھے ہوئے تھے۔ میں نے عرض کیا، یارسول اللہ! مجھے آپ کی صحبت مبارک نصیب نہ ہوئی، اب میں کیا کروں؟ ارشاد ہوا کہ اگر ہماری برکت حاصل کرنا چاہتے ہو تو شیخ بہاء الدین کی پیروی کرو اور پھر اُس بارعب شخص کی طرف اشارہ فرمایا۔ جب میں بیدار ہوا تو میں نے آپ کا نام مبارک، حلیہ شریف اور وہ تاریخ ایک کاغذ کی پشت پر لکھ لی۔ اس واقعہ کو سات سال گذر گئے۔ ایک دن میں ایک بزاز کی دکان پر بیٹھا تھا۔ ایک بہت نورانی صورت بزرگ تشریف لائے جنہیں دیکھ کر مجھے فوراً وہ خواب یاد آ گیا اور میری حالت عجیب ہو گئی۔ پھر

نے عرض کیا کہ غریب خانہ کو مشرف فرمائیں۔ آپ نے میری استدعا کو قبول فرمالیا۔ پھر آپ آگے آگے چل رہے تھے اور میں پیچھے پیچھے۔ آپ سیدھے میرے غریب خانہ پر جاکر رُکے اور پھر جب اندر داخل ہوئے تو بغیر میرے عرض کئے اُس حجرے میں تشریف لے گئے جہاں میری کتابیں رکھی ہوئی تھیں اور ایک کتاب اٹھاکر مجھے دی اور فرمایا کہ تم نے اس کی پشت پر کیا لکھا ہوا ہے۔ میں نے دیکھا وہی کتاب تھی جس پر میں نے آپ کا نام اور حلیہ مبارک اور تاریخ لکھی ہوئی تھی۔

(۲۵) شیخ معبداللہ فجندیؒ کے دل میں جب آتشِ عشق بھڑکی تو حکیم امام محمد علی ترمذیؒ کے مزار مبارک پر حاضر ہوئے اور دعا کی کہ مجھے پیر کامل مل جائے۔ خواب میں حضرت خضر علیہ السلام اور حکیم ترمذی رحمۃ اللہ علیہ کی زیارت ہوئی۔ فرمایا کہ تم بارہ سال بعد قطب زمانہ حضرت شیخ بہاءالدین نقشبند قدس سرہٗ کے ہاتھ پر مراد کو پہنچو گے۔ یہ اپنے گھر آگئے۔ جب یہ مدت پوری ہونے کو آئی تو پھر دل میں جوش اُٹھا۔ بے اختیار ہوکر بخارا شریف حاضر ہوئے۔ جب حضرت خواجہ قدس سرہٗ کی نظر مبارک پڑی تو دیکھتے ہی فرمایا "اے عبداللہ! بارہ سال میں ابھی تین دن باقی ہیں"۔ حاضرین تو کچھ نہ سمجھ سکے مگر اُن پر وجد کی حالت طاری ہوگئی۔ جب انہوں نے لوگوں کو سب داستان سنائی تو وہ بہت خوش ہوئے۔

(۲۶) شیخ قطب الدین خراسانیؒ بیان کرتے ہیں کہ میں چھوٹا سا تھا۔ حضرت خواجہ قدس سرہٗ نے مجھے حکم دیا کہ فلاں جگہ سے چند کبوتر لے آؤ۔ میں کبوتر لے آیا لیکن ایک کبوتر چھپا لیا پھر دسترخوان بچھایا گیا میں بھی حاضر تھا۔ سب حاضرین کو ایک ایک بھنا ہوا کبوتر عطا فرمایا لیکن مجھے نہ دیا اور فرمایا کہ اس نے اپنا حصہ پہلے ہی لے لیا ہے۔

(۲۷) روایت ہے کہ آپ کی ایک مرید عورت کسی امیر آدمی کے ہاں ملازمہ تھی۔ عورت حسین وجمیل تھی۔ امیر آدمی اُس پر فریفتہ ہوگیا اور ایک دن زبردستی چوبارے پر اُس سے زنا کرنے کی سعی مذموم کی۔ وہ عورت چونکہ حضرت خواجہؒ سے عقیدت و

محبت کی وجہ سے پاکدامن تھی لہذا اُس نے انکار کرکے اس رئیس کو دھتکار دیا۔ مگر وہ شیطان صفت امیر لوپری قوت کے ساتھ از سرِ نو کمربستہ ہو کر دست درازی کرنے لگا۔ عورت نے ہر ممکن مدافعت کی لیکن کوئی تدبیر کارگر نہ ہوئی تو اپنی عزت کی حفاظت کے لیے چوبارے سے نیچے چھلانگ لگا دی اور اُس کے منہ سے نکلا "المدد یا شاہ نقشبند"۔ حضرت خواجہ قدس سرہٗ فوراً تشریف لائے اور قبل اس کے کہ وہ عورت زمین پر گرے آپ نے اُسے تھام لیا۔ اس عورت نے پوچھا کہ آپ اتنی جلدی کہاں سے تشریف لے آئے۔ اس پر فرمایا کہ

"تو از چوبارا آمدی من از بخارا آمدم"

(۲۸) ایک روز حضرت خواجہ نقشبندؒ کا ایک درویش نیک روز نامی سوخار سے آپ کی خدمت میں آیا۔ وہ بہت دلگیر تھا حضرت نے سبب پوچھا، اس نے عرض کیا کہ سوخار میں ایک شخص حسین نام نے مجھے بہت برا بھلا کہا مگر مجھے رنج نہ ہوا۔ لیکن جب اُس نے آپ کی شان میں بے ادبی کی تو مجھے نہائت رنج ہوا۔ آپ نے فرمایا، گھبراؤ نہیں وہ جلدی دنیا و آخرت میں رسوا ہوگا۔ نیک روز کا بیان ہے کہ جب خواجہؒ نے یہ فرمایا تو نمازِ عصر کا وقت تھا۔ میں آپ کے قدموں سے رخصت ہو کر نمازِ مغرب کے وقت سوخار پہنچا تو میں نے دیکھا کہ حسین (بے ادبی کرنے والا شخص) اپنے نوکر کے لیے کھانا لے کر کھیتوں میں جا رہا تھا۔ جب نوکر کھانا کھانے لگا کہ حسین اپنے نوکر کی جگہ کام کرنے لگا۔ اُسی وقت ایک بھیڑیا آیا جس نے لپک کر حسین کی ناک اور ہونٹ نوچ لئے اور اُس کی شکل نہائت بھونڈی ہوگئی۔ وہ لوگوں میں ذلیل و خوار ہوگیا، ذلت و رسوائی اس کا مقدر ٹھہری اور "حسین گرگ گرفتہ" اس کا لقب ہو گیا۔

(۲۹) ایک مرتبہ حضرت خواجہ نقشبندؒ نے خواجہ علاءالدین عطارؒ سے دریافت فرمایا ظہر کی نماز کا وقت ہوا ہے یا نہیں؟ مطلع ابر آلود تھا۔ انہوں نے عرض کیا کہ نہیں آپ نے ارشاد کیا کہ آسمان کی طرف دیکھو۔ انہوں نے دیکھا تو سب حجاب دور

گئے اور دیکھا کہ فرشتے آسمان پر نمازِ ظہر میں مشغول و مصروف ہیں۔ اس پر خواجہ عطارؒ سے فرمایا کہ تم تو کہتے تھے کہ ابھی ظہر کا وقت نہیں ہوا۔

ارشاداتِ قدسیہ

(۱) اس راستے میں وجود کی نفی، نیستی اور اپنے تئیں کم سمجھنا بڑا کام ہے۔ مقصدِ حقیقی کی دولت کا حاصل ہونا قبولیت پر موقوف ہے۔ میں نے اس معاملہ میں موجودات کے طبقوں میں سے ہر طبقہ کی سیر کی اور اپنے آپ کا ذروں میں سے ہر ذرے کے ساتھ مقابلہ کیا اور اپنے آپ سے سب کو بہتر دیکھا۔ یہاں تک کہ میں نے فضلات کے طبقہ کی بھی سیر کی اور ان میں فائدہ دیکھا مگر اپنے آپ میں کوئی فائدہ نہ پایا۔ کتے کے فضلہ تک پہنچا اور خیال کیا کہ اس میں کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔ ایک مدت تک میں نے اپنے آپ کو اس خیال پر برقرار رکھا۔ آخر کار معلوم ہوا کہ اس میں بھی کوئی فائدہ ہے۔ غرض مجھے تحقیق سے معلوم ہو گیا کہ مجھ میں کسی طرح کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔ جیسا کہ کسی نے کہا ہے ؎

از ہیچکسی خویشتن بے خبرم	میں اپنی ناقدری سے بے خبر ہوں
از ہیچ سگے بہ نیم الابترم	میں کسی کتے سے اچھا نہیں بلکہ بدتر ہوں
ہر چند بحال خویش مے نگرم	میں ہر چند اپنے حال پر غور کرتا ہوں
یک حبہ نیرزد ز قدم تا سرم	میں سر سے قدم تک ایک پائی (معمولی) بھی قدر و قیمت نہیں رکھتا۔

(۲) ایک دن ایک لڑکا اپنے گھر سے نکلا۔ قرآن شریف اُس کے پاس تھا۔ اُس نے حضرت خواجہؒ کو سلام کیا جب آپ نے قرآن مجید کھولا تو یہ آیت نکلی۔

وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيدِ (سورۃ کہف آیت ۱۸)

اور اُن کا کتا اپنے دونوں ہاتھ چوکھٹ پر پھیلا رہا ہے۔

حضرت خواجہ نقشبندؒ نے فرمایا کہ امید ہے کہ ہم وہ ہوں گے۔

(۳) کبار اہلِ حقیقت کا قول ہے کہ اس راستے کا سالک اگر اپنے نفس کو سو بار ان کے نفس سے بدتر نہیں جانتا وہ اس راستے میں نہیں ہے۔

(۴) جن دنوں حضرت خواجہ نقشبندؒ، شہر خرفس میں جلوہ افروز تھے، ملک حسین شاہ ہرات کے قاصد شاہی فرمان لے کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ فرمان میں لکھا تھا کہ ہمیں درویشوں کی صحبت کا اشتیاق ہے، آپ کیا ارشاد فرماتے ہیں۔ اگرچہ آپ کو ملوک وسلاطین سے ملاقات پسند نہ تھی مگر اس خیال سے کہ اگر ملک حسین سرخس کی طرف آیا تو عوام کے لیے مشکلات پیدا ہوں گی، لہذا بذاتِ خود ہرات شریف لے گئے۔ جب بادشاہ کی مجلس میں پہنچے تو وہاں بڑا ہجوم تھا اور سلطنت کے ارباب بست وکشاد اور ملازمین کی ایک بڑی جماعت حاضر تھی۔ بادشاہ نے حضرت خواجہؒ سے سوال کیا کہ آپ کی درویشی موروثی ہے؟ حضرت خواجہؒ نے جواب دیا کہ نہیں۔ بحکم جذبۃ من جذبات الحق توازی عمل الثقلین (جذباتِ حق میں ایک جذبہ جن وانس کے عمل کے برابر ہے) ایک جذبہ پہنچا اور میں اس سعادت سے مشرف ہوگیا۔ بادشاہ نے پوچھا، کیا آپ کے طریقہ ذکر جہر اور سماع وخلوت ہے۔ حضرت خواجہؒ نے فرمایا کہ نہیں۔ بادشاہ نے پوچھا کہ پھر تمہارا طریقہ کیا ہے؟ حضرت خواجہ نے فرمایا کہ خواجہ عبدالخالق غجدوانیؒ کے سلسلہ کا قول ہے کہ خلوت درانجمن چاہیے۔ بادشاہ نے پوچھا کہ خلوت درانجمن کیا ہے؟ حضرت خواجہ نے فرمایا کہ ظاہر میں خلق کے ساتھ اور باطن میں حق کے ساتھ ہونا

از درون شو آشنا و ز برون بیگانہ وش
اینچنیں زیبا روش کم می بود اندر جہاں[1]

بادشاہ نے کہا کہ کیا ایسا ہو سکتا ہے۔ حضرت خواجہؒ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اپنی کتاب کریم میں ارشاد فرماتا ہے:

رِجَالٌ لَّا تُلْهِيهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَن ذِكْرِ اللّٰهِ (سورۃ نور ۵۴)

وہ مرد کہ غافل نہیں ہوتے سوداگری میں نہ بیچنے میں اللہ کی یاد سے۔

---

[1] باطن کے ساتھ حق کی آگاہی اور بظاہر بیگانگی، ایسی روشن اور ایسا طریقہ دنیا میں بہت ہی کم دیکھنے میں آتا ہے۔

کچھ دیر کے بعد بادشاہ نے سوال کیا کہ بعض مشائخ نے کہا کہ ولائت نبوت سے افضل ہے۔ وہ کون سی ولائت ہے جو نبوت سے افضل ہے حضرت خواجہؒ نے فرمایا کہ:

"اسی نبی کی ولائت افضل ہے اُس کی نبوت سے" حضرت خواجہؒ نے بعض مشائخ کے قول کی یہ تاویل بیان فرمائی ہے لیکن مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اس قول کی ذرا تشریح کر دی جائے۔ امام ربانی حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ النورانی فرماتے ہیں کہ "میں نے اپنے بعض رسائل میں ثابت کیا ہے کہ نبوت، ولائت سے افضل ہے خواہ اُسی نبی کی ولائت ہو اور حق بھی یہی ہے۔ جن مشائخ نے اس کے خلاف کہا ہے اُن کا قول مقامِ نبوت کے کمالات کی بے علمی کے سبب سے ہے"۔

(مکتوبات شریف، دفتر اول مکتوب ۲۵۱)

(مذکورہ بالا واقعہ گزشتہ اوراق میں بھی آچکا ہے لیکن افادیت کے پیش نظر اسے ایک مختلف روایت کے مطابق درج کر دیا گیا ہے۔ تاکہ قارئین کرام ہر دو روایتوں سے استفادہ کر کے روحانی تشنگی بجھا سکیں فقیوری)

(۵) اگرچہ نماز روزہ اور ریاضت و مجاہدہ اللہ تعالیٰ تک پہنچنے کا طریقہ ہے مگر ہمارے نزدیک وجود کی نفی سب طریقوں سے اقرب (بہت زیادہ قریب) ہے اور یہ ترکِ اختیار اور دید قصور کے سوا حاصل نہیں ہوتی۔

(۶) ایک روز حضرت خواجہؒ کی زبانِ مقدس سے نکلا کہ اس راستے کے سالکوں کے لیے ماسوا کے ساتھ تعلق نہایت بڑا حجاب ہے۔

یہ سن کر خواجہ صالح بن مبارک بخاریؒ کے دل میں خیال آیا کہ اس صورت میں ایمان کے ساتھ تعلق بھی مضر ہونا چاہیے حضرت خواجہؒ نے فرمایا کہ کیا تو نے ابن منصور حلاجؒ کا یہ بیت نہیں سنی۔ ؎

ابنِ منصور سے یہ قول مقامِ جمع میں صادر ہوا ہے کہ جس میں حق و باطل کی (باقی حاشیہ اگلے صفحہ پر)

کفرت بدین اللہ والکفر واجب لدی وعند المسلمین قبیح۔	میں اللہ کے دین سے کافر ہوا اور یہ کفر میرے نزدیک واجب ہے اور مسلمانوں کے نزدیک برا ہے۔

پھر فرمایا کہ ایمان و اسلام حقیقی درکار ہے اور اہل حقیقت نے ایمان کی تعریف یوں کی ہے:

الایمان عقر القلب بنفی جمیع ما تولهت القلوب الیه من المضار والمنافع سوی اللہ عزوجل	ایمان یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا و تمام مضار و منافع جن پر دل شیدا ہیں ان کی نفی کا اعتقادِ جازم رکھے۔

(۷) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ نماز مومن کی معراج ہے۔ یہ ارشاد نماز حقیقی کے درجات کی طرف اشارہ ہے۔ بدیں طور کہ نماز میں تکبیر تحریمہ کے وقت چاہیے کہ اللہ تعالیٰ کی اکبریت نمازی کے وجود میں حال ہو جائے۔ اور اُس میں خشوع و خضوع پیدا ہو جائے یہاں تک کہ استغراق کی حالت طاری ہو جائے اس صفت کا کمال جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کو حاصل تھا۔ چنانچہ حدیث میں وارد ہے کہ نماز میں پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے سینہ مبارک سے تانبے کی دیگ کے جوش کی مانند آواز آیا کرتی تھی۔ (شمائل ترمذی)

(۸) بخارا کے علماء میں سے ایک عالم نے حضرت خواجہ نقشبندؒ سے سوال کیا کہ نماز میں حضور کس چیز سے حاصل ہوتا ہے؟ حضرت خواجہؒ نے فرمایا کہ طعام حلال جو وقوف و آگاہی سے کھایا جائے۔ نماز سے خارج اوقات میں اور وضو اور تکبیر تحریمہ کے وقت بھی وقوف کی رعائت چاہیئے۔

(بقیہ حاشیہ) کی تمیز اٹھ جاتی ہے۔ اس مقام والا سب کو صراط مستقیم پر سمجھتا ہے اور کبھی خلق کو عین حق خیال کرتا ہے۔ واضح رہے کہ ابن منصور کافر طریقت تھا جو مستحق درجات ہے نہ کہ کافر جو مستحق عذاب ہے۔ اس کا بیان حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ، کے حالات میں آ

ہے۔

(۹) حدیث قدسی میں آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ روزہ میرے واسطے ہے
صوم حقیقی کی طرف اشارہ ہے جو ماسوائے حق سے امساک کلی (مکمل دوری) کا نام ہے۔
(۱۰) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ آتش دوزخ سے میری امت
کا نصیب ایسا ہے جیسا کہ آتشِ نمرود سے حضرت ابراہیمؑ کا نصیب تھا۔ اور نیز ارشاد
ہے کہ میری امت گمراہی پر متفق نہ ہوگی۔ ان حدیثوں سے امت سے مراد امتِ متابعت
ہے۔ اُمت تین قسم کی ہے۔ ایک اُمتِ دعوت جس میں سب شامل ہیں۔ دوسرے
امت اجابت جو ایمان لائے ہیں۔ تیسرے امتِ متابعت جو ایمان لاکر حضور سید
دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کرتے ہیں۔

(۱۱) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ میرے لیے اللہ تعالیٰ کے
ساتھ ایک وقت ہے کہ مجھ میں اُس وقت میں کوئی مقرب فرشتہ نہیں سماتا اور نہ نبی
مرسل۔ اس ارشاد کے معنی ایک تو یہ ہیں کہ میرا ایک حال ایسا ہوتا ہے کہ اس حال میں
کوئی مقرب فرشتہ اور نبی مرسل ملحوظ نہیں ہوتا۔ یہ حال بندی کا بھی بعض اوقات میں ہوا کرتا
ہے۔ دوسرے معنی یہ کہ میرا ایک حال ایسا ہوتا ہے کہ وہ حال مقرب فرشتہ اور مرسل کے
حال سے اعلیٰ و اشرف ہوتا ہے۔

(۱۲) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ننانوے ۹۹ نام
ہیں، ایک کم ایک سو۔ جو شخص اُن کا شمار کرے وہ بہشت میں داخل ہوگا۔ اس ارشاد
مبارک میں شمار کرنے کے ایک معنی یہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے ناموں کا ورد کرے اور دوسرے
معنی یہ ہیں کہ ان ناموں کو جانے اور ایک معنی یہ ہیں کہ ہر نام کے مقتضا (مناسبت)
کے موافق عمل کرے۔ مثلاً جب رزاق کہے تو روزی کا غم اس کے دل پر بالکل نہ گزرے
اور جب متکبر کہے تو عظمت و کبریائی و بادشاہی کو خدا ہی کی ملک سمجھے۔

حضرت خواجہؒ سے سوال کیا گیا کہ جب ننانوے کا ذکر کیا گیا تو ایک کم سو کہنے
کی کیا ضرورت تھی۔ آپ نے فرمایا کہ بطور تاکید کے اس واسطے ذکر کیا گیا کہ عرب کو
حساب میں کچھ مہارت نہ تھی اور نہ اُن کو اس طرف توجہ تھی۔ اس سبب سے جناب رسالت

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مہینہ کے دنوں کی تعداد بیان کرنے کے لیے اپنے دونوں ہاتھوں کی انگلیاں اُٹھا کر اشارہ فرمایا کہ مہینہ ایسا ہوتا ہے۔ ایسا ہوتا ہے، ایسا ہوتا ہے۔ اور تیسری بار نو انگلیاں اٹھائیں اور محسوس کرا دیا کہ مہینہ ۲۹ دن کا ہوتا ہے اور زبان مبارک سے نہ فرمایا۔

(۱۳) تیرا حجاب تیرا وجود ہے دع نفسك وتعال یعنی اپنے نفس کو دروازے پر چھوڑ اور اندر جا ؎

از تو تا دست رہ بسے نبست تو ئی　　در رہِ تو جا شاک و خسے نیست تو ئی

صحیح حدیث میں جو اماطۃ الاذی عن الطریق[1] (راستے سے آزار دہ چیز کا دور کرنا) آیا ہے۔ اس سے وجودِ بشریت کی نفی کی طرف اشارہ ہے۔ اور حدیث قدسی میں جو وارد ہے کہ

نفسك مطيتك فارفق بها　　تیرا نفس تیری سواری ہے، تو اُس کے ساتھ نرمی کر۔

بہ نفس مطمئنہ (حکم الٰہی پر چلنے والا) کی طرف اشارہ ہے۔ جو الا ما رحم ربی[2] کی خلعت سے مشرف ہو گیا ہے۔

(۱۴) ولایت ایک نعمت ہے۔ ولی کو چاہیے کہ جانے کہ میں ولی ہوں تاکہ اس نعمت کا شکر ادا کرے۔ عنایت الٰہی ولی کے شامل حال ہوتی ہے۔ اُس کو بحال خود

---

[1] صحیحین میں بروایت حضرت ابی ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ مذکور ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایمان کے ستر سے چند اوپر شعبے ہیں جن میں سب سے افضل لا الٰہ الا اللہ کہنا ہے اور سب سے ادنیٰ اماطۃ الاذی عن الطریق ہے۔ (مشکوٰۃ شریف، کتاب الایمان)

[2] وَمَآ اُبَرِّئُ نَفْسِيْ ۚ اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَةٌۢ بِالسُّوْٓءِ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّيْ ۭ اِنَّ رَبِّيْ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (پارہ ۱۳ رکوع ۶)

اور میں اپنے نفس کو پاک نہیں کہتا۔ نفس البتہ برائی کا حکم کرنے والا ہے مگر جس پر میرا رب رحم کرے۔ بیشک میرا رب بخشنے والا مہربان ہے۔

نہیں چھوڑا جاتا بلکہ اُس کو بشریت کی آفتوں سے بچایا جاتا ہے۔ خوارق عادات اور احوال و کرامات کے ظہور کا کچھ اعتبار نہیں۔ افعال و اقوال میں استقامت درکار ہے شیخ عبدالرحمٰنؒ نے اپنی کتاب حقائق التفسیر میں آئت فَاسْتَقِمْ كَمَا اُمِرْتَ کی تفسیر میں اربابِ حقیقت میں سے ایک سے نقل کیا ہے کہ تو استقامت کا طالب بن اور کرامت کا طالب نہ بن۔ کیونکہ تیرا رب تجھ سے استقامت طلب کرتا ہے اور تیرا نفس تجھ سے کرامت طلب کرتا ہے۔

صوفیۂ کرام کے اقوال میں سے ہے کہ اگر ولی باغ میں آئے اور درختوں کے ہر پتے سے یہ آواز آئے، یا ولی اللہ! تو چاہیے کہ ظاہر و باطن میں اُسے اُس آواز کی طرف کچھ التفات نہ ہو، بلکہ بندگی و تضرع میں اُس کی کوشش ہر لحظہ زیادہ ہو۔ اس مقام کا کمال حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو حاصل تھا کہ خدا کا احسان و اکرام و انعام آپ پر جس قدر زیادہ ہوتا اُسی قدر آپ کی بندگی اور نیازمندی اور مسکنت زیادہ ہوتی۔ اسی وجہ سے آپ فرماتے، "کیا میں شکر گزار بندہ نہ بنوں"؟

(۱۵) گروہِ صوفیہ کی تین قسمیں ہیں۔ مقلّد[۱]، کامل[۲]، کامل مکمل[۳]۔

۱۔ مقلّد: اُس پر عمل کرتا ہے جو اپنے شیخ سے سنتا ہے۔

۲۔ کامل: فیض رسانی میں اپنی ذات سے تجاوز نہیں کر سکتا۔

۳۔ کامل مکمل: کے سوا کوئی دوسروں کی تربیت نہیں کرتا اور نہیں کر سکتا۔

(۱۶) ہمارا طریق نوادر سے ہے اور محکم دست آویز و سند جس سے اپنا مطلب و مدعا ثابت کر سکیں) ہے اور سنتِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے دامن کو پکڑنا اور آپ کے صحابہ کرام کے آثار کی پیروی کرنا ہے۔ اس راہ میں ہمیں بفضلِ الٰہی لایا گیا ہے۔ اوّل سے آخر تک ہم نے یہی فضلِ الٰہی مشاہدہ کیا ہے نہ کہ اپنا عمل۔ اس طریقہ میں تھوڑے سے

---

[۱] یہ محض فضلِ الٰہی ہے کہ حضرت خواجہ نقشبندؒ کی درخواست پر اللہ تعالیٰ نے آپ کو ایسا طریقہ دیا کہ دوسروں کی نہایت (انتہا) اس کی ہدایت (ابتدا) میں درج ہے۔ اسی واسطے آپ فرماتے تھے۔ ما فضلیانیم (ہم اللہ کے فضل والے لوگ ہیں) (مکتوب ۲۶ امام ربانی دفتر اوّل مکتوب ۳۰۲)

عمل سے بہت فتوح حاصل ہوتی ہیں مگر سنّت کی متابعت کی رعایت بڑا کام ہے۔

(۱۷) ہمارا طریق صحبت[1] ہے کیونکہ خلوت میں شہرت ہے اور شہرت میں آفت ہے

(۱۸) خیریت جمعیت میں ہے اور جمعیت صحبت میں ہے بشرطیکہ ایک دوسرے میں نفی ہو جائیں۔

(۱۹) مرشد کو چاہیے کہ طالب کے تینوں حال (ماضی، حال اور مستقبل) سے باخبر ہو۔ تاکہ اُس کی تربیت کر سکے۔ طالب کی شرطوں میں سے ایک یہ ہے کہ جس وقت خدا تعالیٰ کے دوستوں میں سے کسی دوست کی صحبت میں ہو، اپنے حال سے واقف ہو اور صحبت کے زمانہ کا گزشتہ زمانہ سے مقابلہ کرے۔ پس اگر وہ نقصان سے کمال کی طرف کچھ تفاوت دیکھے تو بحکم اصبت مالزم (تو نے پا لیا۔ پس لازم پکڑ) اُس بزرگ کی صحبت کو اپنے اوپر فرض جانے۔

(۲۰) ہمارا طریقہ سب ادب ہی ادب ہے۔ ایک ادب اللہ تعالیٰ کی نسبت ہے۔ اور ایک ادب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت ہے اور ایک ادب مشائخ طریقت کی نسبت ہے۔ اللہ تعالیٰ کی نسبتِ ادب یہ ہے کہ ظاہر و باطن میں بشرط کمال بندگی اُس کے احکام بجا لائے اور ماسوا سے بالکل منہ پھیرے۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت ادب یہ ہے کہ اپنے آپ کو ہمہ تن ان کی اتباع و پیروی کے مقام میں رکھے۔ اور تمام حالات میں آپ کی واجب خدمت کو نگاہ رکھے۔ اور آپ کو تمام موجودات اور اللہ تعالیٰ کے درمیان واسطہ سمجھے۔ جو کوئی ہے اور جو کچھ بھی ہے سب کا سر آپ کے آستانِ عزت پر ہے۔ جو ادب مشائخ کے لیے طالبوں پر لازم و واجب ہے وہ اس طرح ہے کہ مشائخ کرام سنتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی و اتباع کے سبب سے اس مقام پر پہنچ گئے ہیں کہ لوگوں کو حق کی طرف بلائیں۔ پس درویش کو چاہیے کہ غیبت و حضور (موجودگی اور عدم موجودگی) میں اُن کا ادب ملحوظ رکھے۔

---

[1] صحبت سے مراد موافقانِ طریقت کی صحبت ہے نہ کہ مخالفانِ طریق کی کیونکہ ایک دوسرے میں لفنا ہونا صحبت کی شرط ہے اور وہ نفی بغیر موافقت کے حاصل نہیں ہوتی۔ (مکتوباتِ امام ربانی دفتر اوّل مکتوب ۵۶

(۲۱) ذکر کی تعلیم کسی کامل سے مکمل ہونی چاہیے تاکہ مؤثر اور اس کا نتیجہ ظہور میں ـــ
تیر بادشاہ کی ترکش سے لینا چاہیے تاکہ شایانِ حمایت ہو۔

(۲۲) وقوفِ عددی علم لدنی[1] کا اول مرتبہ اور درجہ ہے۔

(۲۳) لا الٰہ نفی آلہۂ طبیعت ہے اور الا اللہ اثباتِ معبودِ حق۔ اور مقصود ذکر سے یہ ہے کہ ذاکر کلمۂ توحید کی حقیقت کو پہنچ جائے۔ بہت دفعہ کہنا شرط نہیں اور کلمۂ توحید کی حقیقت یہ ہے کہ اس کلمہ کے کہنے سے ماسوا بالکل نفی ہو جائے۔

(۲۴) وقوفِ زمانی جو سالک کا کارگزار (مستعد) ہے یہ ہے کہ سالک اپنے احوال سے واقف رہے کہ ہر زمانہ میں اس کا حال کیسا ہے موجبِ شکر ہے یا موجب عذر خواہی

(۲۵) سالکین خواطر[2] شیطانی ونفسانی کے دور کرنے میں متفاوت ہیں۔ بعضے ایسے ہیں کہ پیشتر اس کے نفس وشیطان سے کوئی خطرہ دل میں آئے، اُسے دیکھ لیتے ہیں اور وہیں سے اس کو دور کر دیتے ہیں اور بعضے ایسے ہیں کہ خطرہ کو قرار پکڑنے کے بعد دفع کرتے ہیں مگر یہ چنداں مفید نہیں۔ ہاں اگر اس کے نشا اور اُس کے انتقالات کے سبب کو معلوم کر لیں تو فائدہ سے خالی نہیں۔

(۲۶) راہ کہ جس کے ذریعے عارف مقصودِ حقیقی کو پا لیتے ہیں اور دوسرے محروم رہ جاتے ہیں، تین ہیں۔ مراقبہ، مشاہدہ، محاسبہ۔ خالق کی طرف دوام نظر اور مخلوق کی رویت کا نسیان (یعنی مخلوق کے خیال ولحاظ کا بھول جانا) مراقبہ کہلاتا ہے۔ یعنی سالک کو چاہیے ہر وقت جناب باری تعالیٰ کی طرف نظر رکھے اور تمام مخلوقات کی ہستی کی پیشانی پر نیستی

---

[1] علم لدنی وہ علم ہے جو اہلِ قرب کو تعلیم الٰہی اور تفہیم ربانی سے معلوم ومفہوم ہوتا ہے نہ کہ دلائل عقلی وشواہد نقلی سے۔ چنانچہ قرآن مجید میں حضرت خضر علیہ السلام کے بارے میں آیا ہے۔ وَعَلَّمْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّا عِلْمًا۔
ترجمہ: اور ہم نے سکھایا تھا اس کو اپنے پاس سے ایک علم۔ (سورہ کہف۔ ۹۴)

[2] خواطر جمع ہے خاطر کی۔ خاطر وہ کلام وخطاب ہے جو دل پر وارد ہوتا ہو یا وہ وارد ہے جس میں بندے کے قصد وعمل کو دخل نہ ہو۔ خاطر جو خطاب ہو، اُس کی چار قسمیں ہیں۔
(۱) ربانی، جو اللہ کی طرف سے دل میں القاء ہوتا ہے۔
(۲) ملکی، جو فرشتہ کے القاء سے ہو، اُسے الہام کہتے ہیں

د فنا د نسیان کا خطر (نکیر) کھینچ دے۔ مراقبہ کا دوام نادر چیز ہے۔ اس گروہ میں سے
ہیں جنہوں نے یہ بات حاصل کی ہے۔ ہم نے اُس کے حصول کا طریق معلوم کر لیا ہے
وہ نفس کی مخالفت ہے۔ مشاہدہ سے مراد اُن واردات غیبیہ کا معائنہ ہے جو دل پر نا
ہوتے ہیں۔ چونکہ وارد جلدی گزرنے والا ہے اور قرار نہیں پکڑتا، تاہم اُس وارد کا ادرا
نہیں کر سکتے۔ مگر صفتِ بسط و قبض (دل کے خدا کی طرف متوجہ ہونے کی صفت) جو ہم
پیدا ہوتی ہے، اُسے معلوم کر لیتے ہیں۔ قبض میں صفتِ جلال کا مشاہدہ کرتے ہیں اور
میں صفتِ جمال کا۔ محاسبہ یہ ہے کہ ہر ساعت جو کچھ ہم پر گزرے اُس کا حساب کریں
اُس میں غفلت کیا اور حضور کیا ہے۔ اگر دیکھیں کہ سراسر نقصان ہے، تو بازگشت کر
اور عمل کو از سرِ نو کریں۔ چونکہ راستہ ان تین میں منحصر ہے اور دوسرے لوگ اس کا غیر
کرتے ہیں، اس لیے محروم رہ جاتے ہیں۔

(۲۷) جس شخص[1] نے اللہ کو پہچان لیا۔ اُس پر کوئی شے پوشیدہ نہیں رہتی۔ حضر
خواجہ علاء الدین عطارؒ فرماتے ہیں کہ اس کلمہ قدسیہ سے حضرت خواجہ نقشبندؒ کی
یہ ہے کہ عارف پر اشیاء کا ظاہر ہونا اس کی توجہ پر موقوف ہے۔

---

[1] شیخ ابراہیم خواصؒ (متوفی ۲۹۱ھ) کا بیان ہے کہ میں کوہِ لکام (واقع ملک شام) میں تھا۔ ایک
درخت نظر آیا۔ میرے نفس میں خواہش پیدا ہوئی۔ میں نے ایک انار توڑ لیا، اُس کو جو پھاڑا تو ترش
پس میں نے بغرض تادیب نفس اُسے وہیں چھوڑا اور آگے چل دیا۔ کیا دیکھتا ہوں کہ ایک شخص لیٹا ہوا
اُس پر بھڑیں بیٹھی ہیں۔ میں نے اُسے کہا السلام وعلیک اُس نے جواب دیا وعلیک السلام یا ابراہیم
کہ میں نے اُس سے پوچھا کہ تو نے مجھے کس طرح پہچان لیا۔ اُس نے جواب دیا کہ "جس شخص نے اللہ تعالیٰ
پہچان لیا، اُس پر کوئی شے پوشیدہ نہیں رہتی"۔ میں نے کہا کہ میں اللہ تعالیٰ کے ساتھ تیرا ایک حال دیکھ
کاش تو اُس سے سوال کرتا کہ وہ تجھے ان بھڑوں کی اذیت سے بچاتا۔ یہ سُن کر اُس نے مجھ سے کہا میں اللہ
کے ساتھ تیرا ایک حال دیکھتا ہوں۔ کاش تو اُس سے سوال کرتا کہ وہ تجھے انار کی شہوت و خوا
سے بچاتا کیونکہ انار کے ڈنگ کی تکلیف انسان آخرت میں پائے گا اور بھڑوں کے ڈنگ
اس دنیا میں پاتا ہے۔ پس اُسے وہیں چھوڑ کر آگے بڑھا (رسالہ قشیریہ)

(۲۸) مشائخ میں سے ہر ایک کے آئینہ کی دو جہت ہیں جب کہ ہمارے آئینہ کی چھ جہت حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہٗ اس کلمہ قدسیہ کی شرح میں فرماتے ہیں کہ آئینہ سے مراد لف کا قلب ہے جو روح و نفس کے درمیان واسطہ اور ذریعہ ہے۔ دو جہت سے مراد ت روح اور جہت نفس ہے۔ دوسرے طریقوں کے مشائخ جب مقامِ قلب پر پہنچتے ہیں تو قلب کی دونوں جہت منکشف جاتی ہیں اور دونوں مقاموں کے علوم و معارف جو مناسب قلب ہیں، فائض ہوتے ہیں خلاف حضرت خواجہ نقشبندؒ کے طریق کے کہ اُس میں آئینہ قلب کے لیے چھ جہت پیدا جاتی ہیں۔ اس کا بیان یوں ہے کہ اس طریقہ علیہ کے اکابر پر یہ بات منکشف ہو گئی ہے کہ لائف ستہ (نفسؔ، قلبؔ، روحؔ، سرؔ، خفیؔ، اخفیؔ) جو کلیتہ افراد انسانی میں ثابت ہیں تنہا قلب میں بھی متحقق ہیں۔ چھ جہت سے حضرت خواجہ نقشبندؒ کی مراد لطائف ستہ ب ہیں۔ پس باقی مشائخ کی سیر ظاہر قلب پر ہے اور مشائخ نقشبندیہ کی سیر باطن قلب ہے اور وہ اس سیر سے قلب کے البطن بطون (بہت گہرائی) میں پہنچ جاتے ہیں۔ مقام قلب میں اُن پر ان چھ لطیفوں کے علوم و معارف جو اس مقام کے مناسب ہیں۔ شف ہو جاتے ہیں (رسالہ مبدأ و معاد)

(۲۹) چالیس سال سے ہم آئینہ داری کرتے ہیں۔ ہمارے آئینہ نے کبھی غلطی نہیں کی۔ ارشاد گرامی میں حضرت خواجہؒ نے اس امر کی طرف اشارہ کیا ہے کہ اولیاء اللہ جو کچھ تے ہیں، نورِ فراست سے دیکھتے ہیں، جو اللہ تعالیٰ نے اُن کو عطا کیا ہے۔ جو کچھ خدا تعالیٰ رف سے ہوتا ہے، وہ بے شک صواب و درست ہوتا ہے۔

شیخ عبد القدوس گنگوہیؒ فرماتے تھے کہ حضرت خواجہ نقشبندؒ کی سیر آسمان و زمین ام طبقات میں جاری تھی۔

(۳۰) حضرت عزیزاں علیہ رحمۃ الرحمٰن کا ارشاد ہے کہ اس گروہ کی نظر میں زمین خوان کی طرح ہے اور ہم کہتے ہیں کہ روئے ناخن کی طرح ہے۔ کوئی چیز اُن کی نظر سے نہیں منقول ہے کہ ارشاد مذکور کے وقت حضرت عزیزانؒ دسترخوان پر تھے مناسب یہ فرما دیا۔ اور حضرت خواجہؒ نے ہفت دائرہ ولائت کی نسبت سے

فرمایا ہے ورنہ عارف کے دل کی بزرگی کی شرح نہیں ہو سکتی۔

(۳۱) اگر درویش کے پاؤں میں کانٹا چبھ جائے تو اُسے پہچاننا چاہیے کہ یہ کہا سے ہے۔

(۳۲) حدیث میں ہے اَلْکَاسِبُ حَبِیْبُ اللّٰہ یعنی کسب کرنے والا اللہ تعالیٰ کا حبیب ہے۔ اس حدیث میں کسبِ رضا کی طرف اشارہ ہے نہ کہ کسب دنیا کی طرف

(۳۳) متوکل کو چاہیے کہ اپنے آپ کو متوکل خیال نہ کرے اور اپنے توکل کو کہ میں چھپائے۔

(۳۴) جو شخص اپنے آپ کو بکلیت خود اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دے اُس کا غیر خدا کرنا شرک ہے یہ شرک عام لوگوں کے لیے معاف ہے مگر خواص کے لیے معاف نہیں۔

(۳۵) اللہ تعالیٰ نے مجھے دنیا کی خرابی کے لیے موجود کیا ہے مگر لوگ مجھ سے کی عمارت طلب کرتے ہیں۔

(۳۶) اگر اس وجود سے خراب کوئی اور وجود ہوتا تو فقر کے اس خزانہ کو وہا کیونکہ خزانہ ہمیشہ ویرانہ میں پوشیدہ رکھتے ہیں۔

(۳۷) اہل اللہ بارِ خلق (لوگوں کا بوجھ) اس لیے اٹھاتے ہیں کہ اُن کے اخلا آصلاح ہو جائے۔ یا کسی ولی سے ملاقات ہو جائے۔ اس لیے کہ کوئی ولی ایسا نہ اللہ تعالیٰ کی نظرِ عنایت اس پر نہ ہو، خواہ ولی اس سے واقف ہو یا نہ ہو۔ پس جو شخ اُس ولی سے ملے گا، اُس نظرِ الٰہی اُسے فیض ملے گا۔

(۳۸) تو شمع کی طرح بن اور تو شمع کی طرح نہ بن۔ شمع کی طرح بن کے معنی یہ ہیں دوسروں کو روشنی پہنچائے اور شمع کی طرح نہ بن کے معنی یہ ہیں کہ تو اپنے آپ کو تا رکھے۔

(۳۹) اس راستے (راہِ سلوک) میں صاحبِ پندار و تکبّر (مغرور) کا کام مشکل ہے۔

(۴۰) جس شخص نے کسی روز ہمارا جوتا بھی سیدھا کیا، ہم اُس کی شفاعت کریں

(۴۸) درویش کو تحمّل و برداشت کے مقام میں ڈھول کی طرح رہنا چاہیے کہ ہر چند کچھ کھائے مگر صدائے مخالف اُس سے ظاہر نہ ہو۔

(۴۹) درویش اہلِ نقد ہیں۔ آئندہ پر نہیں چھوڑتے ؎

امروز بیں بدیدۂ باطن جمال دوست — اے بیخبر حوالہ بفردا چہ مے کنی

الصوفی ابن الوقت (وہ صوفی جو وقت اور حالات کا تابع ہو اور حالات کو بدلنے کی طاقت نہ رکھتا ہو) کا اشارہ اسی صفت کی طرف ہے ؎

خرد مند زآنکس تبرا کند — کہ او کار امروز فردا کند

(۵۰) حضرت خواجہ نقشبندؒ سے سوال کیا گیا کہ اگر کوئی علم منطق پڑھے تو کس نیت سے پڑھے؟ فرمایا کہ حق و باطل کے امتیاز کی نیّت سے۔

(۵۱) جس شخص کی قابلیت کا بیضہ مختلف صحبتوں کے سبب سے فاسد ہو گیا، اس کا معالجہ دشوار ہے۔ سوائے اہلِ تدبیر (اولیاء اللہ) کی صحبت کے (جو سرخ گندھک کی طرح کمیاب ہے) درست نہیں ہو سکتا ؎

ہر صحبت عاشقاں مستاں پسند — دل در ہوسِ قوم فرومایہ مبند

ہر طائفہ ات بجائے خویش کشند — چغدت سوئے ویرانہ وطن سوئے کمند

(۵۲) خواجہ مسافر خوارزمیؒ کا بیان ہے کہ میں حضرت خواجۂ خواجگان خواجہ بہاء الدین نقشبند قدس سرہٗ کی صحبتِ متقدسہ میں بہت رہا کرتا تھا اور اُن کی خدمت کیا کرتا تھا مگر سماع (راگ) کی طرف میرا بہت میلان تھا۔ ایک روز میں نے آپ کے اصحاب کی ایک جماعت کے ساتھ اتفاق کیا کہ قوال دفاف کو بلا کر حضرت خواجہؒ کی مجلس میں سماع میں مشغول ہو جائیں اور پھر دیکھیں کہ حضرتؒ کیا ارشاد فرماتے ہیں۔ چنانچہ ہم نے ایسا ہی کیا اور گانے بجانے والوں کو لے آئے۔ حضرت خواجہؒ اس مجلس میں بیٹھے اور کسی طرح سے بھی منع نہ فرمایا۔ اخیر میں آپ نے فرمایا کہ ہم یہ کام نہیں کرتے اور نہ ہی نہیں کرتے [1]

---

[1] حضرت مجدد الف ثانیؒ فرماتے ہیں کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ کام ہمارے طریقِ خاص کے

(۴۱) درویش کو چاہیے کہ جو کچھ کہے حال سے کہے۔ مشائخ طریقت کا قول ہے کہ جو شخص ایسے حال سے کلام کرتا ہے جو اُس میں نہیں۔ حق تعالیٰ کبھی اُس کو اس حال کی سعادت نہ بخشے گا۔

(۴۲) یہ ضروری نہیں کہ جو دوڑے وہ گیند لے جائے مگر علی اُسی کو ہے جو دوڑتا ہے یہ اشارہ ہے اس امر کی طرف کہ اس راہ میں ہمیشہ کوشش کرتا رہے۔

(۴۳) حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا کی برکت سے مسخ صورت اس امت سے مرتفع (دور کر دی گئی) ہے مگر مسخ باطن[1] باقی ہے۔ ؎

اندریں امت نباشد مسخ تن　　لیک مسخ دل بود اے ذوالفطن

(۴۴) اولیاء کو اسرار پر آگاہی ہے اور آگاہی دی جاتی ہے لیکن وہ بغیر اجازت کے اُن کو ظاہر نہیں کرتے۔ کہتے ہیں کہ جس کے پاس جو کچھ ہے اُسے چھپاتا ہے اور جس کے پاس کچھ نہیں وہ شور مچاتا ہے "اسرار کا چھپانا ابرار کا کام ہے۔"

(۴۵) ہم سے جو کچھ خواطر اور اعمال و افعالِ خلق کے اظہار کی نسبت صادر ہوتا ہے اُس میں ہم درمیان نہیں۔ یا تو الہام سے ہمیں آگاہ کر دیتے ہیں یا کسی کے واسطہ سے ہم تک پہنچا دیتے ہیں۔

(۴۶) درویشی کیا ہے؟ باہر بے رنگ اور اندر بے جنگ ؎

تا دریں خرقہ ایم از کس ما　　ہم نہ نجیم و ہم نہ نجانیم!!

(۴۷) میں نے اکابر دین میں سے ایک سے پوچھا کہ درویشی کیا ہے؟ اُس نے جواب دیا کہ زبونی و خواری (یعنی بے عزتی، ذلت و خواری)۔

---

[1] خواجہ عبید اللہ احرارؒ فرماتے ہیں کہ مسخ باطن کی علامت یہ ہے کہ صاحبِ کبیرہ کا باطن کبیرہ گناہ سے دردمند و متاثر نہ ہو۔ برائی اور گناہوں میں نہایت اصرار کے سبب سے اُس کا یہ حال ہو جائے کہ جب اُس سے کبیرہ گناہ صادر ہو تو اُس کے بعد اُس کے باطن میں کوئی ندامت و ملامت پیدا و واقع نہ ہو۔ اور اس کا دل ایسا سخت و سیاہ ہو کہ اگر اُسے تنبیہ کی جائے تو وہ آگاہ و متاثر نہ ہو۔

(۵۳) بندہ کے اختیار ثابت کرنے میں بہت سعادت ہے تاکہ اگر کوئی عمل رضائے حق تعالیٰ کے خلاف اس سے سرزد ہو جائے اور وہ اپنا اختیار سمجھے تو اُس کی توفیق کا شکر ادا کرے۔

(۵۴) مشائخ کا قول ہے۔

المجاز قنطرۃ الحقیقہ مجاز حقیقت کا پُل ہے۔

اس سے مراد یہ ہے کہ تمام عباداتِ ظاہری خواہ قولی ہوں یا فعلی، مجاز ہیں۔ جب تک سالک اُن سے نہ گزرے گا، حقیقت کو نہ پہنچے گا[1]

(۵۵) اگر طالب کو اپنے شیخ مقتدا کے معاملہ میں کوئی مشکل پیش آئے تو چاہیے کہ حتی المقدور صبر کرے اور بے اعتقاد نہ ہو جائے۔ کیونکہ ممکن ہے کہ اُس کی حکمت اس پر ظاہر ہو جائے اور اگر صبر کی طاقت نہیں اور تعبدی ہو تو شیخ سے دریافت کرے کیونکہ اس کے لیے سوال جائز ہے اور اگر طالب متوسط الحال ہو تو سوال نہ کرے

(۵۶) ماوراء النہر کے بڑے اہل اللہ میں سے ایک نے حضرت خواجہ نقشبندؒ سے پوچھا کہ سیر و سلوک سے مقصود کیا ہے؟ حضرت خواجہؒ نے ارشاد فرمایا کہ مقصود معرفتِ تفصیلی ہے۔ اُس بزرگوار نے پھر دریافت کیا کہ معرفتِ تفصیلی کسے کہتے ہیں؟ حضرتؒ نے ارشاد کیا کہ معرفتِ تفصیلی سے مراد یہ ہے کہ حضرت سید دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے جو کچھ بطریق اجمال قبول کیا گیا ہے اُسے بطریق تفصیل پہچانا جائے اور دلیل و برہان کے مرتبے سے کشف و عیان کے مرتبہ تک رسائی ہو جائے۔

(۵۷) حضرت خواجہ قدس سرہٗ سے دریافت کیا گیا کہ بلا اور بلوے میں کیا فرق ہے؟ آپ نے جواب دیا کہ بلا بہ نسبت ظاہر ہے اور بلوی بہ نسبتِ باطن۔

(۵۸) آپ سے دریافت کیا گیا کہ جس وقت اللہ تعالیٰ کسی درویش سے کوئی حال

(بقیہ حاشیہ) منافی ہے، اس لیے نہیں کرتے اور چونکہ دیگر مشائخ نے کیا ہے، اس لیے اس پر انکار بھی نہیں کرتے۔ (مکتوبات شریف دفتر اوّل مکتوب ۲۷۳)

[1] مزید تشریح کے لیے "مکتوبات امام ربانی، دفتر سوم مکتوب ۶۶ ملاحظہ فرمائیے۔

واپس کر لے تو وہ کیا کرے۔ آپ نے ارشاد کیا کہ اگر اُس حال کا کچھ بقیہ باقی ہے تو وہ اس امر کی دلیل ہے کہ اس سے تضرع و نیاز مطلوب ہے۔ پس وہ اللہ تعالیٰ سے اُس کا سوال کرے۔ اور اگر کچھ بھی باقی نہیں رہا تو وہ اس امر کی دلیل ہے کہ اس سے صبر و رضا مطلوب ہے۔

(۵۹) خدا طلبی بلا طلبی ہے۔ احادیث قدسیہ میں آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے "جس نے مجھے دوست رکھا، میں نے اُسے ابتلاء میں ڈالا"۔

یہ بات ظاہر ہے کہ محبت کے لیے وظیفہ لازم اور ضروری ہے کہ محب، محبوب کا متلاشی ہو۔ محبوب جس قدر زیادہ عزیز ہوتا ہے اُس کی طلب کی راہ میں بلا (دکھ مصیبت) زیادہ ہوتی جاتی ہے اور احادیث میں وارد ہے کہ ایک شخص نے حضور سیّد دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا۔ یا رسول اللہ! میں آپ کو دوست رکھتا ہوں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پھر تو فقر[1] کے لیے تیار رہ۔ ایک اور شخص نے عرض کیا کہ میں خدا کو دوست رکھتا ہوں۔ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بلا کے تیار رہ۔

(۶۰) حضرت خواجہ قدس سرہٗ سے سوال کیا گیا کہ کرامات کے بارے میں درویش کیا کہتے ہیں؟ آپ نے فرمایا کہ کرامتوں کا کیا ذکر۔ جو کچھ بھی ہے کلمۂ توحید کی حقیقت

---

[1] ترمذی شریف میں حدیث عبداللہ بن مغفل میں مذکور ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں تین بار یوں کہا "خدا کی قسم! میں آپ کو دوست رکھتا ہوں"۔ اس پر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا "پس تو فقر کے لیے پاکھر (گھوڑوں کو بچانے والی زرہ) تیار رکھ۔ کیونکہ فقر میرے محب کی طرف زیادہ جلدی پہنچ جاتا ہے روکے پانی سے جو اپنے منتہا کو جلدی پہنچ جاتا ہے"۔ مطلب یہ ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے محب کو محب فقر اُٹھانا پڑتی ہے۔ جس کے لیے پاکھر کی ضرورت ہے۔ یہاں پاکھر کنایہ صبر سے ہے یعنی جس طرح پاکھر گھوڑے کو میدانِ جنگ میں ضرر سے بچاتی ہے بالکل اسی طرح صبر انسان کو فقر و فاقہ کی آفت سے بچاتا ہے۔ اور جزع و قزع کے ورطہ میں گرنے نہیں دیتا۔ یعنی گریہ وزاری کے ہلاک کر دینے والے مقام کی طرف نہیں گرنے دیتا۔ (مشکوٰۃ شریف باب فضل الفقراء)

کے مقابلہ میں نفی ہے۔" اصحاب کرامت سب کے سب محجوب (حجاب والے) ہیں اور عارف کرامت کی طرف نظر کرنے سے دور رکھے گئے ہیں۔"

(۶۱) حضرت خواجہ قدس سرہٗ سے پوچھا گیا کہ اہل اللہ کو جو لوگوں کے خطرات احوال و اعمال کی بصیرت و شناخت ہوتی ہے، وہ کہاں سے ہے؟ فرمایا کہ اُس نور کی فراست[1] سے ہوتی ہے جو اللہ تعالیٰ نے ان کو عطا فرمایا ہے۔ چنانچہ حدیث میں آیا ہے "تم مومن کی فراست سے سے ڈرو کیونکہ وہ اللہ کے نور سے دیکھتا ہے۔

(۶۲) لوگوں نے آپ سے کرامت طلب کی تو آپ نے فرمایا کہ ہماری کرامت ظاہر ہے کہ باوجود اتنے گناہوں کے ہم روئے زمین پر چل سکتے ہیں بلکہ چل پھر رہے ہیں۔

(۶۳) مرید سے احوال کا ظاہر ہونا، شیخ کی کرامت ہے۔

(۶۴) حضرت شیخ ابوسعید ابوالخیر قدس سرہٗ سے لوگوں نے پوچھا کہ ہم آپ کے جنازہ کے آگے کون سی آیت پڑھیں شیخ نے فرمایا کہ یہ بیت پڑھنا ؎

چیست ازیں خوبتر در ہمہ آفاق کار　　دوست رسد نزد دوست یار بنزدیک یار

حضرت خواجہ نقشبندؒ نے فرمایا کہ یہ پڑھنا بڑا کام ہے۔ تم ہمارے جنازہ کے آگے یہ بیت پڑھنا ؎

منفعلانیم آمدہ در کوئے تُو　　شیئاً لِلّٰہ از جمالِ روئے تُو

(۶۵) حضرت خواجہ عبیداللہ احرارؒ کا بیان ہے کہ حضرت خواجہ بہاء الدین نقشبند قدس سرہٗ نے فرمایا ہے کہ میں نے مکہ معظمہ میں زاد اللہ تعالیٰ شرفاً وکرامۃً دو شخصوں کو دیکھا کہ ایک نہایت بلند ہمت[2] اور دوسرا نہایت پست ہمت[3]۔

پست ہمت: وہ تھا جسے میں نے طواف میں دیکھا کہ خانہ کعبہ کے دروازے کے حلقہ پر ہاتھ رکھا ہوا ہے اور ایسی متبرک جگہ اور ایسے عزیز و مقدس وقت میں اللہ تعالیٰ کے سوا کچھ اور مانگ رہا ہے۔

---

[1] فراست کے معنی لغت میں دانائی، سمجھ داری اور عقلمندی کے ہیں مگر اہلِ حقیقت کی اصطلاح میں اس سے مراد مکاشفہ یقین اور معائنہ غیب ہے۔

بلند ہمت : وہ جوان تھا جسے میں نے بازار منیٰ میں دیکھا کہ کم و بیش پچاس ہزار دینار کا سودا خرید و فروخت کیا اور اس عرصہ میں اُس کا دل ایک لمحہ بھی یاد الٰہی سے غافل نہ ہوا

(۶۶) حضرت خواجہ نقشبندؒ قدس سرہٗ سے پوچھا گیا کہ صوفیۂ کرام کا قول ہے کہ فقیر اللہ کا محتاج نہیں۔ اس قول سے کیا مراد ہے؟ آپ نے فرمایا کہ یہ سوال کرنے کی حاجت کی نفی ہے۔ حسبی من سوالی علمہ بحالی[1] اسی مقام کی طرف اشارہ ہے۔

(۶۷) حضرت خواجہ نقشبند قدس سرہٗ سے سوال کیا گیا کہ بعضے مشائخ کا ارشاد ہے کہ الصوفی غیر مخلوق (صوفی غیر مخلوق ہے) اس کا کیا مطلب ہے؟ آپ نے فرمایا کہ بعض اوقات صوفی کے لیے ایک وصف و حال ہوتا ہے کہ وہ نابود ہوتا ہے۔ مشائخ کا یہ قول اُسی وقت کی نسبت ہے ورنہ صوفی مخلوق ہیں۔

(۶۸) حضرت خواجہ قدس سرہٗ سے دریافت کیا گیا کہ اذا تمر فھو اللہ[2] کے کیا معنی ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ "یہ بندہ کی ہستی اور اُس کی صفات کے باقی رہنے کی طرف اشارہ ہے"

(۶۹) یہ جو مشائخ کا قول ہے کہ "عارف کی معرفت صحیح نہیں ہوتی جس وقت وہ خدا سے تفرع کرتا ہے"۔ یہ بندہ کی ہستی اور اس کی صفات کے باقی رہنے کی طرف اشارہ ہے

---

[1] نمرود علیہ اللعنۃ نے آگ روشن کی اور حضرت ابراہیم صلوات اللہ علیہ کو منجنیق کے پلہ میں رکھا جبرئیلؑ نے آکر عرض کیا، کیا تجھے کوئی حاجت ہے؟ حضرت نے فرمایا، تجھ سے کوئی حاجت نہیں جبرئیلؑ نے کہا، پس خدا تعالیٰ سے مانگیے۔ حضرت نے فرمایا۔ حسبی من سوالی علمہ بحالی (بجائے لسانِ قال کے لسانِ حال سے سوال کرنا میرے واسطے کافی ہے) یعنی میرا حال اللہ تعالیٰ میری نسبت بہتر جانتا ہے۔ اُسے خوب معلوم ہے کہ میری فلاح و بہبودی کس چیز میں ہے پس مجھے سوال کرنے کی ضرورت نہیں (کشف المحجوب)

[2] یعنی جب فخر کمال کو پہنچ جاتا ہے تو اللہ ہی باقی رہ جاتا ہے۔ انتہٰی۔ حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہٗ فرماتے ہیں کہ اس عبارت سے صوفیۂ کرام کی مراد یہ ہے کہ جب فقر کامل ہو جاتا ہے اور نیستی محض حاصل ہو جاتی ہے تو باقی اللہ تعالیٰ کے سوا کچھ نہیں رہتا۔ لیکن یہ مراد نہیں کہ وہ فقیر خدا کے ساتھ متحد ہو جاتا

(باقی حاشیہ ص

(۷۰) ایک شخص نے حضرت خواجہ نقشبند قدس سرہ، کی خدمت میں عرض کیا کہ فلاں شخص بیمار ہے اور آپ کے دل مبارک کی توجہ کا طالب ہے۔ آپ نے فرمایا پہلے خستہ دل کی حاجت پھر اُس کے بعد شکستہ دل کی توجہ[۱]

(۷۱) ہمارا روزہ ماسوا[۲] کی نفی اور ہماری نماز مقام[۳] مشاہدہ ہے۔ یہ رباعی[۴] آپ کی ہے ؎

تا روئے تو دیدہ ام من اے شمع طراز — لے کار کنم نہ روزہ دارم نہ نماز
وَربے تو بَوَم نمازِ من جملہ مجاز — چوں با تو بوم مجازِ من جملہ نماز

(باقی حاشیہ) اور خدا بن جاتا ہے کیونکہ یہ تو کفر اور بے دینی ہے۔ مکتوبات شریف دفتر اول مکتوب ۲۶۶

[۱] مطلب یہ کہ پہلے شکستہ دل اپنی حاجت کا اظہار کرتا ہے۔ اس کے بعد اہل اللہ اُس کی حاجت برآری کی طرف توجہ فرماتے ہیں پس طالب کو مشائخ کی خدمت میں خالی جانا چاہیے تاکہ پُر ہو کر واپس آئے اور اپنے افلاس کو ظاہر کرنا چاہیے تاکہ اُن کو اس پر شفقت آئے اور فیض رسانی کریں۔ (مکتوبات شریف دفتر اول مکتوب ۱۵۷)

[۲] حضرت خواجہ محمد معصوم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ نفی ماسوا سے حضرت خواجہ نقشبند کی مراد نہ صرف ماسوا سے تعلق کی نفی اور ماسوا کی مقصودیت کی نفی ہے بلکہ ماسوا کے شعور و شہود کی بھی نفی ہے جو فنا و توحید شہودی کا حاصل ہے (مکتوبات معصومیہ دفتر اول مکتوب ۱۵۲)

[۳] حدیث جبرئیل میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسلام و ایمان کے بعد احسان کو بدیں الفاظ بیان فرمایا۔ ان تعبد اللہ کانک تراہ فان لم تکن تراہ فانہ یراک یعنی حقیقتِ احسان یہ ہے کہ تو خدا کی عبادت کرے۔ اس طرح کہ گویا تو اُسے دیکھ رہا ہے۔ اگر تو اس حال میں نہیں کہ گویا اُسے دیکھ رہا ہے تو اس کی عبادت کر اس طرح کہ وہ تجھے دیکھ رہا ہے انتہیٰ۔ اس ارشاد میں پہلی حالت مقامِ مشاہدہ اور دوسری مراقبہ ہے۔

[۴] اس رباعی کو نقل کر کے مولانا یعقوب چرخیؒ فرماتے ہیں کہ اس کے معنی یہ ہیں کہ مقصود پہنچنے کے بعد معلوم ہوتا ہے کہ ایسی طاعت نہیں کر سکتے جو اللہ تعالیٰ کے لائق ہو۔ چنانچہ قرآن مجید میں ہے وما قدروا اللہ حق قدرہ یعنی انہوں نے اللہ تعالیٰ کی تعظیم نہیں کی جیسا کہ حق ہے۔ (رسالہ انسیہ)

(۷۲) بیس[۲] سال سے بفضل خدا ہم مقام بے صفتی[۱] سے مشرف ہیں۔

(۷۳) حقیقت اخلاص فنا کے بعد حاصل ہوتی ہے جب تک بشریت غالب ہوتی ہے ؎

ساقی قدمے کہ نیم مستیم — مخمورِ صباحیٔ الستیم
مارا تو بما ممان کہ تا ما !! — با خویشتنیم بت پرستیم

(۷۴) ہم فضلی ہیں۔ ہم دو سو آدمی تھے جنہوں نے طلب کے کوچہ میں قدم رکھا مگر فضل الٰہی مجھ پر ہوا۔

(۷۵) جو کچھ دیکھا گیا اور سُنا گیا اور سمجھا گیا وہ سب غیر ہے اور حجاب ہے حقیقت کلمہ لا سے اُس کی نفی کرنی چاہیئے۔ حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہٗ حضرت خواجہ نقشبندؒ کے آخیر کلمہ قدسیہ کو نقل کر کے یوں تحریر فرماتے ہیں۔

"پس کثرت میں وحدت کا شہود بھی شایانِ نفی ہوا اور جو کچھ شایان نفی ہے وہ اُس جناب قدس سے تنتفی (فناہ ہونے والا) ہے۔ حضرت خواجہؒ کے اس کلام نے مجھے اس شہود سے نکالا ہے اور مشاہدہ و معائنہ کی گرفتاریوں سے نجات بخشی ہے اور لباس کو علم سے جہل کی طرف اور معرفت سے حیرت کی طرف لے گیا ہے۔ جَزَاہُ اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ عَنِّیْ خَیْرَ الْجَزَا[۲] میں اس ایک بات سے حضرت خواجہؒ کا مرید ہوں اور اُن کا غلام ہوں حق یہ ہے کہ اولیاء میں سے کم ہی کسی نے ایسی عبارت کے ساتھ کلام کیا ہے اور تمام مشاہدات و معائنات کو اس طریق پر نفی کیا ہے۔ اس مقام پر حضرت خواجہؒ کے ارشاد ("خدا کی معرفت بہاء الدین پر حرام اگر اُس کی ابتداء بایزید کی انتہا نہ ہو") کی حقیقت تلاش کرنی چاہیے۔ کیونکہ بایزیدؒ

---

[۱] بے صفتی سے اشارہ کشفِ ذاتی کی طرف ہے جو بہت بلند مقام اور بہت شریف درجہ ہے اس درجۂ بے صفتی کا کمال حضور سید دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو حاصل ہے اور مقام محمود اس مرتبۂ کمال کی طرف اشارہ ہے۔ دیگر انبیاء و اولیاء بحسب مراتب آپ ہی کے خوشہ چیں ہیں۔ مزید تشریح کے لیے رسالہ قدسیہ مؤلفہ خواجہ محمد پارسا رحمۃ اللہ علیہ ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔

[۲] اللہ تعالیٰ ان کو میری طرف سے جزائے خیر دے۔

باوجود اُس بزرگی کے شہود و مشاہدہ سے آگے نہیں بڑھے۔ اور انہوں نے سبحانی کے کوچہ سے قدم باہر نہیں رکھا۔ مگر حضرت خواجہ نقشبندؒ نے ایک کلمہ لآ سے بایزیدؒ کے تمام مشاہدات کی نفی کردی اور سب کو غیر حق جل سلطانہ، قرار دیا۔ حضرت بایزیدؒ کی تنزیہ حضرت خواجہ نقشبندؒ کے نزدیک تشبیہ ہے۔ اور اُس کا بے چوں حضرت خواجہؒ کے نزدیک چوں اور ان کا کمال حضرت خواجہؒ کے نزدیک نقص ہے۔ اس لیے حضرت بایزیدؒ کی انتہا جو تشبیہ سے آگے نہیں بڑھی ہے حضرت خواجہ نقشبندؒ کی ابتدا ہو گی۔ کیونکہ ہدایت تشبیہ سے ہے اور انتہا تنزیہ پر ہے شاید آخر حال میں حضرت بایزیدؒ کو اس نقص کی اطلاع دی گئی کہ وہ آخری وقت فرماتے تھے۔

مَاذَكَرْتُكَ اِلَّا عَنْ غَفْلَةٍ وَمَا خَدَمْتُكَ اِلَّا عَنْ فَتْرَةٍ

میں نے تجھے یاد نہیں کیا مگر غفلت سے اور میں نے تیری خدمت نہیں کی مگر سستی سے۔

وجہ یہ کہ انہوں نے حضور سابق کو غفلت جانا کیونکہ وہ خدا تعالیٰ کا حضور نہ تھا بلکہ ظلال میں سے ایک ظل (سایہ) کا اور ظہورات میں سے ایک ظہور کا حضور تھا۔ پس ناچار وہ اللہ تعالیٰ سے غافل ٹھہرے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ وراء الوراء (دور سے دور) ہے۔ ظلال و ظہورات تمام مبادی و مقدمات اور معارج و معدات سے ہیں۔ اور وہ جو حضرت خواجہ نقشبندؒ نے فرمایا ہے کہ ہم نہایت کو بدایت میں درج کرتے ہیں، مطابق واقع ہے۔ کیونکہ ابتداء سے ان کی توجہ احدیت صرف کی طرف ہوتی ہے اور اسم و صفت سے نہ ذات اُن کی مراد نہیں ہوتی۔ اس طریقہ عالیہ کے متبدیوں کو بہ دولت بطریق انعکاس شیخ منتہا سے جو اس کمال سے مشرف ہو، حاصل ہوتی ہے خواہ وہ متبدی جانیں یا نہ جانیں۔ پس ناچار دوسرے طریقوں کے کامل مشائخ کی نہایت ان بزرگوں کی بدایت میں مندرج ہوگئی۔ (مکتوبات شریف۔ دفتر اول مکتوب ۲۷۲)

(۷۶) حضرت خواجہ نقشبندؒ ارشاد فرماتے ہیں کہ ایک بار حضرت خواجہ امیر کلالؒ درویشوں کی ایک جماعت کے ساتھ جا رہے تھے۔ اچانک راستہ میں حضرت امیرؒ نے

ایک شکل دار خط کھینچ کر فرمایا کہ اس پر سے کوئی نہیں گزر سکتا۔ امداد الٰہی نے میری دستگیری کی اور جب حضرت امیرؒ اس پر سے گزرے تو میں بھی ساتھ ہی گزر گیا۔ حضرت امیرؒ نے دیکھا تو خوش ہو کر فرمایا کہ "بہت اچھا کیا، مجھ سے کوئی خط پیچھے نہ رہا۔"

(۷۷) حضرت خواجہؒ سے کسی نے سوال کیا کہ کیا وجہ ہے کہ بعض حضرات اہل اللہ نے فرمایا کہ ولائت ہم پر ختم ہو چکی ہے۔ اس کا کیا مقصد ہے؟ آپ نے فرمایا، "ایشاں ختم ولایتِ زمانِ خود بودہ اند" یعنی وہ اپنے زمانے کی ولائت کے ختم کرنے والے ہیں۔

(۷۸) آپ کی بے شمار رباعیات ہیں مگر بہ اختصار چند درج ذیل ہیں تاکہ مردہ دلوں کے اندر تازہ روح پڑ جائے ؎

از خونِ دلم دو چشم پرنم بہتر — در عیش و نشاط دل پُرغم بہتر
یک لحظہ حضور دلِ بدرگاہ خدا — از سلطنتِ تمام عالم بہتر

یارب بکشا بر دلم از توبہ دری — بی منت مخلوق رسان ما حضری
در باقیِ عمرم چناں بگذاری — کز من نرسد بہ ہیچکس در دسری

یارب تو درختِ عمر مالیت مکن — مارا ز شرابِ نیستی مست مکن
یارب بہ کرم جملہ جوانمرداں را — دل تنگ، پریشان، تہیدست مکن

یارب چہ کنم کہ ہیچکس یارم نیست — از شرم گنہ زبان گفتارم نیست
سر تا سر آفاق بہ ہیچم نخرند — یارب چہ متاعم کہ خریدارم نیست

اے فضل تو دستگیر من دستم گیر — حیران شدہ ام ز خویشتن دستم گیر
تا چند کنم توبہ و تا کی شکنم — ای توبہ دہ توبہ شکن را دستم گیر

در وقت سپیده دم خروسے سحری
دانی کہ چرا ہمے کند نوحہ گری
در آئینہ صبح نمودند اُو را!
از عمر شبے گذشت و تو بیخبری

شب خیز کہ عاشقاں بشب زار کنند
گردِ در و بامِ دوست پرواز کنند
ہر جا کہ درے بود بشب بر بندند
آلا کہ درِ دوست زاں شب تاز کنند

روزے کہ چراغ خاموش شود
بر بسترِ مرگ عقل مدہوش شود
با بیدردان مکن فدا یا حشرم
ترسم کہ بچشم فراموش شود!

پرورد ز ناز و نعمتش دوست مرا
بر دوخت مرقعۂ از رگ و پوست مرا
تن خرقہ و جان من چو صوفی
عالم ہمہ خانقاہ شیخ اوست مرا

پیوستہ رضائے دوست میدارم دوست
اندوہ بلائے دوست میدارم دوست
گر جاں طلبند چہ گونہ تقصیر کنم
من جان برائے دوست میدارم دوست

بدخواہ کساں بہ ہیچ منصد نرسد
یک بر نکند تا بخودش صد نرسد
من نیک تو خواہم و تو خواہی بدِ من
تو نیک نہ بینی و بمن بد نہ رسد

ہر بارہ کہ او حضرت اللہ دہند
بے منت شاہے سحرگاہ دہند
خواہی کہ کمال معرفت دریابی
از خود بگذر تا بخودت راہ دہند

خود را لشکنی کہ بت شکستن ایں است
در خود بگسل کہ زِ قید رستن ایں است
در گوشۂ خاطر عزیزاں جا کن
در مذہب ما گوشہ نشستن ایں است

حضرت خواجہ نقشبند رحمۃ اللہ علیہ کا شجرۂ نسب یہ ہے۔

خواجہ بہاء الدین محمد ابن سیّد محمد بخاری ابن امیر سیّد جلال الدین ابن امیر سیّد برہان الدین ابن امیر سیّد عبداللہ ابن امیر سیّد زین العابدین ابن امیر سیّد محمد قاسم ابن امیر سیّد شعبان ابن امیر سیّد برہان الدین قلیچ ابن امیر سیّد محمود اردبیلی ابن امیر سیّد بلاق ابن امیر سیّد نقی صوفی ابن امیر سیّد فخر الدین ابن امیر سیّد محمود علی اکبر ابن امام حسن عسکری ابن امام علی نقی ابن امام نقی ابن امام علی موسیٰ رضا ابن امام موسیٰ کاظم ابن امام جعفر صادق ابن امام محمد باقر ابن امام زین العابدین ابن امام حسین ابن امیر المومنین علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔

قدر گل و مل بادہ پرستاں دانند
نے خودمنشاں و تنگ دستاں دانند
از نقش تواں بہ سوئے بے نقش شدن
کیں نقشِ غریب نقشبندان دانند



حضرت خواجہ علاء الدینؒ عطار کے ایوان کے آثار

تصویر از "پرشین آرکیٹیکچر" بشکریہ پنجاب پبلک لائبریری لاہور

(۱۷)

حضرت خواجہ علاءالدّین عطّار قدس سرّہ

بُخارا ——— ○ ——— ۸۰۲ھ / ۱۴۰۰ء (بخارا قصبہ چغانیاں ماوراءالنہر)

مادۂ تاریخِ وفات

"ولی اللہ مخدوم"	"مقرّبِ بارگاہِ باری بودہ"
۸۰۲ھ	۸۰۲ھ

۱۷ حضرت خواجہ علاؤالدین عطار قدس سرہٗ

آپ حضرت خواجہ خواجگان خواجہ سید بہاء الدین نقشبند بخاری قدس سرہ کے خلیفۂ اول اور نائب مطلق تھے۔ آپ کا اسم مبارک محمد بن محمد بخاریؒ تھا۔ جب آپ کے والد ماجد نے وفات پائی تو آپ نے اُن کے ترکہ سے کوئی چیز قبول نہ کی اور حالتِ تجرید میں بخارا کے ایک مدرسہ میں تحصیل علوم میں مشغول ہو گئے۔ غور و سنا لگی میں ہی آپ کی طبیعت مبارک فقر کی طرف مائل تھی۔ ایک دن حضرت خواجہ نقشبندؒ قصرِ عارفاں سے اُس مدرسہ میں تشریف لائے جہاں آپ تعلیم حاصل کر رہے تھے۔ آپ ایک حجرہ میں پھٹے ہوئے بوریہ پر ایک اینٹ سرہانہ کی طرف رکھ کر مطالعہ میں مصروف تھے۔ حضرت خواجہ نقشبند کی نورانی شکل و صورت دیکھ کر آپ تعظیم کے لیے اُٹھ کھڑے ہوئے۔ حضرت خواجہ نقشبندؒ نے آپ میں آثارِ بزرگی دیکھ کر تھوڑے ہی عرصہ بعد اپنی صاحبزادی سے عقد کر دیا۔

جب طریقِ حق کی طلب آپ کے دل میں پیدا ہوئی تو علوم رسمی و ظاہری کا مطالعہ چھوڑ کر حضرت خواجہ نقشبند کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور شرف بیعت سے مشرف ہوئے۔ حضرت خواجہ نقشبندؒ کی آپ پر نظرِ خاص تھی۔ مجالس میں آپ کو اپنے پاس بٹھاتے اور بار بار آپ کی طرف توجہ ہوتے۔ بعضے محرموں نے حضرت خواجہؒ سے اس کا سبب دریافت کیا تو انہوں نے فرمایا کہ میں ان کو اپنے پاس بٹھاتا ہوں تاکہ اُن کو بھیڑیا نہ کھا جائے۔ ان کے نفس کا بھیڑیا میں ہے، اس لیے میں ہر لحظہ ان کا حال دریافت کرتا رہتا ہوں۔ چنانچہ حضرت خواجہ نقشبندؒ کی توجہات عالیہ سے آپ بہت جلد درجۂ کمال پر پہنچ گئے۔ حضرت خواجہؒ اپنی زندگی ہی میں سب طالبوں کی تربیت آپ کے سپرد کر دیتے تھے اور فرماتے تھے کہ علاؤالدین نے مجھے ہلکا کر دیا ہے۔

آپ سے بہت سے انوار و آثارِ ولایت بدرجۂ اتم و اکمل ظہور میں آئے اور آپ کے

حسن تربیت اور صحبت کی برکت سے بہت سے طالب دُوری اور نقصان کے درجہ سے قرب کی پیشگاہ پہ پہنچ گئے اور مرتبۂ کمال و تکمیل پہ فائز ہوئے. بعض بزرگوں سے سننے میں آیا ہے کہ قدوۃ المحققین حضرت سید شریف جرجانیؒ جو آپ کے اصحاب میں سے تھے، بارہا فرمایا کرتے تھے کہ جب تک میں شیخ زین الدینؒ کی صحبت میں نہ پہنچا، رفض سے رہائی پائی اور جب تک خواجہ علاؤالدین عطارؒ کی صحبت سے مشرف نہ ہوا، میں نے خدا کو نہ پہچانا

حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے دور میں طریقہ محمدیہ صدیقیہ، حضرت خواجہ عبدالخالق غجدوانی کے دور میں غجدوانیہ، حضرت بایزید بسطامی کے دور میں طیفوریہ اور شاہ بہاؤالدین کے دور میں نقشبندیہ، ہندوستان میں، اور حضرت مجدد الف ثانیؒ نے فرمایا کہ حضرت علاؤالدین عطار کے زمانہ میں طریقہ علائیہ حضرت مجدد الف ثانی کے دور میں نقشبندیہ مجددیہ، نقشبندیہ ابوالعلا کی شیوہونا

حضرت خواجہ علاؤالدین عطارؒ صاحب طریقہ خاص ہیں۔ اُن کے طریقہ کو طریقہ علائیہ کہتے ہیں۔ امام ربانی حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ، اپنے مکتوب گرامی ۲۹۰ دفتر اول میں فرماتے ہیں کہ

"تو اس طریقہ (نقشبندیہ) کا مبداء حضرت خواجہ نقشبندؒ ہیں اور وہ معیت ذاتیہ کے راستہ سے اُبھرتا ہے۔ اور وہ جذبہ حضرت خواجہؒ سے اُن کے خلیفۂ اوّل خواجہ علاء الدینؒ کو پہنچا۔ اور چونکہ آپ اپنے وقت کے قطب ارشاد تھے، اس لیے آپ نے بھی اس قسم کے جذبہ کے حصول کے لیے ایک طریقہ وضع فرمایا اور وہ طریقہ آپ کے خانوادہ کے خلفاء میں طریقہ علائیہ کے نام سے مشہور ہے. بلاشبہ یہ طریقہ کثیر البرکت ہے اور اس طریقہ کا تھوڑا حصہ بھی دوسروں کے بہت سے طریقوں سے زیادہ نافع ہے"

آپ کا فیض باطنی اس قدر تھا کہ حضرت خواجہ نقشبندؒ کی رحلت کے بعد تمام اصحاب نے آپ سے استفادہ کیا۔ یہاں تک کہ حضرت محمد پارسا المتوفی ۸۲۲ھ مدینہ منورہ بھی آپ سے بیعت کی حالانکہ اُن کے بارے حضرت خواجہ نقشبندؒ نے فرمایا تھا کہ "جو

دیکھنا چاہے وہ محمد پارسا کو دیکھے"۔

کرامات

(۱) بخارا میں علماء کی ایک جماعت کے درمیان رویتِ باری تعالیٰ میں مباحثہ ہوا۔ انہوں نے بالاتفاق حضرت خواجہ علاؤالدین عطارؒ کو ثالث تسلیم کیا۔ اور خدمت بابرکت میں حاضر ہو کر طالب فیصلہ ہوئے۔ آپ نے منکرین رویت سے جو مذہب معتزلہ کی طرف مائل تھے، فرمایا کہ تم تین دن چپ چاپ باوضو ہماری صحبت میں رہو۔ بعد ازاں ہم فیصلہ دیں گے۔ انہوں نے ایسا ہی کیا۔ تیسرے روز کے آخر میں اُن پر ایسی کیفیت طاری ہوئی کہ بے ہوش ہو کر زمین پر لوٹنے لگے۔ جب ہوش میں آئے تو نہایت نیاز مندی سے عرض کرنے لگے کہ ہم رؤیت حق پر ایمان لائے۔ اس کے بعد وہ کبھی حضرت خواجہ عطارؒ کی خدمت سے علیٰحدہ نہ ہوئے۔

(۲) آپ کے ایک مرید نے کسی عورت پر نظر بد ڈالی تو جب آپ کے پاس آیا تو ادھر اُدھر کی باتیں کرتا رہا مگر اس بات کا ذکر نہ کیا۔ آپ نے اُسے غصہ کی نظر سے دیکھ کر فرمایا کہ "وہ بات کہو ورنہ میں خود بتا دوں گا"۔ یہ سُن کر وہ بہت شرمندہ ہوا اور اُس عورت کا ذکر بھی کر دیا۔

(۳) آپ مرض الموت میں حضرت خواجہ بہاء الدین نقشبندؒ کو موجود دیکھتے، اُن سے باتیں کرتے اور اُن کی باتوں کو سنتے تھے۔

(۴) حضرت محمد پارسائؒ نے لکھا ہے کہ حضرت خواجہ علاء الدین عطارؒ اپنی وفات سے سات سال پہلے اوائل شعبان ۷۹۵ھ میں چغانیاں سے حضرت خواجہ بزرگ نقشبندؒ کے مزار مبارک کی زیارت کے لیے روانہ ہوئے۔ اور اٹھارہ روز کے بعد بخارا میں پہنچے۔ اور اوائل شوال میں واپس آئے۔ عید رمضان کی رات کو بخارا ہی میں تھے۔ اُس رات حضرت خواجہ نقشبندؒ کے ایک درویش نے خواب میں دیکھا کہ ایک بہت بڑی شاندار بارگاہ ہے۔ حضرت خواجہ علاء الدینؒ، حضرت خواجہ نقشبندؒ کے ساتھ اُس بارگاہ کے قریب ہیں۔ معلوم ہوا کہ وہ بارگاہ حضرت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی ہے۔ حضرت خواجہ نقشبندؒ زیارت کے لیے اُس بارگاہ میں داخل ہوئے اور تھوڑی دیر کے بعد وہاں سے نہایت خوش و خرم نکلے اور فرمایا کہ مجھے یہ کرامت عطا کی گئی ہے کہ جو شخص میری قبر کے گرد چاروں طرف سو سو فرسنگ کے اندر دفن ہو گا، میں

باذنِ الٰہی اُس کی شفاعت کروں گا۔ اور علاء الدین ؒ کو اُن کی قبر سے ہر طرف چالیس فرسنگ تک شفاعت کا مرتبہ عطا ہوا ہے۔ اور میرے محبّوں اور پیروی کرنے والوں کو اُن کی قبروں سے ایک ایک فرسنگ تک شفاعت کرنے کا مرتبہ ملا ہے۔

وفات آپ کی رحلت ۲۰ ماہ رجب ۸۰۲ھ / ۱۴۰۰ء شب بدھوار بعد نماز عشاء ہوئی۔ اور مدفن مبا قصبہ چغانیاں[1] علاقہ بخارا (بقول بعضے علاقہ ماوراء النہر) میں ہے۔

ارشاداتِ قدسیہ (۱) ریاضت سے مقصود جسمانی تعلقات کی پوری نفی اور عالم رو و عالمِ حقیقت کی طرف توجہ تام (مکمل توجہ) ہے اور سلوک مقصود یہ ہے کہ بندہ اپنے اختیار و کسب سے ان تعلقات سے جو موانع راہ ہیں، جائے۔ اور ان تعلقات میں سے ہر ایک کو اپنے اوپر پیش کرے۔ جس تعلق سے گز جائے وہ علامت ہے اس امر کی کہ وہ تعلق مانع نہیں اور غالب نہیں آیا۔ اور جس تعلق میں وہ ٹھہر جائے اور اُس سے اپنی وابستگی (قلبی وابستگی) پائے تو سمجھ لے ک وہ تعلق اس کے راستہ کا مانع ہو گیا ہے۔ اس کے قطع کی تدبیر کرے۔ ہمارے حضر خواجہ نقشبند ؒ جب کوئی نیا کپڑا پہنتے تو از روئے احتیاط فرما دیتے کہ یہ فلاں شخص کا ہے اور بطور عاریت (اُدھار) پہنتے

(۲) مُرشد کے ساتھ تعلق اگرچہ حقیقت میں عزیز ہے اور آخر میں اس کی بھی نفی کر چاہیئے مگر ابتدا میں یہ تعلق وصول کا سبب ہے اور اس کے ماسوا کی نفی کرنا لوا سلوک سے ہے۔ ہر طرح سے مُرشد کی خوشنودی طلب کرنی چاہیئے۔

(۳) بڑے بڑے مشائخ قدس اللہ تعالیٰ ارواحہم کا ارشاد ہے کہ:۔

التوفیق مع السعی — توفیق کوشش کے ساتھ ہے۔

---

[1] چغانیاں جسے عربی میں صغانیاں کہتے ہیں، ماوراء النہر میں ایک وسیع علاقہ کا نام ہے۔ جس سے اسی نام کا قصبہ ہے (معجم البلدان یاقوت حموی) واضح رہے کہ دریائے جیحوں سے مشرقی علاقہ ماوراء النہر اور مغربی علاقہ کو خراسان کہتے ہیں۔

اسی طرح مرشد کی روحانیت کی مدد، طالب کے بقدرِ کوشش ہوتی ہے۔ جو شیخ مقتدا کے امر سے ہو، بغیر اس کوشش کے مُرشد کی مدد کو بقا نہیں۔ کیونکہ طالب کی طرف شیخ کی توجہ چند روز سے زیادہ باقی نہیں رہتی۔

(۴) جب ملک و ملکوت[له] طالب سے پوشیدہ و فراموش ہو جائے تو یہ مرتبۂ فنا ہے اور جب سالک کی ہستی بھی سالک سے پوشیدہ ہو جائے تو یہ مرتبہ فناءِ فنا ہے۔

(۵) جباری کی صفت کے دیکھنے سے مقصود تضرع و زاری اور توبہ و انابت و توبہ اور عاجزی، کی صفت کا ظہور ہے۔ اور اس دید کی صحت کی نشانی مناجات کی طرف مائل ہونا ہے۔ نہ کہ خرابات (بت خانہ) کی طرف۔

فالهمها فجورها وتقوها	پس جی میں ڈالی اُس کے بدکاری اُس کی
(سورہ شمس)	اور اس کی پرہیزگاری۔

اس میں حکمت یہ ہے کہ جب رضا کا ارادہ و میلان دیکھے تو شکر کرے اور اُسی پر چلے اور جب عدم رضا کا ارادہ و میلان دیکھے تو تضرع کرے اور حق سبحانہ کی طرف رجوع کرے اور استغنار کی صفت سے ڈرے۔

(۶) خدا تعالیٰ کی سابقہ عنایت ازلی کا خیال کرنا چاہیئے اور اُس عنایت بے علت کی اُمیدواری اور اس کی عنایت کی طلب سے ایک لحظہ بھی غافل نہ ہونا چاہیئے۔ اور اپنے آپ کو استغنار سے بچانا چاہیے۔ اور اللہ تعالیٰ کی تھوڑی چیز کو بڑا سمجھنا چاہیئے اور استغنائے حقیقی کے ظہور سے ڈرتے اور کانپتے رہنا چاہیے۔

(۷) ولایت تب ثابت ہوتی ہے جبکہ سالک کو اوصافِ حیوانی کے ساتھ نہ چھوڑیں تاکہ اگر کوئی قصور سرزد ہو تو باز پرس ہو۔

اَلَا اِنَّ اَوْلِیَاءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ	آگاہ رہو کہ خدا کے دوستوں کے لیے کوئی

[له] ملک سے مراد عالمِ شہادت اور ملکوت سے مراد عالمِ غیب ہے۔ اسی طرح جبروت سے مراد انوارِ قاہرہ اور لاہوت سے عالم ذاتِ حق ہے۔

وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ (سورۂ یونس ع۷) خوف نہیں اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔
فرمایا کہ اس آیت کا یہ ہے کہ اولیاء اللہ کو سابقہ اوصافِ حیوانی کے ظہور کا خوف نہیں کیونکہ حضرات مشائخ کا ارشاد ہے کہ:۔

الفانی لا یرد الی اوصافہ	صاحب فنا، اپنے اوصاف کی طرف نہیں لوٹایا جاتا۔

(۸) مشائخ کبار قدس اللہ تعالیٰ ارواحہم کے مزارات سے زیارت کرنے والا اُسی قدر فیض لے سکتا ہے جس قدر اُس نے اُس بزرگ کی صفت کو پہچانا ہے اور اُس صفت کی طرف متوجہ اور اُس میں مستغرق ہوا ہے اگرچہ مزاراتِ مقدسہ کی زیارت میں ظاہری قرب کا بہت اثر ہے لیکن حقیقت میں ارواحِ مقدسہ کی طرف توجہ کے لیے ظاہر دُوری مانع نہیں ہے۔ حدیثِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں جو وارد ہے کہ

صلوا علی حیثما کنتم	تم مجھ پر درود بھیجو، جہاں کہیں تم ہو۔

یہ اس امر کا بیان اور دلیل قاطع ہے اور اس توجہ اور اس زیارت میں اہل قبور کی صفت کو پہچاننے کے مقابلہ میں اُن اہل قبور کی مثالی صورتوں کا چنداں مشاہدہ وقعت نہیں رکھتا۔ با ایں ہمہ حضرت خواجۂ بزرگ (حضرت خواجہ نقشبند رح) ارشاد فرماتے تھے کہ اللہ تعالیٰ کا مجاور ہونا مخلوق کی مجاورت سے اعلیٰ و اولیٰ ہے اور اکثر و بیشتر یہ شعر پڑھا کرتے تھے ؎

تو تا کے گورِ مرداں را پرستی بگرد کارِ مرداں گر دو رستی

اکابر دین رضوان اللہ علیہم اجمعین کے مزارات کی زیارت سے مقصود یہ ہونا چاہیئے کہ توجہ اللہ تعالیٰ کی طرف ہو اور اُس برگزیدۂ حق کی روح کو خدا کی طرف کمالِ توجہ پیدا کرنے کا وسیلہ بنائے۔ مخلوق کے ساتھ تواضع کی حالت میں چاہیئے کہ اگرچہ ظاہر میں تواضع مخلوق کے ساتھ ہو مگر حقیقت میں اللہ تعالیٰ کے ساتھ ہو کیونکہ مخلوق کے ساتھ تواضع اُس وقت پسندیدہ ہے کہ خالص اللہ تعالیٰ کے لیے ہو بدیں معنی کہ مخلوق کو خالق کی قدرو حکمت کے آثار کا مظہر سمجھے ورنہ یہ تصنع (بناوٹ) ہے نا کہ تواضع۔

(۹) مراقبہ کا طریق نفی واثبات کے طریق سے اعلیٰ اور اقرب بجذبہ الٰہیہ ہے۔ مراقبہ[1] سے وزارت اور ملک و ملکوت میں تصرّف کے مرتبہ پر پہنچ سکتے ہیں۔ خطرات سے آگاہی اور دوسرے پر بخشش کی نظر سے دیکھنا اور اس کے باطن کو منوّر کرنا دوام مراقبہ سے حاصل ہوتا ہے۔ اور مراقبہ کے ملکہ سے جمعیتِ خاطر کا دام اور دلوں میں قبولیت کا دوام حاصل ہوتا ہے۔ اس حالت کو جمع و قبول کہتے ہیں۔

(۱۰) خاموشی تین صفتوں سے خالی نہ ہونی چاہیئے۔ خطرات کی نگہداشت، دل کے ذکر کا مطالعہ اور مشاہدہ احوال جو دل پر گزرتا ہے۔

(۱۱) خطرات مانع نہیں۔ ان سے بچنا دشوار ہے۔ خطرات کا روکنا بڑا کام ہے۔ بعض کی رائے ہے کہ خطرات کا کچھ اعتبار نہیں لیکن خطرہ کو متمکن (جاگزیں، جگہ پکڑنے والا) نہ ہونے دینا چاہیئے کیونکہ اُس کے متمکن ہونے سے فیض کی انٹریوں میں سُدّہ پیدا ہو جاتا ہے۔ اس لیے ہمیشہ باطن کے حالات کی تلاش و جستجو چاہیئے۔ اور حضور یا غیبت (حاضری یا غیر حاضری) میں مُرشد کے حکم سے سانس لے کر اپنے آپ کو خالی کرنا بظاہر اُن خطرات کی نفی کے لیے ہے جو باطن میں متمکن ہو گئے ہوں۔ اس کا سبب یہ ہے کہ ہر معنی ایک صورت کے لباس میں ہوا کرتا ہے۔ اس لیے ہر وقت اپنے آپ کو اِن خطرات و موانع سے جو متمکن ہو گئے ہوں، سانس لے کر خالی کرنا چاہیئے۔

(۱۲) اپنے آپ سے غیبت اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ حضور بقدر عشق کے ہوتا ہے اور افراط محبت کا نتیجہ ہوتا ہے۔ عشق جس قدر زیادہ ہوتا ہے، اُسی قدر عاشق کو اپنے آپ سے غیبت اور معشوق کے ساتھ حضور زیادہ ہوتا ہے۔

(۱۳) اِس زمانہ میں وجوہِ معاش میں سے تجارت کی نسبت زراعت اور باغبانی حلّت (حلال ہونے) کے زیادہ قریب ہے۔

---

[1] حضرت خواجہ محمد معصوم رحمۃ اللہ تعالیٰ نے اس ارشاد کو حضرت خواجہ نقشبند قدس سرہ، سے منسوب کیا ہے۔ مکتوبات معصومیہ دفتر ثانی مکتوب ۱۱۳۔

(۱۴) اہل اللہ کی صحبت میں ہمیشہ رہنا عقل کی زیادتی کا ذریعہ ہے۔

(۱۵) صحبتِ سنّتِ مؤکدہ ہے۔ ہر روز یا ہر دوسرے روز اولیاء اللہ کی خدمت میں حاضر ہونا چاہیئے اور اُن کے آداب کو ملحوظ رکھنا چاہیئے۔ اگر ظاہری دُوری کا اتفاق ہو تو ہر مہینے یا ہر دوسرے مہینے اپنے ظاہری و باطنی حالات کو خطوں کے ذریعے سے عرض کرنا چاہیئے اور اپنے مکان میں اُن کی طرف متوجہ ہوکر بیٹھنا چاہیئے تاکہ غیبتِ کُلّی واقع نہ ہو۔

(۱۶) مرضِ موت میں آپ نے اپنے اصحاب سے فرمایا کہ رسم و عادت کو چھوڑ دو اور رسمِ خلق کے خلاف کرو اور ایک دوسرے سے اتفاق رکھو۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت بشریّت کی عادات و رسوم اٹھا دینے کے لیے تھی۔ تم ایک دوسرے کی مدد و تائید کرو۔ اور تمام کاموں میں عزیمت اور استقلال پر عمل کرو۔ جہاں تک ہو سکے عزیمت کو ہاتھ سے نہ دو۔ اہل اللہ کی صحبت سنّتِ موکدہ ہے۔ اس سنّت پر خصوصًا و عمومًا ہمیشگی کرو اور صحبت کو ہرگز ترک نہ کرو۔ اگر تم اُمور مذکورہ پر استقامت اور اولوالعزمی اختیار کرو گے تو اس سے تمہیں وہ حاصل ہوگا جو میری تمام عمر کا حاصل ہے۔ اور تمہارے حالات ترقی پر ہوں گے اور اگر تم ان وصیتوں پر عمل نہ کرو گے تو پریشان ہو جاؤ گے۔ اور پھر کلمہ طیبہ پڑھتے ہوئے اپنی جان آفرین کے سُپرد کر دی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔



حضرت خواجہ یعقوب بن عثمان چرخیؒ کے مزار شریف کی یادگار تصویر
تصویر از "مسلم ان دی یو۔ ایس۔ آر" بشکر دربارِ عالیہ مرشد آباد شریف پشاور

(۱۸)

حضرت خواجہ یعقوب بن عثمان چرخی قدس سرہ

چرخ (نزد غزنی) — سنہ ۷۶۲ھ — ۱۳۶۰ء

سنہ ۸۵۱ھ — ۱۴۴۷ء

ہفتواب "گلستان" نزد
دوشنبہ، دارالحکومت
تاجیکستان (رُوس)

مادہ تاریخ وفات

"شمس الھدایت"

۸۵۱ھ

"ابرِ رحمت"

۸۵۱ھ

۱۸۔ حضرت خواجہ یعقوب بن عثمان چرخی قدس سرہ

آپ حضرت خواجۂ بزرگ سیّد بہاء الدین نقشبند قدس سرہ، کے ارشد اصحاب میں سے ہیں۔ لیکن چونکہ آپ کی تکمیل حضرت خواجہ علاء الدین عطار قدس سرہٗ سے ہوئی بدیں وجہ اُن ہی کے الفاظ میں شمار ہوتے ہیں۔ آپ موضع چرخ علاقہ غزنی (افغانستان) میں ۷۹۶ھ میں پیدا ہوئے۔ آپ کا نام و نسب یوں ہے:۔ خواجہ یعقوب بن عثمان بن محمود بن محمد بن محمود الغزنوی ثم الچرخوی السہرزی المعروف یعقوب چرخی۔

آپ نے اپنی تفسیر میں چند جگہوں پر اپنے والد بزرگوارؒ کا ذکر کیا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ارباب علم و مطالعہ میں سے تھے۔ اور پارسا اور صوفی تھے۔ ان کی ریاضت کا یہ حال تھا کہ روز پڑوسی کے گھر سے پانی لائے۔ چونکہ پانی یتیم کے پیالہ میں تھا، اس لیے نہ پیا۔ آپ نے یہ رباعی اپنے والد بزرگوارؒ سے پڑھی تھی۔ ؎

جُز فضلِ تو راہ کے نماید مارا — جُز جودِ تو بندگی کہ شاید مارا
گر چلۂ ہر دو کون طاعت داریم — بے لطفِ تو کار بر نیاید مارا

آپ نے جامع ہرات اور دیارِ مصر میں تعلیم حاصل کی۔ حضرت شیخ زین الدین خوافی (م ۸۳۲ یا ۸۳۴ یا ۸۳۸ھ) آپ کے ہم درس تھے۔ اور آپ نے حضرت مولانا شہاب الدین (جو اپنے زمانے کے مشہور عالم تھے) سے تلمذ کیا اور فتویٰ کی اجازت علمائے بخارا سے پائی۔

حضرت خواجہ بہاء الدین نقشبندؒ کی خدمت میں حاضر ہونے سے پہلے آپ کو اُن سے عقیدت اور محبت تھی۔ جب آپ اجازتِ فتویٰ حاصل کر کے بخارا سے واپس چرخ آئے تو ایک دن حضرت خواجہ نقشبندؒ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور نہایت عاجزی و

انکساری سے عرض کیا: "میری طرف توجہ فرمائیں۔" حضرت خواجہ قدس سرہ، نے فرمایا؟ "کیا اس وقت جبکہ تم سفر کی حالت میں ہو"؟ آپ نے عاجزی سے کہا: "میں آپ کی خدمت میں رہنا چاہتا ہوں۔" حضرت خواجہؒ نے فرمایا کہ کیوں؟ آپ نے عرض کیا: "اس لیے کہ آپ بزرگ ہیں اور عوام الناس میں مقبول ہیں۔" حضرت خواجہ قدس سرہٗ نے فرمایا کہ: "کوئی اچھی دلیل؟ ممکن ہے کہ یہ قول شیطانی ہو۔" آپ نے بڑے ادب و احترام سے کہا: "صحیح حدیث میں ہے کہ جس وقت اللہ تعالیٰ بندے کو اپنا دوست بناتا ہے۔ اس کی محبت اپنے بندوں کے دل میں ڈال دیتا ہے۔" حضرت خواجہ نقشبند رحمۃ اللہ علیہ نے تبسم فرماتے ہوئے کہا: "ما عزیزانیم۔" اُن کے یہ فرمانے سے آپ کا حال دگرگوں ہوگیا۔ کیونکہ اس واقعہ سے ایک ماہ قبل انہوں نے خواب میں دیکھا تھا کہ حضرت نقشبندؒ ان سے فرماتے ہیں: "مریدانِ عزیزان شو۔" اور آپ یہ خواب بھول چکے تھے۔ جب حضرت خواجہؒ نے فرمایا کہ "ما عزیزانیم"، تو آپ کو وہ خواب یاد آگیا۔

اس کے بعد آپ نے حضرت خواجہ نقشبندؒ سے التماس کی کہ میری طرف بھی توجہ فرمائیں۔ حضرت خواجہؒ نے فرمایا: "ایک شخص نے حضرت عزیزان علیہ الرحمۃ والرضوان سے توجہ کی تو انہوں نے فرمایا کہ "غیر توجہ ہمیں نہیں رہتا۔ کوئی چیز ہمارے پاس رکھو تاکہ جب میں دیکھوں تو تم یاد آجاؤ۔"

پھر حضرت خواجہ نقشبندؒ نے آپ سے فرمایا کہ "تمہارے پاس تو ایسی چیز نہیں کہ میں پاس رکھ جاؤں لہٰذا ہمارا کلاہ ساتھ لے جاؤ، جب اسے دیکھ کر ہمیں یاد کرو گے تو ہمیں اور اس کی برکت تمہارے خاندان میں رہے گی۔" پھر فرمایا: "اس سفر میں مولانا تاج الدین کو ضرور ملنا کہ وہ ولی اللہ ہیں۔ پھر آپ نے حضرت خواجہ نقشبندؒ سے سفر کی اجازت لی اور بخارا سے بلخ کی طرف چل پڑے۔ اتفاق سے انہیں کوئی ضرورت پیش آئی اور ایسا ہوا کہ وہ بلخ سے کولک کی طرف روانہ ہوئے اور اس سفر میں انہیں حضرت خواجہ نقشبندؒ کا ارشاد یاد آیا جس میں انہوں نے حضرت مولانا تاج الدین دشتی کولکیؒ سے ملاقات کرنے کے لیے فرمایا تھا۔

آپ نے تلاش بسیار کے بعد حضرت مولانا تاج الدین دشتیؒ کو پالیا۔ اس

مولانا دشتیؒ کا جو رابطۂ محبت حضرت خواجہ نقشبندؒ سے تھا، نے آپ کے دل پر اس قدر اثر کیا کہ وہ دوبارہ بخارا کی طرف چل پڑے اور ارادہ کیا کہ جاکر حضرت خواجہ نقشبندؒ کے دست مبارک پر بیعت کریں گے۔

بخارا میں ایک مجذوب تھے جن سے آپ (خواجہ یعقوب چرخی) کو بڑی عقیدت تھی۔ آپ نے اُن کو سرِ راہ بیٹھے دیکھا تو اُن سے پوچھا: "کیا میں حضرت خواجۂ نقشبندؒ کی خدمت میں جاؤں؟" انہوں نے کہا: "جلدی جاؤ۔" اُس مجذوب نے اپنے سامنے زمین پر بہت سی لکیریں کھینچیں۔ آپ نے اپنے دل میں خیال کیا کہ میں اِن لکیروں کو گنتا ہوں، اگر مفرد ہوئیں تو میرے ارادے کی تکمیل ہوں گی کیونکہ اِنَّ اللّٰہَ فَرْدٌ وَّ یُحِبُّ الْفَرْدَ (خدا ایک ہے اور ایک کو پسند کرتا ہے) چنانچہ لکیروں کو گنا تو وہ مفرد تھیں۔

اس واقعہ کے بعد آپ کا اشتیاق بڑھا کہ وہ خواجۂ نقشبندؒ کی خدمت میں جائیں اور اُن کے مریدوں میں شامل ہو کر اُن کی نظرِ التفات سے مشرف ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو ہدایت نصیب فرمائی اور آپ کو یقین ہو گیا کہ حضرت خواجہ نقشبندؒ کامل و مکمل ولی اللہ ہیں۔ غیبی اشاروں اور واقعات کے بعد آپ نے قرآن مجید سے فال نکالی تو یہ آیت سامنے آئی۔

اولئك الذين هدى الله فبهدهم اقتدة۔ (پارہ۔ سورۃ انعام۔ رکوع ۱۰)	یہ وہ لوگ ہیں جن کو اللہ نے ہدایت دی۔ پس تو اُن کی ہدایت کی پیروی کر۔

شام کے وقت آپ اپنے مسکن فتح آباد میں حضرت شیخ سیف الدین الباخرزی (المتوفی ۶۵۹ھ) کے مزار مقدس کی طرف متوجہ ہو کر بیٹھے تھے کہ اچانک قبولِ الٰہی کا ایک قاصد آپہنچا جس کے دل میں باطنی بے قراری پیدا ہوئی۔ اسی وقت حضرت خواجہ نقشبند رحمۃ اللہ علیہ کی طرف سے جب حضرت خواجہؒ کی امامت گاہ قصرِ عارفاں (حضرت خواجہؒ کی ولادت سے پہلے موضع کا نام "کوشک ہندواں" تھا) پہنچے تو حضرت خواجہؒ سرِ راہ اُن کے منتظر تھے اور بڑے لطف و احسان سے پیش آئے۔

اس کے بعد آپ نے حضرت خواجۂ خواجگان خواجہ نقشبند کی خدمتِ بابرکت میں درخواست کی کہ از راہِ کرم مجھے اپنے حلقۂ ارادت میں شامل فرما کر اپنی غلامی میں قبول فرمائیں۔ حضرت

خواجہ نقشبند رحمہ نے ارشاد فرمایا کہ حدیث شریف میں ہے:۔

العلم علمان، علم القلب فذٰلك علم نافع علم الانبیاء والمرسلین والعلم اللسان فذلك حجة الله علیٰ ابن آدم۔

علم دو ہیں۔ ایک قلب کا علم جو نفع بخش ہے اور یہ نبیوں اور رسولوں کا علم ہے۔ دوسرا زبان علم اور یہ بنی آدم پر حجت ہے۔

اُمید ہے کہ علم باطن سے تمہیں کچھ نصیب ہوگا۔ اور فرمایا کہ حدیث شریف میں آیا ہے:۔

اذا جالستم اهل الصدق فاجلسوهم بالصدق فانهم جواسیس القلوب یدخلون فی قلوبکم و ینظرون الیٰ همکم

جب تم اہل صدق کی صحبت میں بیٹھو تو اُن پاس صدق سے بیٹھو، کیونکہ وہ دلوں کے بھید جانتے ہیں، وہ تمہارے دلوں میں ہو جاتے ہیں اور تمہارے ارادوں اور نیتوں کو دیکھ لیتے ہیں۔

اور ہم مامور ہیں، ہم خود کسی کو قبول نہیں کرتے۔ آج رات دیکھیں گے کہ کیا اشارہ ہوتا ہے اُسی پر ہی عمل کیا جائے گا۔ اور اگر انہوں نے تجھے قبول کیا تو ہم بھی قبول کر لیں گے۔

یہ رات آپ پر بڑی بھاری تھی، آپ کو یہ غم کھائے جا رہا تھا کہ شاید حضرت خواجہ مجھے قبول نہ کریں۔ اگلے روز آپ نے فجر کی نماز حضرت خواجہ نقشبند رحمہ کے ساتھ ادا کی۔ نماز کے بعد حضرت خواجہ قدس سرہ نے آپ کو مخاطب کر کے فرمایا:۔

"مبارک ہو کہ اشارہ قبول کرنے کا آیا ہے۔ ہم کسی کو قبول نہیں کرتے اور اگر قبول کریں تو دیر سے قبول کرتے ہیں تاکہ دیکھیں کہ کوئی کس نیت سے آتا ہے اور کس وقت آتا ہے"

اس کے بعد حضرت خواجہ نقشبند رحمہ نے اپنے مشائخ کا سلسلۂ طریقت حضرت خواجہ عبدالخالق غجدوانی قدس سرہ العزیز تک بیان فرمایا اور پھر آپ کو وقوف عددی میں مشغول کیا اور فرمایا

"یہ علم لدنی کا پہلا سبق ہے جو حضرت خواجہ خضر علیہ السلام نے حضرت خواجہ بزرگ خواجہ عبدالخالق غجدوانی رحمۃ اللہ علیہ کو پڑھایا تھا۔

شرفِ بیعت حاصل کرنے کے بعد آپ ایک عرصہ تک حضرت خواجہ نقشبند رحمہ

صحبت میں رہے اور اس دوران حضرت خواجہ علاء الدین عطار رحمۃ اللہ علیہ سے تکمیل تعلیم و تربیت کرتے رہے۔ پھر حضرت خواجہ نقشبند رحمۃ نے آپ کو بخارا سے جانے کی اجازت مرحمت فرمائی اور بوقت رخصت فرمایا:۔

"ہم سے جو کچھ تمہیں ملا ہے اس کو بندگانِ خدا تک پہنچاؤ تاکہ سعادت کا موجب بنے"

پھر تین بار فرمایا "ترا بخدا سپردیم"۔ | "ہم نے تجھے خدا کے سپرد کیا" اور ساتھ ہی اشارۃً حضرت خواجہ علاء الدین عطار رحمۃ اللہ علیہ کی پیروی کرنے کا حکم فرمایا۔

اس سپرد کرنے سے آپ کو بہت اُمید ہوگئی۔ کیونکہ حدیث شریف میں ہے:۔

ان اللہ تعالیٰ اذا استودع شئ حفظہ۔ | جب کوئی چیز حوالۂ خدا کی جائے تو اللہ تعالیٰ اس کی حفاظت کرتا ہے۔

جب آپ بخارا سے چل کر شہر کش (اصفہان یا ماوراء النہر کا ایک گاؤں) میں پہنچے اور کچھ عرصہ مقیم رہے تو اُسی اثنا میں حضرت خواجۂ خواجگان خواجہ نقشبند رحمۃ اللہ علیہ کی وفات کی خبر ملی۔ آپ کو بڑا صدمہ ہوا اور ساتھ ہی خوف بھی دامنگیر ہوا کہ مبادا عالم طبیعت کی طرف پھر میلان ہو جائے اور طلب کی خواہش نہ رہے۔ آپ نے حضرت خواجہ نقشبند رح کی روح کو دیکھا تو انھوں نے حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ کا تذکرہ کیا اور یہ آیت پڑھی:۔

وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ؕ اَفَاۡئِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ ۚ (آل عمران رکوع ۱۵)

اور محمد تو ایک رسول ہیں۔ ان سے پہلے بہت رسول ہو چکے۔ تو کیا اگر وہ انتقال فرمائیں یا شہید کر دیئے جائیں، تم اُلٹے پاؤں پھر جاؤ گے۔

چونکہ آپ حضرت خواجہ نقشبند کی صحبت سے محروم ہو گئے تھے لہٰذا خیال ہوا کہ درویشوں کے کسی دوسرے گروہ سے جا ملیں اور ان کے طریقہ میں مشغول ہو جائیں۔ پھر آپ نے عالم روحانی میں حضرت خواجہ کو دیکھا کہ فرماتے ہیں:۔

ان زید بن الحارثہ الدین واحد | فرمایا زید بن حارثہ رضؓ نے کہ دین ایک ہی ہے۔

اس سے آپ سمجھ گئے کہ اجازت نہیں ہے۔ آپ نے صحابہ کرام میں سے حضرت زید بن حارثہؓ کی تخصیص اس لیے فرمائی کہ حضرت زیدؓ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے منہ بولے بیٹے تھے اور چونکہ ہمارے حضرات خواجگان قدس اللہ تعالیٰ ارواحہم طالبوں کو اپنی فرزندی میں قبول فرماتے ہیں، پس اُن کے اصحاب اُن کے مُنہ بولے بیٹے ہوتے ہیں۔ واللہ اعلم۔

ایک دفعہ پھر آپ نے حضرت خواجہ نقشبند قدس سرہٗ کو عالمِ روحانی میں دیکھا۔ تو اُن سے دریافت کیا کہ میں کون سا عمل کروں جس کے ہونے سے آپ کو قیامت میں پالوں۔ انہوں نے فرمایا کہ شریعت محمدی پر عمل کرنے سے"۔

ان تین بشارتوں سے حضرت خواجہ نقشبندؒ کے اس ارشاد کی طرف اشارہ ہوا جو آپ عالمِ حیات میں فرمایا کرتے تھے کہ ہم نے جو کچھ پایا وہ بفضلِ الٰہی

(۱) قرآن و حدیث پر عمل کرنے سے اور اُس عمل سے نتیجہ طلب کرنے سے

(۲) تقویٰ و حدودِ شرعیہ کی رعایت ملحوظ رکھنے اور عزیمت پر سے۔

(۳) طریقۂ اہل سنت و جماعت پر چلنے سے اور بدعت سے پرہیز کرنے سے پایا۔

کچھ عرصہ موضع کش میں قیام کرنے کے بعد آپ بدخشاں چلے گئے۔ یہاں پہنچنے پر آپ چغانیاں سے حضرت خواجہ علاء الدین عطار قدس سرہ کا مکتوب گرامی ملا جس میں انہوں نے آپ کو اپنی متابعت کا اشارہ کیا۔ آپ چغانیاں کو روانہ ہو گئے اور حضرت خواجہ عطارؒ کی صحبت کا شرف حاصل کیا۔ آپ چند برس تک اُن کی صحبت میں رہے، حضرت خواجہ علاء الدین عطارؒ آپ پر بے حد لطف فرماتے تھے۔

جب حضرت خواجہ علاء الدین عطارؒ نے ۷۰۲ھ میں اس دارِ فانی سے عالمِ باقی کی رحلت فرمائی تو اس کے بعد حضرت خواجہ محمد یعقوب چرخی رحمۃ اللہ علیہ چغانیاں واپس حصار آ گئے اور حضرت خواجہ خواجگان نقشبندؒ کے اس ارشاد کی تعمیل کرتے "جو کچھ ہم سے تمہیں پہنچا ہے اُسے بندگانِ خدا تک پہنچا دینا اور مناسب حال حاضرین کو بطریق خطاب اور غائبین کو بذریعہ خط و کتابت تبلیغ کرنا آپ کی بہت سی کرامات ہیں مگر بخوفِ طوالت ایک کرامت درج کی جاتی ہے

جب حضرت خواجہ عبید اللہ احرار قدس سرہ آپ سے بیعت ہونے لگے تو آپ کے روئے مبارک پر کچھ چتیاں (داغ اور دھبے) دیکھ کر اُن کے دل میں کچھ کراہت پیدا ہوئی۔ آپ کو یہ خطرہ معلوم ہو گیا اور ایسی نورانی شکل میں نمودار ہوئے کہ بے اختیار اُن کا دل آپ کی طرف کھنچا گیا اور بیعت ہو گئے۔ (تفصیل خواجہ احرارؒ کے حالات میں آئے گی)

آپ کی وفات حسرت آیات ۱۵ صفر ۸۵۱ھ کو ہوئی۔ مزار مبارک ہلفتو نزد حصار میں ہے۔ آج کل روسی حکومت نے ہلفتو کا نام گلستان رکھ دیا ہے۔

آپ یعنی حضرت خواجہ یعقوب چرخیؒ کبھی کبھی شعر بھی کہتے تھے۔ یہ رباعی آپ کی ہے:

تا در طلبِ گوہر کانی کانی — تا زندہ بوی وصل جانی جانی
فی الجملہ حدیث مطلق از من شنو — ہر چیز کہ در جستن آنی آنی

آپ کی بہت سی تصنیفات ہیں۔ جن کے نام اور تفصیل معلوم ہو سکی ہے، وہ درج ذیل ہیں،

۱۔ تفسیر یعقوب چرخیؒ اس میں تسمیہ، تعوذ اور فاتحہ کے علاوہ آخری دو پاروں کی تفسیر موجود ہے۔ یہ ۸۵۱ ہجری میں مکمل ہوئی۔ کئی بار چھپ چکی ہے۔ ایک مرتبہ ۱۳۰۸ھ میں لکھنؤ سے چھپی۔ اور ایک بار اسے حاجی عبدالغفار ولسران تاجران کتب ارگ بازار قندھار (افغانستان) نے ۱۳۳۱ھ میں مطبع اسلامیہ اسٹیم پریس لاہور سے چھپایا ہے۔

۲۔ رسالہ نائید اس کا موضوع شرح دیباچہ مثنوی معنوی (مثنوی مولانا رومؒ) ہے۔ اور اس کے آخر میں آپ نے حکایت بادشاہ اور کنیزک، داستانِ شیخ دقوقی اور شیخ محمد سرورزی کا اضافہ کیا ہے۔ رسالہ نائید جامیؒ کے ہمراہ (ص ۹۵ تا ۱۵۸) انجمن تاریخ افغانستان کابل نے ۱۳۳۶ ہجری میں شائع کیا ہے اور اس پر خلیل اللہ خلیلی نے حواشی اور مقدمہ تحریر کیا ہے۔

۳۔ رسالہ انیسیہ یہ رسالہ تبصیح جناب اعجاز احمد بدایونی مجموعہ ستہ ضروریہ" (مجموعہ رسائل حضراتِ نقشبندیہ) میں (ص ۱۵ تا ۲۷) مطبع مجتبائی دہلی سے ۱۳۱۲ھ میں چھپ چکا ہے ۱۹۸۱ء میں علامہ اقبال احمد فاروقی مالک مکتبہ نبویہ گنج بخش روڈ

لاہور نے رسائل نقشبندیہ کا اردو ترجمہ شائع کیا جس میں رسالہ انسیہ ص ۸۵ تا ۱۲۶ شامل کیا گیا۔ ۱۹۸۳ء میں یہ رسالہ تصحیح و ترجمہ و مقدمہ محمد نذیر رانجھا، مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان اسلام آباد نے مکتبہ دائرہ ادبیات ڈیرہ اسماعیل خاں کے اشتراک کے ساتھ چھاپا۔ ہمارے پیش نظر آخری دونوں ایڈیشن ہیں۔ یہ رسالہ ان فصول پر مشتمل ہے۔ فضیلت دوام وضو، ذکر خفی، نفلی نمازیں، خاتمہ۔ بعض فوائد جو مصنف کو حضرت خواجہ نقشبندؒ اور ان کے خلیفہ خواجہ علاء الدین عطارؒ سے پہنچے

۴۔ شرح رباعی ابوسعید ابی الخیرؒ

مطبوعہ کے متعلق علم نہیں ہوا۔ کتابخانہ گنج بخش مرکز تحقیقاتِ فارسی ایران و پاکستان اسلام آباد کے مجموعہ ۱۲ رسائل خطی میں اس کا ایک قلمی نسخہ (ص ۱۵۴ تا ۱۶۱) موجود ہے اس کا نمبر ۴۸۴ ہے۔ کاتب نے آخر میں اس کا نام "جمالیہ" لکھا ہے۔ اس مجموعہ کے گیارہویں رسالے کے آخر میں تاریخ کتابت ۱۱۰۰ھ درج ہے۔ اور تمام مجموعہ ایک خط میں تحریر ہے۔

۵۔ ابدالیہ

اس کا موضوع "اثباتِ وجودِ اولیاء اور اُن کے مراتب" ہے۔ اس کا اردو ترجمہ پہلی بار محمد نذیر رانجھا نے کیا ہے جو اپریل ۱۹۷۸ء میں اسلامک بک فاؤنڈیشن لاہور کی جانب سے چھپ چکا ہے۔ نیز موصوف ہی کا تصحیح کردہ فارسی متن مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان اسلام آباد نے جون ۱۹۷۸ء میں شائع کیا ہے۔ ہمارے پیش نظر دونوں ایڈیشن ہیں۔

۶۔ شرح اسماء اللہ

اس کے دیباچے میں آپ نے لکھا ہے کہ اس سے پہلے علمائے طریقت نے اسماء اللہ کی عربی و فارسی میں متعدد شرح لکھی ہیں۔ میں نے اُن کے فوائد فارسی میں اکٹھے کئے ہیں تاکہ خاص و عام کو اس سے فائدہ پہنچے۔

مخطوطات

(۱) راولپنڈی، گولڑہ شریف، کتابخانۂ دربار پیر مہر علی شاہ، علیہ، خط نستعلیق، کتابت تیرھویں صدی ہجری، ۲۸ صفحہ، ۱۵

(ب) اٹک، مکھڈ شریف، کتاب خانہ مولانا محمد علی رحمہ در ملک محمد صالح، خط نستعلیق، کتابت گیارھویں صدی ہجری، ۲۲ ص۔

۷۔ قرآن شریف کا تاجک زبان میں ترجمہ

تاجک زبان میں سب سے پہلے قرآن شریف کا ترجمہ پانچ سو سال قبل کیا گیا تھا جو آپ نے یعنی خواجہ یعقوب چرخی نے کیا تھا ۱۹۸۲ء میں سوویت تاجکستان کے دارالخلافے دوشنبے کے نواح میں واقع ایک مسجد کو اُن کا نام دیا گیا ہے۔

۸۔ رسالہ دربارۂ اصحاب و علاماتِ قیامت

بخطِ نستعلیق ۱۳ ویں ہجری، کاتب محمد بن املا آدینہ خواجہ الیتر خانی سرای، بروز چہار شنبہ صفر، آغاز ناقص (مجموعہ مخطوطات نمبر ۸، ۴، ۵ بنیاد خاورشناسی تاشکند، نسخہ ہائی خطی (جلد ۹ ص ۱۷۸) زیر نظر محمد تقی دانش پژوہ، تہران ۱۳۵۸۔

ارشاداتِ قدسیہ

(۱) حضرت خواجہ عبید اللہ احرار قدس سرہ، کا بیان ہے کہ حضرت خواجہ یعقوب چرخی رحمۃ اللہ علیہ، شیخ زین الدین خوافی رحمۃ اللہ علیہ کے ساتھ ملک مصر میں مولانا شہاب الدین سیرامی کی خدمت میں ہم سبق رہے ہیں۔ ایک دن آپ نے مجھ سے پوچھا کہ کہتے ہیں کہ شیخ زین الدین رح حل وقائع اور خوابوں کی تعبیر کا شغل رکھتے ہیں اور اس بارے میں اہتمام تمام رکھتے ہیں۔ ہم نے عرض کیا، "ہاں درست ہے"۔ پھر آپ ایک ساعت بے خود ہو گئے۔ آپ کا طریقہ یہ تھا کہ ساعت بساعت بے خود ہو جایا کرتے تھے۔ جب ہوش میں آئے تو آپ نے یہ بیت پڑھی ؎

چوں غلام آفتابم ہم از آفتاب گویم نہ شنبم نہ شب پرستم کہ حدیثِ خواب گویم

(۲) فرماتے تھے کہ شہر ہرات کے اوقاف میں سے تین جگہ کے سوا کوئی چیز نہیں کھا سکتے۔ یعنی حضرت خواجہ عبداللہ انصاری کی خانقاہ، خانقاہِ ملک میں اور مدرسہ غیاثیہ میں۔ ان تینوں کے سوا کوئی اور جگہ کہ جہاں وقف میں شک نہ ہو، نہیں ہے۔ اسی واسطے ماوراء النہر کے اکابر قدس اللہ تعالیٰ

ارواحہم نے اپنے مریدوں کو ہرات کے سفر سے منع کیا ہے کیونکہ وہاں حلال کم ہے۔ جب سالک حرام میں مبتلا ہو جاتا ہے تو عالم طبیعت کی طرف رجعت تہقری (سابقہ حالات کی طرف لوٹنا) کرتا ہے اور راہِ مستقیم کے سلوک سے منحرف ہو جاتا ہے۔

(۳) حضرت خواجہ نقشبند رحمہ نے فرمایا تھا کہ "تیرا ہاتھ ہمارا ہاتھ ہے، جس کسی نے تیرا ہاتھ پکڑا، اُس نے ہمارے ہاتھ کو پکڑا ہے"۔



حضرت خواجہ عبید اللہ احرار رحمۃ اللہ علیہ کے مقبرہ و خانقاہ شریف کی یادگار تصویر
تصویر از "مستاریخ نظم و نثر"۔ لشکریہ خانہ فرہنگ جمہوری اسلامی ایران راولپنڈی

۱۹

حضرت خواجہ ناصر الدین عبید اللہ احرار قدس سرّہ

یاغستان نزد تاشقند (روس) ۸۰۶ھ / ۱۴۰۴ء — ۸۹۵ھ / ۱۴۹۰ء شہر سمرقند (روس)

مادۂ تاریخ وفات

"مرشد عارف"
۸۹۵ھ

"جودِ شاہِ تصوّف"
۸۹۵ھ

"تاج ملک عرفان"
۸۹۵ھ

حضرت خواجہ ناصرالدین عبیداللہ احرار قدس سرہٗ

زد بجہان نوبتِ شاہنشہی — کوکبۂ فقر عبید اللہی
آنکہ ز حریتِ فقر آگہ است — خواجۂ احرار عبیداللہ است

مولانا جامی رح

آپ کا نام عبیداللہ ہے۔ ناصرالدین لقب ہے کیونکہ آپ سے دین اسلام کو نصرت ہی۔ احرار بھی آپ کا لقب ہے جو اصل میں خواجۂ احرار ہے۔ اس لقب میں آپ کی بڑی قبت ہے کیونکہ اہل اللہ کے نزدیک حرّ (واحد احرار) اُسے کہتے ہیں، جو عبودیت مدود کو بدرجۂ کمال قائم کرے اور اغیار کی غلامی سے نکل جائے۔ استعمال میں بعض ت لفظ خواجہ کو حذف کر کے فقط احرار کہتے ہیں۔

آپ کی ولادت باسعادت یاغستان مضافات تاشقند میں ماہ رمضان المبارک ۸۰۶ھ میں ہوئی۔ مادۂ تاریخ ولادت "تاج عارفاں" ہے۔ والد گرامی کا اسم مبارک ود بن شہاب الدین ہے آپ حضرت خواجہ محمد باقی بغدادی رح کی اولادِ امجاد سے ہیں درزادولی تھے۔ والدہ ماجدہ شیخ عمر یاغستانی کی اولاد سے تھیں۔ اور حضرت خواجہ ود شاشی دختر اختر تھیں۔ ولادت کے بعد چالیس دن تک جو کہ ایام نفاس ہیں، آپ نے اپنی والدہ ماجدہ کا دودھ نہ پیا۔ جب انہوں نے نفاس سے پاک ہو کر غسل کیا پینا شروع کر دیا۔

بچپن ہی سے آثارِ رشد و ہدایت اور انوارِ قبول و عنایتِ الٰہی آپ کی پیشانی نمایاں تھے۔ تین چار سال کی عمر سے نسبتِ آگاہی بحق سبحانہ تعالیٰ حاصل تھی۔ مگر وہی نسبت غالب تھی۔ آپ کے جدّ امجد خواجہ شہاب الدین رح جو کہ قطب وقت

تھے، کا جب وقتِ اخیر ہوا تو اپنے پوتوں کو الوداع کہنے کے لیے بلایا۔ خواجہ احرار اس وقت بہت چھوٹے تھے، جب جدِّ امجد کے حضور گئے تو وہ ان کو دیکھ کر تعظیم کے لیے کھڑے ہو گئے۔ اور پھر گود میں لے کر فرمایا کہ اس فرزند کے بارے میں مجھ کو بشارتِ نبوی ہے کہ یہ پیر عالمگیر ہو گا۔ اور اس سے شریعت و طریقت کو رونق حاصل ہو گی۔

آپ بچپن ہی میں مزاراتِ مشائخ پر حاضر ہوتے۔ جب سنِ بلوغ کو پہنچے تو تاشقند کے مزارات کی گشت کر آتے۔ آپ کے ماموں خواجہ ابراہیمؒ کو آپ کی تعلیم کا بڑا خیال تھا، بدیں وجہ وہ آپ کو تاشقند سے سمرقند لے گئے۔ مگر شغل باطنی کا غلبہ علم ظاہری کی تحصیل سے مانع رہا۔

خواجہ فضل اللہ ابو اللیثیؒ (جو سمرقند کے اکابر علماء میں سے تھے) فرماتے تھے کہ ہم خواجہ عبید اللہ احرار کے باطن کے کمال کو نہیں جانتے مگر اتنا جانتے ہیں کہ انہوں نے بحسب ظاہر علوم رسمی سے بہت کم پڑھا ہے۔ اور ایسا دن کم ہو گا کہ وہ تفسیر قاضی بیضاوی میں ہمارے سامنے کوئی شُبہ (شک، گمان) پیش کریں اور ہم سب اس کے حل سے عاجز نہ آئے ہوں۔ بائیس ۲۲ برس کی عمر سے انتیس ۲۹ برس کی عمر تک آپ سفر ہی میں رہے اور اس عرصہ میں آپ کو بہت سے مشائخ زمانہ کی خدمت میں حاضر ہونے کا موقعہ ملا۔ چنانچہ سمرقند میں آپ اکثر مولانا نظام الدین خلیفۂ حضرت علاؤالدین عطار قدس سرہٗ کی صحبت میں حاضر ہوتے تھے۔ آپ کی تشریف آوری سے ایک روز قبل مولانا نے مراقبہ کے بعد نعرہ مارا۔ جب سبب دریافت کیا گیا تو فرمایا مشرق کی طرف سے ایک شخص نمودار ہوا جس کا نام عبید اللہ احرار ہے۔ اُس نے تمام روئے زمین کو اپنی روحانیت میں لے لیا ہے اور وہ عجیب بزرگ شخص ہے۔ سمرقند کے قیام میں ایک روز آپ مولانا کے ہاں سے جو نکلے تو ایک بزرگ نے پوچھا کہ یہ جوان رعنا کون ہے؟ مولانا نے فرمایا کہ یہ "خواجہ عبید اللہ احرار ہیں، عنقریب دنیا کے سلاطین ان کے در کے گدا ہوں گے"۔

سمرقند ہی میں آپ حضرت سید قاسم تبریزیؒ کی صحبت سے مشرف ہوئے۔ کچھ عرصہ بعد آپ وہاں سے بخارا کی طرف روانہ ہوئے۔ راستے میں ایک

شیخ سراج الدین کلال پرمسی رح خلیفہ حضرت خواجہ نقشبند قدس سرہٗ کی صحبت میں رہے۔
ہرات میں پہنچ کر مولانا حسام الدین شاشی رح کی زیارت کی جو سید امیر حمزہ بن سید امیر کلال قدس
سرہما کے خلیفۂ اول تھے۔ حضرت خواجہ نقشبند رح کے خلیفہ خواجہ علاء الدین عجدوانی کی خدمت
میں بھی بہت دفعہ حاضر ہوئے۔ بعدازاں آپ نے خراسان کا سفر اختیار کیا اور مرو کے راستے
ہرات میں آئے۔ ہرات میں آپ نے چار سال قیام کیا۔ اس عرصہ میں آپ اکثر سید قاسم تبریزی
شیخ بہاؤ الدین عمر قدس سرہما کی صحبت میں رہے اور کبھی کبھی شیخ زین الدین خوافی قدس سرہٗ
کی خدمت میں حاضر ہوئے۔

ہرات میں آپ نے ایک سوداگر سے حضرت خواجہ یعقوب چرخی رح کے فضائل سنے۔
اس لیے وہاں سے ان کی نیت سے بلخ کے راستے حصار کی طرف متوجہ ہوئے۔ بلخ میں مولانا
نظام الدین پارسا خلیفہ حضرت خواجہ علاء الدین عطار قدس سرہما کی خدمت میں حاضر ہوئے
وہاں سے حضرت خواجہ عطاء الدین عطار قدس سرہٗ کے مزار کی زیارت کے لیے
چغانیاں تشریف لے گئے۔ اور چغانیاں سے ہلفتو، مولانا یعقوب چرخی رح کی خدمت میں
حاضر ہوئے۔ جس کا قصہ آپ خود یوں بیان فرماتے ہیں۔

"جب میں ولایت چغانیاں پہنچا تو بیمار ہو گیا اور بیس روز تپ لرزہ
آتا رہا۔ اس عرصہ میں نواحِ چغانیاں کے بعضے لوگوں نے مولانا خواجہ
یعقوب چرخی رح کی بہت غیبت (بدگوئی، برائی) کی۔ بیماری کے دنوں میں
ایسی پریشان باتوں کے سننے سے خواجہ چرخی رح کی ملاقات کے ارادے میں
بڑا فتور واقع ہوا۔ آخر کار میں نے اپنے دل میں کہا کہ تو اتنے قدر دور
فاصلہ سے آیا ہے لہٰذا اب یہ بات اچھی نہیں کہ تو اُن سے ملاقات نہ کرے
چنانچہ میں ان کی خدمت میں پہنچا۔ وہ بڑی عنایت سے پیش آئے اور ہر طرح
کی باتیں کیں۔ لیکن دوسرے روز جو میں اُن کی خدمت میں حاضر ہوا تو بہت

بکنی کے نواحی دیہات میں سے ہے جو بخارا سے ۱۲ میل کے فاصلہ پر واقعہ ہے (قصوری)

غصہ ہوئے اور سختی و درشتی سے پیش آئے۔ میرے دل میں خیال آیا کہ ان کے غصہ کا سبب غیبت کا سننا اور تیرے ارادے میں فتور کا آنا ہوگا پھر تھوڑی دیر کے بعد وہ لطف و کرم سے پیش آئے اور بہت توجہ اور عنایت فرمائی۔ اور حضرت خواجہ نقشبندؒ سے اپنی ملاقات کا حال بیان فرما کر اپنا ہاتھ میری طرف بڑھایا اور کہا کہ بیعت کر۔ چونکہ ان کی پیشانی مبارک کچھ سفیدی مشابہ برص تھی جو طبیعت کی نفرت کا موجب ہوتی ہے۔ اس لیے میری طبیعت اُن کے ہاتھ پکڑنے کی طرف مائل نہ ہوئی۔ وہ میری کراہت کو سمجھ گئے اور جلدی اپنا ہاتھ ہٹا لیا اور اپنی صورت تبدیل کر کے ایسی خوبصورت اور شاندار لباس میں ظاہر ہوئے کہ میں بے اختیار ہو گیا۔ قریب تھا کہ بے خود ہو کر آپ سے لپٹ جاؤں آپ نے دوسری دفعہ اپنا دستِ مبارک بڑھایا اور فرمایا کہ حضرت خواجہ بہاء الدین قدس سرہٗ نے میرا ہاتھ پکڑ کر فرمایا تھا کہ تیرا ہاتھ ہمارا ہاتھ ہے جس نے تمہارا ہاتھ پکڑا اُس نے ہمارا ہاتھ پکڑا۔ خواجہ بہاء الدین کا ہاتھ پکڑ لو۔ میں نے بلا توقف اُن کا ہاتھ پکڑ لیا جس طریقہ حضرت خواجگان نقشبندیہ مجھے شغلِ نفی و اثبات جس کو وقوتِ عددی کہتے ہیں، سکھایا اور فرمایا کہ جو کچھ ہم کو خواجہ نقشبندؒ سے پہنچا ہے یہی ہے۔ اگر تم بطریق جذبہ طالبوں کی تربیت کرو تو تمہیں اختیار ہے۔"

کہتے ہیں کہ مولانا یعقوب چرخی کے بعض اصحاب نے آپ سے پوچھا کہ جس طالب کو آپ نے اس وقت طریقہ کی تعلیم دی، اس کی نسبت آپ نے کس طرح فرما دیا کہ تمہیں اختیار ہے، چاہو تو بطریق جذبہ تربیت کرو۔ اس کے جواب میں مولانا یعقوب چرخیؒ نے فرمایا کہ طالب کو مرشد کے پاس اس طرح آنا چاہیے کہ سب چیزیں تیار ہوں۔ صرف اجابت کی دیر ہو۔ مولانا جامیؒ لکھتے ہیں کہ مولانا خواجہ یعقوب چرخیؒ فرماتے تھے کہ جو طالب کسی بزرگ کی صحبت میں آنا چاہے تو اُسے خواجہ عبید اللہ احرارؒ کی طرح آنا چاہیے کہ چراغ، تیل اور بتی سب تیار ہے صرف دیا سلائی دکھانے کی دیر ہے۔

اس کے بعد حضرت خواجہ یعقوب چرخی رُنے مجھ سے حضراتِ خواجگان کے تمام طریقے بیان فرمادیئے اور جب طریق رابطہ کی نوبت پہنچی تو فرمایا کہ اس طریقہ کی تعلیم میں دہشت نہ کھانا اور استعداد والوں کو بتا دینا۔

حضرت خواجہ عبیداللہ احرارؒ خواجہ یعقوب چرخی قدس سرہٗ کی خدمت سے رخصت پاکر پھر ہرات میں آئے اور کم و بیش ایک سال وہاں رہے، بعدازاں انتیس[۲۹] سال کی عمر میں وطن مالوف کی طرف مراجعت فرمائی اور تاشقند میں مقیم ہوکر زراعت کا کام ایک شخص کی شراکت میں شروع کیا۔ دونوں ایک جوڑی بیل سے کھیتی کا کام کرنے لگے اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے آپ کی زراعت میں بڑی برکت دی۔ آپ کے مال و منال، ضیاع و عقار گلہ و مواشی اور اسباب و املاک اندوزہ کی حد سے زائد تھے مگر یہ سب درویشوں کے لیے تھے۔ چنانچہ مولانا جامیؒ قدس سرہ السامی اپنی کتاب یوسف زلیخاں میں آپ کے منقبت میں یوں لکھتے ہیں ؎

ازاں دانہ کز و آدم بنا کام	جس دانہ سے حضرت آدمؑ ناچار باغ
زبستانِ بہشت آمد بدیں دام	بہشت سے اس جال دُنیا میں آئے۔
ہزار ش مزرعہ در زیر کشت است	اُن کے ہزار کھیت زیر کاشت ہیں جو کہ
کہ زادِ رفتن راہِ بہشت است	راہِ بہشت میں چلنے کا توشہ ہیں۔
دریں مزرعہ فشاند تخم دانہ	وہ اس کھیت (دُنیا) میں بیج بو رہے ہیں
در آں عالم کند انبار خانہ	اور اُس عالم میں ذخیرہ کر رہے ہیں۔

وفات آپ کی وفات حسرت آیات ۲۹ ربیع الاوّل ۸۹۵ھ / ۱۴۹۰ء کو ہوئی۔ رات کو جب آپ کا نفس شریف منقطع ہونے لگا تو مکان میں بہت سی شمعیں روشن کی گئیں جن سے وہ مکان نہایت روشن ہوگیا۔ اس حال میں اچانک دیکھا گیا کہ آپ کے ابروئے مبارک کے درمیان سے ایک نور چمکتی بجلی کی طرح نمودار ہوا۔ جس کی شعاع نے شمعوں کے نور کو مات کر دیا۔ حاضرین نے اُس نور کا مشاہدہ کیا۔ بعدازاں وصال ہوگیا۔ اور محلہ خواجہ کفیشر، محوطہ ملایاں سمرقند میں دفن ہوئے۔ آپ کی اولادِ

امجاد نے آپ کے مرقد مبارک پر عالیشان عمارت تعمیر کر دی اور قبر مبارک کو نہایت عمدہ وضع پر بنایا۔

آپ کے مرید باصفا مولانا عبدالرحمٰن جامی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ قطعۂ تاریخ وصال

بہشتصد و نود و پنج در شب شنبہ — کہ بود سلخ مہ فوت احمد مرسل
کشید خواجۂ دنیا و دیں عبید اللہ — شراب صافی عیش ابد ز جام اجل

کرامات

(۱) حضرت خواجہ احرار رح فرماتے ہیں کہ ہمت سے مراد یہ ہے کہ دل ا امر پر اس مضبوطی سے جم جائے اور پھر اس کے خلاف کوئی چیز میں نہ آئے۔ ایسی ہمت مراد سے متخلف نہیں ہوتی۔ فرماتے ہیں کہ اوائل جوانی میں ہم مولانا سعدالدین کاشغری رح کے ساتھ ہرات میں تھے اور دونوں سیر کیا کرتے تو کبھی کشتی لڑنے والوں کے اکھاڑہ میں جا پہنچتے اور اپنی قوت و توجہات کا امتحان کر دو پہلوانوں میں سے ایک کی طرف توجہ مبذول کرتے تو وہ غالب آ جاتا۔ پھر مغلو کی طرف متوجہ ہوتے تو وہ غالب ہو جاتا۔ اس طرح کئی بار اتفاق ہوا۔ مقصود یہ تھا معلوم ہو جائے کہ ہمت کی تاثیر کس درجہ پر پہنچی ہے۔

(۲) حضرت مولانا ناصر الدین اترارری رح جو حضرت خواجہ عبید اللہ احرار قدس س کے خادموں میں سے تھے، بیان کرتے ہیں کہ حضرت نے واقعہ میں دیکھا تھا کی مدد سے شریعت کو تقویت پہنچے گی۔ آپ کے قلب مبارک میں خیال آیا کہ یہ سلاطین کی مدد کے بغیر حاصل نہ ہوگی۔ اس غرض سے آپ سمرقند کی طرف آ اس وقت میرزا عبداللہ بن میرزا ابراہیم بن میرزا شاہ رخ بن امیر تیمور ولا سمرقند کا حاکم تھا۔ میں سفر میں آپ کی خدمت میں تھا۔ جب آپ سمرقند پہنچے میرزا عبداللہ کا ایک امیر آپ کی خدمت میں آیا۔ آپ نے اس سے فرمایا یہاں آنے کی غرض تمہارے میرزا سے ملاقات ہے۔ اگر تمہارے ذریعہ کام ہو جائے تو بڑی اچھی بات ہے۔ اس امیر نے نہایت بے ادبی اور غیر شا سے جواب دیا کہ ہمارا میرزا بے پرواہ جوان ہے، اس سے ملاقات مشکل

درویشوں کو ایسی باتوں سے کیا مطلب؟ آپ نے خفا ہو کر فرمایا کہ ہم کو سلاطین کی ملاقات کا حکم ہوا ہے ہم اپنے آپ نہیں آئے مگر تمہارا میرزا پروا نہیں کرتا تو دوسرا لایا جائے گا۔

جب وہ امیر چلا گیا تو آپ نے اُس کا نام سیاہی سے اُس مکان کی دیوار پر لکھا اور اپنے لعابِ دہن سے مٹا ڈالا۔ کہ فرمایا کہ ہمارا کام اس بادشاہ اور اس کے امیروں سے نہیں چل سکتا اور اُسی روز تاشقند کی طرف روانہ ہوئے ایک ہفتہ کے بعد وہ امیر مر گیا اور ایک مہینے کے بعد سلطان ابوسعید میرزا ابن محمد میرزا ابن میرانشاہ بن تیمور اطراف ترکستان سے ظاہر ہوا اور اُس نے میرزا عبداللہ پر حملہ کر کے اُسے قتل کر ڈالا۔ یہ واقعہ ۸۵۵ھ کا ہے۔

(۳) میرزا بابر بن میرزا بایسنغر بن میرزا شاہرخ بن امیر تیمور ایک لاکھ سپاہ لے کر خراسان سے سمرقند کی طرف متوجہ ہوا۔ میرزا سلطان ابوسعید نے حضرت کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ مجھے اُس کے مقابلہ کی طاقت و ہمت نہیں ہے، کیا کروں؟ آپ نے اُسے تسلی دی۔ جب میرزا بابر، دریائے آمو یہ سے گذرا تو سلطان ابوسعید کے امیروں کی ایک جماعت نے اتفاق و مشورہ کیا کہ میرزا کو ترکستان لے جائیں اور وہاں قلعہ نشین ہو جائیں۔ چنانچہ تمام سامان اونٹوں پر لدوا دیا گیا۔ حضرت کو جو خبر لگی تو شتر بانوں پر خفا ہوئے، سامان اُتروا دیا اور خود میرزا ابوسعید کے ہاں تشریف لے گئے۔ میرزا سے فرمایا کہ کہاں جاتے ہو، جانے کی قطعی ضرورت نہیں ہے۔ یہیں کام بن جائے گا۔ میں نے تمہاری مہم اپنے ذمہ لے لی ہے۔ امیر گھبرا گئے یہاں تک کہ بعضوں نے اپنی پگڑیاں زمین پر پھینک دیں اور کہنے لگے کہ حضرت خواجہ ہم کو مروا رہے ہیں۔ میرزا ابوسعید کا چونکہ اعتقاد صادق تھا لہٰذا اُس نے کسی کی نہ سنی اور سمرقند ہی میں قلعہ نشین ہو گیا۔

جب میرزا بابر قلعۂ سمرقند کے قریب پہنچا تو اُس کا سپہ سالار خلیل عیدگاہِ سمرقند کے دروازہ پر ٹھہر گیا شہر سے تھوڑے سے آدمی نکل کر خلیل سے

لڑے، خلیل گرفتار ہو گیا۔ میرزا بابر سمرقند کے پرانے قلعہ میں اُترا۔ اس کے
سپاہی سامانِ معیشت کے لیے جس طرف جاتے اہلِ سمرقند اُن کو پکڑ کر ناک کان کاٹ
ڈالتے۔ اس طرح میرزا بابر کے لشکر کے بہت سے سپاہیوں نے
اپنے ناک کان کٹوا لیے۔ اس صورتِ حال سے تمام لشکر بہت تنگ آ گیا۔ چند روز
کے بعد اُن کے گھوڑوں میں وبا نمودار ہوئی جس سے بہت سے گھوڑے تلف ہو گئے
آخر کار میرزا بابر نے مولانا محمد معمائی کو حضرت کی خدمت میں بھیج کر صلح کی درخواست
کی۔ مولانا محمد نے اثنائے گفت گو میں کہا کہ ہمارا میرزا نہایت غیور اور عالی ہمت
بادشاہ ہے۔ جس طرف متوجہ ہوتا ہے بغیر اسیر کئے واپس نہیں آتا۔ حضرت خواجہ
نے اُس کے جواب میں فرمایا کہ میں اس کے دادا میرزا شاہ رُخ (المتوفی ۸۵۰ھ)
زمانہ میں ہرات میں تھا۔ مجھے اُس کے طفیل سے بڑی فراغت اور جمعیت حاصل
تھی۔ اگر شاہ رُخ کے حقوق نہ ہوتے تو معلوم ہو جاتا کہ میرزا بابر کا کیا حال ہوتا۔
آخر کار حضرت اقدس کے خاص مرید مولانا قاسمؒ کی وساطت سے صلح ہو گئی۔

(۴) جب میرزا سلطان ابوسعید بتاریخ ۲۵ رجب ۸۷۳ھ شہید ہو گیا تو اُس وقت
اُس کے گیارہ بیٹوں میں سے چار برسرِ حکومت تھے۔ چنانچہ میرزا الغ بیگ، کاشغر
میں۔ میرزا سلطان احمد، سمرقند میں۔ میرزا عمر شیخ ولایتِ اندجان و فرغانہ میں
میرزا سلطان محمود، حصار اور بدخشاں میں حکمران تھا۔ میرزا سلطان محمود نے سمرقند
کے محاصرہ کا ارادہ کیا۔ حضرت خواجہ کو پتہ چلا تو آپ نے بذریعہ رقعہ و پیام
اِس حرکت سے باز رہنے کا حکم دیا مگر وہ راہِ راست پر نہ آیا۔ اور ولایتِ حصار
سے سمرقند روانہ ہو گیا۔ بے شمار سامان و لشکر اس کے ساتھ تھا۔ اپنے لشکر
علاوہ چار ہزار ترکمان را ایک قوم جو ترکوں سے کم مرتبہ ہونے کی وجہ سے ترک
کہلاتی ہے، ہمرکاب تھے۔ میرزا سلطان احمد میں مقابلہ کی تاب نہ تھی۔ اس
اُس نے بھاگنا چاہا اور حضرت خواجہ سے اجازت چاہی۔ حضرت اقدس شہر
کے مدرسہ میں مقیم تھے۔ آپ نے فرمایا کہ اگر تم بھاگ جاؤ گے تو سمرقند

باشندے قید ہو جائیں گے۔ تم مت گھبراؤ، میں تمہارے معاملہ کا ذمہ دار ہوں۔ اگر دشمن مغلوب نہ ہوا تو تم مجھ سے مواخذہ کرنا۔ پھر آپ نے میرزا سلطان احمد کو مدرسہ کے ایک حجرے میں اتارا جس کا ایک ہی دروازہ تھا اور آپ اُس دروازے میں بیٹھ گئے۔ خادموں نے آپ کے حکم سے ایک تیز رفتار اونٹنی لاکر اُس حجرے کے آگے بٹھا دی۔ آپ نے فرمایا کہ اگر میرزا سلطان محمود، سمرقند پر قابض ہو جائے اور اُس دروازے سے کہ جہاں لڑائی ہو شہر میں داخل ہو جائے تو تم اُس اونٹنی پر سوار ہو کر دوسرے دروازے سے بھاگ جائیو۔ آپ نے اِس تدبیر سے میرزا سلطان احمد کو تسکین دی۔ بعد ازاں آپ نے مولانا سید حسین، مولانا قاسم، میر عبدالاوّل اور مولانا جعفر کو جو آپ کے اکابر اصحاب میں سے تھے، طلب فرمایا اور حکم دیا کہ تم فوراً اُس دروازے کے بُرج میں جاکر مراقبہ کرو۔ چنانچہ وہ وہاں جاکر مراقبہ میں بیٹھ گئے۔ مولانا قاسمؒ کا بیان ہے کہ مراقبہ میں بیٹھتے ہی ہم نے دیکھا کہ ہم نیست ہیں، تمام حضرت ہی حضرت ہیں اور تمام عالم آپ کے وجود مبارک سے پُر ہے۔ لڑائی وقتِ چاشت تک جاری رہی۔ قریب تھا کہ دشمن غالب آجائے، شہر والے حیران و پریشان تھے کہ ناگاہ دشتِ قبچان کی طرف سے ایک سخت آندھی اُٹھی اور میرزا محمود کے لشکر و لشکرگاہ میں گرد و غبار کا وہ طوفان برپا ہوا کہ کسی کو آنکھ کھولنے کی مجال نہ رہی۔ ہوا پیادوں اور سواروں کو زمین پر گراتی، خیمہ وغیرہ کو اکھاڑ کر اوپر کی طرف اُڑاتی اور زمین پر پھینک دیتی۔ میرزا سلطان محمود اپنے امیروں اور ترکمانوں کی جماعتِ کثیر کے ساتھ ایک تالاب کے کنارے دیوار کے پُشتہ کے نیچے گھوڑے پر سوار کھڑا تھا کہ ناگاہ پشتہ کا ایک حصہ پھٹ گیا۔ جس کے ہولناک دھماکہ سے قریباً چار سو مرد اور گھوڑے جو اُس کے نیچے کھڑے تھے دب کر مر گئے۔ ترکمانوں کے گھوڑے بھاگنے لگے۔ سواروں نے ہر چند روکا مگر نہ رُکے۔ القصہ لشکر پراگندہ و منتشر ہو گیا۔ میرزا سلطان محمود کو شکست ہوئی۔ میرزا سلطان احمد کے لشکر اور شہر کے لوگوں نے قریباً کوس تک اُن کا تعاقب کیا اور بہت سے سوار اور گھوڑے پکڑ لائے اور بہت سا

مال ومتاع ہاتھ آیا۔

(۵) مولنا شیخ ابوسعید مجلّد جو میرزا شاہ رُخ کے زمانہ میں نہایت خوبصورت جوان تھ
بیان کرتے ہیں کہ جوانی میں ایک بار ایک خوبصورت عورت سے اتفاقاً میری ملاقا
ہوگئی۔ وہ میرے مکان میں آگئی۔ میں نے چاہا کہ خلوت میں اُس سے بات چیت کروں
دریں اثنار میں نے حضرت خواجہؒ کی آواز سُنی کہ فرماتے ہیں:۔
"**ابوسعید! چہ کارمے کنی**" یہ سن کر میری حالت بدل گئی اور میرے دل
ہیبت طاری ہوگئی اور میرے اعضاء میں رعشہ طاری ہوگیا۔ میں نے فوراً اس
عورت کو مکان سے نکال دیا۔ کچھ عرصہ بعد حضرت تشریف لائے۔ جب آپ کی
نظر مجھ پر پڑی تو فرمانے لگے کہ اگر حق تعالیٰ کی توفیق تیری یاوری نہ کرتی تو شیط
تجھ کو برباد کر دیتا۔

(۶) حضرت خواجہؒ کے مخلصوں میں سے ایک بزرگ نقل کرتے ہیں کہ سمرقند میں
ایک غلام غائب ہوگیا۔ اُس غلام کے سوا میرے پاس اور کچھ مال ومتاع نہ تھا۔ چار
میں نے اُس کی تلاش میں سرگردانی کی۔ سمرقند کے نواح میں کوئی جگہ ایسی نہ تھی جہا
میں کئی بار نہ گیا۔ پہاڑ اور صحرا میں بہت پھرا مگر کہیں بھی اُس کا سراغ نہ ملا۔ اسی پریشا
کے عالم میں مارا مارا پھر رہا تھا کہ ناگاہ ایک صحرا میں حضرت خواجہ قدس سرہ ملے۔ آپ
ساتھ آپ کے اصحاب وخدام بھی تھے۔ میں نے حالتِ اضطراب میں حضرت کے گھ
کی باگ تھام لی اور بڑی نیازمندی اور عاجزی سے اپنا حال بیان کیا۔ آپ نے
فرمایا کہ ہم تو دہقانی آدمی ہیں۔ ایسی باتوں کو کیا جانیں۔ میں نے چونکہ سُنا ہوا تھا کہ اولیا
ایسا تصرف کرتے ہیں کہ غیب کی خبر دے دیتے ہیں بلکہ غیب کو حاضر بھی کر دیتے
اس لیے اصرار کیا اور گھوڑے کی باگ نہ چھوڑی جب آپ نے کوئی چارہ نہ دیکھا
ایک لحظہ سکوت فرمایا اور پوچھا کہ یہ گاؤں جو نظر آرہا ہے کیا اس میں بھی تم نے
اسے تلاش کیا ہے؟ میں نے عرض کیا کہ میں تو بارہا اس میں گیا ہوں مگر محروم
لوٹا ہوں۔ ارشاد کیا کہ اب پھر جاؤ، وہاں مل جائے گا۔ یہ کہہ کر آپ نے گھوڑ

تیز دوڑایا۔ جب میں اُس گاؤں کے نزدیک پہنچا تو کیا دیکھتا ہوں کہ وہ غلام پانی کا گھڑا بھر کر سامنے رکھے خشک و ویران جگہ پہ حیران و پریشان کھڑا ہے۔ جونہی میری نظر اُس پہ پڑی، میں نے بے اختیار نعرہ مارا اور کہا۔ اے غلام! تو اس عرصہ میں کہاں رہا۔ اُس نے جواب دیا کہ میں آپ کے گھر سے نکلا تو ایک شخص مجھ کو بہکا کر خوارزم میں لے گیا۔ اور وہاں مجھے فروخت کر دیا۔ جس شخص نے مجھے خریدا تھا، آج اُس کے ہاں ایک مہمان آیا۔ اُس نے مجھے حکم دیا کہ پانی کا ایک گھڑا لاؤ تاکہ کھانا تیار کریں۔ میں گھڑا اٹھا کر پانی کے کنارے پہ پہنچا اور پانی سے بھر لیا۔ جب میں نے گھڑا پانی سے نکالا تو اپنے آپ کو یہاں پایا اور اب میں یہ فیصلہ نہیں کر پاتا کہ یہ معاملہ بیداری میں دیکھ رہا ہوں یا خواب میں۔ حضرت خواجہ قدس سرہ، کا یہ تصرف دیکھ کر میرا حال بدل گیا۔ میں نے غلام کو تو آزاد کر دیا اور حضرت خواجہ قدس سرہٗ کا غلام بن گیا۔

(۷) مولانا زادہ فرکنی ؒ مولانا نظام الدین علیہ الرحمۃ کے مرید تھے۔ وہ اپنے مرشد کی وفات کے بعد حضرت خواجہ کی خدمت میں عرصۂ دراز تک رہے ہیں۔ اُن کا بیان ہے کہ ایک روز میں حضرت خواجہؒ کے قدموں کے ساتھ ایک گاؤں کو جا رہا تھا۔ سردی کا موسم تھا۔ نماز عصر تو راستے میں پڑھی مگر ابھی وہ گاؤں چھ میل دور تھا کہ سورج غروب ہونے لگا۔ میرے دل میں خیال آیا کہ دن ختم ہو گیا، راستہ خطرناک، ہوا سرد اور فاصلہ زیادہ ہے، اب کیا حال ہو گا؟ جب یہ خیال بار بار میرے دل میں آیا تو حضرت خواجہؒ نے میری طرف رُخ مبارک پھیر کر ارشاد کیا کہ ڈرو مت، ممکن ہے کہ ہم غروب آفتاب سے پہلے منزل پہ پہنچ جائیں۔ یہ فرما کر آپ نے گھوڑے کو تیز دوڑایا اور میں بھی آپ کے پیچھے پیچھے گھوڑا دوڑا رہا تھا اور پلٹ پلٹ کر آفتاب کی ٹکیہ کو بھی دیکھتا جاتا تھا لیکن وہ اُسی طرح اُفق پہ ٹھہرا ہوا تھا۔ ایسے معلوم ہوتا تھا کہ جیسے کسی نے اُس میں میخ (کیل) ٹھونک دی ہے جب ہم گاؤں میں پہنچے تو یک بیک سورج ایسا غروب ہوا کہ شفق کی سُرخی و سپیدی جو غروب کے بعد ہوا کرتی ہے اُس کا کوئی نشان نہ رہا۔ اور عالم میں ایسی تاریکی پھیل گئی کہ شکلوں اور رنگتوں کا نظر آنا

ناممکن ہوگیا۔ یہ دیکھ کر مجھ پر ہیبت طاری ہوگئی اور مجھے یقین ہوگیا کہ یہ سب کچھ حضرت خواجہ قدس سرہٗ کا تصرّف ہے۔ عارفِ رومیؒ نے سچ کہا ہے کہ ؎

اولیاء را ہست قوّت از الٰہا　　تیرِ گشتہ باز گردانند ز راہ کجا

(۸) حضرت خواجہ قدس سرہٗ کا ایک خادم سمرقند جا رہا تھا۔ آپ نے اُس کو ارشاد فرمایا کہ ہمارے لیے وہاں سے خالص شہد کے چند ڈبے لانا۔ وہ کئی ڈبے شہد سے بھر کر اور سب کے منہ پر مُہر (SEAL) لگا کر روانہ ہوا۔ اتفاقاً بازار میں کسی کام کے لیے ایک بزّاز کی دکان پر رکنا پڑا اور شہد کے ڈبوں کو اپنے سامنے رکھ کر بیٹھ گیا۔ ناگاہ ایک خوبصورت شراب سے مست عورت جو اُس بزّاز کی آشنا تھی، وہاں آئی اور بزّاز سے باتیں کرنے لگی۔ اُس خادم نے نظرِ حرام سے اُس عورت کو دو تین بار دیکھا اور پھر ڈبوں کو اُٹھا کر تاشقند آگیا۔ جب وہ حضرت خواجہؒ کے دربارِ گوہر بار میں پہنچا تو آپ جنگل کی طرف تشریف لے گئے تھے۔ اُس نے آپ کے پیچھے جانا چاہا مگر اتنے میں آپ تشریف لے آئے۔ اُس نے وہ ڈبے پیش کئے۔ حضرت اقدس نے ڈبوں کو ایک نظر دیکھتے ہی خفا ہو کر فرمایا کہ اِن ڈبّوں سے تو شراب کی بُو آتی ہے اے بدبخت ہم نے تجھے شہد لانے کو کہا تھا مگر تو ہمارے لیے شراب لے آیا۔ خادم نے عرض کیا کہ میں تو شہد لایا ہوں۔ آپ کے حکم سے جب کھول کر دیکھا گیا تو ہر ڈبہ شراب سے بھرا ہوا پایا گیا۔

(۹) جس وقت آپ نے مولانا جامیؒ قدس سرہٗ السامی سے حضرت خواجہ یعقوب چرخی قدس سرہٗ سے اپنے مرید ہونے کی داستان بیان فرمائی اور فرمایا کہ کس طرح خواجہ چرخی نُورانی شکل میں ظاہر ہوئے تھے تو آپ بھی بطریقِ خلع و لبس مولانا جامیؒ کے روبرو ایسی نُورانی شکل میں ظاہر ہوئے کہ جو مولانا جامیؒ کے محبوب تھے۔

(۱۰) آپ کے ایک مرید ہوا میں اُڑتے تھے۔ آپ نے یہ گستاخی آمیز حال دیکھ کر اُن کا سب حال چھین لیا۔ اُس نے بہت عاجزی اور آہ و زاری کی مگر آپ نے سنا

تب وہ آپ کو اکیلا پاکر چھری سے حملہ آور ہوا۔ آپ فوراً جنگلی چرواہے کی شکل میں ظاہر ہوئے۔ وہ مرید حیران و پریشان ہوا اور آپ چھری اُس کے ہاتھ سے چھین لی اور پھر اصلی حالت میں آگئے۔ فرمایا کہ اب بتا! تیرا کیا حال کروں، وہ قدموں میں گر پڑا۔ آپ نے خطا معاف کر کے جو کچھ چھین لیا تھا۔ واپس کر دیا۔

(۱۱) آپ کے کچھ خدام ایک دفعہ بازار میں گئے۔ اُن میں سے ایک خادم، ایک صاحب جمال کو دیکھنے لگا تو دوسرے نے منع کیا۔ اُس نے کہا کہ میں بنظرِ شہوتِ نفس نہیں دیکھتا۔ جب واپس آیا تو آپ نے فرمایا کہ "میں تو اب تک نفس کے مکر و فریب سے بے ڈر نہیں ہوا، تم کب سے ہو گئے کہ بغیر شہوتِ نفس کے دیکھتے ہو؟" وہ از حد شرمسار و نادم ہوا۔ آپ بہت ہی اشرافِ خواطر رکھتے تھے، جو جو خطرہ کسی کے دل پر گزرتا، آپ اس کو پکڑ لیتے تھے۔ اور فرما دیتے تھے۔ کسی کی مجال نہ تھی کہ آپ کے پاس بیٹھ کر کسی طرح کا خطرہ جی میں لاوے۔

(۱۲) ایک عالم آپ کی تعریف سن کر زیارت کے لیے روانہ ہوئے۔ جب شہر کے قریب پہنچے تو دیکھا کہ اونٹوں پر بہت سا غلہ شہر میں جا رہا ہے۔ دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ غلہ حضرت خواجہ عبید اللہ احرارؒ کا ہے۔ سخت متعجب ہوئے کہ یہ کیسی فقیری ہے، اس قدر دنیا داری اور امارت ہے۔ دل میں خیال آیا کہ لوٹ جائیں لیکن پھر سوچا کہ اس قدر مسافت طے کر کے آیا ہوں، مل لینے میں کیا حرج ہے، خانقاہ شریف میں پہنچے تو اتفاقاً نیند آگئی۔ خواب میں دیکھا کہ قیامت برپا ہے اور نفسا نفسی کا عالم ہے۔ ایک شخص کہ جس کا یہ عالم قرض دار تھا، وہ اس سے قرض کا خواہاں ہے، اور چاہتا تھا کہ قرض کے عوض اپنے اعمال دے دے۔ وہ عالم سخت پریشانی اور حیرانی کے عالم میں تھا کہ حضرت خواجہ احرارؒ تشریف لے آئے اور صورتِ حال معلوم کر کے اپنے پاس سے سب قرض ادا کر دیا۔ اتنے میں عالم کی آنکھ کھل گئی۔ دیکھا تو خواجہ خانقاہ میں تشریف فرما ہیں اور مسکرا کر فرمایا کہ میں مال اسی واسطے رکھتا ہوں کہ دوستوں کو قرض سے نجات دلاؤں۔

وہ عالم قدموں میں گر کر معافی کا طلب گار ہوا اور داخلِ سلسلہ ہوگیا۔

(۱۳) دو درویش دُور دراز کا سفر کر کے آپ کی زیارت کے لیے جب خانقاہ میں پہنچے تو معلوم ہوا کہ حضرت خواجہ قدس سرہ، بادشاہ کے پاس تشریف لے گئے ہیں۔ وہ درویش سخت حیران ہوئے کہ یہ کیسے شیخ ہیں جو بادشاہ کے پاس جاتے ہیں۔ بئس الفقیر علیٰ باب الامیر کے مصداق ہیں۔ اتفاقاً اُسی وقت دو چور شاہی دربار سے بھاگ نکلے اُن کو تلاش کرتے کرتے سپاہیوں نے ان درویشوں کو آن پکڑا۔ بادشاہ نے حکم دیا کہ شریعت کے مطابق اِن دونوں کے ہاتھ کاٹ دیئے جائیں۔ حضرت خواجہ قدس سرّہ، اُس وقت بادشاہ کے پاس جلوہ افروز تھے۔ آپ نے فرمایا کہ یہ دونوں درویش چور نہیں ہیں بلکہ یہ تو مجھے ملنے کے لیے آئے ہیں، ان کو چھوڑ دو۔ پھر آپ دونوں درویشوں کو ساتھ لے کر خانقاہ میں تشریف لائے اور فرمایا کہ میں بادشاہ کے پاس اس لیے گیا تھا کہ تمہارے ہاتھ قطع ہونے سے بچاؤں۔ اگر میں وہاں نہ ہوتا تو تمہارے ہاتھ قطع ہو چکے ہوتے بئس الفقیر علیٰ باب الامیر کے مصداق میں جب ہوتا کہ طمعِ دنیا کے لیے جاتا۔ وہ دونوں درویش شرمسار ہوئے اور قدموں میں گر گئے۔

اِرشاداتِ قدسیہ

(۱) پیر کون ہے؟ پیر وہ شخص ہے جو حضورِ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی پسند و ناپسند کا خیال رکھتا ہو۔ یعنی جس کام کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پسند فرمایا ہے، اُس پر عمل پیرا ہو، اور جس کام کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ناپسند فرمایا ہے اُس سے مکمل اجتناب و احتراز کرے۔ اور وہ خود اور اُس کی تمام خواہشات اُس سے گم ہوگئی ہوں اور وہ ایسا آئینہ ہوگیا ہو جس میں سوائے حضور سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق و اوصاف کے کچھ نظر نہ آئے۔ اس مقام میں وہ صفاتِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے متصف ہونے کے سبب اللہ تعالیٰ کے تصرّف کا مظہر بن جاتا ہے اور تصرّفِ الٰہی سے اصحابِ استعداد کے باطن میں تصرّف کرتا ہے ۔

از بسکہ در کنار ہے گیر داں نگار　　بگرفت بوسے یار و رہا کرد بوسے طین

(۲) مرید وہ ہے کہ ارادت کی آگ کی تاثیر سے اُس کی خواہش جل گئی ہو اور اس کی مرادوں میں سے کچھ نہ رہا ہو۔ اور اپنے دل کی بصیرت سے پیر کے آئینہ میں مراد کا جمال دیکھ کر اُس نے سب قبلوں سے منہ پھیر لیا ہو اور پیر کا جمال اس کا قبلہ ہو گیا ہو۔ اور پیر کی بندگی میں آزادی سے فارغ ہو کر سوائے پیر کے آستانہ کے اپنے سرِ نیاز کو کہیں خم نہ کرتا ہو۔ اور سب سے منہ پھیر کر اپنی سعادت پیر کی قبولیت میں اور اپنی شقاوت پیر کے رد میں سمجھتا ہو۔ بلکہ نیستی کا خط وجود کی پیشانی پر کھینچ کر وجودِ غیر کے شعور کے تفرقہ سے رہائی پا گیا ہو۔ ؎

آنرا کہ در سرائے نگار یست فارغ است　　از باغ و بوستاں و تماشائے لالہ زار

(۳) ہم درویشوں کی ایک جماعت ایک جگہ بیٹھی تھی۔ دورانِ گفتگو اس حدیث شریف کا ذکر ہوا کہ جمعۃ المبارک کے دن ایک ایسی ساعت ہوتی ہے کہ اس میں اللہ تعالےٰ سے جو کچھ مانگا جائے، مل جاتا ہے۔ اُس ساعت کا تذکرہ ہوا کہ اگر وہ ساعت میسر آئے تو اُس میں اللہ تعالیٰ سے کیا مانگنا چاہیئے۔ ہر ایک نے کچھ نہ کچھ کہا۔ جب میری باری آئی تو میں نے کہا کہ اربابِ جمعیت[1] کی صحبت مانگنی چاہیئے کیونکہ اس کے ضمن میں تمام سعادتیں حاصل ہیں۔

(۴) اگر تجھ سے پوچھا جائے کہ توحید کیا ہے تو یہ جواب دے کہ غیر اللہ کی آگاہی سے دل کا آزاد کرنا توحید ہے۔ اگر پوچھا جائے کہ وحدت کیا ہے تو یہ جواب دے کہ غیر اللہ کے وجود کے علم و شعور سے دل کی خلاصی وحدت ہے۔ اگر پوچھا جائے کہ اتحاد کیا ہے، تو یہ جواب دے کہ اللہ تعالیٰ کی ہستی میں استغراق اتحاد ہے۔ اگر پوچھا جائے کہ "سعادت" کیا ہے؟ تو یہ جواب دے کہ اللہ تعالیٰ کی دید کے ساتھ خودی سے خلاصی سعادت ہے۔ اگر پوچھا جائے کہ شقاوت کیا ہے؟ تو جواب

---

[1] اربابِ جمعیت سے مراد وہ سالکین ہیں جو تمام سے منہ پھیر کر مطلوبِ حقیقی کے مشاہدہ میں مستغرق ہیں۔

دے کہ خودی میں رہنا اور حق سے باز رہنا شقاوت ہے۔ اگر پوچھا جائے کہ وصل کیا ہے؟ تو جواب دے کہ وجودِ حق تعالیٰ کے نُور کے شہود کے ساتھ اپنے آپ کو بھول جانا وصل ہے۔ اگر پوچھا جائے کہ فصل کیا ہے؟ تو یہ جواب دے کہ دل کا غیر اللہ سے جدا کرنا فصل ہے۔ اگر پوچھا جائے کہ سُکر کیا ہے؟ تو جواب دے کہ ایسے حال کا دل پر ظاہر ہونا کہ دل اُس چیز کو پوشیدہ نہ رکھ سکے جس کا پوشیدہ نہ رکھنا اس حال سے پہلے واجب تھا۔

(۵) فرماتے تھے کہ اگر تمام احوال[۱] اور مواجید[۲] ہمیں عطا کئے جائیں اور ہمیں اہلسنت وجماعت کے عقائد سے آراستہ نہ کیا جائے تو ہم اُسے بجز خرابی کچھ نہیں سمجھتے۔ اور اگر تمام خرابیاں ہم پر جمع کی جائیں اور اہل سنت وجماعت کے عقائد سے سرفراز فرمایا جائے تو ہمیں کچھ ڈر نہیں۔

(۶) ہماری زبان دل کا آئینہ ہے، دل روح کا آئینہ ہے اور رُوح حقیقت انسانی کا آئینہ ہے۔ حقیقت انسانی اللہ تعالیٰ کا آئینہ ہے۔ حقائق غیبیہ، غیب ذات سے دور دراز فاصلے طے کر کے زبان پر آتے ہیں اور یہاں صورتِ لفظی قبول کر کے مستعدان حقائق کے کانوں میں پہنچتے ہیں۔

(۷) میں جو بعض اکابر کی خدمت میں رہا، تو انہوں نے مجھے دو چیزیں عطا فرمائیں۔ ایک یہ کہ میں جو کچھ لکھوں جدید ہوگا نہ کہ قدیم۔ دوسرے یہ کہ میں جو کچھ کہوں، مقبول ہوگا۔

(۸) آیہ وَكُونُوا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ کے معنی میں آپ فرماتے تھے کہ اس کے دو معنی ہیں

---

[۱] احوال جمع ہے حال کی۔ حال وہ معنی ہے جو سالک کے دل پر بغیر تصنع اور اکتساب کے وارد ہوتا ہے۔ مثلاً خوشی یا غم، بسط یا قبض وغیرہ۔ حال جب دائم ہو اور ملکہ بن جائے تو اُسے مقام کہتے ہیں۔ پس احوال مواہب ہیں اور مقامات مکاسب۔ حال عین جود سے آتے ہیں اور مقامات بذل مجہود سے حاصل ہوتے ہیں۔

[۲] مواجید جمع ہے وجد کی۔ وجد وہ ہے جو سالک کے دل پر آئے اور بغیر تکلف وتصنع کے وارد ہو۔ مواجید اوراد ووظائف پر بفضلِ الٰہی مترتب ہوتے ہیں۔ اکتساب کو ان میں دخل نہیں۔

پہلا یہ کہ اہل صدق کے ساتھ مجالست و مصاحبت کو لازم پکڑے تاکہ ان کی صحبت کے دوام کے سبب سے اُس کا باطن اُن کے صفات و اخلاق کے انوار سے روشن ہو جائے۔
دوسرے معنی یہ ہیں کہ باطن کی شاہراہ سے اُس گروہ کے ساتھ رابطہ کا طریق اختیار کرے جو واسطہ ہونے کا استحقاق رکھتے ہیں اور صحبت کو اِس امر میں حصر (احاطہ کرنا، گھیرنا) نہ کرے کہ ہمیشہ آنکھوں کے ساتھ دیکھے بلکہ ایسا کرے کہ صحبت دائمی ہو جائے اور صورت سے معنی کی طرف عبور کرے تاکہ واسطہ ہمیشہ نظر میں رہے۔
جب اس بات کو دوام کے طور پہ ملحوظ رکھے گا، تو اُس کے باطن کو اُن کے ساتھ نسبت و اتحاد پیدا ہو جائے گا۔ اور اس واسطہ سے اُسے مقصود اصلی حاصل ہو جائے گا۔

(۹) حدیث شریف میں جو آیا ہے شَیَّبَتْنِی سُوْرَہ ہود (سورہ ہود نے مجھے بوڑھا کر دیا) اس کی وجہ یہ ہے کہ اس سورت میں استقامت کا حکم آیا ہے۔ چنانچہ باری تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے فَاسْتَقِمْ كَمَا أُمِرْتَ (پس تو استقامت کر جیسا کہ تجھے حکم ہوا ہے)
اور استقامت نہایت دشوار ہے کیونکہ استقامت کے معنی ہیں قائم رہنا حدِ وسط میں تمام افعال و اقوال اور اخلاق و احوال میں، بدیں طور کہ تمام افعال میں ضرورت سے تجاوز صادر نہ ہو اور افراط و تفریط سے محفوظ رہے۔ اسی سبب سے بزرگوں نے فرمایا ہے کہ ضروری کام تو استقامت ہے۔ کرامت و خوارقِ عادات کے ظہور کا کچھ اعتبار نہیں۔

(۱۰) لوگوں کے اعمال و اخلاق سے جمادات کا متاثر ہونا محققین کے نزدیک ایک ثابت امر ہے۔ حضرت شیخ اکبر محی الدین ابن عربی قدس سرہٗ نے اس بارے میں بہت تحقیق کی ہے۔ یہ تاثر اس درجہ تک ہے کہ اگر ایک شخص نماز کو جو افضلِ عبادات ہے، ایسی جگہ ادا کرے جو ایک جماعت کے اعمال و اخلاق ناپسندیدہ سے متاثر ہو گئی ہو تو اُس نماز کا جمال اور رونق اس نماز کے برابر نہیں جو ایسی جگہ میں ادا کی جائے جو اربابِ جمعیت کی برکت سے متاثر ہو۔ یہی سبب ہے کہ حرمِ مکہ میں دو رکعت نماز غیر حرم میں بہت سی رکعتوں کے برابر ہے۔
ہمارے زمانہ میں تو حید یہ ہو گئی ہے کہ لوگ بازاروں میں جاتے ہیں اور بے ریش لڑکوں کو

دیکھتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم تو اللہ تعالیٰ کے حسن وجمال کا مشاہدہ کرتے ہیں۔ ایسے مشاہدہ سے خدا کی پناہ! تفصیل اس ارشاد گرامی کی یوں ہے کہ حضرت سید قاسم تبریزی قدس سرہ، اس ولایت (ملک) میں تشریف لائے تھے۔ اُن کے مریدوں کی ایک جماعت بازاروں میں پھرتی تھی اور بے ریش لڑکوں کا نظارہ کرتی اور ان سے تعلق پیدا کرتی تھی۔ اور کہتی تھی کہ صورِ جمیلہ (حسین شکل وصورت) میں ہم اللہ تعالیٰ کے جمال کا مشاہدہ کرتے ہیں۔ حضرت سید قدس سرہ، بعض اوقات فرماتے کہ ہمارے سؤر کہاں گئے ہیں۔ اس ارشاد سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ گروہ حضرت سید کی نظرِ بصیرت میں سؤر کی شکل میں دکھائی دیتا تھا۔

(۱۲) ایک روز آپ نے ایک شخص سے کہا کہ اگر تمہیں حضرت خواجۂ خواجگاں بہاء الدین نقشبند قدس سرہ، کی صحبت میں ایک نسبت حاصل ہو جائے اور پھر اس کے بعد تم کسی دوسرے بزرگ کی خدمت میں چلے جاؤ اور اُس کی صحبت میں بھی وہی نسبت پھر حاصل ہو جائے، تو تم کیا کرو گے، کیا خواجہ نقشبند رح کو چھوڑ دو گے؟ پھر از خود ہی فرمایا کہ کسی دوسری جگہ سے اگر تمہیں وہی نسبت حاصل ہو تو تمہیں چاہیے کہ اُس نسبت کو حضرت خواجہ بہاؤ الدین نقشبندؒ ہی کا فیض سمجھو۔ پھر یہ حکایت بیان کی کہ حضرت شیخ قطب الدین حیدر قدس سرہ، کے مریدوں میں سے ایک مرید حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی قدس سرہ، کی خانقاہ میں گیا۔ وہ نہایت بھوکا تھا۔ اُس نے اپنے پیر کے گاؤں کی طرف مُنہ کر کے کہا: "شیئاً للہ قطب الدین حیدر"۔ حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی قدس سرہ، کو جو اُس کا حال معلوم ہوا تو اپنے خادم کو حکم دیا فوراً کھانا اُس کے پاس لے جا کر کھلاؤ۔ جب وہ درویش کھانا کھا کر فارغ ہوا تو پھر اپنے پیر کے گاؤں کی طرف منہ کر کے کہا: "شکراً للہ قطب الدین حیدر"۔ کہ آپ نے ہم کو کسی جگہ نہیں چھوڑا۔ جب خادم حضرت شیخ کے پاس گیا تو اُنہوں نے پوچھا کہ تو اُس درویش کو کیسا پایا؟ خادم نے عرض کیا کہ وہ مہمل شخص ہے۔ کھانا تو آپ کا کھاتا ہے مگر شکر قطب الدین حیدر کا کرتا ہے۔ حضرت شیخ نے فرمایا کہ مُریدی اُس سے

سیکھنی چاہیے کہ ظاہری و باطنی فائدہ جس جگہ پائے اُسے اپنے پیر کی برکت سے سمجھے۔

(۱۳) ایک روز تعظیمِ ساداتِ کرام کے بارے میں ارشادات فرما رہے تھے کہ جس بستی میں سادات رہتے ہوں، میں اس میں نہیں رہنا چاہتا کیونکہ اُن کی بزرگی اور شرف زیادہ ہے، میں اُن کی تعظیم و تکریم کا حق ادا نہیں کر سکتا۔

ایک روز امام اعظمؒ قدس سرہٗ درس کی مجلس میں کئی بار اُٹھے۔ کسی کو اس کا سبب معلوم نہ ہوا۔ آخر کار حضرت امامؒ کے ایک شاگرد نے دریافت کیا۔ حضرت امامؒ نے فرمایا کہ سادات علوی کا ایک لڑکا اُن لڑکوں میں ہے جو مدرسہ کے صحن میں کھیل رہے ہیں۔ وہ لڑکا جب اس درس کے قریب آتا ہے اور اس پر میری نظر پڑتی ہے تو میں اُس کی تعظیم کے لیے اٹھتا ہوں۔

(۱۴) کشف قبور یہ ہے کہ صاحبِ قبر کی رُوح مثالی صورتوں میں سے کسی مناسب صورت کے ساتھ متمثل ہو جاتی ہے۔ صاحبِ کشف اس کو بصیرت کی آنکھ سے اُسی صورت میں مشاہدہ کرتا ہے لیکن چونکہ شیطانوں کو مختلف صورتوں اور شکلوں کے ساتھ متمثل و متشکل ہو جانے کی قوت ہوتی ہے۔ اس لیے ہمارے خواجگان قدس اللہ ارواحہم نے اس کشفیت کا اعتبار نہیں کیا ہے۔ اصحابِ قبور کی زیارت میں اُن کا طریقہ یہ ہے کہ جب وہ کسی بزرگ کی قبر پر پہنچتے ہیں تو اپنے آپ کو تمام کیفیتوں اور نسبتوں سے خالی کر کے انتظار میں بیٹھ جاتے ہیں کہ دیکھئے کیا نسبت ظاہر ہو۔ اُس نسبت سے صاحبِ قبر کا حال معلوم کر لیتے ہیں۔ اور بیگانوں کی صحبت میں بھی اُن کا یہی طریقہ ہے کہ جو شخص اُن کے پاس بیٹھے وہ اپنے باطن پر نظر ڈالتے ہیں۔ جو کچھ اس شخص کے آنے کے بعد ظاہر ہو وہ جان لیتے ہیں کہ یہ اُس کی نسبت ہے اور ہمارا اس میں کچھ دخل نہیں۔ اس نسبت کے مطابق لطف یا قہر سے اُس سے پیش آتے ہیں۔

محققین کے نزدیک یہ بات ثابت ہے کہ موت کے بعد اولیاء اللہ ترقی کرتے ہیں۔

سلسلہ (سلسلہ نقشبندیہ) کے خواجگان قدس اللہ ارواحہم ہر ریاکار اور بازیگر سے شرف نسبت نہیں رکھتے۔ اُن کا کارخانہ بلند ہے۔

(۱۷) ہر زمانہ میں رجال غیب میں سے اُس شخص کی صحبت میں رہتے ہیں جو عزیمت[1] پر عمل کرتا ہے۔ یہ گروہ رخصت سے بھاگتا ہے۔ رخصت پر عمل کرنا ضعیفوں کا کام ہے ہمارے خواجگان قدس اللہ ارواحہم کا طریقہ عزیمت ہے۔

(۱۸) جس وقت آپ عزیمت و احتیاط کے طریق سے کوئی کام کرتے تو فرماتے کہ تقدمہ طعام میں احتیاط کرنا ضروریات سے ہے۔ چاہیئے کہ کھانا پکانے والا باوضو ہو۔ وہ شعور و آگاہی سے لکڑی چولہے میں رکھے اور آگ جلائے۔ جس پکانے میں غصہ یا پریشان باتیں ظہور میں آئیں، اُس کھانے کو حضرت خواجہ نقشبند قدس سرہ' نہ کھاتے تھے اور فرماتے تھے کہ اس کھانے میں ظلمت ہے۔ ہمیں اس کا کھانا جائز نہیں۔

(۱۹) چاہیئے کہ مرید کی توجہ پیر کے دو ابرو کے درمیان ہو اور پیر کو تمام اوقات اور احوال میں آگاہ و حاضر سمجھے تاکہ پیر کی بزرگی اور عظمت اُس میں تصرف کرے اور جو چیز پیر کے حضور میں نامناسب ہو وہ مرید کے باطن سے کوچ کر جائے۔ اِس امر کے کمال کے سبب سے یہ حال ہو جائے کہ پیر و مرید کے درمیان سے حجاب اُٹھ جائے اور پیر کی تمام مرادیں اور مقاصد بلکہ اس کے احوال و مواجید مرید کے مشاہدہ و معائنہ میں آجائیں۔

(۲۰) ردی خطرات اور طبعی مقتضیات میں گرفتاری سے خلاصی کا طریقہ تین چیزوں میں سے ایک ہو سکتی ہے۔

اوّل[1] یہ کہ اعمالِ خیر جو اس گروہ نے مقرر کئے ہیں، اُن میں سے ہر ایک عمل اپنے اوپر لازم کر لے اور طریقِ ریاضت اختیار کرے۔

دوسرے[2] یہ کہ اپنی قوت و طاقت کو درمیان سے اُٹھا دے اور جان لے کہ ایسا نہیں کہ خود بخود اس بلا سے خلاصی حاصل کر سکوں اور عاجزی و محتاجی

---

[1] عزیمت شریعت میں اصل مشروع کو کہتے ہیں اور رخصت اُسے بولتے ہیں کسی عذر کے سبب سے مباح سمجھا گیا ہو حالانکہ اُس کی حرمت کی دلیل قائم ہو۔

طور ہمیشہ اللہ تعالیٰ کے حضور تضرع وانکساری کرے تاکہ اللہ تعالیٰ اُس کو اِس بلا سے نجات دے۔
تیسرے یہ کہ اپنے پیر کی ہمت و باطن سے مدد طلب کرے اور اُس کو اپنی توجہ کا قبلہ بنائے۔
اس تقریر کے بعد آپ نے حاضرین سے پُوچھا کہ ان تین طریقوں میں سے بہتر کون سا ہے؟ پھر آپ نے خود ہی فرمایا کہ پیر کی ہمت سے مدد مانگنا اور اس کی طرف متوجہ ہونا بہتر ہے۔ کیونکہ طالب اس صورت میں اپنے تئیں اللہ تعالیٰ کی طرف توجہ سے عاجز سمجھ کر پیر کو اس توجہ اور اللہ تعالیٰ کی جناب میں وصول کا وسیلہ بناتا ہے۔ یہ امر حصولِ نتیجہ کے قریب تر ہے۔ جو کچھ طالب کا مقصود ہے اس تقدیر پر زیادہ جلدی متنوع ہوگا کیونکہ وہ ہمیشہ پیر کی ہمت سے مدد طلب کرنے والا ہوگا۔

(۲۱) عبادت سے مراد یہ ہے کہ اوامر پر عمل کریں اور نواہی سے پرہیز کریں۔ عبودیت سے مراد اللہ تعالیٰ کے حضور ہمیشہ توجہ اور اقبال ہے۔

(۲۲) شریعت، طریقت اور حقیقت تین چیزیں ہیں۔ احکامِ ظاہری کا جاری کرنا شریعت ہے۔ جمعیتِ باطن میں تعمّل وتکلّف طریقت ہے اور اس جمعیت میں رُسوخ حقیقت ہے۔

(۲۳) سیر دو طرح کی ہے۔ سیرِ مستطیل اور سیرِ مستدیر[1]۔ سیرِ مستطیل بُعد در بُعد ہے اور سیرِ مستدیر قُرب در قُرب ہے۔ سیرِ مستطیل سے مراد مقصود کو اپنے دائرے کے خارج سے طلب کرنا ہے اور سیرِ مستدیر اپنے دل کے گرد پھرنا اور مقصود کو اپنے سے ڈھونڈنا ہے۔

(۲۴) علم دو ہیں۔ علم وراثت اور علم لدنّی۔ علم وراثت وہ ہے جس سے پہلے کوئی عمل ہو۔ چنانچہ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

لمن عمل بما علم ورثہ اللہ علم ما لم یعلم — جو شخص اپنے علم پر عمل کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کو وارث بناتا ہے اُس علم کا جو اُسے معلوم نہیں۔

اور علم لدنّی وہ علم ہے جس سے پہلے کوئی عمل نہ ہو، بلکہ بغیر کسی سابق عمل کے اللہ تعالیٰ محض عنایت بے علّت سے اپنے پاس سے بندے کو کسی خاص علم کے ساتھ مشرف

---

[1] سیرِ مستطیل سے مراد سیرِ آفاقی اور سیرِ مستدیر سے مراد سیرِ انفسی ہے (قصوری)

کرے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:۔

وَعَلَّمْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّا عِلْمًا (سورہ کہف۔ع۹) | اور سکھایا تھا ہم نے اُس کو اپنی پاس سے علم

آپ نے فرمایا کہ علم کی طرح اجر بھی تین قسم کا ہے۔ اجرِ ممنون اور اجر غیر ممنون۔ اجر ممنو
وہ ہے جو کسی عمل کے مقابلہ میں نہ ہو بلکہ محض موہبت (عطاء بخشش) ہو اور اجر غیر مم
وہ ہے جو کسی عمل کے مقابلہ میں ہو۔

(۲۵) لوگوں نے خیال کیا ہے کہ شاید کمال انا الحق کہنے میں ہے۔ نہیں، بلکہ اس میں
ہے کہ انا کو دور کیا جائے اور کبھی اُسے یاد نہ کیا جائے۔

(۲۶) فنائے مطلق کے معنی یہ نہیں کہ صاحبِ فنا کو اپنے اوصاف و افعال کا شعور نہ ہ
بلکہ اس کے معنی یہ ہیں کہ بطریق ذوق اپنے آپ سے اوصاف و افعال کے اسناد
نفی کرے اور فاعل حقیقی جل ذکرہ، (اُس کے ذکر کی بڑی عظمت اور شان
کے لیے اسناد ثابت کرے۔ وہ جو صوفیہ قدس اللہ تعالیٰ ارواحہم نے فرمایا ہے
نفی اثبات کے ساتھ مخالفت نہیں رکھتی، اس کے یہی معنی ہیں۔ آپ نے مثا
کے طور پہ فرمایا کہ یہ کپڑا جو میں پہنے ہوئے ہوں عاریتی ہے اور مجھے اس کے عا
ہونے کا علم نہیں۔ اور اس سبب سے کہ اس کو میں اپنی ملک سمجھتا ہوں اس
تعلق رکھتا ہوں۔ ناگاہ مجھے اس کپڑے کے عاریتی ہونے کا علم ہو گیا۔ اُسی وق
میرا تعلق اِس سے منقطع ہو گیا حالانکہ میں بالفعل پہن رہا ہوں۔ اسی پہ تمام صو
کو قیاس کرنا چاہیئے کہ سب عاریتی ہیں تاکہ غیر اللہ سے دل منقطع ہو جائے
پاک و مطہر ہو جائے۔

(۲۷) وصل، حقیقت میں یہ ہے کہ دل بطریق ذوق اللہ تعالیٰ کے ساتھ جمع ہو جا
جب یہ بات دائم (ہمیشہ) ہو جائے۔ تو اسے دوام وصل بولتے ہیں۔ نہایت ہی
وہ جو حضرت خواجہ بہاء الدین قدس سرہٗ نے فرمایا ہے کہ ہم نہایت کو بدایت
کو ابتدا میں) درج کرتے ہیں۔ اس سے مراد یہی نہایت ہے۔ اور جو آپ نے فرما
ہم محض قبولیت کا واسطہ ہیں، ہم سے منقطع ہونا چاہیئے اور مقصود سے ملنا چ

یہی وصل ہے۔

(۲۸) تجلّی کے معنی کشف ہیں۔اس امر کا ظہور دو طرح سے ہو سکتا ہے۔ایک کشف عیانی جو دارِ جزا میں سر کی آنکھ کے ساتھ مقصود کے جمال کا مشاہدہ ہے۔ دوسرے یہ کہ غلبۂ محبت کے ساتھ غائب کو کثرت سے حاضر کرنے کے ذریعہ سے کہ وہ غائب مثل محسوس کے ہو جائے کیونکہ خواصِ محبت میں سے ہے کہ وہ غائب کو مثل محسوس کے کر دیتی ہے۔ دنیا میں اربابِ کمال کے قدم کی انتہا یہی ہے۔

(۲۹) اگر ہم شیخی کرتے تو اس زمانہ میں کسی شیخ کو مرید نہ مل سکتا۔ لیکن ہمیں اور کام کا حکم ملا ہے کہ مسلمانوں کو ظالموں کے شر سے بچائیں۔اس واسطے ہمیں بادشاہوں سے میل جول رکھنا اور اُن کے نفوس کو مسخر کرنا اور اس عمل کے ذریعہ سے مسلمانوں کی مطلب برآری ضروری ہے۔

(۳۰) اللہ تعالیٰ نے محض اپنی عنایت سے مجھے ایسی قوت عطا کی ہے کہ اگر میں چاہوں تو ایک رُقعہ سے بادشاہِ خطا کو جو الوہیت کا دعویٰ کرتا ہے، ایسا کر دوں کہ بادشاہت چھوڑ کر ننگے پاؤں خطا سے خار و خاشاک میں دوڑتا ہوا اپنے آپ کو میرے آستانہ پر پہنچائے لیکن باوجود ایسی قوت کے ہم خدا کے حکم کے منتظر ہیں۔جس وقت اللہ جو چاہے وہ حکم دے، وقوع میں آئے گا۔اس مقام کے لیے ادب لازم ہے اور ادب یہ ہے کہ بندہ اپنے آپ کو اللہ تعالیٰ کے ارادہ کا تابع بنائے نہ کہ اللہ تعالیٰ کو اپنے ارادہ کا تابع بنائے۔

(۳۱) ہر روز سونے سے قبل اپنے گزشتہ اوقات کو یاد کرو کہ کس طرح گزرے ہیں۔اگر غیر طاعت سے گزرے ہیں تو توبہ و استغفار کرنا چاہیے۔

(۳۲) منجملہ آدابِ طریقت سے یہ ہے کہ ہمیشہ باوضو رہے کیونکہ دوامِ وضو سے فراخیٔ رزق ہوتی ہے۔

(۳۳) جو شخص فقیروں کی صحبت میں آئے اُسے چاہیے کہ اپنے آپ کو نہایت مفلس ظاہر کرے تاکہ اُس پر اُن کو رحم آئے۔

(۳۴) رہبر کا سایہ ذکرِ حق کرنے سے زیادہ بہتر ہے۔یعنی مرید کے لیے رہبر کا سایہ اُس کے ذکر حق کرنے سے زیادہ نفع مند ہے۔کیونکہ مرید کو اُس وقت اللہ تعالیٰ کے ساتھ کامل مناسبت حاصل نہیں ہوتی تاکہ براستہ ذکر اُسے مکمل نفع حاصل ہو۔

بخارا کے مقامات میں قبرستان کا عمومی منظر۔ حضرت اویا ایوب پیغمبرؑ کا مزار شریف نمایاں ہے۔ تصویر از "دی امیر آف بخارا اینڈ ہز کنٹری" بشکریہ پنجاب پبلک لائبریری لاہور

(۲۰)

حضرت خواجہ محمد زاہد وخشی قدس سرّہ

وخش نزد حصار علاقہ بخارا ۸۵۲ھ / ۶۱۴۴۸ — ۹۳۶ھ / ۶۱۵۲۹ وخش نزد حصار

مادۂ تاریخِ وفات

"سعادت نشان" ۹۳۶ھ

"فیض الٰہی" ۹۳۶ھ

"فیض ولی" ۹۳۶ھ

"پیر خواجہ محمد زاہد" ۹۳۶ھ

۳۔ حضرت خواجہ محمد زاہد وَخشی قدس سرہٗ

آپ کی ولادت باسعادت قصبہ وخش نزد حصار علاقہ بخارا میں ۱۴ رشوال ۸۵۲ھ / دسمبر ۱۴۴۸ء کو ہوئی۔ آپ کا انتساب طریقہ نقشبندیہ میں حضرت خواجہ عبید اللہ احرار قدس سرہٗ سے ہے۔ آپ حضرت خواجہ یعقوب چرخی قدس سرہٗ کے نواسہ ہیں۔ اور ذکر کی تلقین اُن کے اسی خلیفہ سے حاصل کی تھی۔ جب حضرت احرار قدس سرہٗ کے رُشد و ہدایت کا آوازہ آپ کے کان میں پہنچا تو حصار سے سمرقند کی طرف روانہ ہوئے۔ اور وہاں پہنچ کر محلہ دالسرائے میں قیام فرما ہوئے۔ یہاں سے حضرت خواجہ احرار قدس سرہٗ کی خانقاہ شریف تین کوس (چھ میل) کے فاصلہ پر تھا۔ حضرت خواجہؒ کو بذریعہ کشف معلوم ہو گیا کہ مولانا خواجہ زاہد ہماری ملاقات کے لیے آرہے ہیں۔ اُن کے دل میں آیا کہ آپ کا استقبال کرنا چاہیے۔ عین دوپہر کے وقت فرمایا کہ سواری کا اونٹ لاؤ، اس پر سوار ہو کر تمام مریدین کو ساتھ لے کر چل پڑے۔ کسی کو معلوم نہ تھا کہ آپ کہاں جارہے ہیں۔ آپ نے اونٹ کو اُس کے حال پر چھوڑ دیا کہ جہاں چاہے چلا جائے۔ جب حضرت خواجہؒ آپ کی قیام گاہ پر پہنچے تو اونٹ خود بخود رُک گیا۔ اور حضرت خواجہ اُتر پڑے۔

آپ کو حضرت خواجہ احرار قدس سرہٗ کی تشریف آوری کی خبر ہوئی تو بے اختیار دوڑے آئے، حضرت کا استقبال کیا اور پاؤں کا بوسہ لیا۔ پھر خلوت میں اپنے واردات و معاملات و مقامات حضرت خواجہ قدس سرہٗ کی خدمت میں پیش کئے اور بیعت کی خواہش کی۔ حضرت خواجہؒ نے بیعت کر کے اُسی مجلس میں درجۂ تکمیل تک پہنچا دیا اور خلافت عطا کر کے وہیں سے رخصت کر دیا۔ یہ دیکھ کر حضرت خواجہؒ قدس سرہٗ کے بعض اصحاب کو غیرت سے جلنے لگے کہ مولانا زاہد کو آپ نے پہلی ہی صحبت میں خلافت عطا فرما دی۔ کہ ہم برسوں سے آپ کی خدمت کر رہے ہیں۔ مگر ہم پر یہ عنایت نہیں فرمائی۔

حضرت خواجہ قدس سرہٗ نے فرمایا کہ مولانا زاہد، چراغ اور تیل بتی تیار کر کے ہمارے پاس آ
تھے۔ ہم نے صرف روشن کر کے رخصت کر دیا۔ یہ معاملہ حضرت خواجہ قدس سرہٗ کے تصرف
عظیم اور آپ (مولانا خواجہ زاہدؒ) کے کمال استعداد و قابلیت پر دلالت کرتا ہے۔

آپ حضرت خواجہ احرار قدس سرہٗ کے خلیفۂ اعظم تھے۔ علم ظاہری و باطنی میں خوب وا
حصہ رکھتے تھے۔ فقر و تجرید اور توحید و ورع میں مقاماتِ عالیہ پر فائز تھے۔ بیعت ہونے
سے قبل برسوں ریاضت و مجاہدہ میں مشغول رہے تھے۔

وفات آپ کی رحلت یکم ربیع الاول ۹۳۶ھ / ۱۵۲۹ء کو وَخش میں ہوئی اور وہیں مزا
مقدس بنا جو مرجعِ خاص و عوام ہے۔



مقبرہ خواجہ محمد درویش رحمۃ اللہ علیہ

تصویر از "یادداشت ہا قسم ا" بشکریہ ڈاکٹر اے ایچ دانی صاحب اسلام آباد

(۲۱)

حضرت خواجہ درویش محمدؒ قدس سرّہ،

سنہ ۸۴۶ھ
۱۴۴۴ء

سنہ ۹۷۰ھ
۱۵۶۲ء

استقرار ماوراء النہر ترکی

مادۂ تاریخِ وفات

"مست عشق"	"شیخ اولیاء بود"
۹۷۰ھ	۹۷۰ء

۲۱۔ حضرت خواجہ درویش محمد قدس سرہٗ

آپ کو اپنے ماموں محمد زاہد قدس سرہٗ سے اجازت و خلافت ہے۔ بیعت سے پندرہ سال پہلے زہد و ریاضت میں مشغول رہا کرتے تھے اور تجرید و تفرید، تنہائی، گوشہ نشینی کی حالت میں بے خورد و خواب (بغیر کھانے پینے کے) ویرانوں میں اوقات کرتے تھے۔ ایک روز بھوک کی شدت میں آسمان کی طرف منہ اٹھایا تو اُسی وقت حضرت خضر علیہ السلام حاضر ہوئے اور فرمایا کہ اگر صبر و قناعت مطلوب ہے تو خواجہ محمد زاہد کی خدمت میں جاکر قدم بوسی کرو، وہ تم کو صبر و قناعت سکھا دیں گے۔ یہ سُن کر آپ حضرت خواجہ زاہد کی خدمت بابرکت میں حاضر ہوئے اور درجۂ تکمیل کو پہنچے۔ پھر ان کے انتقال پر اُن کے مستقل نائب ہو گئے۔[1]

آپ ورع و تقویٰ، عمل بعزیمت اور حفظِ نسبت میں شان عظیم رکھتے تھے۔ طریق کی گمنامی اور حالات کے چھپانے کا بڑا التزام تھا۔ اسی واسطے آپ بچوں کو قرآن شریف پڑھایا کرتے تھے تاکہ کسی کو آپ کے حال و کمال سے آگاہی نہ ہونے پائے۔ ایک روز کسی ملک درویش کا آپ کے شہر میں گزر ہوا۔ اُس نے کہا کہ یہاں ایک مردِ خدا کی بُو آتی ہے اور آپ کی طرف اشارہ کیا۔

آپ کے صاحبزادے حضرت خواجگی امکنگی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ میرے والد گرامی قدر کی شہرت کی وجہ یہ ہوئی کہ ایک روز ایک درویش نے شیخ نورالدین خوافی رحمۃ اللہ علیہ کے حالات کا تذکرہ کیا۔ والد ماجد نے میری طرف مخاطب ہو کر فرمایا، بیٹا! یہ شیخ بہت

---

[1] آپ کی ولادت ۱۶ شوال ۹۴۶ھ / ۶ فروری ۱۵۴۰ء کو ہوئی۔ (قصوری)

بزرگ معلوم ہوتے ہیں۔ جب کبھی اُن کے اِدھر تشریف لانے کا اتفاق ہوا تو میں اُن سے ضرور ملوں گا اِس ارشاد کے چند روز بعد شیخِ ممدوح کا نواحِ امکنہ میں گزر ہوا میرے والد نے جب اُن کے آنے کی خبر سُنی، تو آپ اُن ہی کپڑوں میں جو آپ پہنے ہوئے تھے، کچھ ہدیہ لے کر شیخ کی ملاقات کے لیے روانہ ہو گئے۔ میں بھی آپ کے قدموں کے ساتھ تھا (یعنی ہمراہ تھا) جب ہم وہاں پہنچے تو انہوں نے میرے والد گرامی قدر سے خوب معانقہ کیا اور کافی دیر تک بغل گیر رہے۔ پھر شیخ دو زانو ہو کر مراقبہ میں بیٹھ گئے اور میرے والد گرامی بھی بیٹھے رہے۔ پھر والد ماجد نے رخصت کی اجازت طلب کی تو حضرت شیخ نے چند قدم مشایعت کر کے رخصت کیا۔ بعد ازاں شیخ نے حاضرینِ مجلس سے پوچھا کہ یہاں کے طالبانِ خدا اِس بزرگ کے پاس کافی آمد و رفت رکھتے ہوں گے۔ لوگوں نے کہا کہ یہ تو کوئی شیخ نہیں ہیں جبکہ ایک ملا ہیں جو بچوں کو قرآن شریف پڑھانے میں مشغول رہتے ہیں۔ یہ سُن کر شیخ نور الدین رح نے فرمایا کہ یہاں کے لوگ کیسے اندھے اور مُردہ دل ہیں جو ایسے درویشِ کامل سے فائدہ و فیض حاصل نہیں کرتے۔ جب شیخ کی یہ بات مشہور اور زبان زدِ عام ہوئی تو ہر طرف سے طالبانِ طریقت آپ کی خدمت میں حاضر ہونے لگے مگر آپ ہمیشہ گمنامی و گوشہ نشینی کی لذت کو یاد کیا کرتے اور خلقِ خدا کی آمد و رفت کی کثرت سے پریشان ہوا کرتے تھے۔

کرامت حضرت شیخ حسین خوارزمی کُردی قدس سرہٗ اپنے وقت کے مقتدر تھے۔ جہاں کہیں تشریف لے جاتے وہاں کے مشائخ کی اُن کے تصرفات کے سامنے کوئی حیثیت نہ رہتی۔ جو درویش آپ کی ملاقات کو آتا، آپ اُس کی نسبت سلب کر لیتے۔ رفتہ رفتہ حضرت خواجہ مولانا درویش محمد کے شہر میں بھی اُن کا گذر ہوا۔ شہر کے مشائخ اُن کی ملاقات کے لیے گئے۔ مولانا نے فرمایا کہ ہم کو بھی شیخ حسینؒ کی ملاقات کے لیے جانا چاہیے۔ یہ فرما کر مولانا نے شیخ موصوف کی نسبت اپنے باطن میں اندر ہی اندر سلب کر لی۔ اُدھر شیخ حسینؒ اپنے آپ کو نسبت سے خالی پا کر حیران و پریشان ہوئے۔ جب حضرت مولانا خواجہ درویش محمد ملاقات کے لیے سوار ہوئے تو اُس وقت شیخ نے اپنے باطن میں نسبت کی بُو پائی، جیسا کہ حضرت یعقوب علیہ السلام نے حضرت یوسف علیہ السلام کی قمیض کی بُو پائی تھی، جب کہ وہ مصر سے

روانہ ہوئے تھے۔ شیخ اونٹ پر سوار ہوکر نسبت کی بُو کے پیچھے پیچھے روانہ ہوئے۔ جس قدر شیخ، حضرت مولانا خواجہ کے قریب ہوتے جاتے تھے، اپنی گم شدہ نسبت کی بُو زیادہ محسوس کرتے تھے۔ جب اثنائے راہ میں شیخ و مولانا میں باہم ملاقات ہوئی تو وہ بُو بھی وہیں منقطع ہوگئی۔ اُسی وقت شیخ نے جان لیا کہ میری نسبت، حضرت مولانا خواجہ درویش محمدؒ نے اپنے تصرف سے سلب کرلی۔ شیخ نے نہایت انکسار اور بے حد تواضع کی اور بصد عاجزی کہا کہ مجھے معلوم نہ تھا کہ یہ اقلیم آپ کے زیر حکومت ہے۔ اب میں یہاں سے چلا جاتا ہوں۔ حضرت خواجہؒ کو شیخ پر رحم آیا اور سلب شدہ نسبت واپس دے دی۔ چنانچہ شیخ نے اسی وقت اپنے آپ کو نسبت سے معمور پایا اور اُسے غنیمت سمجھ کر اُسی سواری پر واپس ہوئے۔ اور اپنی قیام گاہ پر پہنچ کر وطن کو لوٹ گئے۔

وفات آپ کی وفات حسرت آیات بروز جمعرات ۱۹/ محرم الحرام سنہ ۹۷۰ھ / ۱۵۶۲ء کو ہوئی۔ مزار مقدس موضع اسفرارہ (ماوراءالنہر) میں واقع ہے

بخارا شہر کی اندرونی دیوار کے اندر واقع قبرستان کا اندرونی منظر
تصویر از "دی امیر آف بخارا اینڈ ہز کنٹری"، بشکریہ پنجاب پبلک لائبریری لاہ

(۲۲)

حضرت خواجہ محمد مقتدیٰ امکنگی قدس سرہ،

امکنہ نزد بخارا ۹۱۸ / ۱۵۱۲-۱۳ ○ ۱۰۰۸ / ۱۶۰۰ء امکنہ نزد بخارا

مادہ تاریخ وفات

"شیخ زمان" "شیخ محمود"

۱۰۰۸ھ ۱۰۰۸ھ

"شیخ الہند جُدا"

۱۰۰۸ھ

۲۲۔ حضرت خواجہ محمد مقتدیٰ امکنگی قدس سرہٗ

آپ کا اسم مبارک محمد مقتدیٰ ہے۔ آپ موضع امکنہ کے رہنے والے ہیں جو بخارا کے دیہات میں سے ایک گاؤں ہے۔ اس گاؤں کی نسبت سے آپ کو امکنگی کہتے ہیں۔ آپ کی تربیتِ ظاہری و باطنی اپنے پدرِ بزرگوار حضرت خواجہ درویش محمد قدس سرہٗ سے ہے اور اُن ہی سے آپ کو خلافت ہے۔

آپ حضرت خواجہ خواجگان خواجہ بہاء الدین نقشبند قدس سرہٗ کے اصل طریقہ نقشبندیہ کی بڑی سختی سے پابندی فرماتے تھے اور اس طریقہ میں جو نئی باتیں بعض نقشبندی بزرگوں کی وجہ سے پیدا ہو گئی تھیں، مثلاً ذکر بالجہر اور جماعتِ نماز تہجد وغیرہ، ان سے پرہیز کرتے تھے۔ حضرت خواجہ نقشبند قدس سرہٗ کے بالکل قدم بقدم چلتے تھے۔ نہایت عابد و زاہد اور صاحبِ کرامات و خوارق بزرگ تھے۔ اپنے حالات کے اخفاء کی بہت کوشش کرتے تھے۔ اپنے وقت میں طالبانِ طریقت کے مرجع تھے۔ تصرف باطنی کا یہ عالم تھا کہ علماء و فضلاء و امراء و فقراء مستفید و مستفیض ہونے کے لیے آپ کی خدمت اقدس میں حاضری دیا کرتے تھے۔ بلکہ ملوک و سلاطین وقت آپ کے آستانہ عالیہ کی خاک کو اپنی آنکھوں کا سرمہ بناتے تھے۔ چنانچہ عبداللہ خان والیٔ توران آپ کا بہت معتقد و مرید تھا۔

آپ نے تیس برس تک مسندِ خلافت و مشیخیت کو رونق بخشی۔ اگرچہ بڑھاپے کی وجہ سے درست مبارک میں رعشہ آگیا تھا مگر مہمانوں کی خدمت خود کرتے تھے۔ خود ہی مہمانوں کے لیے کھانا لاتے بلکہ بسا اوقات اُن کے خادموں اور سواریوں کی بھی خود خبر گیری فرماتے تھے۔ آپ کی کشف و کرامات سورج سے زیادہ روشن ہیں۔

حکایت (۱) عبداللہ خان والیٔ توران نے خواب میں دیکھا کہ ایک عظیم الشان خیمہ

کھڑا ہے جس میں حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہیں۔ ایک بزرگ بارگاہِ اقدس کے دروازے پہ ہاتھ میں عصا لیے عرض بیگی (وہ شخص جو لوگوں کی درخواستیں بادشاہ یا کسی امیر کے حضور پیش کرے) کی خدمت میں بجا لا رہے ہیں اور خلائق کے معروضات حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بارگاہِ بے کس پناہ میں پیش کر کے جواب لا رہے ہیں۔ چنانچہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس بزرگ کے ہاتھ ایک تلوار مجھے ارسال فرمائی اور اُنہوں نے آکر میری کمر میں لٹکا دی۔ اس کے بعد عبداللہ خاں کی آنکھ کھل گئی۔ اور لوگوں کو اُس بزرگ کا حلیہ بتا کر تلاش شروع کر دی۔ اُس کے ایک مصاحب نے عرض کیا کہ اس حلیہ کے بزرگ حضرت خواجہ امکنگی رح ہیں۔ بادشاہ بہت خوش ہوا۔ اور بڑے شوق سے ہدایا و تحائف لے کر حاضر خدمت ہوا۔ آپ کا حلیہ مبارک بعینہٖ وہی پایا جو خواب میں دیکھا تھا۔ نہایت تواضع اور نیازمندی سے نذرانہ قبول کرنے کی التماس کی مگر حضرت خواجہ قدس سرہٗ نے قبول نہ کیا۔ اور فرمایا کہ فقر کی حلاوت و شیرینی، نامرادی اور قناعت میں ہے۔ بادشاہ نے آیہ شریفہ

اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِی الْاَمْرِ مِنْکُمْ (سورۃ نساء ع)	حکم مانو اللہ اور اُس کے رسول کا اور اُن کا جو تم میں اختیار والے ہیں۔

پیش کی، تب آپ نے مجبوراً قبول فرما لیا۔ اس کے بعد بادشاہ ہر روز صبح کے وقت نہایت عاجزی و انکساری کے ساتھ آپ کی قدم بوسی کے لیے حاضر ہوا کرتا تھا۔

(۲) پیر محمد خاں والئی ماوراء النہر نے پچاس ہزار سواروں کے ساتھ سمرقند پر چڑھائی حاکم سمرقند، باقی محمد خاں کے پاس صرف چودہ ہزار سوار و پیادہ تھے۔ وہ بغرض استمداد حضرت خواجہ قدس سرہٗ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس پر آپ نے پیر محمد خاں کے پاس تشریف لے جا کر اُسے نصیحت کی مگر وہ صلح و آشتی پر رضامند نہ ہوا اور آپ خفا ہو کر واپس آ گئے۔ پھر باقی محمد خان سے فرمایا کہ اگر تُو دل سے تائب ہو جائے کہ آئندہ خلق خدا پر کبھی ظلم و تشدد نہیں کرے گا۔ اس پر آپ نے حکم دیا کہ جاؤ! جا کر حملہ کرو، ماوراء النہر کی سلطنت تجھے مبارک ہو۔ یہ فرما کر دست

شفقت اُس کی پیٹھ پر رکھا اور اپنی تلوار مبارک اُس کی کمر پر باندھ کر روانہ کیا۔ اُس کے پیچھے پیچھے آپ بھی درویشوں کی ایک جماعت کے ساتھ روانہ ہوئے اور شہر کے کنارے پر ایک پرانی مسجد میں رو بقبلہ مراقب ہو بیٹھے۔ اور بار بار سرِ اقدس اٹھا کر پوچھتے تھے کہ کیا خبر ہے؟ دریں اثنا یہ خبر آئی کہ باقی محمد خان نے فتح پائی اور پیر محمد خان مارا گیا ہے۔ اِس پر آپ مراقبہ سے اُٹھ کر اپنی قیام گاہ پر تشریف لے آئے۔

(۳) آپ کا ایک مرید درویش بیان کرتا ہے کہ ایک رات آپ کہیں تشریف لے جا رہے تھے۔ میں بھی دیگر خدام کے ساتھ ہمرکاب تھا۔ میرے پاؤں ننگے تھے۔ اتفاقاً ایک کانٹا چبھا جس سے میں بے قرار ہو گیا۔ مجھے خیال آیا کہ اگر حضرت مجھ کو جوتا عنایت فرماتے تو کیا اچھا ہوتا۔ آپ نے اس خیال سے آگاہ ہو کر فرمایا:۔

"اے بھائی! جب تک پاؤں میں کانٹا نہیں چبھا، پھول ہاتھ نہیں آتا۔"

(۴) ایک دفعہ تین طالبعلم مختلف ارادوں سے آپ کی خدمت میں آئے۔ ایک نے نیت کی اگر حضرت فلاں قسم کا کھانا کھلائیں تو بے شک صاحبِ کرامت ہیں۔ دوسرے نے دل میں کہا کہ اگر فلاں قسم کا میوہ مجھے عطا فرمائیں تو ولی ہیں۔ تیسرے نے خیال کیا کہ اگر فلاں حسین لڑکے کو مجلس میں حاضر کر دیں تو صاحبِ خوارق ہیں۔ حضرت اقدس نے پہلے دونوں کو تو اُن کے خیال و خواہش کے مطابق کھانا اور میوہ عطا کیا۔ مگر تیسرے کو فرمایا کہ درویشوں نے جو کمالات حاصل کئے ہیں وہ صاحبِ شریعت صادر نہیں ہوتا۔ اِس کے بعد تینوں سے مخاطب ہو کر فرمایا کہ امرِ مباح کی نیت سے بھی درویشوں کے پاس نہیں آنا چاہیے کیونکہ بسا اوقات وہ ایسے کاموں کی طرف توجہ نہیں کرتے اور آنے والے بد اعتقاد ہو کر ان کی صحبت کی برکات سے محروم رہ جاتے ہیں۔ فقراء کے ہاں کرامتوں کا کوئی اعتبار نہیں، اُن کے پاس خالصتہً لوجہ اللہ آنا چاہیئے کہ فیض باطنی کا کچھ حصہ مل سکے۔

کوئی دبیا کی

ایک دفعہ آپ کے قصبہ المکعہ میں دو آدمیوں کے درمیان جھگڑا ہو گیا۔ آپ تمام معاملہ سے آگاہ تھے۔ جب دونوں آدمیوں نے

فیصلہ کے لیے قاضی کی طرف رجوع کیا تو قاضی صاحب نے آپ سے شہادت طلب کی آپ نے اُس شخص کی حمایت میں شہادت دی جو جائز حقدار تھا۔ فریقِ مخالف نے کہا کہ "جب تک آپ قسم نہ کھائیں ہم ان کی شہادت نہیں مانتے" اس پر آپ نے ارشاد فرمایا کہ

"سچی قسم کھانا شریعت مطہرہ میں جائز ہے لہذا میں شرعی کام میں تاخیر نہیں کروں گا۔"

وفات

آپ نے اپنی وفات سے چند روز پہلے اپنے خلیفہ حضرت خواجہ محمد باقی باللہ قدس سرہٗ کو ایک خط لکھا تھا جس کے آخر میں یہ دو شعر درج تھے ؎

ماں تا زماں مرگ یاد آیدم ندانم کنوں تا چہ پیش آیدم
جدائی مبادا مرا از خدا دگر ہر چہ پیش آیدم سایدم

میں خط کے پہنچتے ہی آپ کی وفات ہو گئی۔ اُس وقت آپ کی عمر شریف نوّے برس کی تھی اور تاریخ وفات ۲۲ / شعبان ۱۰۰۸ھ / ۱۶۰۰ء ہے۔ قصبہ اکنہ میں آپ کا مزارِ مقدس بنا۔

برصغیر پاک و ہند کی سرزمین آپ کی احسان مند ہے کہ آپ نے اپنے خلیفۂ اعظم حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہٗ کو یہاں بھیجا تاکہ روحانیت کی پیاسی یہ سرزمین بھی سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کے فیوض و برکات سے مستفید و مستفیض ہو۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر سے نوازے۔ آمین۔

حضرت خواجہ محمد باقی باللہ قدس سرہ کے مقبرے شریف کا خوبصورت منظر
بشکریہ دربار عالیہ مُرشد آباد شریف پشاور شہر۔

حضرت خواجہ محمد باقی باللہ قدس سرہ کے مقبرے شریف کا بیرونی منظر۔ آپ کے
مقبرہ شریف کے سامنے بائیں جانب آپ کی والدہ ماجدہ کی قبر شریف نمایاں ہے
بشکریہ دربارِ عالیہ مُرشد آباد شریف پشاور شہر۔



حضرت خواجہ مؤید الدین محمد باقی باللہ رحمۃ اللہ علیہ کی قبرِ انور شریف کی خوبصورت تصویر
بشکریہ دربارِ عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر



حضرت خواجہ محمد باقی باللہ قدس سرہ کی قبر شریف پر آویزاں تختی کی خوبصورت تصویر
بشکریہ دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر

دہلی میں حضرت محمد باقی باللہ قدس سرہ کی مسجد کا ایک منظر

بشکریہ: دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر

(۲۳)

حضرت خواجہ مؤید الدین محمدؐ باقی باللہ قدس سرہ

کابل ۹۷۱ھ ۱۵۶۴ء ○ ۱۰۱۲ھ ۱۶۰۴ء دہلی (انڈیا)

مادۂ تاریخِ وفات

"صاحب افضل" ۱۰۱۲ھ "غیب" ۱۰۱۲ھ "فخر اسلام" ۱۰۱۲ھ "ذاکر کامل" ۱۰۱۲ھ

"حبیب و مرشدِ گیتی" ۱۰۱۲ھ "بحر معرفت بود" ۱۰۱۲ھ "نقشبند وقت" ۱۰۱۲ھ "پاک و سخی بادشاہ" ۱۰۱۲ھ

"حبیب سخی شاہ جواد" ۱۰۱۲ھ "و اعلموا ان اللہ مع المتقین" (آیت) ۱۰۱۲ھ

۲۳۔ حضرت خواجہ محمد باقی باللہ قدس سرہٗ

حضرت خواجہ محمد باقی عرف باقی باللہ قدس سرہٗ کی ولادت باسعادت ۱۵ ذوالحجہ ۹۷۱ھ بمطابق ۱۵ جولائی ۱۵۶۴ء کو کابل (افغانستان) میں ہوئی جہاں آپ کے والد گرامی قاضی عبدالسلام رحمۃ اللہ علیہ ایک عرصے سے اپنے قبائل سمیت سکونت پذیر تھے۔ قاضی صاحب، صاحبِ وجد و حال، اربابِ فضل و سخا اور صاحبانِ کشف و کرامت میں سے تھے، کابل ہی میں شادی کر کے مستقل طور پر رہ پڑے تھے۔ آپ کا قلب مبارک اس قدر نرم تھا کہ خوفِ الٰہی سے اکثر گریہ و بکا میں رہتے تھے۔ چونکہ اس زمانے میں علماء کو شیوخ کے لقب سے سرفراز کیا جاتا تھا اس وجہ سے قاضی صاحب کو بھی شیخ کے لقب سے پکارا جاتا تھا۔ آپ ترک خلجی خاندان سے تعلق رکھتے تھے۔ بچپن ہی سے بزرگی و ہمت اور تجرید و تفرید کے آثار حضرت خواجہ باقی باللہ کی پیشانی سے ظاہر تھے ؎

بالائے سرش ز ہوشمندی می تافت ستارۂ بلندی

ان ایام میں بعض اوقات آپ تمام دن گوشۂ تنہائی میں گزار دیتے تھے۔ مولانا صادق حلوائی[1] جو کابل کے علماء کبار میں سے تھے، سے علومِ رسمی کی تعلیم شروع کی

---

[1] مولانا صادق حلوائی کا وطن سمرقند تھا۔ جب وہ ۹۷۸ھ میں حج سے واپس تشریف لائے شاہ اکبر کے چھوٹے بھائی مرزا حکیم نے جو کابل کا حاکم تھا، مولانا سے درخواست کی کہ وہ عرصہ کابل تشریف لا کر انہیں اور وہاں کے لوگوں کو اپنے علمی فیض سے مستفید ہونے کا موقع دیں۔ لہٰذا وہ اُس کی فرمائش پر کچھ عرصہ کابل میں درس دیتے رہے۔ اسی زمانہ میں خواجہ باقی باللہ نے بھی اُن سے تعلیم حاصل کی۔ وہ بہت بڑے عالم و فاضل اور خوش گو

اوراُن کی رفاقت میں کابل سے ماوراءالنہر چلے گئے۔ اپنی علوِ فطرت کے سبب سے تھوڑے ہی عرصے میں اپنے ہم عصروں میں امتیاز حاصل کرلیا۔

علومِ رسمی کا ابھی کچھ حصہ باقی تھا کہ آپ کو درویشی کا شوق دامنگیر ہوا۔ اس لیے آپ ماوراءالنہر کے شہروں میں جو اُن دنوں مشائخ کبار کا مخزن ومعدن تھا، اولیاءاللہ کی تلاش میں گشت لگاتے پھرے۔ بعضوں سے استفادہ کیا اور بعضوں کے ہاتھ پر توبہ و انابت کی تجدید کی چنانچہ آپ خود یوں ارشاد فرماتے ہیں:-

"پہلے پہل خواجہ عبیداللہ کی خدمت میں گناہوں سے توبہ کی گئی لیکن رجوع کا خیال اور ترک کا عزم باطن میں تھا اور فاتحہ کی التماس ظاہر میں۔ خواجہ عبیداللہ مولانا لطف اللہ کے خلفاء میں سے تھے۔ اور مولانا لطف اللہ مولانا خواجگی دہیدی علیہ الرحمہ کے خلیفہ تھے مگر جب استقامت کی توفیق حاصل نہ ہوئی تو دوسری بار حضرت بندگان افتخار شیخ کی خدمت میں توبہ کی گئی جو سمرقند میں تشریف رکھتے تھے اور حضرت خواجہ احمد یسویؒ کے سلسلے کے اکابر میں سے تھے۔ اگرچہ شیخ سمرقندی راضی نہ تھے اور فرماتے تھے کہ تم ابھی جوان ہو، لیکن چونکہ فقیر کا ارادہ مصمم تھا، ناچار آپ نے فاتحہ پڑھی اور فرمایا کہ خدا استقامت بخشے۔ ان بزرگوں کی فراست کے مطابق عزیمت درہم برہم ہوگئی اور عجیب خرابی پیدا ہوئی۔ تیسری مرتبہ فقیر کے مقصد و اختیار کے بغیر حضرت

(بقیہ حاشیہ) شاعر بھی تھے۔ اُن کے بھائی ملا علی محدث سمرقندی بھی بہت بڑے عالم اور محدث تھے صادق حلوائی ہندوستان بھی آئے تھے۔ کچھ عرصہ علم وفضل کے خزانے لٹانے کے بعد واپس وطن تشریف لے گئے اور ۱۰۸۱ھ میں وفات پائی۔ نمونۂ کلام ملاحظہ ہو ؎

دل گم شد و نمی دہم کس نشان ازو — در خندہ است لعل تو دارم گمان ازو
صبر و دست چوں آئینہ در مقابل ماست — در رو معائنہ پیداست آنچہ در دل ماست
در عشقت گنج تو پنہاں در دل دجاں داشتم — شد عیاں از چہرہ ام ہر چند پنہاں داشتم

امیر عبداللہ قلجی کی خدمت میں از سرِ نو توبہ ظہور میں آئی۔ یہ غیر مترقب نعمت تھی۔ اُمید ہے کہ اِن بخششوں کی برکتیں قیامت تک رہیں گی۔ القصہ کچھ مدت اور نگہداشتِ حدود کے مقام میں رہا۔ پھر اسم المفضل کی تاثیر نے اس دیوار کو توڑ دیا۔ آخر کار خدائے بے نیاز کی ہدایت سے خواب میں خواجہ بہاء الحق والدین قدس سرہٗ کی زیارت کا شرف حاصل ہوا اور اُن کی خدمت میں صورتِ توبہ منعقد ہوئی۔ اور اہل اللہ کے طریقہ کی طرف میلان ظہور میں آیا۔ فقیر بموجب الغریق یتشبث بکل حشیش ‖ ڈوبنے والا ایک ایک تنکے کا سہارا ڈھونتا ہے۔ ہر طرف ہاتھ مارتا تھا۔ انجام کار مخدوموں میں سے بعض نے فرمایا کہ ذکر وہی نتیجہ خیز ہے جو بطریق عنعنہ جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچے۔ میری تشنگی و بے قراری نے مجھے اس پر آمادہ کیا کہ اُسی بزرگ سے ذکر و مراقبہ کا طریق حاصل کیا جائے۔ چنانچہ دو سال اُسی مخدوم کے بتائے ہوئے ذکر و مراقبہ اور اوراد کی پابندی کی گئی۔ میرے سننے میں آیا تھا کہ سالک جب تک قریباً چالیس سال لا الٰہ کے میدان کو طے نہیں کرتا، الا اللہ کی منزل پر نہیں پہنچتا۔ اس لیے سادہ لوحی یہ خیال دلاتی تھی کہ عمر ذکر میں گزرنے کو غنیمت سمجھ اور اسی طرح کی عبادت پر قناعت کر۔ اگر اس اثنا میں دوسرے طریقہ کے سلوک کے لیے غیبی اشارے ظہور میں آتے تھے مگر اپنے مضبوط قدم کو جگہ سے نہ اُٹھاتا تھا۔ اور اسی طبقہ (نقشبندیہ) کے بزرگوں کی زمینِ کرم میں وَفِیهَا مَا تشتهیه الانفس (اور اُس میں وہ چیز ہے جسے جی چاہے) کا بیج بوتا تھا۔ بدیں اُمید کہ انشاء اللہ العزیز آخر کار کسی بزرگ کا دستِ کرم اس بیج کو ما لا عین رأت ولا اذن سمعت کی نہر سے سیراب کریگا آخر کار ۹۹۹ھ میں فقیر کشمیر میں پہنچا اور حضرت بابا والی قدس اللہ سرہ العالی کی ملازمت میں حاضر ہونے کا اتفاق ہوا اور اُن کی نظر کی برکتوں سے بہرہ مند ہوا۔ اللہ تعالیٰ کا شکر و احسان ہے کہ ان چیزوں سے قبول کا دروازہ کھل گیا

چونکہ حضرت شیخ کو سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کی بھی اجازت تھی اور فقیر طالب کی استعداد اِس بزرگوار کے آستانہ کی طرف متوجہ تھی۔ اس لئے اِسی خانوادہ کی کھڑکی سے فیضانِ الٰہی پہنچنا شروع ہوا۔ جب حضرت شیخ ۱۵ر صفر ۱۰۱۱ھ کو انتقال کر گئے تو حضرات خواجگان نقشبندیہ کی غیبتِ معہودہ جلوہ گر ہوئی اور اُن کی پاک روحیں بمبشرات میں نظر آنے اور طرح طرح کی تلقین کرنے لگیں۔ اُن کی توجہ کی برکت سے اِس نسبت میں قوت پیدا ہو گئی۔ اور غیبت کا دائرہ وسیع اور راستہ روشن ہو گیا اور ایک قسم کی جمعیت حاصل ہوئی۔ یہاں تک کہ اُن کی عنایات کی کشش سے مخدومی حقائق پناہی ارشادِ دستگاہی حضرت مولانا خواجہ مقتدیٰ الکنگی قدس سرہ العزیز کی خدمت میں رسائی ہو گئی۔ اور خوشی و رغبت سے اُن سے بیعت و مصافحہ کر کے خواجگان کا طریقہ حاصل کیا گیا۔ حضرت کی ملازمت خواجہ نقشبندؒ اور ان کے خلفاء کی پاک روحوں کی طفیل سے اس راستہ کے چلنے والوں اور اُس درگاہ کے نیازمندوں کے سلسلہ میں داخل ہو گیا۔ یا اللہ! مجھے مسکینی کی حالت میں زندہ رکھنا اور مسکینی کی حالت میں موت دینا اور مسکینوں کے زمرہ میں اُٹھانا۔ والسلام علیٰ من اتبع الہدیٰ۔"

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی قدس سرہٗ اپنی کتاب "انفاس العارفین" میں لکھتے ہیں کہ حضرت خواجہ محمد باقی باللہ تلاش مرشد میں دہلی بھی تشریف لائے اور حضرت شیخ عبدالعزیز رحمہ اللہ علیہ کی خانقاہ میں اُن کے صاحبزادے شیخ قطب العالم کے پاس رہے۔ اُسی زمانے میں شیخ قطب العالمؒ کو کشف سے یہ معلوم ہوا کہ حضرت خواجہ باقی باللہ کو فیض روحانی مشائخ بخارا سے حاصل ہو گا لہٰذا اُنہوں نے اس کا ذکر حضرت خواجہؒ سے کیا اور اُنہیں بخارا روانہ کیا۔

ایک دوسری روایت میں ہے کہ حضرت خواجہ امکنگی قدس سرہٗ سے بیعت ہونے سے پیشتر آپ جب ہندوستان تشریف لائے تو یہاں آپ کے ہمسروں میں سے بعض لوگوں نے جو شاہی مناصب پہ مامور تھے، آپ کی مادی ترقی کی غرض سے چاہا کہ آپ بھی

اربابِ لشکر کے زُمرہ میں داخل ہوکر دنیوی دولت ومتاع سے تونگری حاصل کریں، لیکن چونکہ آپ کی قسمت میں دولتِ دین ومتاع کی تونگری مقدر تھی، اِس لیے اُن کوشش رائیگاں گئی۔ ایک درویش جو آپ کے ہمراہ تھا، بیان کرتا ہے کہ آپ نے سالکوں اور مجذوبوں کی تلاش میں اس قدر کوشش کی کہ اُس سے بڑھ کر طاقتِ بشری سے متصوّر نہیں۔ شہر لاہور میں برسات کے موسم میں کیچڑ کی کثرت سے گلی کوچوں میں گزرنا بہت دشوار تھا۔ مگر آپ باوجود نازک تنی کے بہت سی گزرگاہوں، پہاڑوں، ویرانوں، قبرستانوں، بیابانوں اور باغوں کو اربابِ باطن کی ملاقات کے شوق میں روندتے پھرتے تھے۔ ایک روز میرے دل میں ولولہ پیدا ہوا کہ میں بھی آپ کے ساتھ چلوں۔ آپ نے ہرچند منع کیا مگر میں باز نہ آیا۔ جب میں نے چند کوچے آپ کی رفاقت میں طے کئے تو کیچڑ کی کثرت کے سبب سے میں تھک گیا اور میرے پاؤں میں درد ہونے لگا۔ بپاسِ ادب وحیا میں اپنا حال ظاہر نہ کر سکتا تھا۔ یہاں تک کہ خود آپ نے میرے حال سے آگاہ ہوکر مجھے واپس کر دیا۔ اُس وقت میں نے جان لیا کہ آپ ظاہری قدموں سے نہیں بلکہ دوسرے قدموں سے یہ راہیں طے کر رہے ہیں ؎

قطع ایں راہ بجز پائے جنوں نتواں کرد

حضرت خواجہ قدس سرّہ کا ایک اور رفیق بیان کرتا ہے کہ اُن دنوں شہر لاہور کے ایک باغ وقبرستان کے قریب ایک عجیب مجذوب صاحبِ احوال تھا۔ آپ کو اس کے حال سے آگاہی ہوئی تو اُس کے پیچھے پیچھے پھرا کرتے۔ وہ جس وقت آپ کو دیکھتا تو سوائے گالیاں دینے کے کچھ نہ کہتا۔ کبھی آپ پر پتھر پھینکتا اور کبھی آپ سے متنفر ہوکر کسی اور جگہ بھاگ جاتا۔ لیکن حضرت خواجہ قدس سرہٗ طلبِ صدق کے سبب سے اُس کا پیچھا نہ چھوڑتے حتیٰ کہ ایک روز اُس دیوانہ صورت فرزانہ سیرت کی رگِ مہربانی حرکت میں آئی اور آپ کو اپنے پاس بلاکر حصولِ مراد کے لیے توجہات اور دعائیں کیں۔ اُس کی برکت سے آپ کو فوائد حاصل ہوئے

مولانا محمد ہاشم کشمی اپنی کتاب مستطاب "زبدۃ المقاماۃ" میں لکھتے ہیں کہ صادق القول صاحب دل نے جو اُس وقت حضرت خواجہ قدس سرہٗ کی خدمت

میں حاضر تھا، مجھ سے بیان کیا کہ حضرت ابھی ہندوستان سے ماوراءالنہر تشریف نہ لے گئے تھے۔ کہ ایک روز لاہور کی ایک مسجد میں نماز فرض ادا کرنے کے لیے تشریف لائے۔ دورانِ نماز آپ کے سینہ سے ایک ہیبت ناک آواز ظاہر ہوئی جس سے تمام نمازی حیران و پریشان ہوئے۔ امام کے سلام پھیرتے ہی آپ نہایت سرعت سے مسجد سے نکل گئے۔ اور اُس دن کے بعد دو تین ساتھیوں کو جمع کر کے اپنے مکان پر جماعت کرا لیا کرتے تھے۔

ایک اور بزرگ کا بیان ہے کہ جو لوگ آپ کے پیچھے نماز پڑھا کرتے تھے، اُن میں ایک میں بھی تھا۔ ایک روز میں نے اثنائے نماز میں دیکھا کہ حضرت خواجہ کا رُخ مبارک قبلہ کی طرف ہے اور ہماری طرف بھی اور ہمیں دیکھ رہے ہیں۔ یہ صورت حال دیکھ کر مجھے رُعشہ طاری ہوگیا۔ تھر تھراتے ہوئے بڑی دشواری سے میں نے نماز پوری کی۔ اور جو کچھ دیکھا تھا وہ سب آپ کی خدمت میں عرض کیا۔ آپ نے مُسکرا کر فرمایا کہ اس واقعہ کا کسی سے ذکر نہ کرنا۔

مندرجہ بالا دونوں واقعات اس امر پر شاہدِ حال ہیں کہ آپ کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی کمال تبعیت و مناسبت حاصل تھی۔ کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ روایت ہے کہ نماز میں آپ کے سینۂ انور سے ایک ایسا جوش اُٹھتا تھا کہ جس کی آواز ایک میل تک پہنچتی تھی اور یہ بھی حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے خصائص سے ہے کہ آپ جس طرح سامنے دیکھتے تھے بالکل اُسی طرح پیچھے سے بھی آپ کو ہر چیز نظر آتی تھی۔ کیونکہ حضور سرورِ انبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ کیفیت و فوقیت ہر وقت حاصل تھی۔ پس حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلم کی اُمت کے اس بزرگ کو اگر نماز میں جو معراج مومن ہے، نبی رؤف و رحیم صلی اللہ علیہ وسلم کے غایت اتباع کے سبب سے کسی وقت یہ دولت حاصل ہو جائے تو محال نہیں۔ کیونکہ بزرگوں کا قول ہے کہ تابع کا کو متبوع کے کمالات سے کچھ نہ کچھ حصہ ضرور ملتا ہے۔

اگرچہ آپ کو یہ حالات و کمالات حاصل تھے اور طالبانِ حق کا رجوع بھی آپ

آستانہ کی طرف کثرت سے تھا۔ لیکن آپ کی عالی ہمت[1]، مشیخیت[2] اور تعلیم[3] طریقت پر مائل نہ ہوئی۔ بلکہ ہندوستان سے ماوراءالنہر اور بلخ و بدخشاں تک کشاں کشاں لے گئی تاکہ سلسلہ عالیہ نقشبندیہ اور دیگر سلاسل کے بزرگوں کی صحبت میں پہنچ کر فوائد حاصل کریں اور احوال حاصلہ کی تصحیح فرمائیں۔ اس سفر میں آپ مولانا شیر غانی قدس سرہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور پھر وہاں سے سمرقند روانہ ہوئے۔ راستے میں ہندوستان کے بعض دوستوں کو آپ نے ایک خط لکھا جس کا آغاز اس شعر سے کیا ؎

من از محیطِ محبت نشاں ہمے دیدم — کہ استخوان عزیزاں بساحل اُفتاد است

اسی سفر میں آپ ماوراءالنہر کے ایک شہر کو جا رہے تھے کہ حضرت خواجہ محمد مقتدیٰ امکنگی قدس سرہ، واقعہ میں آپ پر نمودار ہوئے اور فرمانے لگے۔

"اے فرزند! چشم ما برراہِ شماست" || "اے بیٹے! ہماری نظریں تمہاری راہ پہ لگی ہوئی ہیں"

آپ اس واقعہ سے بہت خوش ہوئے اور بے ساختہ یہ شعر آپ کی زبان پہ جاری ہوگیا ؎

مے گذشتم زغم آسودہ کہ ناگہ زکمیں — عالم آشوب نگاہے سرِ راہم بگرفت

میں غم سے آسودہ جا رہا تھا کہ اچانک گھات میں سے ایک جہاں آشوب نگاہ نے مجھے راستے میں گھیر لیا۔

المختصر جب آپ حضرت خواجہ امکنگی قدس سرہٗ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو انہوں نے آپ پر نہایت عنایات و رعایات مبذول فرمائیں اور آپ کے احوالِ حاصلہ سُن کر آپ کو تین دن رات اپنی صحبت میں رکھا اور بعض مزید فوائد کی اطلاع دے کر فرمایا کہ تمہارا کام اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس سلسلہ عالیہ (نقشبندیہ) کے اکابر کی روحانیت و تربیت سے انجام کو پہنچ گیا ہے لہٰذا اب تم پھر ہندوستان چلے جاؤ تاکہ تمہارے ذریعہ سے یہ سلسلہ عالیہ وہاں پوری رونق پائے اور وہاں کے عالی قدر مستفید تمہاری تربیت کی برکت سے کامیابی حاصل کریں۔

آپ نے انتہائی عاجزی و انکساری سے بہت عذر پیش کئے مگر حضرت خواجہ امکنگی قدس سرہٗ کا اصرار بڑھتا گیا اور استخارہ کا حکم دیا۔ آپ نے استخارہ کیا تو دیکھا کہ ایک عورت طوطی شاخ پر بیٹھا ہے۔ دل میں خیال کیا کہ اگر وہ طوطی شاخ سے اُڑ کر میرے

ہاتھ پہ آکر بیٹھ جائے تو میرے لیے اس سفر میں بہت سے فتوح ظاہر ہوں گے۔ اس خیال کا آنا تھا کہ طوطی اڑ کر میرے ہاتھ پہ آبیٹھا اور میں نے اپنا لعابِ دہن اُس کے منہ میں ڈالا اور اُس طوطی نے میرے منہ میں شکر ڈالی۔ اگلے دن استخارہ کا سب حال حضرت خواجہ اکمنگی قدس سرہٗ کی بارگاہ میں عرض کیا تو آپ نے فرمایا کہ

"وہ طوطی ہندوستان کا پرندہ ہے اور ہندوستان میں تمہارے دامنِ برکت سے ایک بزرگ کا ظہور ہوگا اور اس سے تم بھی بہرہ ور ہوگے"

یہ ارشاد سن کر آپ عازمِ ہندوستان ہوگئے۔

جب حضرت خواجہ اکمنگی قدس سرہٗ کے پرانے خدمت گزاروں کو معلوم ہوا کہ آپ صرف چند روزہ صحبت میں خلافت اور اجازتِ کاملہ عنایت فرما کر ہندوستان کی طرف جانے کا حکم دیا ہے تو انہوں نے غیرت کے مارے شور مچایا۔ یہ خبر جب حضرت خواجہ قدس سرہٗ کو پہنچی تو آپ نے ان سے فرمایا کہ

"تم کو معلوم نہیں کہ یہ جوان درجۂ تکمیل کو پہنچا ہوا تھا۔ وہ ہمارے پاس صرف اپنے احوال حاصلہ کی تصحیح کے لیے بھیجا گیا تھا اور یہ لازم و ضرور ہے کہ جو شخص جیسا آئے گا، ویسا جائے گا"

الغرض آپ بیابانِ ہندوستان کے تشنہ لبوں کے لیے ابرِ رحمت بن کر اس طرف روانہ ہوئے۔ اور زبانِ بزبان یہ شعر پڑھا۔ ؎

شکر شکن شوند ہمہ طوطیانِ ہند . زیں قندِ پارسی کہ بہ بنگالہ می رود

جب آپ ہندوستان پہنچے تو ایک سال شہر لاہور میں رہے۔ وہاں کے بہت سے فضلاء آپ کی محبت کے گرویدہ و اسیر ہوگئے۔ بعد ازاں دہلی شہر دہلی میں جو دارالسلطنت اور بیت الفقراء تھا، تشریف لائے۔ روایت ہے کہ جب آپ لاہور سے دہلی تشریف

لہ جب آپ سرہند شریف کی حدود میں پہنچے تو آفتاب کی سی روشنی اُس شہر کے رہاتی

جارہے تھے تو راستہ میں ایک عاجز و درماندہ شخص پر نظر پڑی جو کہ پیدل جارہا تھا آپ نے
گھوڑے سے اُتر کر اُس شخص کو تو گھوڑے پر بٹھادیا اور خود منزل تک پیدل
گیا۔ اس دوران سر پہ چادر ڈالے رکھی تاکہ کوئی جاننے والا آپ کے اس عمل سے واقف
ہو جائے۔ جب منزل کے قریب پہنچے تو گھوڑے پر سوار ہو گئے۔ تاکہ یہ کارِ خیر پردہ اخفا میں رہے

دہلی کا شہر چونکہ سارے ہندوستان میں مرکز کی حیثیت کا حامل تھا اور ہمیشہ سے
اولیائے کرام کا مستقر رہا ہے اس لیے آپ دہلی پہنچ کر قلعہ فیروز شاہ میں مقیم ہو گئے
اس زمانہ میں دریائے جمنا کے کنارے واقع تھا اور نہایت دلکش اور پُرفضا مقام تھا۔
اس قلعہ کی مسجد بہت شاندار تھی۔ آپ تا دم آخر یہیں وہیں سکونت پذیر رہے۔

دہلی پہنچنے کے بعد روحانی حلقوں میں بہت جلد آپ کی شہرت ہو گئی اور دُور دراز
سے طالبانِ حقیقت آپ کے پاس رشد و ہدایت کے لیے حاضر ہونے لگے۔ بہت سے
امرائے شاہی بھی آپ کے معتقد ہو گئے تھے چنانچہ شیخ فرید بخاری، عبدالرحیم خانخاناں
مرزا قلیچ خان، صدر جہاں وغیرہ آپ کے معتقد و نیاز مند تھے۔ ان سب امراء کے
ذریعہ آپ اکبر بادشاہ کی ملحدانہ پالیسی کے بُرے اثرات دُور کرنے کی کوشش فرماتے
تھے۔ آپ نے اپنے مکتوبات میں ان امراء کو سنت اور شریعتِ نبوی کی پابندی
بار بار نصیحت فرمائی ہے اور انہیں اسلامی ذمہ داریوں سے آگاہ کیا ہے۔

آپ علماء اور سادات کا بہت احترام کرتے تھے، شرعی معاملات میں بالعموم
دیندار علماء و فقہاء سے رجوع فرماتے تھے۔ اور فتویٰ حاصل کرنے والوں کو
بھی علماء کی طرف بھیجتے تھے اور تمام درویشوں کو شریعت پابندی کی نصیحت فرماتے

پھیلی ہوئی تھی۔ یہ حال مشاہدہ کر کے کمال حیرت ہوئی۔ رجال الغیب میں سے ایک نے آواز دی
کہ کامل نے جس مرد کی بشارت فرمائی ہے وہ اسی سرزمین میں مشغول خدا پرستی ہے لیکن ازلی فرمان کا
تقاضا یہ ہے کہ اُس کو دہلی مقام پہ آپ کی مصاحبت میں داخل کریں گے۔ لہٰذا اب مزید جستجو کرنے کی
ضرورت نہیں ہے (گلزارِ ابرار ص ۹، ۴)

تھے بلکہ مرید کرنے سے زیادہ آپ شریعت کے احیاء اور تبلیغ پر زور دیتے تھے۔ کسی بڑے اصرار اور طویل آزمائش کے بعد مرید کرتے تھے

آخر وہ وقت آیا کہ امامِ ربانی حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ السامی ۱۰۰۸ھ مطابق ۱۵۹۹ء میں سرہند شریف سے حج بیت اللہ کے لیے روانہ ہوئے۔ جب دہلی پہنچے تو آپ کے (حضرت خواجہ باقی باللہؒ) کے روحانی بلند مقامات کا علم ہوا۔ آپ خدمت میں حاضر ہوئے۔ آپ نہایت لبشاشت اور مہربانی سے پیش آئے اور حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ، کی درخواست پر اُن کو بیعت کر لیا۔

حضرت خواجہ باقی باللہ کو دہلی آنے کے بعد رُشد و ہدایت کی تبلیغ کے لیے صرف تین سال میسر آئے۔ پھر بھی ہزاروں انسان آپ سے فیضیاب ہوئے اور اس تھوڑی سی زندگی میں آپ نے بندگانِ خدا میں ایسا تصرف فرمایا کہ اکثر مشائخ وقت آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے، آپ سے تلقین پائی اور آپ کے انوار و برکات تمام روزے تک میں پھیل گئے۔ جب امامِ ربانی حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہٗ آپ سے فیض یاب ہو گئے تو آپ نے اپنے تمام مریدوں کی تعلیم و تربیت حضرت مجدد قدس سرہٗ کے سپرد اور آخری سال میں خود بالکل گوشہ نشین ہو گئے تھے۔

آپ کے غلبہ عشق الٰہی کا یہ حال تھا کہ جس پر آپ کی نظر پڑ جاتی اور مُرغِ بسمل تڑپنے لگتا، اور اگر ہوش میں رہتا تو اشکباری کرتا ورنہ بے ہوش ہو جاتا۔ اور اُس کو دین و مافیہا کی کوئی خبر نہ رہتی۔ ایک مرتبہ ایک فوجی افسر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اپنا گھوڑا دروازہ کے باہر خادم کے سپرد کر کے اندر آ گیا، آپ اس وقت کسی ضرورت سے باہر لے گئے تھے۔ جب اندر آنے لگے تو آپ کی نظر اس خادم پر پڑ گئی جو گھوڑا سنبھالے ہوئے تھا۔ آپ کی نظر پڑتے ہی اُس پر وجدانی کیفیت طاری ہو گئی اور وہ گھوڑے کو چھوڑ کر کپڑوں کو پھاڑتا، چیختا چلاّتا دیوانوں کی طرح نکل گیا۔ تھوڑی دیر کے بعد اُسے تلاش کیا گیا مگر اُس کا کہیں سے بھی پتہ نہ چلا۔

اسی طرح ایک مرتبہ نماز جمعہ کے لیے مسجد میں تشریف لے گئے۔ جب خطیب

گیا تو اتفاقیہ اُس کے چہرے پر آپ کی نظر پڑ گئی اور نظر سے نظر مل گئی۔ بس وہ اسی وقت کلیجہ تھام کر رہ گیا اور بے قرار ہو کر نیچے گر پڑا، اس کے بعد اُس میں خطبہ پڑھنے کی طاقت نہ رہی۔ دوسرے خطیب نے خطبہ پڑھا اور آپ نے نماز پڑھائی۔

عجز وانکسار کی نسبت آپ پر ایسی غالب تھی کہ اگر کسی طالب سے کوئی خطا سرزد ہو جاتی تو فرماتے، یہ بیچارے فقیر کیا کریں" یہ تو ہماری ہی بدصفتی کا اثر ہے جو ان پر منعکس ہو رہا ہے۔ آپ کی تواضع کا یہ عالم تھا کہ جب کوئی طالب آپ کے آستانہ عالیہ پر حاضر ہوتا تو بہت سے عذر کرتے اور فرماتے کہ میں کس لائق ہوں۔ تم نے جو گمان کیا ہے میں اُس کے شایاں نہیں۔ تم کسی اور جگہ جاؤ۔ اگر کوئی رہبر ملے تو مجھے بھی اطلاع دینا تاکہ ہم بھی اُس کی خدمت میں حاضری کا شرف حاصل کر سکیں مگر صادق العقیدہ طالب آپ کے آستانہ مبارک کو نہ چھوڑتے اور مقصود کو پہنچتے

کہتے ہیں کہ ایک خراسانی جوان حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی قدس سرہٗ کے مزار مبارک کا مجاور تھا۔ اور حضرت کی روحانیت سے ایک ایسے پیر کامل کا طالب تھا جو قیدِ حیات میں ہو۔ جب حضرت خواجہ باقی باللہ دہلی میں رونق افروز ہوئے تو اُس جوان کو واقعہ میں دکھایا گیا کہ طریقہ نقشبندیہ کا ایک بزرگ اب شہر میں وارد ہوا ہے۔ تم اُس کی خدمت کو لازم پکڑو۔ چنانچہ وہ جوان حسب الامر آپ کی خدمت میں پہنچا اور واقعہ عرض کر کے قبولیت کی درخواست کی۔ آپ نے فرمایا کہ یہ مسکین اپنے آپ کو اس کے شایان نہیں سمجھتا، وہ کوئی دوسرا ہو گا۔ جب آپ نے بطریق انکسار بہت سے عذر کئے تو وہ جوان واپس چلا گیا۔ دوسری رات پھر واقعہ میں اس سے کہا گیا کہ پیر کامل وہی بزرگ ہیں جن کی خدمت میں تم حاضر ہوئے اور اُن کی انکساری دیکھی، دوسرے روز وہ آپ کے آستانہ پر ایسا آیا کہ پھر واپس نہ گیا۔ اور شرفِ قبولیت حاصل کیا۔ اور دیکھا جو دیکھا۔

اسی طرح آپ کے خلیفہ حسام الدین رح کا بیان ہے کہ میں حسب الارشاد پیر کامل کی تلاش میں آگرہ کی طرف متوجہ ہوا۔ اس شہر میں پہنچ کر حیران و پریشان تھا کیا کیا جائے۔ اور دل میں کہتا تھا کہ آپ کے آستانہ پر حاضر ہو کر عرض کروں گا کہ میں نے

آپ کے ارشاد کی تعمیل کی تھی، مگر جیسا بزرگ آپ فرما رہے تھے مجھے نہیں ملا۔ اسی اثنا میں ایک راستہ میں گزر رہا تھا کہ ایک مکان سے راگ کی آواز آئی۔ کان لگا کر بغور سُنا تو قوال حضرت سعدیؒ کا یہ شعر گا رہے تھے ؎

تو خواہی آستیں افشاں و خواہی دامن اندر کش مگس ہرگز نخواہد رفت از دکانِ حلوائی

یہ شعر سن کر مجھے مزید اشتیاق پیدا ہوا اور حضرت خواجہ کی خدمت میں حاضر ہو کر اپنا ماجرا بیان کیا اور پایا جو پایا۔

لاہور کے ایک فقیر نے واقعہ میں دیکھا کہ حضرت خواجہؒ گھوڑے پر سوار ہو کر جا رہے ہیں اور بہت سے لوگ آپ کے پیچھے پیچھے ہیں اور کہہ رہے کہ یہ قطب وقت ہیں ازاں اُس درویش نے حاضر خدمت ہو کر قبولیت کی درخواست کی۔ آپ نے حسب معمول عذر پیش کیا۔ وہ بیچارہ مسجد میں آکر درویشوں کے مجمع میں آکر درویشوں کے مجمع میں رو رو کر کہنے لگا کہ

"یارو! کیا ناز و گداز ہے کہ اپنا جمال دکھا کر میرا دل لے لیا ہے، اب جو ناشاد و خانہ خراب حاضر خدمت ہوا ہوں، تو یوں جواب دیتے ہیں اور آستانہ سے نکالتے ہیں۔ کیا کروں اور کہاں جاؤں"

اس نے اس ماجرا کو ایسے انداز و پیرایہ میں بیان کیا کہ بہت سے حاضرین بے ہوش ہو گئے، اور عجیب شور برپا ہوا، یہاں تک کہ آپ کے کان تک پہنچا۔ آپ نے دریافت فرمایا کہ یہ شور کیسا ہے؟ عرض کیا گیا ؎

کز لب شیریں تو شوریشت در ہر خانہ

آپ نے تبسم فرمایا اور اُس درویش کو بلا کر تلقین و ارشاد سے سرفراز فرمایا ؎

تا نگرید طفل کے جوشد لبن تا نگریدابر کے خندد چمن۔

صاحب "زبدۃ المقامات" مولانا محمد ہاشم کشمی کا بیان ہے کہ ایک روز میں ایک مسجد کے گوشہ میں تنہا بیٹھا ہوا تھا مجھ سے کچھ فاصلے پر ایک فقیر دوسرے فقیر سے

شیوہ اولیاءاللہ کا تذکرہ کر رہا تھا۔ اِسی ضمن میں اُس نے کہا کہ میں نے عمر بھر میں ایک شخص کو دیکھا ہے جو بے نفسی اور بُردباری میں اس زمانہ میں بے مثل ہے۔ اور حضرت خواجہ محمد باقی باللہؒ کا نام لیا۔ پھر بیان کیا کہ میں حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی قدس سرہ، کے مزار شریف پہ تھا کہ ناگاہ خبر پہنچی کہ حضرت خواجہ باقی باللہ قدس اللہ سرہ، تشریف لا رہے ہیں۔ خدام نے مزار شریف کے قریب آپ کے لیے ایک تخت بچھایا اور اس پہ فرش اور تکیہ لگایا۔ آپ کی تشریف آوری سے پہلے ایک آزاد فقیر آیا، اس کی نظر جو تخت و فرش پہ پڑی تو پوچھا کہ یہ کیا ہے اور کس کے لیے ہے۔ خدام نے کہا کہ فلاں بزرگ کے لیے ہے۔ یہ سُن کر آپ کو سخت سُست کہنے لگا۔ اسی اثنا میں آپ بھی جلوہ افروز ہو گئے۔ آپ کو دیکھ کر وہ اور بھی برافروختہ ہوا اور آپ کے سامنے ہرزہ گوئی کر کے کہنے لگا کہ اے شخص! تو ایسی کون سی لیاقت رکھتا ہے کہ یہاں تیرے لیے فرش بچھایا جائے۔ آپ کے ہمراہ درویشوں کی بڑی جماعت تھی۔ وہ یہ سن کر غیض و غضب میں آ گئی اور چاہتی تھی کہ اُس بے لگام فقیر کو تنبیہ کرے۔ مگر آپ نے اپنی خشم آلود نگاہ سے سب کو اس ارادے سے باز رکھا اور خود اس بدزبان فقیر کے پاس جا کر بڑی نرمی سے عذر کیا اور فرمایا کہ میں کسی لائق نہیں، آپ جو کچھ فرماتے ہیں درست ہے۔ یہ سارا تکلف میرے اشارے اور علم کے بغیر ہوا ہے، آپ معاف کیجئے۔ اور مجھ بد نصیب کے پیچھے اپنا مغز خالی نہ فرمائیے۔ آپ زبان مقدس سے یہ فرماتے جاتے تھے اور اپنی آستین مبارک کے ساتھ اس کی پیشانی کا پسینہ پونچھتے جاتے تھے۔ اور اظہارِ تواضع فرما رہے تھے۔ چند درہم جو اُس نے مانگے تھے، اُسے دے رہے تھے۔

راوی کا قول ہے کہ میں نے کسی طرح کا تغیر و تذبذب حضرت خواجہ کے حال و قال میں نہ دیکھا، اُس وقت مجھے یقین ہو گیا نفس کُشی جیسے کہتے ہیں وہ اس عالم میں موجود ہے، اکثر ایسا ہوتا تھا کہ مخلص اُمراء آپ کی خدمت میں سیم و زر (روپیہ پیسہ) اس غرض سے بھیجتے تھے کہ آپ کے صوابدید رائے سے فقراء میں تقسیم کیا جائے۔ خلق اللہ پہ

شفقت، کی وجہ سے وہ رقم خود مستحقین میں تقسیم فرماتے اور اس ضمن میں اپنے ہاں سے بھی کچھ دیتے آپ کی شفقت و ترحم کا یہ عالم تھا کہ ایک دفعہ لاہور میں قحط پڑا، تو آپ اُس وقت وہاں تشریف رکھتے تھے۔ کئی دن تک کھانا نہ کھایا۔ جس وقت کھانا سامنے رکھا جاتا فرماتے کہ یہ انصاف سے بعید ہے کہ ایک تو گلی کوچہ میں بھوک کے مارے جان دے رہا ہو اور ہم کھانا کھائیں۔ حاضر کو بھوکوں کے لیے بھیج دیتے۔

آپ نہ صرف انسانوں پہ رحمت و شفقت فرماتے تھے بلکہ جانوروں پر بھی بے حد شفیق تھے۔ چنانچہ ایک دفعہ رات کو تہجد کے لیے اُٹھے تو ایک بلی آکر لحاف پر سو گئی۔ جب آپ نماز تہجد سے فارغ ہو کر بستر پر تشریف لائے تو بلی کو لحاف پر سوتے دیکھا اُس وقت آپ نے ازراہِ شفقت بلی کو نہیں جگایا اور صبح تک بیٹھے موسمِ سرما کی تکلیف برداشت کرتے رہے۔

آپ بڑے سادہ مزاج تھے۔ کتنی ہی مدت تک غیر مرغوب کھانا ہوتا کبھی نہ فرماتے کہ اسے بدل دو یا اور پکاؤ، اگر کپڑے میلے ہو جاتے تو اس کی بھی پروا نہ کرتے۔ آپ کا مکان نہایت تنگ و شکستہ تھا۔ اُس کی صفائی اور درستی کا بھی خیال نہ فرماتے۔ باوجودیکہ نہایت نحیف و نزار تھے مگر دوامِ ذکر و کثرتِ طاعت پر نہایت شغف رکھتے تھے۔

آپ کے زہد و استغناء کا یہ حال تھا کہ آپ کی مجلس میں اُمورِ دنیا کا ذکر نہ ہوتا تھا ہاں اگر کوئی حاجت مند حاضر ہوتا تو اس کی سفارش فرما دیتے۔ اور ان کاموں میں اپنے اور اپنے درویشوں کے لیے کبھی کوئی تدبیر نہ کرتے تھے۔ اپنے مریدوں کے لیے سوائے فقر و مسکنت و قناعت کے کچھ نہ چاہتے اور فرماتے کہ جس کو ہم سے مالی امداد پہنچے، وہ یقین کر لے کہ اُس کے ساتھ ہمیں دینی محبت کم ہے۔ آپ کے عقیدتمندوں میں بعضے متمول و مالدار التماس کرتے تھے کہ اگر حکم ہو تو آستانہ شریف کے فقراء کے لیے کچھ روزینہ مقرر کر دیا جائے مگر آپ ان لوگوں کے بارے میں اجازت نہ دیتے تھے جنہوں نے آپ کے ساتھ نسبتِ معنوی درست کر لی تھی۔ ہاں اوروں کے لیے منظور فرماتے۔ آپ متاعِ دنیوی قبول کرنے سے اس قدر متنفر تھے کہ جس وقت

نے سفر حجاز کا ارادہ کیا تو مرزا عبدالرحیم خان خاناں نے جو فقراء سے عموماً اور آپ سے
صوصاً کمال رکھتا تھا ایک لاکھ روپیہ نقد آپ کے اور آپ کے ہمراہیوں کے خرچہ کے
لیے بھیجا اور عرض کیا کہ اسے قبول فرما کر مجھے ممنون فرمائیں۔ آپ نے یہ سنا تو خفا ہوئے۔
رمایا حج کرنا ہمارے لیے اس قدر ضروری نہیں کہ مسلمانوں کا اس قدر مال و دولت
اپنے صرف میں لاکر ضائع کر دیں۔ غرض وہ روپیہ قبول نہ فرمایا اور واپس کر دیا۔

اگرچہ ابتداء سے انتہا تک بڑے بڑے عظیم الشان حالات آپ پر وارد ہوئے
مگر آپ کی بلند ہمت نے کسی ایک حال و کشف پر قناعت نہ کی مگر باوجود کمال کے
آپ ہمیشہ عاجزی و انکساری اور اپنی نایافت کا اظہار فرماتے تھے۔ اور عین بحر
صال میں خشک لب و تشنہ رہتے۔ جیسا کہ آپ کی اس رباعی سے پایا جاتا ہے۔ ؎

در راہِ خدا جملہ ادب باید بود　　تا جاں باقیست در طلب باید بود
دریا دریا اگر بکامت ریزند　　گم باید کرد و خشک لب باید بود

آپ کے جلیل القدر خلیفہ شیخ تاج الدینؒ بیان کرتے ہیں کہ ایک دن آپ
ب کیفیت کے ساتھ دریا کے ساحل کی طرف متوجہ ہوئے۔ قبا کے بند کھلے،
ینہ ننگا، عمامہ پر لیشان، چہرہ مبارک سے شکستگی اور قلق داندوہ کے آثار
یاں۔ آپ کی یہ کیفیت دیکھ کر میں بھی آپ کے پیچھے پیچھے ہو لیا۔ کچھ دیر کے
د آپ کو میرا احساس ہوا۔ نہایت آہ و درد کے ساتھ فرمایا کہ

"تاج الدین! اس قدر وارداتؔ، احوالؔ، فیوضاتؔ اور
انوار و اسرار مجھ پر وارد ہو رہے ہیں کہ اگر یہ دریا سیاہی
ہو جائے تو اُن کے لکھنے کے لیے کافی نہ ہو۔ مگر مجھے ان سے
کیا کام۔ میرا مطلوب دید و دانش سے دور ہے ؎

لب بے چون و مطلب ہیچ گونہ　　نہ آں را شبہ و نہ ایں را نمونہ،

شیخ تاج الدینؒ مزید بیان فرماتے ہیں کہ ایک روز میں صف جماعت میں
کے پہلو میں تھا۔ نماز کے درمیان آپ پر گریہ و انحلال کے غلبہ کے آثار

محسوس ہوئے ۔ نماز سے فارغ ہوکر آپ اسی حالت میں حجرے میں تشریف لے گئے
میں بھی آپ کے پیچھے آیا اور آپ کو اسی حال میں پایا۔ تھوڑی دیر بعد میں نے خلاف
ادب اور گستاخانہ عرض کیا کہ اس بے اختیار رونے اور اندوہ و آشفتگی کا سبب
کیا ہے؟ فرمایا:۔ تو اس کو دریافت نہ کر ہم کو اس درد و اندوہ میں رہنے دے۔ کیونکہ
بقول حافظ شیرازی ؎

تنم از واسطۂ دوریٔ دلبر بگدانخت　　جانم از آتشِ ہجرِ رخِ جانانہ بسوخت!

چونکہ آپ کی عنایت بے پایاں نے مجھے بہت دلیر کر دیا تھا لہٰذا میں نے اصرار کیا تو
" عین نماز میں جو مومن کا معراج ہے میری روح نے مقصود دارالورا کی
طلب میں عروج کیا اور حتی المقدور اُس کی جستجو میں کوشش کی مگر جب
کامیابی نہ ہوئی تو ناچار حیران و گریاں اپنے تئیں قفسِ قالب میں لا ڈالا۔
اُس کا یہ گریہ و اندوہ اسی حسرت کی وجہ سے تھا" ؎

فانیؔ کو یا جنوں ہے یا تیری آرزو ہے　　کل نام لے کے تیرا دیوانہ وار رویا

آپ پر تفرید (تنہائی) اس قدر غالب تھی کہ طالبوں کو اپنی صحبت میں رکھنے اور مشیخیت
خیال تک نہ تھا۔ صرف دو تین سال درویشوں کی تربیت میں مشغول رہے۔ حضرت مجدد
ثانی قدس سرہٗ آپ کی عنایات سے درجۂ کمال پہ پہنچ گئے تو ارباب ارادت کی تعلیم
صحبت سے کنارہ کش ہو گئے۔ اور یاروں کو اُن کے حوالہ کر کے خود گوشہ نشینی اختیار
کی اور بجز مسجد کے وہ بھی نماز یا جماعت کے لیے اور کہیں تشریف نہ لے جاتے
جو شخص آپ کو دیکھتا۔ اُسے حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ حدیث یاد آ جاتی تھی

من اراد ان ینظر الیٰ میت یمشی علیٰ وجہ الارض فلینظر الی ابن ابی قحافۃ۔
جو شخص مردہ کو روئے زمین پہ چلتا دیکھنا چاہے وہ ابو قحافہ کے بیٹے (ابو بکر) صدیقؓ کو دیکھ لے۔

باوجود حالتِ مذکورہ بالا کے آپ کی ہیبت و دہشت اس قدر تھی کہ غافل
بے خبر لوگ بھی جب آپ کو دیکھتے تو انہیں بمصداقِ حدیث اذا رؤا ذکر اللہ

خدا[1] یاد آجاتا۔ چنانچہ ایک روز آپ کا گزر ہندوؤں کی ایک بستی پر ہوا۔ جہاں کے باشندے کھیتی باڑی کا کام کیا کرتے تھے۔ جونہی اُن کی نظر آپ پر پڑی۔ ایک دوسرے سے کہنے لگے کہ یہ عجیب شخص ہے، اس کے دیکھنے سے خدا یاد آتا ہے۔

ایک معمر فاضل کا بیان ہے کہ ایک روز میں مسجد میں نماز پڑھنے گیا۔ دیکھا کہ صف جماعت کھڑی ہے اور آپ بھی صف میں تشریف رکھتے ہیں۔ پہلی صف بھر گئی تھی مگر آپ کے پہلو میں درویشوں نے بپاسِ ادب کچھ جگہ چھوڑی ہوئی تھی۔ چونکہ مجھے آپ سے چنداں عقیدت نہ تھی اور میں نے آپ کو بچہ سا دیکھا تھا، اس لیے اپنی نسبت اُن کو کم عمر پاکر رعایتِ ادب کا خیال نہ کیا اور اُس خالی جگہ میں گھس کر نیت باندھ لی۔ کچھ وقت نہ گزرا تھا کہ آپ کی عظمت و شکوہ نے مجھ پر اثر کیا۔ میں نے ہر چند بچنے کی کوشش مگر کچھ فائدہ نہ ہوا۔ یہاں تک کہ میں عین نماز میں پیچھے ہٹنے لگا اور ہٹتے ہٹتے نوبت بایں جا رسید کہ اگر ایک قدم اور پیچھے ہٹوں تو چبوترے سے نیچے گر پڑوں۔ مگر میں نے اپنے آپ کو سنبھال لیا اور یہ معاملہ دیکھ کر آپ کے مخلصوں اور غلاموں کے سلسلہ میں داخل ہو گیا۔

آپ کی عظمت و علو رتبہ کی شہادت میں یہی ایک امر کافی ہے کہ صرف دو تین سال مسند مشیخیت پر جلوہ افروز رہے مگر اس قلیل عرصہ میں کس قدر بندگان خدا آپ کے خوان دولت سے بہرہ ور ہوئے اور کیسی کیسی برکتیں آپ کی بدولت برصغیر پاک و ہند کے وسیع و عریض علاقہ میں پھیل گئیں۔ سلسلہ نقشبندیہ جو آپ کے زمانہ تک برصغیر میں انتہائی کسمپرسی کی حالت میں تھا آپ کے ذریعہ سے پورے طور پر رائج ہو گیا۔ اگرچہ اس سلسلہ عالیہ کے بہت سے مشائخ اس سرزمین میں جلوہ آرا ہوئے اور برسوں یہیں رہے مگر آپ کی دو تین سالوں کی برکات! ان مشائخ کی کوششوں میں کہاں، شیخ محمد بن فضل اللہ رحمہا اللہ تعالیٰ جو فقرو

---

[1] عبدالرحمٰن بن غنم اور اسماء بنت یزید سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ خیار عباد اللہ الذین اذا رؤا ذکر اللہ ۔ الحدیث یعنی خدا کے سب سے نیک بندے وہ ہیں جنہیں دیکھ کر خدا یاد آتا ہے (مشکوٰۃ شریف کتاب الآداب۔ باب حفظ اللسان من الغیبۃ والشتم فصل ثالث۔

عرفان میں بلند پایہ رکھتے ہیں، فرماتے ہیں کہ آپ کی بزرگی کا یہی نشان کافی ہے کہ آپ تین چار سال سے زیادہ بندگانِ خدا کی ہدایت میں مشغول نہیں رہے مگر آج تک آپ کے آثار و برکات روز افزوں ہے ؎

سدا پھولا رہے یارب چمن میری امیدوں کا جگر کا خون دیدے کر یہ بوٹے میں نے پائے ہیں

ستر احوال، دید قصور، عزلت نشینی اور گمنامی آپ کا شیوہ تھا، سادات و علما کی تعظیم میں مبالغہ فرمایا کرتے تھے. جزوی و کلی عملیات میں فقہائے متورع کی طرف رجوع کیا کرتے تھے۔

تمام امور میں آپ کا عمل عزیمت داو لے پر تھا. سماع و رقص و وجد کو آپ کے ہاں دخل نہ تھا، یہاں تک کہ ایک روز ایک درویش نے آپ کے حضور میں بآواز بلند نعرہ کر کہا "اللہ" آپ نے فرمایا کہ اس سے کہہ دو کہ مجلس کے آداب کو ملحوظ رکھ کر ہمارے پاس آیا کرے۔ آپ حنفی مسلک پر عمل پیرا تھے۔ ایک دفعہ امام کے پیچھے سورہ فاتحہ پڑھنا شروع کر دی۔ ابھی چند روز ہی گزرے تھے کہ خواب میں امام الائمہ سراج الامۃ حضرت امام ابو حنیفہ قدس سرہٗ کو دیکھا جو ایک طرف کھڑے ہوئے اپنی مدح میں ایک قصیدہ پڑھ رہے ہیں جس سے یہ سمجھایا جا رہا تھا کہ میرے مذہب میں بکثرت اولیائے کرام ہوئے ہیں جو امام کے پیچھے فاتحہ نہ پڑھتے تھے. اس واقعہ کے بعد آپ نے امام کے پیچھے فاتحہ کا پڑھنا ترک کر دیا اور کبھی حنفی مسلک سے ایک انچ بھی پیچھے نہ ہٹے.

نحن لانرد الهدية ۔ ‖ ہم ہدیہ رد نہیں کرتے۔

رد نہیں کرتے تھے مگر اسے بحسنہ اپنے مصارف میں نہ لاتے بلکہ قرض حسنہ لے کر اس کے عوض اُسے دے دیتے کیونکہ بحکم فقہاء وہ حلت میں ایک اور درجہ پیدا کر دیتا ہے۔ آپ نہایت تاکید فرمایا کرتے تھے کہ کھانا پکانے والا وضو کے ساتھ صاحبِ حضور و احتیاط بھی ہو اور پکاتے وقت دنیوی بات زبان پر نہ لائے اور فرماتے تھے کہ جو لقمہ بغیر حضور و احتیاط کے کھایا جائے، اس سے ایک دھواں پیدا ہوتا ہے جو فیض کے راستوں کو بند کر دیتا ہے اور ارواحِ طیبہ جو فیض کا وسیلہ ہیں ایسے قلب کے مقابل نہیں ہوتیں۔ آ

م مریدوں کو اس احتیاط کی ترغیب دیتے تھے۔ جو لوگ اس احتیاط میں تساہل سے
ام لیتے، آپ اپنی نسبت کی نزاکت وصفائی کی وجہ سے اُس کا نقصان اُن کے حالات میں
معائنہ فرماتے۔ چنانچہ ایک روز ایک صاحبِ حال و کشف درویش آپ کی خدمت میں آیا:
اور عرض کرنے لگا کہ میں اپنے کام میں بستگی اور باطن میں کدورت پاتا ہوں، مجھے معلوم
نہیں کہ مجھ سے کیا تقصیر سرزد ہو گئی ہے۔ آپ نے متوجہ ہو کر فرمایا کہ لقمہ میں بے احتیاطی
ہو گئی ہے۔ اُس نے عرض کیا کہ لقمہ تو وہی ہے جو میں ہر روز کھایا کرتا ہوں۔ آپ نے
فرمایا کہ واپس جا کر اچھی طرح دریافت کرو ہمیں تو اس کے سوا کچھ اور نظر نہیں آتا۔ لقمہ کے جز
میں ضرور فتور آیا ہو گا۔ جب اُس درویش نے اچھی طرح تفتیش کی تو معلوم ہوا کہ جن
لکڑیوں سے کھانا پکایا جاتا تھا اُن میں سے دو تین لکڑیاں ایسی شامل کر دی گئی تھیں جن
میں احتیاط سے کام نہ لیا گیا تھا۔

لقمہ کی طرح نماز میں بھی احتیاط کرتے کہ صف جماعت میں اپنی جانب اپنے خالص
احباب میں سے کسی کو کھڑا کرتے کیونکہ اگر بیگانہ ہوتا تو فوراً اس کی غفلت و نقصان مع
کدورت کے آپ کے آئینۂ قلب میں منعکس ہوتا۔ ایک روز ایک درویش نے جو لحاف کا
محتاج تھا، آپ کے ساتھ نماز پڑھی اس کے دل میں لحاف مانگنے کا خطرہ گزرا۔ وہ خطرہ
مظاہر ہو گیا۔ ادائے نماز کے بعد فرمایا کہ جس کو لحاف کی ضرورت ہے اُسے لحاف
دو۔ اس درویش کا بیان ہے کہ میں اُس دن کے بعد ڈرتا رہا کہ مبادا کوئی خطرہ
آپ کی ملامت کا باعث ہو، میرے دل پر گزرے۔

آپ کا طریق تلقین یہ تھا کہ جس طالب کو اپنے سلسلہ میں داخل فرماتے تھے، پہلے
سے توبہ کراتے۔ پھر اگر اپنی طرف اس کا عشق و محبت زیادہ دیکھتے تو اُسے طریقہ رابطہ
شکلِ صورت کی تعلیم دیتے۔ اس سے طالب کو بہت کشائش حاصل ہوتی۔ خواجگان
میں سے خواجہ برہان نامی ایک بزرگ، جس نے اپنے اکابر سے بہت سی
اور اجازتیں حاصل کی تھیں، آپ کی خدمت میں بغرض استفادہ حاضر ہوا۔
سے اپنی صورت کی نگہداشت کی تلقین کی۔ وہ حیران ہوا اور اپنے دوستوں سے

کہنے لگا کہ یہ شغل تو مبتدیوں کے حال کے مناسب ہے، مجھے تو آپ ازراہ کرم اعلیٰ مراقبہ ارشاد فرمائیں۔ اس کے دوستوں نے کہا کہ تعمیلِ ارشاد تو کرو۔ چونکہ اس کا درست تھا لہٰذا اس شغل میں مشغول ہو گیا۔ دو ہی روز گزرے تھے کہ اس صورت اُس پر پے تو ڈالا اور بڑی نسبت اس پر غالب ہوئی۔ اور اس کے سُکر کا غلبہ ایسا کہ باوجود تمکین اور کبر سنی کے زمین سے دو دو ہاتھ اُوپر اچھلتا تھا۔ اور دیواروں درختوں سے ٹکراتا تھا یہاں تک کہ کئی جوان اُسے سنبھال نہ سکتے تھے، لیکن زبا آپ طالبوں کو ذکرِ قلب جیسا کہ سلسلہ نقشبندیہ میں مقرر ہے تلقین فرماتے جماعت کو ذکرِ نفی و اثبات اور بعضوں کو صرف اثبات یعنی ذکرِ ذات عزشانہٗ فر

آپ کی تعلیم میں یہ امر بھی قابلِ غور ہے کہ آپ جس طالب کو ذکر کی تعلیم فر اُس تعلیم کے ساتھ اپنی ہمت و توجہ کو اُس کے شامل حال رکھتے اور اُس کی حقیقت کے ادراک پر نقوش کو نیہ کا راستہ بند کر دیتے، گویا سرچشمۂ نقشبندیہ کو ظہور اسی وقت اُس کا دل ذاکر ہو جاتا، اور حضور و جذبہ اس کو اپنی آغوش میں بعضے مُرغ بسمل کی طرح خاک پہ لوٹتے اور بعضے بے خود ہو کر حیرت میں چلے اور بعضوں کو اُسی حال میں عالمِ مثال یا عالمِ ارواح یا عالمِ معانی منکشف ہ کئی دن یہی حال رہتا۔ پھر آپ کی توجہ سے ہوش میں آتے اور الشیخ یحیی و کا نظارہ دیکھنے میں آتا۔ آپ کی یہ عنایت عام طور پر تھی۔

آپ کی نسبت کا سریان اِس درجہ کا تھا کہ بہت سے طالب آپ کو مجذوب و مغلوب ہو جاتے تھے۔ ماہِ رمضان کی ایک رات امام ربانی حضرت الف ثانی قدس سرہٗ نے ایک خادم کے ہاتھ آپ کے لیے فالودہ بھیجا۔ سادہ لوحی کے سبب سے دروازۂ خاص جا کھٹکھٹایا۔ آپ نے کسی دوس اور بذاتِ خود باہر نکلے اور فالودہ کا برتن خادم کے ہاتھ سے لے کر پو

لہ پیر زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے۔

کیا ہے؟ اس نے کہا کہ میرا نام باما ہے آپ نے فرمایا کہ چونکہ تم ہمارے شیخ احمد کے خادم ہو، ہمارے ساتھ ہو۔ واپس ہوتے ہی اُس خادم پر جذبہ شکر و نسبت غالب ہوا۔ شور و فغاں کرتا ہوا، گرتا پڑتا حضرت مجدد قدس سرہٗ کی بارگاہ پہنچا۔ حضرت اقدس نے دریافت فرمایا کہ کیا معاملہ ہے؟ وہ شوریدگی و مستی کی حالت میں کہتا تھا کہ میں حجر و شجر زمین و آسمان میں ہر جگہ ایک نہایت بے رنگ نور دیکھتا ہوں کہ جسے بیان نہیں کر سکتا حضرت اقدس نے فرمایا کہ یہ خواجہ باقی باللہ کے سامنے گیا ہے، اس آفتاب کے مقابلہ سے ایک پرتو اس ذرہ پر پڑ گیا ہے۔ دوسرے روز حضرت مجدد قدس سرہٗ نے یہ قصہ آپ سے عرض کیا تو آپ مسکرا پڑے۔

حضرت میر محمد نعمانؒ بیان کرتے ہیں کہ میری لڑکی کی ایک انا تھی۔ ہم نے اُسے بارہا کہا کہ حضرت خواجہ کی مرید بن جاؤ مگر اُس نے انکار کیا۔ ایک روز ایک تقریب پر نے لڑکی کو انا سمیت آپ کی خدمت میں بھیج دیا۔ آپ نے شیر خوار لڑکی کو بغل میں کر نہایت شفقت کی۔ لڑکی نے آپ کی داڑھی مبارک کی طرف ہاتھ بڑھایا اور ایک اس کے ہاتھ میں رہ گیا۔ آپ نے فرمایا کہ یہ لڑکی ہم سے یادگار لے رہی ہے۔ دُور بین تھی کہ اُن ہی ایام میں آپ نے انتقال فرمایا اور وہ موئے مبارک متبرک و یادگار باقی رہ گیا ؎

ہر از زلف تو موئے بلند است فضولی مے کنم بوئے بلند است

جب وہ انا گھر واپس پہنچی تو تھوڑی دیر کے بعد اُس پر مستی اور جذبات کے ظاہر ہونے لگے، وہ سنبھل نہ سکی۔ یہاں تک کہ ایک چیخ مار کر بے ہوش اس کے بائیں پہلو میں دل کی حرکت اس زور سے جاری ہو گئی کہ تمام حاضرین خود دیکھ لیا۔ کچھ مدت کے بعد وہ ہوش میں آئی، اس سے پوچھا گیا کہ تجھ پر گزری اور تو نے کیا دیکھا۔ اس نے کہا کہ حضرت خواجہ ساعت بساعت، ہیبت ناک شکلوں میں نمودار ہوتے ہیں۔ یہاں تک کہ میں بے ہوش ہو گئی۔ علاوہ میں اور کچھ نہیں جانتی۔ ہاں اتنا جانتی ہوں کہ میرا دل ذاکر ہو گیا ہے۔

حضرت میر محمد نعمانؒ فرماتے تھے کہ ہم نے اُس اَنا کا حال حضرت خواجہ سے عرض کیا تو آپ نے تبسم فرمایا اور اُس کو ذکر کی تعلیم کی۔ چنانچہ وہ فیروز آباد دہلی میں صاحب حال عورتوں میں سے ہوگئی۔

کرامات

آپ کی کرامات کو احاطۂ تحریر میں لانے کے لیے کئی دفتر درکار ہیں بطور تبرک یہاں صرف چند ایک کا ذکر کیا جاتا ہے:۔

(۱) حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی قدس سرہٗ اپنی تفسیر عزیزی پارہ عمّ سورہ اقرأ کی تفسیر میں لکھتے ہیں کہ ایک دن حضرت خواجہ باقی اللہ قدس سرہٗ کے پا مہمان آگئے۔ اتفاقاً اس وقت گھر میں کھانے کی کوئی چیز نہ تھی۔ حضرت خواجہ مہمانوں کی خلا تواضع کے سلسلے میں پریشان ہوکر کسی چیز کی تلاش میں تھے۔ آپ کے گھ متصل ایک نانبائی کی دکان تھی، جب اس کو صورت حال کا پتہ چلا تو وہ بڑ کے ساتھ روغنی روٹیاں بمعہ سالن پکا کر آپ کی خدمت میں لایا۔ آپ اس خدمت اور سلوک سے بہت خوش ہوئے اور فرمایا کہ مانگ، کیا مانگتا اس نے عرض کیا کہ مجھے اپنی مثل (مانند) بنا دیجئے۔ آپ نے فرمایا کہ تو کا متحمل نہیں ہوسکتا کوئی اور چیز مانگ۔ لیکن وہ اسی پر ہی مصر رہا۔ آ فرماتے رہے لیکن جب اس کی لجاجت حد سے بڑھ گئی تو ناچار اس کو لے گئے اور معانقہ فرما کر اُس پر نظر کی۔ جب باہر آئے تو آپ اور نا شکل وصورت کے لحاظ کوئی فرق نہ تھا اور لوگوں کے لیے امتیاز کرنا البتہ یہ فرق ضرور رہا کہ آپ صاحب ہوش اور نانبائی بے ہوش اور آخر کار تین روز بعد اسی حالتِ سکر و بے ہوشی میں انتقال کر گیا۔

ہزار عمر فدائے دمے کہ من از شوق بخاک وخون تپم دگوئی از برائے من

(۲) دہلی کے ایک شخص نے ایک کنواری لڑکی سے شادی کی مگر کئی سال تک

لہ اس نانبائی کا مزار حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہٗ کے مزار مبارک کے قریب ہے، اور لو ذیل عبارت درج ہے: "مزار حضرت خواجہ حسن، خلیفہ و نانبائی حضرت خواجہ باقی باللہ ق

قادر نہ ہو سکا۔ اس نے دوا اور دُعا بہت کی مگر مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی
ایک روز آپ (خواجہ محمد باقی باللہؒ) سوار ہو کر کسی جگہ کو جا رہے تھے کہ اس
شخص نے راستے میں گھوڑے کی باگ تھام لی اور نہایت نیازمندی سے اپنا
قصہ عرض کیا۔ آپ کو اُس پر رحم آیا۔ گھوڑے سے اُترے اور اُس کو بغل میں
لے کر خوب معانقہ کیا۔ اور فرمایا۔ "جاؤ، فتح ہے" اُس شخص نے اُسی وقت
اپنے جسم میں عجیب قوت محسوس کی اور نہایت آسانی سے اپنی عورت پر قادر ہو گیا۔

(۳) ایک دفعہ ایک فوجی افسر نے آپ کے ایک ہمسایہ پر ظلم کیا۔ آپ وہ ظلم دیکھ کر
بے قرار ہو گئے اور اس افسر کو نصیحت کی مگر وہ بدبخت باز نہ آیا۔ آپ کو اس
مظلوم پر نہایت رحم آیا۔ آپ نے اُس افسر سے فرمایا کہ ہمارے حضرات
خواجگان (خواجگانِ نقشبند) بہت غیرت مند ہیں۔ یہ انہیں کے پڑوس میں
رہتا ہے خبردار رہنا۔ دو تین روز ہی گزرے تھے کہ وہ ایک چور کے خون
کے مقدمہ میں گرفتار ہو کر قتل ہوا۔

(۴) ایک ضعیفہ کا لڑکا قلعۂ فیروز آباد کی دیوار سے گر پڑا۔ دیوار کے نیچے سنگین و
پختہ فرش تھا۔ گرتے ہی اس کے کانوں سے خون بہنے لگا اور سانس بند ہو گیا۔
گریہ وزاری اور بے قراری کی حالت میں ماں کو اس کے سوا کوئی اور چارہ نہ
سُوجھا کہ آپ کے مبارک قدم پر سر رکھ کر اُس کی زندگی کی التماس کی۔ آپ کی عادت
مبارکہ تھی کہ اپنی توجہ و تصرف کو بہت چھپایا کرتے تھے۔ آپ نے طب کی ایک
کتاب طلب کی اور فرمایا، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ لڑکا نہ مرے گا۔ حاضرین نے
تعجب کیا کہ کون سی کتاب یہ بات بتا رہی ہے۔ آپ ایک لحظہ خاموش رہے، وہ
قریب المرگ لڑکا ہوش میں آکر اصلی حالت پر آ گیا۔ لوگ حیران و ششدر رہ گئے۔
ایک بانجھ عورت حاضر خدمت ہو کر عرض گزار ہوئی کہ میرا خاوند دوسرا نکاح کرنا
چاہتا ہے کیونکہ مجھ سے کوئی اولاد نہیں ہوئی۔ اس وقت آپ معجون فلاسفہ
تناول فرما رہے تھے۔ تھوڑی سی کھا کر باقی اس عورت کو دے دی اور فرمایا کہ اسوقت

تو یہی مادرتا لحیات ہے۔ اُس عورت نے وہی لے کر کھایا تو اللہ تعالیٰ نے اُس کو اولاد دی اور اُس کے خاوند نے نکاح ثانی کا ارادہ ترک کر دیا۔

(۲) ایک شیخ زادہ آپ کا مرید ہوا تو اتفاقاً اُس کو ایک مرض لاحق ہوا کہ زندگی کی امید باقی نہ رہی۔ کسی نے یہ معاملہ آپ سے عرض کیا۔ آپ نے فرمایا کہ اس کے دل میں یہ خیال گزرا تھا کہ اس طریقہ کو چھوڑ کر اپنے بزرگوں کی نسبت حاصل کرنی چاہیئے اور یہ بات مجھ پر ظاہر ہو گئی۔ اس لیے مجھے غیرت آئی ہے اور یہی وجہ علالت ہے۔ اُس شخص نے مریض سے بیان کیا تو اُس نے تصدیق کی اور توبہ و ندامت ظاہر کی تو فوراً شفایاب ہو گیا۔

وفات

جب آپ کی عمر شریف تقریباً چالیس سال کی ہو گئی تو ایک دن آپ نے فرمایا کہ بعض خوابوں سے ایسا ظاہر ہوتا ہے کہ عنقریب سلسلہ نقشبندیہ کا ایک بہت بڑا شخص فوت ہو گا۔ یہ کہہ ارشاد کیا کہ شہر دہلی کے نوح میں کوئی جگہ اختیار کرنی چاہیئے جہاں تنہائی میں بسر اوقات کروں اور اختتام عمر پر وہیں مدفون ہو جاؤں۔ اس بارے میں آپ نے اپنے بعض مخلص اصحاب کو استخارہ کا حکم دیا۔ جب اجازت معلوم نہ ہوئی تو اس ارادے کو ترک کر دیا۔ بعد ازاں ایک روز فرمایا کہ ایسا دیکھا گیا ہے کہ کہہ رہا ہیں کہ جس غرض کے لیے تجھے بلایا گیا تھا وہ پوری ہو گئی ہے۔ اب سفر کرنا چاہیئے۔ انتقال سے کچھ پہلے یہ بھی فرمایا کہ کہہ رہے ہیں کہ قطب زمانہ فوت ہو گیا اور میں اس وقت اس مرثیہ قصیدہ پڑھ رہا ہوں جس میں عالی اشارات و کنایات مندرج ہیں۔

غرض ۲۵ جمادی الثانی ۱۰۱۲ھ / ۱۶۰۳ء میں امراضِ جسمانی نے آپ پر غلبہ پایا۔ ان دنوں میں آپ نے فرمایا کہ میں نے حضرت خواجہ عبید اللہ احرار قدس سرہٗ کو خواب میں دیکھا ہے، وہ فرما رہے ہیں کہ پیراہن پہنو۔ یہ خواب بیان کر کے آپ نے مسکرا کر فرمایا کہ اگر ہم زندہ رہے تو ایسا ہی کریں گے ورنہ کفن بھی ایک طرح کا پیراہن ہے۔ قصہ کوتاہ جمادی الاخر پچیسویں تاریخ ہفتہ کا دن تھا کہ احتضار (نزع کا عالم) کے آثار نمایاں ہوئے۔ اثنائے میں ایک درویش کی زبان سے کلمہ یا اللہ العالمین نکلا۔ آپ نے فوراً اس

منہ پھیر کر دیکھا۔ حاضرین میں سے ایک شخص نے کہا کہ حضرت خواجہ کی یہ توجہ نام محبوب کے
نے کے شوق سے ہے۔ اس کلام سے چشم مبارک میں آنسو بھر لائے۔ جب تھوڑا دن باقی
گیا تو آپ اسم ذات کے ذکر میں مشغول ہو گئے اور اُسی روز اللہ اللہ کہتے وصال فرمایا۔
سرے روز آپ کے مخلص اصحاب کی قرارداد کے مطابق ایک جگہ قبر شریف کھودی گئی۔
ین جب درویش درویشوں نے جنازہ کو اٹھایا تو اُس دیوانگی کی وجہ سے جو حاملانِ جنازہ
طاری تھی، تابوت کو اُس مقام پر نہیں اُتارا جہاں قبر تیار کی گئی تھی، بلکہ ایک اور زمین
جا اتارا۔ اُتارنے کے بعد کیا دیکھتے ہیں کہ یہ وہی زمین ہے کہ جہاں ایک روز آپ نے
وکر کے دوگانہ ادا فرمایا تھا۔ اٹھتے وقت وہاں کی کچھ خاک دامن مبارک پر لگ گئی تھی۔ اس پر
بان اقدس سے فرمایا تھا کہ اس جگہ کی خاک ہماری دامنگیر ہو گئی۔ اس لیے یاروں نے
ی مکان میں جو جناب رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قدمگاہ کے جوار میں اور شاہراہ
ے متصل ہے، اِس شاہِ اقلیم ارشاد کو سپردِ خاک کیا ؎

آسماں تیری لحد پر شبنم افشانی کرے　　سبزۂ نورستہ اس گھر کی نگہبانی کرے

آپ کا مزار مبارک خواجہ حسام الدین رحمۃ اللہ علیہ کی کوششوں سے نہایت زینت
ے تیار ہوا۔ آپ کی وصیت کے مطابق مرقد شریف پر گنبد نہیں بنایا گیا۔ صرف ایک بلند
وترہ بنا دیا گیا۔ آپ کے تصرف دیکھئے کہ اس چبوترے پر سخت گرمی میں بھی پاؤں کو تکلیف و
رارت محسوس نہیں ہوتی۔

بہت سے فاضلوں اور عارفوں نے آپ کے وصال کی تاریخ لکھی ہے، جن میں سے
ایک درج ذیل ہیں۔

(۱)

ذاتے کہ بدوست بود باقی　　از خود ہم فانی الصفت بود
بر خالقِ خویش جملگی عشق　　بر خلق تمام عاطف بود
وے تشنہ دلم سالِ فوتش　　خوش گفت کہ "بحرِ معرفت بود"
۱۰۱۲ھ

(۲)

یہ تاریخ آپ کے روضۂ مبارک کے جنوبی دروازے پر نہایت خوشنما حروف میں کندہ ہے

خواجہ باقی آں امام اولیاء — عارف باللہ اسرار نہفت!
نگہت بستاں سرائے انبیاء — از نہال جعفری خوش گل شگفت
چونکہ بُد مشرب فنا اندر بقا — محوِ حق گشتہ دُرِ اسرار سُفت
سال تاریخ وصالش خسروی — فی البدیہ "نقشبند وقت" گفت

۱۰۱۲ھ

(۳)

قبلۂ ارباب معنی، کعبۂ اصحاب دین — مظہرِ فیض الٰہی، صاحب علم الیقین
حامیٔ دینِ نبیؐ، اکمل امام المتقین — موردِ فضل گرامی، آلِ ختم المرسلین
کاشف اسرارِ مطلق واقف عین الیقین — محوِ ذاتِ اقدس و باللہ باقی بالیقین
غوثِ اعظم عروۃ الوثقیٰ زرب العالمین — قطب ارشاد جہاں ہم معنی حق الیقین
کامل عالی طریقہ، مہدیٔ راہ متین — بحرِ عرفانِ الٰہی، مقتدا العارفین
راضی و مرضیِ حق بر ذات و شان او مبین — ایں کرامت ہست از محبوب رب العالمین
نورِ بچوں بر جبینش تافت از حق المبین — شُد زمین ہمتش روشن قلوب المومنین
کے تواں گفت مدح آں خلاصہ واصلین — ہست ذاتِ خواجہ باقی رحمۃ للعالمین
نعمت اللہ باقی بود، باقی شُد یقین — مرجعِ انس و ملک از فضلِ رب العالمین
خواجگی امکنہ شُد مرشدِ آں شاہِ دیں — لیک بُد مشرب اویس و ہم بہا احرارِ دیں
چوں کمالش وصل دائم بود معنی دلنشیں — شُد وصالِ غیب اُو آخر بعمرِ اربعین
واں ز ہجرت بعد الف اثنا عشر بودہ سنیں — از وفاتِ قطبِ دوراں تکیہ گاہِ مسلمیں
ہر کہ آید بر مزارش از سرِ صدق و صفا — حاجتش گردد روا، ہم مقصدِ دنیا و دیں
عاجز و عاصی بدرگاہش ہمے ساید حبیں — تا بیاید نظرِ رحمت ہم نجاتِ یوم دیں

بادنازل رحمتِ رضواں رب العالمین
بر محمد خواجہ باقی ز اولیائے مقلبیں

مندرجہ بالا اشعار آپ کے مزار مبارک کے سرہانے پر ایک سنگ مرمر کی لوح پر بہت خوبصورت الفاظ میں کندہ ہیں۔

آپ کی شان میں یہ قطعہ بھی بہت مشہور ہے: ؎

قبلۂ انفسی و آفاقی — بزمِ خاص شہود را ساقی
خضرِ جاں بخش راہِ مشتاقی — خواجۂ ما محمدؐ ن الباقی

ارشاداتِ قدسیہ

(۱) سورۂ اخلاص کے معنی کے بیان میں فرمایا کہ اس کو سورہ اخلاص اس لیے کہتے ہیں کہ اس کے سننے سے بندہ کا اعتقاد اپنے پروردگار کی نسبت شرکِ جلی و خفی کے غبار سے خالص و پاک ہو جاتا ہے اور اس کے عمل میں فی الجملہ اخلاص پیدا ہو جاتا ہے۔ اعتقاد کا شرکِ خفی سے پاک ہونا اس طرح ہے کہ الوہیت میں ایسی ذات کا اعتقاد رکھے کہ عرصۂ امکان میں کسی طرح کوئی اس کا مثل نہ ہو ورنہ اُس کا معتقد ممکن ہو جائے گا۔ اسی وجہ سے اکابر نے فرمایا ہے کہ توحید قدیم کو حادث سے الگ کرنے کا نام ہے۔

مراقبہ کی حقیقت انتظار کرنا ہے اور انتظار کی صفائی مقصود کی طلب میں ہے۔ ایسی حالت میں کہ طالب اپنی قوت و طاقت سے نکل جائے اور مقصود جل ذکرہ کے دیدار کا مشتاق اور اُس کے عشق کے سمندر میں مستغرق ہو جائے۔ قوت و طاقت کی دید کوشش کا غبار ہے اور آستانہ انتظار کشش ہے۔ اس قسم کا مراقبہ سوائے منتہی اور قریب الانتہاء کے دوسرے کو حاصل نہیں ہوتا۔ اسی واسطے حضرت نجم الدین کبریٰ قدس سرہٗ نے ان دس اصلوں (بنیادوں) کے بیان میں کہ جن پر موت بالارادہ موقوف ہے۔ اس مراقبہ کو نویں اصل (بنیاد) قرار دیا گیا ہے۔ لیکن مبتدی عاشق کو منتہی کی تقلید کرنی چاہیے اور اپنے تئیں (اپنے آپ کو) قوت و طاقت کی دید سے نکال کر انتظار محض کرنا چاہیے۔ باقی مراقبات جو مقصود کو شکل و مثال اور علم و خیال سے مقید کر کے عرصۂ تعقل میں لاتے ہیں، اس مراقبہ سے کم درجہ کے ہیں ؎

هر چه پیشِ تو پیش از آں راہ نیست || تیرے نزدیک وہ جس سے آگے راستہ نہیں
غایت فہم تُست اللہ نیست ! || وہ تیری سمجھ کی غایت (انتہا) ہے خدا نہیں

(۳) سلوک کے دس مقاموں کی تحقیق کے بعد تحریر فرماتے ہیں کہ جو شخص معصیت (گناہ) میں گرفتار ہے یا وہ دنیا سے کچھ رغبت رکھتا ہے یا سبب پر نظر رکھتا ہے یا بقدرِ ضرورت معاش پر اکتفا نہیں کرتا یا لوگوں سے میل جول رکھتا ہے یا کے اوقات اللہ تعالیٰ کے ذکر سے معمور نہیں یا اللہ تعالیٰ سے غیر خدا طلب کرتا ہے یا نفس کے ساتھ مجاہدہ نہیں کرتا یا اپنی ذات اور اپنے احوال پر نظر رکھتا ہے اور اپنی قوت و طاقت پر بھروسہ کرتا ہے یا اپنے آپ کو احکام ازلیہ کے حوالہ نہیں کرتا وہ طالبِ تحقیق کے سلوک میں ناقص ہے۔ مخفی نہ رہے کہ بعضے منتہی درویش جو اپنی خواہشات و ضروریات سے نکل چکے ہیں ضروری معاش پر اکتفا کرنے اور لوگوں سے میل جول نہ رکھنے اور نفس کے ساتھ مجاہدہ کرنے میں کسی خاص وجہ سے ثابت نہیں رہے ہیں۔ "ہر ایک کے لیے ایک جہت ہے جس طرف وہ منہ کرنے والا ہے"

(۴) توکل یہ نہیں کہ ظاہری اسباب کو چھوڑ دیں اور بیٹھ رہیں کیونکہ یہ تو بے ادبی ہے۔ بلکہ سبب مشروع مثلاً کتابت وغیرہ کو اختیار کرنا چاہیے اور نظر سبب ہی پر نہ رکھنی چاہیے کیونکہ سبب دروازے کے ہے جو اللہ تعالیٰ مسبب پر پہنچنے کے لیے بنایا ہے۔ اس صورت میں اگر کوئی شخص دروازے کو بند کرے کہ خدا اوپر سے پھینک دے تو یہ اس کی بے ادبی ہے کیونکہ دروازہ خدا ہی کا بنایا ہوا ہے اور اس بات کی دلیل ہے کہ کھلا ہے، کھلے ہوئے کو بند نہ کرنا چاہیئے۔ بعد ازاں اسے اختیار ہے چاہے دروازے سے بھیجے یا اوپر سے پھینک دے۔

(۵) توحید حاصل کرنی چاہیے۔ محققین متکلمین کے نزدیک توحید یہ ہے کہ "وجود میں اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی چیز مؤثر نہیں" یعنی اپنی ساری قدرت کو خدا سے منسوب کرنا اور اپنے آپ کو قدرت سے خالی کرنا۔ اگرچہ متاخرین

علماء میں سے بعضے قدرتِ موثرہ کو فی الجملہ بندہ میں بھی ثابت کرتے ہیں اور اُن کی توجیہ یہ ہے۔ "اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں" لیکن زیادہ صحیح مذہب پہلا ہی ہے اور صوفیہ کرام جس طرح فعل و قدرت کو اللہ تعالیٰ سے منسوب کرتے ہیں اسی طرح سات صفات میں سے باقی علم[1] وسمع[2] وبصر[3] وحیات[4] وارادہ[5] وکلام[6] کو بھی اللہ تعالیٰ سے منسوب کرتے ہیں

۴ مشائخ جو لوگوں کے ارشاد و تربیت میں مشغول ہوتے ہیں اُس کا باعث اِن تین چیزوں میں سے ایک ہوا کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا الہام[1] یا پیر کا حکم وامر[2] یا بندگان خدا پر شفقت[3]۔ یعنی جب وہ لوگوں کو گمراہی میں دیکھتے ہیں اور گمراہی کو ان کے عذاب و ضرر کا سبب جانتے ہیں تو نہایت ترحم سے اُن کے عذاب کا دفعیہ چاہتے ہیں۔ پس شفقت کا مقتضا یہ ہے کہ شریعت کے رواج دینے کو اپنے اوپر لازم کر کے لوگوں کو وعظ و نصیحت سے حفظِ آداب اور اقامتِ شرائع کا حکم دیں۔ مثلاً فقہ و حدیث کا پڑھنا پڑھانا اور اس کے مطابق عمل کرنا، مگر اُن کو واصل بحق کرنا شفقت کی شرط نہیں بلکہ وہ ایک زائد امر ہے۔ اس موقعہ پر آپ نے فرمایا کہ اس طریقۂ تربیت کا ماحصل انجذابِ ایمانی (ایمان کا جذب ہونا یا کرنا) ہے۔ جس کی دعوت تمام انبیاء و رُسل دیتے رہے ہیں۔

اللہ تعالیٰ سے بندہ کا نہایت قُرب اور اتصال اس سے زیادہ نہیں کہ دوامِ آگاہی جو فنا کی طرف کھینچتی ہے اُس کو حاصل ہو جائے۔ جب یہ نسبت حاصل ہو گئی تو سالک اس نسبت کے حصول سے مرتبۂ ولایت سے مشرف ہو گیا اور وہ کمالات جو دوسرے طریقوں کے سالکوں کو حصولِ مقامات اور تجلیاتِ اسما و صفات میں بتفصیل حاصل ہوتے ہیں وہ اور شے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی ذات سے قرب و اتصال کی نسبت کا یہ حصول ولایت خاصہ کے مرتبہ تک پہنچا دیتا ہے۔ اس طریقہ کے طالبوں کا پہلا داخلہ سرحدِ فنا میں ہے اور اندراج نہایت در بدایت جس کی طرف ہمارے سلسلہ کے اکابر نے اشارہ کیا ہے، یہی ہے۔

(۸) ترقی بعد الموت کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا:۔ کہ حضرت شیخ ابن عربی قدس سرہ کا
ہے کہ اگر کوئی شخص نیتِ صحیح اور اعتقادِ درست کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی راہ
آئے اور شریعتِ غرا (واضح شریعت) کے آداب کما حقہ بجالائے اور اُس کو عی
حیات میں اِس گروہ کے اذواق و مواجید (ذوق و وجد) حاصل نہ ہوں۔ تو ا
موت کے بعد اس کو اِس گروہ کے احوال و اذواق عطا کئے جاتے ہیں۔ حضرت خ
باقی باللہ قدس سرہ نے اس قول کو نقل کر کے تھوڑی دیر تامل کیا اور فرمایا، بلکہ
شخص کو اسی جہان میں سکراتِ موت کے وقت اِس دولت سے مشرف کر دیتے
اِس کے بعد ارشاد کیا کہ اعتقاد دُرست اور احکامِ شریعت کی رعایت اور اخل
اور اللہ تعالیٰ کی جناب میں دائمی توجہ سب سے بڑی دولت ہے۔ کوئی ذوق وحا
اِس بڑی نعمت کے برابر نہیں ؎

ایں داشتہ باشد گو دگر ہیچ مباش

(۹) انجذاب اور محبت الٰہی کا طریقہ مقصود تک پہنچانے والا ہے اور اس کا رُخ سولئے
حق تعالیٰ کے اور کسی طرف نہیں ہے۔ بخلاف دوسرے طریقوں کے کہ اُن کا رخ انا
طرف بھی ہے۔ ناچار بعضے ان ہی انوار میں رہ جاتے ہیں۔ یہ انجذاب و محبت تمام
انسانی میں ہے مگر پوشیدہ ہے۔ سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کے مشائخ اِسی انجذا
تربیت کرتے ہیں۔

(۱۰) اللہ تعالیٰ کی رُویت (دیدار) آنکھ کے ساتھ موت کے بعد ہوگی کیونکہ رویت انکشا
تام کا نام ہے۔ جب تک رُوح کا تعلق اس بدن کے ساتھ ہے۔ انکشافِ تام (
انکشاف) نہیں ہو سکتا کیونکہ روح خواہ کتنی ہی بے تعلق ہو جائے کم سے کم حیات
علاقہ (تعلق) باقی رہے گا۔ اگر حرافتِ اصلی ( ) پر رہے، خودی کا تعل

(۱۱) سماع کا ذکر کرتے ہوئے آپ نے ارشاد کیا کہ صوفیہ صافیہ میں سے جو لوگ راگ
سننے کے قائل ہیں، انہوں نے اس میں یہ حکمت دیکھی ہے کہ راگ سننے کے بعد طبی
ساکن و برقرار رہتی ہے۔ ناچار رُوح، معانی کا ادراک زیادہ کرتی ہے۔ مجوزین

مقصود معانی ہے۔ وہ نغمہ کو اُس کے زیور کی مثل سمجھتے ہیں ورنہ وہ نفس نغمہ میں مبتلا نہیں۔ حاضرین میں سے ایک نے شیخ سعدیؒ کی یہ بیت (شعر) پڑھی۔ کہ ؎

آوازِ خوش بہتر از روئے خوش کہ آں خطِ نفس است ایں قوتِ روح

آپ نے فرمایا، کہ دونوں ایک ہی ہیں یعنی اگر دیکھنے والا اور سننے والا اہلِ نفس سے ہیں تو وہ دیکھا ہوا اور سُنا ہوا دونوں نفسانی ہیں۔ اور اگر اصحابِ رُوح سے ہیں تو دونوں روحانی ہیں۔ اور فرمایا کہ حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء قدس سرہٗ کے ملفوظات میں مذکور ہے کہ راگ سُننے کی شرطوں میں سے ایک شرط یہ ہے کہ سننے والے پر اللہ تعالیٰ کی محبت غالب ہو۔ آپ کے مخلصوں میں سے ایک نے عرض کیا کہ اللہ تعالیٰ کی محبت کی کیا علامت اور نشانی ہے؟ آپ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا پورا اتباع۔ پھر اُس مخلص نے عرض کیا کہ ممکن ہے کہ تبع (اتباع کرنے والے) کا مقصود بہشت ہو یا عذابِ دوزخ سے نجات۔ آپ نے فرمایا کہ ایسا شخص تبع تام (مکمل اتباع کرنے والا) کامل نہیں اور اُسے اہل اللہ میں شمار نہیں کرتے۔ اتباع ظاہری تو ظاہر ہے؛ اتباعِ باطنی یہ ہے کہ اس کے باطن میں سوائے اللہ تعالیٰ کے کوئی مطلب و مقصود نہ ہو۔

(۱۲) وَلایت (واؤ کی زبر کے ساتھ) بندہ کے اُس قرب کو کہتے ہیں جو حق سبحانہ سے رکھتا ہے۔ اور وِلایت (واؤ کی زیر کے ساتھ) اُس چیز کو کہتے ہیں جو خلق میں مقبول ہونے کا سبب ہے اور اہلِ عالم اُس کی طرف گرویدہ ہوتے ہیں اور یہ کمال مخلوقات سے تعلق رکھتا ہے۔ خوارق و تصرّفات دوسری قسم میں داخل ہیں۔ حاضرین میں سے ایک شخص نے سوال کیا کہ جو برکتیں صاحبانِ استعداد کو پہنچی ہیں وہ کس قسم میں داخل ہیں؟ آپ نے جواب میں فرمایا کہ وہ وَلایت (واؤ کی زبر کے ساتھ) کا اثر ہیں۔ اس بیان کے اثناء (دوران) میں آپ نے طالبوں کے استفادہ کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ جس وقت طالب

بصورت چہرے سے خوش آواز بہتر ہے کیونکہ وہ حظِ نفس ہے اور یہ قوتِ روح۔ قصوری

کا آئینہ مُرشد کے آئینہ کے مقابل ہوتا ہے، تو جو کچھ مُرشد کے آئینہ میں ہوتا ہے وہ طالب کے آئینہ پر بقدرِ مناسبت اپنا پرتو ڈالتا ہے۔

اسی موقعہ پر آپ نے فرمایا کہ بعض کو وِلایت کی ان دونوں قسموں میں سے ایک حاصل ہوتی ہے اور بعض کو دونوں قسموں سے کافی حصہ ملتا ہے یا کسی کو دونوں میں سے ایک سے زیادہ اور دوسری سے کم حصہ ملتا ہے۔ مشائخ نقشبندیہ رحمہم اللہ تعالیٰ میں ہمیشہ وَلایت (واؤ کی زبر کے ساتھ) وِلایت (واؤ کی زیر کے ساتھ) پر غالب رہی ہے۔ آپ نے یہ بھی فرمایا کہ جب کوئی مقتدا اس جہان سے انتقال کر جاتا ہے تو وِلایت (بکسر واؤ) اپنے مخلص کے حوالہ کر جاتا ہے اور وَلایت (بفتح واؤ) اپنے ساتھ لے جاتا ہے۔ اور یہ بھی فرمایا کہ کبھی کسی لغزش کے باعث ولی کی وِلایت (بکسر واؤ) چھین لی جاتی ہے۔ چنانچہ ابن فارض رحمۃ اللہ علیہ نے سریقا کے جنازہ کے امام کا واقعہ بیان کیا ہے جو مولانا جامی قدس سرہ کی نفحات الانس نامی کتاب میں مذکور ہے۔

(۱۳) ایک روز فقراء پر بعض منکرین کے اعتراض کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ اولیاء کبیرہ گناہوں سے محفوظ نہیں ہیں۔ اگر اتفاقاً اُن سے اِس قسم کی کوئی حرکت سرزد ہو جائے تو اس سبب سے اُن کو وِلایت سے خارج کر دینا جہالت ہے۔ بلکہ دیکھنا یہ چاہیے کہ وہ ہمیشہ یا اکثر کون سی منزل میں رہتے ہیں۔ اس حال میں اگر کبھی بتقاضائے بشریت اُن سے کوئی کبیرہ گناہ صادر ہو جائے تو اُس میں اُن کو معذور سمجھنا چاہیے

(۱۴) محبت ذات و محبت صفات کی تحقیق میں سلسلۂ سخن شروع تھا۔ زبان اقدس سے فرمایا کہ محبت صفات یہ ہے کہ مثلاً ایک شخص کسی سے اس لیے محبت رکھتا ہے کہ وہ عالم ہے یا شجاع ہے، تو اُس وقت اُس کی محبت موقوف ہو گی۔ صفتِ علم یا شجاعت پر۔ اگر یہ اوصاف اُس سے دُور ہو جائیں تو اُس کی محبت بھی جاتی رہے۔ اور محبت ذاتی یہ ہے کہ کسی شخص کو بغیر لحاظ کسی صفت کے دوست رکھے۔ یہ نہیں کہ جب وہ کسی صفت کے ساتھ متصف ہو تو اُس وقت محبت

میں زیادتی ہو اور جب کسی صفت کے ساتھ متصف نہ ہو تو محبت میں کمی آجائے۔

(۱۵) ہمارے طریقہ کا دار و مدار تین باتوں پر ہے۔ اہل سنت و جماعت کے عقائد پر ثابت قدم رہنا، دوام آگاہی اور عبادت۔ اگر کسی شخص کی ان تین چیزوں میں سے ایک میں خلل و فتور آجائے تو وہ ہمارے طریقہ سے خارج ہے۔ ہم عزت کے بعد ذلت اور قبول کے بعد رد سے خدا کی پناہ مانگتے ہیں۔

(۱۶) پیر کے متعدد ہونے میں کلام شروع ہوا تو زبان مبارک سے فرمایا کہ پیر تین طرح کے ہوتے ہیں۔ ایک پیر خرقہ، دوسرے پیر تعلیم تیسرے پیر صحبت۔ واضح ہو کہ پیر خرقہ وہ ہے جس سے خرقۂ ارادت پہنا جائے، جس بزرگ سے خرقۂ تبرک و اجازت ملے، اسطے اہل تصوف کی اصطلاح میں پیر خرقہ کہتے ہیں۔ پیر تعلیم، ذکر کے معنے ظاہر ہیں۔ پیر صحبت وہ ہے جس سے لوگ صحبت رکھیں اور اس کی صحبت سے منافع و ترقیات حاصل کریں۔ اسی وجہ پر فرمایا کہ ہندوستان میں سلسلہ چشتیہ و کبرویہ میں دار و مدار خرقہ پر ہے۔ ان سلسلوں کے اصحاب کی اصطلاح میں پیر مطلق پیر خرقہ کو کہتے ہیں۔ اسی واسطے ایک شخص کے لیے کئی پیروں کے ہونے کو تسلیم نہیں کرتے۔ اور پیر تعلیم و پیر صحبت کو مرشد کہتے ہیں۔ آپ نے اسی مطلب کے مطابق ایک بزرگ کا نام لے کر فرمایا کہ انہوں نے اپنے رسالوں میں لکھا ہے کہ پیر خرقہ متعدد ہونا مکروہ ہے۔ اور اسی طرح پیر تعلیم کا تعدد مکروہ ہے۔ لیکن پیر صحبت کئی ہو سکتے ہیں۔ بشرطیکہ پہلا پیر اجازت دے دے یا اس کی صحبت فوت ہو جائے۔ بعد ازاں آپ نے فرمایا کہ ہاں پیر خرقہ متعدد نہیں ہوتے لیکن پیر تعلیم مثل پیر صحبت کے کئی ہو سکتے ہیں اور یہی سالکوں کا معمول ہے۔

صوفیۂ کرام کے سلسلوں میں لوگوں نے خرقہ کی سند حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے بطریقہ عنعنہ بیان کی ہے مگر ذکر کو بطریق عنعنہ بیان نہیں کیا مگر سلسلہ نقشبندیہ و کبرویہ میں ذکر کی سند بطریق عنعنہ حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچتی ہے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ

اور حضرت امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ سے لے کر آج کے دن تک درمیانی راویوں میں کسی طرح کا خلل نہیں پڑا۔ اس موقعہ پر حاضرین میں سے ایک نے سوال کیا کہ یہ جو کہتے ہیں کہ سلسلہ عالیہ نقشبندیہ میں طریق رابطہ حضرت صدیق اکبر رضؓ سے اور طریقۂ ذکر حضرت امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہٗ سے پہنچا ہے، کہاں تک دُرست ہے؟ آپ نے فرمایا جو ذکر ہمارے سلسلہ میں ہے اور جسے وقوف عددی کہتے ہیں، مقررہ طریقہ کے ساتھ مثلاً حبس دم اور اُس کے ساتھ محمدؐ رسول اللہ ملانا، وہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہم تک بطریق عنعنہ پہنچا ہے اور طریق صحبت بھی آپ ہی سے پہنچا ہے کیونکہ آپ سفر و حضر میں جناب سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رہا کرتے تھے اور بطریق صحبت فیض حاصل کرتے تھے۔ اصل اس کام میں صحبت ہے اور رابطہ اُس کا ظل ہے۔ جب صحبتِ ظاہری مقصود ہو تو اس طریقہ والوں نے رابطہ پر اکتفا کیا جو صحبتِ معنوی ہے۔

(۱۸) ایک روز مولانا جامی قدس سرہ السامی کی کتاب "نقد نصوص" کی یہ عبارت نظر مبارک میں آئی کہ کبھی ایسا ہوتا ہے کہ حضور کی حالت میں بغیر اس کے کہ حس سے غائب ہوں امورِ غیبیہ کے بعض حقائق اس گروہ پر کھل جاتے ہیں اور اسی کو مکاشفہ کہتے ہیں۔ مکاشفہ کبھی جھوٹ نہیں ہوتا کیونکہ مکاشفہ سے مراد ہے علائق بدن سے محبت ہونے کی حالت میں رُوح کا مغیبات کے مطالعہ میں منفرد ہونا۔ آپ نے فرمایا کہ حضرت جامیؒ نے یہ مضمون ترجمہ عوارف سے نقل کیا ہے اور تحقیق یہ ہے کہ بعضے مکاشفات جن میں خیال کو کچھ دخل ہے اُن میں خطا بھی ہو جاتی ہے لیکن علوم یقینی جو کہ مدرکہ (ذہن) پر الہام کئے جاتے ہیں اُن میں خطا کو کچھ دخل نہیں۔ اس موقعہ پر ایک درویش نے عرض کیا کہ بعض علوم یقینی میں بھی جو بطریقِ الہام معلوم ہوتے ہیں، خطا پائی جاتی ہے۔ اِس کا سبب کیا؟ آپ نے فرمایا کہ اُس کا سبب یہ ہے کہ صاحبِ الہام اپنے مقدماتِ مسلمہ میں بعض کو جو اُس کے نزدیک یقینی ہیں، ان علوم یقینی کے ساتھ ملا لیتا ہے، ا

وجہ سے ان میں خطا آجاتی ہے ورنہ صرف علوم الہامیہ میں خطا کی گنجائش نہیں علوم عقلیہ کے علماء جو قوانین منطق کی رعایت کرتے ہیں کبھی ان کے فکر میں خطا داخل ہوجاتی ہے۔ اس میں راز یہ ہے کہ اپنے مقدمات مقررہ کو یقینی خیال کرکے اس میں ملا لیتے ہیں ورنہ منطق تو وہ علم ہے کہ اس کی رعایت ذہن کو فکر میں خطا سے بچاتی ہے۔ اگر صرف منطق کا استعمال ایسے مقدمات ملانے کے بغیر ہو تو ذہن کبھی خطا نہ کرے۔ اس موقعہ پر آپ نے یہ بھی فرمایا کہ جو لوگ خدا کی طرف متوجہ ہوتے ہیں ان کو کشف کی کچھ ضرورت نہیں، کیونکہ کشف دو قسم کا ہوتا ہے۔ ایک کشفِ دنیوی جو بالکل کسی کام نہیں آتا۔ دوسرا کشف اُخروی جو کتاب وسنت میں بصراحت مذکور ہے۔ اور عمل کے لیے کافی ہے۔ کوئی کشف اس کے برابر نہیں۔

(۱۹) اہل اللہ کے بارے میں سلسلۂ کلام شروع ہوا تو فرمایا کہ اہل اللہ تین فرقے ہیں۔ عباد، صوفیہ، ملامتیہ۔ عباد وہ لوگ ہیں جنہوں نے ظاہر عبادت پر اکتفا کیا ہے اور فرائض وسنن کے بعد نفلی عبادتوں اور خیرات پر قیام کرتے ہیں یہاں تک کہ خیرات میں سے کسی چیز کی فروگزاشت نہ ہو۔ اور صوفیہ کے اذواق ومواجید سے بہرہ ور نہیں ہوتے۔ عباد میں سے جو شخص صوفیہ کے اذواق ومواجید سے بہرہ ور ہوگیا وہ گروہِ صوفیہ میں داخل ہوگیا۔ اور اپنے مرتبہ سے نکل آیا۔ صوفیہ وہ فرقہ ہے جو مواجید واذواق سے بہرہ ور ہیں اور اپنے خوارق وکرامات کو مخلوق کی نظروں سے پوشیدہ نہیں رکھتے۔ تمام کاموں میں ان کی نظر خدا پر ہے اور مخلوق کو مظاہر حق جانتے ہیں۔ اس فرقہ میں ایک طرح کی رعونت وسخوت رہ گئی ہے۔ ملامتیہ وہ لوگ ہیں جو عام لوگوں کے لباس میں رہتے ہیں اور عوام سے کچھ امتیاز نہیں رکھتے اور ظاہر میں فرائض وسنن موکدہ پر اکتفا کرتے ہیں اور اخلاص کی رعایت میں کوشش کرتے ہیں اور اپنے تئیں اپنے خوارق ظاہر کرکے مشہور وظاہر نہیں کرتے۔ اس امر میں انہوں نے اللہ تعالیٰ کا اتباع کیا ہے کیونکہ وہ جانتے ہیں کہ یہ عالم ظہور کا محل نہیں۔ خدا تعالیٰ نے اپنے تئیں

عام لوگوں کی نظروں سے پوشیدہ رکھا ہے۔ لہٰذا وہ بھی اپنے تئیں مخلوق کی نظروں سے پوشیدہ رکھتے ہیں۔ اسی واسطے اکثر لوگ اُن کو اپنے جیسا خیال کرتے ہیں۔ یہ جماعت رعونت سے بالکل آزاد و پاک ہے۔ وہ مقام عبودیت کی انتہا کو پہنچے ہوئے ہیں۔ حضرت شیخ ابن عربی قدس سرہ نے اس جماعت کے کئی سردار ٹھہرائے ہیں۔ سب سے بڑے سردار جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم کو بتاتے ہیں صحابہ کرام میں سے حضرت صدیق اکبر[۲] اور سلمان فارسی[۳] رضی اللہ تعالیٰ عنہم اور مشائخ میں سے حضرت بایزید بسطامی[۴] اور ابو سعید خراز[۵] اور ابو السعود[۶] اور اپنے آپ[۷] کو بتاتے ہیں۔ اِن کے سوا اوروں سے ساکت ہیں مگر اُن کی نفی نہیں کرتے۔ شیخ کا طریقہ یہ ہے کہ جو کچھ کسی خاص وقت میں کشف میں آگیا اُسے لکھ دیتے ہیں۔ فرقہ ملامتیہ میں سے جو لوگ اپنے تئیں مخلوق پر بعنوان ملامت ظاہر کرتے ہیں اور بعض ایسی چیزوں کے مرتکب ہوتے ہیں جو باعتبار ظاہر ممنوع ہیں مثلاً سفر میں ماہِ رمضان میں دن کے وقت بازار میں کھاتے پھرتے ہیں تاکہ مخلوق کی نظروں سے ان کا اعتبار اُٹھ جائے۔ ایسے لوگ رتبہ و مرتبہ میں صوفیہ سے کم درجہ کے ہیں۔ مخلوق اُن کی نظروں سے ساقط نہیں ہوا ہے۔

(۲۰) ذ ایام وفات سے پہلے، فرماتے تھے، کہ یہ بات پایۂ ثبوت کو پہنچ چکی ہے کہ طریق توحید (وحدتِ وجود) کے سوا ایک اور وسیع راہ ہے اور توحید کی راہ اُس شاہراہ کے مقابلہ میں محض ایک تنگ کوچہ ہے۔



حضرت عظیم البرکت امام ربانی محدث رحمانی قطب صمدانی محبوب رحمانی مجدد المنور
ثانی ابوالبرکات بدرالدین شیخ احمد فاروقی سرہندی کے روضے شریف
کا بصورت منظر۔ بشکریہ دربارِ عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر

خانقاہ عالیہ مجددیہ کا بیرونی دروازہ

لشکریہ دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر

خانقاہ عالیہ مجددیہ میں بائیں جانب سے داخلے کے لئے استعمال ہونے والا دروازہ۔ نیز تصویر میں حضرت خواجہ محمد معصومؒ صاحب کے ایک صاحب زادہ کا مقبرہ شریف بھی نظر آرہا ہے۔

خانقاہ عالیہ مجددیہ کے بڑے دروازے کا اندرونی منظر
تصویر بشکریہ دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر



عالیہ مجددیہ کا اندرونی منظر اور درگاہ شریف میں داخلے کا بڑا دروازہ نمایاں
ین جانب طلباء کے قیام کے لیے استعمال ہونے والے کمرے ہیں۔
بشکریہ دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر



درگاہ عالیہ مجددیہ کی جانب سے کھینچی گئی ایک خوبصورت تصویر

بشکریہ دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر

حضرت خواجہ مجدد الف ثانیؒ کے مقبرہ شریف اور درگاہ کا خوبصورت

تصویر بشکریہ۔ دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر



حضرت مجدد الف ثانیؒ کے مقبرے شریف کا بیرونی منظر

تصویر لشکریہ دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر



حضرت مجدد الف ثانیؒ کے مزار شریف کا بیرونی منظر

تصویر لشکریہ دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر



حضرت مجدد الف ثانیؒ کے مزار شریف کا راستہ اور اس پر نصب تختی کی تصو

بشکریہ دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر



حضرت مجدد الف ثانیؒ کے مزار شریف کی خوبصورت تصویر دائیں جانب آپکی مسجد نمایاں

تصویر بشکریہ دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر



حضرت مجدد الف ثانیؒ کے مزار شریف کا راستہ

تصویر لشکریہ دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر

حضرت مجدد الف ثانیؒ کے مزار شریف کے قریب مقدس بائی اور اس پر نصب پمپ کی تصویر۔ لشکریہ دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر



حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کی قبر انور شریف۔
تصویر بشکریہ دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر



حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کے مزار شریف کا اندرونی منظر
تصویر بشکریہ دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر

حضرت مجدد الف ثانیؒ کی مقدس قبر شریف
تصویر بشکریہ دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر



حضرت مجدد الف ثانیؒ کی مقدس قبر شریف ایک اور زاویے سے
تصویر بشکریہ دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر

حضرت مجدد الف ثانیؒ کی درگاہ میں طلبار کے قیام کے لئے کمرے
تصویر بشکریہ دربار عالیہ مُرشد آباد شریف پشاور شہر۔

حضرت امام ربانیؒ کی درگاہ میں وضو کے لئے استعمال ہونے والے تالاب کا ایک منظر
تصویر بشکریہ دربار عالیہ مُرشد آباد شریف پشاور شہر



درگاہ عالیہ مجددیہ میں قائم عظیم تالاب کا ایک منظر۔ جس کو چھت سے ڈھانپ دیا گیا ہے
بشکریہ دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر



درگاہ عالیہ مجددیہ کے تالاب کے قریب کنویں کی تصویر۔
بشکریہ دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر



درگاہ عالیہ مجددیہ کا ایک خوبصورت منظر

تصویر بشکریہ دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر



حضرت امام ربانیؒ کے مزار شریف اور مسجد کا ایک خوبصورت منظر

تصویر بشکریہ دربارِ عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر



حضرت مجدد الف ثانی رح کی مسجد کی تصویر ۔
بشکریہ دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر

رت میاں مجدد الف ثانی رح کی مسجد کے باغ میں وہ جگہ کعبہ شریف نمودار ہوا تھا ۔
دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر



حضرت مجدّد الف ثانیؒ کی مسجد کا اندرونی منظر
تصویر بشکریہ دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر



حضرت مجدد الف ثانی رح کی مسجد میں وہ جگہ جہاں کعبہ شریف ظاہر ہوا تھا کی قریبی تصویر
بشکریہ دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر

حضرت مجدد الف ثانیؒ کے مزار شریف کی جانب جانے والا راستہ
تصویر بشکریہ دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر

حضرت مجدد الف ثانیؒ کی مسجد سے مقبرے شریف کی طرف جانے والا راستہ
تصویر بشکریہ دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر



حضرت مجدد الف ثانی رح کے مزار شریف کی دوسری منزل میں داخلے کا دروازہ
تصویر بشکریہ دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر



حضرت مجدد الف ثانی رح کے مزار مقدس میں داخلے کا راستہ
تصویر بشکریہ دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر

حضرت مجدد الف ثانیؒ کے مقبرہ شریف کی دوسری منزل کی ایک خوبصورت تصویر
بشکریہ دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر

امام ربانیؒ کے مقبرے کی دوسری منزل سے کھینچی گئی ایک تصویر جس میں مسجد اور
شریف میں داخلے کے لئے بڑے دروازے اور راستہ نمایاں ہیں۔
دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر



درگاہ عالیہ مجدد پر اور مقبرہ شریف کا ایک منظر

تصویر بشکریہ دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر



سرہند شریف (انڈیا) میں محبوب رحمانی قطب صمدانی امام ربانی حضرت مجدد الف ثانی کے مزار شریف پر تعمیر شدہ گنبد شریف کا خوبصورت منظر

(۲۴)

امامِ ربّانی مجددِ الفِ ثانی حضرت شیخ احمد سرہندی قدس سرّہ

سرہند شریف (انڈیا) ۹۷۱ھ / ۱۵۶۴ء — ۱۰۳۴ھ / ۱۶۲۴ء سرہند شریف، ریاست پٹیالہ (انڈیا)

مادۂ تاریخ وفات

"وارث الرسول"، "احمد صراطِ مستقیم"، "شیخ بود اہل اللہ"

۱۰۳۴ھ — ۱۰۳۴ھ — ۱۰۳۴ھ

اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ لَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ (مجدد الف ثانیؒ)

۱۰۳۴ھ

۴۴-امامِ ربّانی مجدّدِ الفِ ثانی حضرت شیخ احمد سرہندی قدس سرّہٗ

آپ کا شجرۂ نسب امیر المومنین حضرت سیدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس طرح ملتا ہے۔ شیخ احمد[1] بن شیخ عبدالاحد[2] بن شیخ زین العابدین[3] بن شیخ عبدالحی[4] بن شیخ محمد[5] بن شیخ حبیب اللہ[6] بن شیخ رفیع الدین[7] بن شیخ نصیر الدین[8] بن شیخ سلیمان[9] بن شیخ یوسف[10] بن شیخ اسحاق[11] بن شیخ عبداللہ[12] بن شیخ شعیب[13] بن شیخ احمد[14] بن شیخ یوسف[15] بن شیخ شہاب الدین علی الملقب بہ فرخ شاہ[16] بن شیخ نصیر الدین[17] بن شیخ محمود[18] بن شیخ سلیمان[19] بن شیخ مسعود[20] بن شیخ عبداللہ الواعظ الاصغر[21] بن شیخ عبداللہ الواعظ الاکبر[22] بن شیخ ابوالفتح[23] بن اسحاق[24] بن شیخ ابراہیم[25] بن شیخ ناصر[26] بن شیخ عبداللہ[27] بن عمر[28] بن حفص[29] بن عاصم[30] بن عبداللہ[31] بن عمر فاروق[32] رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔

آپ کے اجداد میں سے پندرھویں[15] شیخ شہاب الدین علی الملقب بہ فرخ شاہ کابلی سلاطین کابل کے ان امرا و وزرا میں سے تھے۔ شیخ ممدوح پہلے مسلمان امیر ہیں جنہوں نے غزنی و کابل سے ہندوستان آکر دین اسلام کی تبلیغ و ترویج کی خاطر کفار سے جہاد کیا۔ بتوں کا قلع قمع کیا اور اسلام کا بول بالا کیا۔ بارہا بکثرت مالِ غنیمت لے کر فتح و نصرت کے ساتھ ہندوستان

مولانا نور بخش توکلی نے "تذکرہ نقشبندیہ" میں شیخ ناصر کے والد شیخ عبداللہ کو حضرت عمر فاروق رضؓ کی اولاد قرار دیا ہے اور لکھا ہے "شیخ ناصر بن شیخ عبداللہ بن امیر المومنین حضرت عمر فاروق رضؓ" یہ صحیح نہیں ہے۔ شیخ ناصر بن شیخ عبداللہ بن حفص بن عاصم بن حضرت عمر فاروق رضؓ (سیرت امام ربانی مجدد الف ثانی از پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد مطبوعہ کراچی ۱۹۸۳ء ص ۴۴) (قصوری)

سے لوٹے، آخر میں ترکِ امارت و وزارت کر کے فقر اختیار کیا اور سلسلہ چشتیہ میں بیعت ہو کر کوہستان کابل میں سکونت اختیار کی. بندگانِ خدا کو اپنے روحانی فیوض و برکات سے مستفید فرماتے رہے اور یہیں انتقال فرمایا. شیخ ضیاء الحق علیہ الرحمہ نے یہاں خانقاہ اور مسجد تعمیر کرائی، آج کل یہ مقام "درۂ فرخ شاہ" کے نام سے مشہور ہے۔

حضرت مجدد کے چھوٹے جد امجد امام شیخ رفیع الدین ہیں جو علمِ ظاہر و باطن کے جامع تھے۔ آپ کو حضرت سید جلال الدین بخاری معروف بہ مخدوم جہانیاں رحمۃ اللہ علیہ سے خلافت ہے۔ آپ پہلے شخص ہیں جنہوں نے اس خاندان میں سے پہلے ہندوستان میں سکونت اختیار کی. شہر سرہند کی بنا آپ ہی نے رکھی تھی جس کی تفصیل کچھ یوں ہے کہ اس شہر کی آبادی کی جگہ ایک وحشت ناک جنگل تھا جس میں درندے رہا کرتے تھے اس جنگل کا نام ہندی زبان میں سہرند (سہ بمعنی شیر، رند بمعنی جنگل) یعنی بیشۂ شیر تھا۔ اس سرزمین کے گرد و نواح میں کوئی شہر نہ تھا۔ صرف ایک سامانہ نامی شہر تھا جو یہاں سے پچاس میل (۸۰ کلومیٹر کے فاصلہ پر واقع تھا۔ لوگ خزانہ میں روپیہ پیسہ داخل کرنے کے لیے سامانہ جایا کرتے تھے۔ اس لیے اردگرد کی رعایا بالخصوص رعایائے براس سے جو سے بارہ میل تھا، اوچ شریف (بہاولپور روڈ ویژن) حاضر ہو کر حضرت مخدوم جہانیاں کی خدمت میں جو سلطان فیروز شاہ تغلق کے مرشد تھے، عرض کیا کہ آپ دہلی تشریف لے سلطان کو حکم دیں کہ یہاں ایک شہر بنایا جائے تاکہ ہماری مشکلات ختم ہو جائیں. حضرت مخدوم جہانیاں دہلی تشریف لائے، سلطان نے پرجوش استقبال کیا اور پہلی ہی ملاقات منظوری دے دی کہ فلاں مقام پر شہر آباد کیا جائے۔ حضرت امام رفیع الدین کے بڑے بھائی خواجہ فتح اللہ جو بادشاہ کے وزیر با تدبیر تھے، اس کام کو انجام دینے کے لیے مامور ہوئے۔ اور دو ہزار آدمیوں کو ساتھ لے کر وہاں تعمیر شہر میں مصروف و مشغول ہو پہلے ۶۰ھ میں قلعہ کی بنا اس ٹیلہ پر رکھی جہاں جنگل تھا مگر ہر روز جتنی دیوار تیار دوسرے دن گری ہوئی نظر آتی۔ جب اس امر کی اطلاع بادشاہ کو ہوئی تو اس نے اس علاج حضرت سید مخدوم جہانیاں کے سپرد کیا. انہوں نے اپنے خلیفہ و امام نماز

رفیع الدین رح کو جو سنام میں رہا کرتے تھے کو حکم دیا کہ تم اپنے ہاتھ سے اس قلعہ کی بنیاد رکھو اور اس شہر میں سکونت اختیار کرو کیونکہ وہاں کی ولایت تمہارے متعلق ہے۔ چنانچہ حضرت امام اس جگہ جلوہ افروز ہوئے اور مکاشفہ سے معلوم کیا کہ شاہی لوگ ایک خدا دوست شخص کو زبردستی مزدوروں میں شامل کر لیتے تھے اور وہ رات کو توجہ ڈال کر دیوار گرا دیتا تھا[1]۔ آپ نے منع فرمایا اور اپنے دست مبارک سے قلعہ کی بنیاد رکھی۔ اور قلعہ اور شہر کی تعمیر حضرت امام کے زیر اہتمام انجام کو پہنچی۔ اختتام تعمیر پر حضرت امام نے یہاں کی سکونت اختیار کی۔ آپ کا مزار مبارک قصبہ سرہند سے باہر قریب ہی اب تک موجود ہے۔ یہ شہر خوب آباد رہا یہاں تک کہ ۱۰۷۷ھ/۱۶۶۶ء میں سکھوں نے اسے تاخت و تاراج کیا اور پھر دوبارہ اس کی رونق بحال نہ ہو سکی۔ ۱۹۴۷ء میں پاکستان معرض وجود میں آیا تو سرہند شریف (مشرقی پنجاب، ہندوستان کے حصہ میں آگیا اور یہ مقدس سرزمین مسلمانوں کے وجود سے خالی ہو گئی، غیر مسلم پناہ گزینوں نے اپنے ڈیرے جما لیے۔ البتہ حضرت مجدد رح کا روضہ مبارک اور ان کی خانقاہ خود حضرت مجدد کی کرامت سے اور بظاہر افغانستان کے احتجاج پر محفوظ رہ گیا اور اس میں کچھ مسلمان رہتے ہیں۔ مگر وہ بات کہاں۔

حضرت مجدد قدس سرہ کے والد ماجد شیخ عبدالاحد رح آغاز جوانی ہی میں شیخ عبدالقدوس گنگوہی رح کی خدمت میں حاضر ہو کر ان کے مرید ہو گئے۔ اور ان کی خدمت میں رہنے کی اجازت چاہی مگر انہوں نے اجازت نہ دی۔ فرمایا کہ علوم دین و شریعت حاصل کر کے آجانا کیونکہ علم کے بغیر درویشی بے لطف ہے[2]۔ عرض کیا، مجھے خدشہ ہے کہ علوم دینیہ کی تکمیل کے بعد آپ کی صحبت کو نہ پاؤں۔ فرمایا، اگر مجھے نہ پاؤ تو میرے فرزند رکن الدین سے جو کچھ چاہو حاصل کر لینا۔ اتفاقاً تحصیل علوم سے پہلے ہی حضرت

---

[1] وہ خدا دوست شخصیت حضرت بوعلی قلندر قدس سرہ تھے۔ قصوری

[2] شیخ سعدی رح نے کیسی سچی بات کہی ہے ؎

پئے علم چو شمع باید گداخت کہ بے علم نتواں خدا را شناخت (قصوری)

شیخ قدس سرہ، نے وصال فرمایا اور حضرت شیخ عبدالاحدؒ علومِ دینیہ کی تحصیل اور مختلف شہروں کی سیر و سیاحت کے بعد شیخ رکن الدینؒ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور انہوں نے اپنے والد گرامی قدس سرہٗ کے اشارے کے مطابق آپ کی تربیت میں کوئی کسر باقی نہ چھوڑی اور سلسلہ قادریہ وچشتیہ میں خرقۂ خلافت مرحمت فرما کر طالبانِ خدا کی تعلیم و تربیت کا حکم دیا اور تحریری اجازت نامہ عطا فرمایا جو "زبدۃ المقامات" میں منقول ہے۔

حضرت مجدد قدس سرہٗ کا انتسابِ باطنی ہر چار سلاسل سے ہے چنانچہ سلسلہ نقشبندیہ میں آپ حضرت باقی باللہ رحمۃ اللہ علیہ کے مرید و خلیفہ ہیں جو حضرت خواجہ محمد مقتدیٰ امکنگی کے مرید و خلیفہ ہیں۔ سلسلہ قادریہ میں آپ مرید و خلیفہ شاہ سکندر کیتھلیؒ کے ہیں جو مرید و خلیفہ اپنے جد بزرگوار شاہ کمال کیتھلیؒ (المتوفی ۹۲۱ھ / ۱۵۱۵ء) کے ہیں اور سلسلہ چشتیہ صابریہ سہروردیہ میں اپنے والد بزرگوار حضرت مخدوم عبدالاحد قدس سرہٗ کے مرید و خلیفہ ہیں جو حضرت شیخ رکن الدین بن شیخ عبدالقدوس قدس سرہٗ کے ہیں۔ ان چاروں سلسلوں کے علاوہ آپ کو دیگر سلاسل مثلاً شطاریہ، مداریہ، کبرویہ وغیرہا کی تلقین کی اجازت بھی اپنے والد بزرگوار سے حاصل تھی۔

آپ کی ولادت باسعادت شہر سرہند شب جمعۃ المبارک ۱۴ شوال ۹۷۱ھ / ۱۵۶۴ء کو ہوئی آپ کے والد بزرگوار کا بیان ہے کہ آپ کی ولادت سے پہلے میں نے خواب میں دیکھا کہ تمام جہان میں ظلمت پھیل گئی ہے، سؤر، بندر اور ریچھ لوگوں کو ہلاک کر رہے ہیں۔ اثنا میں میرے سینے سے ایک نور نکلا اور اس میں ایک تخت ظاہر ہوا۔ اس تخت پر ایک شخص تکیہ لگائے بیٹھا ہے اور اس کے سامنے تمام ظالموں، زندیقوں اور ملحدوں کو بکرے کی طرح ذبح کر رہے ہیں اور کوئی شخص بآواز بلند کہہ رہا ہے:۔

وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ۭ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا (سورۃ بنی اسرائیل آیت ۸۱)	اور کہہ، سچ آگیا اور باطل مٹ گیا بے شک باطل مٹنے والا ہے۔

اس خواب کی تعبیر حضرت قدس سرہٗ نے شاہ کمال کیتھلیؒ سے دریافت کی۔ انہوں نے فرمایا کہ تمہارے ہاں ایک لڑکا پیدا ہوگا جس سے الحاد و بدعت کی تاریکی دور ہوگی

یہ تعبیر بالکل درست نکلی۔

نقل ہے کہ ایک مرتبہ ایام رضاعت میں آپ بہت علیل ہو گئے۔ آپ کی والدہ ماجدہ آپ کو شاہ کمال کیتھلیؒ کی خدمت میں لے گئیں۔ حضرت شاہ صاحب نے اپنی زبان مبارک آپ کے منہ میں دے دی اور آپ اُسے دیر تک چوستے رہے۔ شاہ صاحب نے فرمایا، خاطر جمع رکھو، یہ لڑکا بڑی عمر کا ہوگا اور عالم، عامل اور عارف کامل ہوگا اور میرے تیرے جیسے بہت سے اس سے پیدا (فیض یافتہ) ہوں گے

جب آپ سنِ تعلیم کو پہنچے تو آپ کو مکتب میں داخل کر دیا گیا۔ تھوڑی مدت میں آپ نے قرآن مجید حفظ کر لیا۔ بعد ازاں اکثر علوم والد بزرگوار سے حاصل کر کے سیالکوٹ تشریف لے جا کر معقولات کی بعض کتابیں حضرت مولانا کمال کشمیری اور حدیث کی بعض کتابیں مولانا یعقوب کشمیری سے پڑھیں۔ مولانا یعقوب کشمیریؒ نے جو قطب المکرم شیخ حسین خوارزمی کبروی کے اکابر خلفاء میں سے تھے، حرمین شریفین میں جا کر کبار محدثین سے تصحیح حدیث کی ہوئی تھی۔ علاوہ ازیں حضرت مجدد قدس سرہٗ نے تفسیر واحدی و دیگر مؤلفات واحدی اور تفسیر بیضاوی اور دیگر مصنفاتِ بخاری و مشکوٰۃ المصابیح و شمائل ترمذی و جامع صغیر سیوطی اور قصیدہ بردہ وغیرہ کی اجازت عالم ربانی قاضی بہلول بدخشانی سے حاصل کی تھی۔ قاضی موصوف کو کتب مذکورہ کی اجازت شیخ عبدالرحمٰن بن مندب سے تھی۔ جن کا گھرانا دو اجداد سے بیت الحدیث چلا آتا تھا۔ الغرض آپ سترہ سال کی عمر میں علوم ظاہری کی تحصیل کے سب مرحلے طے کر کے اپنے والد بزرگوار کی خدمت میں حاضر ہو کر تدریس میں مشغول ہو گئے اور طلبۂ علوم کو اپنی فیوضات سے بہرہ ور فرماتے رہے۔ اسی اثناء میں آپ نے عربی فارسی میں متعدد رسالے نہایت فصاحت و بلاغت کے ساتھ تحریر فرمائے۔ چنانچہ رسالہ تہلیلیہ، رسالہ اثباتِ نبوت، رسالہ ردِ شیعہ ان ہی رسائل میں سے ہیں۔

رسالہ ردِ شیعہ کی تصنیف کا باعث یہ ہوا کہ عبداللہ خاں ازبک والی سمرقند و بخارا نے سنہ ۹۹۱ھ میں تخت نشین ہوا تھا، خراسان پر حملہ کیا اور نو ماہ کے محاصرہ کے بعد ہرات کو

۹۹۳ھ میں فتح کر لیا۔ جب خان مذکور نے خراسان کے مشہور شہر طوس یعنی مشہد مقدس کا محاصرہ کر رکھا تھا تو فقہائے مشہد میں سے ایک نے ایک عرضداشت عبداللہ خاں کی خدمت میں بھیجی جس کا ماحصل یہ تھا کہ رعایائے مشہد تو اکثر حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی نسل سے ہے۔ آپ نے کس دلیل سے مشہد کا محاصرہ کیا، وہاں کے باشندوں کا قتل اور اُن کے مال لُوٹ لینا جائز رکھا ہے؟ عبداللہ خاں نے وہ تحریر علمائے ماوراء کی خدمت میں پیش کی جو اُس محاصرہ میں ہمرکاب تھے۔ اس کے جواب میں علمائے مذکور نے ایک رسالہ بدیں مضمون لکھا کہ شیعہ کافر ہیں اور ان کا مال لُوٹ لینا جائز مسلمانوں کے لیے مباح ہے۔ اس پر محمد بن فخر الدین علی رستمداری شیعی نے جو مشہد میں روضہ مقدس کی خدمت اور تدریس کا منصب رکھتا تھا اس تحریر کے جواب میں ایک رسالہ لکھا جیسا کہ مجالس المومنین میں مذکور ہے۔ جب یہ رسالہ حضرت مجدد قدس سرہ کی خدمت میں پہنچا تو آپ نے اُس کا نہایت مدلل و معقول جواب لکھا۔ اُن دنوں میں اہل تشیع ہندوستان میں ارباب حشمت و جاہ تھے اور شاہی دربار میں تقرب تام رکھتے تھے اور بادشاہ وقت بھی دین اسلام اور ارباب دین سے نہایت دشمنی رکھتا تھا۔ ان حالات میں حضرت اقدس کا تردید شیعہ میں قلم اٹھانا آپ کی حمیت و غیرت اسلامی کی زبردست دلیل ہے۔

آگرہ کے مشاہیر علماء کا شہرہ سُن کر آپ کے دل میں ان حضرات کی ملاقات کا اشتیاق پیدا ہوا اور وہاں تشریف لے گئے۔ کچھ عرصہ وہاں قیام کیا اور کئی دفعہ ابوالفضل کی مجلس میں شرکت کا موقعہ ملا۔ وہ آپ کی خاص رعایت و تعریف کیا کرتا تھا۔ ایک دن اُس نے فلاسفہ اور اُن کے علوم کی توصیف میں نہایت مبالغہ کیا۔ جس سے علمائے دین کی توہین لازم آتی تھی۔ آپ سے یہ کب برداشت ہو سکتا تھا۔ فرمایا کہ امام غزالی قدس سرہ العالی نے رسالہ منقذ عن الضلال میں لکھا ہے کہ وہ علوم جن کے واضع فلاسفہ اپنے آپ کو بتاتے ہیں مثلاً ہیئت، نجوم و طب۔ یہ کُتب انبیائے سابقین سے سیکھی ہیں۔ اور ریاضی وغیرہ جو فلاسفہ کے طبع زاد ہیں، دین میں کس کام آتے ہیں۔ ابوالفضل

سن کر خفا ہوا اور کہنے لگا کہ غزالی نے نامعقول کہا ہے۔ آپ یہ سُن کر ناراض ہو گئے اور اُس کی مجلس سے تشریف لے آئے۔ اُٹھتے وقت فرمایا کہ اگر تو ہم سے اہلِ علم کی صحبت کا ذوق رکھتا ہے تو ایسی دور از ادب باتوں سے زبان کو بند رکھ۔ آپ کئی روز اُس کی مجلس میں تشریف نہ لے گئے یہاں تک اُس نے ایک شخص کو آپ کی خدمت میں بھیج کر معافی مانگ کر تشریف لانے کا کہا۔

ایک روز ابوالفضل کے بھائی فیضی کے ہاں تشریف لے گئے۔ وہ اُن ایام میں اپنی تفسیر بے نقط (سواطع الالہام) لکھ رہا تھا۔ وہ آپ کو دیکھ کر بہت خوش ہوا اور کہنے لگا کہ خوب موقعہ پر تشریف لائے ہیں، ایک مشکل درپیش ہے کہ جس کی تاویل و تفسیر حروفِ غیر معجم میں دُشوار ہے۔ میں نے ہر چند دماغ سوزی کی ہے مگر دلخواہ عبارت نہیں سوجھتی۔ یہ سُن کر آپ نے قلم برداشتہ اس صفحہ کے مطالب کثیرہ حروف بے نقطہ میں کمال فصاحت و بلاغت کے ساتھ تحریر فرما دیے۔ کہ جس سے فیضی حیران رہ گیا۔ اس واقعہ سے آپ کی زبردست علمی قابلیت ظاہر ہوتی ہے۔

جب آپ کو آگرہ میں قیام فرما ہوئے کچھ عرصہ بیت گیا تو آپ کے والد گرامی کو فرزند ارجمند کی دُوری ناگوار گزری۔ اس لیے وہ شوقِ دیدار میں آگرہ پہنچے اور آپ کو ہمراہ لے کر وطن مالوف کی طرف روانہ ہوئے۔ راستے میں تھانیسر ٹھہرے جہاں کے رئیس شیخ سلطان کی صاحبزادی سے آپ کا عقدِ نکاح ہو گیا۔ وطن پہنچ کر آپ نے سلوکِ طریقۂ صوفیہ میں قدم رکھا اور اپنے والد بزرگوار کی صحبت میں بہت سے فوائدِ باطنی حاصل کیے۔ چنانچہ رسالہ مبدأ و معاد میں لکھتے ہیں:۔

"اور ۔ اس فقیر کو اس نسبتِ فردیت کا سرمایہ جس کے ساتھ آخری عروج مخصوص ہے، اپنے والد (مخدوم عبدالاحد قدس سرہٗ) سے حاصل ہوا تھا۔ اور میرے والد ماجد کو یہ نسبت اپنے ایک عزیز (بزرگ حضرت شاہ کمال قادری کیتھلی") سے جو جذبۂ قوی کے مالک تھے اور کرامات و خوارقِ عادات میں مشہور تھے، حاصل ہوئی تھی۔ لیکن یہ فقیر اپنی بصیرت کی کوتاہی اور اس نسبت کے

محض گاہے گاہے ظہور پذیر ہونے کی وجہ سے سلوک کی منزلیں طے کر لینے سے پہلے تک اس نسبت کو اپنے اندر نہیں پاتا تھا اور نہ اس بات کا قطعاً کوئی علم تھا کہ یہ نسبت مجھے حاصل ہے۔ نیز اس فقیر کو عباداتِ نافلہ خصوصاً نفل نمازیں ادا کرنے کی توفیق بھی والد ماجد ہی کی مدد سے حاصل ہوئی تھی اور میرے والد بزرگوار کو یہ سعادت اپنے شیخ (یعنی حضرت شیخ عبدالقدوس گنگوہیؒ) اور ان کے صاحبزادے شاہ رکن الدین قدس سرہما سے حاصل ہوئی تھی جو چشتیہ سلسلہ سے تعلق رکھتے تھے۔"[1]

ان ہی ایام میں ایک مرتبہ آپ بیمار ہو کر بہت کمزور ہو گئے۔ آپ کی حالت دیکھ کر اہلیہ بے قرار ہو گئیں اور انہوں نے دوگانہ ادا کر کے رو رو کر آپ کی صحت کے لیے دعا کی۔ اسی حال میں اُسے نیند آ گئی۔ خواب میں دیکھتی ہیں کہ ایک شخص کہہ رہا ہے کہ تسلی رکھو ہمیں ان سے بڑے بڑے کام لینے ہیں جن میں سے ابھی ہزارواں حصہ (ہزار میں سے ایک) بھی ظہور میں نہیں آیا۔ چنانچہ آپ جلدی تندرست ہو گئے اور اس معاملہ کے تھوڑی مدت بعد حضرت خواجہ محمد باقی باللہ قدس سرہ، کی خدمت میں حاضر ہوئے۔

آپ کو حج بیت اللہ شریف اور زیارتِ روضہ مقدسہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا شوق مدت سے دامنگیر تھا مگر اپنے والد ماجد کی کبر سنی کے سبب سے اس ارادہ کو ملتوی رکھا ہوا تھا۔ آپ کے والد نے ۲۷ جمادی الآخر ۱۰۰۷ھ / ۱۵۹۸ء میں بعمر شریف اسّی سال وصال فرمایا تو اگلے سال ارادۂ حج سے روانہ ہوئے۔ راستے میں جب دہلی پہنچے تو مولانا حسن کشمیری نے جو آپ کے دوستوں میں سے تھے حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہٗ کی بہت تعریف کی اور اُن سے ملنے کی ترغیب دی۔ چونکہ آپ کو نسبتِ عالیہ نقشبندیہ کا شوق پہلے سے تھا لہٰذا آپ حضرت خواجہ قدس سرہ، کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ وہ مہینے سے پیش آئے اور آپ کا ارادہ و قصد دریافت کیا۔ آپ نے اپنا عزم ظاہر کیا۔ اگرچہ چند

---

[1] مبدا و معاد (معہ اردو ترجمہ از سید زوار حسین شاہ) مطبوعہ کراچی ۱۹۶۸ء ص ۹۶)۔

خواجہ قدس سرہٗ کا یہ شیوہ نہ تھا کہ کسی طالب کو بذاتِ خود اپنے آپ اخذِ طریقہ کا اشارہ کریں یا ایسے سفرِ مبارک سے روک کر اپنی خانقاہ میں سکونت کے لیے ارشاد فرمائیں مگر چونکہ اس شہباز بلند پرواز کی قابلیت واستعداد بلند پر نظرِ عالی تھی۔ اس لیے اپنی عادت مبارکہ سے تجاوز کر کے فرمایا کہ اگرچہ تم سفرِ مبارک کا ارادہ رکھتے ہو لیکن کچھ مدّت کم سے کم ایک ماہ یا ایک ہفتہ فقراء کی صحبت میں رہو تو کیا حرج ہے؟ حسب الارشاد آپ نے ایک ہفتہ کا قیام اختیار فرمایا لیکن ابھی دو روز بھی نہ گزرے تھے کہ حضرت خواجہ قدس سرہٗ کے کشف وتصرّف سے آپ پر اخذِ طریقہ نقشبندیہ کا شوق غالب ہوا۔ آپ نے حضرت خواجہ قدس سرہٗ سے عرض کیا۔ حضرت خواجہؒ نے فی الفور بغیر استخارہ کے داخل طریق کر لیا اور خلوت میں لے جا کر توجہ شروع کی۔ چنانچہ اسی وقت آپ کا دل ذاکر ہو گیا اور حلاوت والتذاذ پیدا ہوا اور روز بروز ترقیات وعروجات ظاہر ہونے لگے۔

ان ایام میں ایک روز حضرت خواجہ قدس سرہٗ نے آپ کے رُشد وارشاد اور بلند استعداد کو دیکھ کر آپ کو خلوت میں طلب کیا اور وہ وقائع بیان کئے جو اس سے چند سال پیشتر آپ کو علوِ حال وکمال کی نسبت معائنہ کئے تھے اُن میں سے ایک یہ تھا کہ آپ نے فرمایا کہ جب میرے مخدوم حضرت خواجہ محمد متقدیٰ امکنگی قدس سرہٗ نے مجھے حکم دیا کہ تم ہندوستان جاؤ تاکہ یہ سلسلہ شریفہ تمہارے ذریعے وہاں جاری ہو جائے تو میں نے اپنے آپ کو اس خدمت کے لائق نہ سمجھ کر عذر کیا۔ آپ نے استخارہ کے لیے فرمایا۔ میں نے استخارہ میں دیکھا کہ گویا ایک طوطی شاخ پر بیٹھا ہے۔ میں نے اپنے دل میں نیت کی کہ اگر وہ طوطی شاخ سے اُڑ کر میرے ہاتھ پر بیٹھ جائے تو میرے لیے اس سفر میں بہت سے فتوح ظاہر ہوں گے۔ اس خیال کا آنا تھا کہ طوطی اُڑ کر میرے ہاتھ پر آ بیٹھا۔ اور میں نے اپنا لعاب دہن اُس کے منہ میں ڈالا۔ اور اُس طوطی نے میرے لعاب میں شکر ڈالی۔ دوسرے روز میں نے یہ واقعہ حضرت خواجہ امکنگی قدس سرہٗ کی خدمت میں عرض کیا۔ آپ نے فرمایا کہ طوطی ہندوستان کا جانور ہے۔ ہندوستان میں تمہارے اس برکت سے ایک بزرگ کا ظہور ہوگا جس سے ایک جہان روشن ہو جائے گا اور

تم بھی اس سے بہرہ ور ہو گے۔

یہ واقعہ بیان کر کے حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہٗ نے آپ سے فرمایا کہ حضرت خواجہ امکنگی قدس سرہٗ کا اشارہ تمہاری طرف تھا۔

دوسرا واقعہ یہ ہے کہ جب میں حضرت خواجہ امکنگی قدس سرہٗ سے رخصت ہو کر ہندوستان میں آیا اور تمہارے شہر سرہند میں پہنچا تو خواب میں مجھے بتایا گیا کہ تم قطب کے پڑوس میں اترے ہو اور اُس قطب کے حلیہ سے بھی اطلاع بخشی گئی۔ صبح کو اٹھ کر میں شہر کے درویشوں اور گوشہ نشینوں کی ملاقات کے لیے گیا لیکن کسی کو اس حلیہ کے مطابق نہ پایا۔ اور نہ کسی میں قطبیت کے آثار نظر آئے۔ میں نے خیال کیا کہ شہر والوں میں کسی میں قطبیت کی قابلیت ہو گی کہ جس کا ظہور بعد میں ہو گا۔ مگر جس روز میں نے تم کو دیکھا تمہارا حلیہ اُس حلیہ کے مطابق پایا اور اُس قابلیت کا نشان بھی تم میں دیکھا گیا۔ میں خواب میں یہ بھی دیکھا تھا کہ میں نے ایک بڑا چراغ جلایا ہے جس کی روشنی ساعت بساعت بڑھتی جاتی ہے اور لوگوں نے اس چراغ سے بہت سے چراغ روشن کر لیے ہیں۔ میں جونپور شریف کے نواح میں پہنچا تو وہاں کے جنگل و صحرا کو مشعلوں سے پُر پایا۔ اس بات کو بھی میں تمہارے معاملہ کی طرف اشارہ سمجھا۔

حاصل کلام یہ کہ خدا تعالیٰ کی عنایت اور حضرتِ خواجہ محمد باقی باللہ قدس سرہٗ کی تربیت کی برکت سے جو کچھ آپ نے دو تین ماہ میں حاصل کیا وہ بیان میں نہیں آ سکتا۔ ایک طالب کی ترغیب کے لیے خود آپ نے اس کا ذکر بطریقِ اجمال اپنے مکتوبات شریف دفتر اوّل، مکتوب ۲۹۰) میں کیا ہے۔ جسے ہم بخوفِ طوالت یہاں نقل نہیں کرتے۔

حضرت خواجہ محمد باقی باللہ قدس سرہٗ نے کئی بار فرمایا کہ شیخ احمد مجدد الف ثانی قدس کی سرعتِ سیر کا سبب یہ ہے کہ وہ محبوب و مراد ہیں۔ ابھی آپ کو خواجہ قدس سرہٗ کی خ میں چند دن ہی گزرے تھے کہ حضرت خواجہ قدس سرہٗ نے اپنے ایک مخلص کو خط میں یوں

شیخ احمد نام ایک شخص سرہند کا رہنے والا کثیر العلم اور قوی العمل ہے۔ وہ چند روز فقیر کی صحبت میں رہا۔ اُس کے بہت سے عجیب حالات دیکھنے میں

آئے. وہ ایسا نظر آتا ہے کہ ایک چراغ ہو گا جس سے جہان کے جہان روشن ہوں گے. الحمد للہ، اُس کے احوال کاملہ میرے نزدیک یقینی ہیں. اس شیخ مشارٌ الیہ کے بھائی اور قریبی رشتہ دار سب نیک اور طبقہ علماء سے ہیں. اُنہیں جواہر عالیہ سمجھ کر میں نے کئی حضرات سے ملاقات کی ہے، عجیب لیاقت رکھتے ہیں. اس شیخ کے بیٹے جو ابھی بچے ہیں، اسرارِ الٰہی سے ہیں، حاصل کلام شجرۂ طیبہ ہیں. فقرائے باب الٰہی ہیں اور عجیب دل رکھتے ہیں. اللہ اُسے اچھی طرح نشو و نما دے "

غرض کہ حضرت خواجہ نے خدا کا شکر ادا کیا کہ اُس نے ایسا بلند استعداد مسترشد آپ کی خدمت میں بھیجا جو آپ کی نظرِ تربیت کی برکت سے تھوڑے ہی عرصہ میں درجۂ کمال و تکمیل کو پہنچ گیا. اور آپ کو اجازتِ کاملہ کا خلعت پہنا کر وطن مالوف یعنی سرہند کو روانہ کر دیا اور اپنے طالبوں کی ایک جماعت اُن کی خدمت میں متعین کر دی.

آپ وطن پہنچ کر حسب الارشاد طالبوں کی تربیت میں مشغول ہو گئے اور تھوڑی مدت میں ہی ایک بڑی جماعت کو فیوضات کے چشمہ سے شاداب کر دیا. اسی اثنا میں آپ کی بلند ہمت حاصل شدہ کمال کو قلیل خیال کر کے عروج کی خواہاں ہوئی. اور طالبوں کی تربیت سے کنارہ کشی کر کے عزلت کی طرف مائل ہوئی مگر اللہ تعالیٰ نے وہ مطلب جسے آپ عزلت میں حاصل کرنا چاہتے تھے محض اپنے کرم سے عطا فرمایا اور پھر طالبانِ خدا کی روحانی تربیت میں مشغول ہو گئے. چنانچہ آپ اپنے ایک مکتوب گرامی میں یوں تحریر فرماتے ہیں :-

"جب حضرت خواجہ (خواجہ باقی باللہ قدس سرہ) نے مجھے کامل مکمل سمجھ کر تعلیم طریقہ کی اجازت دے دی اور طالبوں کی ایک جماعت میرے سپرد کر دی. اُس وقت مجھے اپنے کمال و تکمیل میں کچھ تردد تھا. اس پر حضرت خواجہ رح نے فرمایا کہ یہ تردد کا محل نہیں کیونکہ مشائخ عظام نے ان مقامات کو کمال و تکمیل کا مقام بتایا ہے. اگر اس مقام میں کچھ تردد پیدا ہو جائے تو اُن مشائخ کی کمالیت میں شک لازم آئے گا. میں نے حسب الارشاد طریقت کا کام شروع کر دی اور طالبوں کے کام میں توجہات مبذول کیں. مریدوں میں بڑے

اثر محسوس ہوئے یہاں تک کہ سالوں کا کام گھڑیوں پر آگیا۔ کچھ مدت اس کام میں سرگرم رہا
آخر کار پھر اپنے ناقص ہونے کا علم پیدا ہوا اور ظاہر کیا گیا کہ تجلّی ذاتی برقی جس کو اکابر شا
نے نہایت بتایا ہے وہ اس راہ میں پیدا نہیں ہوئی۔ اور یہ بھی معلوم نہ ہوا کہ سیر الی اللہ
اور سیر فی اللہ کیا ہے لہذا اس قسم کے کمالات کا حاصل کرنا ضروری ہے۔ اس وقت
اپنے ناقص ہونے کا علم دلائل قاطعہ سے ثابت ہوگیا۔ طالبانِ خدا جو میرے گرد تھے
میں نے اُن کو جمع کر کے اپنے ناقص ہونے کا حال بیان کیا اور سب سے رخصت چا
مگر طالبوں نے اس بات کو تواضع پر محمول کیا اور استفاضہ سے باز نہ آئے۔ کچھ عرصہ کے
بعد حضرت حق سبحانہٗ نے احوال منتظرہ حاصل کرا دیئے بطفیل اپنے حبیب پاک
علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰت والتسلیمات۔ (مکتوبات شریف دفتر اوّل مکتوب ۲۹)

کچھ مدت کے بعد آپ پیر و مرشد حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہٗ کی زیارت
کے لیے پھر دہلی تشریف لے گئے اور دیر تک اُن کی صحبت میں رہ کر بہ نسبتِ سابق
درجات و معاملاتِ بلند حاصل کئے۔ مگر اس کے باوجود اپنے پیر و مرشد کا ادب و احترام
درجہ ملحوظ رکھتے تھے کہ اس سے زیادہ متصوّر نہیں۔ چنانچہ صاحبِ زبدۃ المقامات
ہیں کہ حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہٗ کے مقبولین میں سے ایک نے مجھ سے بیان کیا کہ
دنوں ہمارے خواجہ قدس سرہٗ اس خلیفۂ عالی درجات یعنی تمہارے شیخ میاں احمد
مجدّد) کی طرف نہایت التفات فرماتے تھے اور اُن کی تعظیم و توقیر میں مبالغہ کرتے
ایک روز کسی ضرورت کے لیے مجھے اُن کے بلانے کو بھیجا۔ جب میں نے حاضر خدم
کہ حضرت پیر دستگیر نے تمہیں بلایا ہے تو یہ سُنتے ہی آپ کے رُخسار کا رنگ ڈر کے
متغیر ہوگیا اور غایتِ خوف سے اضطراب بلکہ بدن میں رعشہ طاری ہوگیا۔ میں نے ا
دل میں کہا کہ سبحان اللہ! سنا کرتے تھے کہ ؎ نزدیکاں را بیش بود حیرانی۔ آج
دیکھ لیا۔

آپ اپنے رسالہ مبداؤ معاد میں یوں تحریر فرماتے ہیں کہ
"ہم چار شخص اپنے خواجہ قدس سرہٗ کی خدمت میں لوگوں کے نزدیک

تمام یاروں سے ممتاز تھے۔ حضرت خواجہ کی نسبت ہم میں سے ہر ایک کا اعتقاد علیحدہ اور معاملہ جدا تھا۔ یہ فقیر یقینی طور پر جانتا تھا کہ حضور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے کے بعد ایسی صحبت و اجتماع اور ایسی تربیت و ارشاد کبھی ظہور میں نہیں آیا۔ اور اس نعمت کا شکر بجا لاتا تھا کہ اگرچہ حضرت خیر البشر صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت کے شرف سے مشرف نہیں ہوا مگر اس صحبت کی سعادت سے محروم نہیں رہا۔ حضرت خواجہ اُن تینوں کا حال یوں بیان فرماتے تھے کہ فلاں مجھے صاحبِ تکمیل جانتا ہے لیکن صاحبِ ارشاد نہیں سمجھتا اور اُس کے نزدیک ارشاد کا مرتبہ تکمیل سے زیادہ ہے۔ اور فلاں ہم سے کچھ تعلق نہیں رکھتا۔ اور تیسرے کی نسبت فرمایا وہ ہمارا انکار کرتا ہے۔ ہم سے ہر ایک کو اعتقاد کے موافق حصہ ملا۔"

اس کے بعد جب آپ واپس سرہند آئے اور طالبوں کی تعداد میں اضافہ ہوتا گیا۔ آپ اپنے حالات اپنے یاروں اور پیر بھائیوں کی ترقیوں کا حال بذریعہ عرائض اپنے پیر و مرشد کی خدمت میں عرض کرتے رہے جیسا کہ مکتوبات شریف دفتر اوّل کے ابتدائی مکتوبات سے ظاہر ہے۔ اسی طرح حضرت خواجہ قدس سرہ، بھی اپنے اصحابِ موجودین کی ترقیات و قابلیات کا حال غائبانہ آپ سے دریافت کیا کرتے تھے اور کبھی عزیز متوقف کے عنوان سے اپنے واسطے بھی حصولِ مقصد کے لیے دُعا و توجہ کی درخواست کرتے تھے۔

جب تیسری بار حضرتِ شیخ، دہلی تشریف لے گئے تو حضرت خواجہ قدس سرہ، نے حد سے زیادہ آپ کا احترام و اکرام کیا چنانچہ آپ کے استقبال کے لیے قلعہ فیروز شاہ سے پیدل تشریف لائے اور کابلی دروازہ پر آپ کا استقبال کیا۔ پھر بڑے اعزاز کے ساتھ آپ کو ہمراہ لے گئے۔ اور اپنے سامنے آپ کو اپنے اصحاب کا سرِ حلقہ اور صبح و شام کے مراقبہ کا مقتدا بنایا۔ اور خود اس حلقہ میں اپنے مسترشدوں کی طرح داخل ہوتے۔ حلقہ یا اُس مجلس سے جس میں آپ ہوتے، اُٹھتے تو غایت ادب کی رعایت سے بطورِ قہقری اُلٹے پاؤں واپس ہوتے۔ اسی طرح تحریر میں بھی نہایت نیازمندی ظاہر کرتے اور اپنے اصحاب کو بھی تاکید کرتے تھے کہ آپ کی موجودگی میں ہماری تعظیم نہ کرو۔

بلکہ اپنی توجہ بھی ہماری طرف نہ رکھو۔ القصہ آپ نے اپنے تمام مریدوں کو آپ کے حوالہ اور مشیخت وارشاد کا معاملہ بالکلیہ اُن کے سپرد کر دیا۔ فرمایا کہ ضعفِ بدن کے آثار بہت زیادہ ظاہر ہو رہے ہیں، اب زندگی کی اُمید بہت کم ہے اور اپنے فرزندانِ گرامی خواجہ عبداللہ اور خواجہ عبیداللہ کو جو ابھی بچے تھے، طلب فرما کر اُن کے حق میں آپ سے توجہ کی خواہش فرمائی بلکہ اُن کی والدات (ماؤں) کو بھی غائبانہ توجہ کرائی۔ میر محمد نعمان کا بیان ہے کہ جب حضرت خواجہ قدس سرہ نے تمام اصحاب کو آپ کے حوالہ کر دیا تو اُس وقت مجھ سے بھی فرمایا کہ آپ کی صحبت کو سعادت سمجھ کر اُن کی خدمت میں رہا کرو۔ چونکہ پیر بھائی ہونے کی وجہ سے نفس میں رعونت متمکن تھی۔ میں نے حضرت خواجہ سے عرض کیا کہ وہ ہر چند بزرگ ہیں مگر میری توجہ کا قبلہ تو آپ کی درگاہ ہے۔ یہ سُن کر حضرت خواجہ قدس سرہ نے خفا ہو کر فرمایا

"میاں شیخ احمد ایسے آفتاب ہیں کہ ہم جیسے ہزاروں ستارے اُن کے ضمن میں گم ہیں۔ کامل اولیائے متقدمین میں سے حال حال اُن کی مثل ہوئے ہوں گے" (زبدۃ المقامات)

اس کے بعد میں درست اعتقاد اور پوری نیاز مندی سے آپ کی خدمت میں ایک روز آپ اپنے حجرے میں چارپائی پر سوئے ہوئے تھے کہ ناگاہ حضرت خواجہ قدس سرہ آپ کی ملاقات کے لیے حجرے کے دروازے پر پہنچے۔ خادم نے آپ کو جگانا چاہا۔ لیکن حضرت خواجہ نے سختی سے منع کر دیا اور بڑی نیاز مندی اور ادب و احترام سے دروازے کے باہر انتظار کیا۔ ایک لمحہ گزرا ہوگا کہ آپ نے بیدار ہو کر آواز دی کہ دروازے پر باہر کون ہے؟ حضرت خواجہ نے نہایت ادب سے کہا کہ "فقیر محمد باقی" ہے۔ یہ سُن کر حالتِ اضطراب میں چارپائی سے اُتر کر باہر آئے اور نہایت مندی و انکساری سے حضرت خواجہ کی خدمت میں بیٹھ گئے۔ غرضیکہ وہ صحبت و معاملہ جو، ان دو (پیر و مرید) کے درمیان ظہور میں آیا ہے، موجبِ حیرت اور عجائب روزگار سے ہے۔ کسی نے دیکھا تو کجا ایسا سُنا بھی نہ ہوگا۔

حضرت خواجہ قدس سرہ نے جو کلماتِ مدحیہ آپ کی شان میں فرمائے ہیں

میں نہیں آسکتے۔ایک روز فرمایا کہ" آپ کامل مردوں اور محبوبوں میں سے ہیں"۔ دوسرے موقعہ پر فرمایا کہ" آج آسمان کے نیچے صوفیۂ کرام میں سے کوئی آپ جیسا نہیں"۔ ایک دفعہ فرمایا کہ" صحابہ اور کامل تابعین و مجتہدین کے بعد اخص الخواص میں سے گنتی کے چند آپ جیسے نظر آتے ہیں۔ حضرت خواجہ ہی کا ارشاد ہے کہ ان تین چار سالوں میں ہم نے مشیخیت نہیں کی بلکہ چند روز کھیل کھیلا ہے سو الحمد للہ والمنۃ کہ ہمارا یہ کھیل اور یہ دکانداری رائیگاں نہیں گئی کہ جس سے ایسا شخص ظاہر ہوگیا۔ خود آپ کی زبانی سنا گیا کہ" طالبوں کی تربیت میں حضرت خواجہ قدس سرہٗ کی سرگرمی اُس وقت تک تھی جبکہ میرا معاملہ انتہا کو نہ پہنچا تھا۔ جب میرے کام سے فارغ ہوگئے تو دیکھا گیا کہ آپ نے اپنے تئیں (اپنے آپکو) مشیخیت کے کام سے ہٹالیا اور طالبوں کو میرے حوالہ کردیا اور فرمایا کہ

"ہم اس بیج کو بخارا اور سمرقند سے لائے اور ہند کی برکت والی زمین میں بو دیا"

حضرت خواجہ قدس سرہٗ نے یہ بھی فرمایا ہے کہ شیخ احمد (حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہٗ) کی صحبت کے اثر سے اخیر میں معلوم ہوا کہ توحید تنگ کوچہ ہے اور اس سے اُوپر وسیع راہ ہے۔

تیسری دفعہ جب آپ واپس وطن تشریف لائے تو اس کے بعد حضرت خواجہ سے آپ کی ملاقات نہیں ہوئی۔ سرہند میں آپ نے چند روز قیام فرماکر لاہور تشریف لے گئے۔ وہاں کے اماعزوا کابر نے آپ کی تشریف آوری کو غنیمت سمجھا اور خواص و عوام بہت سے لوگ داخلِ طریقہ ہوئے اور بڑی سرگرمی اور اہتمام سے ہر جگہ شغل و تلقین ہونے لگا۔

قیام لاہور کے دوران میں ایک روز مولانا جمال تلوی رحمۃ اللہ علیہ نے آپ سے سوال کیا کہ آپ جامع علومِ ظاہری و باطنی ہیں۔ مسئلہ وحدت وجود جو ظاہر شرع سے کامل موافقت نہیں رکھتا اور بہت سے اولیائے کامل کا مشرب ہے اس کے بارے میں آپ کیا ارشاد فرماتے ہیں؟ اِس پر آپ نے مولانا کے کان میں چند جملے کہے جن کو

سُن کر مولانا کی آنکھوں سے آنسوں ٹپک پڑے اور ارباب حال کی طرح ان کے چہرے پر تغیر پیدا ہوگیا۔ اور مولانا آپ کے زانو پر ہاتھ لگا کر اسی حالت میں بانکسار تمام رخصت ہوئے اور کسی کو معلوم نہ ہو سکا کہ آپ نے کیا ارشاد فرمایا اور مولانا نے کیا سُنا۔ ؎

ندانم چہ گفتی چہ انگیختی کہ گفتی واز دیدہ خوں ریختی

آپ کے اصحاب میں ایک نے صاحب نزہۃ المقامات سے بیان کیا کہ آپ نے فرمایا کہ اوائل میں جب نسبت احاطہ و سُریان و معیت کا غلبہ تھا، ایک روز کسی نے میرے سامنے قلم پر قط لگایا تو میری انگلی کٹ گئی۔

القصہ جب لاہور میں ارباب فضل و کمال کے ساتھ صحبت گرم تھی تو ناگاہ حضرت خواجہ محمد باقی باللہ قدس سرہٗ کے وصال کی خبر پہنچی۔ آپ بحالت اضطراب، رنج و غم کی تصویر بنکر دہلی کو روانہ ہوئے اور وہاں پہنچ کر روضۂ مقدس کی زیارت کی۔ صاحبزادگان اور پیر بھائیوں سے اظہار تعزیت کیا۔ حضرت خواجہ قدس سرہٗ آپ کے حلقہ میں حسب سابق حاضر ہوئے حسب وصیت پیر و مرشد آپ بھی اُن کی طرف صدق دل سے متوجہ ہوتے۔ آپ کی توجہات سے وہی باطنی طراوت و تازگی نظر آنے لگی جو حضرت خواجہ کی حیات ظاہری میں تھی۔ مگر بعض اصحاب نے ازراہ حسد آپ کی مخالفت شروع کی۔ آپ نے اُن کے شکوک و شبہات کو رفع دفع کرنے کے لیے بہت نصیحت کی مگر سود مند نہ ہوئی۔ اس پر آپ نے بعضوں کی نسبتیں بھی سلب فرمائیں مگر وہ راہ راست پر نہ آئے بلکہ سب جمع ہوکر حضرت خواجہ قدس سرہٗ کے روضہ پر اور توجہ و التجا بجا لائے۔ اُن میں سے ایک صاحب کشف بھی تھے۔ انہوں نے دیکھا ان درویشوں میں ہر ایک نے چراغ جلایا ہے، ایک چمکتی ہوئی بجلی آئی اس نے سب چراغوں کو گل کر دیا وہ چراغ ان درویشوں کی دُعا و توجہ تھی اور چمکتی بجلی آپ کی توجہ عالی تھی۔ اس کے باوجود انہوں نے آپ کی طرف رجوع نہ کیا اور آپ اپنے وطن مبارک سرہند شریف تشریف لے آئے۔ کچھ عرصہ کے بعد انہوں نے متنبہ ہوکر آپ سے معافی مانگی۔ آپ نے ازراہ کرم سب کو معاف فرما دیا۔ اس کے بعد آپ ہر سال ماہ جمادی الاول میں حضرت خواجہ قدس سرہٗ کے عُرس مبارک پر دہلی حاضر ہوتے اور چند روز وہاں

پھر کر سرہند شریف واپس تشریف لے آتے۔ دو تین مرتبہ آگرہ جانے کا بھی اتفاق ہوا۔ باقی تمام وقت سرہند شریف ہی میں قیام پذیر رہے۔ ہاں آخیر عمر میں کئی سال بادشاہِ وقت کی مزاحمت کے سبب سے شاہی لشکر کے ساتھ بعضے شہروں میں جانا پڑا جس کی تفصیل آگے آئے گی۔

آپ کے فضائل و مکاشفات بے حد و حساب ہیں، بخوف طوالت اختصار کے ساتھ چند ایک درج ذیل ہیں۔

(۱) علامہ جلال الدین سیوطی قدس سرہ نے "جمع الجوامع" میں یہ حدیث نقل کی ہے [1]

قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم یکون فی امتی رجل یقال له صلة یدخل الجنة بشفاعته کذا وکذا۔	حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت میں ایک شخص ہوگا جسے صلہ کہا جائے گا، اس کی شفاعت سے اتنے اتنے مسلمان بہشت میں داخل ہوں گے۔

یہ حدیث شریف گویا آپ کے وجود مسعود کی طرف اشارہ ہے اور آپ خود یوں فرماتے ہیں:

"میری پیدائش سے جو مقصود مجھے معلوم ہوا ہے وہ میرے علم کے مطابق پورا ہو گیا ہے اور ہزار سالہ تجدید کی دعا مقبول ہو گئی ہے۔ تمام تعریفیں ہر حال میں اُس پاک ذات کے لیے ہیں جس نے مجھے دو سمندروں کے درمیان رابطہ (صلہ) اور دونوں گروہوں کے درمیان صلح کرانے والا بنایا۔ اور درود و سلام ہو حضرت خیر الانام صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے برادرانِ کرام انبیاء و ملائکۂ عظام پر۔" (مکتوب شریف دفتر دوم مکتوب ۶)

آپ کے اس ارشاد مبارک میں دو سمندروں سے مراد شریعت و طریقت اور دو گروہوں سے مراد علماء و صوفیہ کرام ہیں۔ واللہ اعلم بالصواب۔

صاحبِ حضرات القدس نے لکھا ہے کہ میں نے مقامات

---

[1] حافظ ابن حجر عسقلانی نے اصابہ میں صلہ بن اشیم کے ترجمہ میں یوں لکھا ہے۔ روی ابو نعیم فی [illegible] من طریق ابن المبارک عن عبد الرحمٰن بن یزید بن جابر قال بلغنا ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال یکون فی امتی رجل یقال له صلة یدخل الجنة بشفاعته کذا وکذا

شیخ الاسلام شیخ احمد جام قدس سرہ میں لکھا دیکھا ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ میرے سترہ آدمی میری مثل اور میرے ہم نام ظاہر ہونگے۔ اور اُن میں آخری شخص بعثت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے ہزار سال کے بعد ظاہر ہوگا اور وہ اُن میں سب سے بڑا بزرگ ہوگا۔ یہ پیش گوئی حضرت مجدد قدس سرہٗ پر صادق آتی ہے۔

(۳) آپ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی طینت (خمیرِ جسم اطہر) کے بقیہ سے پیدا ہوئے تھے۔ چنانچہ اس امر کی طرف آپ خود یوں اشارہ فرماتے ہیں :۔

"سُنیے، سُنیے! اگرچہ اس دولتِ خاصہ محمدی (یعنی حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خلقت کا ظہور نفس اسم الٰہی ہونا) میں کسی دوسرے کو شرکت نہیں، مگر فقیر اس قدر معلوم کرتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اس دولت خاصہ سے آپ کی تخلیق و تکمیل کے بعد بقیہ رہ گیا تھا۔ کیونکہ سخیوں کی ضیافت کی دولت کے خوان میں زیادتیاں ضرور ہوا کرتی ہیں جو بصورت اکش نوکروں کے نصیب ہوتی ہیں وہ بقیہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اُمت کے دولت مندوں میں سے ایک کو اکش عطا کیا گیا ہے۔ اور اس کو خمیر مایہ بنا کر اس اُمتی کی طینت میں گوندھا گیا ہے اور اُسے تبعیت و وراثت کے طور پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی دولتِ خاصہ میں شریک کیا گیا ہے۔ ؏

باکرمیاں کارہا دشوار نیست

یہ بقیہ حضرت آدم علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی طینت کے بقیہ کی مانند ہے۔ جو درخت خرما کی خلقت کے نصیب ہوگیا۔ چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

اکرموا عمتکم النخلۃ فانہا خلقت من طینۃ آدم۔	تم اپنی پھوپھی کھجور کی عزت کرو کیونکہ وہ حضرت آدمؑ کی طینت سے پیدا کی گئی ہے۔

ہاں سخیوں کے پیالہ میں سے زمین کو حصہ ملا کرتا ہے ؎

نے نے ترا ز تربت یثرب گرفتہ اند　　پنہاں ز شام و روم بہ سرہند ہشتہ اند

حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ ممکن ہے کہ بعض اولیا بعض پیغمبروں کی طینت کے بقیہ سے پیدا ہوئے ہوں اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ کی طینت کے بقیہ سے بھی پیدا ہوئے ہوں۔ اس کے بعد بعنوان سوال لکھتے ہیں

اکثر چیزیں ایسی ہیں جو انسان کی عقل سے ثابت نہیں ہوتیں مگر شریعت سے ثابت ہوتی ہیں یا کشف والہام سے مثلاً نفسِ ولایت جس سے مراد قربِ الٰہی ہے۔ امام محی السنہ بغوی رحمۃ اللہ علیہ نے تفسیر معالم التنزیل میں آیہ کریمہ مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى ۔ کی تفسیر میں عطائے خراسانی کا یہ قول ذکر کیا ہے کہ نطفہ جو رحم میں قرار پکڑتا ہے فرشتہ کچھ خاک اُس مکان سے لاتا ہے جس میں وہ دفن کیا جائے گا اور اُس نطفہ میں ڈال دیتا ہے۔ پس آدمی خاک و نطفہ سے پیدا ہوتا ہے اور خطیب بغدادی نے بروایت حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ ذکر کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

مامن مولود الا فی سرتہ التربۃ التی بولا منہا فاذا مر دانی ارذل عمرہ رذالی تربتہ الی خلق منہا ودفن فیہا وانی وابابکر وعمر خلقنا من تربۃ واحدۃ وفیہا ندفن	نہیں کوئی مولود مگر یہ کہ اُس کی ناف میں وہ خاک ہے کہ جس سے پیدا ہوتا ہے۔ پس جب وہ ارذل عمر یعنی موت کے وقت پہنچتا ہے تو اُسی خاک میں لوٹایا جاتا ہے کہ جس سے پیدا ہوا تھا اور اُسی میں دفن ہوتا ہے اور تحقیق میں اور ابوبکرؓ اور عمرؓ ایک خاک سے پیدا ہوئے ہیں اور اسی میں دفن ہوں گے۔

مرزا محمد بدخشانی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے کہ اس حدیث مبارکہ کے شواہد ہیں بروایت ابن عمر و ابن عباس، ابوسعید و ابوہریرہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہم) جو ایک دوسرے کو قوت دیتے ہیں۔ شرح صحیح بخاری میں کتاب الجنائز میں ابن سیرین کا یہ قول مذکور ہے کہ اگر میں قسم کھاؤں تو سچا ہوں اور مجھے شک نہیں کہ اس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور ابوبکرؓ اور عمرؓ ایک خاک سے پیدا ہوئے ہیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عبداللہ بن جعفرؓ سے فرمایا کہ تو میری خاک سے پیدا ہوا ہے اور تیرا باپ فرشتوں کے ساتھ آسمان میں پرواز کرتا ہے اور جائز ہے کہ وہ خاک جو اللہ تعالیٰ نے کسی پیغمبر کے لیے مہیا کی ہو اور آغازِ پیدائش سے اس کی زمین کو

انوارِ برکات و نزولِ رحمت سے پرورش کیا ہو اُس میں سے کچھ بقیہ رہ جائے جو اولیاء اللہ میں سے کسی شخص کا خمیر مایہ بنے۔ یہ امر از روئے عقل محال نہیں اور شرع سے مستفاد اور کشف سے ثابت ہے اور اس کو اصطلاح میں اصالت کہتے ہیں۔

(۴) آپ، مجدد الف ثانی تھے یعنی سنہ ہجرت کے حساب سے دوسرے ہزار سال کے مجدد تھے۔ چنانچہ آپ میر محمد نعمان، کو یوں لکھتے ہیں:۔

"عین الیقین اور حق الیقین کی نسبت کیا کہوں۔ اگر کہوں تو کون سمجھے گا۔ یہ معارفِ ولایت کے احاطہ سے خارج ہیں۔ اربابِ ولایت مثل علمائے ظواہر کے اُن کے سمجھنے میں عاجز ہیں اور اس کی دریافت میں قاصر ہیں۔ یہ علوم انوارِ نبوت کی مشکوٰۃ (فانوس) سے اقتباس کئے گئے ہیں۔ (ارباب نبوت پر درود و سلام و تحیہ ہو) جو الف ثانی (دوسرے ہزار) کی تجدید کے بعد تبعیت اور وراثت سے تازہ ہوتے ہیں اور تر و تازگی کے ساتھ ظہور میں آئے ہیں۔ ان علوم و معارف کا صاحب اس موجودہ الف کا مجدد ہے۔ چنانچہ جو لوگ اُس کے اُن علوم و معارف کو دیکھتے ہیں جو ذات و صفات و افعال اور احوال و مواجید و تجلیات و ظہورات کے متعلق ہیں، اُن پر یہ امر پوشیدہ نہیں اور وہ جانتے ہیں کہ یہ علوم و معارف، علماء کے علوم اور اولیاء کے معارف سے پرے کے ہیں بلکہ علماء و اولیاء کے علوم ان علوم کی نسبت پوست ہیں اور یہ معارف اُس پوست کا مغز ہیں۔ اللہ پاک ہادی ہے اور معلوم رہے کہ ہر صدی کے سر پر ایک مجدد گزرا ہے، لیکن صدی کا مجدد اور ہے الف (ہزار) کا مجدد اور۔ سو اور ہزار میں جتنا فرق ہے اتنا ہی بلکہ اُس سے بھی زیادہ اُن کے مجددوں میں فرق ہے۔ مجدد وہ ہوتا ہے کہ اُس مدت میں جو فیوض اُمتیوں کو پہنچتے ہیں خواہ وہ اس وقت کے اقطاب و اوتاد اور بدلا و نجبا ہوں۔ اُسی کی وساطت سے پہنچتے ہیں۔ ؎

خاص کند بندہ مصلحتِ عام را ‖ خدا مصلحتِ عامہ کے لیے کسی بندے کو مخصوص کر دیتا ہے"

(مکتوبات امام ربانی مجدد الف ثانی، دفتر دوم مکتوب ۴۰)

ایک اور مکتوب میں جو آپ نے اپنے بڑے صاحبزادے خواجہ محمد صادق کے نام لکھا ہے اپنی تجدید کی طرف یوں اشارہ کیا ہے۔

"اے فرزند! اب وہ وقت ہے کہ پہلی اُمتوں میں ایسے وقت میں جو تاریکی سے پُر ہے۔ اولوالعزم پیغمبر مبعوث ہوا کرتا تھا اور وہ نئی شریعت کو زندہ کیا کرتا تھا۔ اس امت میں جو خیرالامم ہے اور جس کے پیغمبر خاتم الرسل ہیں علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والتسلیمات علماء کو بنی اسرائیل کے پیغمبروں کا مرتبہ دیا گیا ہے اور انبیاء کے وجود سے صرف علماء کے وجود پر اکتفا کیا گیا ہے۔ اس لیے ہر صدی کے سر سے (آخر) پر اس اُمت کے علماء میں سے ایک مجدد متعین ہوتا ہے جو شریعت کو زندہ کرتا ہے بالخصوص ہزار سال گزرنے کے بعد جو پہلی اُمتوں میں اولوالعزم پیغمبر کے مبعوث ہونے کا وقت تھا اور اس وقت ہر پیغمبر پر اکتفا نہ کیا جاتا تھا۔ ایسے وقت میں ایک عالم عارف تام المعرفت درکار ہے جو پہلی امتوں کے اولوالعزم پیغمبر کا قائم مقام ہو۔ ؎

فیضِ روح القدس ار باز مدد فرماید | اگر روح القدس کا فیض پھر مدد فرمائے
دیگراں ہم بکنند آنچہ مسیحا مے کرد | تو دوسرے بھی وہ کرد دکھائیں جو حضرت مسیح کیا کرتے تھے

حضرت میر محمد نعمان کو ایک مکتوب میں یوں لکھتے ہیں:۔

"اس اُمت کی آخریت کا آغاز جناب سرورِ کائنات علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام کی وفات شریف سے دوسرے ہزار سال کے شروع سے ہے کیونکہ ہزار کے گزرنے کو تغیرِ امور میں بڑی خاصیت اور تبدیل اشیاء میں زبردست تاثیر ہے۔ چونکہ اس اُمت میں نسخ وتبدیل نہیں اس لیے سابقین کی نسبت اُسی تروتازگی سے متاخرین میں جلوہ گر ہوئی ہے۔ اور شریعت کی تائید اور ملت کی تجدید دوسرے ہزار میں کی گئی ہے۔ اس بات کے سچے گواہ حضرت عیسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام اور حضرت مہدی علیہ الرضوان ہیں۔ ؎

فیضِ روح القدس ار باز مدد فرماید — دیگراں ہم بکنند آنچہ مسیحا مے کرد

بھائی جان! یہ بات آج اکثر لوگوں پہ ناگوار اور اُن کی سمجھ سے دُور ہے لیکن اگر وہ انصاف سے کام لیں، اور ایک دوسرے کے علوم و معارف کا مقابلہ کریں۔ اور احوال کے صحت و سقم کو علوم شرعیہ کی کسوٹی سے پرکھیں اور دیکھیں کہ شریعت اور نبوّت کی تعظیم و توقیر کس میں زیادہ ہے تو شاید اس بات کو سمجھنے سے باز آجائیں۔ آپ نے دیکھا ہوگا کہ فقیر نے اپنی کتابوں اور رسالوں میں لکھا ہے کہ کمالاتِ ولایت کو کمالاتِ نبوّت سے کوئی نسبت نہیں۔ کاش دریائے مُحیط سے ایک قطرہ کی نسبت رکھیں۔ اس طرح کی باتیں بہت لکھی ہیں، خصوصاً اُس مکتوب (دفتر اوّل مکتوب ۲۶۰) میں جو میں نے اپنے فرزند محمد صادق کے نام لکھا ہے وہاں ملاحظہ فرمائیں۔ اس گفتگو سے مقصود حضرتِ حق سبحانہ، کی نعمت کا اظہار اور اس طریقت کے طالبوں کی ترغیب ہے نہ کہ دوسروں پہ اپنے آپ کو فضیلت دینا۔ خدا جل و علا کی معرفت اُس شخص پہ حرام ہے جو اپنے تئیں کافر فرنگ سے بہتر سمجھے چہ جائیکہ اکابر دین سے اپنے تئیں اچھا سمجھے۔ ؎

وے چوں شہِ مرا بر داشت از خاک — سزد گر بگذرانم سر زا فلاک
من آں خاکم کہ ابرِ نو بہاری — کند از لطف بر من قطرہ باری
اگر بر روید از تن صد زبانم — چو سوسن شکرِ لطفش کے توانم"۔

(مکتوبات شریف، دفتر اوّل مکتوب ۲۶۱)

طبقۂ علماء میں سے مولانا عبدالحکیم سیالکوٹی قدس سرہ، جن کا تبحرِ علمی مشہور ہے، پہلے عالم ہیں جنہوں نے آپ کو "مجدّد الف ثانی" لکھا اور تجدید الف کے اثبات میں ایک رسالہ دلائل التجدید تصنیف فرمایا۔ واضح رہے ۱۰ ربیع الاوّل سنہ ۱۰۱۰ھ / ۱۶۰۱ء بروز جمعۃ المبارک آپ کو تجدید کا خلعت زیب تن ہوا۔

(۵) آپ کو اللہ تعالیٰ نے منصبِ قیومیّت عطا فرمایا چنانچہ روضۃ القیومیہ میں ہے کہ ایک روز آپ نمازِ ظہر کے بعد مراقبہ میں بیٹھے تھے۔ ناگاہ آپ نے اپنے اوپر ایک خلعتِ عالی نورانی پایا۔ ایسا معلوم ہوا کہ یہ خلعت تمام ممکنات کی قیومیّت کا ہے جو بوراثتِ تبعیّتِ ختم الرسل صلی اللہ علیہ وسلم عطا ہوا ہے۔

اتنے میں حضور سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور اپنے دست مبارک سے آپ کے سر پر دستار باندھی اور منصب قیومیت کی مبارک باد دی۔ قیومیت کی کیفیت حضرت کے مکتوبات (دفتر ثالث، مکتوب ۷۹، ۸۰) میں درج ہے۔ باعث طوالت یہاں نقل نہیں کی گئی۔ واضح رہے کہ ۲۷ رمضان المبارک ۱۰۱۰ھ/۱۶۰۲ء بروز پیر آپ کو خلعت قیومیت عطا ہوا۔

(۶) قیومیت کے دوسرے سال شاہ سکندر قادری قدس سرہ، جو شاہ کمال کیتھلی رحمۃ اللہ علیہ کے پوتے اور خلیفہ تھے، کیتھلی شریف سے آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور خرقہ حضرت غوث الاعظم رحمۃ اللہ علیہ جو اُن کے سلسلہ میں بطور امانت چلا آتا تھا آپ کے کندھے پر رکھ دیا۔ آپ اس وقت یاروں کے ساتھ مراقبہ میں تھے۔ جب آپ نے آنکھ کھولی تو شاہ صاحب کو دیکھ کر تواضع سے معانقہ کیا۔ شاہ صاحب نے بیان کیا کہ مجھے معاملہ میں میرے دادا شاہ کمال نے حکم دیا کہ میرا خرقہ فلاں یعنی آپ کو پہنچا دو۔ اگرچہ ایسے متبرک خرقہ کو گھر سے نکال کر کسی کو دینا میرے لیے مشکل تھا لیکن جب مجھے تاکیدی حکم ملا تو ناچار میں نے تعمیل کی۔ آپ اُس خرقہ کو پہن کر حرم سرا میں تشریف لے گئے۔ کچھ دیر کے بعد جو نکلے تو اپنے بعض محرمانِ اسرار سے کہا کہ اس خرقہ کے پہننے کے بعد عجیب معاملہ پیش آیا۔ جب میں نے اسے پہنا تو حضرت شیخ الجن والانس سید عبدالقادر جیلانی اور ان کے تمام خلفاء حضرت شیخ کمال تک آ پہنچے۔ حضرت غوث ربانی نے میرے دل کو اپنے تصرف میں کر لیا اور خاص نسبتوں کے انوار و اسرار سے منور کر دیا۔ ان انوار کے غلبہ میں میرے دل میں یہ بات آئی کہ تو اکابر نقشبندیہ کا تربیت یافتہ ہے اور اب یہ صورت پیش آئی ہے۔ اس خیال کا آنا تھا کہ مشائخ سلسلہ نقشبندیہ خواجہ عبدالخالق غجدوانی سے لے کر خواجہ محمد باقی باللہ قدس سرہ تک تشریف فرما ہو گئے اور مشائخ ہر دو سلسلہ کے درمیان میری نسبت مباحثہ ہوا۔ اکابر نقشبندیہ نے کہا کہ یہ ہمارا تربیت یافتہ ہے اور ہماری تربیت سے ذوقِ وصال و کمال کو پہنچا ہے۔ اکابر قادریہ نے

کہاکہ بچپن سے ہماری نظر اس پر ہے اور ہمارے خوانِ نعمت سے بہرہ ور ہے اور اب بھی ہمارا خرقہ پہنے ہوئے ہے۔ دونوں فریق اسی مباحثہ میں تھے کہ مشائخ کبرویہ وچشتیہ رحمہم اللہ تعالیٰ کی ایک جماعت نے دونوں میں صلح کرادی یعنی تمام اکابر نے آپ کو اپنا مقبول بنانے میں اتفاق کیا اور ہر ایک نے اپنی نسبت سے سرفراز فرمایا۔

۷) آپ کو اللہ تعالیٰ نے علماء راسخین سے بنایا اور آپ پر اسرارِ متشابہاتِ قرآنی اور رموزِ مقطعاتِ فرقانی ظاہر فرمائے۔ چنانچہ آپ حضرت شیخ بدیع الدین قدس سرہٗ کو یوں تحریر فرماتے ہیں۔

"بھائی جان! حضرت حق سبحانہ تعالیٰ نے اپنی کتاب کو دو قسم بنایا، محکمات ومتشابہات پہلی قسم ماخذ ہے علمِ شرائع واحکام کا۔ اور دوسری قسم مخزن ہے حقائق واسرار کا۔ الفاظ ید[1]، وجہ[2]، قدم[3]، ساق[4]، اصابع[5] اور انامل[6] جو قرآن وحدیث میں آئے ہیں وہ بھی قسمِ متشابہات سے ہیں۔ اسی طرح حروفِ مقطعات جو قرآن کی سورتوں کے شروع میں آئے ہیں وہ بھی قسمِ متشابہات سے ہیں کہ جن کی تاویل پر علمائے راسخین کے سوا کسی کو آگاہی نہیں دی گئی۔ آپ یہ خیال نہ کریں کہ تاویل سے مراد قدرت سے جو لفظ ید سے تعبیر کی گئی ہے یا ذات ہے جو لفظ وجہ سے تعبیر ہوئی ہے۔ بلکہ اُن کی تاویل پوشیدہ اسرار سے ہے جو اخص الخواص کو بتائی گئی ہے۔ حروفِ مقطعاتِ قرآنی کی بابت کیا لکھوں کہ ان میں سے ہر ایک حرف عاشق و معشوق کے پوشیدہ اسرار کا ایک موج زن سمندر ہے اور محب ومحبوب کی باریک رمزوں میں سے ایک پوشیدہ رمز ہے۔ محکمات اگرچہ قرآن کے اصول ہیں لیکن اُن کے نتائج وثمرات جو متشابہات ہیں کتاب کے مقاصد سے ہیں (یہاں تک کہ فرمایا) مدتوں تک یہ فقیر متشابہات کی تاویل کو حوالہ بعلم حضرت حق سبحانہ، کرتا رہا۔ اور متشابہات پر ایمان کے سوا علمائے راسخین کا حصہ نہ سمجھتا تھا اور جو تاویلیں کہ علمائے صوفیہ نے بیان کی ہیں اُن کے اُن متشابہات کی شان کے لائق نہ جانتا تھا اور ان تاویلوں کو اُن کے اسرار سے تصور نہ کرتا تھا جو پوشیدگی کے

قابل ہوں چنانچہ عین القضاۃ نے بعض متشابہات مثلاً الٓمٓ کی تاویل میں کہا ہے کہ اس سے مراد الم درد ہے جو عشق و محبت کو لازم ہے اور اسی کی کئی اور تاویلیں بتائی ہیں۔ آخر کار جب حضرت حق سبحانہ، وتعالیٰ نے محض اپنے فضل و کرم سے متشابہات کی تاویلات کا شمہ اس فقیر پر ظاہر کیا اور اس دریائے محیط سے ایک نہر اس مسکین کی استعداد کی زمین میں نکال دی تو معلوم ہوا کہ متشابہات کی تاویلات سے علمائے راسخین کو بھی حظِ وافر حاصل ہے۔"

(مکتوبات شریف دفتر اوّل مکتوب ۲۷۶)

(۸) آپ محدّث (بفتح دال) تھے چنانچہ آپ خواجہ محمد صدیق کو تحریر فرماتے ہیں:۔

"بھائی صدیق! جان لے کہ اللہ سبحانہ، کا کلام انسان کے ساتھ کبھی روبرو ہوتا ہے اور اس طرح کا کلام آحاد (احد بمعنی ایک کی جمع۔ اعداد کے چاروں درجوں میں سے پہلا درجہ یعنی ایک سے نو تک کے اعداد) (تصوری) انبیاء علیہم الصلوٰۃ والتسلیمات کے لیے ہے اور ایسا کلام آحاد انبیاء کے کامل تابعین کے لیے بھی بطور تبعیت و وراثت ہوتا ہے۔ جب اس قسم کا کلام کامل تابعین میں سے کسی شخص کے ساتھ کثرت سے ہوتا ہے تو اُس کو محدّث کہتے ہیں۔ جیسا کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھے اور اس قسم کا کلام جُدا ہے الہام سے القاء قلبی سے اور اُس کلام سے جو فرشتہ کے ساتھ ہوتا ہے، اُس کلام کے ساتھ انسان کامل ہی طے امر و خلق و روح و نفس و عقل و خیال کے مخاطب کیا جاتا ہے اللہ اپنی رحمت کے ساتھ خاص کرتا ہے جسے چاہتا ہے۔ اور اللہ بڑے فضل والا ہے، تکلّم بالمشافہ سے لازم نہیں آتا کہ متکلّم سامع کو دکھائی دے۔ کیونکہ جائز ہے کہ سامع کمزور بینائی والا ہو جو متکلّم کے انوار کی چمک کو برداشت نہ کر سکتا ہو جیسا کہ جب آنحضرت علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والتسلیمات سے شبِ معراج میں رؤیتِ باری تعالیٰ کی نسبت سوال کیا گیا تو آپ نے جواب دیا کہ وہ نُور ہے میں اُسے کیوں کر دیکھ سکتا ہوں۔ اور نیز تکلّم بالمشافہ میں اور حجابِ شہودی کا فرق ہے نہ کہ حجابِ وجودی کا۔ پس تو سمجھ لے کیونکہ یہ معرفت شریعت

وہ ہے کہ بہت کم کسی نے اِس کے ساتھ لب کشائی کی ہو۔ والسلام علیٰ من اتبع الہدیٰ۔
(مکتوبات، دفتر دوم مکتوب ۵۱)

صاحب زبدۃ المقامات لکھتے ہیں کہ وہ جو مخدوم زادہ خواجہ محمد معصوم نے اپنی بیاض خاص میں لکھا ہے کہ آپ کو اپنے جدِ مکرم سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وراثت سے محدث بنایا گیا ہے، اسی کی طرف اشارہ ہے۔

(۹) آپ بغور تبعیت زمرۂ سابقین سے تھے۔ چنانچہ آپ سید عبدالباقی سارنگپوری قدس سرہٗ کو یوں تحریر فرماتے ہیں:۔

"جان لے، خدا تجھے نیک راستے چلائے کہ بائیں ہاتھ والے ظلمانی پردوں والے ہیں اور دائیں ہاتھ والے نورانی پردوں والے۔ سابقین وہ ہیں جو ظلمانی پردوں اور نورانی پردوں سے نکل آئے ہیں اور ایک قدم بائیں ہاتھ پر اور دوسرا دائیں پر رکھ کر سبقت کی گیند اصل کے میدان میں لے گئے ہیں۔ اور ظلالِ امکان اور ظلالِ وجوبی سے اوپر چلے گئے ہیں۔ اور اسم وصفت سے اور شان واعتبار سے اُن کا مقصود سوائے ذاتِ خدا تعالیٰ وتقدس کے نہیں۔ بائیں ہاتھ والے کفر و بدبختی والے ہیں اور دائیں ہاتھ والے اہلِ اسلام وولایت ہیں۔ سابقین بطریقِ اصالتِ انبیاء ہیں۔ علیہم الصلوٰۃ والتسلیمات اور اُن کی تبعیت سے جن کو یہ شرف بخشا جائے یہ دولت بطریقِ تبعیت زیادہ تر انبیاء کے اکابر اصحاب میں ہے علیہم الصلوٰت والتسلیمات والتحیات اور بر سبیلِ قلت وندرت غیر اصحاب میں موجود ہے۔ حقیقت میں یہ شخص (یعنی غیر اصحاب جو اس دولت سے مشرف ہے) بھی زُمرۂ اصحاب سے ہے اور کمالاتِ انبیاء سے ملحق ہے۔ علیہم الصلوٰت والبرکات۔ شاید آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسے ہی شخص کے حق میں فرمایا ہے:۔

مثل امتی کمثل المطر لایدری اولہا خیر ام اٰخرہا (ترمذی شریف)	میری اُمت کا حال بارش کے حال کا سا معلوم نہیں اُس کا اوّل بہتر ہے یا آخر۔

وہ جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ خیر القرون قرنی، وہ باعتبارِ ق

فرمایا اور یہ باعتبار اشخاص کے۔ واللہ سبحانہ اعلم۔" (مکتوبات شریف، دفتر دوم، مکتوب ۲۹)

(۱۰) آپ کو اللہ تعالیٰ نے محض اپنے لطف سے خزینۂ رحمت بنایا۔ جیسا کہ مکتوبات شریف دفتر اوّل کے مکتوب ۳۱۱ سے ظاہر ہے۔

(۱۱) آپ پر اللہ تعالیٰ کے بے شمار انعامات تھے جیسا کہ آپ مبداء و معاد ص ۱۰۳ پر اظہارِ نعمت کے عنوان سے لکھتے ہیں:۔

واما بنعمة ربك فحدث۔ (پارہ ۳۰ سورہ الضحیٰ)	اور جو کچھ تیرے پروردگار کا (تجھ پر) انعام ہو اُسے بیان کر دیا کر۔

یہ فقیر اپنے دوستوں کے ساتھ ایک روز (تجدید کے بارہویں روز) حلقہ میں بیٹھا ہوا تھا اور اپنی کمزوریوں پر غور کر رہا تھا۔ یہ فکر اس حد تک غالب آ چکی تھی کہ اپنے آپ کو (درویشی کی) اس وضع میں بغیر کامل مناسبت کے محسوس کر رہا تھا کہ اسی اثناء میں بہ مصداق حدیث شریف۔

مَنْ تَوَاضَعَ لِلّٰهِ رَفَعَهُ اللّٰهُ۔	جو اللہ کے لیے انکساری کرتا ہے، خدا تعالیٰ اُسے اور بلند فرما دیتا ہے

(کارکنانِ قضا و قدر نے) اس دور اُفتادہ کو ذلت کی خاک سے اُٹھایا اور مزید بلند کر دیا، اور میرے باطن میں یہ ندا دی کہ

غَفَرْتُ لَكَ وَلِمَنْ تَوَسَّلَ بِكَ اِلَيَّ بِوَاسِطَةٍ اَوْ بِغَيْرِ وَاسِطَةٍ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ۔	میں نے تجھے بخش دیا اور قیامت تک پیدا ہونے والے ان تمام لوگوں کو بھی بخش دیا جو تیرے وسیلے سے مجھ تک پہنچیں، خواہ یہ وسیلہ بالواسطہ ہو یا بلاواسطہ

اور یہ بشارت بار بار دی گئی کہ کسی شک و شبہ کی گنجائش باقی نہ رہی۔ اور اس نعمت پر

والحمد لله سبحانه على ذلك حمدًا كثيرًا طيّبًا مباركًا فيه مباركًا عليه كما يحب ربنا ويرضىٰ والصلوٰة والسلام على	اللہ تعالیٰ کی بے شمار حمد و ثنا ہے۔ ایسی حمد و ثنا جو پاکیزہ ہو، جس میں برکت ہو اور جس کے اوپر بھی برکت ہو، جیسی کہ ہمارا پروردگار پسند فرمائے اور جس سے وہ راضی ہو اور درود و سلام ہو اس کے

رسولہ سیدنا محمد وآلہٖ کما یحبّ لی	رسول ہمارے آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی آل پر ایسا درود وسلام جو آپ کی شان کے شایاں ہو۔

اس کے بعد مجھے حکم دیا گیا کہ میں اس واقعہ کو ظاہر کر دوں۔ ؎

اگر پادشہ بر درِ پیر زن	گر آئے پادشہ بڑھیا کے در پہ
بیاید تو اے خواجہ سُبلت مکن	نہ کر تو عیب جوئی خواجہ اُس پہ
اِنَّ رَبَّکَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَۃِ	یقیناً تیرا رب بڑی وسیع مغفرت والا ہے۔ (سورہ النجم آیت ۳۲)

(۱۲) آپ کو بشارت دی گئی کہ تم مجتہدینِ علمِ کلام سے ہو۔ چنانچہ آپ تحریر فرماتے ہیں:۔
"اس فقیر کو توسط احوال میں حضرت پیغمبر علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰت والتسلیمات نے خواب میں فرمایا کہ "تو علمِ کلام کے مجتہدوں سے ہے"۔ اس وقت سے مسائل کلامیہ میں سے ہر مسئلہ میں اس فقیر کی خاص رائے اور مخصوص علم ہے وہ مسائل جن میں ماتریدیہ[1] واشاعرہ[2] اختلاف رکھتے ہیں، اُن میں سے اکثر میں سرسری نظر سے حقیقت اشاعرہ کی طرف سمجھ میں آتی ہے مگر جب نورِ فراست سے باریک بینی کے ساتھ غور سے دیکھا جاتا ہے تو واضح ہو جاتا ہے کہ حق ماتریدیہ ہی کی طرف ہے۔ علمِ کلام کے تمام اختلافی مسائل میں اس فقیر

---

[1] شیخ ابو منصور محمد بن محمد بن محمود الحنفی المتکلم الماتریدی السمرقندی، فرقہ ماتریدیہ کے سربراہ تھے ماتریدی فرقہ سُنی راسخ العقیدہ مسلمانوں کا ایک گروہ تھا جو معتزلہ اور دیگر آزاد خیال فرقوں کے مقابلہ میں وجود میں آیا تھا۔ شیخ ابو منصورؒ، امام ابو الحسن الاشعری کے ہم عصر تھے بسنہ ۳۳۳ھ میں سمرقند میں وفات پائی۔ آپ سے فقہ حنفی کے لوگ زیادہ متاثر ہوئے (قصوری)

[2] امام ابو الحسن اشعریؒ، فرقہ اشاعرہ کے بانی اور علمِ کلام کے موجد تھے۔ سنہ ۲۷۰ھ بصرہ میں پیدا ہوئے۔ ۴۰ سال کی عمر تک آپ فرقہ معتزلہ کے سرگرم رکن رہے۔ بعد میں شافعی فقہ کی حدود میں رہ کر آپ نے عقلی مسائل کو فلسفیانہ انداز سے مستحکم کیا۔ تقریباً تین سو کتابیں لکھیں۔ آپ کے ماننے والوں میں بڑے بڑے امام پیدا ہوئے، مثلاً باقلانی ابن فورک، اسفرائنی، القشیری، جوینی اور امام غزالیؒ۔ سنہ ۳۲۴ھ میں بغداد میں آپ کا وصال ہوا۔ (قصوری)

رائے علمائے ماتریدیہ کی رائے کے موافق ہے" (مبداء و معاد)

(۱۴) آپ پر حضور سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کا غلبہ اس قدر تھا کہ ایک روز درویشوں کی جماعت میں فرمایا:۔

"محبت آنسرور بہ نہجے مستولی شُداست کہ حق سبحانہٗ وتعالیٰ را بواسطۂ آں دوست مے دارم کہ ربِ محمدؐ است (مبداء و معاد)

آنسرور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی محبت اس طرح غالب آگئی ہے کہ میں حق سبحانہ وتعالیٰ کو اس لیے دوست رکھتا ہوں کہ وہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کا رب ہے۔

(۱۴) اللہ تعالیٰ نے محض اپنے کرم سے آپ کی دنیا کو آخرت کر دیا تھا۔ حضرت خواجہ محمد معصوم قدس سرہٗ اس بشارت کی شرح میں یوں فرماتے ہیں:۔

ہمارے حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی قدس سرہٗ کو بشارت دی گئی کہ

"میں نے تیری دنیا کو آخرت کر دیا"۔

اس عبارتِ عالی کی شرح اور اس کا مکاشفہ غیبی کے حل میں چند سطریں لکھی جاتی ہیں، گوشِ ہوش سے سُنیئے۔ معلوم رہے کہ جو کچھ اس دُنیا میں نظر آتا ہے ظلمت کی آمیزش کے بغیر نہیں کیونکہ دُنیا ظلمت کی آمیزش کے بغیر اصل کے ظہور کی تاب نہیں رکھتی اور اصل کے ظہور کا مقام آخرت ہے۔ جب حضرت (مجدد) کی دُنیا آخرت کے حکم میں ہوگئی۔ تو ناچار آخرت کا موعود اس دنیا میں جلوہ گر ہوگیا اور ظلمت کی آمیزش کے بغیر اصل کا نصیب حاصل ہوگیا اور یہ بھی مراد ہو سکتی ہے کہ اس فانی دنیا کے بعض تمتعات (منافع) جو آخرت کے درجوں کی کمی کا باعث ہیں وہ حضرت کے حق میں ایسے نہ ہوں بلکہ درجات کی ترقی کا باعث ہوں جیسا کہ آخرت کی نعمت جس سے بہرہ ور ہونا ترقی کا باعث ہے۔ اس کا بیان یوں ہے کہ بہشت کے درخت، نہریں اور اسی طرح وہاں کی حُور و غلمان حضرت حق تعالیٰ کے معانی تنزیہی و تحمیدی (بے عیب، پاکیزگی اور تعریف و حمد) کے مظاہر ہیں۔ وہی معانی اس دنیا میں کلمات کی صورتوں اور حرفوں کے لباس میں ظاہر ہو گئے ہیں مثلاً سبحان اللہ اور الحمد للہ۔ جس طرح ان کلمات کا ورد اس دنیا میں ترقی کا باعث ہے اسی طرح بہشت میں ان میوہ جات

سے حظ اٹھانا اور ان لذتوں اور نعمتوں سے بہرہ ور ہونا درجات کے بلند ہونے اور مقامات کی ترقی کا باعث ہے۔ جب خدا تعالیٰ کے کرم سے حضرت شیخ کی دنیا آخرت ہو گئی تو ناچار دنیا کی نعمت سے لذت اٹھانا، آخرت کی لذتوں سے حظ اٹھانے کا مثل ٹھہرا۔" حضرت خواجہؒ نے اور احتمالات بھی بیان کئے ہیں۔

(ملاحظہ ہو مکتوباتِ معصومیہ جلد اوّل مکتوب ۱۸۹)

(۱۵) آپ کو اللہ تعالیٰ نے حضور سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی کمال متابعیت کے سبب اس مقام سے مشرف فرمایا جو مقام رضا سے اُوپر ہے اور جسے مقام ذات بحت تعبیر کرتے ہیں۔ اس کا ذکر مکتوبات شریف کی جلد ثانی کے مکتوب ۳۳ میں ہے۔ آپ مرضِ موت میں اس مقام کی توضیح و تصریح فرمائی۔ چنانچہ خواجہ محمد معصوم رحمہ اللہ یوں تحریر فرماتے ہیں۔

"حاصل کلام حضرت شیخ نے فرمایا کہ وصالِ لایزال کے داعی نے میرے باطن آواز دی کہ تجھے بادشاہ بلاتا ہے۔ میری ہمت کا بلند پرواز مُرغ آشیان قدس طرف متوجہ ہوا۔ یہاں تک کہ پہنچا جہاں پہنچا۔ اُس بارگاہِ عالی جاہ سے یہ آواز سُنی بادشاہ گھر میں نہیں۔ اس کے بعد معلوم ہوا کہ یہ حقیقت کعبۂ ربانی کا مقام میں اس سے پرے کی طرف چلا اور چڑھتا گیا، یہاں تک کہ صفاتِ حقیقت مقام پر پہنچا، جو وجودِ زاید کے ساتھ موجود ہیں۔ یہ مقام صفات صورِ علمیہ سے پرے ہے جو تعینِ علمی کے مرتبہ میں موجود ہیں اور صورِ صفات سے پرے ہے جو تعینِ وجودی اور تعین حبی کے مرتبہ میں ہیں۔ میں اس مقام سے بھی اُوپر کی طرف متوجہ ہوا۔ یہاں تک کہ میں ان صفات کے اصول سے جو شیون ذاتیہ عزت عز شانہ میں محض اعتبارات ہیں، داخل ہو گیا اور تم دونوں بھائی ہر مقام میرے ساتھ ہو۔ وہاں سے مجھے اُوپر لے گئے اور ذاتِ بحت تک جو نسبتو اعتبارات سے خالی ہے پہنچا دیا (چند سطر بعد) اور اسی مرضِ موت میں اُسی میں یا دوسری مجلس میں فرمایا کہ اس درجۂ کمال کا حصول اور اُس رتبہ عالی پر

کلام مجید سبحانی کے تعلق پر موقوف ہے۔ قرآن کے طفیل و توسط سے میں اس مرتبہ کے ساتھ ممتاز ہوا ہوں۔ حروف قرآنی میں سے ہر حرف کو میں ایک دریا پاتا ہوں جو کعبۂ مقصود تک پہنچانے والا ہے"۔ (مکتوباتِ معصومیہ جلد اوّل مکتوب ۱۸۳)

(۱۶) آپ فرماتے ہیں کہ میں اوائل حال میں دیکھتا ہوں کہ ایک مکان میں طواف کر رہا ہوں۔ اور ایک اور جماعت بھی اسی طواف میں میرے ساتھ شامل ہے لیکن اُس جماعت کی رفتار اس قدر سُست ہے کہ جتنی دیر میں میں طواف کا ایک دَور پورا کر لیتا ہوں وہ دو تین قدم فاصلہ طے کرتے ہیں۔ اسی اثناء میں معلوم ہوتا ہے کہ یہ مکان عرش کے اُوپر ہے اور طواف کرنے والی جماعت ملائکہ کرام کی جماعت ہے۔ علیٰ نبینا وعلیہم الصلوٰۃ والتسلیمات۔ (ہمارے نبیؐ پر اور اُن سب پر خدا کی رحمتیں اور سلامتیاں نازل ہوں) اور خدا اپنی رحمت کے ساتھ جسے چاہتا ہے مخصوص فرما لیتا ہے اور اللہ بہت ہی بڑے فضل والا ہے (مبداء و معاد ص ۱۵۵)

(۱۷) آپ نسبت خاصہ مجددیہ کی فوقیت کا اظہار کرتے ہوئے یوں تحریر فرماتے ہیں:۔

"میں خیال کرتا ہوں کہ حضرت مہدی موعود جن کے لیے اکملیت ولایت کا عہد کیا گیا ہے وہ بھی اسی نسبت پر ہوں گے۔ اور اسی سلسلۂ عالیہ (نقشبندیہ) کی تتمیم و تکمیل کریں گے کیونکہ ساری ولایتوں کی نسبت اِس نسبتِ عالیہ سے کم ہے۔ وجہ یہ کہ باقی ولایتوں کو مرتبۂ نبوت کے کمالات کا کم حصّہ ملا ہے اور یہ ولایت حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف منسوب ہونے کے سبب اُن کمالات سے حظ وافر رکھتی ہے جیسا کہ ابھی گزرا ؎ بہ بیں تفاوتِ راہ از کجاست تا بکجا"

(مکتوبات شریف، دفتر اوّل، مکتوب ۲۵۱)

رسالہ مبداء و معاد میں لکھتے ہیں:۔

"وایں نسبت بایں خصوصیت فرد در حضرت مہدی ظہور خواہد یافت۔ انشاء اللہ تعالیٰ"

حضرت امام مہدی (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) اسی نسبت و خصوصیت کے ساتھ تشریف لائیں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

(۱۸) آپ کو بشارت دی گئی کہ جس جنازے پر آپ شامل ہوں گے وہ مغفرت بخشی جائے گی۔

(۱۹) آپ کی دعا سے سرہند شریف کے قبرستان سے عذاب اُٹھا لیا گیا چنانچہ روضہ قیومیہ میں لکھا ہے کہ

"تجدید کے تیرھویں سال ایک روز قیوم اوّل (یعنی آپ) قدس سرہ، اپنے چھوٹے دادا سرہند شریف کے بانی حضرت امام رفیع الدین کے مزار پاک کی زیارت کے لیے تشریف لے گئے۔ فاتحہ کے بعد اُن کے مزار پر قبرستان کی مغفرت کے لیے جناب الٰہی میں عاجزی والتجا کی۔ الہام ہوا کہ ہم نے ایک ہفتہ کے لیے اس قبرستان پر سے عذاب اُٹھا لیا۔ پھر التماس کی کہ اے پروردگار تیری رحمت کی کوئی انتہا نہیں مغفرت اور زیادہ کر۔ پھر الہام ہوا کہ ایک مہینے کے لیے اس قبرستان سے عذاب اٹھا لیا۔ پھر التجا کی تو الہام ہوا کہ اچھا ایک سال کے لیے اس قبرستان سے عذاب اُٹھا لیا۔ پھر التماس کی تو جناب باری سے بفضل وکرم حکم ہوا کہ ہم نے اپنے فضل سے تمہاری خاطر اس قبرستان سے قیامت تک عذاب اٹھا لیا۔

اسی سال ایک روز آپ اپنے والد بزرگوار حضرت مخدوم عبدالاحد قدس سرہ، کے مزار پر زیارت کے لیے تشریف لے گئے۔ اس وقت آپ کے دل میں اس حدیث شریف کے مضمون کا خیال آیا کہ جب کسی عالم کا گزر قبر پر سے ہوتا ہے تو چالیس روز تک صاحب قبر کو عذاب نہیں ہوتا۔ یہ خیال آتے ہی الہام ہوا کہ آپ کی تشریف آوری کے سبب ہم نے اس قبرستان سے قیامت تک عذاب اٹھا لیا۔ آئندہ بھی جو شخص اس قبرستان میں دفن کیا جائے گا ہم اپنے فضل وکرم سے بخش دیں گے۔ شہر سرہند کا تمام قبرستان اسی مقام پر ہے جس کی بابت آپ کو خوشخبری ملی تھی، اس قبرستان کے مرکز میں آپ کے والد بزرگوار کا مزار مبارک ہے۔

(۲۰) آپ کا ارشاد ہے کہ وہ زن ومرد جو بالواسطہ یا بلاواسطہ ہمارے طریقہ میں داخل ہوئے ہیں یا قیامت تک ہوں گے وہ سب ہمیں دکھائے گئے ہیں اور ہر ایک کا نام نسب اور مولد ومسکن ہمیں بتایا گیا ہے اگر ہم چاہیں تو ایک ایک کو بیان کر دیں

(۱) آپ کو مبادی سلوک میں علوم لدنی حضرت خضر علیہ السلام کی روحانیت سے حاصل ہوئے۔ جیسا کہ رسالہ مبداء و معاد کے صفحہ ۹۰ پر آپ فرماتے ہیں:۔

"اس فقیر کو علوم لدنی کی توفیق حضرت خضر علی نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام والتحیۃ کی روحانیت سے حاصل ہوئی۔ لیکن یہ صورت حال اس وقت تک ہی رہی جب تک کہ میں مقام اقطاب سے نہیں گزر گیا۔ مگر اس مقام سے گزر جانے اور بلند تر مقامات میں ترقیاں حاصل کر لینے کے بعد علوم کا حصول خود اپنی حقیقت سے ہونے لگا، یعنی علوم اپنی ذات میں، خود بخود اپنی ذات ہی سے حاصل ہونے لگے، کسی غیر کی مجال نہ رہی کہ وہ درمیان میں آسکے۔

(۲) آپ پر ظاہر کیا گیا کہ ہندوستان میں بھی پیغمبر مبعوث ہوئے ہیں۔ چنانچہ فرماتے ہیں:۔

"پہلی امتوں میں جو فقیر ملاحظہ کرتا ہے تو ایسی جگہ کم پاتا ہے کہ جہاں کوئی پیغمبر مبعوث نہ ہوا ہو۔ یہاں تک کہ ہند کی زمین میں بھی جو اس معاملہ سے دور معلوم ہوتی ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ اہل ہند میں سے پیغمبر مبعوث ہوئے ہیں جنہوں نے خدا جل شانہ کی دعوت دی ہے اور ہند کے بعض شہروں میں محسوس ہوتا ہے کہ انبیا علیہم الصلوٰۃ والتسلیمات کے انوار، شرک کی تاریکیوں میں مشعلوں کی مثل روشن ہیں۔ فقیر اگر چاہے تو ہند کے اُن شہروں کا پتہ بتا سکتا ہے اور دیکھتا ہے کہ ان پیغمبروں میں کوئی ایسا ہے کہ اُس پر کوئی ایمان نہیں لایا اور اس کی دعوت کو کسی نے قبول نہیں کیا اور کوئی ایسا ہے کہ اس پر ایک شخص ایمان لایا ہے اور کسی پر دو اور کسی پر تین شخص ایمان لائے ہیں۔ یہ نظر نہیں آیا کہ ہند میں تین آدمیوں سے زیادہ کسی پیغمبر پر ایمان لائے ہوں تاکہ چار آدمی ایک پیغمبر کی امت ہوں۔" (مکتوبات دفتر اول مکتوب ۲۵۹)

(۱) ایک روز صبح کے حلقہ میں حضرت الیاس اور حضرت خضر علیہما السلام آپ کی خدمت میں بصورت روحانیاں آئے۔ حضرت خضر علیہ السلام نے تبلیغ روحانی فرمایا، کہ ہم عالم ارواح میں سے ہیں۔ خدا تعالیٰ نے ہماری رُوحوں کو یہ قدرت کاملہ عطا فرمائی ہے کہ اجسام صورت میں متمثل ہو کر وہ کام کرتی ہیں جو جسموں سے وقوع میں آیا

کرتے ہیں، مثلاً حرکات وسکنات جسمانی اور طاعات وعباداتِ بدنی اُس و
دل میں خیال آیا اِن دونوں بزرگوں سے کچھ مانگوں۔ انہوں نے فرمایا کہ عنایت ایزدی
جس شخص کے شامل حال ہو ہمیں اُس میں کیا دخل ہے۔ حضرت الیاس علیہ السلام اس
گفتگو میں خاموش رہے (مکتوبات شریف دفتر اوّل مکتوب ۲۸۴)

(۲۴) محض اللہ تعالیٰ کے کرم سے آپ کے سینہ بے کینہ سے خناس و وسواس دُور کیا گیا

(۲۵) آپ نے خواب میں دیکھا کہ حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کے لیے
ایک اجازت نامہ لکھا ہے جیسا کہ مشائخ کرام اپنے خلفاء کو لکھ دیا کرتے ہیں۔ اس
اثناء میں ظاہر ہوا کہ اِس اجازت نامہ کے اجرأ میں کچھ تاخیر ہے خادم اُس اجازت
نامہ کو گویا دوسری بار حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لے گیا ہے۔ اور
حضور انور صلی اللہ علیہ نے اُس اجازت نامہ کی پُشت پر ایک اور اجازت نامہ لکھ
ہے یا لکھوایا ہے اور اُسے اپنی مُہر مبارک سے مزیّن فرمایا ہے۔ اُس دوسرے اجازت
نامہ کا مضمون یہ ہے کہ دنیا کے اجازت نامہ کے عوض میں آخرت کا اجازت نامہ دیا
اور مقام شفاعت سے نصیب عطا فرمایا ہے۔ (تفصیل کے لیے دیکھو مکتوبات شریف
دفتر ثالث مکتوب ۱۰۶)

(۲۶) اللہ تعالیٰ نے آپ کو طریقہ جدید عطا فرمایا۔ آپ سے پہلے سالکین کی سیر صرف
ولایت صغریٰ یعنی قلب میں منحصر تھی اور شاذ و نادر ہی کسی کو ولایت کبریٰ میں ہو
کرتی تھی مگر خدا تعالیٰ نے اپنے فضل وکرم سے حضرت شیخ پر ولایت کبریٰ، ولا
ملأ اعلیٰ، کمالاتِ نبوت ورسالت واولوا العزم، حقیقت ابراہیمیؑ، حقیقتِ موسو
حقیقتِ محمدیؐ واحمدی، حب صرفہ ولاتعین اور نیز حقیقتِ کعبہ، حقیقتِ قرآ
حقیقتِ صلوٰۃ ومعبودیت مطلقہ سب منکشف فرمائے۔ اور آپ نے ان کما
کی سیر بالتفصیل اپنے صاحبزادوں خواجہ محمد سعید وخواجہ محمد معصوم کو کرا
اور بفضلہٖ تعالیٰ آپ کے خاندان میں آج تک جاری ہے اور انشاء اللہ تعا
قیامت تک جاری رہے گی۔

ایک روز آپ حلقۂ ذکر سے اُٹھے اور فرمایا کہ اس حلقہ میں مجھے معلوم ہوا ہے کہ حاضرین میں سے ایک یار مرتد ہو جائے گا۔ میں نے اُس کی پیشانی پر لفظ شقی لکھا ہوا دیکھا ہے۔ یہ سُن کر تمام یاروں پر ہیبت طاری ہو گئی اور ہر ایک خوف کے مارے کانپنے لگا۔ وہ یار حضرت شیخ طاہر لاہوری[1] تھے جو صاحبزادگان والا تبار خواجہ محمد سعید اور خواجہ محمد معصوم کے استاد تھے۔ چند روز بعد ویسا ہی وقوع پذیر ہوا جیسا کہ آپ نے ارشاد فرمایا تھا۔ شیخ طاہر ایک کافرہ عورت پر عاشق ہو کر مرتد ہو گئے۔ صاحبزادوں نے آپ کی خدمت میں عرض کی کہ شیخ طاہر کے لیے دعا فرمائیں کہ وہ دوبارہ مسلمان ہو جائیں۔ آپ نے بڑے عجز و نیاز سے دُعا کی جو قبول ہو گئی۔ شیخ طاہر عشقِ مجازی کو چھوڑ کر آپ کی خدمت میں آئے اور مشرف بہ اسلام ہو کر آپ کی صحبت مبارکہ میں تھوڑے ہی عرصہ میں مراتب عالیہ پر پہنچے۔ آپ نے شیخ طاہر کے اجازت نامہ میں بھی اس قصے کی طرف اشارہ فرمایا ہے اور مکتوب ۲۱۷ جلد اوّل میں بھی اسے ذکر کیا ہے۔ جس کا ماحصل یہ ہے کہ

"جب میں اس بلا کے دفعیہ کے لیے متوجہ ہوا تو میں نے لوحِ محفوظ میں اس کے دفعیہ کو کسی امر پر معلق نہ دیکھا اور اُسے مُبرم سمجھا۔ مجھے حیرت ہوئی کیونکہ آثار و اخبار و اجماعِ اُمّت سے مجھے معلوم تھا کہ قضائے مُبرم میں تغیّر نہیں ہو سکتا۔ اسی اثنا میں مجھے حضرت غوث اعظم شیخ عبدالقادر جیلانیؒ

---

[1] لاہور کے باشندے تھے اور محلہ شیخ اسحاق میں رہتے تھے جہاں اب موتی بازار اور چونہ منڈی اور صدر الدین کی حویلی ہے۔ آپ بڑے پایہ کے عالم تھے۔ بے شمار لوگوں کو آپ کی شاگردی کا فخر حاصل ہے۔ آپ امام ربانی مجدد الف ثانی قدس سرہٗ کے مرید و خلیفہ تھے۔ حدیث و تفسیر قرآن نقل کرتے تھے۔ اور تمام وقت شاگردوں کو دینی تعلیم دینے میں صرف فرماتے تھے۔ ۵ محرم الحرام ۱۰۴۰ھ مطابق اگست ۱۶۳۰ء بروز جمعرات فوت ہوئے۔ مزار مقدس لاہور کے تاریخی قبرستان میں ہے۔ "کنہ سنج بلیغ" اور "نیک سرشت" سے سالِ وفات نکلتا ہے۔ (تصوری)

کا قول یاد آگیا کہ میرے سوا کسی کو قضائے مُبرم میں تصرّف حاصل نہیں۔ میں نے عرض کی، کہ الٰہی! جب تیرے اولیاء میں سے ایک کو یہ دولت حاصل ہے تو میں بھی اُمیدوار ہوں۔ میں نے بہت عجز و نیاز ظاہر کیا اور میری دُعاء قبول ہو گئی اور اس راز کی معرفت بھی مجھے عطا کی گئی۔ اور بتا دیا گیا کہ قضائے معلق دو قسم کی ہے۔ ایک معلق تو وہ ہے جس کی تعلیق لوحِ محفوظ میں لکھی ہوئی ہے اور ایک معلق ایسی ہے کہ اُس کی تعلیق علمِ خدا میں ہے۔ شیخ طاہر کا قضیہ اور شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کا قول دوسری قسم میں داخل ہے۔ جس میں پہلی قسم کی مانند تبدیلی کا احتمال ہے۔ چونکہ یہ قسم ثانی لوحِ محفوظ میں صورت قضائے مُبرم رکھتی ہے، اس لیے حضرت غوث اعظم قدس سرہٗ نے اسے مُبرم سے تعبیر فرمایا ہے۔

(۲۸) جان محمد جالندھر کا بیان ہے کہ ایک بزرگ درویش نے جسے میں آپ کے کے مطابق باغ۔ حافظ رخنہ سے لایا تھا، آپ سے میرے حالات دریافت کے بعد پوچھا کہ آپ نے اس کو کس سلسلہ میں مُرید کیا ہے۔ آپ نے فرمایا کہ سلسلہ میں۔ اُس نے کہا کہ میں سفارش کرتا ہوں کہ جان محمد کو حضرت غوث الثقلین عبدالقادر جیلانیؒ کی زیارت کرا دیں۔ اِس پر آپ نے میرا ہاتھ پکڑ کر قطب کی طرف اشارہ کر کے فرمایا کہ اسے خوب دیکھو۔ میں نے دیکھا کہ ایک گدڑی والے بزرگ اس میں سے نکلے اور شیر کی طرح ایک لمحہ میں اس مقا آگئے۔ آپ نے فرمایا کہ غوث الثقلینؒ یہی ہیں۔ ان کی قدم بوسی کرو چنا قدم بوسی کی۔ بعد ازاں حضرت غوث الثقلینؒ رخصت ہوئے اور قطب کی طرف متوجہ ہو کر اُس میں غائب ہو گئے۔

(۲۹) جب آپ کے مکتوبات شریف کی جلد اوّل تیار ہو گئی اور جلد ثانی شروع کی اجازت طلب کی گئی تو آپ نے جواب میں فرمایا کہ میں اس فکر و حیرت میں تھا تمام علوم جو تحریر میں آچکے ہیں خدا تعالیٰ کے نزدیک مقبول و پسندید

یا نہیں ! دوسرے روز فرمایا:۔

"کل رات آواز آئی اور ظاہر کیا گیا کہ یہ تمام علوم جو تُو نے لکھے ہیں بلکہ جو کچھ تیری گفتگو میں آگیا ہے، سب مقبول و پسندیدہ ہے اور میری تحریرات کی طرف اشارہ کر کے بتایا گیا کہ یہ سب ہمارا قول اور ہمارا بیان ہے۔ اُس وقت اُن تمام علوم کو کہ جن میں ایک وقت مجھے کچھ تردد تھا۔ سب کو میں نے اُسی حکم میں داخل پایا۔ الحمد للہ علی الاحسان"۔ (دیباچہ دفتر سوم مکتوبات شریف) اس کے بعد آپ نے جلد ثانی کے مکتوبات کو لکھنا شروع کیا۔

مکتوبات شریف کی جلد اوّل مکتوب ۴۳۴ کے خاتمہ پر ارشاد فرماتے ہیں:۔

"اے فرزند! یہ معارف جو لکھے گئے ہیں امید ہے کہ الہاماتِ رحمانی سے ہوں کہ جن میں وساوسِ شیطانی کی آمیزش کی بالکل مجال نہیں۔ اس امر کی دلیل فقیر کے پاس یہ ہے کہ جب میں ان علوم کے لکھنے کے درپے ہوا اور اللہ جل شانہ کی بارگاہِ قدس میں ملتجی ہوا تو میں نے دیکھا کہ گویا ملائکہ کرام علیٰ نبینا وعلیہم الصلوٰۃ والسلام اُس مقام کے اطراف سے شیطان کو دور کر رہے ہیں اور اُسے اُس مکان کے گرد پھٹکنے نہیں دیتے۔ واللہ سبحانہ اعلم بحقیقۃ الحال۔ چونکہ بڑی نعمتوں کا ظاہر کرنا اعظم محامد سے ہے، اس لیے ان بڑی نعمتوں کے اظہار کی جرأت کی گئی۔ اُمید ہے کہ خود بینی کے مظنّہ (شبہ، گمان) سے خالی ہوگی۔ خود بینی کی گنجائش کس طرح ہو سکتی جبکہ اللہ سبحانہ، کی عنایت سے اپنا نقص و شرارت ذاتی ہر وقت نصب العین ہے اور کمالات سب کے سب اللہ تعالیٰ سے منسوب ہیں"۔

ایک روز آپ نے فرمایا کہ ہم پر ایسا ظاہر کیا گیا ہے کہ ہماری تمام تحریرات حضرت مہدی آخر الزمان علیہ الرحمۃ والرضوان کی نظر سے گزریں گی اور آپ کے نزدیک مقبول ہوں گی۔

(۳۱) آپ نے فرمایا کہ میں نے دیکھا کہ حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہٗ تشریف لائے ہیں اور فرماتے ہیں کہ میں تجھ کو علم افلاک سکھانے آیا ہوں۔

(۳۲) آپ نے ایام وصال کے قریب فرمایا کہ سوائے نبوت کے جو کمالات نوعِ انسان میں ممکن ہیں وہ اللہ تعالیٰ نے مجھ کو سید البشر علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تبعیت اور وراثت سے عطا فرمائے ہیں۔

(۳۳) روضہ قیومیہ میں سالِ اوّل تجدید الف ثانی کے تحت لکھا ہے کہ آپ کو ہمیشہ کعبہ کی زیارت کا شوق رہا۔ لیکن بعض موانع کی وجہ سے زیارت کعبہ میسّر نہ ہو سکی اس سال وہ شوق بہت زیادہ ہوگیا۔ چنانچہ آپ اسی شوق سے بے قرار رہنے لگے ایک روز اسی بے قراری کی حالت میں بیٹھے تھے کہ کیا دیکھتے ہیں کہ انسان، فرشتے جن وغیرہ تمام مخلوقات نماز ادا کر رہی ہے اور آپ کی طرف رُخ کر کے سجدہ کر رہے جب آپ نے توجہ کی تو معلوم ہوا کہ کعبہ معظمہ خود آپ کی ملاقات کے لیے آیا ہے اور آپ گھیر لیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جو شخص کعبہ کی طرف سجدہ کرتا ہے وہ آپ ہی کو سجدہ کرتا ہوا معلوم ہوتا ہے۔ اسی اثناء میں الہام ہوا کہ تم ہمیشہ کعبہ کے مشتاق تھے ہم نے کعبہ کو تمہاری زیارت کے لیے بھیجا ہے۔ تمہاری خانقاہ کی زمین بھی کعبہ کا حکم رکھتی ہے۔ جو نور کعبہ میں تھا، وہی نور ہم نے تمہاری خانقاہ کی زمین میں رکھ دیا ہے بعد ازاں کعبہ نے آپ کی خانقاہ میں حلول کیا۔ اور خانقاہ کی زمین کعبہ کی زمین سے مل گئی اور اس مسجد کو بیت اللہ کی زمین سے پوری پوری فناء بقاء حاصل ہو اور آپ کی خانقاہ کی زمین میں تمام حقائق کعبہ متحقق ہوگئے۔ فرشتۂ غیب نے آواز دی کہ حضرت مجدد الف ثانیؒ قدس سرہٗ کی یہ مسجد تمام مسجدوں سے افضل ہے ثواب ان تمام مسجدوں میں نماز ادا کرنے سے ہوتا ہے وہ ایک ہی مسجد میں نماز ادا کرنے سے حاصل ہو جاتا ہے۔

حضرت قیوم ثانی خواجہ معصوم زمانی قدس سرہ، مکے وقت میں اس مسجد کو وسیع کیا گیا اور اس متبرک زمین کو جہاں پر کعبہ نے حلول کیا تھا تبرک کے طور پر

مسجد کے مشرقی کنارے کی طرف باقی زمین سے اُونچا رکھا گیا۔ آج کل وہ صنہ خاص و عام کی زیارت گاہ ہے۔ انتہٰے۔

آپ فرماتے ہیں کہ مقام اقطاب پر پہنچنے کے بعد جناب سرورِ کائنات علیہ الصلوٰۃ والتسلیمات نے مجھے قطبِ ارشاد کی خلعت سے سرفراز فرمایا۔ بعدازاں بعنایت خداوندی جل شانہ ترقی کرتے کرتے اصل الاصل تک پہنچا۔ اس اخیر عروج میں حضرت غوث اعظم محی الدین شیخ عبدالقادر جیلانی قدس سرہ، کی روحانیت سے مدد پہنچی۔ (رسالہ مبداء و معاد)

غرض کہاں تک لکھا جائے۔ ؎

نہ جنش غایتے دارد نہ سعدی را سخن پایاں
بمیرد تشنہ مستفی و دریا ہمچناں باقی!

خوارق و کرامات

آپ کے خوارق بکثرت ہیں، ہم یہاں ان میں سے صرف بعض کا ذکر کرتے ہیں۔

آپ کی سب سے بڑی کرامت آپ کے مکتوبات شریف و دیگر تصانیف ہیں جن میں وہ نادر علوم و معارفِ الہامیہ درج ہیں، جو سنت و شریعت کے عین موافق ہیں۔ چنانچہ آپ اپنے بڑے صاحبزادے خواجہ محمد صادق قدس سرہ، کو لکھتے ہیں:۔

"اے فرزند! یہ علوم و معارف کہ جن پر اہل اللہ میں سے کسی نے نہ صراحتہً نہ اشارۃً لب کشائی کی ہے اشرف معارف اور اکمل علوم میں سے ہیں۔ جو ہزار سال کے بعد منصۂ ظہور پر آئے ہیں اور واجب تعالیٰ و تقدس کی حقیقت اور ممکنات کے حقائق کو جیسا کہ ممکن و لائق ہے، بیان کرتے ہیں۔ نہ کتاب و سنت کے مخالف ہیں اور نہ اہل حق کے اقوال سے مخالفت رکھتے ہیں۔ حضرت نبی کریم علیہ علیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام کی دعا میں جو کہ آپ نے گویا تعلیم امت کے لیے فرمائی ہے:۔

اَللّٰھُمَّ اَرِنَا حَقَائِقَ الْاَشْیَاءِ کَمَا ھِیَ۔ | یا اللہ! تو اشیاء کی حقیقتیں ہم کو اس طرح دکھا جیسی کہ وہ ہیں۔

سے مراد یہی حقائق ہیں جو ان علوم کے ضمن میں بیان ہوئے ہیں۔ اور مقامِ عبودیت کے مناسب ہیں اور نقص و ذلت و انکسار پہ دلالت کرتے ہیں جو بندگی کے حال کے موافق ہے۔ عاجز بندہ جو اپنے آپ کو اپنے مولائے قادر کا عین سمجھے، اس میں کونسی لطافت ہے بلکہ اس سے تو اُس کی کمال بے ادبی ظاہر ہوتی ہے۔" (مکتوبات شریفہ دفتر اوّل مکتوب ۲۳۴)

اسی طرح شیخ محمد چترؒ کو لکھتے ہیں:۔

"بھائی جان! سنیئے، خوارق کی دو قسمیں ہیں۔ قسم اوّل، علوم و معارفِ الٰہیہ ہیں جو ذات و صفات و افعال واجب تعالیٰ سے متعلق ہیں اور نظرِ عقلی کے طریقہ سے الگ اور عُرف و عادتِ جاریہ کے خلاف ہیں۔ اس قسم سے اللہ تعالیٰ نے اپنے خاص بندوں کو ممتاز کیا ہے۔ قسم دوم، کشف صورِ مخلوقات اور اشیائے غائبہ کی خبر دینا ہے جو عالمِ کون سے متعلق ہے۔ پہلی قسم اہل حق و ارباب معرفت کے لیے مخصوص ہے اور دوسری قسم اصحابِ حق و اصحابِ باطل میں مشترک ہے، کیونکہ یہ قسم اہل استدراج کو بھی حاصل ہے۔ پہلی قسم خدا کے نزدیک شریف و معتبر ہے کیونکہ اس نے اُسے اپنے اولیاء کے لیے مخصوص کیا ہے اور اپنے دشمنوں کو اس میں شریک نہیں فرمایا اور دوسری قسم عوام کے نزدیک معتبر اور ان کی نظروں میں معزز اور محترم ہے۔ اگر اہل استدراج سے یہ قسم ظہور میں آئے تو قریب ہے کہ عوام نادانی کے سبب سے اُس کی پوجا کرنے لگ جائیں اور ہر رطب و یابس میں جو وہ اُن کو بتائے اُس کے تابع و فرماں بردار ہو جائیں۔ بلکہ یہ محجوب (عوام) پہلی قسم کو خوارق و کرامات میں شمار نہیں کرتی۔ اُن کے نزدیک خوارق دوسری قسم میں منحصر ہیں اور اُن کے گمان میں

(بقیہ حاشیہ صفحہ سابقہ) ؎ اس روایت کو امام غزالیؒ نے "علق مضنون" اور حضرت شاہ عبدالحق محدث دہلویؒ نے "مدارج النبوت" میں ذکر کیا ہے (قصوری)

؎ یعنی وہ خوارق عادت امور جو کافر یا فاسق یا مبتدع سے اس کی غرض کے موافق صادر ہوں (قصوری)

کرامات صرف صورِ مخلوقات کے کشف اور مغیبات کی خبر دینے کا نام ہے۔ یہ لوگ کیسے بے عقل ہیں۔ وہ علم جو مخلوقات حاضر یا غائب کے حالات سے تعلق رکھتا ہے اُس میں کون سی شرافت و کرامت پائی جاتی ہے بلکہ یہ علم تو اس لائق ہے کہ جہل سے مبدّل ہو جائے تاکہ مخلوقات اور اُس کے احوال سے نسیان حاصل ہو۔ واجب تعالیٰ کی معرفت ہی وہ شے ہے جو سزاوارِ شرافت و کرامت اور شایانِ اعزاز و اکرام ہے ؎

پری نہفتہ رُخ و دیو در کرشمہ و ناز ‖ پری تو منہ چھپائے ہوئے ہے اور شیطان کرشمہ اور ناز میں ہے۔
بسوخت عقل ز حیرت کہ ایں چہ بوالعجبی است ‖ عقل حیرت سے جل گئی کہ یہ کیا عجیب معاملہ ہے۔

(مکتوبات شریف، دفتر اوّل، مکتوب ۲۹۳)

(۲) ایک صاحب دل سیّد رحمت اللہ نام جو آپ کے مریدوں میں سے تھے، بیان کرتے ہیں کہ میں اور دو تین درویش اطرافِ مُلکِ دکن میں ایک صحرا میں جا رہے تھے کہ بت خانہ نظر آیا۔ میں نے آپ سے سُنا ہوا تھا کہ مسلمان سے بتوں اور بت پرستوں کی توہین جس قدر ہو سکے، اُس میں کوتاہی نہ کرنی چاہیے کیونکہ اس سے غازی فی سبیل اللہ کا ثواب ملتا ہے۔ میں نے آپ کی نصیحت پر کاربند ہو کر اپنے ساتھیوں سے کہ اس صحرا میں کوئی اِس بت خانہ کا محافظ و نگہبان نظر نہیں آتا لہٰذا آؤ، اِس بت خانہ کو جہاں تک ہو سکے ویران کر دیں۔ چنانچہ ہم نے ایک بُت توڑ دیا اور بعض دیواروں کو گرانے کے لیے کمربستہ ہو گئے۔ دریں اثنا ایک ہندو کاشتکار نے دُور سے اِس بُت خانہ کی یہ تذلیل دیکھی تو اُس نے دُور کر گاؤں میں جا کر خبر کر دی۔ ناگاہ دیکھا کہ ایک ہزار بت پرست لاٹھیاں، پتھر اور ہتھیار لیے غیظ و غضب کی حالت میں ہماری طرف آ رہے ہیں۔ یہ منظر دیکھ کر ہم سب حیرت و دہشت کے دریا میں ڈوب گئے۔ نہ جائے ماندن نہ پائے رفتن۔ ہم نے ہمّت کو مضبوط کیا اور شہید ہونے کی ٹھان لی کیونکہ ؎

شہادت ہے مطلوب و مقصودِ مومن ‖ نہ مالِ غنیمت نہ کشور کشائی (اقبال)

اور اس حال میں، میں آپ کی طرف متوجہ ہوا اور عرض کی:۔

"اے دین کے بزرگ! ہم نے آپ کی نصیحت پر کاربند ہو کر یہ کام کیا تھا، ہمیں

کافروں کے ہاتھ سے چھڑائیے:۔

اس تضرع و نیاز میں میرے کان میں آپ کی یہ آواز آئی:۔

"اطمینان رکھو ہم تمہارے حفاظت کے لیے ابھی اسلام کا لشکر بھیج رہا ہوں"

میں نے اپنے ساتھیوں سے کہا کہ عجیب معاملہ ہے، حضرت کی یہ آواز تو میرے کان میں آگئی مگر لشکر کب آئے گا۔ کفار تو آپہنچے۔ صرف ایک تیر کا فاصلہ رہ گیا تھا کہ اچانک ٹیلہ سے تیس چالیس ہزار سوار ہماری طرف گھوڑوں کو سرپٹ دوڑاتے ہوئے نظر آئے۔ جب کفار نے اُن سواروں کو دیکھا تو خوفزدہ ہو کر پیچھے ہٹ گئے۔ گھوڑ سواروں نے اُن کافروں میں سے بعض کو تازیانے لگائے اور بعضوں کو ڈانٹ پلائی۔ اور ہم کو اپنی حمایت میں لے لیا۔ معلوم ہوا کہ وہ سوار مسلمان تھے جو نواحی گاؤں میں کسی تقریب پر آئے ہوئے تھے اور جب وہ کفار ہمارے قتل کے ارادہ سے آئے تھے تو ان کے گاؤں کے کچھ مسلمان نے گاؤں میں جاکر سواروں کو خبر کر دی اور وہ سنتے ہی فوراً موقع پر پہنچ گئے اور ہم کو کافروں سے چھڑا لیا۔ بلا شک و شبہ یہ آپ کا تصرف تھا۔

(۳) سید جمالؒ جو آپ کے مقبولین میں سے تھے، بیان کرتے ہیں کہ ایک جنگل میں اچانک ایک شیر میرے آگے آیا۔ تنہائی کی وحشت اور اُس درندے کی ہیبت سے میں سخت ہراساں ہوا۔ بھاگ جانا مشکل ہی نہیں بلکہ ناممکن تھا۔ ناچار میں نے آپ کی طرف توجہ کی کہ بچائیے۔ میں نے اُسی وقت معاملہ میں دیکھا کہ آپ عصا ہاتھ میں لیے دوڑے آرہے ہیں۔ آپ نے تشریف لاتے ہی نہایت زور سے عصا اُس شیر کے منہ پر مارا جب اس معاملہ سے میری آنکھ کھلی تو میں نے نہ آپ کو دیکھا اور نہ ہی جنگل میں شیر کا کوئی نشان پایا۔

(۴) محمد صادق کابلی جو آپ کے بڑے مخلصوں میں سے تھے مرضِ جذام میں مبتلا ہو گئے۔ اٹھنے بیٹھنے اور کھانے پینے میں یاران طریقت اس کی شرکت سے پرہیز کرتے تھے یہاں تک کہ ایک مجلس میں اُس کے ایک خاص یار نے اُس کے ساتھ کھانا کھانے سے اعلانیہ انکار کر دیا۔ وہ بیچارہ نہایت شرمندہ و غمگین ہوا اور آپ سے توجہ کی درخواست کی۔ آپ مرض کے دفعیہ کی طرف متوجہ ہوئے اور اُس کے مرض کو اپنے اُوپر لے لیا۔

چنانچہ اُس کا اثر مریض کے بدن سے آپ کے پاؤں مبارک پر منتقل ہوگیا۔ اس سے اگرچہ مخلصوں کی عقیدت میں زیادتی ہوگئی مگر آپ پر مرض کے منتقل ہونے سے سب غمگین و بے چین ہوگئے۔ جب آپ نے صاحبزادوں اور یاروں کی بے چینی دیکھی تو دُعا کی کہ وہ مرض آپ سے بھی دُور ہو جائے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کی عنایت سے وہ بیماری آپ سے بھی جاتی رہی اور سب لوگ خدا کا شکر بجالائے۔

(۵) آپ کے عادل اصحاب سے سُنا گیا ہے کہ ایک دفعہ آپ بیابان و جنگل کی سیر کو نکلے۔ اثنائے راہ میں دھوپ کی شدت اور گرد و غبار کی کثرت سے بڑے صاحبزادے اور دوسروں پر جو پیادہ ہم رکاب تھے، پیاس نے غلبہ کیا مگر بپاس ادب آپ کی خدمت میں عرض کرنے کی جرأت نہ کر سکے۔ دریں اثنا آپ نے از خود مولانا محمد یوسف سمرقندیؒ (آپ کے مرید اور پیر بھائی) سے ارشاد فرمایا کہ "دھوپ کی شدت اور غبار کی کثرت سے یاروں کو تکلیف ہو رہی ہے"۔ مولانا نے عرض کیا، کہ حضور والا کو معلوم ہی ہے، یاروں کے عرض کرنے کی حاجت نہیں۔ اس پر آپ نے مُسکرا کر آسمان کی طرف آنکھ اُٹھائی اور زیر لب کچھ کہا۔ چند قدم بھی آگے نہ بڑھے تھے کہ بادل کا ایک ٹکڑا ظاہر ہوا اور معتدل ہوا چلنے لگی حالانکہ وہ بارش کا موسم نہ تھا۔

(۶) ایک سید طالب علم کا بیان ہے کہ جو لوگ حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے لڑے۔ مجھے اُن سے بالخصوص حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نفرت اور بدظنی تھی۔ ایک روز مکتوبات شریف کا مطالعہ کر رہا تھا کہ اُن میں یہ لکھا دیکھا کہ امام مالک، رحمۃ اللہ علیہ، حضرات شیخین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی شتم کرنے والے پر جو حد لگاتے تھے، وہی حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر شتم کرنے والے پر جاری کرتے تھے۔ میں نے یہ نقل دیکھ کر غصہ کی حالت میں کہا کہ یہ کیسی بے مزہ نقل ہے جو اس مرد (آپ) نے یہاں کی ہے یہ کہہ کر مکتوبات شریف کو زمین پر پھینک دیا اور سو گیا۔ خواب میں دیکھا کہ آپ غصہ کی حالت میں آئے اور اپنے ہاتھوں سے میرے دونوں کان پکڑ کر فرمانے لگے۔

"اے طفیل ناداں! تو بھی ہماری تحریری پر اعتراض کرتا ہے اور زمین پر پھینک دیتا ہے۔ اگر تو میرے قول کو معتبر نہیں سمجھتا تو تجھے حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس لے چلوں، جن کی خاطر تو اُن کے بھائیوں یعنی صحابہ کرام کو بُرا کہتا ہے"

چنانچہ آپ کشاں کشاں ایک باغ میں لے گئے اور مجھے اُس باغ کے کنارے ٹھہرا کر خود ایک محل کی طرف جو اُس میں نظر آ رہا تھا، چلے گئے۔ میں نے دیکھا کہ وہاں ایک نہایت نُورانی شکل وصورت والے بزرگ جلوہ افروز تھے۔ آپ نے بڑی تواضع سے اُن کو سلام کیا۔ وہ بھی بڑی خوشی سے آپ کو ملے۔ اس کے بعد آپ اُس بزرگ کے آگے دوزانو بیٹھ گئے اور کچھ عرض کیا۔ آپ اور وہ بزرگ دونوں دُور سے میری طرف دیکھتے اور اشارہ کرتے تھے۔ مجھے یقین ہو گیا وہ میرے بارے میں کچھ کہہ رہے ہیں۔ کچھ دیر بعد آپ نے اُٹھ کر مجھے نزدیک بُلایا اور فرمایا یہ بزرگ جو بیٹھے ہیں، حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ ہیں۔ سنو! کیا فرماتے ہیں۔ میں نے سلام کیا تو حضرت علی رضؓ نے زبان گوہر فشاں سے فرمایا کہ خبردار! حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب سے کوئی کدورت دل میں نہ رکھو اور اُن کی ملامت زبان پر نہ لاؤ۔ ہم جانتے ہیں اور ہمارے بھائی کہ کن نیتوں سے ہمارے اور اُن کے درمیان جھگڑا ہوا تھا۔ اور پھر آپ کا نام لے کر فرمایا کہ ان کی تحریر سے ہرگز سر نہ پھرنا۔ باوجود اس نصیحت کے میں نے اپنے دل کی طرف جو رجوع کیا تو اصحاب کرام کی دشمنی بدستور موجود پائی۔ حضرت علی رضؓ یہ معلوم کر کے ناراض ہوئے اور آپ سے فرمایا کہ اس کا دل ابھی صاف نہیں ہوا اور تھپڑ مارنے کے لیے اشارہ کیا۔ چنانچہ آپ نے اپنی ساری قوت سے میری گدّی (سر یا گردن کا پچھلا حصّہ) پر ایک تھپڑ مارا۔ اُس وقت میں نے اپنے دل کو کدورت سے صاف پایا۔ اِس اثنا میں میری آنکھ کھُل گئی۔ اب میں اسی طرح سینہ کو کینہ سے پاک پاتا ہوں اور آپ کے کلام کے بارے میں میرا حُسنِ اعتقاد سَو گنا زیادہ ہو گیا ہے۔

(۷) آپ کے اصحاب بلکہ آپ کے صاحبزادے بھی روایت کرتے ہیں کہ ایک سوداگر کی ایک بوری نیل چوری ہوگئی۔ سوداگر نے آپ کے رشتہ داروں میں سے ایک جوان کو ملزم ٹھہرایا۔ وہ جوان اپنی اہانت وتکلیف کے ڈر سے بھاگ گیا۔ سرہند شریف کے کوتوال نے جب یہ سنا تو آپ کو طلب کیا۔ آپ نے اُن یاروں کو جن کی نسبت آپ کو معلوم تھا کہ وہ آپ کا اس طرح جانا گوارا نہ کر سکیں گے، کسی نہ کسی طرف کام پر روانہ کر دیا اور خود ایک خادم کے ساتھ پاپیادہ ہی تشریف لے گئے۔ وہ بے ادب کوتوال بڑی سختی اور درشتی سے آپ سے باتیں کرتا تھا اور آپ بڑی نرمی سے جواب دیتے تھے۔ دریں اثنا مولانا طاہر بدخشیؒ آ پہنچے اور اُس کوتوال کو ڈانٹ کر کہنے لگے، ارے ایسے تیسے! کیا تجھے معلوم بھی ہے کہ تو نے کیسے شخص کو طلب کیا ہے؟ آپ نے مولانا بدخشیؒ کو اس گفتگو سے روکا کوتوال نے آپ کو رخصت کر دیا۔ کوتوال کی اس بے ادبی اور گستاخی کو چند دن نہ گزرے تھے کہ کسی بات پر اُس کی علاقہ کے کروڑی (سیٹھ) کے درمیان سخت لڑائی ہوئی۔ وہ کوتوال اپنے بیس تیس بیٹوں اور رشتہ داروں سمیت ایک بالاخانے پر چڑھ گیا جو بارود سے پُر تھا۔ اچانک اُس بارود میں کہیں سے آگ لگ گئی جس نے کوتوال کو ساتھیوں سمیت جلا کر راکھ کر دیا اور اُن کا نشان تک نہ چھوڑا۔

بے ادب تنہا نہ خود را داشت بد
بلکہ آتش در ہمہ آفاق زد

بے ادب صرف اپنے آپ کو ہی بُرا نہیں بناتا بلکہ وہ تمام دُنیا میں آگ لگا دیتا ہے۔

(۸) بادشاہِ وقت نے ایک امیرزادہ کو کسی تقصیر کے سبب لاہور سے طلب کیا۔ غضب شاہی کے مشاہدے سے حاضرین کو یقین تھا کہ اُس امیرزادے کو آتے ہی ہاتھی کے پاؤں تلے ڈال دیا جائے گا۔ جب وہ سرہند شریف پہنچا تو آپ کی خدمت میں جان بخشی کی درخواست پیش کی۔ آپ نے ارشاد فرمایا کہ خاطر جمع رکھو، انشاء اللہ تعالیٰ تمہیں کوئی تکلیف نہ پہنچے گی بلکہ سلطانِ وقت تم پر مہربانیاں کرے گا۔ اُس نے نہایت اضطراب میں عرض کیا کہ آپ جو کچھ زبان مبارک سے فرما رہے ہیں وہ

مجھ کو لکھ کر دے دیجئے تاکہ پورا پورا اطمینان ہو جائے۔ آپ نے اُس کے اصرار پر یہ لکھ کر دے دیا۔ کہ چونکہ فلاں امیر زادے نے غضب شاہی کے خوف سے جو غضب الٰہی کا نمونہ ہے، فقیر ار کی طرف رجوع کیا ہے، اِس لیے فقرا نے اُسے اپنی پناہ میں لے لیا اور اس مُہلکہ (ہلاکت کی جگہ) سے اُسے رہائی دے دی۔

کئی دن بعد اچانک خبر آئی کہ بادشاہ نے اُسے اذیت دے کر قید خانہ میں بھیج دیا ہے۔ جب آپ نے یہ سُنا تو مُسکرا کر فرمایا کہ فقیر کی نظر میں صبح کی روشنی کی طرح واضح ہے کہ وہ بادشاہ کی طرف سے شفقت و عنایت ہی دیکھے گا۔ اور یہ خبر جو آئی ہے، غلط ہے۔ دو تین روز کے بعد معلوم ہوا کہ بادشاہ اُس امیر زادے کو دیکھتے ہی ہنس پڑا۔ اور نصیحت کے طور پر چند کلمے زبان پر لایا۔ پھر بڑی عنایت سے خلعت دے کر رخصت کیا۔

(۹) مولانا محمد امین رحمۃ اللہ علیہ جو حضرت خواجہ دیوانہ سورتی قدس سرہٗ کے مریدوں سے تھے، مرضِ شدید میں مبتلا ہو گئے اور ایک مدت تک بیمار رہے۔ نہ دوا سے بیماری میں تخفیف ہوتی تھی اور نہ دُعا سے۔ ع مرض بڑھتا گیا جُوں جُوں دوا کی۔ آپ کی شہرت سُن کر انہوں نے ایک عریضہ خدمت شریف میں ارسال کیا اور دُعائے صحت اور جامۂ تبرک کے لیے التماس کی۔ آپ نے ترس کھا کر ایک عنایت نامہ مع پیراہن مبارک تبرک بھیجا۔ اِس عنایت نامہ میں مرضِ قلبی کے ازالہ کی تاکید فرما کر آپ نے یوں تحریر فرمایا:۔

"دوسری بات یہ ہے کہ آپ ظاہری ضعف و کمزوری کا کچھ فکر و اندیشہ نہ کریں انشاءاللہ تعالیٰ یہ ضعف صحت و عافیت سے بدل جائے گا۔ فقیر کا دل اِس طرف سے مطمئن ہے۔ آپ نے فقرا کا جامہ (حضرت مجدد قدس سرہٗ کے پہنے ہوئے کپڑے) طلب کیا تھا۔ پہنیں بھیج دیا گیا ہے۔ اِسے پہن اور نتائج و ثمرات کے منتظر رہیں کیونکہ یہ کثیر البرکت ہے۔ ؎

ہر کس افسانہ بخواند افسانہ است ! || جس نے اس بات کو بے اصل حکایت قرار دیا وہ خود بیکار ہے۔
وانکہ دیدش لقد خود مردانہ است || اور جس نے اسے حقیقت جانا وہ مرد ہے۔

(مکتوبات شریف، دفتر اوّل، مکتوب ۱۶۶)

چنانچہ مولانا نے وہ پیراہن پہن لیا اور سالوں کی بیماری سے صحت پائی اور حاضر خدمت ہو کر آپ کے مریدوں کے زمرہ میں داخل ہوئے۔

(۱۰) علاقہ سرہند شریف کے ایک فاضل مخلص کا بیان ہے کہ آپ سے میری ارادت کا باعث یہ ہوا کہ میرا ایک رشتہ دار تھا جس سے مجھے بہت محبت تھی۔ وہ ایک مرض شدید میں مبتلا ہو گیا اور دعا و دوا کے لیے فقراء و اطباء کی خدمت میں بہت پھرا مگر کچھ فائدہ نہ ہوا۔ ایک شخص نے مجھ سے آپ کی تعریف کی۔ میں نے حاضر خدمت ہو کر توجہ کی التماس کی۔ آپ نے فاتحہ پڑھی اور حجرے میں داخل ہوئے۔ ایک لمحہ کے بعد حجرے سے نکل کر آواز دی کہ فلاں شخص جس نے اپنے مریض کے لیے فاتحہ شفاء کی درخواست کی تھی، کہاں ہے؟ میں حاضر ہوا تو فرمایا کہ ہم فاتحہ مغفرت پڑھتے ہیں۔ میں حیران و غمگین ہو کر اپنے مکان کی طرف جو سرہند شریف سے چند میل کے فاصلہ پر تھا، روانہ ہوا۔ میں نے راستے میں اپنے دل میں کہا کہ حضرت کی یہ دوسری فاتحہ موت کی صریح خبر ہے۔ جب میں گھر پہنچا تو اس مریض کو دفن کر چکے تھے۔ میں نے جو حساب لگایا تو ظاہر ہوا کہ جس وقت حضرت نے مجھے بلا کر فاتحہ مغفرت پڑھی تھی وہ اسی وقت فوت ہوا تھا۔ یہ کرامت دیکھ کر میں آپ کا مرید ہو گیا۔

(۱۱) نواب عبدالرحیم خانخاناں صوبہ دار دکن فقراء سے محبت کرنے والا اور آپ کا معتقد تھا، اس پر مامور تھا کہ ممالک دکن کو تصرف میں لائے، ایک عرصہ دراز یوں ہی گزر گیا۔ معتمدانِ سلطنت نے سلطان سے عرض کیا کہ خانخاناں نے پوشیدہ طور پر دشمن سے صلح کر لی ہے اور بظاہر جنگ میں مشغول و مصروف ہے۔ بادشاہ نے فوراً خانخاناں کو معزول کر دیا۔ اور اس بات کا خطرہ ہوا کہ کہیں اسے قتل ہی نہ کرا دے۔ حضرت میر محمد نعمان جو خانخاناں کے واقف اور آشنا تھے یہ معاملہ

آپ کی خدمت میں لکھا اور توجہ کے لیے التماس کی۔ آپ نے میر موصوف کے عریضہ کو پڑھ کر لکھا کہ آپ کے خط کے مطالعہ کے وقت خان موصوف بہت عالیشان نظر آئے آپ اس کے معاملہ میں مطمئن رہیں۔ جب یہ جواب سید صاحب کی خدمت میں پہنچا تو سید صاحب (میر نعمان) نے بجنسہٖ خانخاناں کے پاس بھیج دیا۔ اُس نے شکریہ ادا کیا اور کہا کہ بزرگوں کی توجہ سے ایسا ہو جانا تعجب کی بات نہیں۔ مگر بظاہر بہت ہی مشکل ہے۔ کیونکہ بادشاہ وقت میرے حق میں نہایت بدگمان ہو گیا ہے اور حاسد لوگ ہر طرف سے ضرر پہنچانے کی فکر میں ہیں۔ آپ کے مکتوب کو دس بارہ روز بھی نہ ہوئے تھے کہ بادشاہ کا دل خانخاناں کی طرف سے صاف ہو گیا اور ملک دکن کی صوبہ داری پر بحال کر دیا۔

(۱۲) ایک سجادہ نشین بڑی محبت اور اشتیاق سے فاصلۂ دراز سے آپ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ مگر آپ نے خلاف عادت اس پر چنداں عنایت نہ فرمائی۔ آپ کے بعض مخلصوں نے عرض کیا کہ یہ شخص مشاہیر مشائخ میں سے ہے اور بڑے اخلاص سے فاصلۂ دراز سے حاضر خدمت ہوا ہے۔ آپ اس کے حق میں کرم فرمائیں۔ حضرت نے فرمایا، ہاں۔ میں بھی ایسا ہی گمان کرتا تھا مگر اس کی پیشانی پر جلی حروف میں لفظ "انکار" لکھا ہوا دیکھتا ہوں، کیا کیا جائے۔ یہ سُن کر یاروں کو تعجب ہوا۔ کچھ مدت کے بعد آپ کی فراست کے آثار ظہور میں آئے۔ سچ ہے کہ

اِتَّقُوْا فِرَاسَةَ الْمُؤْمِنِ فَاِنَّهٗ يَنْظُرُ بِنُوْرِ اللّٰهِ (حدیث شریف)	مومن کی فراست سے ڈرو کہ وہ اللہ کے نُور سے دیکھتا ہے۔

(۱۳) شیخ محمد مسعودؒ جو آپ کے برادرِ خورد اور حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہٗ کے مقبول مریدوں میں سے تھے۔ تجارت کے لیے قندھار گئے ہوئے تھے۔ اِس اثنار میں ایک روز صبح کے وقت آپ نے اپنے ایک خادم سے فرمایا کہ عجیب معاملہ ہے، میں ہر چند محمد مسعودؒ کے احوال کی طرف متوجہ ہوا تو اُس کی قبر نظر آئی کہ ابھی فوت ہوا ہے۔ سامعین نے تاریخ اور دن لکھ لیا۔ چند روز کے بعد

اُس کے ساتھی واپس آگئے اور اُنھوں نے اُن (شیخ مسعودؒ) کی وفات کی تاریخ اور دن وہی بتایا جو آپ نے بیان فرمایا تھا۔

(۱۴) جن دنوں میں آپ اجمیر شریف تشریف رکھتے تھے۔ رمضان کا مہینہ عین برسات میں آیا۔ آپ حسبِ عادت ختماتِ قرآنی میں مشغول ہو گئے۔ پہلی رات نماز تراویح میں بیس یاروں نے ایک مسجد میں جو نہایت تنگ تھی نماز ادا کی۔ تعفن سے آپ کو اور درویشوں کو تکلیف پہنچی۔ نماز ادا کرنے کے بعد آپ کی زبان مبارک سے نکلا کہ جو ختمات ہم نے قرار دیئے ہیں اُن کے اختتام تک اگر بفضلہ الٰہی راتوں کو بارش نہ ہوتا کہ مسجد کے باہر تراویح پڑھی جائیں تو یہ بڑی نعمت ہے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ ستائیسویں رات تک چار ختم ہو گئے اور کسی رات بارش نہ ہوئی اور اٹھائیسویں سے رات کو بارش برسنا شروع ہو گئی۔

(۱۵) وہی مسجد جس کا اوپر ذکر ہوا اُس کی ایک بنیاد کی دیوار کمزور ہو گئی تھی اور وہ ایک طرف کو اس قدر جھک گئی تھی کہ اکثر نمازی اور آنے جانے والے خیال کرتے تھے کہ آج نہیں تو کل گر جائے گی۔ ایک روز آپ نے بطور خوش طبعی فرمایا کہ جب تک فقراء یہاں ہیں اِن کی خاطر سے یہ دیوار نہ گرے گی۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ جس روز آپ نے وہاں سے کوچ کیا اور آپ اُس سے اوجھل ہی ہوئے تھے کہ وہ دیوار یکبارگی گر پڑی۔

(۱۶) ایک امیر نے آپ سے عرض کیا کہ میں جوانی سے گزر کر بڑھاپے کو پہنچ گیا مگر کوئی فرزند پیدا نہ ہوا جو میرے بعد صفحۂ روزگار پہ میری یادگار رہتا۔ اِس بارے میں آپ توجہ فرمائیں۔ آپ کچھ دیر تک مراقب رہے۔ پھر فرمایا کہ لوحِ محفوظ میں اس موجودہ بیوی سے تمہاری قسمت میں کوئی اولاد نہیں ہے۔ اگر دوسری شادی کرو تو اولاد ہو گی۔ اور تمہارے بعد تمہاری یادگار رہے گی۔ اتفاقاً اس کی بیوی نے وفات پائی اور دوسری بیوی سے اُس کی شادی ہو گئی جس سے ایک لڑکا اور ایک لڑکی پیدا ہوئی اور یہ دونوں اُس کے بعد یادگار رہے۔

(۱۷) شیخ نور محمد اناریؒ جو آپ کے قدیم مرید اور صاحبِ اجازت تھے اور آٹھ بار

حضور سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہو چکے تھے، بیان کرتے ہیں کہ میرے بھائی کے گھر میں جن رہتا تھا، جو ہمیشہ اُس سے دشمنی کرتا تھا۔ یہاں تک کہ اس کی اذیت سے میرے بھائی نے انتقال کیا۔ میں بھی اُسی گھر میں رہتا تھا۔ بھائی کے انتقال کے بعد ہیبت ناک صورتیں میرے سامنے آنے لگیں اور پھولوں کی خوشبو مہکتی محسوس ہونے لگی۔ میرے بھائی کی بھی ابتدائی حالت یہی ہوئی تھی۔ میرے اقربا یہ سُن کر میری زندگی سے مایوس و نا اُمید ہو گئے۔ ایک رات میں اپنی بیوی سے ہم بستر تھا اور ابھی فارغ نہ ہوا تھا کہ وہ جن آگیا اور ہم دونوں کے اوپر چڑھ کر بیٹھ گیا۔ اور ہمیں ایسا دبایا کہ ہم ہاتھ اُٹھانے سے عاجز آ گئے، لحاف کو بھی اپنے اوپر سے نہ اُٹھا سکے۔ ہم اسی بے قراری میں تھے کہ آپ (حضرت مجدد الف ثانیؒ) نمودار ہوئے اور آواز دی کہ

"نور محمد! کچھ خوف نہ کر، یہ جن ابھی بھاگ جائے گا۔ کیونکہ شیطان کا مکر کمزور ہوتا ہے"۔

جن نے آپ کی آواز مبارک سُنتے ہی ہم کو چھوڑ دیا۔ میں اُٹھا اور آپ غائب ہو گئے۔ اس کے بعد میرے گھر میں کسی کو جن کا آسیب نہ ہوا۔ اور جنات وہاں سے جلا وطن ہو گئے میں دیکھتا تھا کہ وہ اپنے ساز و سامان کو لے کر میرے گھر سے جا رہے ہیں اور یہ کہہ رہے ہیں کہ آپ نے ہم کو جلا وطن کر دیا۔ اب ہم موضع شادی وال میں جا کر ٹھہریں گے۔

(۱۸) جب آپ کی عمر گرامی پچاس ۵۰ سال کے قریب ہو گئی تو آپ نے فرمایا کہ میں اپنی عمر کے پچاس اور ساٹھ کے درمیانی زمانہ میں اپنے اوپر ایک حادثۂ عظیم پاتا ہوں اور اُس وقت میری وفات کی نسبت قضائے معلق مشہود ہوتی ہے مگر ساٹھ ۶۰ سال کے بعد جس میں اب بارہ ۱۲ برس باقی ہیں میرے انتقال کی نسبت قضائے مبرم و قطعی محسوس ہے۔ چنانچہ ایسا ہی واقع ہوا کیونکہ پچاس ۵۰ اور ساٹھ ۶۰ سال کے درمیانی زمانہ میں سلطانِ وقت (جہانگیر) نے آپ کو قلعۂ گوالیار میں قید کر دیا اور وصال بھی ۶۰ سال کے بعد ہوا۔

(۱۹) ایک روز آپ نے اپنے خاص احباب سے فرمایا کہ مجھے دکھا دیا گیا ہے کہ میری عمر کے بارے میں قضائے مبرم ترسٹھ ۶۳ سال ہے۔ ماہ ذی الحجہ ۱۰۳۲ھ / ۱۶۲۳ء کے پہلے عشرہ میں آپ نے اجمیر شریف سے اپنے صاحبزادوں کو سرہند شریف میں لکھا کہ اس دنیا سے انتقال کے قرب کے آثار دکھائی دے رہے ہیں۔ چنانچہ اس کے ایک سال تین ماہ اور چند روز بعد آپ کا انتقال وقوع میں آیا۔

(۲۰) آپ نے ماہ شعبان ۱۰۳۳ھ / ۱۶۲۴ء میں شب برات کو خلوتخانہ میں شب بیداری کی۔ ناگاہ آدھی رات گزر جانے کے بعد آپ گھر میں آئے۔ مخدوم زادوں کی والدہ کی زبان عصمت پناہ سے یہ بات نکلی کہ آج آجال وارزاق کے تقدیر کی رات ہے۔ خدا جانے کس کا نام ورقِ ہستی سے محو کیا گیا اور کس کا ثابت رکھا گیا۔ یہ سُن کر آپ نے فرمایا کہ آپ تو بطور شک و تردد کے کہہ رہی ہیں اُس شخص کا کیا حال ہوگا جو اپنی آنکھوں سے دیکھ رہا ہے کہ اُس کا نام اِس دنیا کی زندگی کے صحیفہ سے محو کر دیا گیا اور اشارہ اپنی طرف پایا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ اس بات کے قریباً ساڑھے چھ ماہ بعد آپ نے وفات پائی۔

ہم نے آپ کے خوارق ذکر کرنے میں نہایت اختصار سے کام لیا ہے اور جو بیان کئے ہیں وہ بھی بطور مشتے نمونہ از خروارے ہیں۔ وجہ یہ کہ کثرتِ خوارق سے کسی ولی کی شان نہیں بڑھتی اور نہ قلت سے کسرِ شان ہوتی ہے۔ چنانچہ آپ خود یوں ارشاد فرماتے ہیں:۔

"خوارق کا کثرت سے ظاہر ہونا افضلیت پر دلالت نہیں کرتا ایسا ہو سکتا ہے کہ ایک ولی جس سے کوئی خوارق ظہور میں نہ آئے دوسرے ولی سے افضل ہو، جس سے خوارق و کرامات ظہور میں آئے ہوں"

(مکتوبات شریف، دفتر اوّل مکتوب ۲۹۳)

اسی طرح آپ میر محمد نعمان رحمۃ اللہ علیہ کو لکھتے ہیں:۔

"آپ کو معلوم رہے کہ خوارق و کرامات کا ظاہر ہونا ولی ہونے کی شرط

نہیں، جس طرح علماء خوارق وکرامات کے حصول کے ساتھ مکلف نہیں، اولیاء بھی خوارق کے ظہور کے ساتھ مکلف نہیں۔ کیونکہ ولایت سے مراد قربِ الٰہی ہے جو اللہ تعالیٰ اپنے ماسوا کے نسیان کے بعد اپنے اولیاء کو عطا فرماتا ہے۔ ایک شخص کو یہ قرب عطا کیا جاتا ہے اور اُسے مخلوقات کے مغیبات پر کچھ اطلاع نہیں دی جاتی۔ ایک دوسرا شخص ہے جس کو قرب بھی دیا جاتا ہے اور مغیبات پر مطلع بھی کیا جاتا ہے۔ ایک تیسرے شخص کو قرب سے کچھ نہیں دیا جاتا مگر مغیبات پر مطلع کیا جاتا ہے۔ یہ تیسرا شخص اہل استدراج سے ہے۔ نفس کی صفائی نے اُس کو مغیبات کے کشف میں مبتلا کیا ہے اور گمراہی میں ڈال رکھا ہے۔

وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ عَلٰى شَيْءٍ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ۝ اِسْتَحْوَذَ عَلَيْهِمُ الشَّيْطٰنُ فَاَنْسٰهُمْ ذِكْرَ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ حِزْبُ الشَّيْطٰنِ ؕ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ الشَّيْطٰنِ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ (سورہ مجادلہ)	اور خیال رکھتے ہیں کہ وہ کچھ بھلی راہ پر ہیں۔ خبردار ہو، تحقیق وہی جھوٹے ہیں۔ غالب آیا اُن پر شیطان۔ پس بھلا دی اُن کو یاد خدا کی۔ یہ لوگ گروہ شیطان ہیں۔ خبردار رہو گروہ شیطان زیان پانے والے ہیں۔

— ایسے ہی لوگوں کے حال میں وارد ہے۔

پہلا اور دوسرا شخص جو دولت قرب سے مشرف ہیں اولیاء اللہ سے ہیں۔ مکشفات مغیبات ان کی ولایت میں زیادتی کرتا ہے اور نہ عدم کشف اُن کی ولایت میں نقصان پیدا کرتا ہے۔ اُن کا فرق باعتبار درجاتِ قرب کے ہے۔ بہت دفعہ ایسا ہوتا ہے جس صُورِ غیبی کا کشف حاصل نہ ہو قربِ الٰہی کی زیادتی کے سبب سے اُس شخص سے افضل و پیش قدم ہوتا ہے جسے کشفِ صُور حاصل ہو (مکتوبات شریف دفتر دوم مکتوب ۱۲)

تبلیغ واشاعت

پہلے بیان ہو چکا ہے کہ حضرت شیخ نے (آپ نے) سترہ برس کی عمر میں عُلومِ ظاہر سے فارغ ہو کر درس و تدریس اور

تصنیفِ رسائل کے ذریعہ سے تبلیغ کا کام شروع کر دیا تھا۔ بعد ازاں حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہٗ سے اجازتِ ارشاد پاکر تلقینِ طلاّب میں مشغول ہوگئے تھے۔ اور حسبِ اشارہ پیر و مُرشد، لاہور میں اشاعتِ طریقہ فرما رہے تھے کہ حضرت خواجہ نے رحلت فرمائی۔ اُن کے وصال کے بعد اُن کے مسترشدین نے آپ سے تجدید بیعت کر کے استفادۂ باطنی جاری رکھا۔ آپ کے کمالاتِ عالیہ کی برکت اور انوارِ صحبت کے فیض سے سلسلہ عالیہ نقشبندیہ تھوڑے عرصے میں ہندوستان کے طول و عرض میں شائع ہوگیا۔ اس کے بعد سلسلہ عالیہ مجددیہ ہندوستان سے باہر دیگر ممالک میں بھی پھیلنے لگا چنانچہ تجدید و تیومیت کے چھٹے سال شیخ طاہر بدخشی ؒ شیخ احمد برکی ؒ خواجہ یوسف برکی ؒ شیخ حسن برکی ؒ مولٰنا یار محمد قدیم طالقانی ؒ، مولٰنا صالح گولامی ؒ، شیخ عبدالحق شادمانی ؒ اپنے اپنے شہروں سے دُور دراز سفر طے کر کے سرہند شریف میں حاضر ہوئے اور سلسلہ عالیہ مجددیہ میں داخل ہوئے۔ یہ سب خلافت سے سرفراز ہو کر ذریعۂ اشاعتِ طریقہ بنے۔ تجدید کے بارھویں سال بہت سے جنّ بھی آپ کے سلسلہ عالیہ میں داخل ہوئے۔ چنانچہ جنّوں کا بادشاہ مع لشکر آپ کا مرید ہوگیا۔

تجدید کے چودھویں سال آپ نے اپنے خلیفے بغرض ہدایتِ خلق، دنیا کے اطراف و اکناف میں روانہ کئے۔ چنانچہ ستّر اہلِ ارادت بسرکردگی مولانا یار محمد قدیم طالقانی ؒ ملک ترکستان و قبچاق کو بھیجے۔ اور چالیس ارادتمندین، شام و روم کی طرف بسرکردگی مولانا فرخ حسین ؒ روانہ کئے اور اپنے دس معتبر یار حضرت مولانا صادق کابلی ؒ کے تحت کاشغر کی طرف روانہ کئے۔ اور تین بڑے بڑے خلیفوں کو بسرکردگی شیخ احمد برکی ؒ توران، بدخشاں اور خراسان کی طرف رخصت کیا۔ اِن خلفاء کی ہر جگہ بڑی عزت ہوئی اور اِن ملکوں کے چھوٹے بڑے امیر، وزیر اور بادشاہ تک آپ کے خلفاء کے مرید بن گئے۔ خراسان، بدخشان اور توران میں تو طریقۂ عالیہ مجددیہ اس قدر رائج ہوا کہ وہاں کا کوئی شہر یا قصبہ ایسا نہ تھا، جہاں اس سلسلہ کے خلفاء نہ ہوں۔ یہاں تک کہ عبداللہ خاں اوزبک جو وہاں کا بادشاہ تھا، آپ (مجدد قدس سرہٗ) کا ایسا معتقد ہوگیا کہ کوئی

کام آپ کے خلفاء کے مشورے کے بغیر نہ کرتا تھا۔

خلفاءِ کرام کے علاوہ آپ کے مکتوبات شریف کے ذریعہ سے بھی تبلیغ واشاعت ظہور میں آئی۔ مکتوبات کی پہلی جلد ۱۰۲۵ھ/۱۶۱۶ء میں تمام ہوئی، جسے آپ کے خلیفۂ خاص شیخ یار محمد جدید طالقانی نے جمع کیا تھا۔ لوگوں نے اُس کی نقلیں حاصل کیں اور ایران، توران، بدخشاں اور ماوراءالنہر میں شائع ہوئی اور اس کا بہت اچھا اثر پڑا۔ چنانچہ تجدید کے بائیسویں سال ایک درویش بلخ سے ہندوستان آیا۔ اُس کی وساطت سے وہاں کے اکابر نے مثلاً مشائخ میں سے سیادت پناہ سید میرک شاہ اور شیخ المشائخ کبروی میر محمد اور میر مومن بلخی نے اور علماء میں سے مولانا ربانی حسن، فتاداتی اور مولانا نوبک نے درخواستیں بھیج کر غائبانہ بیعت کی۔

اس مقام پر یہ بیان کر دینا بھی مناسب معلوم ہوتا ہے کہ حضرت مجدد الف ثانیؒ نے تجدید وقیومیت کے پندرھویں سال اپنے خلیفہ شیخ بدیع الدین سہارنپوریؒ کو شہنشاہِ ہند جہانگیر کے لشکر کی خلافت دے کر بغرض اشاعتِ طریقہ آگرہ میں بھیجا جہاں اِس سلسلہ عالیہ کا کوئی خلیفہ نہ تھا۔ اور اُسے تاکید کر دی کہ مستقل مزاج رہنا اور ہماری اجازت کے بغیر وہاں سے نہ آنا۔ چنانچہ شیخ صاحب شاہی لشکر میں تشریف لے گئے اور وہاں اُن کو مقبولیتِ عامہ نصیب ہوئی۔ ارکانِ سلطنت میں سے خانخاناں، اعظم خاں، جہانخاں لودھی، سید صدر جہاں، اسلام خاں اور مہابت خاں وغیرہ داخل سلسلہ ہو گئے اور مجلسِ حلقہ گرم ہونے لگی۔

آپ نے ردِّ روافض میں ایک رسالہ لکھا تھا جس کا گزشتہ اوراق میں ذکر ہو چکا ہے۔ اور اپنی دیگر تحریرات میں بھی روافض کے عقائدِ باطلہ کی تردید فرمایا کرتے تھے اِس لیے شیعہ آپ کے جانی دشمن ہو گئے تھے۔ جہانگیر کا وزیر آصف جاہ شیعہ تھا۔ اس نے جب خلیفہ بدیع الدینؒ کے ارشاد کا حال سُنا، تو بہت پیچ وتاب کھایا۔ اور بادشاہ سے کہہ دیا کہ آج کل شہر سرہند میں ایک سیاسی شخص شیخ احمد نام ہے، جس کے بہت سے مرید ہیں، غیر ممالک کے بادشاہ تک اُس کے نیاز مند و مرید ہیں۔ اُس کا ایک خلیفہ یہاں

لشکر میں بھی آیا ہوا ہے اور لشکر کے اراکین اُس کے مُرید ہو گئے ہیں، ایسا نہ ہو کہ شیخ سرہندی آپ کی سلطنت پر ہاتھ ڈالے۔ شاہ اسمٰعیل صفوی نے مریدوں ہی کے ذریعے سلطنتِ ایران پر قبضہ کیا تھا۔ اس اثناء میں خلیفہ بدیع الدین بغرض اصلاح بعضے اُمورِ وطن چلے آئے۔ آپ کو جو خبر لگی تو بہت خفا ہوئے کہ ہماری اجازت کے بغیر کیوں آئے۔ انہوں نے حاضرِ خدمت ہو کر عرض کی کہ میں پھر بغرض ارشاد آگرہ چلا جاتا ہوں۔ آپ نے ارشاد فرمایا کہ وقت وہی تھا، اب اگر تم جاتے ہو تو تم جانو، تمہارا اختیار ہے۔ غرض خلیفہ بدیع الدین دوبارہ آگرہ گئے اور وہاں مخالفین کی ایک جماعت کو خشونت آمیز نصیحتیں کیں اور اپنے بلند احوال گوش گزار کئے بلکہ بعض ایسے وقائع و کشوف ذکر کئے جن کا ظاہر کرنا موجبِ فتنہ تھا۔ اب مخالفین نے بادشاہ کو یہ پٹی پڑھائی کہ خلیفہ بدیع الدین سرہند شریف جانا اور پھر آنا خالی از علت نہیں اور حضرت مجدد کے خلاف بہت کچھ کہا۔ جن میں سے ایک امر یہ بھی تھا کہ آپ اپنے آپ کو حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے افضل جانتے ہیں اور کہتے ہیں کہ میرا مقام ان کے مقام سے اوپر ہے اور اُنہوں نے اپنے زعمِ فاسد میں اس کے ثبوت میں آپ کا مکتوب ۱۱ جلد اول پیش کیا جس میں آپ نے اپنا حال پیر و مرشد کی خدمت میں یوں تحریر فرمایا ہے:۔

"دوسری عرض یہ ہے کہ اس مقام کو دوبارہ ملاحظہ کرنے سے کچھ اور مقامات اوپر نیچے ظاہر ہوئے عاجزی اور شکستگی کے ساتھ توجہ کرنے کے بعد اس مقام پر جو مقامِ سابق سے فوق اور اوپر تھا، پہنچا تو معلوم ہوا کہ یہ مقام حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ہے اور دوسرے خلفاء رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو بھی اس مقام سے عبور حاصل ہو چکا ہے اور یہ مقام بھی تکمیل وارشاد کا مقام ہے۔ اسی طرح اوپر کے دو اور مقام بھی جن کا ذکر ابھی ہو گا مقامِ تکمیل وارشاد ہیں۔ مقامِ ذوالنورین رضؓ سے اُوپر ایک اور مقام نظر آیا، جب اُس مقام پر رسائی ہوئی تو معلوم ہوا کہ یہ مقام حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مقام ہے اور دوسرے خلفاء کو بھی اس مقام سے عبور حاصل ہو چکا ہے۔ اور اس مقام سے اُوپر حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مقام ظاہر ہوا۔ اُس مقام پر بھی

پہنچنا نصیب ہوا اور اپنے مشائخ میں سے حضرت خواجہ نقشبند قدس سرہٗ کو ہر مقام پر اپنے ساتھ پایا اور یہ بھی معلوم ہوا کہ دوسرے خلفاء کو بھی اس مقام سے عبور واقع ہو چکا ہے، فرق صرف عبور، قیام، گزرنے اور ٹھہرنے کا ہے اور اس سے اوپر کوئی مقام محسوس نہیں ہوتا، سوائے حضرت خاتم المرسلین کے مقام کے. علیہ من الصلوٰت اتمہا ومن التحیات اکملہا۔

حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مقام کے بالکل مقابل اور بہت نورانی مقام ظاہر ہوا کہ کبھی ایسا نظر نہ آیا تھا۔ یہ مقام حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مقام سے ذرا بلند تھا جس طرح کہ چبوترے کو زمین سے قدرے بلند بناتے ہیں اور معلوم ہوا کہ وہ مقام مقام محبوبیت ہے اور وہ مقام رنگین و منقش تھا۔ میں نے اپنے آپ کو اس مقام کے عکس سے رنگین و منقش پایا۔"

القصہ شہنشاہ جہانگیر جو سیر و سلوک صوفیہ کرام سے بالکل بے خبر تھا، مخالفین کے دام فریب میں آگیا۔ اُس نے یہ حکم امتناعی نافذ کر دیا کہ لشکریوں میں سے کوئی خلیفہ بدیع الدین کے پاس نہ جائے اور عقیدت مند اراکین کو مختلف جگہوں پہ تبدیل کر دیا۔ چنانچہ خانخاناں کو ملک دکن، مہابت خاں کو کابل، سید صدر جہاں کو بنگال، خانجہاں لودھی کو ملک مالوہ اور خان اعظم کو گجرات بھیج دیا۔ اور پھر حاکم سرہند کو لکھا کہ شیخ مجدد کو خود لے کر حاضر ہو اس طرح جب آپ بارگاہ سلطانی میں پہنچے تو آپ نے بادشاہ کو سجدۂ تعظیمی نہ کیا۔ وزیر یہ دیکھ کر حیران ہوا کہ بادشاہ نے خلاف عادت حضرت پر کوئی اعتراض نہیں کیا۔ اور بادشاہ سے کہنے لگا کہ یہ وہی شخص ہے جو اپنے آپ کو حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے افضل سمجھتا ہے۔ آپ نے اس کا نہایت معقول و مدلل جواب دیا۔[1] پھر آپ سے سجدۂ تعظیمی کے لیے کہا گیا اور ہر چند کوشش کی گئی کہ آپ ذرا سر ہی جھکا لیں مگر آپ نے ہرگز نہ مانا۔

آئین جوانمرداں حق گوئی و بے باکی — اللہ کے شیروں کو آتی نہیں روباہی

الغرض بادشاہ نے وزیر کی تحریک پر آپ کے لیے قید کا حکم دیا اور آپ

---

[1] تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو سیرت مجدد الف ثانی از ڈاکٹر پروفیسر محمد مسعود احمد مطبوعہ کراچی ۱۹۶۳ء ص ۶۲، تا ۸۰

قلعۂ گوالیار میں بھیج دیئے گئے۔ بادشاہ نے اس واقعہ کو تزکِ جہانگیری میں یوں لکھا ہے:۔

"انہی دنوں (جمادی الاولیٰ ۱۰۲۸ھ، چودھویں جلوس شاہی) مجھ سے عرض کیا گیا کہ شیخ احمد نامی ایک جعل ساز نے سرہند میں مکر و فریب کا جال بچھا کر بھولے بھالے لوگوں کو پھانس رکھا ہے، اُس نے ہر شہر اور ہر علاقے میں اپنا ایک ایک خلیفہ مقرر کیا ہے جو لوگوں کو فریب دینے اور معرفت کی دکانداری کرنے میں بہت پختہ ہیں، اُس نے اپنے مریدوں اور معتقدوں کے نام وقتاً فوقتاً جو خرافات خطوط لکھے ہیں، اُنہیں مکتوبات کے نام سے ایک کتاب کی شکل میں جمع کیا ہے، اس دفترِ بے معنی میں اُس نے بہت سی ایسی لغو باتیں تحریر کی ہیں جو کفر کی حد تک پہنچی ہیں، ایک مکتوب میں اُس نے لکھا ہے کہ مقاماتِ سلوک طے کرتے ہوئے وہ مقامِ ذوالنورین رضؓ میں پہنچا جو نہایت عالیشان اور پاکیزہ تھا، وہاں سے گزر کر مقامِ فاروق اور مقامِ فاروق رضؓ سے گزر کر مقام صدیق رضؓ میں پہنچا، پھر وہاں سے گزر کر مقامِ محبوبیت میں پہنچا جو نہایت منوّر و دل کشا تھا، اس مقام پر اُس پر مختلف الالوان روشنیوں کے پرتو پڑتے رہے۔ استغفر اللہ! بزعمِ خویش وہ خلفاء کے مرتبے سے بھی بڑھ گیا ہے اور اُن سے عالی تر مقام پر فائز ہوا، اُس نے اسی طرح کی اور بھی گستاخانہ باتیں خلفاء کی شان میں لکھی ہیں جن کو تحریر کرنا طوالت اور خلفاء کی شان میں بے ادبی کا باعث ہوگا۔

ان وجوہ کی بنا پر میں نے اُسے دربار میں طلب کیا تھا۔ جب حسب الطلب وہ حاضرِ خدمت ہوا تو میں نے اُس سے جتنے سوالات کئے اُن میں سے کسی ایک کا بھی کوئی معقول جواب نہ دے سکا۔ بے عقل اور کم فہم ہونے کے علاوہ مغرور اور خود پسند بھی ہے۔ اس لیے میں نے اُس کے حالات کی اصلاح کے لیے یہی موزوں سمجھا کہ اسے کچھ دنوں کے لیے قید رکھا جائے تاکہ اُس کے مزاج کی شوریدگی اور اُس کے دماغ کی آشفتگی

جاتی رہے، اور عوام میں جو شورش پھیلی ہوئی ہے وہ تھم جائے چنانچہ اُسے
انی رائے سنگھ ولن کے حوالہ کیا کہ اُسے قلعۂ گوالیار میں قید رکھے۔"[1]

مندرجہ بالا عبارت سے ظاہر ہے کہ بادشاہ نے جو آپ، آپ کے مکتوبات شریف اور آپ کے خلفاء کی نسبت دریدہ دہنی کی ہے وہ کسی دوسرے کے کہنے سے کی گئی ہے۔ مکتوب ۴۲ جلد اوّل کا جو حوالہ دیا گیا ہے، اگر چہ بنظر انصاف غور کیا جائے تو اُس سے یہ امر ہرگز ثابت نہیں ہوتا کہ آپ کا مقام حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مقام سے اعلیٰ ہے کیونکہ کسی مقام پر وصول و رسائی اور بات ہے اور اُس مقام کا حصول و معرفت اور۔ سلاطین اپنے ادنیٰ خادم کو خدمت کے لیے اپنے پاس بلا لیتے ہیں اور وہ امراء کے مقام سے گزر کر پیشی میں حاضر ہوتا ہے۔ پھر اپنے مقام پر واپس جا کر کھڑا ہو جاتا ہے۔ اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ اُس نوکر کا مرتبہ امراء کے مرتبہ سے زیادہ ہے۔ دیگر یہ کہ آپ نے فرمایا ہے کہ میں نے اپنے آپ کو اُس مقام کے عکس سے رنگین و منقش پایا۔ یہ نہیں فرمایا کہ میں اُس مقام پر پہنچ گیا۔ دیکھئے کہ سورج چوتھے آسمان پر ہے اور اُس کا عکس زمین پر روشن ہے مگر اس سے یہ نہیں کہہ سکتے کہ زمین مقامِ آفتاب پر پہنچ گئی ہے۔ خود آپ کے ارادت مندوں نے آپ سے عبارت زیر بحث کا حل دریافت کیا ہے اور آپ نے اُن کو کافی جواب دیے ہیں (ملاحظہ ہوں مکتوبات شریف جلد اوّل ۱۹۲، ۳۰۲، ۳۰۸، ۲ جلد ثانی مکتوب ۱۱) بادشاہ کا یہ لکھنا کہ آپ معقول جواب نہ دے سکے بالکل غلط اور لغو ہے

پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد مدظلہ، جہانگیر کی عبارت کے بارے میں یوں رقمطراز ہیں

"جہانگیر کا اس شرح و بسط کے ساتھ تزک میں ذکر کرنا خود حضرت مجدد قدس سرہ کی اہمیت مقبولیت اور شہرت پر دلیل قاطع ہے ورنہ اس زمانے میں تو ہزاروں تہ تیغ کر دیئے گئے، ہزاروں جیل میں ڈال دیئے گئے اور بیسیوں صحراؤں میں پھینک دیئے گئے کسی کا کوئی پرسان حال نہ تھا۔ آخر شاہِ وقت کو کیا ہوا کہ وہ ایک "مجرم" کی فرد جرم

---

[1] تزک جہانگیری مطبوعہ لاہور ۱۹۶۴ء ص ۵۶۳ بحوالہ سیرۃ مجدد الف ثانی از ڈاکٹر مسعود احمد ص ۳،

کے ساتھ ساتھ اپنی صفائی بھی پیش کر رہا ہے، اس تفصیل اور اس صفائی کی کیا ضرورت تھی ؟

جہانگیر کے مندرجہ بالا بیان سے حضرت مجدّد کے خلاف یہ فرد جرم تیار ہوتی ہے۔

(۱) شیخ احمد جعل ساز ہے جس نے سرہند میں مکر و فریب کا جال پھیلا رکھا ہے۔

(۲) ہر شہر و دیار میں اُس نے اپنے خلیفہ چھوڑ رکھے ہیں جو معرفت کی دکان آرائی میں پختہ کار ہیں۔

(۳) اس نے مکتوبات کے نام سے ایک مجموعۂ خرافات مرتب کرایا ہے جس میں بعض باتیں کفر کی حد تک پہنچی ہیں۔

(۴) اُس نے یہ دعویٰ کیا ہے کہ وہ خلفاء کے مقامات سے بھی عالی تر مقام پر فائز ہوا ہے۔

(۵) وہ بے عقل و کم فہم ہے۔

(۶) وہ مغرور و خود پسند ہے۔

(۷) اُس نے عوام الناس میں شورش پیدا کر دی ہے۔

اب ہم اس فرد جرم کا تجزیہ کرتے ہیں:۔

(۱) جعل ساز کی حقیقت تو صورت دیکھ کر معلوم کی جا سکتی ہے، کیا ایک بادشاہ میں قیافہ شناسی کا اتنا بھی مادہ نہ تھا کہ وہ ایک جعل ساز اور فرشتہ صورت میں تمیز کر پاتا؟

(۲) دوسرے الزام کا تعلق پہلے الزام کے تحقق پر منحصر ہے، جب یہی متحقق نہیں تو یہ الزام بے بنیاد ہے۔

(۳) مکتوبات شریف کا تعلق علم معرفت و شریعت سے ہے، اس کو وہی پرکھ سکتا اور اس کے متعلق وہی فیصلہ صادر کرنے کا حق رکھتا ہے جو علم معرفت و شریعت میں ید طولیٰ رکھتا ہو۔ ایک مبتدی اور نا آشنائے محض کو فیصلہ کرنے کا کوئی اختیار نہیں، اس لیے اُس کے فیصلے ہر حالت میں نا معقول تصوّر کیے جائینگے اس بے بنیاد دعویٰ سے قطع نظر دربار میں ایسے حضرات بھی موجود تھے جو خلفاء اربعہ تبرّا اور سب و شتم کو دین و ایمان سمجھتے تھے، آخر اُن کے خلاف

کیا کیا گیا؟ جب کچھ کیا گیا تو معلوم ہوا کہ یہ الزام ایک بہانہ ہے۔

(۵) بے عقل و کم فہم ہونا قابلِ تعزیر جُرم نہیں، پھر اُس ہستی پر یہ الزام جس کی فراست و دانائی کو دنیا کے دانشوروں نے تسلیم کیا ہے۔

(۶) مغرور و خود پسند ہونا فی نفسہٖ ایک فعل قبیح ہے لیکن یہ الزام اُس بادشاہ کی طرف سے لگایا جا رہا ہے جس کی خود پسندی اور غرور کا یہ عالم تھا کہ اُس نے رعایا سے خود کو سجدے کرائے اور اُس کا نام "زمین بوس" رکھا۔ اس لیے یہ الزام بھی بے بنیاد ہے اور خود جہانگیر کے عجب و خود پسندی کی غمازی کر رہا ہے۔

(۷) ہاں شورش والی بات سمجھ میں آتی ہے، مگر اس شورش کی تفصیل نہ بتائی صرف اشارے کو کافی سمجھا۔ ع کرشمہ دامنِ دل می کُشد کہ جا ایں جاست

یہی وہ شورش تھی جو حضرت مجدّد کی اصلاحی تحریک نے ملک کے طول و عرض میں پیدا کر دی تھی، اور جس نے آگے چل کر سلطنتِ مُغلیہ کو ہم آغوشِ اسلام کر دیا، جہانگیر ایسی شورش کو دبانا چاہتا تھا جیسا کہ ہر دور کے عیش پرست حاکموں نے ایسی تحریکوں کو دبایا ہے، اس لیے جہانگیر نے گرفتاری کے دو خاص سبب بیان کئے:۔

(ا) تاکہ اُس کے مزاج کی شوریدگی اور اُس کے دماغ کی آشفتگی جاتی رہے۔

(ب) عوام میں جو شورش پھیلی ہوئی ہے وہ تھم جائے۔

حریت پرستی اور اسلام دوستی کو شوریدگی و آشفتگی سے تعبیر کیا اور اس حریت پسندی اور اسلام دوستی نے فضاؤں میں جو زندگی بھر دی تھی اُس کو شورش تعبیر کیا۔ ع بریں عقل و دانش بباید گریست!

حضرت مجدّد کی قید کی خبر سُن کر اراکینِ سلطنت میں سخت بے چینی پیدا ہوئی چنانچہ خان خاناں[۱]، خان اعظم[۲]، سید صدر جہاں[۳]، اسلام خاں[۴]، مہابت خاں[۵]، مرتضیٰ[۶]، [illegible]یت خاں[۷]، خان جہاں لودھی[۸]، سکندر خاں[۹]، حیات خاں[۱۰] اور دریا خاں وغیرہ جو آ[illegible] تھے، باہم خط و کتابت کر کے بغاوت پر آمادہ ہو گئے۔ لیکن آپ نے ان سب

تسلّی و تشفی کے خط لکھ کر بغاوت کرنے سے روک دیا۔ آپ دورانِ قید بھی تبلیغ فرماتے رہے۔ چنانچہ بہت سے کفّار آپ کے دست مبارک پر مشرف بااسلام ہوئے اور سینکڑوں کو داخل طریقہ فرما کر آپ نے درجۂ ولایت تک پہنچا دیا۔ ایّام قید میں آپ نے کبھی بادشاہ کے لیے بددُعا نہ کی بلکہ فرماتے تھے کہ اگر بادشاہ مجھے نظر بند نہ کرتا تو اتنے آدمی جو فوائدِ دینی سے مستفید ہوئے، محروم رہ جاتے۔ اور ہماری ترقیٔ مقامات جو نزولِ بلا پر موقوف تھی وقوع میں نہ آتی۔ جیسا کہ ان مکتوبات سے ظاہر ہے جو آپ نے اُن ایّام میں صاحبزادگان اور دیگر ارادت مندوں کو لکھیں ہیں۔ دو سال کے بعد بادشاہ اپنے کئے پر نادم ہوا اور آپ کو اعزاز و اکرام سے اپنے پاس بلا کر معذرت کی اور آپ کا ایسا محب بن گیا کہ آپ کو لشکر میں اپنے پاس رکھتا تھا اور شہزادہ خرم کو جو مقلب بہ شاہجہان ہوا آپ کے مریدین کے زمرہ میں داخل کر دیا۔ بعد ازاں اورنگ زیب عالمگیر بھی اسی سلسلہ میں داخل ہوا اور امراؤ وزرا کثرت سے سلسلہ مجدّدیہ میں منسلک ہوئے۔ القصہ آپ لشکری زندگی میں بھی اپنی بے اختیاری کا خوب ذوق و لطف اُٹھاتے رہے اور بدستور تبلیغ میں مشغول رہے۔ سنہ ۱۰۳۲ھ (۱۶۲۲-۲۳ء) میں آپ اجمیر شریف میں تشریف رکھتے تھے کہ آپ کو قربِ رحلت کے آثار محسوس ہوئے۔ آپ کو لشکر سے رخصت مل گئی۔ وطن میں آکر آپ نے سجّادہ نشینی اختیار فرمائی اور ارشاد کا کام اپنے صاحبزادے خواجہ محمد معصوم کے سپرد کر دیا۔

صاحبِ زبدۃ المقامات لکھتے ہیں کہ اگرچہ اس کے بعد بادشاہ اس امر سے نادم و پشیمان ہوا، اور اس نے بہت سے عذر کئے مگر یہ بے ادبی اُس کے لیے نامبارک ہوئی۔ اُس کی سلطنت میں بہت شور و فتور پیدا ہوا۔ اُس کے بعض بڑے علاقوں پر ایرانیوں نے قابض ہو کر اپنے قبضہ میں کر لیا اور وہ خود مُہلک کمزوریوں میں مبتلا ہو گیا۔ یہاں تک کہ بدحال میں اس دُنیا سے چل دیا۔

اخلاق و عادات

صبر و شکیب[1]، تسلیم و رضا[2]، حسبِ حال ہر ایک کی تعظیم[3]، لوگوں پر شفقت[4]، صلۂ رحم[5]، اربابِ حقوق کی رعایت، مریضوں کی عیادت میں سبقت[6]، کلام میں نرمی آپ کا شیوۂ حسنہ تھا۔ آپ کا طریقۂ عمل پر عزیمت تھا۔

عبادات و عادات میں نہایت احتیاط اور سنت کا کمال اتباع ملحوظ تھا۔ چنانچہ ایک روز کا ذکر ہے کہ آپ معارف کے لکھنے میں مشغول تھے۔ پیشاب کے لیے جو جلدی سے اُٹھے تو بیت الخلا میں داخل ہوئے لیکن فوری طور پر باہر نکل آئے۔ لوگوں کو حیرت ہوئی کہ کیوں اتنی جلدی چلے آئے۔ فوراً پانی منگا کر انگوٹھے کو دھویا اور پھر بیت الخلاء میں گئے۔ جب وہاں سے نکلے تو فرمایا کہ جب میں بیت الخلا میں داخل ہوا تو دیکھا کہ میرے انگوٹھے پر سیاہی کا داغ ہے جو حروفِ قرآنی کی کتابت کا سامان ہے۔ اِس لیے مناسب نہ سمجھا کہ سیاہی سمیت وہاں بیٹھوں (گو پیشاب کی سخت حاجت تھی لیکن ترکِ ادب کے معا میں آپ نے اسے روک رکھا)

اسی طرح ایک روز جو بیت الخلاء میں داخل ہوئے تو غلطی سے پہلے دایاں پاؤں اندر رکھ دیا۔ اُس روز احوال بند رہے۔

ایک دفعہ مولانا صالح ختلانی علیہ رحمۃ کو فرمایا کہ تھیلی میں سے چند ایک لونگ نکال لاؤ۔ وہ چھ دانے نکال لائے۔ آپ نے جھڑک کر فرمایا کہ دیکھو یہ بھی صُوفی ہیں اس نے اتنا بھی نہیں سُنا کہ اللہ وِتر یحب الوتر۔ عدد طاق کی رعایت مستحب اگر اللہ تعالیٰ کے پسندیدہ عمل کے عوض تمام دنیا و آخرت بھی دے دیں تو بھی سہ کہ کچھ نہیں دیا۔

ایک روز آپ اپنے تخت مبارک پر تکیہ لگائے بیٹھے تھے کہ جھٹ پٹ نیچے آئے اور فرمایا کہ مجھے تخت تلے ایک کاغذ دکھائی دیا ہے، معلوم نہیں، اس میں کچھ ہے یا نہیں۔ آپ نے اتنی دیر بھی تخت پر بیٹھنا جائز نہ سمجھا کر کسی کو حکم دیں کہ تخت تلے کاغذ نکالے گویا آپ نے ایسی صورت میں تخت پر بیٹھنا بے ادبی سمجھا۔

ایک دفعہ کا ذکر ہے ایک حافظ جس کے نیچے فرش بچھا تھا۔ قرآن شریف پڑھنے مشغول ہوا۔ جب آپ نے نگاہ فرمائی تو دیکھا کہ جہاں پر خود تشریف رکھتے وہاں فرش زیادہ ہے، فوراً اپنے نیچے سے نکال دیا تاکہ اُس حافظ اونچے نہ بیٹھیں۔

وفات آپ آیامِ مرض میں تنہائی بہت پسند کرتے تھے۔ ایک روز حرم سرا کی دہلیز میں لیٹے ہوئے تھے۔ فرمایا کہ اس سرا میں جو دو مہینے کے بعد آئے گی ہم اس گھر میں نہ ہوں گے۔ حاضرین نے عرض کیا کہ آپ شاید خلوت خانہ میں آرام فرمائیں گے فرمایا کہ وہاں بھی نہیں اور نہ ان گھروں میں سے کسی میں۔ عرض کیا کہ پھر کس جگہ۔ فرمایا کہ میں دیکھ رہا ہوں جو ہونے والا ہے۔ ماہ ذوالحجہ ۱۰۳۳ھ کے وسط میں عارضہ ضیق النفس (سانس کی تکلیف) نے غلبہ پایا۔ ان دنوں میں لقائے حق سبحانہ (اللہ تعالیٰ کے دیدار) کے شوق میں آپ روپڑتے تھے چند روز صحت بھی رہی۔ اسی اثنا میں خیرات وصدقات بکثرت وقوع میں آئے۔ بتاریخ ۱۲ محرم الحرام ۱۰۳۴ھ فرمایا کہ ابھی مجھے بتایا گیا کہ چالیس پچاس دن کے درمیان تجھے اس جہان سے اُس جہان میں جانا پڑے گا۔ اور میری قبر مجھے دکھائی گئی۔ بتاریخ ۲۳ صفر بروز جمعرات آپ نے درویشوں میں کپڑے تقسیم کئے۔

اگرچہ آپ پر ضعف غالب آگیا تھا لیکن عبادات و وظائف کے اوقات میں سرمو فرق نہ آیا۔ بدستور ذکر، شغل، مراقبہ، دن رات کے اوراد، نماز باجماعت ادا کرتے رہے۔ حدِ شریعت و طریقت کا کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کیا۔ روزِ وصال کی شب کو آپ نے ان خادموں کو جو راتوں آپ کی خدمت کرتے رہے، فرمایا تم نے بہت محنت کی صرف آج کی رات اور محنت ہے کل تمہاری خلاصی ہو جائے گی۔ اور تمام رات یہ ہندی مصرعہ بار بار پڑھتے رہے ؎

آج ملاوا کنت سوں سکھی سب جگ دنیواں وار

اے محرم! آج وصالِ دوست ہے، میں تمام جہان نثار کرتا ہوں۔

اسی رات آپ نے وہ تمام دعائیں پڑھیں جن کا ذکر صحیحین (بخاری شریف و مسلم شریف) میں ہیں۔ رات کے آخری تیسرے حصہ میں اُٹھ کر وضو کیا تہجد کی نماز کھڑے ہو کر ادا کی اور فرمایا کہ یہ ہماری آخری نمازِ تہجد ہے اور واقعی ایسا ہی ہوا۔ جب صبح ہوئی تو فجر کی نماز باجماعت ادا کی حسبِ عادت مراقبہ کیا۔ بعد ازاں اشراق بڑی دیر تک ادا کی اور اس وقت کی ادعیہ ماثورہ (وہ دعائیں جو حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے

منقول ہیں۔) اس کے بعد فرمایا کہ پیشاب کے لیے طشت لاؤ۔ اتفاقاً آپ کے خادم مولانا محمد قاسم نے بغیر ریت والا طشت حاضر کیا اور ریت والا طشت نہ لائے، فرمایا اس میں ریت نہیں ہے احتمال ہے کہ کہیں پیشاب کے قطرے اچھٹ کر لباس پر گریں۔ اس لیے پیشاب کا ارادہ ترک فرما دیا۔ آخر ریت والا طشت حاضر کیا، تو فرمایا، اب اتنی فرصت کہاں کہ پیشاب کے بعد وضو کر سکوں، اس کو لے جاؤ اور مجھے بستر پر لٹا دو، چنانچہ آپ کو تکیہ کے سہارے لٹا دیا گیا تو آپ نے بطریق مسنون قبلہ رُخ کر کے رخسار کے نیچے اپنا داہنا ہاتھ رکھ لیا اور ذکر میں مشغول ہو گئے۔ چونکہ آپ نمازِ فجر سے باطہارت تھے اور آپ کو معلوم تھا کہ رحلت کا وقت بہت قریب ہے، اس لیے آپ نے پیشاب کا ارادہ ترک فرمایا تاکہ پہلا وضو نہ ٹوٹے اور طہارت کے ساتھ اِس دارِ فانی سے انتقال فرمائیں۔ جب صاحبزادہ خواجہ محمد سعید قدس سرہٗ نے دیکھا کہ سانس تیز آنا شروع ہو گیا ہے تو گھبرا کر پوچھا حضور کا مزاج مبارک کیسا ہے؟ فرمایا کہ

"میں بہت اچھا ہوں، دو رکعت نماز جو ہم نے پڑھی ہے، وہ کافی ہے۔"

اس میں بھی آپ کو انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کا اتباع نصیب ہوا کیونکہ یہ بات ثابت ہے کہ تمام انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کا آخری کلام نماز کی بابت ہوا ہے۔ اس کے بعد آپ کوئی بات نہیں کی اور ایک لحہ بعد اللہ اللہ کہتے ہوئے، عالمِ قدس میں پہنچ گئے، آہ! آفتابِ حقیقت جس کے فیضان کی شعاعوں سے ایک عالم منور تھا، دیکھتے ہی دیکھتے غروب ہو گیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون رحمۃ اللہ سبحانہ رحمۃً واسعۃً

آپ کا وصال تریسٹھ سال کی عمر میں منگل کے دن ۲۸/ صفر المظفر ۱۳۴۲ھ مطابق ۱۶ ستمبر ۱۹۲۳ء بوقتِ اشراق ہوا۔ اور اُس قبہ منورہ میں جو خود آپ نے اپنے بڑے صاحبزادہ خواجہ محمد صادق رحمۃ اللہ علیہ کے مرقد پر تعمیر فرمایا تھا، دفن ہوئے۔

اکثر حضرات نے بکثرت آپ کی تاریخ وصال کہیں۔ حضرت مولانا محمد ہاشم کشمی رحمۃ اللہ علیہ نے ۳۶ مادے بعدد عمر شریف آپ کی وفات کے نکالے ہیں جن میں

ایک آیت پیش کی جاتی ہے۔

جس سے آپ کا سن وفات نکلتا ہے:۔

اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ لَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ

اکثر حضرات نے قطعاتِ تاریخ وفات بھی کہے، چند ایک درج ذیل ہیں:۔

(۱)

(حضرت مولانا محمد ہاشم کشمی رحمۃ اللہ علیہ)

زیں جہانِ پُر بلا چوں شاہِ عرفاں نقل کرد — ظِل را بگذاشت در رہ، رُو باصل الاصل کرد

جستم از تاریخ نقلِ او ز دارالابتلا — گفت ہاتف "احمد الثانی باوّل نقل کرد"

۱۰۳۴ھ

(۲)

(ابوعبداللہ محمد فاضل بن سیّد احمد بن سیّد حسین حسینی ترمذی اکبرآبادی رحمۃ اللہ علیہ)

بُود آں شیخ احمد ثانی — طاق آفاق در خدادانی

او بسلخ صفر سفر فرمود — زیں جہاں سوئے حضرت معبود

سالِ ترحیل آں خدا آگاہ — شُد رقم "شیخ بود اہل اللہ"

۱۰۳۴

(۳)

(علی اکبر اُردستانی رحمۃ اللہ علیہ صاحب مجمع الاولیاء)

اُو اَعلم اہلِ عصر دور علمِ علم — لوح الاسرار ولامع مُلک کرم

اُو مہر کمال و سرورِ عالَمِ حلم — گردرہِ اُو سرمہ دہِ اہلِ حرم

۱۰۳۴ھ

آپ کے روضۂ مقدسہ کی نسبت حضرت عروۃ الوثقیٰ خواجہ محمد معصوم رحمۃ اللہ علیہ

باتِ معصومیہ دفتر ثانی مکتوب ۷۰ میں یوں تحریر فرماتے ہیں:۔

"مخفی نہ رہے کہ ہمارے حضرت مجدد الف ثانی کو بھی حضور سرورِ دنیا و دین صلی اللہ علیہ وسلم کے کمالِ اتباع کے سبب سے یہ بشارت دی گئی تھی کہ روضۂ متبرک جس میں حضرت کی قبر ہے اور اس روضہ مقدسہ کا صحنِ قدیم ریاض جنت میں سے ایک روضہ ہے۔ فرماتے تھے کہ "مجھے

بشارت دی گئی ہے کہ اگر اس روضہ مقدسہ کی خاک کی ایک مٹھی کسی شخص کی قبر میں ڈال دی جائے تو اُمیدواریاں ہیں "پس اس شخص کا کیا حال جو اِس روضہ مقدسہ میں مدفون ہے"۔

اسی روضہ مقدسہ کی نسبت حضرت شاہ ابوسعید مجددی رح کے صاحبزادے شاہ عبدالغنی مہاجر دہلوی (متوفی ۱۲۹۶ھ) نے یہ چند نہایت پُر لطف لکھی ہیں۔

اے خاکِ پاک روضہ عبیری وعنبری — کہ اہلِ جہاں ز بوئے تو مدہوش گشتہ اند
ساقی فشاند بر تر خوش آبے کہ اہلِ دہر — عاقل بہ بیشت آمدہ مخمور رفتہ اند
سرے ز خاکِ خلد تو داری کہ اہلِ ارض — یک نفحہ از تو یافتہ بر چرخ رفتہ اند
نے نے ترا ز تربتِ یثرب گرفتہ اند — نہاں ز روم و شام بسر ہند ہشتہ اند
ایں خاک احمدی است بذاتِ احد نگر — نے یک کہ صد ہزار زیں خاک جستہ اند
اہلاً و مرحبا پئے زوّار تو بسے — اقفال بُعد بر رُخ اعدات بستہ اند
یارب مکن خلاص ازیں خاکِ در مرا — بد حال آنکساں کہ ازیں خاک رستہ اند
شیرے بخواب ناز بہ پہلوے در شبل — یارب چہ راتہا ست کہ ایں جا نہفتہ اند

تنہا غنی نہ نغمۂ مدحِ تو ساز کرد
کروبیانِ عرش ہم اینگونہ گفتہ اند

اس روضۂ مقدسہ کو حاجی سیٹھ ولی محمد و حاجی ہاشم خلف حاجی دارا ساکن دوراجی کاٹھیاواڑ (انڈیا) نے ۱۳۴۴ھ/۱۹۲۵ء میں دوبارہ تعمیر کرایا تھا۔ قبہ قدیمہ کو بحال رکھ کر اُس کے اُوپر سنگ مرمر کا نہایت عالیشان اور خوبصورت ایسا گنبد بنا ہے کہ دل کو سرور آنکھوں کو نور بخشتا ہے۔ اس جدید عمارت پر ایک لاکھ چونتیس ہزار روپے صرف ہوئے تھے اور پانچ سال میں تیار ہوئی تھی۔ جنوبی دروازے یہ عبارت لکھی گئی ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

مزار پُر انوار حضرت امام ربّانی مجدّد الف ثانی شیخ احمد فاروقی
نقشبندی سرہندی رحمۃ اللہ علیہ
ایں روضۂ منوّرہ بتاریخ ۱۳۴۴ھ بمطابق ۱۹۲۵ء
تعمیر یافت

مندرجہ ذیل قطعۂ تاریخ تعمیر بھی کندہ ہے: ؎

بعد از سہ صد سال بناشد — روضۂ محبوب ربّانی
پُر تو گنبدِ خضرا گویا — کان مجدّد الف ثانی

۱۳۴۴ھ

حکیم الامت حضرت علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے اس روضہ مبارک کی نسبت یوں لکھا ہے ؎

حاضر ہوا میں شیخ مجدّد کی لحد پر — وہ خاک کہ ہے زیرِ فلک مطلعِ انوار
اس خاک کے ذرّوں سے ہیں شرمندہ ستارے — اس خاک میں پوشیدہ ہے وہ صاحبِ اسرار
گردن نہ جھکی جس کی جہانگیر کے آگے — جس کے نفسِ گرم سے ہے گرمیٔ احرار
وہ ہند میں سرمایۂ ملّت کا نگہباں — اللہ نے بروقت کیا جس کو خبردار

(زبورِ عجم)

آپ کی وفات کے بعد آپ کے صاحبزادے خواجہ محمد معصوم قدس سرہٗ نے آپ کو واقعہ میں دیکھا۔ پوچھا کہ منکر نکیر کا سوال کس طرح گزرا۔ فرمایا کہ

"حق سبحانہ نے کمال رحمت سے پہلے مجھے الہام کیا کہ اگر تم اجازت دو، تو منکر نکیر تمہارے پاس آئیں"

میں نے عرض کیا کہ بندۂ مسکین کے پاس نہ آئیں۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی نہایت رحمت سے میرے پاس نہ بھیجے۔ پھر میں نے ضغطہ قبر (قبر کی سختی) کی نسبت پوچھا کہ ہوا مگر اقل قلیل (بہت معمولی) خواب ہی میں معلوم ہوا کہ ایک شخص کہہ رہا ہے اقل قلیل بطور تواضع فرما رہے ہیں ورنہ اتنا بھی نہیں ہوا۔

وضع و لباس آپ کا حلیہ مبارک یہ ہے۔ دراز قد، نازک بدن، گندم گوں، کشادہ پیشانی، پیشانی اور رخسارے پُر نور درخشاں، آنکھیں بڑی، ناک مبارک بلند و باریک، دہن مبارک نہ دراز نہ کوتاہ، دندان مبارک

ایک دوسرے سے متصل اور درخشاں مثل لعلِ بدخشاں، ریش مبارک خوب گھنی اور دراز و مربع۔ ہاتھ مبارک بڑے بڑے، انگلیاں باریک اور پاؤں نہایت لطیف طریقہ کی طرح آپ کا لباس بھی صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا سا تھا۔ ایک بڑا عمامہ سر پر مسواک دستار کی کور میں، شملہ دونوں کندوں کے بیچ تک، قمیض کے گریبان کا شگاف دونوں کندھوں پر۔ پاجامہ شرعی ٹخنوں سے اوپر تک بلکہ نصف پنڈلی تک۔ کفش مبارک پاؤں میں، عصا ہاتھ میں، سجادہ کندھے پر، سجدے کا نشان پیشانی پر۔

تصانیف

(۱) مکتوباتِ شریف کی تین جلدیں ہیں۔ جلد اوّل ۱۰۲۵ھ، دوسری جلد ۱۰۲۸ھ اور تیسری جلد ۱۰۳۱ھ کو اختتام کو پہنچی۔ پاک و ہند، ماوراء النہر اور دیار کے علماء و فضلاء اور اصفیاء و عرفاء نے اسے مرشدِ طریق قرار دیا۔ قریباً پونے تین سو تک طالبانِ حق اس کے خطی نسخوں سے مستفید و مستفیض ہوتے رہے اور دل دادگانِ تصوّف و معرفت اور سالکانِ ہویت بجتہ اپنی عمر عزیز کے قیمتی اوقات اس نقول لینے میں صرف کرتے رہے۔ چنانچہ اس کے خطی نسخے بہت جلد عالم اسلام میں پھیل گئے۔

مطابع وجود میں آگئے تو مکتوبات قدسیہ کو متعدد مطابع نے طبع کر کے شائع اور سب سے بہتر طریق پر حضرت مولانا الحاج نور احمد نقشبندی مجددی امرتسری علیہ الرحمہ (متوفی ۱۳۴۸ھ) مرید و مجاز شیخ العرفاء حضرت شاہ ابوالخیر مجددی دہلوی قدس سرہٗ (متوفی ۱۳۴۱ھ) نے نہایت تصحیح اور بلیغ تحشیہ کے ساتھ نو حصّوں میں منقسم کر کے ۱۳۲۶ھ ۱۳۳۲ھ میں امرتسر سے طبع و شائع کیا۔ حق یہ ہے کہ مولانا مرحوم نے یہ عظیم کارنامہ سرانجام دے کر حضرت امام ربانی قدس سرہٗ سے اپنی سچی عقیدت اور روحانی تعلق کا حق ادا کر دیا۔

مولانا نور احمد امرتسری رحمۃ اللہ علیہ کے مصححہ و محشّٰی یہ مکتوبات ۱۹۶۴ء میں نور کمپنی انارکلی لاہور نے چھاپے۔ شروع میں مولانا نور احمد کے حالات زندگی و خدمات علمی کا اجمالی تعارف حکیم اہل سنت حضرت حکیم محمد موسیٰ امرتسری مدظلہٗ نے لکھا۔ ۱۹۶۲ء میں ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خاں نے نسخۂ امرتسری کا عکسی ایڈیشن کراچی سے شائع

گیا۔ جبکہ ۱۹۷۲ء میں عالم اسلام کے عظیم فاضل حسین حلمی نے استانبول (ترکی) سے نسخہ کراچی کا شاندار اور آفسٹ پیپر پر عکسی ایڈیشن شائع کر کے حضرت مجدد قدس سرہ، کے عقیدت مندوں کو روحانی تسکین کا سامان بہم پہنچایا۔ یہی ایڈیشن اس وقت ہمارے پیش نظر ہے۔

مکتوبات شریف کے بے شمار عربی ترجمے بھی ہوئے جو اکنافِ عالم میں پھیلے۔ دو عربی ترجموں کے خطی نسخے کتب خانہ اوقاف بغداد شریف میں موجود ہیں۔ تیسرا ترجمہ علامہ محمد مراد مکی رح کا ہے۔ جو ۱۳۱۷ھ میں مکہ مکرمہ میں طبع ہوا۔

پھر اردو تراجم کا سلسلہ شروع ہوا۔ اردو ترجمہ پیش کرنے کی ایک کوشش مولوی محمد حسین ابن مولوی قادر بخش ساکن احمد آباد ضلع جہلم نے کی، اس ترجمے کا پہلا حصہ "الطاف رحمانی ترجمہ اردو مکتوباتِ امام ربانی" کے نام سے مولوی امام الدین تاجر کتب راولپنڈی نے ۱۳۱۲ھ میں طبع کیا، جو صرف پہلے بیس مکتوبات کا ترجمہ ہے اس کے اگلے حصے کبھی دیکھنے میں نہیں آئے۔

مولوی عبدالرحیم نائب مدیر اخبار "وکیل" امرتسر نے مکتوبات کے ترجمے کا کام شروع کیا تھا، پہلا حصہ خواجہ باقی باللہ رحمۃ اللہ علیہ کے نام لکھے گئے مکتوبات کو چھوڑ کر آگے کے مکتوبات کے ترجمہ اور تشریحی حواشی پر مشتمل تھا، جو روز بازار اسٹیم امرتسر میں ۱۳۳۰ھ میں طبع ہوا مگر یہ سلسلہ جاری نہ رہ سکا ——— "گنجینۂ انوار رحمانی اردو ترجمہ مکتوباتِ امام ربانی" کے نام سے ابتدائی چالیس مکتوبات کا ترجمہ اسلامی دکان کشمیری بازار لاہور نے ۱۳۳۰ھ میں چھاپا تھا مگر یہ کام بھی یہیں رک گیا۔ مکمل مکتوبات شریف کا اردو ترجمہ پیش کرنے کی سعادت مولانا عالم دین نقشبندی مجددی رحمۃ اللہ علیہ کے حصے آئی۔ اُن کے مترجمہ مکتوبات اللہ والے کی قومی دکان لاہور سے دوبارہ شائع ہو کر کمیاب ہو چکے ہیں۔

کئی حضرات نے مکتوبات قدسیہ کے فارسی، اردو انتخاب اور خلاصے شائع کیے۔ اس انداز کا سب اچھا کام شاہ ہدایت علی نقشبندی مجددی جے پوری (متوفی ۱۳۰۰ھ)

کا ہے۔ انہوں نے "دُرِّ لاثانی" کے نام سے مکمل مکتوب کی اردو تلخیص کی جو ۱۳۵۷ھ / ۱۹۳۹ء میں معارف پریس اعظم گڑھ (انڈیا) سے طبع ہوئی۔ ۱۹۶۱ء میں اعلیٰ کتب خانہ کراچی نے "انتخاب مکتوبات" کے نام سے اس کا دوسرا ایڈیشن شائع کیا۔ جبکہ اس کا تیسرا اور آخری ایڈیشن ۱۹۷۶ء میں مکتبہ نبویہ گنج بخش روڈ لاہور نے "خلاصہ مکتوباتِ امام ربانیؒ" کے نام سے چھاپا۔ یہی ایڈیشن ہمارے پیش نظر ہے۔ القصہ علماء اور صوفیہ نے مکتوبات پر بہت زیادہ کام کیا ہے۔

حضرت مولانا محمد سعید احمد نقشبندی مجددی مدظلہ نے محسوس کیا کہ حضرت مولانا نور احمد امرتسریؒ کے محشی مکتوبات کی اشاعتِ مسلسل سے عربی اور فارسی کے ماہرین کے ذوق کی تسکین کا سامان تو ہو گیا ہے مگر اردو ترجمے کی نایابی کی بنا پر فارسی سے ناواقف لوگ حضرت امام ربانی قدس سرہٗ کے فیوض و برکاتِ علمیہ اور معارفِ لدنیہ سے بہرہ یاب ہونے سے محروم ہیں۔ چنانچہ انہوں نے محنتِ شاقہ سے مکمل مکتوبات کا ترجمہ تین جلدوں میں کیا، جسے مدینہ پبلشنگ کمپنی بندر روڈ کراچی نے ۱۹۷۱ء میں بڑی آب و تاب سے شائع کیا۔ یہی ایڈیشن اس وقت ہمارے پیش نظر ہے۔

ڈاکٹر سراج احمد خاں نے "مکتوباتِ امام ربانی کی دینی و معاشرتی اہمیت" کے زیر عنوان "پی ایچ ڈی" کی ہے۔ اُن کا یہ مقالہ ۱۹۷۶ء میں کراچی سے کتابی صورت میں طبع ہو چکا ہے۔ جو ہمارے پیش نظر ہے۔

"حضرت مجدد الف ثانی کے سیاسی مکتوبات" کے عنوان سے معروف ادیب آباد شاہ پوری نے بھی تلخیص کی جو ۱۹۷۶ء میں مکتبہ چراغ اسلام ۔۴، بی اُردو بازار لاہور نے شائع کی اور ہمارے پیش نظر ہے۔

(۲) رسالہ تہلیلیہ:۔ ڈاکٹر غلام مصطفےٰ خان کی تحقیق کے مطابق یہ رسالہ ۱۰۱۰ھ کی تصنیف ہے۔ اس رسالہ میں حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہٗ نے کلمہ طیبہ سے متعلق مندرجہ ذیل امور پر بحث کی ہے۔ یعنی لفظ "اللہ" کی تحقیق، لفظ "اللہ" کے لطائف، دلیل توحید فلاسفہ کی دلیل، قرآن و سنت کی روشنی میں کلمۂ توحید کے فضائل اور حضور رسید عالم

صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کے دلایل و معجزات وغیرہ

اگرچہ ایسی بحث دوسرے بزرگوں کے یہاں بھی آجاتی ہے لیکن حضرت مجدد قدس سرہٗ نے چونکہ اپنے زمانے کے جابرانہ اور کافرانہ نظام کے خلاف نہ صرف نظری بلکہ عملی طور پر بھی اعلائے کلمۃ الحق فرماکر "دار و رسن" کی اذیتیں جھیلی ہیں، اس لیے یہ رسالہ علمی اور تاریخی اعتبار سے بہت اہمیت رکھتا ہے۔

ہمارے پیش نظر اِس رسالہ کا اُردو ترجمہ ہے، جسے ادارہ مجددیہ، ناظم آباد کراچی نے ۱۹۶۵ء میں بڑی محنت، تحقیق اور اہتمام سے شائع کیا ہے۔

(۳) تائید اہل سنت (ردِ مذہب شیعہ):۔ اِس رسالہ کی وجۂ تصنیف گزشتہ صفحات میں گزر چکی ہے۔ ہمارے پیش نظر اِس کے تین ایڈیشن ہیں۔ پہلا ایڈیشن فارسی، اردو ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان کا مرتبہ ہے جو ۱۹۷۳ء کراچی سے طبع ہوا۔ دوسرا ایڈیشن پہلے ایڈیشن کا عکسی ایڈیشن ہے جسے جناب حسین حلمی نے ۱۹۷۷ء میں استانبول (ترکی) سے شائع کیا جبکہ تیسرا ایڈیشن ۱۹۸۳ء میں فخر المشائخ حضرت میاں جمیل احمد شرقپوری مدظلہ نے شرق پور شریف ضلع شیخوپورہ سے شائع کیا ہے۔ جو دوسرے ایڈیشن کا عکس ہے۔

مکاشفاتِ عینیہ:۔ یہ رسالہ تقریباً ۱۰۵۱ھ میں حضرت مجدد قدس سرہٗ کی رحلت کے بعد حضرت محمد ہاشم کشمی رحمۃ اللہ علیہ نے مرتب کیا تھا۔ یہ حضرت مجدد کی تحریروں پر مشتمل ہے ۱۹۶۵ء میں کراچی سے اداریہ مجددیہ کراچی کے زیر اہتمام ڈاکٹر غلام مصطفیٰ نے شائع کرایا تھا۔ یہی ایڈیشن ہمارے پیش نظر ہے۔

معارف لدنیہ:۔ اس کتاب کا ایک ایڈیشن مجلسِ علمی ڈابھیل ضلع سورت کے زیر اہتمام مدینہ پریس بجنور سے ۱۳۵۱ھ میں طبع ہوا تھا۔ ایک ایڈیشن حکیم عبدالمجید سیفی نے ۱۳۷۶ھ میں لاہور سے چھپوایا تھا۔ ایک ایڈیشن ادارہ سعدیہ مجددیہ لاہور کے زیر اہتمام حضرت مولٰنا محبوب الٰہی کا تصحیح شدہ نسخہ ۱۳۸۵ھ میں طبع ہوا تھا۔ ہمارے پیش نظر وہ ایڈیشن ہے جو ادارہ مجددیہ کراچی نے ۱۳۸۸ھ/۱۹۶۸ء میں شائع کیا ہے۔

(۶) مبداء و معاد:۔ یہ رسالہ حضرت مجدّد الف ثانی قدس سرہٗ کے متفرق مضامین کا مجموعہ ہے، جسے آپ کے خلیفہ مولانا محمد صدیق کشمی رحمۃ اللہ علیہ نے ۱۰۱۹ھ میں مرتب فرمایا تھا۔ اس کا ایک ایڈیشن ۱۲۷۰ھ میں مطبع انصاری دہلی کے زیر اہتمام شائع ہوا۔ ایک ایڈیشن مطبع مجدّدی امرتسر نے ۱۳۲۰ھ میں شائع کیا جسے حضرت مولانا نور احمد امرتسری رحمۃ اللہ علیہ نے تصحیح فرمایا تھا۔ ایک ایڈیشن ۱۳۷۶ھ میں حکیم عبدالمجید سیفی نے طبع کرایا تھا۔ ایک ایڈیشن ادارہ مجدّدیہ سعدیہ لاہور نے ۱۳۸۵ھ میں طبع کیا تھا۔ ہمارے پیش نظر ادارہ مجدّدیہ کراچی کا شائع کردہ ایڈیشن ہے جو ۱۳۸۸ھ / ۱۹۶۹ء میں طبع ہوا۔

(۷) شرح رباعیات خواجہ باقی باللہ:۔ ہمارے پیش نظر ادارہ مجدّدیہ کراچی کا شائع کردہ ایڈیشن ۱۳۸۶ھ / ۱۹۶۷ء ہے

(۸) اثبات النبوۃ:۔ یہ رسالہ ڈاکٹر غلام مصطفےٰ خاں کی کوششوں سے ۱۹۶۵ء میں کراچی سے شائع ہوگیا ہے۔ (۹) تعلیقات العوارف (۱۰) الحاشیہ علی شرح العقاید الجلالی (۱۱) رسالہ تعین ولا تعین (۱۲) رسالہ مقصود الصالحین (۱۳) رسالہ در بیان مسئلہ وحدت الوجود (۱۴) اداب المریدین (۱۵) رسالہ جذب وسلوک (۱۶) رسالہ علم حدیث (۱۷) رسالہ حالات خواجگان نقشبند (۱۸) مجموعہ تصوف (۱۹) کنز الحقائق (۲۰) المقدمۃ السنیہ فی انتصار الفرقۃ السنیہ (۲۱) رسالہ در بیان طریقت حضرات خواجگان (۲۲) رسالہ نصائح وغیرہ (۲۳) رسالہ معرفۃ النفس ومعرفۃ الرب۔ وغیرہ وغیرہ۔

ارشادات قدسیہ

(۱) قرب بخشنے والے اعمال فرائض ہیں یا نوافل۔ فرائض کے مقابل نوافل کی کچھ حیثیت نہیں۔ فرائض میں سے ایک فرض کو ایک وقت میں ادا کرنا ہزار سال کے نوافل کے ادا کرنے سے بہتر ہے اگرچہ نفل خالص نیت سے ادا ہوں۔ اور خواہ کوئی نفل ہوں مثلاً نماز، زکوٰۃ، روزہ، ذکر وغیرہ۔ بلکہ میں کہتا ہوں کہ فرائض کے ادا کرنے کے وقت سنتوں میں سے ایک سنت اور آداب میں سے ایک ادب کی رعایت یہی حکم رکھتی ہے (یعنی ادائے نوافل سے

بدر جہا بہتر ہے۔)

نقل ہے کہ ایک دن امیر المومنین سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نماز فجر باجماعت ادا کی۔ نماز سے فارغ ہو کر آپ نے لوگوں کی طرف نگاہ کی۔ اس وقت اپنے اصحاب میں سے ایک کو نہ پایا۔ فرمایا کہ "فلاں شخص جماعت میں حاضر نہیں ہوا۔ حاضرین نے عرض کیا کہ وہ اکثر شب کو جاگتا رہتا ہے، احتمال ہے کہ وہ اس وقت سو گیا ہو۔ فرمایا کہ اگر وہ تمام رات سو رہتا اور فجر کی نماز جماعت کے ساتھ ادا کرتا تو یہ بہتر تھا۔"

ایک ادب کی رعایت کرنی اور ایک مکروہ خواہ مکروہ تنزیہی ہو سے بچنا اور مکروہِ تحریمی تو ذکر و فکر و مراقبہ و توجہ سے بدر جہا بہتر ہے۔ ہاں اگر کوئی اِن امور کو رعایت و آداب اور مکروہات سے اجتناب کے ساتھ جمع کرے تو وہ بڑا کامیاب ہے۔ اور بغیر اس رعایت و اجتناب کے کانٹے دار درخت پر ہاتھ ملنا ہے۔ مثلاً جس طرح زکوٰۃ کے حساب میں ایک دانگ (پیسہ، درہم) کا صدقہ کرنا سونے کے بڑے بڑے پہاڑ بطور نفل صدقہ دینے سے بدر جہا بہتر ہے۔ اسی طرح اس دانگ کا صدقہ دینے میں آداب میں سے ایک ادب کی رعایت کرنا مثلاً اُسے رشتہ دار فقیر کو دینا اس سے بدر جہا بہتر ہے۔ پس نماز عشاء کو رات کے نصف آخیر میں ادا کرنا اور اس تاخیر کو نمازِ تہجد کی تاکید کا وسیلہ بنانا بہت بُرا ہے کیونکہ حضرات حنفیہ رحمۃ اللہ علیہم کے نزدیک اُس وقت نماز عشاء پڑھنا مکروہ ہے۔

(مکتوبات، جلد اوّل مکتوب ۲۹)

۲) جاننا چاہیئے کہ اس دنیا میں جو کہ آزمائش و امتحان کا مقام ہے، دوست دشمن کو رلا ملا دیا گیا ہے اور دونوں کو رحمت میں شامل کیا گیا ہے۔ آیہ کریمہ وَرَحْمَتِي وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ۔ سورۃ الاعراف آیت ۱۵۶ || اور میری رحمت ہر چیز کو وسیع ہے۔ اس مضمون کو ظاہر کرتی ہے اور قیامت کے دن دشمن کو دوست سے جدا کر دیں گے۔ آیہ کریمہ:۔

وَامْتَازُوا الْيَوْمَ اَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ ۝ | اے مجرمو! آج تم الگ ہو جاؤ۔

سورۃ یٰسین آیت نمبر ۵۹

اس بات کی خبر دیتی ہے کہ اُس وقت رحمت کا قرعہ دوستوں کے نام نکلے گا اور دشمنوں کو محروم مطلق اور واضح طور پہ ملعون قرار دیں گے۔ اور آیہ کریمہ:۔

فَسَاَكْتُبُهَا لِلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِنَا يُؤْمِنُوْنَ ۝

(سورۃ الاعراف آیت ۱۵۶)

میں اپنی رحمت عنقریب اُن لوگوں کے لیے لکھ دوں گا جو تقویٰ اختیار کرتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور جو ہماری آیات پر ایمان رکھتے ہیں۔

اس بات پر شاہد ہے یعنی میں اپنی رحمت ثابت کر دوں گا اُن لوگوں کے لیے جو کفر و معاصی سے پرہیز کرتے ہیں اور زکوٰۃ ادا کرتے ہیں۔ پس اللہ تعالیٰ نے کرم و رحمت کو آخرت میں نیکوں اور نیک کردار مسلمانوں کے لیے مخصوص کر دیا ہے۔ ہاں مطلق اہل اسلام کے لیے خاتم بالخیر ہونے کی صورت میں رحمت سے حصّہ ہے، اگرچہ زمانۂ دراز کے بعد عذاب دوزخ سے نجات پائیں گے لیکن گناہوں کی تاریکی اور آسمان سے نازل کئے گئے احکامِ خداوندی سے لاپروائی کرنے والا کیسے کہہ سکتا ہے کہ وہ دُنیا سے نورِ ایمان سلامتی کے ساتھ لے جائے گا۔ علمائے دین نے فرمایا ہے۔ کہ گناہ صغیرہ پر اصرار کرنا گناہِ کبیرہ تک پہنچا دیتا ہے اور گناہِ کبیرہ پر اصرار کفر تک لے جاتا ہے العیاذ باللہ سبحانہ ۔ (جلد اول مکتوب: ۹۶)

(۳۷) بعض مشائخ نے سُکر کی حالت میں کہا ہے کہ ولایت، نبوّت سے افضل ہے اور بعض اوروں نے اِس ولایت سے مراد نبی کی ولایت لی ہے تاکہ نبی پر ولی کی افضلیت کا وہم دور ہو جائے لیکن حقیقت میں معاملہ اس کے برعکس ہے۔ کیونکہ نبی کی نبوّت اُس کی ولایت سے افضل ہے۔ ولایت میں تنگی سینہ کے سبب سے خلق کی طرف توجہ نہیں کر سکتے اور نبوّت میں سینہ کی کمال کشادگی کے سبب سے نہ تو حق سبحانہ کی توجہ خلق کی توجہ کے مانع ہے اور نہ خلق کی توجہ حق تعالیٰ کی توجہ کے مانع ہے۔ نبوّت میں تنہا توجہ خلق کی طرف نہیں ہوتی تاکہ ولایت کو جس میں توجہ

حق کی طرف ہوتی ہے اُس پر ترجیح دیں. العیاذ باللہ سبحانہ. تنہا خلق کی طرف توجہ چوپاؤں جیسے عوام کا مرتبہ ہے. شانِ نبوت اس سے برتر ہے. سُکر والوں کو اس بات کا سمجھنا دُشوار ہے. صحو والے اکابر اس معرفت کے ساتھ ممتاز ہیں. ع

هنیئاً لارباب النعیم نعیمها || ارباب نعمت کو نعمتیں خوشگوار ہوں (جلد اوّل مکتوب ۱۰۱)

(۴) ارباب تکلیف پر پہلے یہ بات نہایت ضروری ہے کہ اپنے عقاید کو علمائے اہلسنت وجماعت شکر اللہ تعالیٰ سعیہم کی راؤں (رایوں) کے موافق درست کریں. کیونکہ نجاتِ اخروی اِن بزرگوں کی بے خطا رایوں کی تابعداری و پیروی پر موقوف ہے. اور فرقہ ناجیہ یہی بزرگوار اور پیروکار ہیں. اور یہی وہ لوگ ہیں جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور اُن کے اصحاب کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے طریق پر ہیں. اور وہ علوم جو کتاب وسنّت حاصل ہوئے ہیں اُن میں سے وہی معتبر ہیں جو ان بزرگوں نے کتاب وسنّت سے اخذ کئے اور سمجھے ہیں. کیونکہ ہر بدعتی وگمراہ اپنے عقائدِ فاسدہ کو اپنے زعم فاسد میں کتاب وسنّت ہی سے اخذ کرتا ہے. پس اُن کے اخذ کردہ معانی میں سے کسی معنی پر اعتبار نہ کرنا چاہیئے[1]

(مکتوبات شریف جلد اوّل مکتوب ۱۹۳)

موت کے آنے سے پہلے ہی اپنا کام کر لینا چاہیے اور اسے شوق کہتے ہوئے مرنا چاہیئے. اوّل[1] عقائد کا درست کرنا ضروری ہے اور جو کچھ بطریق ضرورت وتواتر دین سے معلوم ہے اُس کی تصدیق ضرورت ہے. دوم[2] ان باتوں کا جاننا اور عمل کرنا ضروری ہے جن کا تعلق علمِ فقہ سے ہے. سوم[3] طریقہ صوفیہ کا سلوک بھی درکار ہے. نہ اِس غرض کے لیے کہ غیبی صورتیں اور شکلیں مشاہدہ کریں اور

---

[1] معلوم ہوا کہ قرآن وحدیث کے صرف وہ معنی قابل اعتبار ہیں جو علمائے اہل سنت اور [illegible] دین نے بیان کئے ہیں. اور یہ ایک ایسا ضابطہ ہے کہ اِسے اختیار کرنے سے انسان [illegible] قوں کے اثر سے محفوظ رہتا ہے (قصوری)

نوُروں اور رنگوں کا معائنہ کریں۔ حسی صورتیں اور انوار کیا کم ہیں کہ کوئی اُن کو چھوڑ کر ریاضتوں اور مجاہدوں سے غیبی صورتوں اور انوار کی ہوس کرے۔ حالانکہ یہ حسی صورتیں اور انوار اور وہ غیبی صورتیں اور انوار دونوں حق تعالیٰ کی مخلوق ہیں اور اللہ تعالیٰ کے صانع ہونے پر روشن دلیلیں ہیں۔ چاند اور سورج کا نوُر جو عالمِ شہادت سے ہے کئی طرح سے اُن انوار پر فضیلت رکھتا ہے جو عالمِ مثال میں دیکھتے ہیں۔ لیکن چونکہ یہ دید دائمی ہے اور خاص و عام اس میں شریک ہیں۔ اس لیے اس کو نظر اور اعتبار میں نہ لاکر انوارِ غیبی کی ہوس کرتے ہیں۔ ہاں ع

آبے کہ رود پیشِ درت تیرہ نماید

جو پانی تیرے دروازے کے سامنے سے گزرتا ہے وہ تجھے گدلا نظر آتا ہے۔

طریق صوفیہ کے سلوک سے مقصود یہ ہے کہ معتقداتِ شرعیہ میں تیقن زیادہ حاصل ہو جائے، تاکہ استدلال کی تنگی سے کشف کی فراخ زمین میں آجائیں۔ اور اجمال سے تفصیل کی طرف آجائیں۔ مثلاً اللہ تعالیٰ کا وجود اور اُس کی وحدت پہلے استدلال و تقلید کے طور پر معلوم ہوا تھا اور اُس کے اندازہ کے موافق تیقن حاصل ہوا تھا۔ جب طریق صوفیہ کا سلوک حاصل ہو جاتا ہے تو وہ استدلال و تقلید، کشف و شہود سے بدل جاتا ہے اور یقین اکمل حاصل ہو جاتا ہے۔ باقی سب اعتقادی امور کا یہی حال ہے نیز طریق صوفیہ کے سلوک سے مقصود یہ ہے کہ احکامِ فقہیہ کے ادا کرنے میں آسانی حاصل ہو جائے اور وہ مشکل دُور ہو جائے جو نفس کی سرکشی سے پیدا ہوتی ہے۔ اور اس فقیر کا یقین ہے کہ طریق صوفیہ حقیقت میں علومِ شرعیہ کا خادم ہے نہ کہ شریعت کے خلاف کوئی امر۔ فقیر نے اس مضمون کو اپنی کتابوں اور رسالوں میں تحقیق کیا ہے اور اس غرض کے حصول کے لیے صوفیہ کے تمام طریقوں میں سے طریقہ عالیہ نقشبندیہ کا اختیار کرنا بہت مناسب اور بہتر ہے کیونکہ اِن بزرگوں نے سنّت کی پیروی متابعت کو لازم پکڑا ہے اور بدعت سے کنارہ کیا ہے۔

(مکتوباتِ شریف جلد اوّل مکتوب ۴۱)

(۶) جاننا چاہیے کہ آخر کار صوفیہ کرام کے معتقدات تمام منازل سلوک طے کرنے اور ولایت کے درجوں کی نہایت کو پہنچنے کے بعد وہی ہیں جو علمائے اہل حق کے ہیں۔ فرق صرف اتنا ہے کہ علماء کو نقل یا استدلال سے حاصل ہوئے ہیں اور صوفیوں کو کشف یا الہام سے۔ اگرچہ صوفیہ میں سے بعض کو اثنائے راہ میں سُکر و غلبۂ حال کے سبب سے ان اعتقادات کے خلاف امور ظاہر ہوتے ہیں۔ لیکن اگر ان کو ان مقامات سے گزر کر نہایت کار کو پہنچا دیں تو وہ امور نیست و نابود ہو جاتے ہیں (یعنی وہ مخالف باتیں بے مقدار ذرات کی طرح اڑ جاتی ہیں)، ورنہ وہ اسی مخالفت پر باقی رہتے ہیں۔ لیکن اُمید ہے کہ اُنہیں اس مخالفت پر گرفت نہیں ہوگی کیونکہ ایسے صوفیہ کا معاملہ خطا کرنے والے مجتہد کا سا ہے کہ جس نے استخراج احکام میں خطا کی اور ان صوفیہ نے کشف میں خطا کی۔

پس سالک کو چاہیے کہ حقیقتِ کار تک پہنچنے سے پہلے باوجود اپنے کشف و الہام کی مخالفت کے علماء اہل حق کی تقلید کو لازم جانے اور علماء کو حق بجانب اور اپنے آپ کو خطا کرنے والا خیال کرے کیونکہ علماء کی دلیل انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کی تقلید ہے جو قطعی وحی سے موید اور خطا اور غلط سے معصوم و پاک ہے۔ اور سالک کا کشف و الہام جو وحی کے ساتھ ثابت شدہ احکام کا مخالف ہو خطا اور غلط ہے۔ پس اپنے کشف کو علماء کے قول پر مقدم رکھنا درحقیقت نازل شدہ احکامِ قطعیہ پر مقدم رکھنے کے مترادف ہے اور یہ عین گمراہی اور محض خسارہ ہے۔

جس طرح کتاب و سنت کے مطابق اعتقاد رکھنا ضروری ہے، اسی طرح ان کے مقتضا پر عمل کرنا کہ جس طریقے سے مجتہدین نے کتاب و سنت سے استنباط کیا ہے اور اُن سے احکام نکالے ہیں یعنی حلال و حرام، فرض و واجب سنت و مستحب، مکروہ مشتبہ اور اُن احکام کا جاننا بھی ضروری ہے۔ اور مقلد کو اس امر کی اجازت نہیں کہ مجتہد کی رائے کے خلاف قرآن و سنت سے از خود احکام

اخذ کرے اور اُن پر عمل کرے اُسے چاہیئے کہ عمل میں اُس مجتہد کے مذہب سے کر
جس کا یہ مقلّد ہے، قولِ مختار کو اختیار کرے اور رخصت سے بچتے ہوئے
عزیمت پر عمل کرے۔ اور جہاں تک ہو سکے مجتہدین کے اقوال کے جمع کرنے میں
بہت کوشش کرے تاکہ متفق علیہ قول پر عمل واقع ہو۔ مثلاً امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ
وضو میں نیت کرنا فرض قرار دیتے ہیں تو پس چاہیے کہ بغیر نیت وضو نہ کرے۔ اسی طرح
امام موصوف اعضاء کے دھونے میں ترتیب اور پے در پے دھونے وضو دھونے کو فرض
قرار دیتے ہیں تو ضروری ہے کہ یہ بھی اعضاء کو پے در پے دھونے اور ترتیب کو
ملحوظ رکھے۔ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ اعضاء کو دھوتے وقت اُن کو ملنا فرض جانتے
ہیں، تو چاہیئے کہ یہ بھی مل کر دھوئے۔ اسی طرح یہ ائمہ عورت کو چھونے اور ذکر (آلہ
مخصوص) کو ہاتھ لگانے کو وضو ٹوٹنے کا سبب قرار دیتے ہیں، تو چاہیئے کہ ایسی صورت
میں وضو از سر نو کرے۔ علیٰ ہذا القیاس۔

ان دو اعتقادی و عملی بازوؤں کے بعد سالک کو قربِ الٰہی جل شانہٗ کے
مدارج پر عروج کی طرف متوجہ ہونا چاہیئے اور منازلِ ظلمانی اور مسالک نورانی کے طے
کرنے کا طالب ہونا چاہیے لیکن اُس کے ذہن میں یہ بات موجود رہنی چاہیئے
یہ قطع منازل اور عروج مدارج، شیخ کامل مکمل، راہ داں، راہ بیں، راہ نما کی توجہ
و تصرف پر موقوف ہے۔ کیونکہ اس کی نظر قلب کی بیماریوں سے شفا بخشنے والی
اُس کی توجہ ناپسندیدہ اخلاق دفع کرنے والی ہے۔ لہٰذا سالک کو چاہیئے کہ پہلے
شیخ کامل کو تلاش کرے۔ اگر محض فضلِ خدا جل شانہٗ سے اُسے شیخ کامل کا معلم
ہو جائے تو ایسے شیخ کی معرفت و پہچان کو نعمتِ عظمیٰ تصور کرتے
ہوئے اپنے آپ کو اُس کی صحبت میں حاضر رکھے اور مکمل طور پر اُس کے تصرف
کا مطیع ہو جائے۔ (مکتوبات شریف جلد اوّل، مکتوب ۲۸۲۔)

(۷) جب کوئی طالب کسی شیخ کے پاس آئے تو چاہیئے کہ شیخ، پہلے اُسے استخارہ
حکم دے۔ تین بار سے لے کر سات بار تک استخارہ کی تکرار کرائے۔ استخاروں

بعد اگر طالب میں شیخ کی نسبت کوئی تردّد پیدا نہ ہو تو شیخ اُس طالب کی تربیت کے کام کو شروع کرے۔ پہلے اُسے طریقِ توبہ کی تعلیم دے اور دو رکعت نماز توبہ پڑھنے کا حکم دے کیونکہ توبہ کے بغیر اس راہ میں قدم رکھنے کا کوئی فائدہ نہیں۔ لیکن چاہیئے کہ توبہ کے حصّوں میں اجمال پر کفایت کرے اور تفصیل کو کچھ دنوں کے گذرنے پر چھوڑ دے کیونکہ اس زمانہ میں ہمتیں بہت کوتاہ اور پست ہیں لہٰذا اگر پہلے توبہ کی تفصیل حاصل کرنے کی تکلیف دی جائے گی تو لازماً حصولِ توبہ کے لیے ایک مدّت درکار ہو گی۔ تو ہو سکتا ہے کہ طالب کی طلب میں سستی واقع ہو جائے اور وہ طلب سے باز رہے اور مایوس ہو کر توبہ کو بھی سرانجام نہ دے۔ حصولِ توبہ کے بعد طالب کو اُس طریق کی تعلیم دے جو اُس کی استعداد کے مناسب ہو۔ اور اُس ذکر کی تلقین کرے جو اُس کی قابلیت کے مناسب ہو۔ اور اُس کے معاملہ میں توجہ کو کام فرمائے اور اُس کے حال پر التفات کو ملحوظ رکھے اور راہِ سلوک کے آداب و شرائط اُس سے بیان کرے اور اُسے ترغیب دے کہ قرآن و حدیث اور آثارِ سلف صالحین کی متابعت کرے اور اُسے معلوم کرا دے کہ اس متابعت کے بغیر مطلوب تک پہنچنا محال ہے۔ اور اس کو یہ تاکید لازمی طور پر کرے کہ وہ فرقہ ناجیہ اہل سنت و جماعت کی آراء کے موافق اپنے عقاید کو درست کرے اور ضروری احکام فقہ سیکھے۔ اور ان کے مطابق عمل کرے۔ کیونکہ اس راہ میں اعتقاد و عمل کے اِن دو بازوؤں کے بغیر اُڑنا میسّر و حاصل نہیں ہوتا۔ اور تاکید کرے کہ حرام و مشتبہ لقمہ میں احتیاط کا بہت زیادہ خیال کرے اور یہ نہ کرے کہ جو کچھ مل جائے کھا جائے اور جس سے ملے اُسے اُس وقت تک تناول نہ کرے جب تک کہ اُس کے بارے میں شریعت غرا کا فتویٰ حاصل نہ کرے۔ حاصل کلام یہ کہ تمام امور میں آیہ کریمہ

وَمَا اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا (سورہ حشر رکوع ۱)	اور جو کچھ رسولؐ تم کو دیں، اُسے لے لو اور جس چیز سے تم کو روکیں اُس سے رُک جاؤ۔

پیشِ نظر رکھیں۔

طالبوں کا حال دو امر سے خالی نہیں۔ وہ یا تو اہل کشف و معرفت سے ہیں یا اصحاب جہل و حیرت سے ہیں۔ لیکن سلوک کی منازل کے طے کرنے اور پردوں کے دُور کرنے کے بعد دونوں گروہ واصل ہیں۔ نفس وصول میں ایک کو دوسرے پر کوئی فضیلت نہیں جیسا کہ دو شخص لمبی منزلیں طے کرنے کے بعد کعبہ میں پہنچتے ہیں۔ ایک تو راستے کی منزلوں کو شوق سے دیکھتا گیا اور ہر منزل کی تفصیل کو اپنی لیاقت کے موافق سمجھتا گیا اور دوسرا راستے کی منزلوں سے آنکھ بند کر کے اور تفصیل پر مطلع نہ ہو کر کعبہ میں پہنچا، دونوں نفس وصول (یعنی کعبہ تک پہنچنے میں) برابر ہیں اور اس وصول میں ایک دوسرے پر کوئی فضیلت نہیں اگرچہ منازل کی معرفت میں دونوں میں تفاوت ہے اور مطلوب پر پہنچنے کے بعد دونوں کو جہل لازم ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کی ذات میں معرفت حاصل کرنا بھی جہل ہے اور پہچاننے سے عاجز ہوتا ہے۔

یہ معلوم ہونا چاہیئے کہ سلوک منزلیں قطع کرنے سے مراد دس مقامات کو طے کرنا ہے۔ ان دس مقامات کو طے کرنا ان تین تجلیات پر موقوف ہے۔ تجلیٔ افعال تجلیٔ صفات، تجلیٔ ذات اور مقام رضا کے علاوہ یہ سب مقامات، تجلیٔ افعال اور تجلیٔ صفات سے وابستہ ہیں۔ صرف مقام رضا، تجلیٔ ذاتِ حق تعالیٰ و تقدس اور محبت ذاتیہ سے وابستہ ہے۔ جس کا لازمی نتیجہ یہ ہے کہ خواہ محبوب کی طرف سے تکلیف پہنچے یا انعام حاصل ہو، محب کے حق میں دونوں چیزیں یکساں ہو جاتی ہیں اس کے بعد لامحالہ رضا حاصل ہو جاتی ہے اور پسندیدگی و کراہت ختم ہو جاتی ہے۔ اسی طرح ان تمام مقامات میں کمال کی حد تک پہنچ جانا تجلیٔ ذاتی کے وقت ہی ممکن ہے کیونکہ مکمل ترین فنا اسی تجلیٔ کے ساتھ وابستہ ہے لیکن باقی نو مقامات کا صرف حصول تجلیٔ افعال اور تجلیٔ صفات ہی میں ہو جاتا ہے۔ مثلاً سالک جب اپنے اوپر اور تمام اشیاء پر حق تعالیٰ سبحانہ کی قدرت کا مشاہدہ کرتا ہے تو بے اختیار توبہ و انابت کی طرف رجوع کرتا ہے اور خائف و حراساں رہتا ہے اور تقویٰ کو

اپنا شعار بنالیتا ہے اور خدا کی تقدیروں میں صبر اختیار کرتا ہے اور بے صبری و ناطاقتی سے چھٹکارا پالیتا ہے۔ اور چونکہ نعمتوں کا مالک اسی کو سمجھتا ہے اور عطا کرنا اور روک لینا سب کچھ خدا ہی سے سمجھتا ہے تو لامحالہ مقامِ شکر میں داخل ہو جاتا ہے۔ اور جب خدا تعالیٰ کی عظمت و کبریائی کا مشاہدہ کرتا ہے اور یہ پست اور ذلیل دنیا اس کی نگاہ میں خوار و بے اعتبار ہو جاتی ہے تو چار و ناچار اس دنیا سے بے رغبتی پیدا ہو جاتی ہے، پھر سالک فقر اختیار کر لیتا اور زُہد کو اپنا شعار بنالیتا ہے لیکن یہ بات سمجھ لینی چاہیئے کہ اُن مقامات کا تفصیل و ترتیب کے ساتھ حصول سالک مجذوب کے ساتھ مخصوص ہے اور مجذوب سالک ان مقامات کو اجمالی طریقے پر طے کرتا ہے کیونکہ عنائتِ ازلی نے اُسے ایسی محبت میں گرفتار کر لیا ہے کہ ان مقامات کی تفصیل کی طرف مشغول ہونا، اس کے بس میں نہیں رہتا ۔ اس محبت کے زیرِ سایہ اُن مقامات کا لُبِ لُباب اور اُن منازل کا خلاصہ مکمل ترین طریقہ پر اُسے حاصل ہو جاتا ہے جو کہ صاحبِ تفصیل کو بھی میسّر نہیں ہوتا۔

وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰی || اور سلامتی ہو اُس پر جو ہدایت کی پیروی کرے

(رسالہ مبدا و معاد ص ۱۱۰ تا ۱۱۴)

(۸) ماننا چاہیئے کہ پیر کے حقوق تمام حقوق والوں کے حقوق سے زیادہ ہیں بلکہ پیر کے حقوق کو دوسروں کے حقوق سے کوئی نسبت ہی نہیں ہے۔ اللہ تعالےٰ کے انعامات اور اس کے رسول علیہ وآلہ الصلوٰۃ والتسلیمات کے احسانات کے بعد پیر کے حقوق کا درجہ ہے۔ بلکہ سب کے پیر حقیقی تو خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی ہیں۔ اگرچہ ظاہری پیدائش والدین سے ہوتی ہے مگر معنوی پیدائش پیر ہی کے ساتھ مخصوص ہے۔ ولادتِ صوری کی حیات تو چند روزہ ہے مگر ولادتِ معنوی کے لیے حیاتِ ابدی ہے۔ پیر ہی تو ہے جو اپنے قلب و روح سے مرید کی نجاساتِ معنوی کی صفائی کرتا ہے اور اس کے اندرونی حصّے (معدہ) کو پاک و صاف کرتا ہے۔ اُن توجہات میں جو کہ بعض مریدوں کی نسبت واقع ہوئی ہیں، محسوس ہوتا ہے کہ اُن لوگوں کی

باطنی آلائشوں کی تطہیر میں صاحب توجہ کو بھی کچھ آلودگی سرایت کر جاتی ہے اور اُسے ایک عرصے تک مکدّر (گدلا) رکھتی ہے۔ پیر ہی ہے جس کے وسیلے سے لوگ خدائے عزّوجل تک پہنچتے ہیں جو تمام دنیوی اور اُخروی سعادتوں سے بلند تر چیز ہے۔ پیر ہی ہے جس کے وسیلے سے نفس امارہ جو اپنی ذات کے اعتبار سے خبیث واقع ہوا ہے، تزکیہ حاصل کر لیتا اور پاک وصاف ہو جاتا ہے۔ اور آلودگی (سرکشی، بدی کی طرف رغبت) سے اطمینان کے مقام تک پہنچتا ہے اور جبلّی (طبعی) کفر سے اسلام حقیقی تک رسائی پاتا ہے۔ ؏

گر بگویم شرحِ ایں بیحد شود اگر میں اس کی شرح کروں تو بے حساب ہو جائے

لہٰذا اگر پیر کسی مرید کو قبول کرے تو اُسے یہ اپنی سعادت سمجھنی چاہیئے اور اگر وہ کسی مرید کو رد کر دے تو اُسے اپنی بدبختی شمار کرنی چاہیئے۔ العیاذ باللہ (ہم اس چیز سے خدا کی پناہ مانگتے ہیں۔) اللہ تعالیٰ کی رضا کو پیر کی رضا کے پس پردہ رکھا گیا ہے۔ جب تک مرید اپنے آپ کو پیر کی رضامندیوں میں گم نہ کر دے اللہ تعالےٰ کی رضامندیوں تک نہیں پہنچ سکتا۔ مرید کی سب سے بڑی آفت پیر کو ایذا اور آزار دینے میں ہے۔ ہر لغزش جو اس کے علاوہ ہو اُس کا تدارک کر لینا ممکن ہے لیکن آزارِ پیر کا تدارک کسی چیز سے بھی نہیں ہو سکتا۔ آزارِ پیر، مرید کے لیے شقاوت اور بدبختی کی بنیاد ہے۔ العیاذ باللہ (اس سے اللہ تعالیٰ کی پناہ) اعتقاداتِ اسلامیہ میں بڑا خلل اور احکامِ شرعیہ کی بجاآوری میں بڑا فتور آزارِ پیر کا ہی نتیجہ اور ثمرہ ہوتا ہے۔ احوال و مواجید کہ جن کا تعلق باطن سے ہوتا ہے اُن میں جس قدر خلل اور فتور واقع ہوتا ہے، اُس کا تو پوچھنا ہی کیا ہے۔ اگر باوجود پیر کی ایذا رسانی کے احوال میں کچھ اثر باقی رہ جائے تو اُسے استدراج (اور مہلت) میں سے شمار کرنا اور سمجھنا چاہیے کہ آخر میں وہ لامحالہ خرابی ہی لائے گا اور سوائے نقصان کے اور کوئی نتیجہ نہیں دیگا۔

والسلام علیٰ من اتبع الھدیٰ ‖ سلامتی ہو اس پر جو ہدایت کی پیروی کرے

(رسالہ مبدا و معاد ص ۱۸۱ تا ۱۸۳)

جان لے کہ اس راہِ فقر پر چلنے والے دو حال سے خالی نہیں۔ یا تو مرید ہیں یا مراد اگر مراد ہوں تو انہیں مبارک ہو کیونکہ اُنہیں انجذاب اور محبت کے راستے سے کشاں کشاں لے جائیں گے۔ اور مطلب اعلیٰ تک پہنچا دیں گے۔ اور مرید طالب جو درکار ہو بالواسطہ یا بلا واسطہ اُنہیں سکھا دیں گے۔ اگر کوئی لغزش واقع ہو گی تو انہیں جلدی آگاہ فرما دیں گے اور اُن پر گرفت نہیں کریں گے۔ اور اگر اُنہیں ظاہری پیر کی ضرورت ہو گی تو اُن کی کوششوں کے بغیر اُس دولت تک پہنچا دیں گے۔

حاصل کلام یہ کہ اللہ تعالیٰ کی عنایتِ ازلی ان بزرگوں کے حال کی کفیل ہے۔ بالواسطہ یا بلا واسطہ اُن کے کام کے لیے اللہ تعالیٰ کافی ہوتا ہے۔ اور اللہ تعالےٰ اپنی بارگاہ میں جسے چاہتا ہے برگزیدہ بنا لیتا ہے۔ اور اگر مرید ہوں گے تو اُن کا کام کامل اور کامل کرنے والے پیر کے واسطہ کے بغیر دشوار ہے۔ بلکہ اُن کے لیے پیر ایسا ہونا چاہیے جو جذبہ اور سلوک کی دولت سے مشرف اور فنا و بقا کی سعادت سے بہرہ ور ہو۔ اور سیر الی اللہ، سیر فی اللہ، سیر عن اللہ باللہ اور سیر فی الاشیا باللہ کو مکمل طور پر طے کر چکا ہو۔ اور اگر اس کا جذبہ اُس کے سلوک پر مقدم ہو اور مرادوں کی تربیت سے پرورش پائی ہو تو نہایت ہی اکسیر ہے۔ اُس کا کلام دوا اور اُس کی نظر شفا ہے۔ مُردہ دلوں کی زندگی اُس کی توجہ شریف سے وابستہ ہے اور پژمردہ جانوں کی تازگی اُس کی التفاتِ لطیف کے ساتھ مربوط ہے۔ اگر اس طرح کا صاحبِ دولت پیر میسر نہ آئے۔ تو سالک مجذوب ہی غنیمت ہے، ناقصوں کی تربیت اس سے بھی ہو جائے گی اور اس کی وساطت سے فنا و بقا کی دولت تک پہنچ جائیں گے ؎

آسماں نسبت بہ عرش آمد فرود	آسماں عرش کی نسبت تو نیچے ہے
ورنہ بس عالی است پیش خاک تود	لیکن تودۂ خاک سے بہت اونچا ہے

اور اگر عنایت خداوندی جل شانہٗ سے کسی طالب کو اس طرح کے کامل اور کامل کرنے والے پیر تک پہنچا دیں تو چاہیے کہ اُس کے وجود شریف کو غنیمت سمجھے اور اپنے آپ کو مکمل طور پر اُس کے سپرد کر دے۔ اور اپنی نیک بختی اُس کی

رضامندی کے کاموں میں جانے اور بدبختی اُس کی ناراضگی میں خیال کرے۔ مختصر یہ کہ اپنی ہر خواہش کو اُس کی رضا کے تابع کر دے۔ جیسا کہ حدیث میں وارد ہے۔

لَنْ یُّؤْمِنَ اَحَدُکُمْ حَتّٰی یَکُوْنَ هَوَاهُ تَبَعًا لِّمَا جِئْتُ بِهٖ۔ (مشکوٰۃ شریف)	تم میں سے کوئی شخص اُس وقت تک مومن نہیں ہوسکتا، جبتک اپنی خواہش نفس کو اس چیز کے تابع نہ کر دے، جسے میں لے کر آیا ہوں (یعنی دین و شریعت کے تابع)

یہ بات بھی مرید کے ذہن میں رہنی چاہیے کہ آدابِ صحبت اور شرائط کا لحاظ بھی اس راہ کی ضروریات سے ہے۔ تاکہ فایدہ پہنچانے اور فایدہ حاصل کرنے کا راستہ کھلے۔ اِس کے بغیر صحبت کا کوئی فائدہ نہیں اور نہ ہی مجلس کا کوئی مقصد اور نتیجہ ہے۔ بعض آداب اور ضروری شرائط بیان کی جاتی ہیں، ذرا گوشِ ہوش سے سُنیں:۔

اے عزیز:۔ تو جان لے کہ طالب کو چاہیئے کہ اپنے دل کے چہرے کو تمام اطراف سے موڑ کر اپنے پیر کی طرف متوجہ کرے۔ اور پیر کی موجودگی میں اُس کی اجازت کے بغیر نوافل اور اذکار میں مشغول نہ ہو اور اپنے آپ کو مکمل طور پر اُس کی طرف متوجہ کر کے بیٹھے اور فرض و سنّت نماز کے علاوہ کوئی نماز اس کی مجلس میں ادا نہ کرے۔

موجودہ بادشاہ کے متعلق منقول ہے کہ اُس کا وزیر اُس کے سامنے کھڑا تھا کہ اچانک اُس کی نظر اپنے کپڑوں پر پڑی اور وہ اپنے ہاتھ سے اُس کا بند درست کرنے لگا۔ اُس دوران بادشاہ کی نظر اُس پر پڑی تو دیکھا کہ وزیر اس کی طرف متوجہ نہیں ہے۔ بادشاہ نے زبانِ عتاب سے کہا کہ میں یہ برداشت نہیں کر سکتا تو میرا وزیر ہو اور میرے سامنے اپنے کپڑے کے بند کی طرف توجہ کرے۔

اب غور کرنا چاہیے کہ جب کمینی دنیا کے وسائل کے لیے باریک آداب درکار ہیں تو جو چیزیں (مرشد وغیرہ) خدا تک پہنچنے کا وسیلہ ہیں، اُن کی رعایت تو بہت کامل طریقہ پر کرنی لازم ہوگی اور جہاں تک ممکن ہو ایسی جگہ نہ کھڑا ہو کہ اس کا سایہ

پیر کے کپڑوں کے کپڑوں پر یا پیر کے سایے پر پڑتا ہو۔ اور پیر کی جانماز پر پاؤں نہ رکھے اور اس کے وضو خانہ میں وضو نہ کرے اور اُس کے خاص برتنوں کو اپنے استعمال میں نہ لائے اور اُس کے سامنے پانی نہ پیئے اور نہ کھانا کھائے۔ اور نہ کسی سے بات کرے۔ بلکہ کسی اور کی طرف متوجہ بھی نہ ہو اور پیر کی عدم موجودگی میں اُس طرف پاؤں نہ کرے۔ جس طرف پیر ہو۔ اور نہ اُس طرف تھوکے۔ جو کچھ پیر سے صادر ہو اُسے درست جانے اگرچہ وہ بظاہر درست نظر نہ آئے۔ کیونکہ پیر جو کچھ کرتا ہے۔ الہام اور اذن الٰہی سے کرتا ہے لہٰذا ایسی صورت میں اعتراض کی گنجائش نہیں ہے۔ لیکن اگر بعض صورتوں میں اُس کے الہام میں خطا واقع ہو جائے تو یہ الہامی خطا مثل خطاءِ اجتہادی کے ہے جس پر اعتراض کرنا یا ملامت جائز نہیں۔ نیز چونکہ مرید کو پیر سے محبت پیدا ہو چکی ہوتی ہے اور محبوب سے جو کچھ بھی صادر ہو، محب کو اچھا ہی نظر آتا ہے لہٰذا اعتراض کی کوئی گنجائش نہیں۔ اور تمام کُلّی و جزوی امور میں اپنے پیر کی اقتدا کرے یعنی کھانے، پینے، سونے اور طاعت کرنے میں پیر کی پیروی کرے۔ پیر کی طرز پر نماز کو ادا کرنا چاہیے۔ اور فقہ کو اُس کے عمل سے سیکھنا چاہیے ؎

آزاکہ دوسرائے نگاربست فارغ است || جس کے گھر میں معشوق ہو، وہ باغ و بوستان
از باغ و بوستان و تماشائے لالہ زار || کی سیر اور لالہ زار کے تماشے سے فارغ ہے،

پیر کی حرکات و سکنات میں اعتراض کو قطعاً گنجائش نہ دے چاہے وہ اعتراض رائی کے دانے کے برابر ہی کیوں نہ ہو۔ کیونکہ اعتراض کا نتیجہ سوائے محرومی کے اور کچھ نہیں ہے اور تمام مخلوق میں سب سے زیادہ بدبخت وہ شخص ہے جو اس گروہِ اولیا کے عیب نکالے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس بلائے عظیم سے نجات دے۔ اور اپنے پیر سے خوارق و کرامات کا مطالبہ نہ کرے، اگرچہ یہ طلب دل میں وسوسے اور خطرے کی شکل میں ہو۔ کیا تُو نے کبھی سُنا ہے کہ کسی مومن نے اپنے نبی سے معجزہ طلب کیا ہو۔ کفار اور منکر ہی معجزے کے طالب ہوا کرتے ہیں ؎

معجزات از بہر قہر دشمن است
بوئے جنسیت پئے دل بردن است
مُوجب ایماں بناشد معجزات
بُوئے جنسیت کند جذب صفات

معجزات دشمن کو مغلوب کرنے کے لیے ہیں
اور دل قابو کرنے کے لیے جنسیت کی بُو ہے۔
معجزات ایمان کا باعث نہیں ہوتے بلکہ
جنسیت کی بُو صفات کی جذب کرتی ہے۔

اگر دل میں کسی قسم کا شبہ پیدا ہو جائے تو بلا توقف پیر کی خدمت میں عرض کرے، اگر حل نہ ہو تو اپنی کوتاہی اور قصور سمجھے اور نقصان پیر کی طرف منسوب نہ کرے۔ اور جو بھی واقع پیش آئے، پیر سے پوشیدہ نہ رکھے اور واقعات کی تعبیر اُس سے دریافت کرے۔ اور جو تعبیر خود طالب پر منکشف ہو وہ بھی عرض کرے۔ اور صواب و خطا کو اُس سے دریافت کرے۔ اور اپنے مکاشفات پر ہرگز اعتبار نہ کرے کیونکہ اِس دنیا میں حق، باطل کے ساتھ ملا ہے، اور صواب، خطا کے ساتھ ملا ہے۔ اور بے ضرورت اور بلا اجازت اپنے پیر سے جدا نہ ہو کیونکہ غیر کو اُس پر اختیار کرنا عقیدت کے منافی ہے اور اپنی آواز کو اُس کی آواز سے بلند نہ کرے اور بلند آواز سے اس کے ساتھ بات نہ کرے کیونکہ یہ بے ادبی ہے۔ اور جو فیوض و فتوحات حاصل ہوں اُن کو پیر کی وساطت سے تصوّر کرے۔ اور اگر خواب میں دیکھے کہ اُسے دوسرے مشائخ سے فیض پہنچا ہے تو اُسے بھی اپنے پیر ہی کی طرف سے جانے۔ اور یہ اعتقاد رکھے کہ جب پیر کمالات و فیوض کا جامع ہے تو پیر کا خاص فیض مرید کی خاص استعداد کے مناسب، شیوخ میں سے ایک شیخ کے کمال کے موافق کا فاضہ کی صورت میں اُس سے ظاہر ہوتی ہے، مرید تک پہنچا ہے۔ اور پیر کے لطائف میں سے ایک لطیفہ جو اُس فیض سے مناسبت رکھتا ہے، اُس شیخ کی صورت میں ظاہر ہوا ہے لیکن مرید نے بسبب ابتلا اُس لطیفہ کو دوسرا شیخ خیال کیا ہے اور فیض کو اُس کی طرف سے سمجھا ہے، جو بہت بڑا مغالطہ ہے۔ اللہ تعالیٰ لغزش قدم سے بچائے اور پیر کے ساتھ حُسنِ اعتقاد اور اُس کی محبت پر قائم رکھے۔ بحرمت سید البشر علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰت والتسلیمات۔ مختصر یہ کہ "الطریق کُلّہٗ ادب" و طریقت سب ادب ہے

مثل مشہور ہے۔ کوئی بے ادب خدا تک نہیں پہنچ سکتا[1] اور اگر مرید بعض آداب کی رعایت میں اپنے آپ کو کوتاہ جانے اور اُن کی مناسب ادائیگی نہ کر سکے اور کوشش وسعی کے باوجود عہدہ برآ نہ ہو سکے تو اُس کے لیے معافی ہے لیکن اپنی اس کوتاہی کا اعتراف ضروری ہے۔ اگر عیاذ باللہ سبحانہ، (خدا کی پناہ) آداب کی رعایت نہ کرے اور اپنی کوتاہی کا اعتراف بھی نہ کرے تو ایسا مرید ان بزرگوں کی برکتوں سے محروم رہتا ہے۔ ؎

ہر کرا روئے بہبود نبود	جسے اپنی بھلائی کا خود خیال نہ ہو۔
دیدنِ روئے نبی سود نبود	وہ اگر نبیؐ کے چہرے کو بھی دیکھ لے تو بے سود ہے۔

---

[1] یہی وجہ ہے کہ جو فرقے صحابہ کرام، اہل بیت عظام اور انبیاء و اولیاء کے بے ادب اور گستاخ ہیں، آج تک اُن میں کوئی ولی پیدا نہیں ہوا، اور نہ قیامت تک ہوگا۔ عارف رومی قدس سرہٗ مثنوی شریف میں فرمایا ہے ؎

(۱) از خدا خواہیم توفیقِ ادب!	ہم خدا تعالیٰ سے ادب کی توفیق مانگتے ہیں
بے ادب محروم گشت از فضلِ رب	کیونکہ بے ادب انسان اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے محروم رہتا ہے۔
(۲) بے ادب تنہا نہ خود را داشت بد!	بے ادب انسان صرف اپنے آپ کو ہی بُرائی میں مبتلا نہیں
بلکہ آتش در ہمہ آفاق زد	کرتا۔ بلکہ سارے جہان میں بے ادبی کے فتنے کی آگ بھڑکا دیتا ہے۔
(۳) ہر کہ گستاخی کند اندر طریق	جو شخص طریقت میں گستاخی کا مرتکب ہوتا ہے،
گردد اندر وادیٔ حسرت غریق	وہ وادیٔ حسرت میں ڈوب کر رہ جاتا ہے۔
(۴) ہر چہ آمد بر تو از ظلمات و غم	تم پر جو تاریکیاں اور غم چھائے رہتے ہیں
آں ز بیباکی و گستاخیست ہم	اس کی وجہ تمہاری بیباکی اور گستاخی ہے۔

(قصوری)

ہاں وہ مرید جو اپنے پیر کی توجہ اور برکت سے فنا و بقا کے مرتبہ تک پہنچ جاتا ہے۔ اور الہام و فراست کا راستہ اُس پہ ظاہر ہو جاتا ہے، اور پیر بھی اُس کو تسلیم کرے اور اُس کے کمال کی گواہی دے تو اُس مرید کے لیے جائز ہے کہ وہ بعض الہامی امور میں اپنے پیر کے خلاف کرے اور اپنے الہام کے موافق عمل کرے۔ اگرچہ اس کے پیر کے نزدیک اُس الہام کا خلاف ہو، کیونکہ اُس وقت وہ مرید تقلید کے حلقہ سے نکل گیا ہے اور اب اُس کے لیے تقلید کرنا خطا ہے۔ کیا تم نہیں دیکھتے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے امورِ اجتہادیہ اور احکام غیر منزلہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اختلاف کیا ہے[1] اور بعض اوقات صواب جانبِ اصحاب میں ظاہر ہوا ہے جیسا کہ اربابِ علم پر مخفی نہیں۔

پس ثابت ہو گیا کہ مرتبۂ کمال تک پہنچنے کے بعد مرید کا اپنے پیر سے اختلاف کرنا جائز ہے اور بے ادبی سے مبرا اور پاک ہے۔ بلکہ یہاں اپنے اجتہاد کے مطابق عمل کرنا ہی ادب ہے ورنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام صلی اللہ تعالیٰ عنہم جو پورے آداب سیکھ چکے تھے، حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تقلید کے سوا کچھ نہ کرتے۔

امام ابو یوسفؒ کے لیے مرتبۂ اجتہاد پر پہنچنے کے بعد امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی تقلید کرنا خطا ہے اور درستی اپنی رائے کی متابعت میں ہے نہ کہ امام ابو حنیفہؒ کی متابعت میں۔ امام ابو یوسفؒ کے متعلق یہ قول مشہور ہے کہ میں امام ابو حنیفہؒ کے ساتھ مسئلہ خلقِ قرآن میں چھ مہینے جھگڑتا رہا۔ تم نے یہ ضرور سُنا ہو گا کہ فن کی تکمیل

---

[1] جیسا کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بہت سے واقعات اس پہ دلالت کرتے ہیں، خصوصاً جنگِ بدر کا واقعہ لیکن حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا اس طرح کا اختلاف محض صورتاً تھا ورنہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے جو کچھ صادر ہوتا تھا وہ سب حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہی کا فیض اور آپ ہی کی توجہ اور برکت کا نتیجہ تھا۔ (قصوری)

بہت سے افکار کے ملنے سے ہوتی ہے۔ اگر فن اور علم ایک ہی فکر میں بند رہتا تو اس میں زیادتی اور اضافہ نہ ہوتا۔ علمِ نحو جو سیبویہ کے زمانہ میں تھا، آج نحویوں کے اختلافِ آرا اور بہت سی انظار (نظرین) ملنے سے سو گنا زیادہ اور کامل ہو چکا ہے۔ لیکن چونکہ اس علم کی بنا امام سیبویہ نے رکھی ہے لہٰذا بزرگی اور فضیلت اُسی کے لیے مسلّم ہے۔ فضیلت متقدمین کے لیے ہی ہے اور کمال متاخرین کے لیے۔

حدیثِ نبوی ہے، علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام۔

مثل امتی کمثل المطر یُدری اولہ خیر ام آخرہ

میری اُمت کی مثال بارش کی سی ہے یہ پتہ نہیں چلتا کہ اس کا پہلا حصہ بہتر ہے یا آخری حصہ

اے عزیز! جان لے کہ صوفیائے کرام نے کہا ہے:

اَلشَّیخُ یُحیِی وَیُمِیتُ۔

شیخ زندہ بھی کر سکتا ہے اور مار بھی سکتا ہے۔

زندہ کرنا اور مارنا پیری کے لوازمات میں سے ہے لیکن اس زندہ کرنے سے مراد روح کا زندہ کرنا ہے نہ کہ جسم کا۔ اسی طرح مارنے سے مراد روح کا مارنا ہے نہ کہ جسم کا۔ اور حیات و موت سے مراد فنا و بقا ہے جو مقامِ ولایت و کمال پر پہنچا دیتی ہے۔ شیخ مقتدیٰ، اللہ تعالیٰ کے حکم سے ان دو باتوں کا کفیل اور ضامن ہے۔ پس شیخ میں اس کے زندہ کرنے اور مارنے کی قوت کا ہونا ضروری ہے اور یُحیِی و یُمِیتُ کے معنی ہیں، یبقی و یُفنی۔ یعنی بقا عطا کرتا ہے اور فانی کرتا ہے۔ یعنی بقا و فنا کے مرتبہ پر پہنچاتا ہے۔ جسم کو زندہ کرنے اور مارنے کے منصب و مرتبہ کو منصب شیخی سے کچھ سروکار نہیں۔

شیخ مقتدا، کہربا (ایک قسم کا زرد گوند۔ اگر اُسے اُون کے کپڑے سے رگڑیں تو گھاس کے تنکے اٹھا لیتا ہے) کی طرح ہے، جس کسی کو اُس سے مناسبت ہو گی وہ خس و خاشاک کی طرح اُس کے پیچھے دوڑتا آئے گا اور اپنا حصہ اُس سے پائے گا۔ خوارق و کرامات مریدوں کو کھینچنے کے لیے نہیں ہیں، مرید معنوی مناسبت سے کھینچ کر آتے ہیں۔ اور جو شخص ان بزرگوں سے

مناسبت نہیں رکھتا، وہ اُن کے کمالات کی دولت سے محروم ہے۔ اگرچہ ہزار معجزے اور خوارق اور کرامات دیکھے۔ ابوجہل اور ابولہب کو اس معنی کی دلیل بنانا چاہیے۔

اللہ تعالیٰ نے کفار کے بارے میں فرمایا:

وَاِنْ يَّرَوْا كُلَّ اٰيَةٍ لَّا يُؤْمِنُوْا بِهَا حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْكَ يُجَادِلُوْنَكَ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ۔

(سورۃ انعام: ۲۵)

اور اگر یہ لوگ سب نشانیاں بھی دیکھ لیں تو پھر بھی ایمان نہ لائیں گے، یہاں تک کہ جب یہ لوگ آپ کے پاس آئیں گے تو آپ سے جھگڑیں گے کہ یہ قرآن تو پہلے لوگوں کے بے اصل قصے کہانیاں ہیں۔

(مکتوبات شریف جلد اوّل مکتوب شریف ۲۹۲)

(۱۰) مولانا حاجی محمد نے اظہار کیا تھا کہ تقریباً دو ماہ کا عرصہ ہو رہا ہے کہ باطنی اشغال میں فتور اور واقع ہو گئی ہے اور وہ ذوق و حلاوت جو پہلے حاصل تھا، اب نہیں رہا یارا! غم کرنے کی ضرورت نہیں ہے بشرطیکہ دو چیزوں میں خرابی واقع نہ ہوئی ہو ان دو چیزوں میں سے ایک صاحبِ شریعت علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات والتحیات کی متابعت ہے۔ دوسری چیز اپنے شیخ کی محبت اور اخلاص ہے۔ ان دو چیزوں کی موجودگی میں اگر ہزاروں تاریکیاں، تیرگیاں، ظلمتیں اور کدورتیں طاری ہو جائیں تو کچھ غم و فکر نہیں ہے کیونکہ آخر اس کو ضائع نہ چھوڑا جائے گا اگر العیاذ باللہ ان دو سے کسی ایک میں بھی نقصان پیدا ہو گیا تو پھر خرابی ہے خرابی ہے، اگرچہ حضور و جمعیت کی حالت میں ہی کیوں نہ رہے کہ یہ استدراج اور آخر کار اس کا انجام خراب ہے۔ اللہ تعالیٰ سے گریہ وزاری کے ساتھ ان دو چیزوں پر استقامت و ثبات کی دعا کرتے رہیں کیونکہ یہی دو امر کارِ دین مدار اور نجاتِ اُخروی کا انحصار ہیں (مکتوبات شریف جلد ثانی مکتوب ۳۰)

(۱۱) جاننا چاہیے کہ ذکر سے مراد غفلت کا دُور کرنا ہے جس طرح کہ ہو سکے۔ نہ یہ کہ کلمۂ نفی و اثبات کے تکرار یا اسم ذات کے تکرار میں منحصر ہے جس طرح کہ لوگوں

گمان ہے۔ پس احکامِ شریعت کی بجا اور منہیاتِ شرعیہ سے باز رہنا سب ذکر میں داخل ہے۔ حدودِ شرعیہ کی رعایت کے ساتھ خرید و فروخت بھی ذکر ہے اسی طرح نکاح و طلاق بھی اسی رعایت کے ساتھ ذکر ہے۔ کیونکہ رعایتِ مذکورہ کے ساتھ اِن امور کے کرنے کے وقت حکم دینے والا اور روکنے والا (اللہ تعالیٰ جل شانہٗ) اِن امور کے کرنے والے کا نصب العین ہوتا ہے لہذا غفلت کی گنجائش نہیں رہتی۔ ہاں اتنی بات ضرور ہے کہ وہ ذکر جو مذکور (یعنی حق سبحانہٗ) کے اسم و صفت کے ساتھ واقع ہو، جلدی اثر کرنے والا، محبت بخشنے والا اور مذکور تک جلد پہنچانے والا ہے بخلاف اُس ذکر کے جو اوامر کی بجاآوری اور نواہی سے باز رہنے کے ساتھ واقع ہو کیونکہ وہ ان اوصاف سے چنداں بہرہ ور نہیں۔ اگرچہ بعض افراد میں کہ جن کا ذکر اوامر کی بجاآوری اور نواہی سے باز رہنے کے ساتھ ہوتا ہے یہ اوصاف کمی کے طور پر پائے جاتے ہیں۔ حضرت خواجۂ خواجگان خواجہ نقشبند قدس سرہٗ فرماتے ہیں کہ حضرت مولانا تاج الدین تابیادی قدس سرہٗ علم کے راستے سے خدا تعالیٰ تک پہنچے ہیں۔

نیز جو ذکر اسم اور صفت کی شکل میں وقوع پذیر ہوتا ہے وہ اُس ذکر کا ذریعہ بنتا ہے جو حدودِ شرعیہ کی رعایت میں حاصل ہوتا ہے۔ اس لیے تمام اُمور میں احکامِ شرعیہ کی رعایت کرنی، شرع برپا کرنے والے کی کامل محبت کے بغیر میسّر نہیں ہو سکتی اور یہ کامل محبت اللہ تعالیٰ کے اسم و صفت کے ذکر سے وابستہ ہے۔ لہذا پہلے وہ ذکر چاہیئے تاکہ اس ذکر کی دولت سے مشرّف ہو۔ ہاں عنایت الٰہی کا معاملہ ہی جُدا ہے، وہاں نہ کوئی شرط ہے اور نہ کوئی وسیلہ کی ضرورت۔

اَللّٰهُ يَجْتَبِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ط

اللہ برگزیدہ بنا لیتا ہے اپنی ذات کے لیے جسے چاہتا ہے

(مکتوبات شریف جلد ثانی مکتوب ۴۶) (پارہ ۲۵ سورہ الشوریٰ رکوع ۳)

۱۱) نور محمد انبالوی کو تحریر فرماتے ہیں کہ آپ نے جو دریافت کیا ہے کہ اگر کوئی طالب اپنے پیر کی زندگی میں کسی دوسرے شیخ کے پاس چلا جائے اور طلب خدا کرے، تو یہ جائز ہے یا نہیں؟ سو معلوم ہونا چاہیے کہ مقصود اللہ تعالیٰ حق سبحانہ کی ذات گرامی ہے

اور پیر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ تک پہنچنے کا ایک وسیلہ اور ذریعہ ہے۔ لہٰذا اگر کوئی طالب اپنا رُشد اور بھلائی دوسرے شیخ کے پاس دیکھے اور اپنے دل کو اُس کی صحبت میں اللہ تعالیٰ کے ساتھ جمع پائے تو جائز ہے کہ پیر کی زندگی میں پیر کی اجازت کے بغیر اُس شیخ کے پاس چلا جائے اور اُس سے طلبِ رُشد کرے۔ لیکن اُسے چاہیئے کہ پہلے پیر سے انکار نہ کرے اور اس کو نیکی سے یاد کرے۔ خصوصاً آج کل کے پیر جو اپنے آپ سے بے خبر ہیں اور ایمان و کفر میں تمیز نہیں کر سکتے، وہ اللہ تعالیٰ جل شانہٗ کی کیا خبر دے سکیں گے اور مرید کو کون سی راہ دکھائیں گے ؎

آگہ از خویشتن چو نیست جنیں	ماں کے پیٹ کا بچہ جب اپنی خبر بھی نہیں رکھتا
کے خبردار داز چناں و چنیں	تو وہ کسی کی کیا خبر رکھے گا۔

افسوس ہے اس مرید پر جو اس طرح کے پیر پر اعتماد کر کے بیٹھ رہے اور دوسرے کی طرف رجوع نہ کرے اور راہِ خدا معلوم نہ کرے۔ یہ شیطانی وسوسے ہیں جو ناقص پیر کی زندگی کے ذریعے آئے ہیں کہ وہ طالب کو خداوند تعالیٰ کی طرف سے روک دیں۔ اُسے چاہیئے کہ جس جگہ اُسے رُشد اور جمعیتِ خاطر حاصل ہو، بغیر کسی توقف اور تامل کے وہاں رجوع کرے اور شیطانی وساوس سے پناہ مانگنی چاہیئے (جلد ثانی مکتوب ۶۳)

حضرت مجددؒ کے مقامات و معارف پر اعتراضات

امام ربانی حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہٗ کے بعض معارف پر لوگوں نے اعتراضات ہیں جن کے جوابات خود حضرت نے مدلل اور شافی تحریر فرمائے ہیں۔ اور آپ کے خلیفہ شیخ بدرالدین سرہندیؒ نے بھی حضرت القدس میں چند شبہات کو بیان کر کے اُن کے مفصل جوابات لکھے ہیں۔ جن کے ذکر کی یہاں گنجایش نہیں ہے۔ حضرت مرزا مظہر جا

جاناں قدس سرہ، یوں تحریر فرماتے ہیں۔

"حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ، کے تمام معارف کتاب وسنت کے موافق ہیں۔ جن مقامات پر معترضین نے اعتراضات کئے ہیں، خود حضرت نے اُن کے جوابات تحریر فرمائے ہیں، وہ اہل انصاف کے نزدیک کافی ہیں۔ بہت سے کلمات جن پر ارباب ظاہر نے اعتراض کئے ہیں، اولیائے کرام سے صادر ہوئے ہیں اور وہ بغیر تاویل کے درست نہیں پس جو تاویل (یعنی غلبۂ احوال یا معانی مقصودہ کے ساتھ الفاظ کی عدم مساعدت یا امر الٰہی اُن کے اظہار کا) کہ ان کلمات میں کی جاتی ہے وہ حضرت مجدد کے کلام میں بھی جاری ہے۔

اور شیخ محدث رحمۃ اللہ علیہ نے اگرچہ اوائل حال میں حضرت کے بعض معارف پر اعتراض لکھے ہیں مگر آخر میں اُن سے رجوع کیا۔ اور خواجہ باقی باللہ قدس سرہ، کے خلیفہ خواجہ حسام الدین رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں یوں تحریر فرمایا:۔

"ان دنوں میاں شیخ احمد سلمہ اللہ تعالیٰ کی نسبت فقیر کی صفائی حد سے متجاوز ہے۔ اور بشریت وطبیعت کا پردہ بالکل نہیں رہا ہے رعایت طریقہ وانصاف اور حکم عقل یہ ہے ایسے بزرگوں سے بگاڑنی نہ چاہیئے۔ قطع نظر اس سے میرے باطن میں بطریق ذوق و وجدان وغلبہ ایسی بات آئی ہے کہ زبان اُس کے بیان سے گنگ ہے۔ پاک ہے اللہ دلوں کو پھیرنے والا اور حالات کو بدلنے والا ہے۔ شاید ظاہر بین لوگ بعید سمجھیں۔ نہیں جانتا کہ حال کیا ہے اور کس طرح پر ہے"

بادشاہ سے آپ کو تکلیف کا پہنچنا اس امر کی دلیل ہے کہ آپ کو انبیائے کرام علیہم السلام کمال متابعت حاصل ہے۔ حضرت یوسف علیہ السلام قید خانہ میں معتکف تھے۔ اور حضور سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم نے محصب میں گوشہ نشینی اختیار فرمائی۔

حضرت مجدد کے مخلصوں نے اعتراض وشبہات کی تردید میں رسالے لکھے ہیں اور شبہات میں سب سے اچھا رسالہ میرزا محمد بیگ بدخشی کا ہے جو آپ نے مکہ شریف

حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی قدس سرہ۔

میں تحریر فرمایا اور چاروں مذہبوں کے مفتیوں نے اُس پر اپنی مہریں ثبت کیں[1]۔

فیض الٰہی کی حد نہیں۔ اولیاء میں سے ہر ایک کی استعداد کے موافق ظہور میں آیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے متاخرین کو حسبِ اقتضائے حکمتِ بالغہ ایسے کمالات عنایت کئے کہ متقدمین سے وہ تمام علوم و فیوض مروی نہیں۔ انبیاء علیہم السلام میں ایک کی فضیلت دوسرے پر ثابت ہے اور اولیاء میں بھی ایسا ہی ہے۔ وہ مقامات کہ جن سے حضرت مجدد ممتاز ہیں آپ کے طریقہ کے مستفید کثرت سے اُن درجات و حالات پر پہنچے ہیں اور اُن علوم و کیفیات کا اقرار کرتے ہیں پس ان مقامات میں کوئی شبہ نہیں رہا کیونکہ خبر متواتر صدق و یقین کا آفادہ کرتی ہے۔ جو شخص اُن مقامات پر نہیں پہنچا اور اُن کو بعید خیال کرتا ہے وہ اپنی جہالت کے سبب سے معذور ہے۔

خرقِ عادت کا ظاہر ہونا علوِ کمالات کی شرط نہیں ہے۔ اصحاب کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے باوجود علوِ درجات کے کہ جن تک کوئی نہیں پہنچ سکتا، کثرتِ خوارقِ عادات اور نسبہائے شوق و ذوق و جذبہ و استغراق صادر نہیں ہوئے۔ حضرت سید نور محمد بدایونی رحمۃ اللہ علیہ کے پیر حضرت حافظ محمد محسن قدس سرہٗ حضرت خواجہ محمد معصوم قدس سرہٗ کی خدمت میں استفادہ کے لیے گئے۔ حضرت خواجہ نے ارشاد فرمایا کہ تمہارے بزرگ ہمارے بزرگوں کا انکار کرتے ہیں۔ تم انکار کے ساتھ آئے ہو یا اقرار کے ساتھ؟ حضرت حافظ رحمۃ اللہ علیہ نے جواب دیا کہ انکار سے عذر کرنے کے لیے آیا ہوں۔ وہ حضرت خواجہ قدس سرہٗ کی صحبت میں درجۂ کمال و تکمیل پر پہنچ گئے۔"

(ملفوظات حضرت میرزا جان جاناں قدس سرہٗ)

حضرت میرزا شہید قدس سرہٗ دوسری جگہ لکھتے ہیں:-

"برخوردار! جو شبہات کہ بے عقلوں کے گمان میں قیوم ربانی مجدد الف ثا

---

[1] اُردو زبان میں اسی موضوع پر حضرت شاہ زید ابو الحسن دہلوی مدظلہٗ سجادہ نشین درگاہ حضرت شاہ ابو الخیرؒ دہلی کی کتاب "حضرت مجددؒ اور اُن کے ناقدین" خاصے کی چیز ہے (قصوری)

السامی کے مقاماتِ کرامت آیات پر وارد ہوتے ہیں۔ آپ نے اُن کے جوابات پوچھے ہیں آپ کو معلوم رہے کہ ان اعتراضات کی بنا جہالت پر ہے یا حسد پر۔ اور یہ رسمِ انکار معمولِ قدیم ہے۔ اہلِ تعصب نے شیخ اکبر رحمۃ اللہ علیہ اور دیگر اکابر کی تکفیر میں رسالے لکھے ہیں۔ اور حضرت مجدد قدس سرہٗ نے اپنے مکتوبات شریف میں ان تمام شبہات کے جواب بطریق دفع دخل مقدر تحریر فرمائے ہیں۔ اور حضرت اقدس کی اولاد امجاد میں سے حضرت شاہ یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ نے اِس باب میں ایک مفصّل رسالہ لکھا ہے اور حضرت مولوی فرخ شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے بطریقِ اجمال ایک رسالہ موسومہ بہ "کشف الغطاء عن وجہ الخطاء" تحریر کیا ہے اور آنجناب کے مخلصوں میں سے مولانا محمد بیگ ترکی ثم مکی رحمۃ اللہ علیہ نے محمد برزنجی تلمیذ شیخ ابراہیم کردی ثم مدنی کے رسالہ کی تردید میں ایک رسالہ موسومہ بہ "عطیہ الوہاب الفاصل بین الخطاء والصواب" بطریق سوال وجواب لکھا ہے اور ملک عرب کے علمائے مذاہب اربعہ کی مُہروں سے مزین کیا ہے۔"

(مکتوباتِ حضرت میرزا مظہر قدس سرّہٗ مکتوب پنجم)

یہ رسالہ ۱۰+۶" سائز کے ۶۲ صفحات پر مشتمل ہے، ۱۸ ربیع الاوّل ۹۷ھ کو لکھا گیا اور مندرجہ ذیل علماء کرام نے اس پر اپنے تصدیقی و توثیقی دستخط ثبت فرمائے:۔

(۱) شیخ احمد بشیشی مصری ازہری شامی
(۲) مفتیٔ مکہ عبداللہ آفندی عتاقی
(۳) مفتی سلطانی سید اسعد حنفی مدنی
(۴) مفتیٔ شافعی امام علی طبری
(۵) امام مالکی عبدالرحمٰن بن محمد صالح
(۶) قاضی زادہ شیخ عید امام حنفی
(۷) شیخ حسن تونسی مغربی
(۸) شیخ قاسم سحقدار حنفی
(۹) قاضی مُرشد حنفی

(۱۰) سید علی آفندی

اِن علماء نے تصدیق کے ساتھ ساتھ حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ کو بڑے بڑے القاب و آداب سے نوازا ہے جس سے اندازہ ہوتا ہے حرمین شریفین میں جہاں چند مخالف تھے وہاں بکثرت علماء حضرت مجدد قدس سرہٗ کی تعریف میں رطب اللسان تھے اور آپ کی علوِ مرتبت کے دل سے قائل۔

حضرت مجدد قدس سرہ، کے مخالفین کے اعتراضات اور اُن کے جوابات کا موضوع بہت طویل و عریض ہے۔ یہاں اتنی گنجائش نہیں ہے کہ تفصیل سے روشنی ڈالی جا سکے۔ مزید دلچسپی رکھنے والے حضرات مندرجہ ذیل کتابوں کی ورق گردانی فرمائیں تو انشاء اللہ تعالیٰ انہیں گوہرِ مقصود ہاتھ آجائے گا۔[1]

(۱) حضرت مجدد اور اُن کے ناقدین	از شاہ زید ابوالحسن فاروقی	مطبوعہ لاہور ۱۹۸۲
(۲) سیرتِ مجدد الف ثانی	از پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد	مطبوعہ کراچی ۱۹۸۳
(۳) عبداللہ خوشگی نصوری	از پروفیسر محمد اقبال مجددی	مطبوعہ لاہور ۱۹۷۲
(۴) حضرت مجدد الف ثانی ایک تحقیقی جائزہ	از ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خاں	مطبوعہ کراچی ۱۹۶۵
(۵) جواہر مجددیہ	از خواجہ احمد حسین امروہوی	مطبوعہ لاہور سن ندارد

دراصل حسد کا مادہ حضرت مجدد قدس سرہ، سے معارفِ غیر متعارف کا ظاہر ہونا جو قرونِ اولیٰ میں شائع تھے اور قرونِ ثلاثہ مشہود بالخیر کے بعد پوشیدگی کے پردے میں چلے گئے تھے۔ اور چونکہ حضرت قدس سرہ، کی طینتِ مطہرہ حضور سید عالم رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم کی طینتِ مقدسہ کا بقیہ تھی، لہٰذا اس سبب سے ظاہر ہو گئے ہیں۔ انصاف کا تقاضا یہ ہے کہ پہلے ان مقامات کے قائل کی شان میں نظر کریں، اگر وہ کتاب و سنت کا متبع ہے اور اس کے اکثر اعمال و اقوال، میزان شریعت میں موزوں ہیں تو اُس کے کلام کے متشابہات کو اس کے کلام کے محکمات کے موافق تاویل کریں یا خدائے عالم الستر

---

[1] ان کتابوں میں ماضی تا حال کے ناقدین کے اعتراضات اور اُن کے شافی جوابات موجود ہیں (قصوری)

پر چھوڑ دیں اور اُس کو معذور سمجھیں۔ کیونکہ اس قوم کو بہت سے عذر عارض (پیش) ہوتے ہیں۔ کبھی غلبۂ حال میں اُن کی عبارتیں، اُن کے مرادات کے ساتھ مساعدت نہیں کرتیں اور کبھی معلوماتِ کشفی میں وہم و خیال کے خلط کے سبب سے خطا واقع ہوتی ہے اور وہ اس خطا میں خطائے اجتہادی کی طرح معذور ہیں۔ اور کبھی اُن کی اصطلاح پر آگاہی حاصل نہیں ہوتی۔ پس ان امور کی رعایت سے اعتراض کا ترک لازم ہے۔ بالخصوص حضرت مجدد قدس سرہٗ کے کلامِ بلاغت نظام پر اعتراض کرنا فضول ہے کیونکہ اُن کے طریقہ کی بنا سنّت کے اتباع پر ہے اور اُن کی تصنیفات پر اسی نصیحت و موعظمت سے بھری پڑی ہیں اور اِس فتنہ کے برپا ہونے کا سبب زیادہ تر توحیدِ وجودی کا انکار اور توحیدِ شہودی کا اثبات ہے۔ کیونکہ چار سَو سال سے یعنی حضرت شیخ محی الدین ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ کے عہد سے حضرت مجدد قدس سرہٗ کے عہدِ مبارک تک لوگوں کے کان اور ذہن مسئلہ وحدتِ وجود سے پُر تھے۔ حضرت مجدد قدس سرہٗ کا یہ توحیدِ وجودی سے انکار، علمائے ظاہر کی طرح نہیں بلکہ جس مقام سے کہ وجودیہ تکلّم کرتے ہیں، حضرت مجدد قدس سرہٗ اُس کی تصدیق اور تسلیم کرتے ہیں۔ اتنا فرق ضرور ہے کہ حضرت مجدد قدس سرہٗ مقصودِ اصلی کو اُس مقام سے اُوپر فرماتے ہیں اور خالق و مخلوق میں فی الجملہ غیریت ایسے طور سے ثابت کرتے ہیں کہ وحدتِ وجود حقیقی میں مخل نہیں جو خارج حقیقی میں متحقق ہے بخلاف وجودیہ کے جو خالق و مخلوق میں عینیت ثابت کرتے ہیں۔ (مکتوب حضرت مرزا مظہر مکتوب پنجم)

حضرت مرزا مظہر جان جاناں شہید قدس سرہٗ، ایک اور جگہ یوں ارشاد فرماتے ہیں:۔

"ایک دفعہ میں جناب سرورِ کائنات علیہ افضل الصلوات والتحیات کے جمالِ جہاں آرا سے مشرف ہوا۔ گویا میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلو مبارک میں برابر سویا ہوا ہوں اور نفسِ مبارک کی راحت مجھے پہنچ رہی ہے۔ اسی اثنا میں مجھے پیاس لگی، سرہند شریف کے پیرزادے وہاں حاضر تھے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن میں سے ایک کو پانی لانے کا حکم دیا۔ بندہ نے عرض کی، یارسول اللہ! وہ میرے پیرزادے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ وہ ہمارے حکم کی تعمیل کرتے ہیں۔ پس اُن میں سے

ایک بزرگ پانی لایا اور میں نے سیر ہو کر پیا۔ میں نے عرض کی۔ یا رسول اللہ! آپ حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہٗ کے بارے میں کیا ارشاد فرماتے ہیں؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان کی مثل میری اُمت میں دوسرا کون ہے؟ میں نے عرض کی، یا رسول اللہ! ان کے مکتوبات آپ کی نظرِ مبارک سے گزرے ہیں؟ فرمایا، اگر تجھے کچھ یاد ہے تو پڑھو۔ بندہ نے آپ کے کسی مکتوب کی یہ عبارت پڑھی۔ انہ تعالیٰ وراء الوراء ثم وراء الوراء حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت پسند فرمائی اور محظوظ ہوئے۔ فرمایا کہ پھر پڑھو۔ میں نے دوبارہ یہی عبارت عرض کی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اور زیادہ تعریف فرمائی اور محظوظ ہوئے۔ فرمایا کہ پھر پڑھو، میں نے پھر (تیسری بار) یہی عبارت عرض کی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اور زیادہ تعریف فرمائی اور یہ حالت دیر تک رہی۔ علی الصبح ایک بزرگ نے آکر کہا کہ میں نے آج رات ایک خواب دیکھا ہے کہ تم نے ایک اچھا خواب دیکھا ہے۔ وہ خواب کیا ہے۔ فقیر نے یہ خواب اُس سے بیان کر دیا، وہ بہت متعجب ہوئے۔

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے نفس مبارک اور صحبت سے میں نے اپنے آپ کو سراپائے نُور و حضور پایا اور اُس کی کیفیتوں سے جو امر بیداری سے بہتر ہے کئی دن تک مجھے بھوک اور پیاس نہ تھی۔" (ملفوظاتِ حضرت مرزا مظہر)

حضرت شاہ غلام علی دہلوی قدس سرہٗ، لکھتے ہیں کہ حضرت شیخ عبدالحق دہلوی نے رسالۂ اعتراضات کے اخیر میں لکھا ہے:۔

"فقیر دربارۂ شما بعالمِ غیب متوجہ بُود۔ کہ تحریر ایں ہمہ معارف و مقاماتِ شما از چہ راہ است۔ اصلے از حق دارد یا محض سخن سازی است۔ ایں آیہ شریفہ وَاِنْ یَّكُ كَاذِبًا فَعَلَيْهِ كَذِبُهٗ۔

(پارہ ۲۴ سورہ مومن ع ۴) در باطن القا کردند"

فقیر تمہارے بارے میں عالم غیب کی طرف متوجہ تھا کہ آپ کے معارف و مقامات کی یہ سب تحریر کس راہ پر ہیں۔ انہیں حق سے کوئی نسبت ہے یا سب بناوٹی باتیں ہیں۔ یہ آیہ شریفہ "اگر وہ حقیقتاً جھوٹا ہے تو اُس کے جھوٹ کی شامت اُس پر ہو گی" باطن میں القا ہوئی۔

ظاہر ہے کہ اس آیت کا نزول فرعون اور فرعونیوں کے اشتباہ کے دُور کرنے

اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کی حقانیت ثابت کرنے کیلئے ہے۔ پس حضرت شیخ دہلویؒ کا انکار سے باز آنا اور آپ کے باطن شریف پر اس آیت کا القا ہونا رفع اعتراضات کے لیے دو دلیلیں ہیں [1]

حضرت شیخ محمد فرخ جو عالم کثیر العمل اور حضرت مجدد قدس سرہ، کے پوتوں میں سے تھے، حج کے لیے تشریف لے گئے تو سید محمد برزنجی جو حضرت مجدد کے انکار میں تشدد رکھتا تھا۔ اُس نے چاہا کہ شیخ کے الزام کے لیے مدینہ منورہ سے مکہ مکرمہ آئے۔ شیخ نے دُعا کی کہ الٰہی! میں عجمی ہوں اور وہ عربی ہے۔ حرم مبارک میں مجادلہ مناسب نہیں۔ تو مجھے اُس کے

---

[1] مزید تشریح کے لیے ہم پوری آیہ کریمہ اور اس کی تفسیر و تشریح نقل کرتے ہیں تاکہ قارئین کرام اس کے پس منظر سے بخوبی آگاہ ہو سکیں۔

وَاِنْ يَّكُ كَاذِبًا فَعَلَيْهِ كَذِبُهٗ ۚ وَاِنْ يَّكُ صَادِقًا يُّصِبْكُمْ بَعْضُ الَّذِيْ يَعِدُكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ كَذَّابٌ ۝ (پارہ ۲۴ سورہ مومن رکوع ۴)	اگر وہ حقیقتاً جھوٹا ہے تو اُس کے جھوٹ کی شامت اس پر ہو گی اور اگر وہ سچا ہوا اور تم نے اُس کو گزند نہ پہنچائی، تو ضرور پہنچے گا تمہیں عذاب جس کا اس نے وعدہ تم سے کیا ہے۔ بیشک اللہ ہدایت نہیں دیتا اسے جو حد سے بڑھنے والا، بہت جھوٹ بولنے والا ہو۔

ضیاء الامت حضرت پیر محمد کرم شاہ صاحب اس آیہ کریمہ کی تفسیر میں لکھتے ہیں کہ "قبطی قوم کا ایک فرد حضرت موسیٰ علیہ السلام پر ایمان لا چکا تھا لیکن اس نے اپنی قوم کو اپنے ایمان سے آگاہ نہیں کیا تھا۔ اُس نے جب سُنا کہ فرعون حضرت کلیم علیہ السلام کو قتل کرنے کا منصوبہ بنا رہا ہے تو اُس نے اُن کو اس راہ سے باز آنے کی تلقین شروع کر دی پہلے تو انہیں جھڑکا کہ تم موسیٰ کے درپے آزار کیوں ہو، اس نے تمہارا کیا جرم کیا ہے، اُس نے کون سی قانون شکنی کی ہے، محض اس لیے تم اُسے قتل کرنا چاہتے ہو کہ وہ کہتا ہے میرا پروردگار اللہ تعالیٰ ہے اور اُس نے اپنے عقیدہ کی حقانیت دلائل و معجزات سے ثابت کر دی ہے۔ تمہارا معاشرہ تو بڑا ترقی یافتہ ہے تم اُن کے ذاتی عقیدہ میں کیوں دخل دیتے ہو۔ اُس کو اُس کے حال پر چھوڑ دو۔ اگر بالفرض وہ غلط کہہ رہا ہے تو خود ہی کیفر کردار پہنچ جائے گا۔ ہمیں اپنے ہاتھ اُس کے لہو سے سُرخ کرنے کی کیا ضرورت ہے (ضیاء القرآن جلد چہارم ص ۲۰۳) تصویر کی

شر سے بچا۔ وہ سخت بیمار ہوگیا۔ حضرت شیخ نے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے مزار مقدس کی زیارت سے مشرف ہوکر ہندوستان کا رُخ کیا اور کشتی پر سوار ہوگئے۔ اُس نے صحت و قوت پاکر اُن کا تعاقب کیا اور ایک کشتی میں سوار ہوا تاکہ جہاز میں حضرت مجدد قدس سرہٗ کے معارف میں اُن سے بحث کرے۔ شیخ نے یوں دُعا کی:۔

اللھم اکفنیہ بما شئت. || یا اللہ! تو مجھے اس کے شر سے بچا جس چیز کے ساتھ تو چاہے

وہ کشتی دریا میں غرق ہوگئی اور منکر اولیاء کو سزا مل گئی (مقاماتِ مظہری)

حضرت شاہ غلام علی دہلوی قدس سرہ، لکھتے ہیں کہ "ناسمجھوں نے حضرت مجدد کے کلام جو اعتراضات کئے تھے اُن کے جواب تو خود آپ نے مکتوبات شریف میں تحریر فرما دیئے ہیں، دوسروں کو ضرورت ہی نہیں کہ جواب لکھیں، پھر بھی اُن کے صاحبزادگان اور مخلصین نے ان اعتراضات کے جوابات دیئے ہیں مثلاً حضرت خواجہ محمد یحییٰ (ابن حضرت مجددؒ) شیخ محمد فرخ (ابن خواجہ محمد سعید ابن حضرت مجددؒ) خواجہ عبدالاحدؒ (ابن خواجہ محمد سعید ابن حضرت مجددؒ) مرزا محمد بیگ بدخشی (مکہ شریف) حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ، اور قاضی ثناء اللہ پانی پتی اور دوسرے بہت سے احباب و مخلصین نے ردّ لکھا ہے (رسالہ در دفع اعتراضات در کلام حضرت مجدد (قلمی) بحوالہ سیرت مجدد الف ثانی از پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد ص ۳۲۲

حضرت مجدّد قدس سرہٗ کی اولادِ امجاد

صاحبِ حضرات القدس لکھتے ہیں:۔

"امام ربانی حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ، کی دو بڑی کرامتیں صفحۂ روزگار پر باقی ہیں

(۱) آپ کا کلام کہ مشائخ و عرفاءِ وقت اُس کے مماثل لکھنے سے عاجز رہے۔

(۲) آپ کے فرزندانِ گرامی کہ اُن کو آپ نے اپنے تصرف سے علم و عمل اور کمالاتِ باطنیہ عطا فرمائے روئے زمین پر کسی شیخ کے بھی اپنے فرزندوں کو تصرف و توجہ سے

اپنا مثل نہیں بنایا۔ یہ خدا کا فضل ہے جسے چاہتا ہے عطا فرما دیتا ہے۔
آپ کے سات صاحبزادے اور تین صاحبزادیاں تھیں۔ جن کی تفصیل درج ذیل ہے:۔

صاحبزادگان

(۱) خواجہ محمد صادق قدس سرہٗ	پیدائش سنہ ۱۰۰۰ھ	وفات	سنہ ۱۰۲۵ھ / ۱۶۱۶ء
(۲) خواجہ محمد سعید قدس سرہٗ	سنہ ۱۰۰۲ھ / ۱۰۰۵ھ		سنہ ۱۰۷۰ھ / ۱۶۵۰ء
(۳) خواجہ محمد معصوم قدس سرہٗ	سنہ ۱۰۰۷ھ		سنہ ۱۰۷۹ھ / ۱۶۵۹-۶۰ء
(۴) خواجہ محمد فرخ قدس سرہٗ	سنہ ۱۰۱۴ھ		سنہ ۱۰۲۵ھ / ۱۶۱۶ء
(۵) خواجہ محمد عیسیٰ قدس سرہٗ	سنہ ۱۰۱۷ھ		سنہ ۱۰۲۵ھ / ۱۶۱۶ء
(۶) خواجہ محمد اشرف قدس سرہٗ	وفات بعمر شریف دو سال		
(۷) خواجہ محمد یحییٰ قدس سرہٗ	سنہ ۱۰۲۴ھ		سنہ ۱۰۹۶ھ / ۱۶۸۵ء

صاحبزادیاں

(۱) بی بی رقیہ بانو علیہا رحمہ، آپ کا شیر خوارگی کے زمانہ میں انتقال ہوا۔

(۲) بی بی خدیجہ بانو علیہا رحمہ[۱] حضرت مجدد قدس سرہٗ کے بھتیجے مولانا عبدالقادر رحمۃ اللہ علیہ سے منسوب تھیں۔ ان کے تین صاحبزادے اور سات صاحبزادیاں ہوئیں۔ تاریخ پیدائش و وفات معلوم نہیں ہو سکی۔

(۳) بی بی ام کلثوم علیہا رحمہ[۲]، آپ کا چودہ سال کی عمر میں سنہ ۱۰۲۵ھ / ۱۶۱۶ء میں انتقال ہوا۔

---

[۱] آپ نے سلوکِ باطنی اپنے والد بزرگوار حضرت مجدد قدس سرہ سے حاصل کیا تھا۔ ولایت کے مرتبہ پہ فائز تھیں (قصوری)

صاحبزادیوں کی یہ ترتیب ہم نے پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد مدظلہ کی کتاب سیرۃ مجدد الف ثانی سے نقل کی ہے سید صباح الدین شاہ نے اپنی کتاب "حضرت مجدد الف ثانی" ص ۴۰۷ اور مولانا اختر شاہجہانپوری "تجلیاتِ امام ربانی" کے ص ۱۲۹ پر صاحبزادیوں کی ترتیب یوں لکھی ہے: بی بی رقیہ بانو[۱]، بی بی ام کلثوم[۲] اور بی بی خدیجہ بانو[۳] رحمۃ اللہ علیہما (قصوری)

ذیل میں ہم اختصار کے ساتھ صاحبزادگان عالی شان کے حالاتِ طیبات درج کر رہے ہیں تاکہ قارئین کرام کی تشنگی دُور ہو سکے اور دولتِ ایمان میں زیادتی ہو۔

(۱) **خواجہ محمد صادق قدس سرہ:۔** آپ حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہٗ کے فرزندِ اکبر ہیں۔ آپ کی ولادت باسعادت ۱۰۰۰ھ میں ہوئی۔ بچپن میں اپنے جدِ بزرگوار کے دامنِ تربیت میں رہے۔ جب ۱۰۱۸ھ میں حضرت مجدد قدس سرہٗ دہلی میں حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہٗ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ بھی ہمراہ تھے۔ آپ نے بھی حضرت خواجہ قدس سرہٗ کی نظرِ کرم سے ذکر و مراقبہ اور جذبہ و نسبت شریفہ سے شرف حاصل کیا۔ اپنی فطری استعداد، حضرت مجدد کی نظرِ کرم کی برکتوں سے اور تربیت کے طفیل وہ وہ روحانی ترقیاں حاصل کیں کہ شمار میں نہیں آ سکتیں۔ آپ پر معاملاتِ عظیمہ وارد ہوئے یہانتک کہ کبھی وفورِ مستی اور غلبۂ جذبہ میں ننگے سر، ننگے پاؤں جدھر جی چاہتا نکل جاتے اور سبق کی کتابیں بالائے طاق رکھی رہ جاتیں۔

ایک روز حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہٗ کی خدمت میں ایک درویش حاضر ہوا۔ اُس نے کسی بزرگ کی خدمت میں سلوک تمام کر کے خلافت حاصل کی تھی۔ وہ وطن کو جاتے ہوئے یہاں ٹھہر گیا۔ اُس نے اپنے حالاتِ بلند، حضرت خواجہ قدس سرہٗ سے بیان کئے۔ مطلب مقصد یہ تھا کہ ایسے حالات مجھے حاصل ہیں، اگر یہاں کچھ زیادہ ہے تو استفادہ کر لوں۔ حضرت خواجہ قدس سرہٗ نے محمد صادق کو طلب کر کے فرمایا، بابا! اپنے احوال بیان کر تاکہ مہمان درویش سُن لے۔ آپ نے وہی درویش والے احوال اور کچھ زائد بیان کئے۔ جب اُس درویش نے دیکھا کہ اِس آستان کا ایک آٹھ سالہ لڑکا جسے داخلِ سلسلہ ہوئے دو تین ہوئے، وہ حالات بیان کرتا ہے جو اُسے پچاس سال میں حاصل ہوئے تو اپنے احوال دید کا غرور اُس کے دماغ سے نکل گیا۔

بچپن ہی سے آپ کشفِ کون اور کشفِ قبور میں نظرِ صائب رکھتے تھے۔ چنانچہ حضرت باقی باللہ قدس سرہٗ آپ کے کشف و فراست پر اعتماد کر کے آپ سے اُمورِ کونیہ غیبیہ دریافت فرمایا کرتے تھے اور قبرستان میں لے جا کر مُردوں کے حالات پوچھا کرتے تھے

اور آپ جیسا نظر پڑتا عرض کر دیا کرتے تھے۔ ایک دفعہ آپ کے چچا شیخ محمد مسعود رحمۃ اللہ علیہ نے بسلسلہ تجارت خراسان کو رختِ سفر باندھا، آپ بطریق مشایعت اُن کے ساتھ جدّا مجد حضرت مخدوم عبدالاحد قدس سرہٗ کے مزار تک تشریف لے گیے اور ایک لمحہ مزار مبارک پر مراقب رہے۔ مراقبہ سے سر اٹھا کر فرمانے لگے، کہ میرے دادا جان نے چچا جان کو اس سفر سے منع کیا ہے۔ چونکہ آپ اُس وقت کمسن تھے، اس لیے شیخ محمد مسعودؒ نے خیال نہ کیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ شیخ مسعودؒ اسی سفر میں انتقال فرما گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

آپ جامع علوم عقلیہ ونقلیہ تھے۔ اکثر علوم والد بزرگوار (یعنی حضرت مجدد قدس سرہٗ) کے حضور میں حاصل کئے۔ کچھ مولانا محمد طاہر لاہوری رحمۃ اللہ علیہ اور کچھ مولانا معصوم رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاصل کئے۔ اٹھارہ سال کی عمر میں فارغ التحصیل ہو کر تدریس میں مشغول ہو گئے۔ معقول ومنقول میں آپ کو اس قدر مہارتِ تامہ اور شہرت عامہ تھی کہ ایک روز آپ کو شیراز (ایران) کے ایک فاضل کی خدمت میں حاضر ہونے کا اتفاق ہوا جو ہندوستان میں آیا تھا اور معقولات میں عدیم النظیر تھا۔ آپ نے ہیئت وحکمت کے چند دقائق طبعزاد اُس سے ذکر کئے۔ فاضل موصوف کہنے لگا کہ جب تک میں نے اس جوان کو نہ دیکھا تھا، مجھے یقین نہ تھا طلبۂ ہندوستان میں سے کوئی طالب علم علوم عقلیہ کے مسائلِ دقیقہ کی قوتِ ادراک کما حقہ رکھتا ہوگا۔

مہارت علمی کے ساتھ آپ نے سلوک بھی درجۂ تکمیل تک پہنچا دیا تھا۔ چنانچہ اکیس[۲۱] برس کی عمر میں حضرت مجدد قدس سرہٗ نے خلعتِ خلافت سے سرفراز فرما دیا تھا۔ جب آپ کی عمر چوبیس[۲۴] سال کی ہوئی تو سرہند شریف میں وبائے طاعون شدت سے نمودار ہوئی۔ ہر روز بکثرت لوگ ہلاک ہونے لگے۔ آپ نے فرمایا کہ یہ وبا تر لقمہ چاہتی ہے، جب تک ہم نہ جائیں گے، تسکین نہ ہوگی۔ چنانچہ آپ کو بخار ہو گیا اور طاعون کی گلٹی آپ کی ران میں نمودار ہوئی اور نور ربیع الاوّل سنہ ۱۰۲۵ھ / ۱۶۱۲ء بروز اتوار وصال فرمایا۔ "دوشنبہ نہم ربیع الاوّل" سے آپ کی تاریخ وفات ۱۰۲۵ھ نکلتی ہے۔ آپ سے ایک دو دن پہلے آپ کے بھائیوں خواجہ محمد فرخ اور خواجہ محمد عیسیٰ رحمہما اللہ تعالیٰ نے اور آپ کی بہن اُمّ کلثوم نے اسی

مرض میں انتقال کیا اور یہ تینوں اپنے جدّ بزرگوار حضرت مخدوم عبدالاحد قدس سرہٗ کے مزار میں دفن ہوئے۔

خواجہ محمد صادق رحمۃ اللہ علیہ کے وصال کے بعد وبا اُن کے قبیلہ میں نہ رہی۔ جو بیمار تھے وہ سب صحت یاب ہو گئے۔ ان مریضوں نے شدّتِ مرض میں دیکھا تھا کہ حضرت مخدوم زادہ (خواجہ محمد صادق) اُن کو اُس جماعت کے ہاتھ سے چھڑا رہے ہیں جو اس وبا پر مقرر تھی اور اُن سے فرما رہے ہیں کہ اب جب اِس بلا کو ہم نے اپنے اوپر لے لیا ہے۔ تو پھر تم لوگوں سے کیوں اُلجھ رہے ہو۔ ایک شخص نے خواب میں دیکھا کہ جو شخص مخدوم زادہ (خواجہ محمد صادق) کا نام لکھ کر پاس رکھے گا، اس وبا سے رہائی پائے گا۔ چند لوگوں نے اِس کا تجربہ کیا اور نام مبارک میں عجیب اثر دیکھا۔

آپ کے انتقال کے بعد رشتہ داروں کی رائے تھی کہ آپ کو جدّ امجد حضرت خواجہ عبدالاحد قدس سرہٗ کے مقبرہ میں دفن کیا جائے۔ حضرت مجدّد قدّس سرہٗ نے مراقبہ کیا تو اُس جگہ کا حکم ہوا جہاں اَب آپ کا مزار مبارک ہے۔ اس جگہ کا شرف حضرت مجدّد قدس سرہٗ نے یوں تحریر فرمایا ہے:۔

"شہر سرہند گویا میرے زندہ کرنے کی زمین ہے کہ میرے واسطے تاریک کنوئیں کو بھر کر ایک بلند چبوترہ بنایا گیا ہے۔ اور اکثر شہروں اور جگہوں پر اُس کو رفعت دی گئی ہے اور اس زمین میں ایک نور ودیعت رکھا گیا ہے جو نورِ بے صنفی اور بے کیفی سے اقتباس کیا گیا ہے اُس نور کی مانند جو بیت اللہ کی پاک زمین سے بلند و روشن ہے۔

میرے بڑے بیٹے کی رحلت سے چند ماہ پہلے یہ نور اس درویش پر ظاہر کیا گیا تھا اور فقیر کی سکونت کی زمین کے گوشہ میں بتایا گیا تھا۔ ایسا بلند نور دکھایا گیا تھا کہ کسی صفت و شان نے اُس کی نوک کی طرف بھی راستہ نہیں پایا۔ اور کیفیات سے مبرّا و منزّہ تھا۔ یہ آرزو ہوئی کہ یہ زمین میرا مدفن ہو اور وہ نور میری قبر پر روشن ہو۔ میں نے اپنے بڑے بیٹے سے جو میرا راز دار تھا یہ بات ظاہر کر دی اور اُس نور اور اُس آرزو سے اُسے آگاہ کر دیا۔ اتفاقاً فرزند مرحوم اس دولت کی طرف سبقت لے گیا۔ اور زیرِ خاک اُس دریائے

میں غرق ہوگیا۔ ؎

هَنِيْأً لِاَرْبَابِ النَّعِيْمِ نَعِيْمُهَا
وَلِلْعَاشِقِ الْمِسْكِيْنِ مَا يَتَجَرَّعُ

نعمت والوں کو اُن کی نعمتیں مبارک ہوں اور عاشق مسکین کے لیے وہ درد و الم ہے جو وہ گھونٹ گھونٹ پی رہا ہے۔

یہ بات بھی اس شہر مبارک کی فضیلت میں سے ہے کہ میرے سب سے بڑے صاحبزادہ (اکابر اولیاء میں سے ہے، یہاں آسودۂ خاک ہے۔ ایک مدت کے بعد ظاہر ہوا وہ ودیعت (امانت) رکھا ہوا نور اس فقیر کے انوارِ قلبیہ کا ایک لمعہ (ٹکڑا) ہے۔ جسے یہاں سے لے کر (اس زمین میں روشن کیا گیا ہے جس طرح کہ مشعل سے ایک چراغ روشن کرتے ہیں۔

كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (سورہ نور ۳۵)

آپ فرمادیں کہ سب کچھ اللہ ہی کی طرف سے ہے اللہ آسمانوں اور زمین کا نور ہے۔

(مکتوبات شریف جلد ثانی مکتوب ۲۲)

حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہٗ کو اپنے بڑے صاحبزادے خواجہ محمد صادق اور دو چھوٹے صاحبزادوں (خواجہ محمد فرخ اور خواجہ محمد عیسیٰ قدس اسرارہم) کے انتقال کا سخت صدمہ ہوا۔ چنانچہ آپ مولانا محمد صالح کو یوں تحریر فرماتے ہیں:۔

"بھائی ملا صالح! آپ نے اہل سرہند کے واقعات سن لیے ہوں گے۔ میرے بڑے (خواجہ محمد صادق) نے بھی اپنے دو چھوٹے بھائیوں محمد فرخ اور محمد عیسیٰ کے ساتھ سفر (آخرت) اختیار کیا ہے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

اللہ تعالیٰ سبحانہٗ کا شکر ہے کہ پہلے اُس نے پسماندگان کو قوتِ صبر عطا فرمائی اور پھر (غم) کے اثر کو بالکل ہی ختم کر دیا۔ کسی نے کیا خوب کہا ہے ؎

گر روئے نہ پیچم گرم بیازاری
ور بود ز عزیزاں تحمل و خواری

میں تجھ سے منہ نہیں پھیروں گا، اگرچہ تو مجھے تکلیف ہی پہنچائے کیونکہ دوستوں کا بوجھ اُٹھانا اور ان کی طرف سے خواری برداشت کرنا بڑی اچھی بات ہے۔

(بیٹا مرحوم و مغفور اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے ایک نشانی اور رحمتوں میں سے

ایک رحمت تھا اُس نے چوبیس۲۴ سال کی عمر میں وہ کچھ پایا جو کم ہی کسی نے پایا ہوگا۔ اُس نے مولویت کے پایہ و مرتبہ اور علومِ عقلیہ و نقلیہ کی تدریس کو اس حدِ کمال تک پہنچا دیا تھا کہ اُس کے شاگرد تفسیر بیضاوی، شرح مواقف اور اس طرح کی دیگر کتابوں کو پوری قدرت اور مہارت سے پڑھاتے ہیں۔ اُس معرفت و عرفان کی حکائتیں اور شہود و کشوف کے قصے محتاجِ بیان نہیں۔

آپ کو یہ بات معلوم ہے کہ وہ آٹھ سال کی عمر میں ایسا مغلوب الحال ہو گیا تھا کہ ہمارے خواجہ (باقی باللہ) قدس سرہٗ اس کے حال کی تسکین کا علاج بازاری کھانوں سے کیا کرتے تھے جو مشکوک و مشتبہ ہوتے ہیں۔ اور فرمایا کرتے تھے کہ جو محبت مجھے محمد صادق سے ہے وہ کسی سے نہیں۔ حضرت خواجہ قدس سرہٗ کے اِس ارشاد گرامی سے اُس کی بزرگی کا لگایا جا سکتا ہے۔ اُس نے ولایت موسوی کو نقطۂ آخر تک پہنچایا ہوا تھا اور اس بلند ولایت کے عجائب و غرائب بیان کیا کرتا تھا۔ اور وہ ہمیشہ فروتن، متواضع، ملتجی، متضرع، متذلل و منکسر رہا کرتا تھا اور کہا کرتا تھا کہ اولیاء اللہ میں سے ہر ایک نے حضرت حق سبحانہ و تعالیٰ سے ایک نہ ایک چیز مانگی ہے اور میں نے التجا اور تضرع (زاری) مانگی ہے۔

محمد فرخ کے متعلق کیا لکھا جائے، وہ گیارہ سال کی عمر میں کافیہ پڑھتا تھا اور شرح تجرید کے ساتھ پڑھتا تھا۔ ہمیشہ عذابِ آخرت سے ترساں (ڈرنے والا) اور لرزاں (کانپنے والا) رہتا تھا اور دعا کرتا تھا کہ بچپن عمر ہی میں اس کمینی دنیا کو الوداع کہہ دے تاکہ عذابِ آخرت سے نجات پائے۔ مرضِ موت میں جن دوستوں اور یاروں نے اُس کی تیمارداری کی انہوں نے اُس کے عجائب و غرائب کا مشاہدہ کیا۔ اور آٹھ سال کی عمر میں لوگوں نے محمد عیسیٰ کی جو کرامات و خوارق دیکھیں اُس کے متعلق کیا لکھوں۔

مختصر یہ کہ میرے یہ تینوں بیٹے نفیس موتی تھے جو بطور امانت ہمارے سپرد کئے گئے تھے۔ اللہ تعالیٰ کا شکر اور احسان ہے کہ ہم نے بغیر کسی ناخوشی و اکراہ کے امانت کی امانتیں اُن کے حوالے کر دیں۔

اللھم لا تحرمنا اجرھم ولا || اے اللہ ہمیں سید المرسلین علیہ وعلیہ

تغتنا بعد هم بحرمة سید المرسلین علیه وعلیهم الصلوٰت والتسلیمات

والتسلیمات ہمیں اُن کے اجر سے محروم نہ کر۔

(مکتوبات شریف جلد اوّل مکتوب ۳۰۶)

خواجہ محمد صادقؒ کی قبر پہلے بچی تھی۔ پھر کچھ مدت کے بعد حضرت مجدّد الف ثانی قدس سرہٗ نے اُس پر ایک گنبد تعمیر فرمایا۔ قبر مبارک اس قبہ کے مرکز سے ذرا مغرب کی طرف تھی۔ جب حضرت مجدّد قدس سرہٗ کا وصال ہوا تو اُن کو بھی اسی قبہ میں دفن کیا گیا۔ مگر جب اُن کا جنازہ لے کر اندر گئے، تو حضرت خواجہ محمد صادق کی قبر از راہِ ادب ایک ہاتھ مشرق کو سرک گئی۔ اور طاق وسطِ گنبد میں القبرین ہو گیا۔ آپ کی اولاد میں صرف ایک فرزند نرینہ تھا جس سے سلسلہ آگے چلا۔

۲۔ خواجہ محمد سعید خازن قدس سرہٗ:-

آپ حضرت مجدّد الف ثانی قدس سرہٗ کے دوسرے صاحبزادے ہیں۔ بچپن ہی سے آثارِ ہدایت ولایت آپ کی پیشانی سے ہویدا تھے۔[1]

بالائے سرش زہوشمندی — می تافت ستارۂ بلندی

آپ کی ولادت باسعادت ماہ شعبان ۱۰۰۲ھ بروایت دیگر ۱۰۰۵ھ میں سرہند شریف میں ہوئی۔ حضرت مجدّد قدس سرہٗ ارشاد فرماتے ہیں کہ "محمد سعید چار پانچ سال کے تھے کہ بیمار ہو گئے۔ غلبۂ مرض میں اُن سے پوچھا گیا کہ تم کیا چاہتے ہو۔ اُن کی زبانِ مقدس سے بے اختیار نکلا۔

"حضرت خواجہ را می خواہم"۔

"میں حضرت خواجہ (باقی باللہ) کو چاہتا ہوں"۔

میں نے یہ بات حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہٗ سے عرض کی کہ انہوں نے ارشاد فرمایا کہ

محمد سعید شما، رندی و حریفی نمود و غائبانہ — نسبت در ربود۔

تمہارے محمد سعید نے رندی و حریفی کی اور غائبانہ ہم سے نسبت لے گیا (اچک لی ہے)

جب آپ سنِ شعور کو پہنچے تو علومِ ظاہری کی تحصیل میں مشغول ہوئے۔ کچھ اپنے بھائی خواجہ محمد صادق اور کچھ شیخ محمد طاہر لاہوری اور باقی والد ماجد (حضرت

مجدد قدس سرہ سے پڑھا۔ سترہ برس کی عمر میں فارغ التحصیل ہو کر تدریس میں مشغول ہوئے اور تصانیف تحریر فرمائیں۔ چنانچہ مشکوٰۃ المصابیح پر تعلیقات لکھیں جن میں مذہب حنفی کی دلائل و شواہد سے تائید و حمایت کی۔ حاشیہ خیالی پر ایک حاشیہ متین لکھا اور اس میں اپنے دقائق خلاصہ تحریر فرمائے۔ ایک رسالہ رفع سبابہ کی ممانعت میں تحریر فرمایا۔ مناظرہ میں آپ کو ید طولیٰ حاصل تھا۔ مخالف کو ساکت کر دیا کرتے تھے۔ جب کبھی کسی تقریب سے محفل سلطانی میں جاتے تو بادشاہ آپ ہی سے مسائل دریافت کیا کرتا حالانکہ علماء و فضلاء موجود ہوتے۔ آپ کی تصانیف میں سے ایک جلد مکتوبات کی ہے، جس میں آپ نے بڑے بلند حقائق اور ذات و صفات کے متعلق دقائق بیان فرمائے ہیں۔

آپ نے علوم ظاہری کی طرح کمالات باطنی مکمل طور پر اپنے والد بزرگوار حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہٗ کی صحبت مبارکہ میں حاصل کئے۔ اور ولایت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم سے مشرف ہوئے۔ حضرت مجدد قدس سرہ، نے آخیر عمر میں تعلیم طریقہ اور خدمت ارشاد آپ کے اور حضرت خواجہ محمد معصوم رحمۃ اللہ علیہ کے سپرد کر دی تھیں۔ اور فرمایا کرتے تھے کہ ہر قطب کے واسطے دو امام درکار ہیں۔ محمد سعید اور محمد معصوم دونوں میرے امام ہیں۔

حضرت مجدد قدس سرہٗ نے آپ کے متعلق بہت سی بشارتیں دی ہیں۔ چنانچہ آپ کو خلعت خلت کی بشارت دی۔ ایک روز فرمایا کہ ہمارے محمد سعید علماء راسخین میں سے ہیں! اور روز فرمایا کہ محمد سعید زمرۂ سابقین میں سے ہیں۔ ایک دفعہ فرمایا کہ مجھ پر میدان قیامت اور میرے مریدوں کا پلصراط سے گزرنا، مکشوف ہوا۔ محمد سعید ہم سب سے آگے آگے چل رہے تھے اور کتاب اعمال سیدھے ہاتھ (دائیں ہاتھ) میں لیے ہوئے تھے۔ پس ہم سب بہشت میں داخل ہو گئے۔ نیز فرمایا کہ محمد سعید خازن رحمت الٰہی ہے، قیامت کے دن تقسیم خزائن رحمت اُس کے سپرد ہوگی۔ فرمایا کہ محمد سعید! تم نے دائرہ نفی حضرت ابراہیم علیہ السلام کو قطع کر لیا اور اب اس بات میں میرے شریک ہو۔ یہ بھی فرمایا کہ عروج و نزول کے ہر مقام میں تم میرے ہمراہ رہے ہو۔ ایک روز فرمایا کہ محمد سعید

تم میرے ضمنی ہو اور اس بات سے تنگ دل نہ ہونا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ضمنی تھے۔

آپ کے برادر اصغر حضرت خواجہ محمد معصوم رحمۃ اللہ علیہ آپ کے مناقب میں یوں تحریر فرماتے ہیں:۔

"بچپن ہی سے آثار قبول و کرامت ظاہر اور اطوارِ ولایت و نجابت ہویدا تھے۔ حضرت قطب الولایۃ خواجہ محمد باقی باللہؒ کے زمانہ حیات میں آپ چونکہ خورد سال تھے، اس لیے اُن کی خدمت میں نہیں پہنچ سکے تھے، لیکن حضرت خواجہؒ نے اُن کے حق میں فرمایا تھا کہ محمد سعیدؒ ہمارا ہم پیشہ و ہم کار ہے اُس نے غائبانہ ہم سے نسبت حاصل کر لی ہے۔ ع

فی المهد ینطق عن سعادۃ جدہ۔	یہ لڑکا اپنے گہوارے میں اپنی سعادت بخت کو بیان کر رہا ہے۔

آپ نے ظاہری و باطنی کمالات اپنے والد بزرگوار کی خدمت میں حاصل کئے ہیں۔ سترہ سال کی عمر میں علوم ظاہرہ معقولہ و منقولہ کی تحصیل کو درجۂ کمال تک پہنچا دیا تھا۔ والد بزرگوار کی طرح کمال تقویٰ سے آراستہ، متابعت سنت اور "عمل بعزیمت" سے پیراستہ ہیں۔ نرمیٔ کلام، تواضع تمام، مہمانوں کی خبر گیری کا اہتمام، بذل موجود (موجود کو خرچ کر دینا) و نفیٔ وجود (اُن کا شیوہ اور طریقہ ہے۔ قرآن مجید کو سندِ عالی کے ساتھ تجویداً سیکھا ہے۔

حدیث نبوی علی "مصدرھا الصلوٰۃ والسلام" میں سندِ جید اور رتبۂ اعلیٰ رکھتے ہیں۔ فقہ میں بھی اونچی استعداد ہے۔ حضرت ایشاں (مجددؒ صاحبؒ) کو اکثر اوقات جب کسی فقہی مسئلے کی تحقیق کرنی ہوتی تھی، تو اُن سے اس مسئلے کی وضاحت طلب کرتے تھے۔

جب یہ "حلِ مشکلاتِ مسائل" کر دیتے تھے اور بعض پیچیدہ مسئلوں میں راہِ خلاصی نکال دیتے تھے، تو حضرت والا بہت خوش ہوا کرتے تھے، اور اُن کے حق میں دعائیں کیا کرتے تھے۔ حضرت والا کی زندگی ہی میں یہ مراتبِ کمال و تکمیل کو پہنچ گئے تھے، اور اُن کی موجودگی ہی میں افت حاصل کر کے تعلیم طریقہ اور ارشاد طلبہ کا کام انجام دینے لگے تھے۔ کمال "عقل معاد" کے ساتھ "عقل معاش" میں بھی درجۂ کامل رکھتے ہیں ـــــ چنانچہ حضرتِ ایشاںؒ

اکثر اُمور میں اُن سے مشورہ لیا کرتے تھے، اور اُن کی رائے کو پسند فرماتے تھے۔ اُمورِ باطن میں بھی یہ حضرت والا کے رازدار تھے۔ حضرت مجدّدؒ جو اسرار اُن کے درمیان رکھتے تھے اُن اسرار میں دوسرا کم شریک ہوتا تھا۔ اُن کو حضرتِ مجدّدؒ کے اسرار غامضہ اور معاملاتِ خاصہ کے ذریعے بشارت دی گئی ہے۔ امراضِ ظاہری والے اُن کی توجہ سے شفا پاتے ہیں اور امراضِ باطنی والے اُن کے تصرّف سے جمعیتِ قلب کی راہ اختیار کرتے ہیں۔

حاصل کلام یہ کہ قطب المحققین وارث المرسلین حضرت خواجہ نقشبند بخاری قدس سرّہٗ کے اس قول کے مصداق ہیں کہ ہم فضلی ہیں۔ اُن کی بزرگی اور فضیلت میں یہ نقل کافی ہے کہ یہ خواب میں دیکھتے ہیں کہ ہمارے پیغمبر علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسّلام کی بارگاہ میں اصحاب کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم موجود ہیں اور یہ (محمد سعیدؒ) بھی ہمارے حضرت (مجدّدؒ) کے چند یاروں کے ساتھ اُس مجلس میں حاضر ہیں۔ اس اثناء میں اصحاب کرام ایک کاغذ طلب کرتے ہیں تاکہ آنسرور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض داشت لکھیں۔ چنانچہ کاغذ حاضر کیا گیا تو اُنہوں نے اس مضمون کی عرض داشت لکھی کہ یہ (محمد سعید وغیرہ) اور ہم عنایت الٰہی جل سلطانہٗ میں برابر ہیں حالانکہ ہم نے یہ سب تکالیف اور ریاضتِ شاقہ اٹھائی ہیں۔ انہوں نے نہیں اٹھائیں۔ اس کی وجہ کیا ہے؟

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے جواب میں یہ آیت قرآنی تحریر فرمائی

ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۔

یہ خدا کا فضل ہے جسے چاہتا ہے عطا ہے اور خدا بڑے فضل کا مالک ہے

یہ (محمد سعید) معارف وحقائق کے بیان کرنے اور اسرار ودقائق کی شرح میں عالی وبیان شافی رکھتے ہیں۔ اور چونکہ اہل باطن کے نزدیک سب سے بڑا کمال اور سب سے ظاہر کرامت دقائق ذات اور حقائقِ صفات، تعالت وتقدست میں کلام ہے اُن سے ذوق اور خروشِ شوق میں صادر ہوا ہے۔ ناچار میں اُن کے کمالات کی شرح اور کرامات تفصیل سے زبان کو بند کر کے اُن کے ملفوظات ومکتوبات کا حوالہ دیتا ہوں تاکہ ان اُس تک سراغ لگائیں اور معنی سے صورت کی طرف رغبت کریں۔ کسی نے کیا خوب کہا

قیاس کن زگلستانِ من بہارِ مرا (مکتوباتِ معصومیہ جلد ثالث مکتوب ۳)

آپ نزیارتِ حرمین شریفین سے بھی مشرف ہوئے تھے۔ وہاں کے حالات وواردات
آپ کے فرزند ارجمند حضرت شیخ عبدالاحد رحمۃ اللہ علیہ نے ایک رسالہ میں ذکر کیا ہے۔ نقل ہے
کہ ایک روز آپ حرمِ نبوی میں تحیۃ المسجد پڑھ رہے تھے کہ روضۂ مقدسہ سے آواز آئی:۔

اَلعجل اَلعجل اِنا اِلَیْکَ مُشتاق || جلدی کیجئے جلدی کیجئے، میں تمہارا مشتاق ہوں۔

کہتے ہیں کہ آپ نے آٹھ مرتبہ ان ظاہری آنکھوں سے حضور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے۔ آپ صاحبِ کرامات ہیں۔ آپ کی کرامات اور کلماتِ قدسیہ کی تفصیل بخوفِ طوالت یہاں درج نہیں کی جاسکتی۔

آخری عمر میں آپ کو شہنشاہ اورنگ زیب عالمگیر رحمۃ اللہ علیہ نے بڑی منت وسماجت سے دہلی بلایا۔ آپ بھی بادشاہ کے اخلاص کو مدنظر رکھ کر تشریف لے گئے۔ ابھی وہیں تھے کہ بیماری شروع ہوگئی اور روز بروز بڑھتی گئی۔ بہت علاج معالجہ کیا گیا مگر ع

مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی۔ جب آپ نے محسوس کیا کہ اب آخری وقت قریب ہے بادشاہ سے رخصت لے کر وطن مبارک (سرہند شریف) کی طرف روانہ ہوئے۔ جب دہلی سے چھتیس ۳۶ میل کے فاصلہ پر سنبھالکہ میں پہنچے تو ۲۷ جمادی الآخر ۱۰۷۰ھ / ۱۶۵۰ء کو وہیں وصال فرمایا۔ تجہیز وتکفین کے بعد پالکی میں سرہند شریف لائے گئے۔ حضرت خواجہ محمد معصوم رحمۃ اللہ علیہ نے حکم دیا کہ آپ کو بھی حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہٗ کے قبہ میں دفن کیا جائے۔ لوگوں نے عرض کیا کہ قبہ مبارک میں مزید قبر کی گنجائش نہیں۔ حضرت عروۃ الوثقیٰ نے انکار کیا۔ لوگوں نے حسب الارشاد کدال زمین پر ماری تو قبہ کی دیوار چاروں طرف سے ہٹ گئی اور فرش غالب ہوگیا اور آپ دفن کئے گئے۔

آپ کی اولاد آٹھ لڑکے اور پانچ لڑکیاں تھیں۔ آپ کے تیسرے لڑکے مولوی فرخ شاہ بڑے جید عالم تھے۔ حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہٗ کی اکثر اولاد ان ہی کی شاگرد ہے۔ بعض معاندین نے کلام حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہٗ پر جو اعتراض کئے ان کے جواب میں آپ نے رسالہ "کشف الغطاء" لکھا، جیسا کہ پہلے مذکور ہوا۔ آپ نے ۴ شوال ۱۰۷۱ھ کو استقال فرمایا۔

اور حضرت مجدد قدس سرہ کے روضہ سے جانب مغرب قبہ میں دفن ہوئے۔

خواجہ محمد سعید رح کے پانچویں صاحبزادے شیخ عبدالاحد مشہور بہ شاہ گل رح اپنے زمانہ کے بڑے مشائخ میں سے تھے۔ اور صاحب تصانیف بزرگ تھے۔ وحدت تخلص تھا۔ چنانچہ آپ کا ایک دیوان اور مثنوی چار چمن مشہور معروف ہیں۔ ان کے علاوہ شواہد التجدید، لطائف مدینہ اور جنود اللہ وغیرہ آپ کی تصانیف ہیں۔ رخساروں کی شگفتگی کی وجہ سے اُن کو گل کہا کرتے تھے۔ جمعۃ المبارک کے دن ۲۷، ذوالحجہ ۱۱۲۷ھ / ۱۷۱۵ء کو دہلی میں وفات پائی جب قیوم رابع خواجہ محمد زبیر رح کو آپ کی وفات کی اطلاع ملی تو فرمایا کہ "گل بجنت رسید" پھر نماز جنازہ ادا کر کے نعش مبارک کو سرہند شریف بھیج دیا اور وہاں حضرت مجدد قدس سرہ کی خانقاہ میں حوض کے اوپر صفہ متبرک کے جنوب کی طرف دفن کئے گئے۔ شیخ خلیل اللہ حضرت خواجہ محمد سعید رح کے چھٹے فرزند ہیں آپ علم و حلم، ورع و تقویٰ سے آراستہ اور شریعت طریقت کے پابند تھے۔ ۱۱۳۱ھ میں وصال فرمایا۔ حضرت مجدد قدس سرہ کے روضہ منورہ میں قبہ کے محاذی مغرب کی طرف مدفون ہوئے، حضرت مجدد اور آپ کی قبر میں صرف ایک دیوار کا فرق ہے۔

۳۔ خواجہ محمد معصوم رحمۃ اللہ علیہ

آپ حضرت مجدد قدس سرہ کے تیسرے صاحبزادے ہیں، آپ کے حالات آگے بیان ہوں گے۔

۴۔ خواجہ محمد فرخ رحمۃ اللہ علیہ:-

آپ حضرت مجدد قدس سرہ کے چوتھے صاحبزادے ہیں۔ آپ کی ولادت ۱۰۱۲ھ میں سرہند شریف ہوئی اور ۱۰۲۵ھ / ۱۶۱۶ء میں بعمر شریف گیارہ برس مرض طاعون میں وصال فرمایا۔ آپ کے حالات خواجہ محمد صادق رح کے حالات میں بیان ہو چکے ہیں۔

۵۔ خواجہ محمد عیسیٰ رحمۃ اللہ علیہ:-

آپ حضرت مجدد قدس سرہ کے پانچویں صاحبزادے ہیں۔ آپ نے آٹھ سال کی عمر میں مرض طاعون میں ۱۰۲۵ھ / ۱۶۱۶ء میں انتقال فرمایا۔ جب آپ والدہ ماجدہ کے رحم مبارک میں تھے تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام، حضرت مجدد قدس سرہ پر ظاہر ہوئے اور فرمایا کہ تمہارے

گھر میں ایک لڑکا پیدا ہوگا۔ اس کا نام ہمارے نام پر رکھنا۔ اس لیے آپ کا نام محمد عیسیٰ رکھا گیا۔ آپ کے حالات بھی حضرت خواجہ محمد صادق کے حالات میں آ چکے ہیں۔

۶۔ خواجہ محمد اشرف رحمۃ اللہ علیہ:- آپ حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ کے چھٹے صاحبزادے ہیں۔ دو سال کی عمر شریف میں رحلت فرما گئے تھے

۷۔ خواجہ محمد یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ مشہور بہ شاہ جیو:- آپ حضرت مجدد قدس سرہ کے سب سے چھوٹے صاحبزادے ہیں۔ آپ کی ولادت ۱۰۲۷ھ میں ہوئی۔ آپ کی ولادت سے پہلے حضرت مجدد رح پر اس آیت قرآنی کا الہام ہوا۔ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلَامٍ اسْمُهٗ يَحْيٰى حضرت نے اس اشارے کے مطابق اس صاحبزادے کا نام محمد یحییٰ رکھا۔

آپ کو شاہ جیو اس لیے کہا جاتا ہے کہ ایک روز حضرت شاہ کمال کیتھلی رح کے پوتے حضرت شاہ سکندر کیتھلی رح نے حضرت مجدد قدس سرہ سے التماس کی کہ اپنا ایک بیٹا مجھے عنایت فرمائیے۔ اتفاقاً اس وقت محمد یحییٰ موجود تھے حضرت نے فرمایا کہ اسی کو لے لو۔ حضرت شاہ سکندر کیتھلی رح نے اُن کو گود میں لے کر اپنی نسبت کا القاء کیا اور فرمایا کہ ان کو اب "شاہ" کے نام سے پکارا کرو۔ اُس روز سے اِن کو "شاہ جیو" کہنے لگے۔

حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ آپ پر بڑے مہربان تھے اور فرمایا کرتے تھے کہ ان کی استعداد بہت بلند ہے۔ چنانچہ آپ نے اپنے والد بزرگوار (حضرت مجدد رح) کی تربیت کی برکت سے آٹھ نو سال کی عمر میں قرآن مجید حفظ کر لیا۔ اور حضرت مجدد قدس سرہ کے وصال کے بعد علوم ظاہری و باطنی اپنے برادران اکبر حضرت خواجہ محمد سعید اور حضرت خواجہ محمد معصوم سے حاصل کئے۔ پندرہ برس کی عمر میں مطوّل۔ حدیث شریف کی سند حضرت شیخ عبدالحق محدث

دہلوی رحمۃ اللہ علیہ سے حاصل کی۔ صاحبِ تصنیف و تالیف، پابندِ شریعت و طریقت اور عاملِ سنتِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم تھے۔ دو دفعہ حج بیت اللہ شریف کی سعادت سے مشرف ہوئے۔ شہنشاہ اورنگ زیب رحمۃ اللہ علیہ نے مددِ معاش کے طور پر آپ کو بہت کچھ دیا ہوا تھا۔ آپ نے حضرت مجدد قدس سرہٗ کے روضہ منورہ سے شمال کی طرف ایک عالی شان مسجد بنوائی جس کے تین گنبد اور دو چھوٹے مینار تھے۔ اس مسجد کے مقابل میں حوض، حمام اور مدرسہ بھی تعمیر کرایا تھا۔ آپ کی شادی حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہٗ کی پوتی یعنی خواجۂ کلاں خواجہ عبید اللہ کی صاحبزادی سے ہوئی تھی۔

آپ نے ۲۰ جمادی الآخرہ ۱۰۹۶ھ / ۱۶۸۵ء کو وصال فرمایا اور حضرت مجدد قدس سرہٗ کے قبہ مبارک کے مغرب کی طرف مدفون ہوئے۔ آپ کے مرقد انور پر ایک عالی شان قبہ بنایا گیا۔ آپ کی اولاد میں سے تین لڑکے اور ایک لڑکی تھی۔

المختصر حضرت مجدد قدس سرہٗ کے صاحبزادگان آسمانِ علم کے درخشاں ستارے اور گلشنِ معرفت کے مہکتے پھول تھے۔ حضرت خواجہ باقی باللہ علیہ الرحمہ کا ارشاد ہی اُن کی معرفت کے لیے کافی ہے۔

اسرار الٰہی اند، استعدادہائے عجب دارند — اللہ تعالیٰ کے اسرار ہیں، عجیب استعدادیں رکھتے ہیں

حضرت خواجہ محمد معصومؒ کی قبر شریف
تصویر۔ شکریہ دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر



حضرت خواجہ محمد معصومؒ کے مقبرہ شریف میں آپ کی قبر انور کی نمایاں تصویر
شکریہ دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر



حضرت خواجہ محمد معصومؒ کے مقبرے کا دروازہ
تصویر بلنکریہ دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر

حضرت خواجہ محمد معصومؒ صاحب کے مقبرہ شریف کا ایک منظر
تصویر بلنکریہ دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر



حضرت خواجہ محمد معصومؒ کے مقبرہ شریف کا ایک خوبصورت منظر
تصویر بشکریہ دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر

۲۵

حضرت خواجہ محمد معصوم قدس سرہٗ

سرہند شریف ۱۰۰۷ھ / ۱۵۹۹ء

۱۰۷۹ھ / ۱۶۶۸ء سرہند شریف

مادۂ تاریخ وفات

از شہنشاہ اورنگ زیب عالمگیرؒ

"عالم تاریک باشد" ۱۰۷۹ھ

"رفتہ ز جہاں امام معصوم" ۱۰۷۹ھ

دیگر

"از عالم رفتہ معصوم" ۱۰۷۹ھ

"حیاتِ شہنشہ" ۱۰۷۹ھ

"مست باتصوف" ۱۰۷۹ھ

۲۵۔ حضرت خواجہ محمد معصوم قدس سرہٗ

چراغِ ہفت محفل خواجہ معصوم — منوّر از فروغش ہند تا رُوم (ناصر علی سرہندی)

آپ امام ربّانی حضرت مجدّد الف ثانی قدس سرہٗ کے تیسرے صاحبزادے تھے۔ آپ کی ولادت سعادت ۱۰ شوال ۱۰۰۹ھ کو ہوئی۔ حضرت مجدّد قدس سرہٗ ارشاد فرماتے تھے محمد معصوم کی آمد ہمارے واسطے بہت مبارک ہوئی۔ کیونکہ اس کی پیدائش کے چند راہ ہم حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہٗ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور مستفید و مستفیض ئے، اور جو کچھ دیکھنا تھا بس دیکھا (کیا بیان کیا جائے)

لڑکپن ہی میں آپ کے والد بزرگوار حضرت مجدّد قدس سرہٗ آپ کی بلند استعداد کی تعریف کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ یہ لڑکا محمدی المشرب ہے چنانچہ ایک مکتوب میں تحریر فرماتے ہیں:۔

فرزندی محمد معصوم چہ نویسد کہ دے زات قابل ایں دولت است یعنی یت خاصہ محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ لام۔	فرزندی محمد معصوم کے متعلق کیا لکھوں کہ وہ تو بالذات اس دولت کے قابل ہے یعنی ولایتِ خاصہ محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام۔

اور یہ بھی فرماتے تھے کہ محمد معصوم کی بلند استعداد کی وجہ تھی کہ تین سال کی عمر ف توحید آپ کی زبان سے نکلا اور یوں کہنے لگا کہ:۔

"میں آسمان ہوں، میں زمین ہوں، میں یہ ہوں، میں وہ ہوں، دیوارِ حق ہے"

حضرت مجدّد قدس سرہٗ نے اُس وقت فرمایا کہ

"اس طریق پر پیرِ جوان برابر ہیں اور انوارِ فیوض کے وصول میں عورتیں اور بچے مساوی ہیں"

آپ کے آثارِ رُشد کو دیکھ کر حضرت مجدّد الف ثانی قدس سرہٗ آپ پر نظرِ عنایت رکھتے تھے۔ اور فرماتے تھے کہ چونکہ علم مبدأ حال ہے لہٰذا اس کا حاصل کرنا ضروری ہے۔ بدیں وجہ حضرت نے آپ کو علومِ عقلیہ و نقلیہ حاصل کرنے کی تاکید و ہدایت کی۔ اکثر و بیشتر علوم آپ نے اپنے والد بزرگوار حضرت مجدّد قدس سرہٗ سے، اور کچھ اپنے بڑے بھائی خواجہ محمد صادق اور شیخ طاہر لاہوری سے پڑھے۔

چودہ سال کی عمر میں آپ نے خواب میں دیکھا کہ میرے بدن سے نُور نکلتا ہے اور اُس سے تمام عالم منوّر ہے اور وہ نُور سورج کی طرح ہر ذرّہ عالم میں جاری و ساری ہے کہ اگر وہ غروب ہو جائے تو تمام عالم تیرہ و تاریک ہو جائے۔ آپ نے یہ خواب والد بزرگوار حضرت مجدّد قدس سرہٗ کی خدمت میں عرض کیا تو حضرت نے آپ کو بدیں الفاظ بشارت دی:۔

تو قطب وقت خویش مے شوی ایں سخن ازمن یاد دار۔	میری یہ بات یاد رکھ کہ تُو اپنے وقت کا قطب ہوگا۔

(مکتوب معصومیہ جلد اول مکتوب ۸۶)

چنانچہ ایسا ہی ظہور پذیر ہوا کہ ایک زمانہ آپ کے انوار و برکات سے معمور ہو گیا۔

حضرت مجدّد قدس سرہٗ فرمایا کرتے تھے کہ:۔

"بابا! تحصیلِ علوم سے جلدی فارغ ہو جاؤ، کیونکہ ہم نے تم سے بڑے بڑے کام لینے ہیں"

غرض حضرت مجدّد قدس سرہٗ کی توجہ سے آپ سولہ سال کی عمر میں فارغ التحصیل ہو گئے۔ بعد ازاں ہمہ تن متوجہ بباطن ہوئے اور عنایت الٰہی سے اپنے والد بزرگوار کے احوال و اسرار خاصہ سے حظ وافر حاصل کیا۔

علی اکبر اردستانی اپنے کتاب مجمع الاولیاء (قلمی) میں آپ کے متعلق یوں لکھتا ہے:۔

"شمع جمعِ عرفا، رُوح ابدانِ اولیاء، قدوۂ اہلِ صفا، خلاصۂ مجمعِ صلحاء، گنجینہ معارف و علوم شیخ محمد معصوم سلمہ ربہٗ، قطب وقت حضرت شیخ احمد (علیہ الرحمہ) کے فرزندِ ارجمند ہیں۔ سولہ سال کی عمر میں اپنے والد بزرگوار سے علومِ ظاہری کی تکمیل فرمائی اور علوم

عقلی و نقلی کے درس و تدریس میں مصروف ہو گئے۔ پورے قرآن کو تیس دن میں حفظ کر لیا، تجوید میں سندِ عالی رکھتے ہیں، حسن خلق اور حقوق العباد کی پابندی آپ کا طریقۂ خاص ہے۔ حضرت مجدد (قدس سرہٗ) کے سامنے ہی خلافت سے سرفراز ہوئے اور طالبان معرفت کی تربیت میں مشغول ہو گئے اور اُن کے بعد بھی مشغول ہیں۔"

صاحبِ زبدۃ المقامات نے لکھا ہے کہ ایک روز میں نے خود حضرت مجدد قدس سرہٗ سے سُنا کہ فرماتے تھے کہ محمد معصوم کا حال روز بروز میری نسبتوں کے حاصل کرنے میں صاحبِ شرح وقایہ (صدر الشریعہ عبید اللہؒ) کا سا ہے جو شرح وقایہ کے دیباچہ میں لکھتے ہیں کہ میرے دادا (تاج الشریعہ محمودؒ) ہر روز بمقدارِ سبق تصنیف کرتے تھے، میں بھی اسی قدر حفظ کر لیتا تھا، یہاں تک کہ جس روز وقایہ کی تصنیف ختم ہوئی اُسی روز میرا حفظ بھی ختم ہوا۔ چنانچہ حضرت شیخ عبدالاحد وحدتؒ نے اسی مضمون کو اپنی نظم میں بکمال لطافت ادا کیا ہے ؎

مجدد بتو صیفِ اُو لب کُشاد	حضرت مجدد قدس سرہٗ، ان کی تعریف میں یوں
بفرمود کائے پدرِ عرفان نژاد	لب کُشا ہوئے۔ فرمایا کہ اے عرفان نژاد بیٹے
زعرفاں نوشتم ورق در ورق	میں نے علم عرفاں کو ورق در ورق لکھا ہے
ہم خواندی ازمن سبق در سبق	اور تو نے وہ سب سبق در سبق مجھ سے پڑھ لیا ہے
تو یک نقطہ زیں لوح نگزاشتی	تو نے اُس تختی پر ایک نقطہ بھی نہیں چھوڑا
ہرآنچہ نہادم تو برداشتی	جو کچھ میں نے رکھا وہ تو نے اُٹھا لیا۔
تو آخر چوں من قطبِ دوراں شوی	آخر کار تو میری طرح زمانے کا قطب ہو گا
من ایں بشارت بیاد آوری	تو میری اس بشارت کو یاد رکھ۔

ں و مناقب

(۱) آپ کے والد بزرگوار نے آپ کو خلعتِ قیومیت کی بشارت دی۔ چنانچہ ایک مکتوب میں آپ کو اور خواجہ محمد سعید خازن کو اسرار ہم کو یوں تحریر فرماتے ہیں:۔

"کل نمازِ فجر کے بعد میں خاموش بیٹھا تھا کہ ظاہر ہوا کہ جو خلعت مجھ پر تھی وہ مجھ سے

جُدا ہوگئی اور اس خلعت کے بجائے مجھے دوسری خلعت ملی۔ دل میں خیال آیا کہ خلعتِ زائلہ (اترنے والی خلعت) کسی کو دی جائے گی یا نہیں اور یہ آرزو ہوئی کہ اگر وہ دی جائے تو میرے فرزندِ ارشد محمد معصوم کو دی جائے۔ ایک لمحہ کے بعد دیکھا کہ میرے بیٹے کو عطا کی گئی اور اسے پوری پوری پہنا دی گئی۔ اِس خلعتِ زائلہ سے مراد معاملۂ قیومیت تھا، جس کا تعلق تربیت وارشاد سے تھا۔ جو خلعت جدید مجھ کو عطا ہوا ہے اُس کا معاملہ تکمیل کو پہنچ جائے گا تو اُمید ہے کہ کمال کرم سے وہ میرے فرزند محمد سعید کو عنایت کیا جائے گا۔ یہی میری دُعا ہے اور امیدِ قبولیت ہے جس کا اثر بھی محسوس ہوتا ہے اور اس دولت کا مستحق فرزند محمد سعید کو پاتا ہوں۔ ع

بر کریماں کارہا دشوار نیست — کریم لوگوں کے لیے کوئی مشکل کام نہیں ہے۔

اگر استعداد ہے تو وہ اُسی (اللہ تعالیٰ) کی داد ہے ؎

نیاوردم از خانہ چیزے نخست
تو دادی ہمہ چیز و من چیز تُست

میں اپنے گھر سے کوئی چیز نہیں لایا ہوں
تُو نے ہی مجھے سب چیزیں عطا فرمائی ہیں اور میں خود بھی تیری چیز ہوں۔

(مکتوبات امام ربانی جلد ثالث مکتوب ۴۴)

جب یہ مکتوب حضرات صاحبزادگان کو ملا تو دونوں صاحبزادے بعجلتِ تمام اپنے والد بزرگوار (حضرت مجدد قدس سرہٗ) کی خدمت میں اجمیر شریف پہنچے۔ حضرت والد مرتبت نے اُن پر بڑی مہربانی فرمائی اور خواجہ محمد معصوم کو خلوت میں بلا کر خلعتِ قیومیت عنایت فرمائی۔ چنانچہ حضرت عروۃ الوثقیٰ خواجہ محمد معصوم اپنے خلیفہ مولانا محمد حنیف کابلی کو یوں تحریر فرماتے ہیں

"جس وقت حضرت مجدد الف ثانی قدس اللہ سبحانہ سرہ الاقدس نے اپنے مخلصوں سے ایک درویش کو خلعتِ قیومیت سے مشرف فرمایا اور اس بڑے رتبہ سے اُس کو سرفراز فرمایا تو اُس درویش کو خلوت میں بلا کر فرمایا کہ اس مجمع گاہ سے تعلق کا سبب یہی معاملۂ قیومیت تھا جو تجھے عطا کیا گیا۔ اور مخلوقات وموجودات بڑے شوق سے تیری طرف متوجہ ہو رہی ہے۔ اب میں اس جہانِ فانی میں اپنے

رہنے (زندہ رہنے) کا سبب نہیں پاتا۔ اس جہان سے میری رحلت کا وقت قریب آگیا ہے" (مکتوباتِ معصومیہ جلد اوّل مکتوب ۸۶)

(۲) آپ کو اصالت اور محبوبیت ذاتی عطا ہوئی۔ چنانچہ تحریر فرماتے ہیں:۔

"جاننا چاہیئے کہ جب تک کوئی شخص اصالت سے بہرہ ور نہ ہو اُسے قیومیت کی نسبت حاصل نہیں ہو سکتی۔ عالی حضرت متعالی منقبت (حضرت مجدد قدس سرہٗ) نے جس درویش کو نسبتِ قیومیت کے حصول کی خوشخبری دی تھی اُسے حصولِ اصالت کی بشارت سے سرفراز فرما کر فرمایا تھا کہ جس قدر اصالت کا حصہ تجھے حاصل ہے اُس کے مطابق ہی خلقت میں تیری محبوبیت ودیعت رکھی گئی ہے یعنی آپ نے اُس کے حق میں محبوبیتِ ذاتی اور کمالِ انفعالی کا نشان دیا۔ وَمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ[1]

(مکتوباتِ معصومیہ جلد اوّل مکتوب ۸۶)

(۳) آپ کا وجود مبارک حضور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خمیرِ طینت کے بقیہ سے بنا۔ چنانچہ آپ خود یوں تحریر فرماتے ہیں:۔

"ہمارے حضرت (حضرت مجدد) قدس سرہٗ فرماتے تھے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خلقت سے جو بقیہ رہ گیا تھا اُسے بطور اُمش حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اُمت کے دولتمندوں میں سے ایک کو عطا کیا ہے اور اس فرد کی طینت کا خمیر اُس سے کیا ہے اور اسی وجہ سے اُس فرد کو اصالت سے بہرہ ور کیا ہے۔ اس فرد کی طینت کی خمیر کے بعد بھی تھوڑا سا بقیہ رہ گیا تھا۔ وہ بقیہ اُس فرد کے مریدوں میں سے ایک کے نصیب ہوا ہے اور اُس کی طینت کا خمیر اُس سے کیا گیا ہے اور اُس کے اندازے کے موافق اُسے اصالت کا حصہ ملا ہے۔

اِنَّ رَبَّكَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ (پارہ ۲۷ سورۃ النجم)	بیشک تمہارا پروردگار بڑی بخشش والا ہے۔

(مکتوباتِ معصومیہ، جلد اوّل مکتوب ۱۹۲)

---

[1] اور یہ خدا کو کچھ مشکل نہیں۔ پارہ ۱۳ سورہ ابراہیم رکوع ۲۔

(۴) آپ زمرۂ سابقین میں داخل ہیں اور اسرارِ مقطعات سے بھی آپ کو حصہ نصیب ہے۔ چنانچہ آپ تحریر فرماتے ہیں:۔

"حضرت پیر دستگیر (حضرت مجدد قدس سرہٗ) نے ایک دن فرمایا کہ میں ایک روز زمرۂ سابقین میں نظر ڈال رہا تھا کہ جن کی شان میں حق سبحانہٗ نے فرمایا ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ وَقَلِيْلٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ || اگلوں میں سے ایک گروہ اور پچھلوں میں سے تھوڑے (ترجمہ اعلیٰ حضرت بریلوی قدس سرہٗ)

(پارہ ۲۷ سورہ واقعہ آیت ۱۳،۱۴)

میں نے اپنے آپ کو اس زمرہ میں داخل پایا اور اپنے مریدوں میں سے بھی ایک کو وہاں اپنے ساتھ پایا۔ اسی طرح متشابہات کے اسرار کی بابت بھی آپ نے لکھا ہے کہ متشابہات اشارۂ معاملات کی طرف ہے۔ جائز ہے کہ ایک شخص کو معاملہ حاصل ہو اور اُسے اُس معاملہ کا علم نہ ہو۔ اس بات کو آپ نے اپنے مریدوں میں سے ایک میں مشاہدہ فرمایا ہے، دیکھئے دوسروں کو کیا ملے۔

سعادتہاست اندر پردۂ غیب || سعادتیں پردۂ غیب کے اندر ہیں۔
نگہ کن تا کرا ریزند در جیب! || تو نگاہ کر تا کہ وہ تیری جیب میں ڈال دی جائے

(مکتوبات معصومیہ جلد اوّل مکتوب ۲۳۷)

(۵) حق تعالیٰ نے آپ کو عروۃ الوثقیٰ کا خطاب دیا۔ چنانچہ ۱۰۳۵ھ میں ایک روز آپ نے فرمایا۔ کہ آج میں صبح کے حلقہ میں بیٹھا تھا کہ جناب سرکارِ کائنات خلاصۂ موجودات صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہو کر مجھ سے بغل گیر ہوئے اور فرمایا کہ حق تعالیٰ نے آپ کو عروۃ الوثقیٰ کا خطاب دیا ہے۔ اس نعمتِ عظمیٰ کا شکر بجا لاؤ۔ اس اثناء میں کیا دیکھتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے تمام مقرب فرشتوں اور انبیاء و اولیاء نے آکر میرے گرد حلقہ بنایا اور کہتے ہیں "السلام علیکم یا محمد معصوم عروۃ الوثقیٰ" پھر ہر ایک نے مجھ سے مصافحہ کیا۔ میں نے سنہری خط سے عرشِ مجید کے گرد "محمد معصوم عروۃ الوثقیٰ" لکھا ہوا دیکھا (روضہ قیومیہ)

حالاتِ حرمین شریفین

آپ اپنی قیومیت کے چونتیسویں سال حرمین شریفین

کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ وہاں کے بعض حالات آپ کے فرزندِ ثانی مروج الشریعت خواجہ عبید اللہ رحمۃ اللہ علیہ نے ایک رسالہ یاقوتِ احمر میں لکھے ہیں جس سے چند واقعات درج ذیل ہیں:۔

حضرت قیوم ثانی فرماتے ہیں کہ جب ہم ایامِ تشریق میں منیٰ سے شہر مکہ آئے تو طواف زیارت سے فارغ ہونے پر ظاہر ہوا کہ فرشتہ نے محض ادائے ارکان پر قبولیت حج اور اجر کا مُہر شدہ کاغذ ہمیں عطا کیا۔ ایامِ قیام مکہ میں آپ اکثر طواف میں مشغول رہا کرتے۔ اُس وقت اِس عبادت کو بہترین عبادت جانتے تھے اور فرماتے کہ عجیب و غریب باتوں کا انکشاف ہوتا ہے۔ اکثر اوقات دیکھتا ہوں کہ کعبہ ہم سے گلے ملتا ہے اور بڑے اشتیاق سے چومتا ہے اُنہیں دنوں میں ایک روز ظاہر ہوا کہ مجھ سے انوار و برکات اس کثرت سے نکلتے ہیں کہ انہوں نے تمام چیزوں کو گھیر لیا ہے۔ اور جنگل و بیابان اُن سے پُر ہو گیا ہے اور ان کے مقابلہ میں تمام دیگر انوار چھُپ گئے ہیں۔ جب میں اُس کی حقیقت کے دریافت کے واسطے متوجہ ہوا تو معلوم ہوا کہ مجھ سے میری حقیقت دور کر کے کعبہ کی حقیقت سے مشرف فرما دیا گیا ہے۔

محرم کی تیری تاریخ کو آپ مقبرۃ المعلیٰ کی زیارت کے لیے تشریف لے گئے حضرت عبدالرحمٰن بن ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی قبر پر توقف کے بعد فرمایا کہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت کی وجہ سے انوار موجزن ہیں۔ پھر ام المومنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے روضۂ مبارک پر طویل مراقبہ کے بعد فرمایا کہ مائی صاحبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اس قدر عنایات فرمائیں کہ بیان نہیں ہو سکتا۔ بعد ازاں حضرات فضیل بن عیاض اور سفیان ثوری وغیرہ کے مزارات پر فاتحہ پڑھی اور ان کے حق میں تعریفی کلمات فرمائے۔

ایک رات آپ وتر کی نماز پڑھ رہے تھے کہ فرمایا، رکنِ یمانی کے نزدیک بہت سے فرشتے موجود ہیں چنانچہ حدیث میں بھی وارد ہے کہ ستر ہزار فرشتے رکن یمانی کے پاس رہتے ہیں۔ دیکھنے میں آیا کہ وہ اپنی جگہ سے سرک کر میرے گرداگرد جمع ہو گئے۔

اور اُن کے ہاتھوں میں قلم و دوات ہے۔ میری حقیقت لکھ کر چلے گئے۔ ایک روز بعد نما
فجر حلقہ میں دیکھا کہ مجھ کو ایک خلعتِ عالی عطا ہوا ہے۔ پھر معلوم ہوا کہ یہ خلعتِ عبودیت ہے
ایک روز آپ حلقۂ ذکر میں بیٹھے تھے۔ مراقبہ کے بعد فرمایا کہ آج مجلسِ سکوت میں ارشا
کی نہایت عالی شان خلعت عنایت ہوئی ہے۔ اسی مجلس میں فرمایا کہ مجھے قلم و دوات عنا
ہوئی۔ گویا مجھے منصبِ وزارت عطا ہوا ہے اور جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی
عنایت سے مجھے تمام مخلوقات پہ وزیرِ اعظم بنایا گیا ہے۔

جب حرم شریف سے رخصت ہونے کے دن قریب آئے تو الطافِ عظیم اور انعا
جلیلہ مرحمت ہوئے اور معلوم ہوا کہ ایک خلعت عالی سبز رنگ مکلّل بجواہر عنایت ہوا جو
خلعتِ وداع تھا اور بعض صاحبزادگان جو رفیق سفر تھے اُن کو بھی عنایت ہوا۔

مکہ مشرفہ سے روانہ ہو کر آپ مدینہ منوّر پہنچے اور روضۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم پر حا
ہو کر آدابِ زیارت بجا لائے۔ روضۂ مطہرہ سے کمال عنایات ظاہر ہوئیں۔ تین چار
کے بعد اہلِ مدینہ نے داخل طریق ہونے کی درخواست کی۔ آپ نے بپاسِ ادب اس
معاملہ میں جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا اور مواجہہ شریف میں
کھڑے ہو کر مراقبہ کیا۔ چنانچہ اس معاملہ میں کمال رضا معلوم ہوئی اور خلعتِ عنایت
ارشاد ہوا اور انوار و عنایاتِ حضرات شیخین رضی اللہ تعالیٰ عنہما ظاہر ہوئے۔

فرمایا کہ اگرچہ حضرت صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا مزارِ مقدس جنّت البقیع میں
مگر حجرہ شریفہ ان کا گھر ہے۔ اکثر اوقات ام المومنین کو حجرہ شریفہ میں پاتا ہوں اور
مسجد شریف کو اُن کے انوار سے پُر دیکھتا ہوں۔

آپ کو مسجد نبویؐ میں دو روز کے اعتکاف کی اجازت ہوئی۔ رات کے وقت حج
سب کو وہاں سے حسبِ معمول علیحدہ کر دیا گیا تو آپ مواجہہ شریف میں جا کر مراقب ہو
فرمایا کہ جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم حجرۂ خاص سے باہر جلوہ افروز ہوئے ا
میرے پاس نزول فرمایا۔ اسی طرح تہجّد کے وقت محسوس ہوا کہ حضرت صلی اللہ عل
وسلم مقصورہ سے باہر تشریف لائے اور بکمالِ عنایت مجھ سے بغل گیر ہوئے

اس وقت مجھ کو الحاقِ خاص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حقیقت سے حاصل ہوا۔

فرمایا کہ محسوس ہوتا ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا وجودِ مقدس مرکزِ جمیع عالمیان ہے۔ عرش سے فرش تک تمام مخلوقات آپ کی محتاج ہے اور آپ سے فیض یاب ہے۔ اگرچہ وہاب مطلق اللہ تعالیٰ ہے۔ لیکن لغاضہ آپ کے توسل شریف سے ہوتا اور مہمات ملک وملکوت آپ کے اہتمام سے سرانجام پاتی ہے۔ شب و روز روضۂ مطہرہ سے مخلوقات پر انعام واکرام کی بارش ہوتی رہتی ہے۔ اور کیوں نہ ہو کہ آپ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رحمۃ للعلمین کے مصداق ہیں۔ باوجود اس عموم رحمت کے، استغناء، جو مقامِ محبوبیت کو لازم، بدرجہ اتم واکمل پایا جاتا ہے۔ اسی وجہ سے آپ کے حضور میں عرضِ حاجت کے واسطے توسّل کی ضرورت ہوتی ہے اور بلا توسّل مشکل معلوم ہوتی ہے۔

ایک روز فرمایا کہ کل سے ظہورِ اسرار وتلاطمِ امواجِ انوار ہوتا تھا اور آج ایک ایسا معاملہ اضافہ کیا گیا ہے کہ اشارہ سے بھی ظاہر نہیں کر سکتا۔ اور اگر ظاہر ہو تو قُطِّعَ الْبَلْعُوْمُ وَذُبِحَ الْحُلْقُوْمُ کا سزاوار ہوں۔ مگر بعض مقامات رمز سے کہتا ہوں اور وہ معاملہ کمون وبروز ہے۔ جب شیخ کامل یہ چاہتا ہے کہ اپنے جمیع کمالات کسی مرید صادق میں افاضہ کرے تو اپنے سے غائب ہو کر نفسِ مرید میں ظاہر ہوتا ہے اور اُس وقت وہ مرید تمام مُرشد کے رنگ میں ہو جاتا ہے اور اُس کے جملہ حقائق ولطائف سے متحقق ہو جاتا ہے۔

حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی قدس سرہٗ کو اپنی نسبت حضرت خیر البشر علیہ الصلوٰۃ والسلام سے ثابت کیا کرتے تھے۔ اب اس قسم کا معاملہ فقیر کی نسبت جناب سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے پاتا ہے۔ اسی سبب سے بعض معاملات ایسے درمیان میں آتے ہیں کہ

لَا عَيْنٌ رَأَتْ وَلَا اُذُنٌ سَمِعَتْ	نہ آنکھوں نے دیکھے اور نہ کانوں نے سُنے

ل گلا کٹوانے اور گردن ذبح کروانے۔

اور اسی وجہ سے آپ جو اشعار لغت و قصائد مدحیہ حسب رسم قدیم پڑھے گئے، سب کو اپنی طرف منسوب پاتا تھا اسی اثناء میں آپ کے صاحبزادہ تاج (خواجہ محمد نقشبندؒ) نے عرض کیا کہ کمون و بروز بھی فنا و بقا متعارفۂ قوم ہے یا کوئی علیحدہ معاملہ ہے۔ فرمایا کہ نہیں۔ یہ غیر فنا و بقا ہے اور اُس سے بدرجہا ممتاز ہے۔

ایک روز آپ بقیع میں گئے، واپسی پر فرمایا کہ جس قبر پر میں جاتا تھا، صاحب قبر جس طرح بعنایت پیش آتا تھا اُسی طرح دوسرے اہل قبور کو کہ جن کی قبروں پر جانے کا ارادہ ہوتا تھا منتظر رہتے تھے۔ اور میری ملاقات کے لیے اس طرح جمع ہوتے تھے جیسا کہ کسی نہایت عزیز مہمان کے واسطے ہوتے ہیں۔ فرمایا کہ سیدنا حضرت ابراہیم علیہ وعلیٰ ابیہ الصلوٰۃ والسلام کے روضہ پر پہنچا تو وہ میری طرف آکر مجھ سے ملحق ہو گئے۔ کبھی میری گود میں بیٹھتے تھے اور کبھی گلے سے لپٹتے تھے۔ بالکل نور ہی نور تھے اور کیوں نہ ہوتے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اس جگر گوشہ کے حق میں فرمایا تھا۔

لو عاش لکان نبیًا || اگر وہ زندہ رہتے تو نبی ہوتے۔

فرمایا کہ بقعات مبارکہ اور مزارات متبرکہ میں میری نسبت نے ظہور عجیب و انجلائے غریب پیدا کیا اور میں نے اپنا قرب و منزلت بجناب اقدس اللہ تعالیٰ مشاہدہ کیا۔ محسوس ہوا کہ تمام عالم اِس نسبت کے انوار سے بھر گیا ہے۔ اور موجودات عالم صف باندھے ہوئے میرے گرد ہیں۔ اور میں اُن میں امام معلوم ہوتا ہوں اور کافۂ مخلوقات کو جو گوناگوں فیوض و برکات پہنچتی ہیں، اِس درویش کے توسط سے پہنچتی ہیں اور تمام مخلوق، کیا اولیاء، کیا غیر اولیاء اِس فقیر سے حصولِ برکات و ترقیات کے منتظر ہیں۔ اکثر اوقات قلم دوات اپنے پاس تصحیح مہماتِ ملک کے لیے حاضر پاتا ہوں۔ جیسا کہ وزیر اعظم کو بارگاہِ سلطان میں نسبت و قدرت ہوتی ہے وہی حالت مجھ کو اپنی نسبت سمجھ میں آتی ہے۔ فرمایا کہ بقیع میں یوں تو سب بعنایت پیش آتے ہیں مگر امیر المومنین سیدنا حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت عائشہ صدیقہ، سیدنا ابراہیم، عبدالرحمٰن بن عوف، عبداللہ بن مسعود اور امام اسماعیل بن امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین

اوروں سے زیادہ مہربان ہیں۔

فرمایا کہ جس وقت میں مدینہ منوّرہ سے روانہ ہونے لگا، مسجد شریف میں رخصت کے واسطے حاضر ہوا۔ جدائی کے غم والم کے سبب سے بے اختیار اور بار بار رونے لگا۔ اسی حالت میں حضرت رسالت خاتمیتؐ کمال عظمت سے روضہ مطہرہ سے ظاہر ہوئے اور نہایت کرم سے اخلعت تاج سلاطین بکمال علو ورفعت (کہ ایسا ہرگز نہیں دیکھا گیا) احقر کو پہنایا اور محسوس ہوا کہ اس تاج پہ ایک شہپر لگا ہوا ہے اور اس پر ایک لعل جڑا ہوا ہے۔ ایسا معلوم ہوا کہ یہ خلعتِ خاص جسمِ اطہر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اُترا ہوا ہے اور دیگر خلعتوں کی طرح نہیں۔ اور فرمایا کہ خلعت عطا کرنے سے نظر کشفی میں نسبت خاصہ فرمانا، مراد ہوتی ہے۔ اِس کے بعد آپ جناب رسالتمآب علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اجازت مبارکہ سے وطن کو واپس ہوئے۔

تصرّفات وکرامات

آپ کے تصرّف وکرامات بہت ہیں جن میں سے صرف چند بطور اختصار درج ذیل ہیں۔

(۱) ایک جوگی جادو سے آگ باندھ دیتا تھا اور لوگوں کو اس شعبدہ سے فریفتہ کرتا تھا۔ یہ سُن کر آپ کو غیرت آئی اور بہت سی آگ روشن کر کے یہ آیت شریف پڑھ کر دم کیا:۔

یٰنَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓی اِبْرٰهِیْمَ	اے آگ سرد ہو جا اور ابراہیم پر (موجب)
(سورہ انبیاء آیت ۶۹)	سلامتی (بن جا)

اور ایک شخص کو فرمایا کہ اس میں بیٹھ کر ذکر کرو۔ چنانچہ وہ آگ میں بیٹھ کر ذکر میں مشغول ہوا اور آگ اس پر گلزار ہو گئی۔

(۲) ایک روز آپ وضو فرما رہے تھے کہ اچانک خادم سے لوٹا لے کر دیوار پہ مارا اور وہ لوٹا ٹوٹ گیا۔ آپ نے دوسرے لوٹے سے وضو فرمایا۔ حاضرین نے اس امر کو ذہن میں رکھا۔ مدت کے بعد ایک سوداگر آیا، اور اُس نے بیان کیا کہ ایک دفعہ میں بنگال کے ایک صحرا میں تھا۔ کیا دیکھتا ہوں کہ ایک شیر میری طرف غرّاتا چلا آتا ہے۔ میں نہایت

خوف زدہ ہوا۔ اچانک حضرت (خواجہ محمد معصومؒ) کو دیکھا کہ لوٹا پکڑے تشریف لا رہے ہیں۔ آپ نے وہ لوٹا اُس شیر کی طرف بڑے زور سے پھینکا۔ شیر ڈر کے مارے بھاگ گیا اور میں محفوظ رہا۔

(۳) ایک شخص اپنے بیٹے کو آپ کی خدمت بابرکت میں لایا اور عرض کی کہ یہ کسی عورت پر عاشق ہو گیا ہے۔ نہ دنیا کا کام کرتا ہے نہ عاقبت کا۔ آپ اُس کو سمجھانے لگے تو اُس نے کہا ؎

در کوئے نیکنامی مارا گزر نہ دادند	لوگوں نے ہمیں نیکنامی کے کوچے میں جانے نہیں
گر تو نمی پسندی تغییر کن قضا را	اگر تو (ہماری موجودہ حالت) پسند نہیں کرتا تو
(حافظ شیرازی)	تقدیر کو بدل دے (دیوانِ حافظ)

یہ سُن کر آپ نے فرمایا کہ ہم نے تیری قضا تبدیل کر دی۔ چنانچہ وہ فوراً تائب ہوا اور خیالِ عشق جاتا رہا۔

(۴) آپ کے ایک عزیز مخلص کا بیان ہے کہ ایک دفعہ میری آنکھ میں درد ہوا، ہر قسم کا علاج کیا مگر بے سُود۔ ایک شخص نے اُس سے اپنی مجرب دوا کی تعریف کی۔ بیچارے نے اُس کا بھی استعمال کیا مگر دوائی لگاتے ہی بصارت جاتی رہی۔ اسی اثناء میں آپ حج مبارک سے واپس تشریف لے آئے۔ یہ بھی کسی کا ہاتھ پکڑ کر حاضر خدمت ہوا۔ آپ نے اُس کو دیکھ کر بہت افسوس کیا اور اپنا لعابِ دہن اُسکی آنکھوں میں ڈال کر فرمایا کہ اسی طرح گھر چلا جا۔ وہاں جا کر آنکھیں کھولنا۔ چنانچہ اس شخص نے ایسا ہی کیا گھر جا کر آنکھیں جو کھولیں تو بینائی موجود پائی۔

(۵) آپ کے ایک داماد نے پوشیدہ طور پر کسی اور عورت کی طرف رجوع کیا۔ صاحبزادی نے آپ سے اس امر کی شکایت کی۔ آپ کی زبان سے نکلا کہ مر جائے گا۔ صاحبزادی نے عرض کیا کہ جیتا رہے۔ فرمایا کہ بس اب جو ہونا تھا ہو گیا۔ اب ایمان کی دعا کرو۔ چنانچہ تین چار روز کے بعد اُس کا انتقال ہو گیا۔

(۶) آپ کے ایک مرید کا بیان ہے کہ مجھے افلاس نے تنگ کیا تو میں نے گھبرا کر آپ کی

خدمت میں عرض کیا کہ افلاس کے ہاتھوں سخت لاچار ہوں، حضرت نے مجھے روپوں کی تھیلی عنایت فرمائی اور فرمایا کہ اِسے گننا مت، جس قدر چاہو، خرچ کئے جاؤ میں حسبِ ضرورت اُس سے وقتاً فوقتاً خرچ کرتا رہا۔ حتیٰ کہ میں ایک لاکھ اُس میں سے خرچ کر چکا لیکن وہ اُتنے کا اتنا ہی تھا۔ ایک روز میری بیوی نے وہ روپیہ گنا تو سات سو نکلا! اُس کے بعد جب ہم نے خرچ کیا تو ختم ہو گیا۔

(۷) ایک روز آپ خانقاہ میں جلوہ افروز تھے کہ ناگاہ آپ کا دستِ مبارک اور آستین پانی سے تر ہو گئے۔ حاضرین تعجب کرنے لگے اور آپ سے سبب دریافت کیا۔ آپ نے فرمایا کہ میرے ایک سوداگر مرید کا جہاز غرق ہونے لگا تھا، اُس نے ہماری طرف توجہ کی اور اپنی نجات کے لیے مدد طلب کی۔ میں نے اپنے ہاتھ سے اُس کو غرقاب سے نکال کر ساحلِ نجات پر پہنچا دیا۔ ایک مدت کے بعد وہ سوداگر حاضرِ خدمت ہوا اور ایک رقم کثیر بطور نذر لایا اور جہاز کے غرق ہونے اور نجات پانے کا قصہ بیان کیا۔

(۸) آپ کے خلیفہ حضرت خواجہ محمد صدیق پشاوریؒ بیان کرتے ہیں کہ ایک بار میں حضرت (خواجہ محمد معصومؒ) سے اجازت لے کر اپنے وطن کو روانہ ہوا۔ راستے میں سلطان پور کی ندی کی پُل کے نیچے کپڑے پاک کر رہا تھا کہ میرا پاؤں پھسلا۔ اور پانی سر سے اونچا ہو گیا۔ میں تیرنا نہ جانتا تھا۔ پانی مجھ کو کبھی اوپر لاتا تھا کبھی نیچے۔ زندگی کی اُمید باقی نہ رہی تھی۔ یکایک حضرت نمودار ہوئے اور ہاتھ سے پکڑ کر مجھے باہر لا کھڑا کیا اور خود نظر سے غائب ہو گئے۔

(۹) خواجہ محمد صدیق پشاری ہی کا بیان ہے کہ میرا ایک مخلص نوروز بیگ نامی جو حضرت خواجہ محمد معصومؒ کے دیدارِ فیض آثار سے مشرف ہوا ہے، یوں بیان کرتا ہے کہ میں ایندھن بیل پر لاد کر لا رہا تھا کہ لکڑیوں کا گٹھا بیل پر سے زمین پر گر پڑا کوئی شخص وہاں نہ تھا جو لدوانے میں میری امداد کرے۔ میں حیران و پریشان کھڑا تھا۔ اتنے میں میں نے حضرت قدس سرہٗ کو تشریف لاتے دیکھا کہ آئے اور گٹھا لدوا کر نظروں سے غائب ہو گئے۔

(۱۰) آپ کے ایک مخلص حاجی نوردین بیان کرتے ہیں کہ ایک بار میں حرمین کی زیارت کو روانہ ہوا اور جہاز پر سوار ہو گیا۔ ہوا کی شدت اور طغیانی کے سبب سے جہاز ڈوبنے لگا۔ اکثر لوگوں نے اپنا سامان دریا میں ڈال دیا تاکہ جہاز ہلکا ہو جائے اور ڈوبنے سے بچ رہے۔ میں اس حال میں حضرت مخدوم زادگان کی طرف متوجہ ہوا اور نہایت عاجزی سے التجا کی کہ یا حضرت وقتِ امداد ہے۔ متوجہ ہوتے ہی دونوں مخدوم زادے تشریف لائے اور فرمایا کہ مطمئن رہو، ہم تمہاری امداد کے لیے آپہنچے ہیں اب جہاز نہیں ڈوبے گا۔ انشاء اللہ، میں نے یہ بشارت سُن کر لوگوں سے کہا کہ کوئی شخص اپنا سامان دریا میں نہ پھینکے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اب جہاز نہیں ڈوبے گا، کیونکہ بزرگانِ دین نے مجھے بشارت دی ہے۔ چونکہ لوگوں کے خیال میں جہاز کا بچنا دشوار تھا، کسی نے بھی میری بات پر یقین نہ کیا۔ مگر فوراً لہریں بند ہو گئیں اور جہاز ٹھہر گیا۔ یہ دیکھ کر سب لوگ حضرت قدس سرہٗ کے معتقد اور اس فقیر کے مخلص ہو گئے۔ ہم بخیریت روانہ ہوئے اور سعادتِ حج بیت اللہ سے مشرف ہوئے۔

(۱۱) جب آپ نماز کے وقت قرأت پڑھتے تو آپ کے پیچھے بعض اوقات سو سو صف بھی ہوتی لیکن آواز اس قسم کی تھی کہ جتنی اونچی آواز پہلی صف والوں کو سُنائی دیتی، اُتنی ہی آخری صف والوں کو سُنائی دیتی تھی۔

(۱۲) ایک شخص نے آپ کے حضور میں ایک رافضی کا ذکر کیا کہ وہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو بُرا بھلا کہتا ہے۔ آپ سخت ناراض ہوئے، خربوزہ کھا رہے تھے، آپ نے چھری ہاتھ میں لے کر خربوزہ پر رکھ کر فرمایا کہ لو ہم رافضی کا سر کاٹتے ہیں۔ خربوزہ کو دو ٹکڑے کر دیا۔ اُسی روز رافضی مرگِ مفاجات سے مر گیا۔

(۱۳) فارسی کے شہرۂ آفاق شاعر ناصر علی سرہندی آپ کے مرید صادق تھے۔ اوائل میں انہیں شعر کہنے کا از حد شوق تو تھا لیکن کہنا نہیں آتا تھا۔ ایک روز آپ (خواجہ محمد معصوم) کی خدمت میں حاضر ہوئے تو اُس وقت آپ وضو فرما رہے تھے۔ از راہِ کرم فرمایا کہ علی! جو چاہو مانگو۔ اُنہوں نے عرض کیا کہ زبان چاہتا ہوں۔ فرمایا، ارے کم ہمت۔ اچھا یہ تو

میرے وضو کا پانی پی لو، کافی ہوگا۔ انہوں نے حسب الارشاد وضو کا پانی پیا پیتے ہی اُن کا سینہ معرفتِ الٰہی سے منوّر اور دل مظہر فیض الٰہی ہوگا۔ اور اُن کی زبان سے اس قدر شعر نکلنے لگے کہ جن سے بڑھ کر وہم و قیاس میں بھی نہ آ سکتے تھے۔ چنانچہ ان کا شعر ہے۔

بایں شوخی غزل گفتن علیؔ از کس نمے آید بالیران مے فرستم تا کہ مے گوید جوابش را	اے علیؔ! تیرے سوا اس طرح شوخی کے ساتھ کوئی بھی غزل نہیں کہہ سکتا۔ میں اپنی غزل کو ایران میں بھیج رہا ہوں تاکہ کوئی اس کا جواب کہے۔

(۱۴) آپ کے ایک مرید کا بیٹا بیمار ہوگیا۔ کافی علاج کیا مگر آفاقہ نہ ہوا۔ مرض روز بروز بڑھتا گیا، ماں باپ اُس کی زندگی سے مایوس ہوکر اُسے آپ کی خدمت میں لائے۔ لڑکا مر گیا اور باپ بھی بے قراری کی وجہ سے زمین پر گر پڑا۔ اور قریب الموت ہوگیا۔ جب آپ نے لڑکے کو مرا ہوا اور اُس کے باپ کو مردوں کی طرح پڑا ہوا دیکھا تو اُس کے حال پر رحم آگیا۔ اُس لڑکے پر توجہ کی اور دیر تک کھڑے رہ کر اُس پر مراقبہ کیا۔ دیر بعد تھوڑا سا پانی لے کر کچھ آیتیں پڑھ کر دم کیا اور وہ پانی لڑکے پر چھڑکا۔ چھڑکتے ہی لڑکا اُٹھ کر بیٹھ گیا گویا مرض کا نام و نشان تھا۔ حاضرین یہ حال دیکھ کر حیران رہے اور پہلے کی نسبت اُن کا اعتقاد زیادہ ہوگیا۔

اشاعت طریقہ

آپ یعنی حضرت قیومِ ثانی خواجہ محمد معصوم قدس سرہٗ یکم ربیع الاوّل ۱۰۳۴ھ / ۱۶۲۴ء کو مسندِ ارشاد و قیومیت پر جلوہ افروز ہوئے۔ اُس روز پچاس ہزار آدمیوں نے آپ سے بیعت کی۔ جن میں سے دو ہزار حضرت مجدد قدس سرہ کے خلفاء تھے۔ باقی خلفاء جو مختلف ممالک میں تھے وہ بھی مختلف اوقات میں سرہند شریف میں حاضر ہوکر بیعت سے مشرف ہوئے۔ ماوراء النہر، خراسان اور بدخشان وغیرہ ممالک کے بادشاہوں نے اپنے وکیل مع تحائف بھیج کر غائبانہ آپ سے دوبارہ بیعت کی۔ قیومیت کے تیسرے سال جب شاہجہان تخت پر بیٹھا تو سرہند شریف میں حاضر خدمت ہوکر دوبارہ بیعت سے مشرف ہوا۔ اور تبلیغ و ترویجِ اسلام میں غایت درجہ کوشش کی گئی۔

چوتھے سال خواجہ محمد حنیف کابلی حاضر خدمت ہوکر آپ سے بیعت ہوئے۔

آپ نے انہیں خلافت دے کر کابل بھیج دیا۔ خواجہ صاحب کو وہاں بڑی قبولیت نصیب ہوئی اور ہزارہا لوگ اُن کے مرید ہو کر صاحبِ حال ہوئے۔ پانچویں سال خواجہ محمد صدیق پشاوری اور شیخ ابوالمظفر بہاپوری حاضرِ خدمت ہو کر بیعت سے مشرف ہوئے آپ نے خواجہ صاحب کو خلافت دے کر پشاور بھیجا، جہاں اُن کو بڑی کامیابی ہوئی اور فتح صاحب کو کچھ مدت کے بعد خلیفہ بنا کر دکن روانہ کیا۔ جہاں بہت سے لوگ اُن کے مرید ہوئے چھٹے سال اخون موسیٰ تنگرہاری اور خواجہ عبدالصمد کابلی شرفِ بیعت سے مشرف ہوئے اور خلافت پا کر اپنے اپنے وطن میں اشاعتِ طریقہ میں مشغول ہوئے۔ ساتویں سال شیخ بدرالدین سلطانپوری اور شیخ انور نورسرائی بیعت ہوئے اور خلافت دے کر بغرض اشاعت سلطانپور اور نورسرا میں بھیج دیئے گئے۔ آٹھویں سال ملک شام کے سات سو علماء و مشائخ اور وہاں کے دیگر ہزارہا آدمی سرہند شریف میں آ کر بیعت سے مشرف ہوئے۔ نویں سال شاہد روم نے اپنے قاصد کے ہاتھ تحائف و ہدایا بھیجے اور غائبانہ بیعت کی۔ تیرھویں سال عبدالعزیز شاہِ توران غائبانہ بیعت سے مشرف ہوا۔ چودھویں سال شہزادہ محمد اورنگ زیب عالمگیر بیعت سے مشرف ہوئے۔ پندرھویں سال اورنگ زیب کی بہن روشن آرا نے اور سولھویں سال روشن آرا کی بہن گوہر آرا نے آپ کی بیعت کی۔ انیسویں سال سلطان عبدالرحمان شاہ خراسان اور اُس کی بیگم بیعت سے مشرف ہوئے۔ اکیسویں سال ترکستان و دشتِ قبچاق کے تمام خان اور سلطان اپنے لشکر سمیت غائبانہ مرید ہوئے۔ بائیسویں سال شاہِ سلیمان بادشاہِ ایران، رفض سے تائب ہو کر غائبانہ مرید ہوا۔ اور اُس کے ساتھ ہزارہا شیعہ تائب ہو کر مرید ہوئے۔ تئیسویں سال بادشاہِ کاشغر غائبانہ مرید ہوا۔ چوبیسویں سال امام یمن غائبانہ مرید ہوا۔ پچیسویں سال شیخ حبیب اللہ بخاری کو جو دسویں سال مرید ہوا تھا خلافت دے کر بخارا میں بھیجا اور وہاں انہیں قبولیتِ عامہ نصیب ہوئی۔ چھوٹے بڑے، وضیع و شریف، خوانین و سلاطین اور رعایا مرید ہوئی۔ اور چار سو نے درجۂ تکمیل پر پہنچکر

ان سے خلافت پائی۔ اُن کے ذریعہ سلسلہ عالیہ خراسان وما وراء النہر میں بہت پھیلا۔ ستائیسویں سال حضرت نے اپنے خلیفہ خواجہ ارغوان کو خطا چین میں بھیجا۔ اور اس کے ہاتھ پر وہاں کا بادشاہ ملقب بہ قاآن مسلمان ہوگیا۔ اٹھائیسویں سال آپ نے شیخ مراد کو خلافت دے کر بغرض اشاعت ملک شام میں بھیجا۔ وہاں وہ دمشق میں مقیم ہوئے۔ اور والیٔ شام اور تمام امراء اور دیگر لوگ بکثرت اُن کے حلقۂ ارادت میں آئے۔ اور سلسلۂ عالیہ اس ولایت میں پورے طور پر رائج ہوا۔ چونتیسویں سال بہت سے ارادت مندوں کے ساتھ آپ حج کے لیے تشریف لے گئے۔ چھتیسویں سال واپس آئے جب بندرگاہ سورت میں پہنچے تو ہر روز ہزارہا آدمی مرید ہونے لگے۔ صبح و شام تقریباً تیس ہزار آدمی حلقہ میں شامل ہوتے۔ ہجوم خلق کی یہ کیفیت ہوئی کہ امراء و سلاطین کو آپ کی زیارت بدقت نصیب ہوتی۔

قصہ کوتاہ آپ کی کثرت ارشاد و مشیخیت بیان سے باہر ہے۔ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے زمانے کے بعد کسی ولی اللہ کو اس قدر ارشاد و شیخیت نصیب نہیں ہوئی۔ چنانچہ "تاریخ مرأت العالم وجہاں نما" جو شہنشاہ اورنگزیب عالمگیرؒ کے حکم سے لکھی گئی ہیں، میں یوں لکھا ہے کہ مشیخت کی مسند پہ کوئی ایسا شخص نہ بیٹھا جیسا کہ خواجہ محمد معصوم قدس سرہٗ۔ اطراف و اکناف عالم کے بادشاہ، علماء، مشائخ، چھوٹے بڑے، وضیع و شریف، مشرق سے مغرب اور شمال سے جنوب تک آپ کے معتقد تھے۔ لاتعداد خاص و عام بندگان خدا صبح و شام پروانوں کی طرح آپ پہ جان فدا کرتے۔ ہندوستان، توران، ترکستان، بدخشان، دشت قبچاق، کاشغر، ختا، روم، شام وغیرہ کے بادشاہ آپ کے مرید ہوئے۔ روئے زمین کے مختلف حصوں کے لوگ آپ کو خواب میں دیکھ کر اور انبیاء و اولیاء سے خوشخبری پاکر، حاضر خدمت ہوکر شرف بیعت سے مشرف ہوئے۔ مختلف ملکوں میں آپ کے خلفاء کی خدمت میں ہزارہا آدمیوں کا مجمع رہتا۔ ہر روز سینکڑوں نئے مرید حاضر خدمت ہوتے اور فنا و بقا اور پروردگار کا پورا پورا قرب حاصل کرتے۔ آپ کی مجلس کا رُعب اور دبدبہ اس قدر تھا کہ مجلس مبارک میں بڑے بڑے آپس میں گفتگو نہ کرسکتے تھے۔ بغیر اجازت بات نہ کرتے۔ اگر بڑا ضروری کام ہوتا

تو کاغذ پر لکھ کر آپ کی خدمت میں پیش کرتے۔ اورنگ زیب شہنشاہِ ہند پر اگرچہ آپ بدرجۂ غایت مہربان تھے لیکن پھر بھی بسبب غائتِ ادب اُس نے کبھی آپ کے حضور میں کسی سے گفتگو کی اور نہ بغیر اجازت بیٹھا۔

چالیسویں سال خصوصیت سے تمام روئے زمین کے خلفاء مع اپنے مریدوں کے آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ بادشاہ اور امرا نے اپنی سلطنت اور امیری چھوڑ کر آپ کی زیارت کو آئے۔ چنانچہ خانانِ توران و ترکستان، والیان دشت قبچان و بدخشان، فرمانروایانِ خطا و خراسا تخت نشینان کاشغر و طبرستان، حاکمان قہستان و گرجستان سب کے سب آپ کے دیدار فائض الانوار کے لیے سرہند شریف میں حاضر ہوئے۔ شہر کے گرداگرد ایک ایک میل تک لشکر پڑا تھا۔ اس سے پہلے کبھی ایسا مجمع نہیں ہوا تھا۔ اور بعد میں بھی کبھی ایسا نہیں ہوا۔ نما کے وقت اس قدر ہجوم ہوتا کہ ایک دوسرے کی پیٹھ پر سجدہ کرتے بلکہ کھڑا ہونے کو بھی پو طور جگہ نہ ملتی۔

چوالیسویں سال حضرت قدس سرہٗ نے اپنے مریدوں اور خلفاء کو حسب ذیل طو اپنے فرزندانِ گرامی کے سپرد فرمایا۔ حضرت محمد صبغۃ اللہؒ کو کابل اور اس کے گرد و نوا کے تمام پٹھان اور مغل مرید دے دیئے۔ بدخشاں، ترکستان، دشتِ قبچان، کاشغر، خطا، رو اور شام کے تمام مرید اور ہندوستان کے بعض آدمی حضرت خواجہ حجۃ اللہ محمد نقشبند ثانیؒ سپرد کئے۔ حسب ذیل خلفاء بھی اُن کے سپرد ہوئے، خواجہ محمد حنیف کابلی، خواجہ محمد صد بشاوری، خواجہ عبدالصمد، اخون موسیٰ ننگرہاروی، شیخ مراد شامی، خواجہ ارغون خطائی و زادہ اورنگ زیب بھی ان کے سپرد ہوا۔ جب حضرت حجۃ اللہ، کابل تشریف لے گئے کے تمام آدمیوں نے آپ سے رجوع کیا۔ حضرت خواجہ محمد عبید اللہ مروج الشریع ن، ماوراء النہر، توران، دارگنج، غورسد، اندراب، قہستان، طبرستان اور سجستا سپرد کئے اور حسب ذیل خلفاء آپ کے تحت کئے۔ شیخ ابوالمظفر بہانپوری شد بخاری، صوفی پائندہ طلا، شیخ ابوالقاسم بلخی وغیرہ۔ اور ہند کے اکثر امراء لم شاہ بھی آپ کے سپرد ہوئے۔ آخر انہوں نے بھی حضرت حجۃ اللہ سے

کیا۔ دکن اور پنجاب کے اکثر مرید اور خلفاء کو خواجہ محمد اشرف کے حوالہ کیا۔ سلطان اورنگ زیب، اعظم شاہ، جعفر خان، وزیر شائستہ خان، مکرم خان، محتشم خان، اور سلطان عبدالرحمٰن وغیرہ شیخ محمد سیف الدین کے سپرد کیئے اور حسب ذیل خلفاء اُن کے حوالہ کیئے۔ اخون میر محمد محسن سیال کوٹی، صوفی پائندہ ملاس، شیخ ابوالقاسم بھکری وغیرہ، سلطان ہند نے آخر حضرت حجۃ اللہ سے رجوع کیا۔ حضرت خواجہ محمد صدیق کو عرب، بحرین اور مشرقی ہند کے اکثر شہر سپرد کیئے۔

بعد ازاں آپ نے اپنے تمام خلفاء کو دنیا کے مختلف حصّوں میں بھیجا۔ ایک ہزار سات سو خلفاء ترکستان اور دشت قبچاق میں بھیجے اور ان کے سردار خواجہ محمد امین اور خواجہ الرحمٰن کو بنایا۔ پانچ سو خلیفے کاشغر اور خطا کی طرف بھیجے۔ اُن کا سردار خواجہ ارغون کو مقرر فرمایا۔ چار سو خلفاء شام اور روم کی طرف بھیج کر اُن کا سردار شیخ مراد کو بنایا۔ سات سو خلفاء خراسان، بدخشان اور کوران میں شیخ حبیب اللہ کی ماتحتی میں بھیجے۔ ایک سو خلفاء کابل میں اور ایک سو خلفاء نواح پشاور میں بھیجے۔ بیس خلفاء ننگرہار میں بھیجے۔ ان سب کا سردار خواجہ محمد حنیف، خواجہ محمد صدیق اور اخون موسیٰ کو مقرر فرمایا۔ باقی خلفاء کو طول و عرضِ ہندوستان میں پھیلا دیا۔ ہندی کہتے ہیں کہ خلفاء اور فرزندوں کی وساطت کے بغیر براہِ راست نو لاکھ آدمی آپ کے مرید ہوئے۔ آپ کے خلفاء کی تعداد سات ہزار تھی جو سب کے سب صاحبِ کمالات تھے۔

وفات آپ کو وجع مفاصل (جوڑوں کا درد) کا مرض تھا آخر میں اس مرض نے بہت غلبہ پایا۔ وفات سے دو تین روز پیشتر آپ نے قرب و جوار کے بزرگوں کو ایک رقعہ اس مضمون کا لکھا کہ وقتِ رحلت آپہنچا ہے۔ دُعا فرمائیں کہ خاتمہ بالخیر ہو۔ وفات سے دو روز پیشتر جمعہ کے دن آپ مسجد میں تشریف لے گئے اور فرمایا کہ اُمید نہیں کہ کل اس وقت تک اس دنیا میں رہوں۔ پھر سب کو پند و نصائح فرما کر خلوت میں تشریف لے گئے۔ وہاں نماز فجر کمال تعدیلِ ارکان کے ساتھ ادا کی۔ مراقبہ معمولہ کے بعد اشراق پڑھی۔ بعد ازاں حالتِ موت آپ پر شروع ہو گئی۔ اُس وقت آپ کی زبان مبارک جلد جلد چلتی تھی۔ خدمتگارانِ ولا تبار نے کان لگا کر سُنا تو معلوم ہوا کہ آپ سورۂ یٰسین شریف پڑھ رہے تھے۔ ۱۳ ربیع الاول سنہ ۱۰۷۹ھ / ۱۶۶۸ء بروز ہفتہ آپ نے وصال فرمایا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن۔

سرہند شریف میں ہی آخری آرام گاہ بنی۔

آپ کے اکثر عقیدت مندوں اور پیروکاروں نے قطعاتِ تاریخ وصال لکھے۔ بخوفِ طوالت صرف دو قطعات درج ذیل ہیں۔

(۱) حضرت خواجہ عبدالاحد وحدت قدس سرہٗ نے یہ قطعہ لکھا:۔

قیوم زماں خلیفۂ اللہ ! دانندۂ سرہائے مکتوم
در دائرۂ وجود تا بود ! بُودش بہ جہاں مثال معدوم

تاریخ وصالِ اُو خرد گفت
"رفتہ زجہاں امام معصوم"
۱۰۷۹ھ

(۲) فارسی کے مشہور شاعر اور آپ کے مرید صادق ناصر علی سرہندی نے یہ قطعۂ تاریخ وصال لکھا:۔

چراغِ خاندانِ نقشبنداں فروغِ دین احمد خواجہ معصوم
بسوئے گلشنِ عقبیٰ قدم زد ازیں ویرانہ آباد کہن بوم
زدل پرسیدم از سال وفاتش ندا آمد "زعالم رفتہ معصوم"
۱۰۷۹ھ

جہاں پر اب آپ کا روضہ مبارک ہے، وہ جگہ آپ کے صاحبزادے حضرت مروّج الشریعت خواجہ محمد عبیداللہؒ کی ملکیت تھی۔ جب آپ کا انتقال ہوا تو حضرت مروّج الشریعت نے اُن کو اپنی جگہ میں دفن کیا اور شاہجہان بادشاہ کی صاحبزادی روشن آرا نے اس پر عالیشان روضہ تعمیر کرایا۔ اُس کی تعمیر کے لیے شہزادی نے ایران سے نہایت اعلیٰ درجہ کے اُستاد معمار طلب کئے تھے۔ اور روضہ شریف پر سنہرا کام کیا گیا تھا جو آئینہ کی طرح چمکتا تھا۔ اور سورج نکلنے پر جگمگا اٹھتا تھا۔ دروازوں کے پردے، شامیانے اور مزار پوش زربفت تھے۔ انقلابِ زمانہ سے وہ نقش و نگار مٹ گئے ہیں۔

روضہ شریف کے شمال کی جانب مسجد عالی واقع ہے جو آپ کے صاحبزادے حضرت مروّج الشریعتؒ نے ۱۰۸۰ھ میں تعمیر کرائی تھی۔ کہتے ہیں کہ روضہ شریف کی عمارت اور سامانِ فرش فروش پر ایک لاکھ روپیہ سے زائد خرچ ہوا۔ پانچ ہزار اشرفی

گنبدوں پر خرچ ہوئی۔ چالیس ہزار روپیہ مسجد پر خرچ ہوا۔ اب اس روضہ کے اندر آٹھ قبریں ہیں، جن کی تفصیل کچھ یوں ہے۔

(۱) مرکز میں آپ یعنی خواجہ محمد معصوم عروۃ الوثقیٰ قدس سرہٗ
(۲) مرکز سے ملحق جانب مشرق حضرت مروج الشریعت خواجہ محمد عبید اللہؒ (فرزند سوم)
(۳) مرقد خواجہ محمد عبید اللہ سے ملحق جانب مشرق حضرت ابوالعلیٰ فرزند اکبر خواجہ حجۃ اللہ محمد نقشبندؒ
(۴) مرکز سے ملحق جانب غرب خواجہ محمد اشرفؒ (فرزند چہارم)
(۵) مرقد خواجہ محمد اشرفؒ سے جانب غرب خواجہ صبغۃ اللہ (فرزند اکبر)

ان پانچ قبروں کی پائنتی کی طرف

(۶) شیخ محمد ہادی فرزند سوم حضرت مروج الشریعتؒ
(۷) حضرت محمد شیخ الاسلامؒ فرزند حضرت محمد پارسارؒ فرزند چہارم حضرت مروج الشریعت خواجہ عبید اللہؒ
(۸) خواجہ نور معصوم فرزند اکبر میر محمد نعمان حق رسا فرزند چہارم حضرت خواجہ محمد پارسارؒ

حلیہ مبارک آپ کا قد خاصا تھا۔ بدن مبارک پر گوشت، رنگ گندمی، ابرو کشادہ، ناک اونچی، آنکھیں بڑی بڑی۔ داڑھی سفید اور تمام اعضاء نہایت متناسب اور خوش شکل تھے۔ آپ کا لباس نہایت لطیف بلکہ الطف ہوتا تھا۔ عمامہ ہوتا۔ کبھی کبھی ہندی لباس بھی زیب تن فرما لیتے تھے۔

سادات قدسہ مکتوبات امام ربانی مجدد الف ثانی قدس سرہٗ کی طرح مکتوبات حضرت خواجہ محمد معصوم قدس سرہٗ کی بھی تین جلدیں ہیں۔

جلد اول:۔ اس جلد کو آپ کے فرزند سوم خواجہ محمد عبید اللہ مروج الشریعتؒ نے جمع کیا۔
جلد دوم: اس جلد کو شرف الدین حسین حسینی ہرویؒ نے حسب اشارہ حضرت خواجہ سیف الدین رحمۃ اللہ علیہ جمع کیا۔
جلد سوم:۔ اس جلد کو حاجی محمد عاشور بخاری حسینؒ نے حسب اشارہ حضرت خواجہ

محمد نقشبند قیوم ثالث جمع کیا۔

بطورِ تبرک چند مقامات ذیل میں نقل کئے جاتے ہیں۔

(۱) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث مبارک میں ہے کہ قبر بہشت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے۔ قبر کے باغ ہونے سے مراد یہ ہے کہ وہ پردہ و مسافت جو زمینِ قبر اور بہشت کے درمیان ہوتا ہے، اُٹھ جاتا ہے اور دونوں جگہوں کے درمیان کوئی پردہ مانع نہیں رہتا۔ گویا زمین قبر کو جنت کے ساتھ فنا اور بقا حاصل ہو جاتی ہے۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد کے یہی معنی ہیں کہ میری قبر اور میرے منبر درمیان بہشت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے۔ معلوم ہونا چاہیئے کہ اس قسم روضہ اخص خواص کے لیے ہے، ہر مومن کو حاصل نہیں۔ جب مومنوں کی قبریں صا اور نورانیت پیدا کرتی ہیں تو اس امر کی استعداد حاصل ہو جاتی ہے کہ جنت کا پر اُن قبروں پر منعکس ہو جاتا ہے اور صاف کردہ شیشہ کی مثل ہو جاتی ہیں ر

(مکتوباتِ معصومیہ جلد اوّل مکتوب ۷)

(۲) آپ نے لکھا تھا کہ پیر کا مریدوں کے حالات کو نہ جاننا باعث نقص ہے یا آپ کو معلوم رہے کہ سلوک و تسلیکِ اختیاری میں پیر کو مرید کے احوا علم اور اسی طرح مرید کو اپنے احوال کا علم ضروری ہے اور ہمارے طریقہ میں اصحابِ کرام علیہم الرضوان کا طریقہ ہے، ایسا علم نہ پیر کے لیے درکار ہے او مرید کے لیے۔ کیونکہ اس طریق میں افادہ و استفادہ انعکاسی اور انصباغی مرید اپنے شیخ کامل کی صحبت میں محبت و فنا فی الشیخ کے مطابق ہر ساعت رنگ میں ظاہر ہوتا ہے۔ اس صورت میں افادہ میں اور استفادہ میں اُسے کیا حاجت ہے۔ خربوزہ جو حرارتِ آفتاب سے پکتا ہے کیا ضرورت ہے کہ پکانے یا پکنے کا علم ہو۔ اس طریق میں مرید اپنے شیخ کے ساتھ وجود جس قدر زیادہ پیدا کرتا ہے اُسی قدر اُس کے حق میں انصباغ زیادہ ظا

(جلد اوّل مکتوب ۴۲)

(۳) قیوم اِس عالم میں خدا جل وعلا کا خلیفہ اور اُس کا قائم مقام ہوتا ہے۔ اقطاب وابدال اُس کے ظلال کے دائرہ میں مندرج ہیں۔ اور افراد اوتاد اُس کے کمال کے محیط میں داخل ہیں۔ عالم کے سب افراد اس طرف متوجہ ہیں۔ وہ جہان والوں کی توجہ کا قبلہ ہے، جانیں نہ جانیں۔ بلکہ جہان والوں کا قیام اُس کی ذات سے ہے۔ اس لیے کہ عالم کے افراد چونکہ اسماء وصفات کے مظاہر ہیں کوئی ذات اُن کے درمیان نہیں پائی جاتی۔ وہ سب کے سب اعراض واوصاف ہیں اور اعراض واوصاف کیلئے ذات اور جوہر کا ہونا ضروری ہے تاکہ اُن کا قیام اُس کے ساتھ ہو۔ عادتِ اللہ یوں جاری ہے کہ ازمنۂ دراز کے بعد ایک عارف کو ذات سے ایک نصیب عطا کیا جاتا ہے اور اُس کو ایک ذات دی جاتی ہے تاکہ وہ نیابت وخلافت کے طور پر اشیاء کا قیوم ہو جائے۔ اور اشیاء اُس کے ساتھ قائم ہوں۔

(جلد اوّل مکتوب ۸۶)

(۴) موت پر تو اندازہ ہو رہی ہے، اور "اجل مسمّٰی" قریب ہے۔ اور مجھ سے کچھ کام نہ ہو سکا، اتنے دور دراز سفر کے لیے سامان درست نہیں کیا گیا۔

جاء الموت بغتۃ، جاءت السواجفۃ تتبعہا الرادفۃ۔

موت آگئی، اس کے بعد راجفہ اور رادفہ بھی گویا آ ہی گئے۔

ہائے! عمر عزیز کا عمدہ حصہ (شباب) ہوا وہوس میں بسر ہو گیا، اب ظاہر ہے کہ نکمی عمر (بڑھاپا) میں کیا بن سکے گا، اس وقت کے عمل کا کیا اعتبار ہوگا، خجالت کی وجہ سے پانی پانی ہوا جاتا ہوں (آخرت کے لیے کوئی عذر سمجھ میں نہیں آتا) کسی شاعر نے کیا اچھا کہا ہے: ؎

کنوں چہ عذرِ گناہانِ خویشتن خواہم
کہ شرم خون چکدم از بدن بجائے عرق

(جلد اوّل مکتوب ۱۵)

اب میں اپنے گناہوں کا کیا عذر چاہوں، کہ شرم وندامت کی وجہ سے پسینے کی بجائے بدن سے خون ٹپک رہا ہے۔

ہمارے طریقہ میں درجۂ کمال تک پہنچنے کا مدار شیخ مقتدا کے ساتھ محبت پر موقوف ہے،

طالب صادق اِس محبت کے ذریعے جو شیخ سے رکھتا ہے، اُس کے باطن سے فیوض و برکات حاصل کرتا ہے اور باطنی مناسبت سے ساعت بساعت اس کے رنگ میں ظاہر ہوتا ہے۔ مشائخ نے فرمایا ہے کہ فنافی الشیخ فنائے حقیقی کا پیش خیمہ ہے۔

(۶) اس دارِ فانی میں سب سے بڑا مطلب و مقصد اللہ تعالیٰ کی معرفت حاصل کرنا ہے معرفت دو قسم کی ہے اوّل وہ معرفت ہے جس کے ساتھ صوفیائے کرام ممتاز ہیں قسم اوّل[1] نظر و استدلال سے وابستہ ہے اور قسم دوم[2] کشف و شہود ہے۔ قسم اوّل دائرہ معمر میں داخل ہے، قسم دوم[2] دائرہ حال میں داخل ہے۔ قسم اوّل[1] عارف کے وجود کو فانی کرنے والی ہے اور قسم دوم[2] سالک کے وجود کے فانی کرنے والی ہے کیونکہ اِس طریق میں معرفت سے مراد معرفت میں فنا ہے۔

(۷) اس طریقہ (نقشبندیہ مجددیہ) کے بزرگوں کا قول ہے کہ

"سایۂ رہبر بہ از ذکرِ حق" ‖ رہبر کا سایہ اللہ تعالیٰ کے ذکر سے بہتر

سایۂ رہبر سے اشارہ طریقۂ رابطہ کی طرف ہے جس سے مراد شیخ کی صورت کا نگاہ میں رکھنا ہے۔

(۸) فرمایا کہ کامل طور پر اعمال کی قبولیت کمالِ ایمان کے اندازہ کے موافق ہے اور اعمال کی نورانیت کمال اخلاص سے ہے۔ ایمان و اخلاص جس قدر زیادہ ہو اعمال کی نورانیت[1]، قبولیت[2] اور کمال[3] اسی قدر زیادہ ہوگا۔

(۹) فرمایا کہ اے بھائی! ناجنس اور مخالف طریقہ کی صحبت سے پرہیز کر اور بد کی مجلس سے بھاگ کیونکہ کہیں ایسا نہ ہو کہ تیرے دل میں اُس کی طرف میلان پیدا ہو جائے اور وہ تیرے کارخانہ میں خلل ڈال دے کیونکہ وہ مقتدا کے لائق نہیں ہے۔

(۱۰) اس وقت اکثر خام صوفی[1]، ملحد[2] اور کافروں[3] کے ساتھ دوستی رکھنے سے نہیں اور یہ کہتے ہیں کہ فقیری کا راستہ کسی کے ساتھ بگاڑ پیدا کرنا نہیں۔ سبحان اللہ

حضور سرورِ انبیاء رئیس الفقراء صلی اللہ علیہ وسلم جن کا قول "اَلْفَقْرُ فَخْرِیْ" ان کا حکم ہوتا ہے کہ "اے نبی! کافروں اور منافقوں سے جہاد کر اور اُن پر سختی کر" یہ عجیب فقراء ہیں کہ جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم جیسے عظیم نبی، سیدالانبیاء اور پیشوائے اعظم کا راستہ چھوڑ کر دوسرا راستہ اختیار کرتے ہیں ؎

کسے کہ خلافِ پیمبر راہ گزید — جس کسی نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے
ہرگز نخواہد بمنزل رسید — راستہ کے خلاف راہ پکڑی، وہ کبھی بھی منزل پر نہیں پہنچ سکے گا۔

خواجہ محمد معصوم کی اولادِ امجاد

(۱)	خواجہ محمد صبغۃ اللہ رحمۃ اللہ علیہ	۱۰۳۲ھ / ۱۶۲۲ء	تا	۱۱۲۱ھ / ۱۷۰۹ء
(۲)	خواجہ محمد نقشبند حجۃ اللہ رحمۃ اللہ علیہ	۱۰۳۴ھ / ۱۶۲۵ء	تا	۱۱۱۳ھ / ۱۷۰۲ء
(۳)	خواجہ محمد عبید اللہ، مروج الشریعت رحمۃ اللہ علیہ	۱۰۳۸ھ / ۱۶۲۹ء	تا	۱۰۸۳ھ / ۱۶۷۲ء
(۴)	خواجہ محمد اشرف رحمۃ اللہ علیہ	۱۰۴۷ھ	تا	۱۱۱۷ھ / ۱۷۰۵ء
(۵)	خواجہ سیف الدین رحمۃ اللہ علیہ	۱۰۵۵ھ	تا	۱۰۹۴ھ / ۱۷۸۵ء
(۶)	خواجہ محمد صدیق رحمۃ اللہ علیہ	۱۰۵۷ھ	تا	۱۱۳۱ھ / ۱۷۱۸-۱۹ء

صاحبزادیاں

(۱) امۃ اللہ بیگم رحمۃ اللہ علیہا
(۲) عائشہ بیگم علیہا الرحمہ
(۳) عارفہ بیگم علیہا الرحمہ
(۴) عاقلہ بیگم علیہا الرحمہ

(۱۱) صفیہ بیگم علیہا الرحمہ

(۱) خواجہ محمد صبغۃ اللہ رحمۃ اللہ علیہ

آپ حضرت خواجہ محمد معصوم قدس سرہٗ کے سب سے بڑے صاحبزادے ہیں۔ آپ کی ولادت باسعادت ۱۰۳۲ھ میں ہوئی۔ حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہٗ نے خواجہ محمد معصوم رحمۃ اللہ علیہ سے فرمایا تھا کہ

"محمد معصوم! اس فرزند میں اصلی نور دکھائی دیتا ہے، اس کا نام صبغۃ اللہ رکھو"

آپ نے علوم معقول و منقول انتہائی درجہ تک حاصل کئے۔ بعد ازاں اپنے والد بزرگوار سے علم باطن حاصل کیا۔ آپ حضرت مجدد قدس سرہ کے کمالات کے جامع اور صاحب کرامت تھے۔ والد بزرگوار نے آپ کو ولایت کابل و غور کی خلافت دے کر رخصت فرمایا۔ جس کی تفصیل گزشتہ اوراق میں آچکی ہے۔ وہاں آپ سے بہت فیض جاری ہوا۔ ہر صبح و شام ہزارہا آدمی حلقہ میں شامل ہوتے۔ ۹ ربیع الثانی ۱۱۲۱ھ/۱۷۰۹ء کو آپ کا وصال ہوا۔ اور اپنے والد ماجد خواجہ محمد معصوم قدس سرہٗ کے قبہ میں سرہند شریف میں دفن کئے گئے۔

(۲) حضرت حجۃ اللہ محمد نقشبند رحمۃ اللہ علیہ

آپ کے حالات طیبات آگے آرہے ہیں۔ آپ دوسرے صاحبزادے ہیں۔

(۳) خواجہ محمد عبید اللہ مروج الشریعت رحمۃ اللہ علیہ

آپ عروۃ الوثقیٰ خواجہ محمد معصوم قدس سرہٗ کے تیسرے صاحبزادے ہیں۔ رجب ۱۰۳۸ھ/۱۶۲۹ء میں پیدا ہوئے۔ والد بزرگوار کو ان سے بڑی محبت تھی۔ اور کثرتِ محبت کے سبب سے ان کو "حضرت جیو صاحب" کہا کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہٗ نے مجھ سے فرمایا تھا کہ تیرے فرزند میری طرح ہوں گے

ان فرزندوں سے مراد خواجہ محمد نقشبند اور خواجہ محمد عبید اللہ ہیں۔ حضرت قیوم ثانی خواجہ محمد معصوم قدس سرہٗ نے آپ کو طینت و اصالت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کی خوشخبری دی تھی۔

آپ نے ۱۱ ربیع الاوّل ۱۰۷۸ھ/۱۶۶۸ء کو مسندِ ارشاد پر جلوس فرمایا اور خلفائے معصومی کو از سرِ نو خلافت دی۔ اور باقی مریدوں کو اپنی طرف سے خلافت دے کر روئے زمین کے مختلف حصوں میں بھیج دیا۔ حضرت عروۃ الوثقیٰ کی خانقاہ کی رونق آپ سے بدستور قائم رہی۔ اسی سال ایک روز نمازِ فجر کے بعد آپ مراقبہ میں تھے کہ الہام ہوا کہ تمہیں "مروّج الشریعت" کا خطاب دیا گیا ہے۔

آپ کو تپ دق کا مرض ہو گیا۔ ارشاد کے چوتھے سال شہنشاہ اورنگ زیب عالمگیر نے آپ کی خدمت میں لکھا کہ اس مرض کے لیے سیر بہت مفید ہے۔ آپ شاہجہان آباد (دلی) تشریف لے گئے۔ بادشاہ نے آپ سے بیعت کی اور مرض کے علاج کے لیے دوسری ولایتوں سے اطباء طلب کئے مگر کچھ آفاقہ نہ ہوا بلکہ مرض کا غلبہ ہو گیا۔ اس لیے آپ نے بادشاہ سے رخصت لی اور سرہند شریف کو روانہ ہو گئے۔ جب سنبھالکہ میں پہنچے تو جمعۃ المبارک کے دن اشراق کے وقت ۱۹ ربیع الاوّل ۱۰۸۳ھ/۱۶۷۲ء کو انتقال فرمایا۔ وہاں سے آپ کی نعش کو سرہند شریف لایا گیا اور حضرت عروۃ الوثقیٰ کے قبہ میں دفن کر دیا گیا۔ آپ صاحبِ کشف و کرامت و تصانیف تھے۔

آپ کی اولاد میں پانچ لڑکے اور تین لڑکیاں تھیں۔ بیٹوں میں عبدالرحمٰن اور عبدالرحیم کو بچپن میں فوت ہو گئے تھے۔ آپ کے بڑے بیٹے محمد ہادی صاحبِ کشف و کرامات و تصانیف تھے۔ اُنہوں نے ۱۲ ربیع الاوّل ۱۱۲۱ھ/۱۷۰۹ء کو انتقال فرمایا اور حضرت عروۃ الوثقیٰ کے مزار شریف کے اندر جنوب کی طرف مدفون ہوئے۔ خواجہ محمد پارسا آپ کے دوسرے صاحبزادے تھے جن کو حضرت خواجہ محمد نقشبندؒ نے حضرت مجدد قدس سرہٗ کے کمالات کی بشارتیں دیں۔ آپ بروز سوموار ۱۰ ربیع الاوّل ۱۱۴۲ھ/۱۷۲۹ء کو فوت ہوئے۔ آپ کا جنازہ آپ کی وصیت کے مطابق حضرت عروۃ الوثقیٰ کے ... روضہ کے گرد پھرایا گیا۔ اور چبوترے کے جنوب مغربی کونہ میں جہاں آپ نے حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی تھی

اور فرمایا تھا کہ یہاں میری قبر بنانا، دفن کئے گئے اور مرقد مبارک پر ایک گنبد بنایا گیا۔

(۴) خواجہ محمد اشرف رحمۃ اللہ علیہ

آپ حضرت عروۃ الوثقیٰ قدس سرہٗ کے چوتھے فرزند ہیں۔ ۱۰۴۷ھ میں متولد ہوئے آپ نے مقاماتِ سلوک اپنے والا بزرگوار کی خدمت میں طے کئے۔ علوم معقول میں دستگاہ کامل رکھتے تھے۔ ۲۷ صفر ۱۱۱۷ھ کو فوت ہوئے اور حضرت قیوم ثانی خواجہ محمد معصوم رحمہ کے مرقد کے مغرب کی طرف مدفون ہوئے۔ آپ نزع کے وقت حسبی اللہ ونعم الوکیل بار بار پڑھتے تھے۔ آپ کی اولاد چار لڑکے اور تین لڑکیاں تھیں۔ جب کفار سرہند شریف پر چڑھ آئے تو آپ کے بڑے بیٹے شیخ محمد جعفر اُن سے فی سبیل اللہ جنگ کرتے ہوئے شہید ہو گئے۔ اور حضرت قیوم ثانی رحمہ کے روضہ (بیرونی قبہ) میں مدفون ہوئے۔ آپ کے چوتھے بیٹے شیخ محمد ثانی الحال جامع علوم ظاہر و باطن تھے۔ حضرت مجدد قدس سرہٗ کے مکتوبات پر مخالفوں نے جو شبہات کئے ہیں آپ نے اُن کا خوب رد لکھا ہے۔ آپ نے ۵۰ سال کی عمر میں رحلت فرمائی اور حضرت قیوم ثانی رحمہ کے روضہ مبارک میں (بیرونی قبہ) مدفون ہوئے۔

(۵) خواجہ سیف الدین رحمۃ اللہ علیہ

آپ عروۃ الوثقیٰ قدس سرہٗ کے پانچویں صاحبزادے ہیں۔ آپ کی ولادت ۱۰۵۵ھ میں سرہند شریف میں ہوئی۔ آپ علوم ظاہری و باطنی اور کمالاتِ صوری و معنوی اور زہد و تقویٰ و اتباعِ سنت کے جامع تھے۔ حضرت عروۃ الوثقیٰ آپ کی علوِ استعداد دیکھ کر ہر دم آپ پر خاص نظرِ عنایت رکھتے تھے۔ چنانچہ آپ نے عین ایامِ شباب میں اپنے والد بزرگوار سے کمالاتِ مجددیہ کے حصول کی بشارت پائی۔

حضرت اورنگ زیب عالمگیر رحمہ نے حضرت عروۃ الوثقیٰ خواجہ محمد معصوم قدس سرہٗ

ے التجا کی کہ میری ہدایت و توجہ کے لیے اپنا کوئی خلیفہ روانہ فرمادیں تو آپ نے اپنی قیومیت کے پینتالیسویں سال اپنے صاحبزادے خواجہ سیف الدین کو دہلی بھیجا۔ بادشاہ بے حد عزاز و اکرام سے شہر اور پھر قلعہ میں لایا۔ وہاں آپ نے دو ہاتھیوں کی مورتیاں جن پر فیل بان سوار تھے دروازے پر نصب تھیں توڑنے کا حکم دیا۔ اور دوسرے دن ارشاد فرمایا کہ تمام گویّوں اور بے ریش ناچنے والے لڑکوں، اور تمام اہل بدعت کو ہندوستان کے ممالکِ محروسہ سے نکال دیا جائے۔ بادشاہ نے اس ارشاد کی بھی تعمیل کی۔

ایک روز بادشاہ نے آپ کو باغ حیات بخش کی سیر کی دعوت دی۔ وہاں سونے کی مچھلیاں تھیں کہ جن کی آنکھوں میں جواہرات جڑے ہوئے تھے حضرت نے یہ دیکھ کر فرمایا کہ جب تک مچھلیاں نہ توڑی جائیں میں اس جگہ نہ بیٹھوں گا۔ بادشاہ نے فوراً اتروا دیں اور کہا کہ ارشادِ حضرت کی تعمیل میں زیادہ نفع ہے۔

آپ نے امر معروف و نہی منکر اس طرح کیا کہ اُن سے پیشتر اس قسم کا احتساب کسی نے کیا تھا۔ آپ کے والد بزرگوار آپ کو "محتسب اُمت" فرمایا کرتے تھے۔ اس طرح آپ کی برکت سے بادشاہ و شہزادگان، بیگمات اور جملہ امیر و زیر داخلِ سلسلہ مجددیہ ہوئے۔ اور بعد ازاں آپ سرہند شریف واپس تشریف لے آئے۔

آپ اکثر آخرِ شب حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ، کے مزار پُر انوار پر حاضر ہو کر سورہ یٰسین پڑھا کرتے تھے۔

من کیستم کہ با تو دم دوستی زنم چندیں سگانِ کوئے تو یک کمترین منم	میں کون ہوں جو آپ کی دوستی کا دم بھروں آپ کے گلی کے چند کتوں میں سے ایک کمترین کتا میں بھی ہوں۔

آپ کی خانقاہ میں کم از کم چار صد آدمی ہر وقت جمع رہتے اور ہر شخص کی حسب فرمائش تیار رہتا۔ اور باوجود اس تنعم (انعام و نعمت) کے سالک مقاماتِ بلند اور کشف و ولایت کے مراتب بالکل تھوڑے عرصہ میں حاصل کر لیتے تھے۔

مرض الموت میں ایک طبیب جس کے عقائد خلافِ اہل سنت و جماعت تھے، کو

لایا گیا تو آپ نے فرمایا۔ ؎

ایں کدام وقت است کہ مخالف شربرا	یہ کونسا وقت ہے کہ مخالف مشرب کو میرے
پیشِ من مے آرید۔ دُور کنید ایں را	سامنے لایا گیا ہے۔ اسے فوراً دور کر دو۔

چنانچہ اس طبیب کو فوراً نکال دیا گیا۔

آپ کی وفات ۱۹/ جمادی الاولےٰ ۱۰۹۶ھ / ۱۶۸۵ء کو ہوئی۔ اور خواجہ محمد معصوم قدس سرہٗ کے روضہ مبارک سے جنوب کی طرف دفن کئے گئے۔ اور مرقد انور پر ایک عالی شان گنبد بنایا گیا اور گرداگرد باغ لگایا گیا۔

آپ کی اولاد آٹھ لڑکے اور چھ لڑکیاں تھیں۔ سب سے بڑے صاحبزادے شیخ محمد اعظم جامعِ علومِ ظاہری و باطنی اور صاحبِ ارشاد و تصانیف تھے۔

(۶) خواجہ محمد صدیق رحمۃ اللہ علیہ

آپ عروۃ الوثقیٰ حضرت خواجہ محمد معصوم قدس سرہٗ کے چھٹے صاحبزادے ہیں ۱۰۵۷ھ میں پیدا ہوئے۔ والد گرامی قدر کی رحلت کے چند سال بعد حج کو تشریف لے گئے اور واپس آکر شاہجہان آباد (دلی) میں سکونت اختیار کی۔ اور آخری دم تک وہیں رہے۔ آپ مادر ولی تھے۔ حضرت مروج الشریعت خواجہ محمد عبید اللہ فرماتے ہیں کہ مجھ پر لوحِ محفوظ کا انکشاف ہوا۔ وہاں پر میں نے لکھا دیکھا، محمد معصوم اور اُس کے تلے صدیق ولی۔ فرمایا، صدیق ولی سے مراد میرے بھائی محمد صدیق ہیں۔ صاحبِ کشف و کرامات اور علم و فضل تھے آپ نے ۱۱۳۱ھ میں انتقال فرمایا۔ آپ کی نعش مبارک سرہند شریف لائی گئی۔ خواجہ محمد معصوم قدس سرہٗ کے روضۂ مبارک کے شمال کی طرف خانقاہ کے سامنے مدفون ہوئے آپ کے مرقد پر ایک عالی شان گنبد بنایا گیا۔



حضرت حجۃ اللہ خواجہ محمد نقشبندؒ کے مقبرے شریف کی دور سے کھینچی گئی ایک تصویر
بشکریہ دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر

(۲۶)

حضرت حجۃ اللہ خواجہ محمد نقشبند قدس سرہٗ

سرہند شریف ۱۰۳۴ھ / ۱۶۲۵ء ○ ۱۱۱۴ھ / ۱۷۰۲ء سرہند شریف

مادۂ تاریخ وفات

"موانقشبند ثانی"
۱۱۱۴ھ

"شرفِ رحیم وکریم"
۱۱۱۴ھ

"خورشید"
۱۱۱۴ھ

"شیر درت"
۱۱۱۴ھ

○

۲۶

حضرت حجۃ اللہ خواجہ محمد نقشبند قدس سرہ

آپ عروۃ الوثقیٰ قیوم ثانی حضرت خواجہ محمد معصوم قدس سرہ، کے دوسرے صاحبزادے ہیں۔ آپ کی ولادت باسعادت ۷ رمضان المبارک ۱۰۳۴ھ مطابق ۱۶۲۵ء بروز جمعۃ المبارک ہوئی۔ امام ربانی حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ نے مرض الموت میں حضرت قیوم ثانی رحمۃ اللہ علیہ سے ارشاد فرمایا تھا کہ اس سال میرے وصال کے بعد تمہارے ہاں ایک لڑکا پیدا ہوگا جو قرب الٰہی کے کمالات میں میرے برابر ہوگا۔

آپ نے علم ظاہری و باطنی اپنے والد ماجد قدس سرہ سے حاصل کیا۔ بوجہ علو استعداد تھوڑے عرصہ میں آپ پر وہ اسرار منکشف ہوئے جن کی نسبت حضرت عروۃ الوثقیٰ قدس سرہ فرماتے تھے کہ یہ حیطہ درک عقل و تصویر خیال سے باہر ہیں۔ حضرت عروۃ الوثقیٰ نے اپنی قیومیت کے اکتالیسویں سال ۱۰۷۴ھ میں آپ کو قطب الاقطابی اور قیومیت کی بشارت دی۔ چنانچہ آپ خود بیان فرماتے ہیں کہ میں نے جب بعض علوم و معارف اور اسرار حضرت قیوم ثانی قدس سرہ کی خدمت میں عرض کیے تو فرمایا کہ یہ علوم و معارف جو تم بیان کرتے ہو مقطعاتِ قرآنی کے اسرار ہیں جو حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ، نے مجھ سے خلوت میں فرمائے تھے۔ بعد ازاں دوسرے روز مجھے خلوت میں بلا کر منصب قیومیت کی بشارت دی اور فرمایا کہ جو تاج مدینہ منورہ سے رخصت ہوتے وقت جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے عنایت فرمایا تھا اب وہی تاج تمہیں عنایت کیا ہے۔ میں نے عرض کیا کہ وہ تاج طفیلیت، اصالت قیومیت اور محبوبیتِ ذاتی پر مشتمل تھا۔ فرمایا بعینہٖ وہی تاج ہے جو مجھے عنایت ہوا تھا۔ اب وہی تمہیں دیا ہے۔

آپ نے ۱۱ ربیع الاول ۱۰۷۹ھ مطابق ۱۶۶۸ء کو مسند ارشاد پر جلوس فرمایا
آپ کی کثرتِ ارشاد کا یہ عالم تھا کہ آپ کی قمری عمر کے پچیسویں سال ہر روز چار پانچ
سو آدمی بلکہ اس سے بھی زیادہ حاضر خدمت ہو کر مرید ہوئے۔ بڑے بڑے مشائخ
اور علماء اپنی مشیخت اور درس و تدریس کو چھوڑ کر آپ کے مرید ہوئے۔ روئے زمین
کے مختلف حصوں سے لوگ ٹڈی دل کی طرح آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ توران
ترکستان، بدخشاں کے بادشاہ اپنی اپنی حدود تک استقبال کے لیے آئے اور
اپنے اپنے ایلچی مع ہدایا آپ کی خدمت میں بھیجے۔ غرض اس قدر لوگ آپ کی خدمت
میں حاضر ہوئے کہ کابل میں گنجائش نہ رہی۔ مجلس اقدس میں آپ کا اس قدر دبدبہ
تھا کہ بادشاہ اور امراء کو بھی بات کرنے کی جرأت نہ تھی۔

شیخ عبدالوہاب مکی رحمہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ میں آدھی رات
کو مسجد الحرام میں گیا تو دیکھا کہ بہت سے لوگ جمع تھے جن میں شیخ فخر الدین عراقی خطیب
اور ملک العلماء عرب مولانا شمس الدینؒ بھی موجود تھے۔ اور کسی کے انتظار میں آسمان کی
طرف اور بام کعبہ پر ٹکٹکی لگائے بیٹھے تھے۔ میں بھی وہاں بیٹھ گیا۔ دریں اثنا تمام
آسمان آفتاب کی طرح روشن ہو گیا اور نورانی لوگ آسمان سے کعبہ کی چھت پر اتر رہے
ہیں۔ اسی اثنا میں ایک مرد بزرگ تخت پر بیٹھے ہوئے نمودار ہوئے اور ان سے
ایک ایسا نور چمک رہا تھا کہ مشرق سے مغرب تک تمام روئے زمین جگمگ جگمگ
کر رہی تھی۔ اسی دوران کسی نے منادی کر دی کہ اس تخت مبارک پر امام ربانی مجدد
الف ثانی قدس سرہٗ کے پوتے اور جانشین حضرت خواجہ محمد نقشبند تشریف فرما ہیں
خدا تعالیٰ نے انہیں اپنی ذاتی محبوبیت عطا فرمائی ہے۔ آسمانی فرشتو! زمین کے باسیو
تم سب ان کی اطاعت کرو تاکہ تمہاری بھلائی اور بہتری ہو جو شخص ان کا مرید ہو گا
نجات پائے گا اور جو ان کے خلاف ہو گا سخت عذاب الٰہی میں گرفتار ہو گا۔ اس
کے بعد اس بزرگ نے ہر ایک پر مہربانی فرمائی اور رخصت کیا۔ اور خود معہ ایک
جماعت کے مشرق کی طرف روانہ ہو گئے۔ چنانچہ اس بشارت کے بعد یہ تینوں علم

ومشائخ، ہزارہا آدمیوں کو ساتھ لے کر جن میں تین سو عالم، حافظ اور قاری بھی تھے آپ کی زیارت کے لیے سرہند شریف حاضر ہوئے اور سعادت بیعت سے مشرف ہوئے۔

آپ کو حجۃ اللہ کا خطاب بذریعہ الہام عطا ہوا۔ آپ فرماتے ہیں کہ ایک روز میں نماز تہجد کے بعد بیٹھا ہوا تھا کہ مجھے الہام ہوا، "انت محبوب رب العالمین ورحمۃ اللہ فی العالمین" دریں اثنا کسی نے ندا کی کہ پروردگار نے خواجہ نقشبند کو جہاں میں اپنی حجت بنایا ہے۔ اور انھیں اُن کے باپ دادا کی طرح اولیائے اُمّت سے افضل بنایا ہے۔ اے فرشتو! جنّو! انسانو! تم سب اُن کی فرمانبرداری کرو تاکہ قیامت کے دن نجات پاجاؤ۔ بعدازاں میں نے دیکھا کہ فرشتے اور تمام اولیائے امت کی روحیں میرے اردگرد تشریف فرما ہیں اور کہتے ہیں۔ "السلام علیکم یا حجت اللہ" اور میرے سر اور منہ کو چومتے ہیں۔ یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے جسے چاہے عطا فرمائے۔ اللہ تعالیٰ صاحبِ فضلِ عظیم ہے۔

نبوّت کے نویں سال آپ نے حجِ بیت اللہ کا ارادہ کیا تو اعلان فرمایا کہ جو شخص چاہے ہمارے ساتھ حج پر چلے اور زادِ راہ کی کچھ فکر نہ کرے۔ چنانچہ آپ کے ساتھ پچیس ہزار آدمی جن میں چار سو بڑے بڑے علماء و مشائخ بھی تھے، سعادتِ حج حاصل کرنے کے لیے روانہ ہوئے۔ جب اورنگ زیب عالمگیر نے آپ کی حج کی روانگی کی خبر سنی تو دہلی سے تیرہ میل باہر آکر آپ کا شاہانہ استقبال کیا اور تجدید بیعت کی۔ پھر آپ دہلی سے ہوتے ہوئے حجاز مقدس کو روانہ ہوئے۔ دہلی میں آپ کی خدمت میں بطور ہدیہ اس قدر زر و جواہر، نقد اور جنس اکٹھا ہوا، کہ اٹھانا مشکل تھا۔ کہتے ہیں کہ ساحلِ سمندر پر پہنچنے تک آپ کے ہمراہیوں کی تعداد ستائیس ہزار ہو چکی تھی۔ دورانِ سفر آپ کو الہام ہوا کہ تمہارے مریدوں کے علاوہ سات ہزار آدمی جن پر دوزخ کی آگ واجب ہو گی، تمہاری سفارش سے بہشت میں داخل ہوں گے

آپ کے اس قافلہ میں چند رافضی بھی بطور تقیہ شامل ہو گئے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے بذریعہ الہام آپ کو مطلع کر دیا۔ اس پر آپ نے ارشاد کیا کہ کئی لوگ ہمارے قافلہ میں ایسے ہیں کہ ان کا ظاہر صاف مگر باطن ناپاک ہے۔ دریں اثنار باد مخالف نے جہاز کو دھکیل کر یمن کی طرف ایک کنارے پر لا کھڑا کیا۔ اس جگہ خوارج کا بہت زور تھا روافض نے خوارج کے ساتھ مل کر حسد و عداوت کی آگ کو بھڑکایا حتیٰ کہ قتال و جدال تک نوبت پہنچ گئی جب صورت حال نہایت تکلیف دہ ہو گئی تو آپ نے دُعا فرمائی جو فی الفور قبول ہو گئی۔ چنانچہ بارہ علماء کو خواب میں دکھایا گیا کہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ جلوہ افروز ہیں اور سب اقوام خوارج و روافض کو طلب کر کے فرما رہے ہیں کہ "نہایت افسوس کی بات ہے کہ تم لوگ اہل بیت کے ساتھ الفت و محبت اور خلیفۂ پیغمبر سے عداوت رکھتے ہو۔ چند لوگوں کو حکم دیا کہ ان کو مارو" چنانچہ جب خواب سے بیدار ہوئے تو زدوکوب کا اثر جسموں پر موجود تھا۔ پس بعد از قدرے گفتگو وہ رافضی علماء وغیرہ تائب ہو کر مرید ہو گئے۔

ایک روز آپ مسجد الحرام میں بیٹھے تھے جب مراقبہ کیا تو دیکھا کہ شیطان ملعون، ذلیل و خوار ننگے سر اور بے رونق ہو کر بیت اللہ شریف کے قریب چوروں کی طرح چھپ چھپ کر پھرتا ہے۔ جب آپ کی نگاہ اس پر پڑی تو وہ دیکھتے ہی مارے خوف کے راہ فرار اختیار کر گیا۔ حدیث شریف میں آیا ہے:

اَلشَّیْطَانُ یَفِرُّ مِنْ ظِلِّ عُمَرَ ۝ — شیطان عمرؓ کے سایہ سے بھاگتا ہے

چونکہ آپ بھی اولادِ عمرؓ تھے، اس لیے شیطان آپ سے بھاگا۔

جب آپ مدینہ منورہ گئے تو روضہ مطہرہ کے سامنے کھڑے ہوئے اور دیر تک دیوانہ وار روتے رہے۔ بعد ازاں حجرہ شریف کے قریب بیٹھ کیا اور دیر تک یہ کلمہ فرماتے رہے۔

اَفْدِیْتُ نَفْسِیْ وَرُوْحِیْ وَاَوْلَادِیْ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ۔ — یارسول اللہ! میری جان، میری روح اور میری اولاد آپ پر قربان ہو۔

حضور سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے کمال لطف و کرم سے آپ کو عنایاتِ خاصہ سے ممتاز فرما کر اپنا نائب اتم بنا یا اور فرمایا :

اَنْتَ فَخْرُ اُمَّتِی تم میری امت کے لیے فخر ہو۔

کرامات

(۱) مولانا محمد عابد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ شروع شروع میں میرے دل میں خیال آیا کہ مرشد کو اس قدر کشف ضرور ہونا چاہیے کہ سالک کے بعض خطرات سے واقف ہو کر ان کا دفعیہ کر سکے۔ آپ نے اُسی وقت مجھے مخاطب کر کے فرمایا کہ محمد عابد سُنو !

"اولیاء، اللہ کے بندے ہوتے ہیں۔ انہیں علم غیب کا ہونا اور ان سے کرامات کا صدور واجب نہیں اور ان باتوں کے نہ ہونے سے اُن کے کمال میں نقص لازم نہیں آتا۔ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ، جو افضل البشر بعد از انبیاء ہیں، میں اس قدر کرامات نہ تھیں جتنی کہ ایک ولی اللہ میں ہوتی ہیں۔

(۲) ایک دفعہ سرہند شریف میں بارش نہ ہوئی۔ والیٔ شہر بہت سے لوگوں کو لے کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور بارش کے لیے دعا کی درخواست کی۔ آپ نے فرمایا کہ پچیس ۲۵ روز تک بارش نہ ہوگی۔ چنانچہ آپ کا فرمان درست ثابت ہوا اور چھبیس ۲۶ ویں روز موسلا دھار بارش ہوئی۔

عبادات و عادات

آپ کا ہر عمل، ہر فعل اور ہر قدم سنت نبوی ؐ کے مطابق تھا۔ رخصت کو اعمال میں بالکل دخل نہ دیتے تھے۔ رات کے تیسرے حصے میں بیدار ہوتے اور بارہ رکعت نماز تہجد ادا کرتے۔ اس نماز میں سورۂ یٰسین تلاوت فرماتے۔ بعد ازاں مراقبہ کرتے۔ مراقبہ کر کے آنکھ لیتے اور نماز فجر باجماعت ادا کر کے پھر حلقۂ ذکر و مراقبہ کرتے۔ اس سے فارغ ہو کر چار رکعت نماز اشراق ادا کرتے پھر دوستوں کو توجہ باطنی سے نوازتے۔ دن کا تیسرا حصہ گزرنے کے بعد نمازِ الضحیٰ پڑھ کر درونِ خانہ تشریف لے جاتے اور دوپہر کا کھانا اہل و عیال کے ساتھ تناول فرماتے۔ پھر قیلولہ فرما کر چار رکعت نماز الزوال پڑھتے۔ اس کے بعد قرآن پاک کی تلاوت کرتے اور تفسیر بیان فرماتے۔ نماز عصر کے بعد

فقہ، حدیث اور مکتوبات امام ربانی کا درس دیا کرتے۔ نمازِ مغرب کے بعد چھ رکعت نفل اوابین ادا فرماتے۔ پھر وظائف و اوراد کے بعد دوستوں کو توجہ دیتے۔ بعد نمازِ عشاء گھر میں تشریف لے جاتے، اور تھوڑا سا کھانا کھا کر آرام فرماتے۔ قصہ کوتاہ آپ کا تمام وقت ذکر فکر اور یادِ الٰہی میں بسر ہوتا تھا۔ آپ نہایت متواضع اور خلیق اور مرتاض تھے۔ بیماروں کی عیادت اور بیمار پرسی کے لیے ضرور جاتے۔ غرباء اور مساکین کی دلجوئی کرتے اور اعلیٰ و ادنیٰ میں کوئی تفریق نہ کرتے۔

آپ پر مدت سے عوارضات کا غلبہ تھا۔ خاص کر پاؤں مبارک کا درد شدید ہو گیا تھا۔ ایک روز بعد نماز جمعہ ارشاد فرمایا کہ مجھے الہام ہوا ہے کہ تمہاری عمر اسّی ۸۰ سال ہو رہی ہے اور یہ اُمّت کی اوسط عمر ہے۔ اگر اور عمر چاہتے ہو تو دنیا میں رہو ورنہ ہمارے پاس آجاؤ۔ میں نے لقائے پروردگار، اختیار کیا ہے۔ تم سنتِ نبویؐ کی پیروی کرتے رہنا اور حضرت مجدّد الف ثانی قدس سرہٗ کے طریقہ پر پوری طرح سے پابند رہنا۔

۲۸ محرم الحرام بروز جمعرات کو آپ پر مرض کا غلبہ شدید تر ہو گیا۔ سانس میں تیزی آگئی مگر بڑے وقار سے وظائف و اوراد پڑھتے رہے۔ رات کو تہجد کی نماز ادا کر کے دیر تک فاتحہ پڑھتے رہے پھر لیٹ گئے اور شب جمعۃ المبارک ۲۹ محرم ۱۱۱۴ھ / ۱۷۰۲ء کو پینتیس سال مسندِ قیومیت و ارشاد پر فائز رہ کر سرہند شریف میں رحلت فرمائی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

آپ کو اس مکان میں جو قدیم سے آپ کی ملکیت تھا، حضرت قیوم ثانی خواجہ معصوم قدس سرہٗ کے روضۂ مبارک سے شمال کی طرف فتح باغ کے قریب دفن کیا گیا۔ مرقد اقدس پر نہایت عالیشان خوبصورت قبہ بنوایا گیا۔ آپ کے مقبرہ میں تین قبریں ہیں۔ ایک آپ کی، دوسری آپ کے فرزند محمد عمر کی، تیسری آپ کی بیٹی کی اور آپ کی زوجہ کی۔

آپ نے اپنی قیومیت کے آخری سال حضرت عروۃ الوثقیٰ خواجہ محمد معصوم

قدس سرہ، کے روضہ شریف سے شمال کی طرف ایک عالی شان اور خوبصورت مسجد تعمیر کرائی۔ اُس کے تین گنبد اور دو بُرج تھے۔ صحن میں وضو کے لیے ایک حوض بنوایا تھا اور مسجد کے مقابل ایک محل اور چند حجرے سالکوں کو توجہ دینے اور مراقبہ کے لیے بنوائے تھے۔ جو امتدادِ زمانہ کی وجہ سے بے نام و نشان ہو گئے ہیں۔

آپ کی اولاد امجاد چھ لڑکے اور دو لڑکیاں تھیں۔ آپ کے فرزندِ اکبر حضرت ابوالعلیٰؒ ۱۰۶۴ھ میں پیدا ہوئے۔ صاحبِ کشف و کرامات تھے ۱۱۰۷ھ میں وفات پائی اور حضرت خواجہ محمد معصومؒ کے قبہ میں دفن ہوئے۔ حضرت ابوالعلیٰؒ کے بڑے بیٹے قیوم رابع خواجہ محمد زبیر قدس سرہ، تھے جن کے حالات آگے آ رہے ہیں۔



سرہند شریف (انڈیا) کے قصبے کا اجمالی منظر
تصویر بشکریہ دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر

(۲۷)

حضرت خواجہ محمد زبیر سرہندی قدس سرہٗ

سرہند شریف ۱۰۹۳ھ / ۱۶۸۲ء ○ ۱۱۵۲ھ / ۱۷۴۰ء سرہند شریف

مادۂ تاریخ وفات

"ولی" — ۱۱ھ

"مشتاقِ محمد زبیر" — ۱۱۵۲ھ

"لبِ بحرِ فضل" — ۱۱۵۲ھ

"لبِ خورشید" — ۱۱۵۲ھ

"زہدِ زاہد شمسِ طریقت" — ۱۱۵۲ھ

۲۷

حضرت خواجہ محمد زبیر سرہندی قدس سرّہٗ

آپ حضرت حجۃ اللہ خواجہ محمد نقشبند ثانی قدس سرّہٗ کے پوتے اور خلیفۂ اعظم تھے۔ آپ کی ولادت باسعادت ۵ ذی قعدہ ۱۰۹۳ھ مطابق ۱۶۸۲ء بروز پیر وار ئی۔ سلسلۂ نسب حضرت مجدّد الف ثانی قدس سرّہ، تک یوں پہنچتا ہے۔ خواجہ محمد زبیر ن خواجہ شیخ ابوالعلی بن خواجہ حجۃ اللہ محمد نقشبند ثانی بن خواجہ محمد معصوم بن امام ربانی رت مجدّد الف ثانی قدس سرّہ۔

آپ ابھی صرف تیرہ برس کے تھے کہ والد گرامی حضرت شیخ خواجہ ابوالعلیؒ کا وصال ہو گیا پ کی پرورش جدامجد حضرت خواجہ نقشبند ثانی قدس سرہٗ نے کی اور ظاہری و باطنی علوم مالا مال کر دیا۔ یہی وجہ ہے کہ کمسنی ہی میں آپ پر استغراق غالب ہو جایا کرتا تھا اور رت نقشبند ثانی قدس سرہٗ نے آپ کو قیومیت کی بشارت دی تھی۔ چنانچہ حجۃ اللہ د نقشبند ثانی قدس سرہٗ کے وصال کے بعد بروز ہفتہ یکم صفر ۱۱۱۴ھ / ۱۷۰۲ء کو مسند قیومیت رشاد پر متمکن ہوئے۔

آپ قطب دوراں اور قیوم زماں تھے۔ آپ کے شب و روز عبادت الٰہی اور خدا کو ہدایت کرنے میں صرف ہوتے تھے۔ آپ کا حلقہ بہت وسیع تھا اور زمانے کے بڑے بڑے علماء و امراء آپ کے معتقد تھے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو دین و دنیا کی دولت سرفراز فرمایا تھا۔ جب بھی آپ دولت کدہ سے باہر تشریف لاتے تو امرائے شاہی دوشالے اور پگڑیاں فرش راہ بناتے تاکہ متبرک ہو جائیں اور آپ کے قدم مبارک نہ پڑیں۔ اگر آپ کسی جگہ وعظ، مجلس یا عیادتِ مریض کے لیے تشریف لے جاتے تو آپ کی سواری اور جلوس شاہانہ ہوتا باوجود اس ظاہری کرّ و فر کے دل خدا کی طرف لگا ہوا تھا۔ ہر امیر و غریب کو ایک نظر سے دیکھتے تھے اور ہر مرید کو درجہ کمال تک پہنچانے کی سعیٔ بلیغ فرماتے تھے۔ کم کھانا

کم بولنا، کم سونا آپ کی زندگی کا خاص اصول تھا۔ آپ فرمایا کرتے تھے کہ فضول گفتگو میں بہت سی مصیبتیں اور پریشانیاں پنہاں ہیں۔ کم کھانے سے جسم میں سستی نہیں ہوتی اور کم سونے سے زیادہ وقت عبادت الٰہی میں گزار سکتے ہیں۔ یہ وقت بڑا ہے، اس کی قدر کرنی چاہیے۔ تقویٰ، پرہیزگاری۔ اتباعِ سنت اور کثرتِ عبادت میں کا کوئی ثانی نہ تھا۔

آپ نہایت کثیر العبادت تھے۔ نمازِ تہجد میں ساٹھ ساٹھ مرتبہ سورہ یٰسین پڑھا کرتے تھے۔ نماز فجر کے بعد چاشت تک مراقبہ فرماتے۔ بعدازاں قدرے قیلولہ فرماتے اور پھر نمازِ زوال ادا کرتے۔ اس کے بعد تلاوتِ قرآن مجید میں مشغول ہو جاتے اور پھر نماز ظہر سے پہلے حلقہ بنا کر بمع دوستاں ختم خواجگان پڑھتے۔ اور ذکر و فکر کے بعد مریدوں کو توجہ دیتے نماز ظہر ادا کر کے مریدوں کے ساتھ بیٹھ کر کھانا کھاتے۔ آپ چوبیس ۲۴ گھنٹوں میں صرف ایکبار صرف اسی وقت ہی کھانا کھاتے تھے۔ نماز عصر کے بعد کبھی حدیث شریف اور کبھی مکتوباتِ امام ربانی مجدد الف ثانی قدس سرہ' کا درس دیا کرتے تھے۔ نماز مغرب کے بعد نماز اوابین میں قرآن مجید کے دس پارے پڑھتے تھے۔ بعدازاں حلقۂ ذکر ہوتا۔ پھر نماز عشاء پڑھ کر دولت کدہ میں استراحت فرماتے۔ چوبیس ہزار ۲۴۰۰۰ مرتبہ کلمہ شریف، پندرہ ہزار ۱۵۰۰۰ مرتبہ اسم ذات دن کو اور پھر دس ہزار ۱۰۰۰۰ کلمہ شریف رات کو آپ کا دائمی وظیفہ تھا۔

ایک مرتبہ کسی تقریب میں جامع مسجد کے قریب سے گزرے سواری کے ساتھ عقیدت مندوں کا بے شمار ہجوم بخوم تھا۔ حضرت شاہ گلشن[1] نے مسجد سے آپ کی سواری کی رونق دیکھ کر اپنی پرانی کملی اتار کر پھینک دی اور کہا کہ اسے جلا دو کیونکہ جس قدر نور اس بزرگ کی سواری میں ہے اُس کا ایک شمہ بھی میں اپنی کملی میں نہیں دیکھتا۔ حالانکہ تیس ۳۰ سال سے اس کملی میں ریاضت و مجاہدہ کر رہا ہوں۔ کسی نے بتایا کہ یہ حضرت خواجہ محمد زبیرؒ ہیں۔ اس پر شاہ گلشنؒ کہنے لگے، الحمد اللہ! یہ تو

[1] آپ حضرت خواجہ عبدالاحد مشہور بہ شاہ گل ابن خواجہ محمد سعید بن حضرت مجدد قدس سرہ' کے مرید تھے ۱۱۵۳ھ میں رحلت فرمائی۔ مزار مقدس دہلی میں ہے (قصوری)

ہمارے پیرزادہ ہیں اور ہماری عزت وآبرو ان کے صدقے باقی رہ گئی ہے۔

کرامات

(۱) ایک شخص نے عرض کیا کہ خاندان مجددیہ کی تمام نسبت مجھ کو ایک ہی توجہ میں عطا فرمائیں۔ آپ نے ارشاد کیا کہ یہ معمول کے خلاف ہے نیز اگر تمام نسبت ایک ہی توجہ میں کی جائے تو اس کا تحمل و برداشت حوصلۂ بشریت سے باہر ہے۔ مگر سائل اپنے سوال پر مصر رہا اور مزید الحاح وزاری سے عرض گزار ہوا۔ ناچار آپ نے ایک ہی توجہ سے تمام نسبت القاء فرمائی مگر وہ شخص تاب نہ لاسکا۔ اور فی الفور مر گیا۔

(۲) آپ کا ایک مرید سخت بیمار ہو گیا اور نزع کی حالت طاری ہو گئی۔ اُس کے چھوٹے چھوٹے بچے تھے۔ اُس کے گھر والے آپ کے پاس حاضر ہو کر عرض گزار ہوئے۔ آپ کو اُس کے حال پر رحم آیا اور اسے اپنے ضمن میں لے لیا۔ وہ شفایاب ہو کر عرصۂ دراز تک بقید حیات رہا۔ چونکہ آپ کی روح مبارک اُس کی زندگی کی قیّم تھی۔ اس لیے جس دن آپ نے وصال فرمایا وہ شخص بھی دنیا سے چل بسا۔

(۳) ایک شخص آپ سے بیعت کرنے کے لیے گھر سے روانہ ہوا۔ راستے میں اُسے ایک گھوڑ سوار ملا۔ اس نے قصد سفر پوچھا تو اس شخص نے جواب دیا کہ میں حضرت خواجہ محمد زبیرؒ کی خدمت میں بیعت کرنے کے لیے جا رہا ہوں۔ گھوڑ سوار نیچے اترا اور کہا کہ میں ہی خواجہ محمد زبیرؒ ہوں۔ وہ شخص بہت خوش ہوا۔ اور درخواست بیعت کی۔ آپ نے اُسے داخل سلسلہ عالیہ مجددیہ کیا اور اجازت دے دی۔ اُس شخص نے سوچا کہ میں اب تو سرہند شریف کے نزدیک پہنچ گیا ہوں، لہٰذا کیوں نہ امام ربانی حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہٗ کے روضۂ مقدس کی زیارت بھی کرتا جاؤں۔ جب وہ سرہند شریف میں پہنچا تو دیکھا کہ وہاں لوگوں کا ایک بہت بڑا ہجوم تھا جو کسی کو دفن کرنے کی تیاریاں کر رہے تھے۔ جب اس شخص نے دریافت کیا تو پتہ چلا کہ حضرت خواجہ محمد زبیرؒ وصال فرما گئے ہیں۔ جب اس نے

زیارت کی تو وہی شکل مبارک تھی جس نے اسے راستے میں بیعت کیا تھا۔

(۴) ایک شخص کابل سے آپکی زیارت کے ارادہ سے روانہ ہوا۔ راستے میں اُسے ایک شیر ملا جسے دیکھ کر وہ بہت خوف زدہ ہوگیا۔ اُس شخص نے آپ کی طرف توجہ کی تو آپ فوراً تشریف لائے اور ایک پتھر اٹھا کر شیر پر پھینکا جس سے وہ لومڑی کی طرح دم دبا کر بھاگ گیا۔ اور آپ بھی نظروں سے غائب ہو گئے۔

(۵) آپ کے مرید خاص شاہ مقیمؒ بیان کرتے ہیں کہ جن دنوں میں مکہ معظمہ میں مقیم تھا۔ تو مجھے آپ کے دیدار کا بے قدوحساب اشتیاق ہوا۔ میں بیت اللہ شریف کے طواف سے دل کو تسلی دیتا مگر اطمینان نہ ہوتا بلکہ مزید بے چینی ہوتی ؎

کعبہ بھی گیا مگر رہا خیال بتوں کا　　زم زم بھی پیا، نہ بجھی پیاس جگر کی

اس حالتِ اضطراب میں کیا دیکھتا ہوں کہ آپ بھی میرے ساتھ طواف فرما رہے ہیں۔ میں نے بڑھ کر قدم بوسی کرنا چاہی تو آپ نظروں سے غائب ہو گئے۔ میں واپس اپنی جگہ پر پہنچا تو آپ کو پھر طواف کرتے ہوئے دیکھا۔ میں پھر بڑھ کر قدمبوسی کرنے لگا تو دوبارہ غائب ہو گئے۔ کئی بار ایسا ہوا۔ میرے علاوہ بہت سے لوگوں نے بھی آپ کو حرمین شریفین میں دیکھا۔

(۶) آپ کے ایک منظورِ نظر مرید محمد عادل اکبر آبادیؒ فرماتے ہیں کہ شاہجہان آباد (دہلی) جاتے ہوئے دورانِ راہ لٹیروں سے سامنا ہو گیا۔ ایک نے مجھ پر کمند پھینکنا چاہی میں نے گھبرا کر آپ سے التجا کی۔ آپ نے ظاہر ہو کر انھیں ڈانٹا اور وہ بندروں کی طرح بھاگ گئے۔

اڑتیس ۳۸ سال مسند قیومیت پر رونق افروز رہ کر ۴ ذیقعدہ ۱۱۵۲ھ / ۱۷۴۰ء کو آپ نے دہلی میں وصال فرمایا۔ آپ کی نعش مبارک سرہند شریف لائی گئی۔ اور ۱۱ ذیقعدہ بروز جمعرات شیخ سعدالدین کی حویلی میں جسے آپ نے شیخ موصوف کے بیٹے سے بعوض چار ہزار روپے خریدا تھا، دفن کئے گئے۔ ۱۱۵۳ھ میں آپ کے مرقد انور پر ایک عالی شان روضہ تعمیر کیا گیا۔ جو رنگارنگ کے نقش و نگار سے آراستہ تھا اور جس میں چین اور فرنگ (انگلستان) کی گلکاری کی ہوئی تھی۔

جنت البقیع شریف کا ایک منظر۔ بڑا روضہ مبارک حضرت عثمان غنیؓ کا تھا اس کے قریب
ہی حضرت سید قطب الدین حیدر قدس سرہ کا مزار شریف واقع ہے (اب یہ تمام
روضے شریف سعودی حکومت نے مسمار کر دیئے ہیں)۔



جنت البقیع شریف کا قریبی منظر بڑا روضہ مبارک حضرت عثمان غنیؓ کا نمایاں
اس ہی کے قریب حضرت سید قطب الدین حیدرؒ کا مزار شریف تھا اب یہ تم
سعودی حکومت نے مسمار کر دیئے ہیں۔

تصویر از بشکریہ دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر

(۲۸)

حضرت سیّد قطب الدین حیدر قدس سرّہٗ

ماوراءالنہر ——— ۱۱۸۰ھ / ۱۷۶۶ء ——— مدینہ منوّرہ

مادۂ تاریخ وفات

"غلامِ احمق" ۱۱۸۰ھ

"ظفر" ۱۱۸۰ھ

"خورشید کُلّی" ۱۱۸۰ھ

"ظرف" ۱۱۸۰ھ

"خورشیدِ مجدّدِ جاہ" ۱۱۸۰ھ

۲۸

حضرت سیّد قطب الدین حیدر بخاری قدس سرہٗ

آپ کا اسم گرامی سیّد قطب الدین بخاری، عرف محمد اشرف اور لقب حیدر حسین ہے آپ کی ولادت باسعادت ماوراء النہر میں ہوئی۔ ماوراء النہر ہی میں مختلف اساتذہ سے حدیث، فقہ، تفسیر اور معقولات میں ید طولیٰ حاصل کیا۔ آپ عالم باعمل اور فاضل بے بدل تھے۔ کئی زبانوں پر عبور حاصل تھا۔ پیر کامل کی تلاش میں سرہند پہنچے اور حضرت خواجہ محمد زبیر قیوم چہارم قدس سرہ کے دستِ حق پرست پر بیعت کر کے اجازت و خلافت حاصل کی۔ اور اپنے شیخ کے انتقال کے بعد مسندِ خلافت پر بیٹھے۔

آپ کو امراء و اغنیاء کے اختلاط سے سخت نفرت تھی۔ آپ شب و روز تلاوتِ قرآن مجید، ذکر الٰہی اور درود شریف میں مشغول رہتے تھے۔ عشق رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میں فنا فی الرسول کے درجہ تک پہنچے ہوئے تھے۔ اور زیارتِ روضۂ انور کے لیے دن رات تڑپتے رہتے تھے۔

مسندِ شیخ پر چند سال بیٹھنے کے بعد ایک صاحبزادہ صاحب کے ساتھ کسی بات پر جھگڑا ہو گیا۔ اور یہ جھگڑا اور رنجش یہاں تک پہنچی کہ آپ کی غیرت اور رنجیدگی سے سرہند شریف تباہ ہو گیا۔ اسی واسطے حضرت امام رفیع الدین رحمۃ اللہ علیہ کو بانیٔ سرہند اور آپ کو فانیٔ سرہند کہتے ہیں۔ چھ سال تک سرہند شریف میں لرزہ اور زلزلہ رہا۔[1]

۱۱۷۳ھ میں آپ حضرت حافظ سید محمد جمال اللہ قدس سرہٗ کو اپنا خلیفہ و جانشین مقرر کر کے مدینہ منورہ روانہ ہو گئے۔ راستے میں قدم قدم پر درود شریف پڑھتے ہوئے سرہند شریف سے ہلی میں آ کر آپ حضرت خواجہ باقی باللہؒ کے آستانے پر کچھ عرصہ حاضر رہے تھے (قصوری)

اور ہر فرسنگ پر دوگانہ نماز ادا کرتے تھے۔ راہ میں طرح طرح کے عجائبات ملاحظہ میں آئے۔ مدینہ شریف کے قریب پہنچ کر دوگانہ شکریہ ادا کر کے پابرہنہ شہر میں داخل ہوئے اور دیوانہ وار در و دیوار کو چومتے ہوئے روضہ مقدسہ پر حاضر ہوئے اور شرفِ زیارت سے مشرف ہو کر سعادتِ ابدی اور دولتِ سرمدی کو پہنچے۔ پھر آپ کو مدینہ طیبہ کی جدائی گوارا نہ ہوئی اور وہاں کی فضائے جان فزا دل کو ایسی بھائی کہ زبانِ حال سے پکار اٹھے۔ کہ اب یہاں سے کہیں نہیں جاؤں گا، محبوب کے قدموں ہی میں جان دے دوں گا۔ بقول حکیم سنائیؒ ؎

باد و قبلہ در رہ توحید نتواں رفت راست — توحید کے راستے میں دو قبلوں کے ساتھ چلنا درست نہیں ہے
یا رضائے دوست باید یا ہوائے خویشتن — یا دوست کی رضی کرنا چاہیے یا اپنی نفسانی خواہش پر عمل

ازاں بعد جنت البقیع میں حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے روضۂ مبارک کے قریب جہاں قبۂ مبارک کا پانی گرتا ہے، جا بیٹھے اور ذکرِ الٰہی میں مشغول ہو گئے کہتے ہیں کہ حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور سے لوگوں کو بشارت ہوئی کہ سیّد قطب الدین میرا فرزند اور میرا مہمان ہے۔ اس سے باطنی فیوض و برکات حاصل کرو۔ چنانچہ بہت سے لوگ آپ کی خدمت بابرکت میں بصد ادب و احترام حاضر ہوئے اور سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ میں داخل ہو کر دین و دنیا، عقبیٰ و آخرت اور ظاہر و باطن کی نعمتوں کے سرشار ٹھہرے۔

وفات آپ نے ۱۱ رجب ۱۱۸۰ھ / ۱۷۶۶ء کو رحلت فرمائی۔ آپ کا مزار پر انوار حضرت خواجہ آدم بنوریؒ[1] خلیفہ حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہٗ اور خواجہ محمد پارساؒ[2] مرید و خلیفہ حضرت خواجۂ خواجگان خواجہ نقشبند بخاری قدس سرہٗ

---

[1] حضرت خواجہ سید آدم بنوری رحمۃ اللہ علیہ، حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہٗ کے ارشد خلفاء میں سے تھے۔ آپ کی وفات ۱۲ رشوال ۱۰۵۳ھ کو ہوئی جنت البقیع مدینہ منورہ میں دفن ہوئے (تصوری

[2] خواجہ محمد پارسا رحمۃ اللہ علیہ ۷۳۹ھ میں بخارا میں پیدا ہوئے حضرت نقشبند قدس سرہٗ سے شرف بیعت حاصل کر کے روحانی منازل طے کیں اور حضرت خواجہ کے ممتاز خلفاء (باقی حاشیہ اگلے صفحہ

کے مزارات کے قریب جنت البقیع مدینہ منورہ میں واقع ہے۔ اور یہ تینوں مزارات حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے روضۂ مبارک کے شمال مغربی گوشہ میں واقع ہیں۔ اور دوسری قبروں سے ممتاز ہیں۔ حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مزار مقدس کی چھت کا پانی آپ کے مرقد انور پہ گرتا ہے [1]

(بقیہ حاشیہ) ہیں شمار ہوئے۔ آپ نے طریقہ نقشبندیہ پر بڑی جامع تصانیف کی اشاعت کی جو آج تک سلسلہ نقشبندیہ کے اصول و حوال پر بنیادی حیثیت رکھتی ہیں۔ آپ کا وصال ۸۲۲ھ میں بعمر شریف تراسی ۸۳ سال مدینہ منورہ میں ہوا (قصوری)

[1] ترک دور حکومت تک جنت البقیع میں تمام مزارات مقدسہ بڑی شان کے ساتھ موجود تھے۔ مگر سعودی دور حکومت میں ہل چلا کر تمام مزارات کو منہدم کر دیا گیا ہے تفصیل کے لیے علامہ انور شاہ کشمیری کی کتاب "شب جائے کہ من بودم" کا مطالعہ کیا جا سکتا ہے۔ (قصوری)

دربار عالیہ مرشد آباد شریف کے کتب خانہ خیریہ میں "جناب ابراہیم رفعت باشا" کی تصنیف "مرآۃ الحرمین" الجزء الاول (طبع اولیٰ) مطبوعہ قاہرہ ۱۳۴۴ھ / ۱۹۲۵ء اور "محمد عبد البتنونی" کی تصنیف "الرحلۃ الحجازیہ" (طبع ثانی) مطبوعہ مصر ۱۳۲۹ھ کی کتابوں میں جنت البقیع، شہدائے اُحد، مدینہ منورہ کا قدیم قبرستان، مقبرۃ المعلیٰ، مکہ معظمہ اور جدہ میں حضرت حوا کے مزارات، مقدسہ، گنبد اور پرانی مساجد وغیرہ کا عکس دیکھا جا سکتا ہے۔ یاد رہے کہ حکومتِ مصر کے امیر الحج جناب رفعت باشا فرمندان حرص المحمل فی ۱۳۱۸ھ مطابق ۱۹۰۱ء امیر الحج فی ۱۳۲۰ھ مطابق ۱۹۰۳ء و ۱۳۲۱ھ مطابق ۱۹۰۴ء و ۱۳۲۵ھ مطابق ۱۹۰۷ء تھے۔ کتاب کے شروع میں ان کا مشرع فوٹو بھی موجود ہے۔ جس کے اوپر امیر الحج ۱۳۲۵ھ بھی لکھا ہوا ہے گویا کہ مصنف نے کئی سال جا کر اپنی آنکھوں دیکھا منظر اور تاثرات کا اظہار کیا ہے۔ یہ کتاب دو ضخیم جلدوں میں موجود ہے اور "الرحلۃ الحجازیہ" بھی ایک جلد میں موجود ہے۔ موخر الذکر کتاب میں عکس کچھ زیادہ نمایاں ہیں (قصوری)



حضرت حافظ سید جمال اللہ رامپوری قدس سرہ کے روضہ شریف پر تع
گنبد شریف کی ایک تصویر. بشکریہ دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاو

(۲۹)

حضرت حافظ سیّد محمد جمال اللہ رامپوری قدس سرّہٗ

گجرات (پاکستان) ۱۱۳۷ھ / ۱۷۲۴ء ـ ۱۲۰۹ھ / ۱۷۹۴ء رامپور (انڈیا)

مادۂ تاریخ وفات

صدرِ بزم سیّد محمد جمال اللہ صاحب رامپوری "جانِ رفیق سیّد محمد جمال اللہ رامپوری"

۱۲۰۹ھ ۱۲۰۹ھ

"منظرِ حیا" "وہوالعلی العظیم"

۱۲۰۹ھ ۱۲۰۹ھ

۲۹

حضرت حافظ سیّد محمد جمال اللہ رامپوری قدس سرہٗ

آپ کا اسم مبارک سیّد محمد جمال اللہ اور والد گرامی کا نام نامی سیّد سلطان شاہ المعروف بہ محمد روشن شاہ تھا۔ آپ کی ولادت باسعادت ۱۱ ربیع الاوّل ۱۱۳۷ھ بمطابق ۲۸ نومبر ۱۷۲۴ء کو گجرات (پنجاب، پاکستان) میں ہوئی۔ سلسلۂ نسب حضرت غوث الاعظم قدس سرہ کے واسطہ سے حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ تک پہنچتا ہے۔

آپ ابھی بچے ہی تھے کہ حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خواب میں اپنا لعابِ دہن آپ کے منہ میں ڈالا اور حضرت غوث الاعظم قدس سرہ، آپ کی روحانی تربیت فرماتے رہے۔ یہی وجہ ہے کہ آپ پر شروع سے ہی بیخودی کی حالت طاری تھی اور چہرۂ اقدس سے آثارِ ولایت ہویدا تھے۔ کچھ عرصہ بعد آپ وزیر آباد (ضلع گوجرانوالہ) تشریف لے آئے اور ایک درویشِ صفا کیش کی خدمتِ کیمیا خاصیت میں ایک مدت گزار کر ۱۱۴۶ھ میں قرآن مجید حفظ کیا اور پھر پنجابی، فارسی اور عربی زبان پر دسترس حاصل کی۔

ایک روز اُس درویش نے آپ سے فرمایا کہ یا جمال اللہ! تمہاری امانت ملک ہندوستان میں ہے لہٰذا اُس کے حصول کے لیے سعیٔ کامل بجا لاؤ کیونکہ عنایتِ ایزدی سے تا کثیر تجھ سے نعمتہائے باطنی اور فوائد دینی و دنیاوی حاصل کرے گا۔ چنانچہ آپ استاذ کے ارشاد کے مطابق ۱۱۵۱ھ میں دہلی پہنچے اور ایک درویش صفت عالم دین حضرت شاہ قطب الدین محمد اشرف حیدر حسین قدس سرہ، سے بیعت تھے اور بہت سے فقیہ تھے، سے فقہ و حدیث کی کتابیں پڑھیں اور جلد ہی علوم متداولہ میں کامل و اکمل ہو گئے۔

اُس زمانے میں آپ نے مجاہدۂ نفس شروع کر دیا تھا اور روزانہ دو قرآن شریف

ختم کیا کرتے تھے۔ رات کو چکی پینے کی خدمت بجا لاتے۔ جب تین دن گزر جاتے تو ایک مُشت جوار تناول فرماتے۔ چونکہ آپ کے اُستاد محترم حضرت قطب الدین محمد اشرف حیدر قدس سرہ، سے بیعت تھے لہٰذا وہ اکثر و بیشتر آپ کو بیعتِ مُرشد کی رغبت دلاتے مگر آپ کو یہ باتیں ناگوار گزرتیں اور آپ کہتے کہ اس ریاضت، محنت و مشقت سے زیادہ اور فقیری کیا ہو سکتی ہے۔ مجھے کسی مریدی و بیعت کی کیا ضرورت ہے۔ چنانچہ اسی طرح کئی روز گزر گئے۔

ایک رات تلاوتِ قرآن مجید میں مشغول تھے کہ غیب سے آواز آئی:۔

"اے جمال اللہ! اگرچہ تلاوتِ قرآن مجید فرقانِ حمید بہت بڑی عبادت ہے، لیکن عبادت میں لذت و سرور اُسی وقت ہی حاصل ہو سکتا ہے جب کہ کسی شیخ سے بیعت کر لی جائے"

یہ سُنتے ہی آپ کی حالت دگرگوں ہو گئی اور آپ اُفتاں و خیزاں اپنے اُستادِ محترم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی کہ خدارا مجھے جلد اپنے پیر و مرشد کی خدمت میں لے چلیے اُستاد صاحب نے کہا کہ اب رات کا وقت ہے، انشاء اللہ تعالیٰ صبح چلیں گے۔ یہ سُنکر آپ کی طبیعت میں بے قراری غالب ہو گئی اور رات گزارنا مشکل ہو گئی۔ صبح ہوتے ہی استاد محترم کے ہمراہ حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہ، کے مزار مقدس پر حاضر ہوئے کیونکہ حضرت قطب الدین حیدر قدس سرہ، اُس وقت وہاں گوشہ نشین تھے۔ حضرت اقدس نے فرمایا کہ آج کی رات استخارہ کرو جو کچھ ظاہر ہو گا اُس پر عمل کیا جائے گا۔ آپ دربارِ فیض آثار سے رخصت ہو کر اپنی جگہ پر آئے اور رات کو استخارہ کیا۔ ایک خواب دیکھا مگر بوجہ غلبۂ مدہوشی واز خود فراموشی یاد نہ رہا۔ جب صبح حضرت اقدس کی خدمت میں حاضر ہوئے تو حضرت نے بلا دریافت کیفیتِ خواب بیان کی اور آپ کو بیعت سے مشرف فرمایا۔

شرفِ بیعت حاصل کرنے کے بعد دُنیا و جہاں سے منہ موڑ کر پیر و مرشد کی خدمت میں رہنے لگے۔ صبح سے شام تک برابر پیر و مُرشد کے سامنے کھڑے رہتے، جب مراقبہ ہوتا تو مجبوراً بیٹھے تھے۔ پیر و مرشد کے الطافِ صوری و اعطافِ معنوی آپ پر اس قدر مبذول تھے کہ دورانِ مراقبہ بھی حجابِ غیریت باقی نہیں رہتا تھا اور اگر کچھ بے صبری وقت

پذیر ہوتی تو شیخ زبانِ حق بیان سے ممانعت فرما دیتے تھے۔ غرض بارہ برس تک شیخ کی صحبت کیمیا اثر میں اسی طرح حاضر رہے۔

ایک روز حضرت سیّد قطب الدین حیدر قدس سرّہ نے حالتِ تنہائی میں آپ سے فرمایا کہ یا جمال اللہ! تمہاری حق شناسی اور خدارسی اب اعلیٰ درجہ کو پہنچ گئی ہے۔ اب مناسب یہ ہے کہ تم کو کوئی عمل دستِ غیب یا طریقہ کیمیا تعلیم کر دیا جائے تاکہ تم فکرِ معاش سے آزاد ہو جاؤ اور بفراغ خاطر اپنے شغل کے شاغل اور اپنے عمل کے عامل رہو۔ آپ نے برجستہ جواب عرض کیا کہ میری خواہش سوائے آپ کی غلامی کے اور کچھ نہیں ہے اور میری روزی کے لیے توکل علی اللہ کافی و وافی ہے۔ ؎

سب کچھ خدا سے مانگ لیا تجھ کو مانگ کر
اُٹھتے نہیں ہیں ہاتھ میرے اس دُعا کے بعد

میں نے حضور والا کی تمنا میں اپنے آپ کو خاک کر دیا ہے۔ آپ کی نظرِ توجہ میرے لیے اکسیر و کیمیا ہے۔ جس وقت حضور کی نظرِ کیمیا اثر اس ناچیز ذرّہ خاک پر پڑیگی تو بہترین کیمیا بنا دیگی آپ کی یہ انکساری و خاکساری حضرت سیّد قطب الدین حیدر قدس سرّہ، کو بہت پسند آئی اور جوش میں آکر اپنی جگہ سے جست کر کے آپ کو اپنے سینہ فیض گنجینہ سے لگا لیا اور آن کی آن میں نعمت ہائے باطنی سے مالا مال کر دیا۔ پھر اپنے خلعت ملبوس خاص سے آپ کو مخلع کر کے ارشاد کیا کہ "تو مجھ سے ہے اور میں تجھ سے ہوں"۔ پھر تمام خلفاء کو بلا کر آپ سے تعارف کرایا اور اجازت و خلافت سے سرفراز فرمایا۔ یہ واقعہ ۱۱۶۳ھ کا ہے۔

حضرت قطب الدین حیدر قدس سرّہ، ایک مدت سے مدینہ شریف جانے کا ارادہ فرما رہے تھے لیکن اپنے ارادے کو عملی جامہ نہیں پہنا سکے تھے۔ چنانچہ ۱۱۷۲ھ میں مکمل تیاری فرما کر آپ سے فرمایا کہ اب تک تمہارا بارِ امانت مانع و مزاحم رہا۔ اب میں فارغ ہو گیا ہوں لہٰذا مدینہ شریف جا رہا ہوں۔ آپ سے بھلا اُن کی جدائی کیسے برداشت ہو سکتی تھی، مرشد کے قدموں کے ساتھ ہی مدینہ شریف پہنچ گئے۔ حضرت خواجہ قطب الدین حیدر سرّہ، کو حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی اور حکم ملا کہ حافظ سیّد

جمال اللہ کو واپس ہندوستان بھیج دو، وہاں ہزاروں لوگ اُن سے مستفید ہوں گے۔

مدینہ طیبہ سے واپس تشریف لاکر آپ سرہند شریف میں مقیم ہوگئے اور تین سال تک اپنے پیر و مرشد کے حکم سے بحُسن و خوبی سجادگی کے فرائض انجام دیئے اور مجددی، فیوض و برکات کی دولت سے مالا مال ہوئے اس کے بعد رامپور تشریف لے گئے اور نواب فیض اللہ خاں کی فوج میں بطور سپاہی بھرتی ہوکر اپنے آپ کو چھپائے رکھا عرصہ تک کسی کو آپ کے مقام و منزلت کا علم نہ ہوسکا، ایک روز سہ پہر آپ نواب صاحب کے دروازہ کے سامنے کھڑے تھے کہ ناگاہ کسی نے نواز کے نالہ "نے" کی آواز سُن کر جوش میں آگئے چونکہ طبیعت میں جذب و مستی کی فراوانی تھی لہٰذا "اللہ، اللہ" کا نعرہ لگاتے ہوئے اپنی قیام گاہ کی طرف تشریف لے گئے۔ اس حال میں جو انسان یا حیوان آپ کے سامنے آتا تھا وہ مست و مدہوش ہوا جاتا تھا اور بعض تو مُرغِ بسمل کی طرح خاک پر لوٹتے تھے۔ سارا بازار مستوں اور مدہوشوں سے بھرا پڑا تھا۔ یہ واقعہ آناً فاناً پورے شہر میں پھیل گیا، ایک شور عظیم برپا ہوگیا اور ہر طرف تہلکہ مچ گیا۔ ہر شخص کی زبان پر آپ کا نام اور ہر ایک مقام پر آپ ہی کا ذکر تھا۔ آپ کی شہرت اطراف و اکناف میں پھیل گئی اور سب لوگ آپ کو پہچان گئے اب سوائے اظہار شخصیت کے کوئی چارہ نہ رہا اور خلق کثیر حاضر ہوکر مستفید و مستفیض ہونے لگی۔ پھر آپ تادمِ واپسیں رامپور میں جلوہ افروز رہ کر خلقِ خدا کی رُوحانی تربیت فرماتے رہے۔

آپ اتباعِ سنّت کا نہایت التزام و اہتمام فرماتے تھے۔ اعمال ظاہری و باطنی میں درجۂ کمال تک پہنچے ہوئے تھے۔ دل عشقِ الٰہی سے معمور اور حُبِّ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے چور تھا۔ ایک کثیر خلقت نے آپ سے استفادہ کیا۔ کثرتِ اذکار آپ کا معمول تھا۔ نگاہ میں اس قدر تاثیر تھی کہ جو ایک دفعہ دیکھ لیتا، گرویدہ ہوکر غلام بے دام بن جاتا۔ بڑے بڑے امرأ و رؤسا آپ کے مرید و معتقد تھے۔ نواب فیض اللہ خاں والیٔ رامپور اور حافظ رحمت خاں والیٔ روہیلکھنڈ آپ کے مرید اور معتقد تھے۔ مؤخر الذکر کی بیٹی خدیجہ آپ کی مرید تھیں۔ حضرت شاہ غلام علی دہلوی قدس سرہٗ بھی رامپور تشریف لاکر آپ سے ملے تھے۔ گرمی کا موسم تھا، شاہ صاحب نے کہا کہ میں "گرمی محبت اور حرارت

مودت کی طلب میں آپ کے پاس آیا ہوں" آپ نے شاہ صاحب کو تربوز عطا فرمایا تھا
آپ کا لنگر شاہی تھا جہاں سینکڑوں لوگ روزانہ کھانا کھاتے تھے۔ جود وسخا
اور خوش اخلاقی آپ کا طرۂ امتیاز تھا۔ کوئی سائل آپ کے در سے خالی نہ جاتا تھا بلکہ آپ
سائلوں کے منتظر رہتے تھے۔ مستجاب الدعوات تھے جس کے اثر کی وجہ سے اللہ تعالیٰ
لوگوں کی بڑی بڑی مشکلیں آسان فرما دیتے تھے۔

آپ کو سیر و سیاحت اور شکار کا بہت شوق تھا۔ آپ نے اپنی زندگی میں کئی
شیروں کا شکار کیا۔ ایک دفعہ بسلسلہ شکار دہلی سے واپس رامپور بمعہ دوستاں تشریف
لے جا رہے تھے کہ اثنائے راہ شکار کرنیکی خواہش ہوئی۔ اپنے ایک خادم شاہ درگاہیؒ
کو ایک جگہ کھڑا کر کے فرمایا کہ تم اس جگہ ٹھہرو، ہم واپسی تمہیں ساتھ لے کر رامپور چلیں گے
اور خود ایک جنگل کی طرف تشریف لے گئے۔ شکار کرتے کرتے شام ہو گئی اور آپ
ایک نواحی گاؤں میں شب بسری کے لیے تشریف لے گئے۔ اور پھر وہاں سے عازم
رامپور ہو گئے کہ شاہ درگاہیؒ خود بخود رامپور پہنچ جائیں گے لیکن شاہ درگاہیؒ رامپور
نہ پہنچے۔

تقریباً ایک سال بعد آپ پھر دہلی تشریف لے جاتے ہوئے اسی راستہ سے
گزرے تو شاہ درگاہیؒ کو اسی مقام پر غمگین، پریشان حال اور گرد آلود دیکھا۔ بکمال شفقت
پوچھا کہ اس جگہ کب سے کھڑے ہو! شاہ درگاہیؒ نے عرض کیا کہ جب سے آپ نے حکم
دیا ہوا ہے، اسی جگہ پر ہی کھڑا ہوں" ؎

مٹا دیا میرے ساقی نے عالمِ من و تُو
پلا کے مجھ کو مے لَا اِلٰہَ اِلَّا ہُو

یہ حال دیکھ کر حضرت سید جمال اللہ قدس سرہ، جوش میں آ گئے اور شاہ درگاہیؒ
کو سینے سے لگا کر نورِ علیٰ نور کر دیا۔ آنِ واحد میں سلوک و تصوف کی اعلیٰ منازل طے کرا دیں
اور فرمایا کہ "جو شخص تیرے ہاتھ میں ہاتھ دے گا، اُس کو معرفتِ الٰہی حاصل ہو گی" ؎

نواب فیض اللہ خان والی رامپور و دیگر والیان ریاست آپ کے خادم، جانثار

اور دل وجان سے معتقد تھے۔ نواب کلب علی خان تو آپ کے ساتھ اس درجہ کی عقیدت رکھتے تھے کہ وصیت فرما گئے کہ مجھے آپ کے مزار مقدس کے جوار میں دفن کیا جائے۔

کرامات آپ کی بے شمار کرامات ہیں۔ چند ایک درج ذیل ہیں۔

(۱) ایک قومی ہیکل، سنگدل اور زاہد خشک مولوی اذکر نامی شخص درویشوں کا منکر تھا اور حلقۂ درویشاں میں بطور تماشائی جا کر تمسخر اڑایا کرتا تھا۔ ایک روز وہ آپ کی مسجد میں آیا جہاں آپ حلقۂ ذکر منعقد فرمایا کرتے تھے آپ نے نورِ فراست سے معلوم کر لیا کہ یہ ایک بے ادب[1] گستاخ[2] اور بد بخت[3] آدمی ہے۔ آپ نے اس سے نام پوچھا تو بڑی بلند، کرخت اور مکروہ آواز سے کہنے لگا، "ملا اذکر"۔ آپ نے فرمایا کہ تیرا جسم اور اسم دونوں سخت ہیں۔ اس کے بعد آپ نے اس زور سے "اللہ" کا نعرہ مارا کہ وہ سنتے ہی صاعقہ زدہ کی طرح گر کر بے ہوش ہو گیا اور اس طرح تڑپنے پھڑکنے لگا کہ ابھی مر جائے گا۔ اُسی کی یہ حالت دیکھ کر آپ کو رحم آگیا اور اپنا دست مبارک اُس کے دل پر پھیرا۔ اُس کی ساری سختی اور غرور زائل ہو گیا اور معافی مانگ کر سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ میں داخل ہو گیا۔

(۲) جب آپ کا روضہ مبارک تیار ہو رہا تھا تو معماروں کا انچارج آپ کا مرید صادق تھا وہ گنبد مبارک پر گلکاری کا کام کر رہا تھا کہ اچانک اس کا پاؤں پھسلا اور وہ نیچے کی طرف گرا ابھی زمین پر نہیں پہنچا تھا کہ اس نے آپ کو یاد کیا۔ آپ فوراً تشریف لائے اور اس کو فضا سے پکڑ کر آغوش میں لیکر زمین پر صحیح اور سالم کھڑا کر دیا۔ اُسے کسی قسم کی چوٹ نہ آئی۔ لوگ یہ منظر دیکھ کر بہت متحیر ہوئے۔ پھر اتفاق ایسا ہوا کہ وہ کسی کام کی غرض سے کام ختم ہونے سے پہلے بریلی چلا گیا اور چند روز وہاں رہا۔ ایک دن تنہا بیٹھا ہوا تھا کہ آپ نے ظاہر ہو کر فرمایا کہ شکر و احسان کے بدلے طریق نسیان اختیار نہیں کرنا چاہیئے۔ یہ فرما کر آپ غائب ہو گئے معمار اپنی غفلت اور کوتاہی پر سخت نادم ہوا اور فوراً واپس آکر کام میں مصروف ہو گیا

(۳) شاہ غلام حسین خاں رسالدار رامپور کے ساتھ آپ کو غایت درجہ محبت تھی یہاں تک کہ آپ اُن کو حافظ جی کہہ کر پکارا کرتے تھے یعنی آپ اپنے خطاب (حافظ) سے

مخاطب فرماتے تھے۔ جب اُن کے صاحبزادہ حضرت شاہ کمال الدین عرف بھُورے میاں دو برس کے تھے کہ یکایک ایسے بیمار ہوئے کہ زندگی کی بالکل اُمید نہ رہی۔ ایک روز شاہ غلام حسین خاں نے اُن کو قریب المرگ دیکھ کر آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر صورتِ حال عرض کی۔ آپ تشریف لے گئے اور شاہ غلام حسین خاں کو مخاطب ہو کر فرمایا کہ "حافظ جی! یہ تو اچھا خاصہ ہے تم مطلق اندیشہ نہ کرو یہ ابھی نہیں مرے گا بلکہ عمر طبعی کو پہنچے گا اور مقبول بارگاہِ الٰہی ہوگا اور میری بھی ایک عمدہ خدمت اس سے انجام پائے گی۔" چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ حضرت شاہ کمال الدین اُسی وقت اچھے ہو گئے، اپنی عمر طبعی کو پہنچے اور انہوں نے آپ کا روضہ مبارک تیار کرایا۔

(۴) نواب کلب علی خاں والیٔ رامپور نے ۲۷ جمادی الاخریٰ ۱۳۰۴ھ بروز چہارشنبہ وفات پائی۔ چونکہ اُن کو آپ سے غایت درجہ عقیدت تھی لہٰذا اُن کی خواہش تھی کہ وہ آپ کے روضہ مبارک اور حضرت شاہ محمد عمر رحمۃ اللہ علیہ کے مزار پُر انوار کے درمیان جو کسی قدر خالی جگہ ہے، اُس میں مدفون ہوں تاکہ بعد مرگ بھی آپ کی قربت نصیب رہے۔ اگرچہ وہ خالی جگہ قبر کے لیے ناکامی تھی لیکن جب قبر کھودی جانے لگی تو حضرت شاہ محمد عمر رح کی قبر اپنے مقام سے کسی قدر ہٹ گئی اور نواب صاحب کی قبر تیار ہو گئی۔

آپ نے تمام زندگی مجرّدانہ بسر کی لہٰذا کوئی اولاد نسبی باقی نہ چھوڑی۔ البتہ روحانی اولاد میں سے حضرت فیض بخش شاہِ درگاہی[1] سیّد بادشاہ میاں بخاری، الحاج محمد عمر

---

[1] حضرت فیض بخش شاہ درگاہیؒ مادرزاد والی تھے۔ آپ کی ولادت ۱۱۶۰ھ میں تخت ہزارہ ضلع سرگودہا (پنجاب، پاکستان) میں ہوئی۔ بچپن میں یہ جذبہ میسّر آیا تھا اور وہاں سے نکل کر صحرا میں گشت کرتے رہے۔ جب سن تمیز کو پہنچے تو قدرے آفاقہ حاصل ہوا تو اس سے قرآن شریف کے ایک جُز کا چوتھا حصہ پڑھا اور نماز صحیح کی۔ پھر مغلوب الحال ہو گئے اور درختوں کے پتوں پر قناعت کرنے لگے مگر نماز کے وقت انہیں آفاقہ ہو جاتا اور بے ہوش ہو جاتے۔ آخر بلدۂ بہاولپور کے صحرا میں "سلطان العارفین" کے مزار

سیدنا حسین شاہ مولانا فدا علی لکھنوی، شیخ صحرائی، میاں سیف اللہ، قصبہ سرسی تحصیل سنبھل ضلع مرادآباد اور خواجہ سید محمد عیسیٰ گنڈاپوری قدس اسرارہم خلفاء یادگار چھوڑے۔

آپ کی وفات حسرت آیات ۲/صفر المظفر ۱۲۰۹ھ/۱۷۹۴ء کو ہوئی اور رامپور شہر متصل دروازہ عیدگاہ مزار مقدس بنا جو آج تک مرجع خلائق ہے۔ آج کل آپ کے مزار مقدس کے اردگرد کی آبادی آپ کی نسبت سے جمال نگر کے نام سے مشہور و معروف ہے۔

بہت سے حضرات نے قطعاتِ تاریخ وصال کہے۔ چند ایک درج ذیل ہیں۔

۱۔ حضرت شاہ امام الدینؒ مؤلف "مجمع الکرامات" نے یہ قطعہ کہا ؎

وقت رحلت یکے ہمیں پُرسید — سالِ تاریخ وِ نام پاک شاہ
ناگہاں ملہمے زغیب بگفت — "سیّد حافظ جمال اللہ" : ۱۲۰۹ھ

۲۔ مزار مقدس کے جنوبی دروازہ پر یہ قطعۂ تاریخ کندہ ہے۔ ؎

آں شاہِ جمال قطب عالم — خوش رفت بجلوہ گاہِ وحدت
تاریخ فنائے بابقائیش — "سیر علم مقام حیرت"
۱۲۰۹ھ

۳۔ ایک اور صاحب نے یہ تاریخ کہی ؎

حضرت حافظ جمال اللہ شاہ — بُود فخرِ اوّلین و آخرین
رہنمائے خلق و محبوب الہ — ذاتِ پاک آنجناب قطب دیں
مظہر دین بُود آں بدر کمال — "مظہر دین" ہم شدہ سالِ وصال
۱۲۰۹ھ

پر پہنچے اور بدایوں ہی میں حضرت شاہ جمال اللہ رامپوری قدس سرہٗ سے بیعت ہو کر مقاماتِ سلوک طے کئے امرا سے ملاقات نہیں کرتے تھے۔ اگر سوتے وقت کوئی اُن کی چادر میں روپیہ باندھ جاتا تو انہیں نجاست کی بدبو آتی۔ پھر جا کر اُسے دریا میں اس طریقہ سے ڈال دیتے تھے کہ اُسے ہاتھ نہ لگے۔

آپ کا انتقال ۱۲۲۶ھ/۱۸۱۱ء میں رامپور میں ہوا۔ مادہ تاریخ وفات "مات قطب الوریٰ عن امر اللہ" ہے جس سے ۱۲۲۶ھ کے عدد برآمد ہوتے ہیں۔ (مقامات مظہری ص ۶۰۰، ۶۳۶، ۶۳۷۔) قصور

حضرت خواجہ سید محمد عیسےٰ گنڈاپوری رحمۃ اللہ علیہ کی قبر انور پر تعمیر شدہ کچے کوٹھے کی تصویر
بشکریہ دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر

حضرت خواجہ سید محمد عیسےٰ کے مزار شریف کے ساتھ تعمیر شدہ کچی مسجد کی تصویر
بشکریہ دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر

(۳۰)

حضرت خواجہ سیّد محمّد عیسیٰ قدس سرّہٗ

علاقہ گنڈاپور

موضع چودھواں ——— ۱۲۲۰ھ ——— موضع چودھواں ضلع ڈیرہ اسمٰعیل خاں
تحصیل کلاچی ضلع ڈیرہ اسمٰعیل خاں ——— ۱۸۰۶ء
(صوبہ سرحد)

مادۂ تاریخِ وفات

"والا ہمّت قبلہ سیّد محمّد عیسیٰ گنڈاپوری" ۱۲۲۰ھ

"مظفر" ۱۲۲۰ھ

"آہ ولیٔ یکتا قبلہ سیّد محمّد عیسیٰ گنڈاپوری" ۱۲۲۰ھ

۳۰ حضرت خواجہ سیّد محمد عیسیٰ قدس سرّہٗ

آپ کی ولادت باسعادت موضع چودھواں علاقہ گنڈاپور تحصیل کلاچی ضلع ڈیرہ اسمٰعیلخان (صوبہ سرحد) میں ہوئی۔ ظاہری تعلیم اپنے گاؤں ہی میں حاصل کی اور پھر تصوف کی بہت سی کتابوں کا مطالعہ کیا۔ آپ حضرت خضر علیہ السلام کے صحبت یافتہ تھے اور ہر روز اُن سے ملاقات کرتے تھے بلکہ آپ کی ابتدائی باطنی تربیت حضرت خضر علیہ السلام نے ہی کی تھی۔ اور اُنہی کے اشارے پر ہی رام پور جاکر حضرت حافظ شاہ محمد جمال اللہ قدس سرّہ، کے دستِ حق پر سعادتِ بیعت حاصل کی۔ اور عرصۂ دراز تک اُن کی خدمتِ بابرکت میں حاضر رہے۔ سفر و حضر میں ساتھ رہکر فیوض و برکات کے خزانے لُوٹے پیر و مُرشد کے محبوب اور رازدار خلیفہ تھے۔ اتنے منظورِ نظر اور با اعتبار تھے کہ آپ کے شیخ بعض مریدوں کو آپ کے حوالے کر دیتے تھے۔

ایک دفعہ حضرت سیّد محمد جمال اللہ قدس سرّہ، نے اپنے مریدوں سے ارشاد فرمایا کہ آج ہم سب لوگ اوراد و وظائف سے فارغ ہو کر شاہی قلعہ اور شاہی باغ کی سیر کو جائیں گے۔ چنانچہ حضرت خواجہ محمد عیسیٰ و دیگر خلفاء و مریدان کے ہمراہ شاہی قلعہ کے نزدیک پہنچے تو اُس وقت وہاں حضرت خواجہ فیض اللہ تیراہی قدس سرّہ، بطور سپہ سالار متعین تھے۔ اور دیوارِ قلعہ پر پہرہ کی نگرانی فرما رہے تھے اُن کی نظر حضرت شاہ جمال اللہ قدس سرّہ پر پڑی تو بے خود ہو کر حاضر خدمت کے قدموں میں گرے، تڑپے اور بے ہوش ہو گئے۔ دو تین گھنٹے بعد ہوش

ہیں آئے تو بیعت کے لیے عرض کیا۔ آپ نے کشف سے معلوم کر لیا کہ ان کا فیضِ باطنی حضرت خواجہ محمد عیسٰے قدس سرہ کے پاس ہے۔ چنانچہ آپ کو اُن کے حوالے کر کے فرمایا کہ اس کی بیعت اگرچہ میری طرف سے ہے مگر اس کی تکمیل تمہارے ذمہ ہے۔ چنانچہ ایسا ہی ظہور میں آیا۔

آپ صاحب کشف و کرامات تھے۔ ایک دفعہ حضرت خواجہ محمد فیض اللہ تیراہیؒ آپ کی قدمبوسی کے لیے حاضر خدمت ہو رہے تھے کہ راستے میں سخت علیل ہو گئے یہاں تک کہ زندگی کی اُمید نہ رہی۔ ایک مسجد میں قیام پذیر ہو کر ہر وقت رو رو کر آپ کو یاد کرتے تھے۔ اُن کی آہ و زاری آپ تک پہنچی تو خواجہ فیض اللہ کو دیکھنے کے لیے اپنے درِ دولت سے روانہ ہوئے۔ جب اُس مسجد میں پہنچے جہاں خواجہ محمد فیض اللہ مقیم تھے تو نماز مغرب سے فارغ ہو کر حجرہ میں داخل ہوئے۔ خواجہ محمد فیض اللہ آپ کو دیکھ کر وجد میں آ گئے اور قدمبوسی کر کے قدموں سے لپٹ کر تڑپنے لگے آپ نے انہیں اُٹھا کر سینے سے لگایا اور نورٌ علیٰ نور کر دیا۔ چونکہ خواجہ محمد فیض اللہؒ بہت کمزور ہو چکے تھے اور کافی دنوں سے کچھ بھی کھایا پیا نہ تھا۔ لہٰذا آپ نے ارشاد فرمایا کہ اگر کسی چیز کو دل چاہے تو تیار کریں۔ خواجہ محمد فیض اللہ نے عرض کیا کہ حضور!

"جو نعمت مجھے اس وقت نصیب ہو چکی ہے، یہی کافی ہے۔ یعنی آپ کا دیدارِ فیض بار"۔ ؎

گر خوری یک لقمہ از نانِ نوُر
خاک ریزی بر سرِ نانِ تنوُر

اگر تو نے نوُر کی روٹی کا ایک لقمہ ہی کھا لے۔ تو تُو تنور کی روٹی پر خاک ڈالے گا۔

پھر آپ نے ایک پیالے میں سے تھوڑا سا ہریسہ (ایک قسم کا کھانا جو گندم آٹے، گوشت کی یخنی اور دُودھ سے پکایا جاتا ہے۔) نکالا اور ارشاد کیا

تھوڑا سا کھالو، انشاء اللہ تعالیٰ صحت عاجلہ کا ملہ نصیب ہوگی آپ نے حسب الحکم دو تین نقمے تناول فرمائے تو تمام حجابات اُٹھ گئے۔ بعد ازاں آپ کو سخت بھوک لگی اور آپ نے بقیہ تمام ہریسہ کھا لیا اور سو گئے۔ دوسرے دن صبح بیدار ہوئے تو آپ مکمل طور پر صحت یاب ہو چکے تھے۔ ؎

نگاہِ ولی میں یہ تاثیر دیکھی
بدلتی ہزاروں کی تقدیر دیکھی

کرامات

(۱) ایک دفعہ آپ اپنے خلیفہ اعظم حضرت خواجہ محمد فیض اللہ تیراہیؒ سے ملاقات کے لیے تیراہ شریف تشریف لے گئے۔ ایک دن مجلس میں خواجہ محمد فیض اللہ کے تمام صاحبزادگان کو طلب کیا اور دعائے خیر فرمائی۔ جب خواجہ نور محمد سامنے آئے اور خواجہ محمد فیض اللہ نے عرض کیا کہ حضور کہ میرے دوسرے بیٹے تو علوم ظاہری سے فارغ ہو چکے ہیں مگر اس کا ذہن ابھی تک رسائی نہیں کر سکا یہی وجہ ہے ابھی تک صرف نصف قرآن پاک ہی ختم کیا ہے دُعا فرمائیے کہ اللہ تعالیٰ اِس کے سینہ بے کینہ کو روشن کر دے۔ آپ کو صاحبزادہ نُور محمد کے حالِ زار پر بہت رحم آیا اور اُسے فوراً گلے سے لگا لیا اور خصوصی توجہ سے نوازا۔ چنانچہ ان کا شرح صدر ہو گیا اور جلد ہی بڑی بڑی دقیق کتابوں پر حاوی ہو گئے اور دقیق سے دقیق مسائل بیان فرمانے لگے۔

(۲) حضرت خواجہ فیض اللہ ہر سال آپ کی زیارت کے لیے جایا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ عرس شریف کے موقعہ پر سخت بیمار ہو گئے اور پیر روشن ضمیر کی خدمت میں حاضری نہ دے سکے اور دوسرے ساتھیوں کے ذریعے پیغام بھیجا کہ:

"آپ کے غلام بے دام کو آپ کے دیدار کا بے حد شوق تھا مگر کیا کرے علالت کی وجہ سے مجبور ہے۔ بستر سے ہل نہیں سکتا، معذور ہے"

ساتھیوں سے یہ بھی کہا کہ جب تم لوگ واپس آؤ تو حضرت قدس سرہ،

کے مبارک قدموں کے نیچے سے تھوڑی سی خاکِ پاک اٹھاتے لانا۔ جب سب ساتھی آپ کی خدمتِ بابرکت میں حاضر ہوئے تو آپ نے دریافت فرمایا کہ فیض اللہ دیوانہ تمہارے ساتھ نظر نہیں آرہا۔ وہ کہاں ہے! ساتھیوں نے سب ماجرا عرض کیا اور دعا کی درخواست کی۔ آپ نے فرمایا کہ میرے دیوانے کو سلام کے بعد کہنا کہ فقیر خود تمہاری ملاقات کے لیے آنا چاہتا ہے۔ غم و فکر کی کوئی بات نہیں ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی ملاقات ہو گی۔ اور سب لوگوں کو دعائے خیر کے بعد اجازت رخصت دے دی۔

ساتھیوں نے حسب وعدہ آپ کے قدموں کی خاک حاصل کی اور وطن واپس آگئے خواجہ محمد فیض اللہ کو اپنے دوستوں اور ساتھیوں کی آمد کی خبر ملی تو بہت خوش ہوئے اور زبان حال سے ارشاد فرمایا ؎

مژدہ اے دل کہ دگر بادِ صبا باز آمد
ہُدہُد خوش خبر از شہرِ سبا باز آمد

اے دلِ مبارک ہو کہ بادِ صبا واپس آگئی ہے ملکہ سبا کے شہر سے ہُدہُد بڑی اچھی خبر لایا ہے۔

دوستوں سے ملاقات کے بعد آپ نے اپنی امانت طلب کی۔ انہوں نے خاکِ پا آپ کے حوالے کر دی اور یہ مژدہ بھی سنایا کہ آپ بنفس نفیس تشریف لا رہے ہیں۔ یہ سن کر آپ پھولے نہ سماتے تھے اور بار بار یہ شعر دیوانہ وار پڑھتے تھے ؎

قاصد رسید نامہ رسید و خبر رسید
در حیرتم کہ جاں بکدامی کنم نثار

قاصد پہنچ گیا، خط پہنچ گیا اور خبر بھی پہنچ گئی میں حیران ہوں کہ اپنی جان کس کس پر نثار کروں۔

اُسی وقت خاکِ پا کو پانی میں مل کر کے نوش فرمایا اور اپنے شیخ کامل سے محبت کامل اور عقیدے کی صحت و پختگی کے باعث اللہ تعالیٰ نے آپ کو دو تین روز میں

مکمل شفا عطا فرمادی۔ ؎

یہ اللہ والے دیتے ہیں سب کچھ
مگر اِن سے لینے کا چاہیے ڈھب کچھ

(۳) ایک مرتبہ خواجہ محمد فیض اللہ تیراہی نے آپ کی خدمت میں عرض کیا کہ میرے ایک بچپن کے دوست اور ہم سبق مسمّٰی "حضرت جی" سے ملاقات کے لیے دل بہت بے قرار ہے جو پشاور شہر کے قرب وجوار میں رہتے ہیں اور ایک عرصہ سے اُن کا کچھ پتہ نہیں ہے۔ دُعا فرمائیں کہ ملاقات ہو جائے۔ آپ نے فرمایا کہ میرے ساتھ جنگل میں چل وہاں پہنچ کر آپ مراقب ہو کر بیٹھ گئے اور حضرت خواجہ کو بھی مراقبہ کرنے کا حکم دیا۔

تھوڑی دیر کے بعد دیکھا کہ دُور سے دو آدمی چلے آرہے ہیں۔ اُنہوں نے نزدیک آکر بڑے ادب سے ملاقات کی اور وہیں بیٹھ گئے۔ حضرت خواجہ محمد فیض اللہ نے بغور دیکھا تو اُن میں سے ایک اُن کے دوست "حضرت جی" تھے جن کی ملاقات کے لیے وہ مشتاق اور منتظر تھے۔ چنانچہ مل کر بہت خوش ہوئے۔ دریں اثنا حضرت خواجہ محمد عیسیٰ قدس سرہ، نے ارشاد کیا اے دیوانے! کیا تُو دوسرے شخص کو پہچانتا ہے! خواجہ فیض اللہ نے عرض کیا کہ نہیں آپ نے ارشاد کیا کہ یہ حضرتِ خضرؑ ہیں۔ ان سے

ہ حضرت جی صاحبؒ کا اسم شریف شاہ میاں غلام محمد تخلیص فضل احمد معصومی مشہور بحضرت جی (جیو صاحب) ں آپ کی ولادت باسعادت ۱۱۵۱ھ میں بمقام سرہند شریف ہوئی۔ آپ کا سلسلہ نسب حضرت مجدد الف انی رح کے بڑے بھائی حضرت شاہ عبدالرزاق رح تک پہنچتا ہے نیز اپنی والدی صاحبہؒ کی طرف سے حضرت مجدد الف ثانیؒ اولاد سے ہیں۔ اپنے نانا شاہ محمد رسارح سے بیعت ہو کر خلافت حاصل کی۔ جب سرہند شریف پر سکھوں کا تسلط ہوا انہوں نے مسلمانوں پر طرح طرح کے ظلم ڈھائے جس کی وجہ سے مسلمانوں نے سرہند شریف سے ہجرت کی اور آپ بھی بمع اہل وعیال ہجرت کر کے پشاور تشریف لائے۔ آپ کی وفات ۱۲۳۲ھ میں ہوئی۔ مزار پُر انوار محلہ حضرت صاحبزادہ فضل حق رح متصل منڈی بیری دروازہ یکہ توت دروازہ پشاور شہر میں مرجع خاص وعام ہے۔ تصوری۔ بحوالہ تذکرہ علماء ومشائخ سرحد" جلد اول از سید محمد امیر شاہ قادری۔

ملاقات کرو اور جس چیز کی ضرورت ہو ان سے طلب کرو۔ خواجہ محمد فیض اللہ رح نے عرض کیا کہ حضور!

"مجھے جو کچھ ملنا ہے۔ آپ ہی سے ملنا ہے، اگر خضرؑ بھی ملے ہیں تو آپ ہی کی کرم نوازی سے ملے ہیں لہٰذا آپ کے درِ اقدس کو چھوڑ کر کسی اور کے دروازے سے کیوں مانگوں" ؎

زمانہ چھوٹ جائے لیکن تیرا در نہ چھوٹے گا
کہ ساقی تیرے میخواروں کو غداری نہیں آتی

آپ کو یہ بات بہت پسند آئی اور خواجہ محمد فیض اللہ کو گلے لگا لیا اور سینہ روشن کر دیا۔

وفات آپ کی وفات حسرت آیات ۷/ ذی الحجہ ۱۲۲۰ھ / ۲۶/ فروری ۱۸۰۶ء کو ہوئی مرقدِ انور موضع "چودھواں"، علاقہ گنڈہ پور تحصیل کلاچی ضلع ڈیرہ اسمٰعیل خان (صوبہ سرحد) میں زیارت گاہِ خاص و عام ہے۔

آپ نے اپنے پیچھے تین صاحبزادے یادگار چھوڑے۔

(۱) خواجہ پیر محمد۔
(۲) خواجہ جان محمد۔
(۳) خواجہ علی محمد۔

جب وقتِ وصال قریب آیا تو دو صاحبزادے خواجہ جان محمد اور خواجہ علی محمد بقیدِ حیات تھے۔ آپ نے دونوں کو وصیت فرمائی کہ تم میرے خواجہ محمد فیض اللہ سے تجدید بیعت کرنا اور اُس وقت تک اُن کی خدمت بابرکت میں رہنا جب تک کہ تصوف کی تمام منازل طے نہ ہو جائیں۔ چنانچہ حسبِ وصیت دونوں صاحبزادے حضرت خواجہ محمد فیض اللہ کی خدمت بابرکت میں حاضر ہوئے اور تجدید بیعت کر کے چھ ماہ تک وہاں قیام فرما اور اکتسابِ فیض باطنی کرتے رہے۔

جب مراحلِ تصوف طے ہو گئے تو دونوں صاحبزادوں کو خرقۂ خلافت دیکر بعد ادب واحترام اور اعزاز واکرام سے واپس وطن بھیجا گیا۔ بعد ازیں تا حیات تینرئی شریف (نیراہ) میں حاضر ہوتے رہے دونوں ہی صاحبِ باطن، صاحبِ کشف وکرامات اور صاحبِ حال تھے۔ بے شمار لوگوں نے اُن کے فیض سے استفادہ کیا۔ حضرت خواجہ محمد علیی قدس سرہ، کی رحلت کے بعد صاحبزادہ جان محمد سجادہ نشین ہوئے۔

(۳۱)

حضرت خواجہ محمد فیض اللہ تیراہی قدس سرہٗ

تیزئی شریف علاقہ تیراہ (افغانستان)
۱۱۴۳ھ / ۱۷۳۰-۳۱

۱۲۴۵ھ / ۱۸۲۹ء
تیزئی شریف علاقہ تیراہ (افغانستان)

مادۂ تاریخِ وفات

"درمنظومہ"
۱۲۴۵ھ

"چراغِ بابرکت"
۱۸۲۹ء

۳۱

حضرت خواجہ محمد فیض اللہ تیراہی قدس سرہ

حضرت خواجہ محمد فیض اللہ تیراہی کی ولادت باسعادت تیزئی شریف علاقہ تیراہ (افغانستان) میں ہوئی۔ تاریخ ولادت صحیح طور پر معلوم نہیں ہوسکی۔ کہتے ہیں کہ جب احمد شاہ ابدالی نے ہندوستان پر پہلا حملہ کیا تو اُس وقت آپ بھرپور جوان تھے۔ اگر اُس وقت آپ کی عمر کا تعین اٹھارہ برس کیا جائے تو آپ کی پیدائش ۱۱۴۳ھ بنتی ہے کیونکہ احمد شاہ ابدالی نے ۱۱۶۱ھ میں حملہ کیا تھا، تو گویا ہم آپ کی ولادت کا سال ۱۱۴۳ھ (کسی حد تک) تعین کر سکتے ہیں۔

آپ کا شجرۂ نسب ۳۴ واسطوں سے خلیفہ دوم امیر المومنین سیدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ سے اس طرح ملتا ہے۔ محمد فیض اللہ[1] بن خان محمد[2] بن علی محمد[3] بن شیخ سلیمان[4] بن سلطان شیخ الاسلام[5] بن عبدالرسول[6] بن عبدالحی[7] بن شیخ محمد[8] بن شیخ حبیب اللہ[9] بن شیخ امام رفیع الدین[10] بن شیخ نصیر الدین[11] بن شیخ سلیمان[12] بن شیخ یوسف[13] بن شیخ اسحاق[14] بن شیخ عبداللہ[15] بن شیخ شعیب[16] بن شیخ احمد[17] بن شیخ یوسف[18] بن شیخ شہاب الدین علی[19] الملقب بہ فرخ شاہ کابلی بن شیخ نصیر الدین[20] بن شیخ محمود[21] بن شیخ سلیمان[22] بن شیخ مسعود[23] بن شیخ عبداللہ (الواعظ الاصغر) بن شیخ عبداللہ[25] (ابو اعظ الاکبر) بن شیخ ابو الفتح[26] بن شیخ اسحاق[27] بن شیخ ابراہیم[28] بن شیخ ناصر[29] بن شیخ عبداللہ[30] بن عمر[31] بن حفص[32] بن عاصم[33] بن عبداللہ[34] بن سیدنا عمر فاروق اعظم[35] رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

آپ کے والد ماجد حضرت قاضی خان محمد رح موضع شادی خلیل نزد شہر کوہاٹ

(سرحد) میں درس دیا کرتے تھے اور فتویٰ نویسی میں مہارتِ تامہ رکھتے تھے۔ فنِ تحریر میں اُن کا کوئی ثانی نہ تھا۔ عالمِ اجل اور فاضلِ بے بدل تھے۔ حلقہ درس وتدریس اتنا وسیع تھا کہ دُور دُور سے لوگ آکر استفادہ کرتے تھے۔ آپ نے بھی علُومِ متداولہ کی تعلیم والد ماجد سے حاصل کر کے اکیس۲۱ سال کی عمر میں فراغت حاصل کر لی۔

علوم ظاہری سے فارغ ہونے کے بعد علوم باطنی کے حصول کے لیے پیر کامل کی تلاش ہوئی۔ چونکہ آپ شریعت مطہرہ کے سختی کے ساتھ پابند تھے اور خلاف شرع ذرّہ برابر بھی بات گوارا نہ تھی لہذا ؎

ہے جستجو کہ خُوب سے ہے خوب تر کہاں
دیکھئے اب ٹھہرتی ہے جا کر نظر کہاں

پر عمل پیرا ہو کر تلاش میں نکلے۔ ایک بزرگ کی شہرت سُن کر اُن کی زیارت کو گئے، وہ اُس وقت نماز میں مشغول تھے اور اُن کے پاؤں کا درمیانی فاصلہ حدِ شرع کے خلاف تھا۔ آپ یہ دیکھ کر برداشت نہ کر سکے اور اُلٹے پاؤں واپس آ گئے اور فرمایا کہ جس فقیر میں شرع کی پابندی نہیں ہے وہ مجھے کیا فیض پہنچائے گا۔

بعد ازاں ایک اور بزرگ کا شہرہ سُن کر وہاں گئے تو دیکھا کہ اس کے مرید بھنگ رگڑ رہے ہیں اور آپ کو دیکھ کر کہنے لگے کہ "آؤ بابا! خوب وقت پر آئے"۔ وہ فقیر صاحبِ کشف تھے، یہ سُن کر مریدوں سے کہنے لگے کہ بھائی ان کو مت پلاؤ۔ یہ تو نماز میں پاؤں کے خلافِ شرع معمولی فاصلہ سے بھاگے ہیں۔ یہاں تو فرسنگوں اور کوسوں کا فاصلہ ہے یہاں یہ کیونکہ آنے لگے ہیں۔ ان کا حصہ تو حافظ محمد جمال اللہ راہیو صاحب کے پاس ہے۔

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی قدس سرہ کی دعوت پر احمد شاہ ابدالی کے حملہ کی خبر سُن کر آپ نے فنون سپہ گری کی تربیت حاصل کی اور احمد شاہ ابدالی کی فوج میں بھرتی ہو گئے۔ نہایت ہی قلیل عرصہ میں سپہ سالاری کے عہدہ جلیلہ پر فائز ہو کر قلعہ رام پور میں تعینات ہو گئے۔ ماہانہ تنخواہ کا اکثر حصہ فقراء و صلحاء کی

خدمت میں نذر کر دیتے تھے۔ اپنی گوناگوں خوبیوں اور قدسی صفات کی بدولت ادب واحترام کے مستحق گردانے جاتے تھے اور ہر کوئی دیدہ ودل فرشِ راہ کرتا تھا۔

جیسا کہ شاہ جمال اللہ قدس سرہ کے حالاتِ طیبات میں ذکر کیا جا چکا ہے کہ ایک دن حضرت اقدس (شاہ جمال اللہ) قلعہ کی سیر کو نکلے تو اُن کے ساتھ بہت سے خلفاء ومریدین تھے جب آپ نے حضرت اقدس شاہ جمال اللہ قدس سرہ کو ایک نظر دیکھا تو دل کا دروازہ کھُل گیا۔ دل کا دروازہ کھُلنا ہی کرم کی علامت ہوتی ہے۔ کرم کا ہاتھ اُٹھا اور صدا مقبول ہوگئی۔ فوراً قلعہ کی دیوار سے اُترے اور حاضر خدمت ہوکر سر قدموں میں رکھ دیا۔ بے ہوش ہوگئے، جب ہوش میں آئے تو عجیب کیفیت تھی۔ ؎

دل سے تیری نگاہ جگر تک اُتر گئی
دونوں کو اک ادا میں رضامند کر گئی

سلسلہ عالیہ نقشبندیہ میں بیعت کرنے کی استدعا کی۔ میخانۂ مرشد سے ایک لازوال نشہ اور سرشاری عطا ہوئی۔ بیعت کرنے کے بعد شاہ جمال اللہ قدس سرہ نے آپ کو حضرت شاہ محمد علیی رحمۃ اللہ علیہ کے سپرد کر دیا کہ اس کی تکمیل تمہارے ذمے ہے

کچھ عرصہ بعد حضرت خواجہ محمد علیی قدس سرہ، اپنے وطن مالوف واپس ہوئے تو خواجہ محمد فیض اللہ رح کو حضرت شاہ جمال اللہ قدس سرہ، کی خدمت میں حاضر باشی پر مامور کر دیا۔ آپ نے ملازمت کو خیرباد کہہ دیا اور ہمہ تن مُرشدِ گرامی کی خدمت میں کمربستہ ہوگئے۔ چار سال خدمت میں رہنے کے بعد حضرت شاہ محمد جمال اللہ نے آپ کو وطن واپس جانیکی اجازت مرحمت فرما دی۔ اس طرح آپ تقریباً اٹھارہ سال بعد وطن واپس آئے تو کوہاٹ شہر کے نواحی گاؤں ڈوڈہ (داور شریف) میں تشریف لائے جہاں آپ کے بزرگوں کے واقف کار لوگ رہتے تھے اُن دنوں وہاں تپ شدید کی وبا پھیلی ہوئی تھی بدین وجہ خلقت نے آپ کی خدمت میں حاضر ہوکر تعویذات ودَم کرانا شروع کر دیا۔ جو کہ بہت اثر پذیر ثابت ہوا۔ آپ وہاں چھ ماہ ٹھہرے اور خلق خدا کو ظاہری وباطنی فیض سے نوازا۔

دورانِ قیام قاضی عبدالحمید مفتیٔ علاقہ کوہاٹ نے اپنی صاحبزادی آپ کے نکاح میں دینے کی خواہش ظاہر کی جو علمِ فقہ وحدیث میں مہارت تامہ اور ید طولیٰ رکھتی تھی۔ آپ نے ارشاد کیا کہ میں آج استخارہ کروں گا اور مجھے جو کچھ حکم ہوگا، اُس کے مطابق عمل کیا جائے گا چنانچہ آپ کو استخارہ میں ارشارہ ہوا کہ یہ نکاح سرزمین ہند کے لیے باعث برکت ورحمت ہوگا اور اس کے نُور سے اردگرد کے ملکوں میں اسلام کی روشنی پھیلے گی چنانچہ استخارے کی یہ خبر سُن کر مفتی صاحب بہت خوش ہوئے اور آپ سے اپنی لڑکی کا نکاح کر دیا پھر آپ اپنے گھر تیرئی شریف علاقہ تیراہ (افغانستان) تشریف لے گئے۔

آپ کی پہلی بیوی جو کہ آپ کے والد مکرم کی حیاتِ مبارکہ میں نکاح میں آئی تھیں کے بطن سے ایک لڑکی بھی تھی جو اب انیس ۱۹ برس کی ہو چکی تھی۔ جب آپ اپنے مکان پر پہنچے تو پہلی بیوی نے اٹھارہ برس کی طویل مدت کے بعد آپ کو دیکھا تو پہچاننے سے انکار کر دیا کہ آپ جوانی کے عالم میں لباسِ سپہ گری میں گھر سے روانہ ہوئے تھے اور ڈاک کا نظام نہ ہونے کی وجہ سے اپنی خیریت کی کوئی اطلاع گھر نہ دے سکے تھے۔ پہلی بیوی نے کہا کہ میں کیسے یقین کروں کہ آپ میرے خاوند ہیں۔ میں غیر محرم کو گھر میں داخل ہونے کی اجازت نہیں دے سکتی۔

اس طرح تین ماہ تک آپ اپنی چھوٹی بیوی صاحبہ کے ہمراہ دوسری جگہ اُسی گاؤں میں رہے اتفاقاً ایک دن ایک جنازہ پر مولوی شیر محمد رحمۃ اللہ علیہ سے ملاقات ہو گئی جو کہ ایامِ تعلیم میں آپ کے ہمدرس رہے تھے آپ نے مولوی صاحب کو تمام ماجرا سنایا کہ قدرت الٰہی ہے کہ کوئی شخص مجھے پہچان نہیں رہا ہے۔ اور تو اور بیوی نے بھی پہچاننے سے انکار کر دیا ہے اور مجھے غیر محرم گردانتے ہوئے گھر میں داخل نہیں ہونے دیا۔ اب اپنے ہی گاؤں میں ایک مسافر کی سی زندگی بسر کر رہا ہوں۔

مولوی شیر محمد رحمۃ اللہ علیہ نے گاؤں کے لوگوں کو اکٹھا کیا اور بتایا کہ یہ خواجہ محمد بن اللہ ہی ہیں۔ میں نے عرصہ تک ان کے والد بزرگوار کی خدمت میں

زانوئے تلمذ طے کیا ہے اور یہ میرے ہم سبق رہے ہیں۔ یہ سن کر سب لوگوں کو تصدیق اور اطمینان ہوا اور آپ کی پہلی بیوی نے گھر میں داخل ہونے کی اجازت دے دی اور سب خوش و خرم رہنے لگے۔ دونوں بیویاں باہم شیر و شکر ہو گئیں۔

اللہ تعالیٰ نے آپ کو پانچ فرزندوں سے نوازا جو سب کے سب برگزیدہ اور صاحبِ باطن تھے۔

خواجہ نور محمد[1]، خواجہ گل محمد[2]، خواجہ جان محمد[3]، خواجہ صالح محمد[4]، خواجہ محمد نور[5]، رحمۃ اللہ علیہم۔

آپ کی بہت سی کرامات زبان زدِ عام ہیں، چند ایک درج ذیل ہیں۔

(۱) ایک دفعہ دورانِ سفر آپ تھک کر بیٹھ گئے۔ چند مسافر اور بھی آ کر وہاں ٹھہر گئے اور آپس میں باتیں کرنے لگے۔ اُن میں سے ایک نے آپ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ یہ کون شخص ہے! دوسرے نے کہا کہ کوئی فقیر درویش ہوگا! تیسرے نے کہا کہ اگر یہ فقیر ہوتا تو وہ سامنے والا خشک درخت، سرسبز نہ ہو جاتا۔ یہ سُن کر آپ نے دُعا فرمائی تو وہ درخت اُسی وقت سرسبز و شاداب ہو گیا۔ پھول پھل بھی لگ گئے۔

(۲) تیزئی شریف میں مسجد کے قریب ایک بلند چبوترے پر زیتون کے دو بڑے موٹے موٹے درخت تھے جو کہ عرصۂ دراز سے خشک ہو گئے تھے۔ آپ ان درختوں کے سہارے بیٹھ کر مطالعہ فرمایا کرتے تھے اور جب کبھی پانی نوش فرماتے تو باقی ماندہ پانی ان کے دامن میں ڈال دیتے تھے۔ آپ کی برکت سے دونوں درخت ایک ماہ کے اندر اندر سرسبز و شاداب ہو گئے اور اب تک اُسی حالت میں موجود ہیں ہزاروں لوگ زیارت کر چکے ہیں۔

(۳) پانی کی سخت قلت و تکلیف کی وجہ سے تیزئی شریف کے لوگوں نے عرض کیا کہ دُعا فرمایئے کہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے کہیں سے چشمہ نکل آئے۔ آپ نے ایک درخت کی طرف اشارہ کیا اور فرمایا کہ یہ جگہ کھود دو۔ حسب الحکم عمل کیا گیا۔ ابھی

چند گز ہی زمین کھودی گئی تھی کہ آبِ شیریں کا ایک چشمہ نمودار ہُوا۔ یہ دیکھ کر سب لوگ آپ کے کشف وکرامات کے قائل ہو گئے اور بہت سے مخالف لوگ بھی حلقہ میں داخل ہو کر سعادتِ بیعت سے مشرف ہوئے۔ وہ چشمہ تا حال جاری وساری ہے۔

(۴) ایک دفعہ آپ کوہاٹ میں حضرت خواجہ آدم بنوری قدس سرہ کے خلیفہ حاجی بہادر رحمۃ اللہ علیہ کی مسجد میں حوض کے کنارے جلوہ افروز تھے کہ پاس سے ایک شخص شاہزادہ میاں نامی نے ٹھنڈی آہ بھر کر بآواز بلند کہا۔ آہ! افسوس! کہ کوئی مرد کامل نظر نہیں آتا۔ تین مرتبہ یہی کلمہ کہا۔ چوتھی مرتبہ آپ نے ارشاد فرمایا کہ میاں! کامل تو بہت ہیں طالب کوئی نہیں۔ تب شہزادہ میاں نے اپنے زخمی پاؤں کے اُوپر سے کپڑا اٹھا کر عرض کی کہ حضرت! طالب تو میں ہوں جو تیس[۳۰] سال کسی کامل شیخ کی تلاش میں جنگلوں[۱]، پہاڑوں[۲] اور بیابانوں[۳] میں سرگرداں رہ کر اور خاک چھان کر پتھروں کی ٹھوکروں سے اپنے پاؤں کو زخمی کر چکا ہوں۔ آپ کو اس کی حالت زار پر رحم آگیا اور حجرے میں لے جا کر اُس کو پچھلے گناہوں سے توبہ واستغفار پڑھا کر ذکر کی تلقین کی۔ پھر وہی شہزادہ میاں آپ کی محبت کی برکت سے ایسے کامل ہوئے کہ ہزارہا مخلوقِ خدا اُن کی صحبت سے فیضیاب ہوئی۔

حضرت باباجی فقیر محمد چوراہی قدس سرہ، ارشاد فرماتے ہیں کہ ہم نے اپنے بچپن میں شہزادہ میاں کو دیکھا، اُن کی یہ حالت تھی کہ عشاء کی نماز پڑھ کر حبسِ دم کر کے مراقبہ میں بیٹھ جاتے اور تہجد کی نماز کے وقت دم چھوڑتے۔ اِس حبسِ دم کی وجہ سے اُن کی پسلیوں میں سوراخ ہو گئے تھے۔ جب وہ سردی کے دنوں میں اپنا کُرتہ اتار کر دُھوپ میں ڈالتے تھے تو اُن کے وہ سوراخ دیکھ کر ہم انگلیاں ڈال کر خوش طبعی کیا کرتے تھے۔

آپ نے اپنی زندگی مبارک کا بیشتر حصہ دور دراز کے سفر میں گزارا۔ ہزاروں کی تعداد میں لوگ حلقہ ارادت میں داخل ہو کر سعادتِ دین ودنیا سے مشرف ہوئے

آخری عمر میں کافی کمزور ہو گئے تھے۔ جس کی وجہ سے پالکی میں سوار ہو کر سفر فرمایا کرتے تھے زبان اقدس میں اتنی تاثیر تھی جو کچھ بھی ارشاد فرماتے پورا ہو جاتا۔ اور جو صاحب حاجت دعا کروا تا تھا، اس کی دعا بفضل خدا پوری ہوتی تھی۔ آپ کی زبان مبارک نہایت شیریں اور شخصیت جاذب نظر تھی۔ اکثر لوگ نور روئے انور کو دیکھ کر ہی بیعت کر لیتے تھے

آپ کی وفات حسرت آیات ۸/ ربیع الاول ۱۲۴۵ھ / ۱۸۲۹ء میں ہوئی مزار مقدس تیزئی شریف علاقہ تیراہ (افغانستان) میں ہے۔ جہاں آج بھی عقیدت مند حاضر ہو کر روحانی تسکین حاصل کرتے ہیں۔

مزارِ پُر انوار غوثِ زماں قطبِ دوراں حضرت خواجہ نور محمد چوراہی رحمۃ اللہ

تصویر لشکر یہ دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر

(۳۲)

حضرت خواجہ نُور محمّد چوراہی قدس سرّہٗ

تیزئی شریف (افغانستان) ۱۱۷۹ھ / ۶۶-۱۷۶۵ء — ۱۲۸۶ھ / ۱۸۶۹ء چورہ شریف ضلع اٹک (پنجاب)

مادۂ تاریخِ وفات

"غفور" ۱۲۸۶ھ — "فروغ" ۱۲۸۶ھ

"خورشیدِ مجدّدی" ۱۲۸۶ھ

۳۲ حضرت خواجہ نور محمد چوراہی قدس سرّہ

حضرت خواجہ نور محمد المعروف باباجیو کی ولادت باسعادت ۱۱۷۹ھ میں موضع تیزئی شریف مضافات تیراہ (افغانستان) میں ہوئی۔ آپ حضرت خواجہ محمد فیض اللہ قدس سرہ کے سب سے بڑے صاحبزادے تھے۔ فیضِ باطنی والدگرامی سے ہی حاصل کیا تھا آپ کا شجرۂ نسب ۳۴ واسطوں سے سیدنا حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ تک پہنچتا ہے۔

آپ مادرزاد ولی تھے۔ حضرت خواجہ محمد فیض اللہ قدس سرہ کی دو بیویاں تھیں بڑی سے صرف ایک صاحبزادی تھی جب کہ دوسری بیوی کے ابھی تک کوئی اولاد نہ تھی۔ پہلی بیوی نے بارگاہِ ایزدی میں منت مانی تھی کہ اگر ہمارے گھر فرزندِ ارجمند پیدا ہوا تو میں مادرم واپسیں روزانہ ایک سو نوافل ادا کیا کروں گی جب کہ چھوٹی بیوی نے یہ وعدہ کیا اگر اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل وکرم سے مجھے اولادِ نرینہ عطا فرمائی تو میں بڑی بیوی کو پیش کردوں گی۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے دونوں کی دعا قبول فرمائی اور چھوٹی بیوی کے ہاں لڑکا پیدا ہوا جس کا نام والد بزرگوار نے نور محمد رکھا۔ اور فرمایا کہ یہ لڑکا امامِ ربانی مجدد الف ثانیؒ قدس سرہ کا متبع ہوگا اور اس سے سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ کو فروغ حاصل ہوگا۔

آپ نے علومِ دینیہ کی اکثر کتابیں حضرت مولانا محمد امین رحمۃ اللہ علیہ سے پڑھیں اور انہیں سے ہی تکمیل کی۔ اپنی والدہ ماجدہ سے بھی ابتدائی کتب وکتبِ فقہ پڑھیں۔ حضرت مولانا محمد امین آپ کے والدگرامی حضرت خواجہ محمد فیض اللہ قدس سرہ، کے ہم مجاز بھی تھے لہٰذا آپ نے تصوف میں بھی اُن سے استفادہ کیا۔ پھر والدگرامی قدر

سے سلوک کی منزلیں طے کیں، چونکہ علومِ ظاہری و باطنی میں مہارتِ تامہ اور شہرتِ عامہ حاصل تھی لہذا لوگ اپنی الجھنیں لے کر حاضر ہوتے اور آپ آن کی آن میں تمام گتھلیاں سلجھا دیتے۔ اسی دوران آپ نے اپنے قلم سے قرآن مجید کا ایک نسخہ مکمل کیا جو آج بھی دربار عالیہ چورہ شریف میں پیر سردار شاہ صاحب کے پاس موجود ہے۔ اور اس کے آخر میں یہ الفاظ رقم ہیں۔ "قرآن مجید بدست خواجہ نور محمدؒ ۲ ربیع الثانی ۱۲۲۷ھ از شاگردِ آں میاں نصر اللہ نور اللہ مرقدہٗ ساکن کھودوپور"

جب آپ سجادہ نشین ہوئے تو سب سے پہلے آپ کی خدمت میں دو افغان بھائی اللہ نور اور عجب نور حاضر ہو کر شرفِ بیعت سے مشرف ہوئے اور آپ کی خصوصی توجہ کے باعث سلوک و معرفت کی تمام منزلیں جلد طے کر کے منصبِ اجازت و خلافت پر بھی فائز ہو گئے۔ اُن کا فیض اتنا عام ہوا کہ لوگ گروہ در گروہ داخل سلسلہ ہوتے کیسے آتے تھے اور ان کو فرصت نہ ملتی تھی۔ یہ دونوں بھائی صاحبِ کشف و کرامات تھے

حضرت خواجہ نور محمد تقریباً اسّی سال تیرئی شریف میں فروکش رہے اور ہزار تشنہ لوگوں کو فیض و کرم، رُشد و ہدایت اور عشق و محبت کے چشموں سے سیراب کیا۔ آج بھی اُن کے فیض کا ڈنکا بج رہا ہے۔ جب آپ کے رُوحانی کمالات کا شہر عام ہوا تو بعض لوگ حسد و بغض کی آگ میں جل کر در پئے آزار ہو گئے آپ تمام باتوں کو خندہ پیشانی سے برداشت کرتے رہے مگر حاسدین کی معاندانہ سرگرمیاں بڑھتی گئیں۔ چپری نامی گاؤں کا ایک حاسد مولوی ولی خان بغض و عناد کی آتش کا شکار ہو کر جگہ جگہ لوگوں کو آپ کے خلاف ورغلاتا اور بہکاتا پھرتا تھا کہ "آپ کی خدمت میں کوئی نہ جائے کیونکہ آپ کا طریقہ (سلسلہ نقشبندیہ) اچھا نہیں ہے"

ولی خان کی ان خرافات سے ناواقف و سادہ لوح افغان مشتعل ہو کر آپ کی مخالفت میں کمربستہ ہو گئے۔ اور پنجاب سے آنے والے آپ کے عقیدت مندوں کو پریشان کرنے اور لوٹنے لگے۔ جب صورت حال انتہائی بگڑ گئی تو آپ نے ولی خان کو بُلا کر ارشاد فرمایا کہ "اگر میرے عقیدہ، عمل اور قول و فعل

کوئی شرعی سقم ہے تو مجھے آگاہ کرو ورنہ اس فضول اور بلاوجہ مخالفت سے باز آؤ۔" ولی خان تو محض حسد کا مارا ہوا تھا، عقیدے اور قول و فعل کی خرابی کیا بیان کرتا۔ بلکہ وہ پہلے سے بھی زیادہ آپ کے مریدوں کو تنگ کرنے لگا۔ آخر کار احباب و اعزّہ کی تکالیف برداشت کرنا مشکل ہو گیا تو آپ موضع دراوڑ (تیرئی شریف سے ۱۵ میل دُور) تشریف لے گئے اور پھر وہاں سے ۱۲۸۴ھ میں ۵ ۷ میل دُور چورہ شریف ضلع اٹک (پنجاب) میں قدومِ میمنت لزوم فرما کر مستقل رہائش اختیار کر لی اور یہیں ۱۲/ شعبان ۱۲۸۴ھ/ ۱۷/ نومبر ۱۸۶۹ء کو رحلت فرمائی۔ خلیفہ مولوی مست علی ساکن منزاں والی ضلع سیال کوٹ نے یہ قطعۂ تاریخ وصال کہا ؎

رفت نورِ محمدؐ از دنیا
کہ ہم عمر خود نگفتہ دروغ
مست مسکین کہ ہست خادمِ اُو
سال تاریخ اُو بگفت "نور دروغ"
۱۲۸۶

آپ کے چاروں صاحبزادے خواجہ احمد گل[1]، خواجہ فقیر محمد[2]، خواجہ دین محمد[3] اور خواجہ شاہ محمد[4] قدس اسرارہم باکمال تھے۔ یہ ہر چہار حضرات آپ کی رحلت کے بعد مسندِ خلافت پر بیٹھے۔ آپ کے انتقال کے وقت آپ کے پاس دوسرے صاحبزادے حضرت خواجہ فقیر محمدؒ موجود تھے اور سرِ مبارک آپ کا اُن کے زانو پر تھا اور انہوں نے بدستِ خود تجہیز و تکفین کی اور مبارک ہاتھوں سے آپ کو لحد شریف میں لٹایا اور آپ کا جو کچھ فیض باطنی اور خزانہ مخفی تھا وہ اُسی وقت اُن کو عطا کیا گیا۔

یُوں تو آپ کے تمام خلفاء ایک سے بڑھ کر ایک تھے مگر خواجہ انور خٹکی[1]، خواجہ نامدار ہنتیالیوی المعروف ہادی نامدار[2] خواجہ محمد منیر ہوشیار پوری[3] اور حافظ اللطیف قصہ خوانی رحمۃ اللہ علیہم آسمانِ شہرت پر آفتاب و ماہتاب بن کر چمکے اور ایک عالم نے اُن سے روحانی فیض پایا۔

آپ کی کرامات بے حد وحساب ہیں جن میں سے چند ایک درج ذیل ہیں۔

(۱) آپ کے ایک مخلص عقیدت مند مستری جان محمد موضع کنٹ کے ہاں اولاد نہیں تھی جس کی وجہ سے وہ نہایت پریشان رہتا تھا۔ ایک روز خیال آیا کہ میرا یہ تمام ساز وسامان، آلاتِ آہنگری اور مال و دولت کس کام کے ہیں جب کہ میرے بعد ان کو کام لانے والا میرا کوئی وارث نہیں ہے۔ یہ خیال آتے ہی اپنے قدیمی یارِ طریقت میاں نیک محمدؒ کی معیت میں بمعہ آلات آہنگری آپ کی خدمت میں دراڈر شریف حاضر ہوا اور حالِ دل عرض کیا اور روتے ہوئے کہا ؎

رَحم کُن بر ما کہ ناکارہ ایم
چارہ ما کن کہ بے چارہ ایم

ہم پر رحم کر کہ ہم ناکارہ ہیں۔ ہمارا چارہ کر کہ ہم بغیر چارہ کے ہیں

آپ نے بکمال شفقت اُس کے سر پر ہاتھ رکھ کر فرمایا کہ "اللہ رب العزت عنقریب تمہیں اپنی عنایات، نوازشات اور کرم نوازیوں سے مشرف فرمائے گا" بوقتِ رخصت پھر دُعا فرمائی اور ارشاد کیا کہ "اللہ تعالیٰ تمہیں دو بیٹے اور ایک بیٹی عطا فرمائے گا۔ پہلے بیٹے کا نام سلیمان، دوسرے کا غلام محمد اور بیٹی کا نام عائشہ بی بی رکھنا۔ لیکن افسوس کہ سلیمان تمہیں داغ مفارقت دے جائے گا جب کہ غلام محمد صاحب اولاد ہوگا چنانچہ ایسا ہی ہوا۔

(۲) مذکورہ بالا مستری جان محمد کو اُس کے گاؤں کا ایک شخص ناجائز تنگ کرتا تھا اور نقصان پہنچاتا تھا۔ آپ نے خواب میں چند مخلصین کو مشرف بزیارت کر کے تاکید فرمائی کہ فلاں آدمی ہمارے جان محمد کو تنگ کرتا ہے۔ اُسے منع کرو ورنہ اُس کا انجام اچھا نہیں ہوگا۔ سب لوگوں نے اُس شخص کو باری باری سمجھایا لیکن اُس پر کوئی اثر نہ ہوا بلکہ وہ پہلے سے بھی زیادہ جان محمد کے درپے آزار ہو گیا۔ چند دن بعد گاؤں کے بہت سے لوگ ایک جگہ تماشہ دیکھنے

رہے تھے، وہ شخص بھی اپنی گھوڑی پر سوار تھا کہ راستہ میں گھوڑی نے اُسے ایسا گرایا کہ اُس کا تمام جسم چکنا چور ہو گیا اور وہ دیکھتے ہی دیکھتے دم توڑ گیا۔ ؎

مباش در پئے آزار و ہر چہ خواہی کُن!
کہ در شریعتِ ما غیر ازیں گناہے نیست

تو جو کچھ چاہتا ہے کر مگر کسی کے درپئے آزار نہ ہو کہ ہماری شریعت میں اس سے بڑھ کر کوئی اور گناہ نہیں ہے۔

(۳) ایک دفعہ آپ پنجاب کے مختلف مقامات کا دورہ فرما کر واپس تشریف لے جا رہے تھے جب دریائے سندھ کو عبور کرنے کے لیے کشتی میں سوار ہوئے تو ایک فقیر مسمی بابا جمال اورنگ آبادی آپ کو نذر پیش کرنے کے لیے دوڑا۔ دریں اثنا کشتی چل پڑی تو اُس نے ملاح کو آواز دی کہ ذرا کشتی روکنا۔ ملاح نے کشتی کھڑی کر دی تو بابا جمال کنارے پر کھڑا ہو کر روپیہ نذر کرنے لگا۔ جلدی میں اُس کے ہاتھ سے روپیہ دریا میں گر گیا اور وہ پریشان ہو کر رونے لگا کہ وائے قسمت میری نذر قبول نہیں ہوئی۔ آپ نے ارشاد فرمایا کہ آہ وزاری کرنے کی ضرورت نہیں ہے، خلوصِ دل سے دیا ہوا نذرانہ بارگاہِ ایزدی میں قبول ہو چکا ہے تلاش کرو روپیہ ضرور مل جائے گا۔

بابا جمال نے پانی میں ہاتھ ڈالا تو پہلی مرتبہ ہی روپیہ اُس کے ہاتھ لگا اور آپ کی خدمت اقدس میں بطور نذر پیش کیا۔ یہ آپ کی زبان سے نکلی ہوئی بات تھی کہ روپیہ مل گیا ورنہ کہاں دریائے سندھ کی طوفانی موجیں اور کہاں اُس کی گہرائی میں روپیہ کی تلاش۔

یہ منظر دیکھ کر تمام حاضرین متعجب و ششدر رہ گئے اور طوقِ غلامی سے مشرف ہو کر داخل طریقہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ ہوئے۔ فقیر بابا جمال کو اُسی روز جذب و مستی حالت وارد ہو گئی اور وہ تمام وقت اسی سرشاری میں زبان حال سے کہتا رہتا۔ ؎

ہر ایک نے تجھے اپنی نظر سے پہچانا
جُدا جُدا ہے تیرا انداز دلبریائی کا

(۴) ایک مرتبہ محمد شاہ نامی شخص صحبتِ بداں میں گرفتار ہوا۔ آپ کی صاحبزادی کا زیور اور تلوار چوری کر کے لے گیا۔ آپ کی خدمتِ عالیہ میں اطلاع کی گئی تو آپ نے چھوٹے صاحبزادے حضرت شاہ محمد رح کو فرمایا کہ "محمد شاہ کا پتہ لگاؤ" انہوں نے پتہ کر کے عرض کیا کہ وہ موضع "چُنگی" چلا گیا ہے۔ آپ نے ارشاد کیا کہ "صبح سے پہلے پہلے اُس سے ملو اور کہو کہ زیور اور تلوار واپس دے دے اور انشاء اللہ تعالیٰ اُس کی زندگی میں کل کا دن آخری دن ہے"
حضرت شاہ محمد رح حسب الحکم تلاش میں نکلے اور نماز ظہر سے قبل ہی اُس سے زیور اور تلوار واپس لے گئے آپ کے ارشاد کے مطابق عصر کی نماز کے وقت اُس کی گردن پر ایک سُرخ رنگ کی ذرا سی علامت ظاہر ہوئی وہ اُسی وقت کہنے لگا کہ یہ آپ کی بددُعا کا اثر ہے۔ اور یہ میری موت کی نشانی ہے۔ چنانچہ وہ نماز عشاء سے پہلے ہی اس دنیائے فانی سے کوچ کر گیا۔

(۵) ایک دفعہ آپ تیرئی شریف کے نواحی گاؤں "لحاظ" میں تشریف لے گئے گاؤں کے لوگوں نے پینے کے پانی کی قلت و تکلیف کا ماجرا عرض کر کے دُعا کی درخواست کی۔ آپ نے ارشاد کیا کہ اچھا آج ہم استخارہ کریں گے تم لوگ بھی استخارہ کرو اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو حکم ہو گا اُس پر عمل کریں گے۔ سب لوگ نمازِ فجر کے بعد حاضرِ خدمت ہو کر عرض کرنے لگے کہ حضور! آپ کی طرف سے ہماری مشکل حل ہونے کا اشارہ ہوا ہے۔ ہم حاضر ہیں۔ جیسے آپ حکم فرمائیں۔ آپ نے ہاتھ اٹھا کر دُعا کی اور دوستوں کو ساتھ لے مسجد سے پہاڑ کے دوسرے گوشے کی طرف تشریف لے گئے۔ تقریباً ایک میل کا فاصلہ طے کرنے کے بعد رُک گئے اور ارشاد فرمایا کہ بس اسی

ٹھہرنے کا حکم ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اسی جگہ سے ہی ہمارا مقصد و مدّعا حاصل ہوگا۔

آپ نے اُس جگہ دو نفل ادا کیے اور کدال دستِ مبارک میں پکڑ کر زمین کھودنا شروع کر دی، نیچے سے ایک پتھر نکلا۔ آپ نے بسم اللہ پڑھ کر تین ضربیں لگائیں، پتھر اپنی جگہ سے ہلا۔ اتنے میں عقیدت مندوں کے ہجوم نجوم نے کھدائی کا کام اپنے ذمہ لے لیا اور آدھ گھنٹہ کی سعی بلیغ کے بعد پتھر کو باہر نکالا۔ اور اس جگہ سے نہایت ہی عمدہ، شیریں اور شفاف پانی کا چشمہ جاری ہوا۔ آپ کے ارشاد کے مطابق کھدائی کر کے پانی آبادی کی طرف لے جانے کا کام شروع کر دیا گیا۔ آپ نے اس جگہ پر تین گائے کی قربانی دی۔ نماز عصر تک پانی موضع "لحاظ" تک پہنچا دیا گیا۔ اور اسی پانی سے وضو کر کے نماز ادا کی گئی۔

مسجد سے آگے پانی کے گزرنے میں ایک بہت بڑا پتھر حائل تھا۔ پانی کو دوسری طرف سے گزارنے کے لیے ایک زمیندار سے کہا گیا کہ وہ اپنی زمین سے پانی کو گزرنے دے مگر وہ رضامند نہ ہوا۔ سب حاضرین حیران و پریشان تھے۔ آپ نے ارشاد فرمایا کہ غم و فکر مت کرو۔ اللہ تعالیٰ خود ہی پانی کے گزرنے کا راستہ بنا دے گا۔ چنانچہ نصف شب ایک بہت بڑا آوازہ ہوا جس سے لوگوں کے دل دہل گئے۔ سب لوگ پیر و جواں اور خورد و کلاں جاگ اُٹھے اور پھر تمام شب انہیں نیند نہ آئی۔ صبح نماز کے لیے مسجد میں گئے تو دیکھ کر حیران رہ گئے کہ اُس پتھر میں تین گز مربع (مدوّر شکل) کا سوراخ ہو گیا ہے اور اُس سے پانی گزر رہا ہے۔ سچ ہے کہ ؎

اولیاء را ہست قدرت از الٰہ
تیر جستہ باز گردانند ز راہ (رومی)

اولیاء اللہ کو اللہ تعالیٰ نے ایسی طاقت بخشی ہے کہ وہ چھوڑے ہوئے

تیر کو راستے سے واپس لاسکتے ہیں۔

یہ چشمہ اب تک جاری وساری ہے اور بے شمار لوگ اس کی زیارت کر چکے ہیں۔ خواجہ پیر محمد شفیع سجادہ نشین چورہ شریف کا ارشاد ہے کہ جب وہ ۱۹۵۱ء میں چند احباب کے ہمراہ تیراہ شریف لیگئے تھے تو وہ چشمہ بدستور موجود تھا۔

(۶) ایک مرتبہ آپ دریائے اٹک (دریائے سندھ) کو عبور کرنے کے لیے کشتی پر سوار ہوئے۔ اتفاق سے اُس کشتی میں سولہ سکھ سپاہی بھی سوار تھے۔ سکھ سپاہیوں میں سے ایک سپاہی بڑی گستاخی سے بولا اور کہا کہ "حضرت آپ تختہ کے نیچے کھڑے رہیں تاکہ ہمارے کھانے کی چیزیں آپ سے نہ چھو جائیں" آپ نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اُن کو چھو جانے کی تکلیف سے بچائے۔ دریں اثنا کشتی روانہ ہوئی تو دورانِ سفر چند مسائل پر گفتگو ہوئی۔ آپ نے اپنے خاص اندازِ محبت سے سکھوں کو مسائل سمجھائے ابھی آپ کی کشتی کنارہ نہ پہنچی تھی کہ آپ کی کرامت سے تمام سکھ سپاہی مشرف باسلام ہو گئے۔ دریا کے کنارے موضع "خوشحال گڑھ" میں پہنچ کر سب نے حجامت بنوا کر نہانا ظہرادا کی ؎

نگاہِ مردِ مومن سے بدل جاتی ہیں تقدیریں
جو ہو ذوقِ یقین پیدا تو کٹ جاتی ہیں زنجیریں

؎ نگاہِ ولی میں یہ تاثیر دیکھی
بدلتی ہزاروں کی تقدیر دیکھی

عارفِ کامل حضرت میاں محمد جہلمی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی کیا خوب کہا ہے ؎

مرد ملے تے درد نہ چھوڑے اوگن دے گُن کردا
کامل لوگ محمد بخشا لعل بنا ن پتھر دا

ارشاداتِ قدسیہ

(۱) ایک دن ایک درویش نے عرض کیا

حضور یہ بات سمجھ سے بالاتر ہے کہ دوسرے لوگ صدہا ریاضات و مجاہدات کر کے بھی اس قدر جوش عشق و محبت اور جذب و فیض حاصل نہیں کر پاتے جس قدر آپ کے غلام و خدام چند روز میں حاصل کر لیتے ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ :-

"دوست یا اولاد اُس شخص کی تنگ دست و محتاج ہوتی ہے جن کا باپ یا رفیق غریب و مفلس ہو اور جن کا باپ، رفیق مالدار ہو اُن کو زیادہ تر خلوص و محبت کی ضرورت ہے، محنت کی چنداں حاجت نہیں"۔

(۲) فرمایا کہ آدمی کو دو چیزیں درست اور دو چیزیں شکستہ چاہئیں۔ درست چیزیں یہ کہ (و) دین درست (ب) یقین درست (شکستہ چیزیں یہ کہ (ج) دست شکستہ (د) پا شکستہ۔

(ا) دین درست سے مراد یہ ہے کہ قولاً فعلاً اعتقاداً شریعت کے موافق ہو۔
(ب) یقین درست کے معنی مواعید الٰہی پر پورا پورا یقین ہے۔
(ج) دست شکستہ کا مطلب یہ کہ اشارۃً یا صریحاً کسی سے کسی چیز کا طالب نہ ہو۔
(د) پا شکستہ کا مطلب یہ کہ کسی کے پاس کسی غرض سے نہ جاوے یعنی محتاجی نہ کرے۔

فقر و فاقہ کمال طریقہ ہے۔

فقیر کے "ف" سے مراد "فاقہ"، "ق" سے مراد "قناعت"، "ر" سے مراد "ریاضت" ہے اور "ی" سے مراد "یادِ الٰہی" ہے۔ اگر کوئی شخص یہ اُمور بجا لاوے تو "ف" سے "فضل الٰہی"، "ق" سے "قربِ مولا"، "ی" سے "یارئ خدا" اور "ر" سے "رحمتِ الٰہی" مراد ہے۔ حاصل ہو۔ ورنہ "ف" سے "نفیحت" "ق" سے "قہرِ الٰہی"، "ی" سے "یاس" اور "ر" سے "رسوائی" ملے۔

(۵) طالبِ ذوق وشوق اور کشف وکرامت طالبِ خدا نہیں۔

(۶) جس طرح طلبِ حلال مومنوں پر فرض ہے اسی طرح ترکِ حلال عارفوں پر فرض ہے کیونکہ درویشوں کی فاقہ کی رات معراج کی رات ہے۔

(۷) جو مخدوم بننا چاہتا ہے، اُس کو چاہیئے کہ پیر کی خدمت کرے کیونکہ ؎

ہر کہ خدمت کرد اُو مخدوم شُد
ہر کہ خود را دید اُو محروم شُد

جس کسی نے خدمت کی وہ مخدوم بن گیا اور جس نے اپنے آپ کو دیکھا وہ محروم رہا۔

(۸) رضائے پیر و مرشد سببِ قبولیت خلق وخالق ہے۔ آزردگیٔ پیر سببِ نفرتِ حق اور خلق ہے۔

(۹) پیر کی رضاء سے وہ کچھ حاصل ہوتا ہے جو کسی مجاہدہ اور ریاضت سے حاصل نہیں ہو سکتا۔

(۱۰) ہر روز پچیس ہزار (۲۵۰۰۰) مرتبہ اسمِ ذات کا ذکر ضروری ہے۔

(۱۱) فقیر دل کی مراد سے خالی ہونے کو کہتے ہیں نہ کہ ہاتھ کے خالی ہونے کو۔

(۱۲) لوگوں کے عیب کو نیکی کی طرف تاویل کرو اور اپنی اچھی باتوں کو عیب کی طرف تاویل کرو۔

(۱۳) میں تو ہر ایک کو نیک ہی جانتا ہوں۔ جیسا کہ شیخ سعدی شیرازی رحمۃ اللہ نے فرمایا ہے۔ ؎

مرا پیرِ دانائے مُرشد شہاب
دو اندرز فرمود بر روئے آب

میرے دانا پیر و مرشد حضرت خواجہ شہاب الدین سہروردیؒ نے دریا کے کنارے پر مجھے دو نصیحتیں فرمائی۔

؎ یکے آں کہ بر خویش خود بیں مباش دوم آنکہ بر غیر بد بیں مباش

پہلی یہ کہ تو خود پسند اور خود بین نہ بن۔ دوسری یہ کہ غیر کو بُری نظر سے نہ دیکھ۔

(۱۴) طالبانِ حق کو چاہیئے کہ ایک لمحہ جنابِ الٰہی سے غافل نہ ہوں تاکہ توجہ الی اللہ بے مزاحمتِ اغیار ہو کہ اسی کو دوامِ حضور بھی کہتے ہیں۔ اور کوئی مقصود سوائے اللہ تعالیٰ دل میں نہ رہے۔

(۱۵) جو شخص اللہ تعالیٰ سے دُنیا طلب کرتا ہے، اللہ تعالیٰ اُسے آخرت سے محروم رکھتا ہے کیونکہ دوستانِ الٰہی کے لیے دنیا راحت کی جگہ نہیں۔ راحت کی جگہ تو آخرت ہے۔

(۱۶) ترکِ دُنیا دل سے ہوتی ہے نہ کہ اسباب سے۔

(۱۷) طالبِ مولا کو سوائے ذاتِ باری کے کسی اور سے محبت نہیں ہونی چاہیئے۔

(۱۸) سب سے بڑا کام یہ ہے کہ شریعت پر استقامت رکھے۔

(۱۹) ذکرِ اسم ذات سے جذبہ پیدا ہوتا ہے اور نفی اثبات سے سلوک۔

(۲۰) جس قدر طالب میں شکست و عاجزی زیادہ ہوتی ہے اُسی قدر فیض اُس پر زیادہ وارد ہوتا ہے۔

(۲۱) سالک کو چاہیئے کہ پنجی نظر رکھ کر چلا کرے۔ ؎

خوئے سگاں ہست بہر سُو نگاہ
شیر سر افگندہ رود سوئے راہ

کتوں کی عادت ہوتی ہے کہ ہر طرف دیکھتے ہیں۔ جب کہ شیر سر کو جُھکا کر راستہ میں چلتا ہے۔

(۲۲) زیادہ بولنا اور ہنسنا غفلت سے ہے۔

(۲۳) سلوک حاصل کرنے کی چند شرطیں ہیں۔ استعدادِ کامل، پیرِ کامل اور فیضِ الٰہی۔ ایک مراد ہوتے ہیں ایک مرید۔ مراد وہ ہے جس کو اللہ تعالیٰ اپنی طرف کھینچے اور مرید وہ ہے جو خود محنت و ریاضت کر کے مقام حاصل کرتے ہیں

(۲۵) مدارِ کار دو چیزوں پر ہے۔ اوّل، محبتِ پیر۔ دوم، اتباعِ شریعت۔
(۲۶) رُستگاری عبادت میں نہیں گناہوں سے بچنے میں ہے۔
(۲۷) فقر بڑی دولت ہے یہ دولت جس قدر ہو سکے پوشیدہ رکھنی چاہیئے
(۲۸) خواہ دوست ہو یا دشمن سب سے اخلاق سے پیش آنا چاہیئے۔



حضرت خواجہ فقیر محمد چوراہیؒ کے مزار شریف کے ساتھ تعمیر کردہ مسجد
تصویر از لشکریہ دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر



مرقدِ انور غوثِ زماں قطب دوراں حضرت خواجہ فقیر محمد چوراہی رحمۃ اللہ علیہ
تصویر از بشکریہ دربارِ عالیہ مُرشد آباد شریف پشاور شہر

(۳۳)

حضرت خواجہ فقیر محمد چوراہی قدس سرہٗ

تیزئی شریف (افغانستان) ۱۲۱۳ھ / ۹۹-۱۷۹۸ء — ۱۳۱۵ھ / ۱۸۹۷ء چورہ شریف ضلع اٹک

مادۂ تاریخِ وفات

"غفرلہ" ۱۳۱۵ھ

"برحمت خداوند" ۱۳۱۵ھ

"بلبلِ زِباغِ ارم" ۱۳۱۵ھ

۳۳ حضرت خواجہ فقیر محمدؒ چوراہی قدس سرہٗ

حضرت خواجہ فقیر محمد المعروف باباجی نیراہی رحمۃ اللہ علیہ حضرت خواجہ نور محمد نیراہی چوراہی قدس سرہٗ کے دوسرے صاحبزادے تھے۔ آپ کی ولادت ۱۲۱۳ھ میں اُن کے جدّ امجد حضرت خواجہ فیض اللہ نیراہی (م ۸/ ربیع الاول ۱۲۴۵ھ) کی زندگی میں تیرئی شریف نزد تیراہ (افغانستان) میں ہوئی تھی۔ آپ کا سلسلۂ نسب خلیفۂ ثانی حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ملتا ہے، جس کی تفصیل آپ کے جدّ امجد حضرت خواجہ محمد فیض اللہ نیراہی قدس سرہ، کے حالات میں دی جا چکی ہے۔

آپ پیدائشی ولی اللہ تھے۔ جس دن آپ کی ولادت ہوئی، اپنی والدہ ماجدہ کا دودھ نہ پیتے تھے۔ یہ معاملہ سُن کر جدّ امجد خواجہ محمد فیض اللہ تشریف لائے تو آپ کے روئے انور کو دیکھ کر فرمایا کہ:۔

"یہ تو ابھی سے اپنا حصہ طلب کرتے ہیں"

چنانچہ انہوں نے اپنی زبان مبارک آپ کے منہ میں ڈال دی جسے آپ دیر تک چُوستے رہے اور پھر والدہ ماجدہ کا دودھ پینا بھی شروع کر دیا۔ اس طرح سے سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ کی مبارک و اعظم نسبت روزِ اوّل سے ہی آپ کو عنایت فرما دی گئی۔ جدّ امجد نے ارشاد فرمایا کہ یہ لڑکا بڑا نیک بخت ہوگا اور اس کے وجود سے خلق خدا کو بہت فیض پہنچے گا۔ آپ کا چہرہ مبارک اُسی روز سے انوارِ الٰہی کی تابانیوں سے آفتاب و ماہتاب کی طرح چمکتا تھا۔

آپ نے علوم ظاہری و باطنی کی تحصیل اپنے والد ماجد حضرت خواجہ نور محمدؒ سے ہی

کی تھی۔ ایامِ صغرسنی سے ہی ذکر و فکر و مراقبہ و اتباعِ شریعت میں مصروف و مشغول رہتے تھے اور تمام امور میں والد ماجد کے نقش قدم پر چلتے تھے ؎

بالائے سرش ز ہوشمندی
می تافت ستارۂ بلندی

بچپن سے ہی آپ کے سر اقدس پر بلندی کا ستارہ چمکتا تھا۔
قطع ماسوی اللہ کا طریق آپ کو پہلے ہی مرغوب تھا۔ والد ماجد کے ساتھ ابتدا ہی سے صحبت و رابطہ حاصل تھا جس کی وجہ سے آپ کھانے پینے اُٹھنے بیٹھنے طریقِ کلام اور اخلاق و اعمال وغیرہ میں بالکل متحد الاوصاف ہو گئے تھے۔ غریبوں، مسکینوں اور مفلسوں کی مجلس و صحبت میں زیادہ خوش رہتے تھے۔ پابندئ شریعت میں بے مثال تھے۔ آپ کی علمیت کا یہ حال تھا کہ قرآن مجید کے ایک ایک حرف کے جُدا جُدا اسرار و رموز بیان فرماتے تھے جسے سُن کر بڑے بڑے علماء انگشت بدنداں رہ جاتے تھے۔ اپنے وقت کے ابدال شمار کئے جاتے تھے۔ آپ کو وہ کمالات حاصل تھے جو دوسروں کو عشرِ عشیر بھی نصیب نہ ہوئے تھے۔

آپ کے انہی ظاہری و باطنی کمالات کے پیشِ نظر آپ کے والدگرامی قدر نے بیس سال کی عمر میں خرقۂ خلافت سے سرفراز فرمایا اور آپ اپنے برادرِ اصغر حضرت خواجہ دین محمد چوراہی (ف ۱۳۲۵ھ) کے ہمراہ پنجاب کے تبلیغی سفر پر روانہ ہوئے۔ تونسہ باؤلی شریف ضلع گجرات تشریف لے گئے۔ خلیفہ حضرت محمد خان عالم رحمۃ اللہ علیہ کے فرزند گرامی قدر حضرت خواجہ غلام محی الدین رحمۃ اللہ علیہ و دیگر بہت سے لوگ آپ کے حلقۂ ارادت میں داخل ہوئے۔ اس کے بعد آپ سیال کوٹ تشریف لے گئے اور کئی لوگوں نے آپ سے بیعت کی۔ غرض دو ماہ تک پنجاب کے طول و عرض میں دورہ کر کے تو ہزاروں لوگ آپ کے دامنِ عقیدت سے وابستہ ہو گئے۔ کشف و کرامات کا ظہور بھی ہوا۔

آپ کا قد مبارک دراز، چہرہ گندم گوں، بینی سُرخ و دراز، ریش مبارک

سفید، چشم مبارک موزدں۔ گیسو مبارک شانوں تک معلق رہتے، پیشانی کشادہ، انگشت مبارک نرم اور لمبی، سینہ فراخ اور باوجود ضعیف العمری کے بینائی اور سماعت میں فرق نہ تھا۔ رات کو سُرمہ طاق سلائیاں لگاتے۔ بالوں پر حنا (مہندی) لگاتے۔ جب باہر تشریف لے جاتے تو سر پر لنگی رکھ لیتے۔ پیرانہ سالی کے باوجود رفتار کافی تیز ہوا کرتی تھی بلکہ بہت سے آدمیوں سے آگے بڑھ جاتے تھے۔

نماز تہجد کے بعد ذکر میں مشغول رہتے۔ پھر بعد از نمازِ فجر طلوعِ آفتاب تک مراقبہ میں رہتے۔ پھر تلاوتِ قرآن پاک دو تین سپارہ کے بعد ختم شریف پڑھتے۔ طعام قبل از دوپہر تناول فرما کر قیلولہ فرماتے۔ اکثر و بیشتر نمازِ ظہر کے وضو سے عشا تک کی نمازیں ادا کرتے۔ ظہر کے بعد تلاوتِ قرآن فرماتے۔ اس کے بعد احباب کی حاجات کی طرف متوجہ ہوتے۔ حاضرین کو حسبِ ضرورت دُعا اور تعویذ دیتے۔ نمازِ عصر کے بعد ختم شریف حضرت خواجہ محمد معصومؒ پڑھا کرتے۔ نماز باجماعت ادا کرنے کے عادی تھے بعد از نمازِ مغرب طعام تناول فرماتے۔ نماز عشا اوّل وقت میں ادا فرماتے۔ جہاں کہیں بھی تشریف لے جاتے آپ کا قیام مسجد میں ہی ہوتا۔ تعویذ نویسی زیادہ پسند نہ تھی لہٰذا اکثر دعا فرماتے اور اسی سے لوگوں کے اکثر مسائل حل ہو جاتے۔ بفضلِ ایزدی آپ چاروں سلاسل طریقت کے صاحبِ مجاز و ارشاد تھے لیکن صرف نقشبندیہ طریق میں بیعت فرماتے۔ آپ کو اشعار سے بھی کسی قدر دلچسپی تھی۔ بعض اوقات صرف بیعت فرما کر خلفاء سے حلقہ کراتے۔ کبھی کبھی خود بھی توجہ فرماتے۔ اور یہ اشعار پڑھتے ؎

یَارَسُوْلَ اللّٰہِ اُنْظُرْ حَالَنَا	"اے اللہ کے رسُول! میرے حال پر نظر فرمایئے
یَاحَبِیْبَ اللّٰہِ اسْمَعْ قَالَنَا	اے اللہ کے حبیب! میری عرض سُنیئے۔
اِنَّنِیْ فِیْ بَحْرِ غَمٍّ مُغْرَقٌ	میں غموں کے سمندر میں غوطہ زن ہوں۔
خُذْ یَدِیْ سَہِّلْ لَنَا اَشْکَالَنَا	میری دستگیری فرمایئے اور مشکلیں آسان کر دیجئے۔
ہر دم خدارا یاد کُن دلہائے غمگین شاد کن	بُلبل صفت فریاد کُن مشغول شو در ذکرِ ہو

ہر وقت خدا کو یاد کر، افسردہ دلوں کو خوش کر، بلبل کی طرح فریاد کر اور اللہ کے ذکر میں مشغول رہ۔

غافلی کفر است پنہاں در وجودِ آدمی
این چنین کافر شدن را حاجتِ زنار نیست

غفلت کفر ہے جو آدمی کے وجود میں چھپا ہوا ہے، اس طرح کافر ہونے کے لیے زنار کی ضرورت نہیں ہے۔

آپ عموماً سادہ نیلگوں لباس پہنتے۔ شرعی سفید پاجامہ، سر پر کلاہ اور اس پر لنگی خط دار یا سبز دستار پہنتے۔ بدن پر کبھی نیلگوں لنگی یا چادر اوڑھتے۔ پوٹھوہاری جوتا استعمال فرماتے۔ ہمیشہ اپنے دستِ مبارک میں عصا رکھتے۔ آپ کی طبیعت میں تصنع و ریا و تکلف بالکل نہ تھا۔ غرور و تکبر، فخر و خود پسندی آپ کے نزدیک نہ پھٹکا تھا۔ سکنت و تمکنت و وقار آپ کے اندر کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا تھا۔ صدیقی انوار و برکات آپ کے چہرۂ اقدس سے عیاں تھے آپ کی طبیعت میں جمالیت اس قدر تھی کہ سالہا سال تک کسی پر غصہ نہ فرماتے اور نہ کبھی آپ سے کسی کو ضرر و نقصان پہنچا کیونکہ جلال فقراء سے ضرور ضرر زیادہ اور نفع بہت کم ہوتا ہے اور جمالی فقراء سے نفع زیادہ اور نقصان کم ہوتا ہے۔ آپ کسی دوست کے متعلق شکایت سننا گوارا نہ کرتے تھے۔ تحمل و بردباری میں اپنی مثال آپ تھے۔ کبھی کسی سے کوئی غلطی ہو جاتی تو فوراً معاف فرما دیتے تھے۔ امراء سے زیادہ خوش نہ ہوتے تھے بلکہ مخلص دوست کو (خواہ وہ انتہائی غریب ہی کیوں نہ ہوں) پسند فرماتے تھے۔ سکون و خاموشی کو بہت پسند فرماتے تھے۔ آپ کی مجلس میں بڑے بڑے علماء و امراء حاضر رہتے تھے مگر آپ کی ذی وقار اور بارعب شخصیت کے سامنے کسی کو لب کشائی کی جرأت نہ ہوتی تھی۔ آپ کی صحبت کی برکت و کشش تھی جو بیٹھ جاتا پھر اُٹھنے کا نام نہ لیتا تھا ہمیشہ صاف ستھرے رہتے اور پاکیزہ اشیاء کو پسند فرماتے تھے کیونکہ۔

اَللّٰہُ جَمِیْلٌ وَّ یُحِبُّ الْجَمَالَ۔ اللہ تعالیٰ خود خوبصورت ہے اور خوبصورتی

کو پسند فرماتا ہے۔

آپ کی خوراک نہایت سادہ تھی جو خمیری روٹی اور کھچڑی پر مشتمل تھی۔ کسی خاص چیز کے عادی نہ تھے جو کچھ حاضر ہوتا برضا و رغبت تناول فرما لیتے تھے۔ آپ کی اصل غذا ذکرِ حق تھی۔ آپ حتی الامکان کسی کا احسان نہ اٹھاتے تھے۔ لیکن اگر کوئی احسان کرتا تو آپ اُسے یاد رکھتے حتیٰ کہ اُس کا دس گنا بدلہ عنایت فرماتے۔ جس کسی کی ایک دفعہ دعوت قبول کر لیتے دوبارہ مشکل سے ہی قبول کرتے۔ آپ شہروں میں کم از کم تین روز اور زیادہ سے زیادہ پندرہ دن قیام فرماتے اور جیسی جگہ ہوتی ویسا ہی مقیم ہوتے آپ کے ساتھ ہمیشہ چند خلفاء اور درویش سفر میں رہتے۔ آپ زاہد خشک یا محض ظاہر پرست نہ تھے بلکہ لوگوں کی درستگیٔ باطن کا خیال زیادہ رکھتے اور کبھی بھی اتباعِ سنت سے قدم باہر نہ رکھتے۔ آخیر عمر میں احبابِ راولپنڈی کے اصرار پر چائے پینا شروع کر دی تھی۔ ایام سرما میں تین تین ماہ تک پانی نہ پیتے تھے۔ اکثر شب بیدار رہتے تھے۔ جب لیٹتے تو سر سے پاؤں تک سیاہ کُنگی اوڑھ لیتے۔ جن لوگوں کو دیکھ کر خدا یاد آجاتا ہے آپ انہی میں سے ہی مجذوب سالک ہے۔

آپ جب عام لوگوں کو نصیحت فرماتے تو ارشاد کرتے کہ اپنے باطن درست کرو کیونکہ مرنے کے بعد اعمالِ باطنی ہی سے نجات مل سکتی ہے مگر ظاہری احکامِ شرعیہ کا لحاظ بھی ضروری ہے۔ کیونکہ اعمالِ باطنی کی صحت و درستگی کی علامت بھی ظاہری اعمال و افعال ہیں۔ اَلظَّاهِرُ عُنْوَانُ الْبَاطِنِ۔ (ظاہر باطن کا عنوان ہے) اور وہ ظاہر بھی سنت و آثارِ صحابہ کے موافق ہو۔ آپ فرمایا کرتے تھے کہ خدا کو خدا کے لیے پیار کرو خدا یاد کرو کیونکہ مقصد کے لیے یاد کرنا صرف مقصد کی یاد ہے۔ خدا کی یاد بغیر کسی نفسانی خواہشات کے کرنی چاہیئے۔ اور جب کبھی خاص احباب اور خلفاء کو مخاطب کرتے تو یہ حدیثِ قدسی بیان فرمایا کرتے کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں سے فرماتے ہیں۔

مَنْ لَمْ يَرْضَ بِقَضَائِيْ — جو شخص میرے حکم پر راضی نہیں اور

وَلَمْ يَصْبِرْ عَلٰى بَلَائِيْ وَلَمْ يَشْكُرْ عَلٰى نُعْمَائِيْ وَلَمْ يَقْنَعْ بِعَطَائِيْ فَلْيَطْلُبْ رَبًّا سِوَائِيْ۔ (حدیث قدسی)

میری بلا پر راضی نہیں اور میری نعمتوں پر شاکر نہیں اور میرے عطیہ پر قانع نہیں تو وہ بے شک میرے سوا کسی اور کو اپنا رب بنالے"

اس کے علاوہ یہ حدیث شریف بھی بیان فرماتے۔

خَيْرُ النَّاسِ مَنْ يَنْفَعُ النَّاسَ۔

بہتر وہ شخص ہے جو لوگوں کو نفع پہنچائے۔

آپ کے پاس اگر کوئی زاہد خشک یا باتونی شخص بیٹھتا تو آپ فرماتے کہ مجھے باتیں نہیں آتیں۔ آپ اپنے خلفاء اور اجازت یافتوں کی بھی توقیر کرتے اور اُن کی قدر و منزلت زیادہ ہی کرتے تاکہ وہ اپنے عقیدت مندوں کی نظر میں وقیع اور ذی اقتدار ہی رہیں۔ جس خلیفہ کے حلقہ میں تشریف لے جاتے وہاں پر اُسی کے مشورہ و صلاح سے ہر اک کام کرتے یہاں تک کہ اکثر تعویذات اور وظائف وغیرہ بھی اُنہی کی تحویل میں رکھتے۔ آپ کے دل میں دنیاوی شان و شوکت اور وقعت و عزت کچھ کے برابر بھی نہ تھی۔ آپ کبھی کبھی خاص احباب سے معانقہ فرماتے ورنہ اکثر مصافحہ پر ہی اکتفا فرماتے آپ کو جس طریقہ پر سلف صالحین نے مقرر کیا تھا۔ آخر تک اُسی پر ثابت قدم رہے

آپ اپنے غلاموں کو لفظ مرید سے نہ پکارتے تھے بلکہ لفظ یار یا دوست سے یاد فرماتے تھے۔ ایک دن آپ کے نبیرہ نے کہہ دیا کہ فلاں شخص تو ہمارا مرید ہے، اس پر آپ اُن پر سخت ناراض ہوئے یہاں تک کہ کلام بھی نہ کیا۔ صاحبزادہ نبیرہ نے اوراد و وظائف اور نفلی نماز وغیرہ ترک کر دی۔ لوگوں نے عرض کیا کہ کیا وجہ ہے کہ آپ نے سب کچھ ترک کر دیا ہے۔ صاحبزادہ صاحب نے جواب دیا کہ جب حضرت باباجی قبلہ و کعبہ ناراض ہیں تو اِن چیزوں کا کیا فائدہ! کیونکہ عبادات کی قبولیت تو آپ کی رضا کے ساتھ ہے۔ جب آپ ناراض ہیں تو پھر ضرورت نہیں۔ جب باباجی کو یہ خبر پہنچی تو صاحبزادہ کو بلوا کر ارشاد فرمایا کہ نہ میرے باپ دادا نے کسی کو لفظ مرید

سے پکارا اور نہ میں نے کسی کو مرید کے نام سے بلایا، پھر تم اس قابل کہاں کہ مرید کے لفظ سے پکارو۔ جاؤ! آئندہ توبہ کرو اور پھر کسی کو لفظ مرید سے نہ پکارنا۔

آپ کی کرامات بے شمار و قطار ہیں۔ چند ایک درج ذیل ہیں۔

(۱) آپ سیندوں کے ایک گاؤں میں تشریف لے گئے جس میں ایک دو گھروں کے سوا سب لوگ شیعہ تھے آپ کی تشریف آوری سے خدا نے سب کو ایسی ہدایت دی کہ وہ سب لوگ سُنّی العقیدہ ہو گئے اور عاشق صادق بن گئے۔ آپ کی برکت سے وہ ایسے صوفی بن گئے کہ نماز، روزہ کے علاوہ صاحب ذکر اور تہجد گزار بن گئے۔ اس سے بڑھ کر اور کیا کرامت ہو سکتی ہے۔

(۲) آپ جب بھی راولپنڈی تشریف لے جاتے تو محلہ ملیار مسجد میاں وارث میں قیام فرماتے تھے۔ ایک دن اتفاقاً مسجد کو آگ لگ گئی۔ مسجد کا دروازہ بند تھا مسجد کا سارا فرش جل گیا مگر وہ جگہ جہاں آپ تشریف فرما ہوتے تھے، محفوظ و مامون رہی۔

(۳) ایک دفعہ آپ امرتسر میں مسجد خیر دین میں تشریف رکھتے تھے کہ ایک بیوہ حاضر خدمت ہوئی اور عرض کیا کہ میرا لڑکا علی محمد بی۔ اے میں پڑھتا تھا کہ اس کا والد فوت ہو گیا۔ میں نے گھر کا ساز و سامان فروخت کر کے، مصائب و آلام برداشت کر کے اُسے امتحان دلوایا مگر بدقسمتی سے وہ فیل ہو گیا ہے۔ اب میرے لیے کوئی چارہ کار نہیں ہے۔ یہ کہکر وہ زار و قطار رونے لگی۔ آپ نے اُسے تسلی دیتے ہوئے فرمایا کہ "جا وہ تو پاس ہے"۔ جب وہ عورت گھر واپس آئی تو اُسے ایک تار ملا کہ علی محمد پاس ہے اور اُس کے بجائے ایک سکھ کا لڑکا فیل ہوا ہے پہلے اطلاع غلط دی گئی ہے۔ یہ دیکھ کر وہ عورت خوشی سے پھولے نہ سماتی تھی اور سب کو بتاتی تھی کہ میرا لڑکا حضرت خواجہ فقیر محمد کی دعا و توجہ سے پاس ہوا ہے۔

وہ لڑکا وہیں آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر شرفِ بیعت سے مشرف ہوا

اور کافی مدت تک راولپنڈی میں سنیئر جج کے عہدے پر فائز رہا اور سیشن جج کے عہدے سے ریٹائر ہوا۔

(۴) راولپنڈی صدر میں گرجا سے متصل آپ کا ایک مخلصِ صادق میاں پیر بخش رہتا تھا اُس کا بیان ہے کہ ہمارے آبائی گاؤں میں پانی نہیں تھا کیونکہ زمین بہت سنگلاخ تھی۔ لوگ بہت دور دور دراز سے پانی لاتے تھے۔ آپ کی خدمت میں اِس دقت اور تکلیف کے ازالہ کے لیے عرض کیا گیا۔ آپ نے ارشاد فرمایا کہ اس جگہ کنواں کھود دو۔ پیر بخش نے چار سو روپیہ خرچ کر کے کنواں کھدوایا مگر پانی نہ نکلا۔ پھر اُس نے حکومت سے امداد لے کر مزید کھدوائی کرائی مگر پانی نہ نکلا۔ لوگ پیر بخش کو لعن طعن کرنے لگے کہ تیرے پیر نے تجھے برباد کر دیا جب آپ دوسرے سال تشریف لائے تو یہ تمام باتیں آپ کی خدمت میں عرض کی گئیں۔ آپ نے نہایت خاص حالت میں اُٹھ کر فرمایا کہ "پیر بخش حق میں دُعا کرو" پھر فرمایا! "میاں پیر بخش جاؤ، خدا تعالیٰ پانی دے دے گا۔ گھبرانے اور غم و فکر کی ضرورت نہیں ہے"

میاں پیر بخش اتفاقاً باہر نکلے تو دیکھا کہ بچے کنویں پر جمع ہیں اور ایک شور و غوغا ہو رہا ہے۔ ایک بچے نے چلّا کر کہا کہ بابا! پانی آگیا ہے۔ پیر بخش دیکھا تو نیچے سے بڑے زور سے پانی اُوپر کی طرف بڑھ رہا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا کہ گویا غیب سے ایک نہر آ رہی ہے۔ پیر بخش کا بیان ہے کہ دیکھتے ہی دیکھتے پانی کنویں کے کنارے تک آگیا۔ پانی بھی ایسا میٹھا اور سرد تھا کہ شاید ہی ایسا کسی نے دیکھا اور پیا ہو۔ لوگ پانی استعمال کرتے تھے اور خوشی کے شادیانے بجاتے تھے۔

انہی دنوں محمد بخش نامی ایک شخص نے خواب دیکھا کہ حضرت بابا جیؒ تیرہ (افغانستان) سے وہ پانی لا رہے ہیں اور کنویں میں گراتے جاتے ہیں۔

ہے کہ ؎

گفتۂ اُو گفتۂ اللہ بود
گرچہ از حلقومِ عبد اللہ بود

اُس کا کہا ہوا، اللہ ہی کا کہا ہوا ہوتا ہے۔ اگرچہ اللہ کے بندے کے حلق سے ادا ہوتا ہے۔ (درّی رح)

(۵) ایک دفعہ حضرت بابا جیؒ موضع نارنگ ضلع سیالکوٹ (غالباً نارنگ منڈی حال ضلع شیخوپورہ) کی مسجد میں قیام فرما تھے۔ وہاں بڑ کا ایک بہت بڑا درخت تھا جو نمازِ مغرب کے بعد ہلنے لگا۔ آپ نے لوگوں سے اس کی وجہ دریافت فرمائی تو انہوں نے عرض کیا کہ یہ ہر روز اسی وقت اور اسی طرح ہلتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بہت سے لوگ یہاں نماز پڑھنے کے لیے نہیں آتے۔ آپ اُسی وقت مراقب ہو گئے اور تھوڑی دیر کے بعد سر اُٹھا کر فرمایا "وَت نہ ہلسی"۔ یعنی "اب یہ کبھی بھی نہیں ہلے گا"، لوگوں نے عرض کیا کہ حضور! اس میں کیا راز ہے؟ فرمایا کہ اِس درخت کے دامن میں ایک جن کا ڈیرہ تھا۔ وہ شام کو پرندوں کو اڑانے کے لیے درخت کو ہلاتا تھا۔ اب میں نے اُس کو کہہ دیا ہے کہ اس حرکت سے باز آجاؤ اور پرندوں، جانوروں اور نمازیوں کو پریشان نہ کرو۔ وہ چلا گیا ہے اس لیے آئندہ یہ درخت نہ ہلے گا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ ؎

تو ہم گردن از حکمِ داور نہ پیچ
کہ گردن نہ پیچد ز حکم تو ہیچ

کہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے گردن نہ پھیر تاکہ کوئی بھی تیرے حکم سے گردن نہ پھیرے۔

(۶) ایک مرتبہ آپ موضع بن علاقہ پنڈی گھیب کی ایک مسجد میں تشریف فرما تھے [illegible] عقیدت مندوں کے جم غفیر کی وجہ سے بہت اژدھام تھا جو گردونواح [illegible] زیارت کے لیے آئے ہوئے تھے۔ بڑی پُرلطف اور پُرکیف مجلس ہو [illegible] کہ آپ اچانک اُٹھ کھڑے ہوئے اور فرمایا کہ سب دوست فوراً

باہر نکل جاؤ۔ لوگ پریشان وحیران ہوگئے اور فوراً باہر نکل گئے۔ جب تک سارا سامان اور دوست باہر نہ نکل آئے آپ مسجد کے اندر ہی ٹھہرے رہے۔ جونہی آپ نے اپنا قدم باہر رکھا، مسجد کی چھت گر گئی۔

(۷) ایک دفعہ حسن دین نامی ایک صوبیدار نے عرض کیا کہ میری عمر حدِ شباب سے تجاوز کر گئی ہے اور اب تک میرے گھر میں اولاد نہیں ہوئی۔ آپ دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ اس آخری وقت میں ہی اولادِ نرینہ عطا فرما دے۔ آپ نے ایک تعویذ عنایت فرمایا اور ارشاد کیا کہ ہمارا مالک وخالق تم کو لڑکا عطا کرے گا۔ اُس کا نام عبداللطیف رکھنا۔ چنانچہ دوسرے سال جب آپ دوبارہ تشریف لائے تو اُس صوبیدار نے بچے کو آپ کی خدمت میں پیش کرتے ہوئے عرض کیا کہ حضور! یہی وہ بچہ ہے جو آپ کی دُعا سے خدا تعالیٰ نے عنایت فرمایا ہے

(۸) ایک دفعہ آپ موضع ڈیریانوالہ ضلع سیالکوٹ کی مسجد پٹھانان میں جلوہ افروز تھے کہ ایک یار ولی داد خاں نے حاضر ہو کر عرض کی، حضور! میرے ہاں چھ بیٹیاں ہیں مگر لڑکا ایک بھی نہیں ہے۔ آپ نے قند سیاہ (گڑ) پڑھ کر دیا اور فرمایا کہ اپنی بیوی کو کھلا دو اور دُعا فرما کر کہا کہ اللہ تعالیٰ تمہیں لڑکا عطا فرمائے گا، اُس کا نام محمد شریف رکھنا۔ چنانچہ جب آپ اگلے سال تشریف لائے تو ولی داد خاں نے بچہ حاضر کر کے عرض کی کہ یہ وہی بچہ ہے جس کا نام آپ نے محمد شریف رکھا تھا۔

امیر ملت حضرت پیر سید جماعت علی شاہ محدث علی پوری قدس سرہ نے اپنے گاؤں علی پور سیداں شریف میں ایک کنواں کھدوایا تو اُس سے پانی نہ نکلا، لوگ کو بڑی پریشان ہوئی۔ انہی ایام میں حضرت باباجی تشریف لائے تو لوگوں نے پانی کی شکایت کی۔ آپ نے ارشاد کیا کہ اب کنواں کھداؤ، اللہ تعالیٰ پانی عطا فرمائے گا۔ چنانچہ جب کنواں کھدوایا گیا تو بفضل خدا اس قدر پانی آیا کہ کبھی نہ ہوا۔ حالانکہ اس کے اردگرد کے کنویں خشک پڑے تھے۔

آپ کے پانچ صاحبزادے تھے حضرت خواجہ گل نبی[1] رح، حضرت خواجہ محمد نبی[2] رح، حضرت خواجہ احمد نبی[3] رح، حضرت خواجہ سید شاہ[4] رح اور حضرت خواجہ قادر شاہ[5] رح۔ سب صاحبزادگان کامل و اکمل تھے۔

آپ کے خلفاء کی تعداد سینکڑوں تک پہنچتی ہے، بطور اختصار صرف پنجاب کے چند خلفاء کرام کا اسمائے گرامی درج ہیں۔ جن سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ اس آفتاب معرفت سے کیسے کیسے باکمال لوگوں نے روشنی حاصل کر کے ایک عالم کو منور کیا۔

(۱) ستوئی ہند امیر ملت حضرت پیر سید حافظ جماعت علی شاہ محدث علی پوری قدس سرہ[1]

یہ آپ کے بڑے محبوب مرید اور خلیفہ تھے۔ ایک دفعہ آپ کے دیگر خدام میں سے ایک نے شکایت کی کہ ہم برسوں سے آپ کی خدمت میں حاضر ہیں اور حتی الامکان ریاضت و مجاہدہ بھی کرتے ہیں مگر جس قدر آپ کی نظر کرم حضرت حافظ جماعت علی شاہ صاحب پر ہے ویسی اوروں پر نہیں۔ آپ نے صرف ایک ہفتہ ہی انہیں صاحب ارشاد بنا دیا ہے۔ اس پر حضرت بابا جیؒ نے ارشاد فرمایا کہ ہر فقیر کے پاس خدا کا دیا ہوا سب کچھ ہے مگر ہر ایک کی قسمت اور مقدر جدا جدا ہے۔

اِک باپ کے دو بیٹے قسمت جدا جدا ہے
اِک تخت کا ہے وارث اِک خاک چھانتا ہے
اِک تھان کے دو ٹکڑے قسمت جدا جدا ہے
اِک نازنیں کے سر پر اِک لاش پر پڑا ہے
اِک سیپ کے دو موتی قسمت جدا جدا ہے
اِک پس گیا کھرل میں اِک تاج میں جڑا ہے

---

[1] حضرت امیر ملت پیر سید جماعت علی شاہ محدث علی پوری قدس سرہ کے حالات اور خدمات جلیلہ سے متعارف ہونے کے لیے مرکزی مجلس امیر ملت برج کلاں سے مفت لٹریچر طلب فرمائیں۔ تصوری۔

سنو! حافظ جماعت علی شاہ صاحب کے پاس چراغ بھی تھا، تیل بھی تھا، بتی بھی تھی اور دیا سلائی بھی تھی۔ میں نے تو صرف سُلگانے کی محنت کی ہے۔ خدا تعالیٰ نے روشن چراغ کر دیا ؎ بہ مرتبہ بلند ملا جس کو مل گیا

ہر مدعی کے واسطے دار و رسن کہاں

(آپ کے تفصیلی حالات آئندہ صفحات میں آ رہے ہیں (تصوری)

(۲) حضرت حافظ عبدالکریمؒ صاحب راولپنڈی۔

(۳) حضرت خلیفہ محمد خان عالمؒ باؤلی شریف ضلع گجرات۔

(۴) حضرت خلیفہ صاحب زادہ غلام محی الدین صاحبؒ باؤلی شریف ضلع گجرات

(۵) حضرت پیر سیّد جماعت علی شاہ ثانی علی پوریؒ

(۶) حضرت مولوی غلام نبی قریشیؒ چک قریشیاں ضلع سیال کوٹ۔

(۷) حضرت مولوی محمد حسن گجراتی رحمۃ اللہ علیہ۔

(۸) حضرت مولانا غلام محمد بگویؒ امام شاہی مسجد لاہور۔

(۹) حضرت صاحبزادہ نواب الدین علیؒ ساکن بشندور۔

(۱۰) حضرت حافظ فتح دینؒ، رنگپورہ سیالکوٹ۔

(۱۱) راجہ شیر بار خانؒ موضع بڑ کی تحصیل گوجر خاں ضلع راولپنڈی۔

(۱۲) حضرت مولانا مست علیؒ موضع متراںوالی ضلع سیالکوٹ۔

(۱۳) حضرت سیّد غلام قادر شاہؒ کوٹلی سیداں۔

(۱۴) حضرت حافظ جیؒ، جوڑی والہ۔

۱۵۔ حضرت سیّد چنن شاہؒ آلو مہار شریف ضلع سیالکوٹ

آپ کی وفات حسرت آیات ۲۹/ محرم الحرام ۱۳۱۵ھ / ۳۰/ جون ۱۹۰۷ء بعمر شریف ایک سو دو سال چورہ شریف ضلع اٹک میں ہوئی۔ مزار مقدس مرجع خاص و عام ہے۔ مادۂ تاریخ وفات "غفرلہٗ" ۱۳۱۵ھ ہے۔

وصال فرمانے سے قبل احباب کو جو وصیت فرمائی، وہ یہ تھی۔

(۱) جس جگہ جاؤ تو یاروں میں حمد و شکر نہ چھوڑ جاؤ، یعنی یاروں کو بوجہ تکلیف یہ کہنے کا موقعہ نہ ملے کہ خدا کا شکر ہے کہ پیر صاحب چلے گئے۔

(۲) یاروں کو آپس میں حسد و کینہ نہیں ہونا چاہیئے، جس کو خدا خیر و برکت دے، اُس سے مستفید و مستفیض ہونا چاہیئے۔

(۳) سفر میں ذکر کو ہر حال میں مقدم رکھنا چاہیئے۔ اگر کسی جگہ ذکر میں کچھ قصور واقع ہو تو اُس جگہ نہ رہیں کیونکہ وہاں کے لوگ فیض سے محروم رہیں گے۔

(۴) یاروں کے ساتھ سیر کو نہ جانا چاہیئے، جب تک وہ خود خواہش مند نہ ہوں۔

(۵) پیر کو چاہیئے کہ انتظار کے بغیر ہی چلا جائے تاکہ لوگوں کو کسی طرح کی بدگمانی یا بد خیال پیدا نہ ہو۔

ارشاداتِ قدسیہ

(۱) اپنا باطن درست کرو کیونکہ بعد از مرگ اعمالِ باطن ہی سے نجات مل سکیگی۔ مگر ظاہری احکامِ شرعیہ کا لحاظ بھی بہت ضروری ہے کیونکہ ظاہری درستگی کے بغیر باطنی اعمال کی درستگی ناممکن ہے۔

(۲) خدا سے خدا کے لیے پیار کرو اور یاد کرو، کیونکہ مقصد کے لیے یاد کرنا صرف مقصد کی یاد ہے خدا کی یاد بلا اغراضِ نفسانی ہونی چاہیئے۔

(۳) خصوصی احباب سے اکثر یہ حدیث قدسی بیان فرمایا کرتے کہ "اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو فرماتا ہے کہ جو شخص میرے حکم پر راضی نہیں اور میری بلا پر صابر نہیں اور میری نعمتوں پر شاکر نہیں اور میرے عطیہ پر قانع نہیں تو وہ شخص میرے سوا کسی اور کو رب بنالے"

(۴) اور یہ حدیث شریف بھی بیان فرماتے کہ "بہتر وہ شخص ہے جو لوگوں کو نفع پہنچائے۔



مزار پر انوار غوثِ زماں قطب دوراں حضرت خواجہ حافظ محمد عبدالکریم رحمۃ اللہ علیہ
عیدگاہ شریف راولپنڈی۔ تصویر بشکریہ دربارِ عالیہ مرشد آباد شریف بشاور شہر

(۳۴)

حضرت خواجہ حافظ عبدالکریم قدس سرّہٗ

راولپنڈی ۱۲۶۴ھ / ۱۸۴۸ء ۱۳۵۵ھ / ۱۹۳۶ء عیدگاہ راولپنڈی

مادۂ تاریخِ وفات

"تاریخِ وصالِ زاہد" ۱۳۵۵ھ ، "بے مثال مبارک طلعت" ۱۳۵۵ھ

"جوہرِ دینِ محمدؐ یا خدا عبدالکریم" ۱۳۵۵ھ

۳۴ حضرت خواجہ حافظ عبدالکریم قدس سرہٗ

حضرت خواجہ حافظ محمد عبدالکریم کی ولادت باسعادت ۷ جمادی الاول ۱۲۶۴ھ ۱۱ اپریل ۱۸۴۸ء بروز سہ شنبہ (منگلوار) کو محلہ شاہ چن چراغ راولپنڈی میں ہوئی۔ والد ماجد کا اسم گرامی حضرت نذر محمد تھا جن کا شجرہ نسب مغل شہنشاہ ظہیر الدین بابر تک پہنچتا ہے۔

حضرت نذر محمد نیک صفت، درویش صورت، حلیم الطبع بزرگ اور اخلاقِ حمیدہ کے مالک تھے۔ آپ مہینے میں ایک بار کھانا پکا کر حضرت شاہ چن چراغ رحمۃ اللہ علیہ کے مزار پر غربا میں تقسیم کیا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ ایک گرد آلود مجذوب نے ایک لقمہ کھانے کے لیے دیا مگر آپ نے اُسے کراہت کی وجہ سے نہ کھایا۔ اُس مجذوب نے فرمایا۔

"سخی مرد تُو نے میری عطا کو قبول نہ کیا۔ اچھا جا اگر تُو نہیں تو تیری اولاد کو ضرور حصہ ملیگا"

چنانچہ اس مردِ مجذوب کی پیش گوئی حضرت حافظ عبدالکریم رحمۃ اللہ علیہ پر پوری ہوئی۔

حضرت حافظ عبدالکریم رح کی عمر بمشکل تین ماہ ہو گی کہ والدہ ماجدہ انتقال کر گئیں اور داغِ یتیمی دے گئیں۔ اور ابھی صرف دو برس کے لیے ہی ہوئے تھے کہ والد ماجد کا سایہ بھی سر اُٹھ گیا۔ چنانچہ اس کے بعد آپ کے چچا میاں پیر بخش اور چچی محترمہ حیات بی بی صاحبہ نے آپ کی پرورش کی۔ آپ مادر زاد ولی تھے،

آپ کی کرامت سے پھوپھی صاحبہ کو بڑھاپے میں دودھ اُتر آیا اور اُنہوں نے آپ کو ڈیڑھ سال تک دودھ پلایا۔ بچپن میں آپ جب پھوپھی صاحبہ کو نماز پڑھتے دیکھتے تو عرض کرتے کہ :-

"مجھے بھی ایک جائے نماز دو تاکہ نماز پڑھ سکوں"۔

پھوپھی صاحبہ نماز تہجد کے بعد آپ کے لیے دعا فرمایا کرتی تھیں۔

"اے اللہ! اس بچے کو اپنا بندہ بنا اور دین و دنیا میں اس پر برکت نازل فرما"

چنانچہ آپ فرمایا کرتے تھے کہ اُس دُعا کی ٹھنڈک اور سُرور اب بھی محسوس کرتا ہوں۔ اور یہ سب اُسی دُعا کا نتیجہ ہے۔

جب آپ کی عمر مبارک آٹھ برس کی ہوئی تو آپ کو محلہ کی مسجد کے امام قاضی محمد کے سپرد کر دیا گیا۔ چنانچہ مختصر عرصہ میں آپ نے قرآن مجید پڑھ لیا۔ بعد ازاں کتب فقہ و حدیث و تفسیر بھی انہی سے پڑھیں جن میں مشکوٰۃ شریف، احیاء العلوم اور مثنوی خاص طور پر ذکر کی گئی ہیں دوران تعلیم آپ پر اکثر و بیشتر بے خودی سی طاری رہتی تھی کے استاد نے آپ کو اکثر آسمان کی طرف دیکھتے رہنے کی وجہ سے آپ کا نام "رکھ دیا تھا۔ تمام طلباء آپ کو اسی نام سے پکارتے تھے۔ آپ خود فرمایا کرتے بچپن کی حالت میں میں اکثر اپنے آپ کو گُم پاتا تھا۔

سولہ برس کی عمر میں آپ کو قرآن مجید کے حفظ کا شوق پیدا ہوا اور اٹھارہ عمر میں آپ نے اپنی غیر معمولی ذہنی استعداد کی بنا پر قرآن مجید حفظ کر لیا۔ فی میں آپ مولانا محمد حسین مکی رحمۃ اللہ علیہ کے شاگرد تھے جو کہ اُس وقت اس فن اور استاد زمانہ تھے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو قرأت کا لب و لہجہ بھی دلکش عطا تلاوتِ قرآن مجید اس عمدہ ترتیل اور خوش الحانی سے کرتے کہ سامعین فریفتہ رمضان المبارک میں جس مسجد میں آپ نمازِ تراویح میں قرآن پاک سناتے لوگ نمازِ مغرب کے بعد ہی سے اپنی جگہ مخصوص کر لیتے تھے۔ کیونکہ عشاء کی

وقت خلقت کا بے پناہ ہجوم ہو جاتا تھا۔ ؎

ایں سعادت بزورِ بازو نیست
تا کہ نبخشد خدائے بخشندہ

یہ خوش نصیبی اپنے بازوؤں کی طاقت سے حاصل نہیں ہوتی یہ تو خدا کی دین ہے جسے وُہ عطا فرما دے۔

مسلمان تو مسلمان غیر مُسلم یعنی ہندو اور سکھ بھی آپ کی قرآن خوانی پر فریفتہ ہو جاتے اور آپ کے حُسنِ قرأت سے محفوظ ہونے کے لیے مسجد سے متصل گلی میں جمع ہو جاتے سچ ہے کہ ؎

ہر کُجا چشمۂ شیریں بود
مردم و مُرغ و مور گرد آیند

ہر کہیں جہاں بھی میٹھے پانی کا چشمہ ہوتا ہے۔ آدمی، جانور اور چیونٹیاں اُس کے گرد جمع ہو جاتے ہیں۔

بیس برس کی عمر میں آپ کے دل میں محبت الٰہی کے جذبات موجزن ہوئے، سوچا کہ کسی مردِ خدا کی غلامی اختیار کی جائے تاکہ قربِ الٰہی کی دولت میسر ہو۔ حضرت بابا جی فقیر محمد چوراہی قدس سرہ، کے ایک مرید منشی علیم اللہ رح آپ کی خوش الحانی پر فریفتہ تھے۔ اور اُن کی دلی تمنا تھی کہ آپ اُن کے پیر بھائی بن جائیں۔ چنانچہ ایک مرتبہ حضرت بابا جی فقیر محمد رحمۃ اللہ علیہ راولپنڈی تشریف لائے تو منشی صاحب آپ کو اُن کی مجلس میں لے گئے۔ اُس وقت آپ کی عمر ۲۱ برس کی تھی۔ حضرت بابا جی رحمۃ اللہ علیہ آپ کی صورت، سیرت اور خوش الحانی پر عاشق ہو گئے۔ آپ کو بیعت فرما کر نسبت خاص سے نوازا اور ذکر قلبی سے سرفراز فرمایا۔ آپ کی حالت متغیر ہو گئی اور جذبۂ بخودی کے آثار نمایاں ہو گئے۔ آپ کو اپنے شیخ سے اس قدر محبت تھی کہ ہفتہ میں ایک دو مرتبہ ضرور چوڑہ شریف حاضر ہوا کرتے۔ ایک مرتبہ تو آپ بے خودی میں راولپنڈی سے چوڑہ شریف پا پیادہ تشریف لے گئے۔ حالانکہ گرمی کا مہینہ تھا اور سفر سخت پُر آشوب

پُرآشوب ؎

من تُو شُدم من شُدی من تن شدم تو جاں شدی
تا کس نہ گوید بعد ازاں من دیگرم تو دیگری

میں اَور تو ایک ہو جائیں، میں جسم ہوں تو تُو جان ہو۔
تاکہ کوئی یہ نہ کہہ سکے کہ تُو اَور ہے اور میں اور۔"

عالمِ بے خودی میں دل پر ذکر و فکر کا غلبہ بے اندازہ ہو گیا۔ آپ صبح و شام خلوت نشینی کے لیئے "سرداراں دا باغ" (ایک باغ کا نام) میں تشریف لے جاتے اور حالتِ مراقبہ میں مشغول رہتے۔ کئی کئی راتیں آپ نالہ لئی کے کنارے عبادت و ریاضت میں گزار دیتے اور کبھی قبرستان پیرودھائی میں جو کہ نالہ لئی کے بیرونی کنارے پر ہے تنہائی میں ذکرِ الٰہی میں مصروف رہتے۔ آخر مدارجِ سلوک کو طے کرتے کرتے اس مقام کو پہنچے کہ حضرت باباجی رحمۃ اللہ علیہ نے آپ کو خرقۂ خلافت و اجازت سے نواز دیا۔

جب آپ کو اجازت و خلافت عطا ہوئی تو حضرت باباجی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنا خاص ملبوس آپ کو عطا فرما دیا۔ آپ پر بڑی رقّت طاری ہوئی اور عرض کیا کہ حضور، غلام کو تو جناب کی محبت ہی کافی ہے۔ حضرت باوا جیؒ نے فرمایا "میں حکم کا بندہ ہوں اور اس امانت کو آپ کے حوالے کرنے پر مامور ہوں۔ یہ میرا نہیں اللہ تعالیٰ کا کلام ہے۔" پھر نصیحت فرمائی کہ "بیٹا، دُنیا کی طرف توجہ نہ کرنا۔ اس کو پیٹھ پیچھے ڈال کر ہمہ وقت اور ہمہ تن یادِ الٰہی میں مصروف رہنا۔ دل کو غیر اللہ سے الگ رکھنا اور سب کچھ اللہ ہی کی طرف سے سمجھنا۔" یہ سب کچھ سُن کر آپ کے دل میں عشقِ الٰہی کی آگ بھڑک اُٹھی جس نے ماسوی اللہ کو جلا کر راکھ کر دیا ؎

مٹا دیا میرے ساقی نے عالمِ من و تُو
پلا کے مجھ کو مئے لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ

"میرے ساقی نے مجھے کلمۂ وحدت کی شراب پلا کر من و تُو کا فرق مٹا

دیا اور ہم دونوں ایک ہو گئے۔"

الف اللہ چنبے دی بُوٹی میرے من وِچ مُرشد لائی ہُو
نفی اثبات دا پانی ملیا ہر رگے ہر جائی ہُو
اندر بُوٹی مُشک مچایا جاں پھُلن تے آئی ہُو
جیوے مُرشد کامل باہُو جس ایہہ بُوٹی لائی ہُو

آپ دو دفعہ حج مُبارک کی سعادت سے مشرف ہوئے۔ پہلی مرتبہ مکہ مکرمہ میں حج سے فارغ ہونے کے بعد مدینہ منورہ میں حاضری دینے کی تیاری کی تو بعض وجوہات کی بنا پر حکومت نے حاجیوں کو وہاں جانے سے روک دیا۔ طبیعت سخت بے قرار ہوئی۔ خیال آیا کہ شائد حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فقیر پر ناراض ہیں۔ اسی پریشانی میں نیند اُڑ گئی۔ ہر وقت گریہ زاری رہتی ؎

حسرتِ جلوۂ آں ماہِ تمامے دارم
دست بر سینہ نظر بر لبِ بامے دارم

"مجھے اُس ماہِ کامل کے جلوے کی حسرت ہے، یہی وجہ ہے کہ ہاتھ سینے پر اور نظریں لبِ بام رہتی ہیں۔

ایک رات تہجد کے وقت حالتِ مراقبہ میں دیکھا کہ جنابِ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے ہیں اور بڑی مہربانی اور شفقت سے ارشاد فرماتے ہیں کہ حافظ صاحب! گھبرائیے نہیں۔ اس وقت جانا ہی مناسب ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آپ کو پھر بلائیں گے۔ اِس سے طبیعت کو سکون و آرام نصیب ہُوا اور حسبِ ارشاد نبوی آپ واپس آ گئے۔ ۱۹۱۱ء میں دوبارہ حج کے لیے تشریف لے گئے تو مدینہ شریف پہنچ کر یہ حالت ہو گئی کہ ایک لمحہ کے لیے بھی روضہ مبارک کی جدائی گوارا نہ تھی۔ روزانہ یہی دُعا مانگتے تھے کہ "الٰہی! میری موت یہیں واقع ہوتا کہ روزِ قیامت حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہی اُٹھوں"۔ ایک نمازِ عشاء کے بعد ایک نورانی شکل والے بزرگ تشریف لائے اور فرمایا کہ حافظ صاحب! کیا آپ

نے ہی یہیں رہنے کی دُعا کی تھی۔ آپ نے فرمایا "جی ہاں" اُنہوں نے فرمایا کہ حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ حافظ صاحب سے کہہ دو کہ واپس ہندوستان تشریف لے جائیں کیونکہ وہاں اُن کے وجود سے بہت سی مخلوقِ خدا کو فیض ہوگا۔ اور اُن کی قبر بھی وہیں ہوگی۔ چنانچہ آپ کو قبر کی جگہ بھی دکھا دی گئی۔ جب آپ واپس راولپنڈی تشریف لائے تو اپنی قبر کے لیے وہ جگہ وقف کی اور بعد میں اُس جگہ چبوترہ بنوا دیا آپ کی رحلت کے بعد مزار مبارک اُسی جگہ ہی بنا۔

آپ کثیر المکرامات بزرگ تھے، آپ کی سب سے بڑی کرامت یہ تھی کہ آپ نے ہزاروں افراد کو ذکر و فکر کی لذت سے آشنا کر دیا۔ بے شمار بے نمازی آپ کے فیضِ صحبت سے تہجد گزار بن گئے۔ شیعہ، مرزائیہ، وہابیہ کا مدلل رد فرمایا کرتے تھے۔ متعدد افراد آپ کے دستِ حق پرست پر عقائدِ باطلہ سے تائب ہوئے۔ تاہم چند کرامات درج ذیل ہیں تاکہ قارئین کرام کی ذہنی تسکین ہو سکے۔ کیونکہ ؎

ہاتھ ہے اللہ کا بندۂ مومن کا ہاتھ
غالب و کار آفریں، کار کُشا و کارساز

(۱) سید عثمان شاہ سٹور کیپر کراچی بیان کرتے ہیں کہ میرا لڑکا جو کہ آٹھ نو برس کا تھا کہیں گم ہو گیا اور تلاشِ بسیار کے باوجود اُس کا کچھ پتہ نہ چل سکا۔ آخر کار میں انتہائی پریشانی کے عالم میں آپ کی خدمتِ بابرکت میں حاضر ہوا اور اپنی مصیبت کا احوال بیان کیا۔ آپ نے تسلی دی اور فرمایا کہ وہ لڑکا زندہ ہے اور ایک شخص کے قبضہ میں ہے خُدا سے دعا کرتے ہیں کہ وہ اُس کا دل پھیر دے چنانچہ جب میں رُخصت ہو کر کراچی واپس پہنچا تو میرا لڑکا خود بخود گھر آگیا تھا۔

(۲) حافظ محمد اکبر کریمی مرحوم سابق خطیب نیو ٹین مسجد لاہور بیان فرماتے تھے کہ میں ایک رات سویا ہوا تھا۔ ایسا معلوم ہوا کہ کسی نے میرا دایاں ہاتھ دبایا لیکن میں نے خیال نہ کیا۔ پھر کسی نے بایاں ہاتھ دبایا مگر میں نے پھر بھی توجہ نہ دی اور

سوگیا۔ اچانک آپؒ خواب میں تشریف لائے اور میرے ہاتھ کو ایسا پکڑا کہ مجھے سخت گرمی محسوس ہوئی اور میں بے تاب ہوکر اُٹھ بیٹھا۔ دیکھا تو فرش کی چٹائی کو آگ لگی ہوئی تھی۔ الحمدللہ کہ اپنے مُرشدِ کامل کے باطنی تصرف اور روحانی مدد سے ہم بال بال بچ گئے۔

(۳) ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ حافظ میاں محمد صاحب سکنہ ڈھوک نتر و ٹبی بنگلہ گجرات آپ کی خدمتِ عالیہ میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ حضور دُعا فرمائیں کہ میری منزل قرآنِ پاک بھول گئی ہے دوبارہ یاد ہوجائے۔ آپ نے بڑے خوش ہوکر فرمایا کہ "فقیر کو آج دُعا کرنے کا مزہ آیا ہے۔ آگے کوئی آتا تھا کہ میرے گھر میں لڑکا ہو۔ کوئی کہتا تھا مجھے فلاں ملازمت مل جائے۔ کوئی کہتا تھا فلاں رشتہ مل جائے۔ آج دُعا کرنے کے لیے اصل بات کا موقعہ ملا۔ سب دوست دُعا مانگو۔" چنانچہ آپ نے دُعا فرمائی۔ حافظ میاں محمد صاحب فرماتے ہیں کہ اس کے بعد منزل بھی یاد ہوگئی اور میری وجہ سے کئی لوگ حافظِ قرآن بن گئے اور ٹبی بنگلہ ضلع گجرات میں "ٹبی حافظوں" کی بڑی مشہور ہے۔

(۴) گوجرانوالہ کے شیخ دین محمد مرحوم راولپنڈی میں وکالت کرتے تھے۔ وہ اکثر آپ کی بارگاہ میں حاضر ہوتے اور عرض کرتے "حضرت جی! دُعا فرمائیں، میں ہائی کورٹ کا جج بن جاؤں۔" آپ نے دُعا فرمائی اور بعد ازاں شیخ دین محمد ہائی کورٹ کے جج بن گئے اور جسٹس دین محمد کے نام سے مشہور ہوئے۔

(۵) جناب فضل احمد مرحوم ساکن موضع جل بھائی خاں تحصیل گوجر خاں ضلع راولپنڈی بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں اپنے گاؤں میں فجر کی نماز کے بعد مراقبہ کی حالت میں تھا کہ اچانک آپؒ کی آواز کان میں آئی "فضل احمد جلدی پنڈی پہنچ۔" میں نے آواز پہچانی۔ آنکھ کھولی۔ چاروں طرف دیکھا وہاں کوئی نہ تھا میں نے فوراً راولپنڈی جانے کا پروگرام بنایا۔ وہاں پہنچا تو آپؒ نے فرمایا "فضل احمد تمہیں میں نے بلایا ہے۔" پتہ چلا کہ کوئٹہ سے ایک عزیز پیر بھائی

تشریف لائے ہوئے تھے۔ اور مجھے ضرور ملنا چاہتے تھے۔ اُن کے اصرار کے پیش نظر آپ نے اُن سے وعدہ کیا کہ وہ اُنہیں مجھ سے ضرور ملوا دیں گے چنانچہ ایسا ہی ہوا۔

(۶) حاجی شہادت علی خان محلہ اقبال پارک شیخوپورہ رقمطراز ہیں کہ ۱۹۲۶ء میں میں فیصل آباد میں اپنے سسرال والوں سے ملنے گیا تو انہوں نے بندہ کو فیصل آباد میں محکمہ پولیس میں بھرتی ہونے کے لیے مجبور کیا۔ میری طبیعت پولیس کی نوکری پر آمادہ نہ تھی۔ چنانچہ میں نے آپؒ کی خدمت میں عریضہ ارسال کیا تو آپؒ نے جواب میں ارشاد فرمایا کہ بیٹا! چند روز انتظار کرو۔ اللہ کریم کوئی نیک اسباب پیدا کر دے گا۔

اس بات کو صرف چند دن گزرے تھے کہ محکمہ زراعت کا ایک انسپکٹر بندہ کو گھر سے بُلا کر اپنے دفتر لے گیا، کیونکہ محکمہ زراعت میں چند آسامیاں خالی تھیں۔ بندہ کے ساتھ دیگر امیدوار بھی تھے اور وہ زیادہ تعلیم یافتہ بھی تھے۔ متعلقہ افسر انگریز تھا۔ اُس نے باقی دو امیدواروں سے کہا کہ وہ محکمہ زراعت کا کورس پاس کر کے آئیں اور بندہ کو بلا کورس پاس کئے بھرتی کر لیا جس کا بظاہر کوئی جواز نہ تھا۔

کوئی اندازہ کر سکتا ہے۔ اُن کے زورِ بازو کا
نگاہِ مردِ مومن سے بدل جاتی ہیں تقدیریں

آپ کی شب و روز کی مصروفیات اس قدر زیادہ تھیں کہ آپ تصنیف و تالیف کی طرف زیادہ توجہ نہ دے سکے تاہم ھدایت الانسان الی سبیل العرفان، تصوف و اخلاق پر آپ کی نہایت اہم کتاب ہے جس کے کئی ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ نکل چکے ہیں۔ ہمارے پیشِ نظر ۸/ جون ۱۹۸۱ء/ ۵/ شعبان ۱۴۰۱ھ کو شائع ہونے والا ایڈیشن ہے جو کہ ۱۸×۲۲/۸ سائز کے ۲۰۸ صفحات پر مشتمل ہے۔ اور آفسٹ کتابت و طباعت پر چھپا ہے اس کے علاوہ آپ نے اپنے مرید و خلیفہ قاضی عالم الدین سیالکوٹی رح سے مکتوباتِ امام ربانی حضرت

مجدد الف ثانی قدس سرہ، کا اردو ترجمہ کروا کر شائع کیا جو آپ کی علم و ادب اور تصوف کے میدان میں بہت بڑی خدمت ہے۔ کیونکہ اس طرح علوم و معارف کے اس بحرِ زخار سے عام لوگ بھی مستفید و مستفیض ہوئے۔ اس کے علاوہ دعائے حزب البحر از حضرت امام ابوالحسن شاذلی قدس سرہ، کو از سرِ نو مرتب فرما کر شائع کیا۔ اس ترتیب کے دوران برصغیر پاک و ہند کے اطراف و اکناف بلکہ مصر اور بیروت سے دعائے حزب البحر کے نسخے منگوائے اور انہیں سامنے رکھ کر ایک قابلِ وثوق نسخہ مرتب فرمایا۔ عیدگاہ راولپنڈی کی موجودہ عمارت بھی آپ کی توجہات کا نتیجہ ہے۔

معاصرین میں مندرجہ ذیل حضرات سے آپ کے گہرے اور خصوصی روابط تھے۔

(۱) سنوسئ ہند امیر ملت پیر سید جماعت علی شاہ محدث علی پوری قدس سرہ، (ف ۱۹۵۱ء)

(۲) حضرت قبلہ عالم پیر سید مہر علی شاہ گولڑوی قدس سرہ، (ف ۱۹۳۷ء)

(۳) شیر ربانی حضرت میاں شیر محمد شرقپوری قدس سرہ، (ف ۱۹۳۸ء)

(۴) حضرت سائیں توکل شاہ انبالوی قدس سرہ، (ف ۱۳۱۵ھ)

آپ نے بہت سے حضرات کو خرقۂ خلافت سے نوازا چند ایک خلفاء کرام کے اسمائے گرامی درج ذیل ہیں۔

(۱) حضرت خواجہ صوفی محمد نواب الدینؒ موہری شریف ضلع گجرات (ف ۱۹۶۵ء)

(۲) حضرت صاحبزادہ مولانا عبدالرحمٰن عیدگاہ شریف راولپنڈی (فرزند گرامی قدر) (ف ۱۹۶۱ء)

(۳) حضرت مولانا قاضی عالم الدینؒ سیالکوٹی (مدفون بڑا قبرستان گوجرانوالہ)

(۴) حضرت مولانا حکیم خادم علیؒ سیالکوٹی (ف ۱۹۷۱ء)

(۵) فقیہ اعظم حضرت مولانا محمد شریفؒ کوٹلی لوہاراں ضلع سیالکوٹ (ف ۱۹۵۱ء)

(۶) حضرت سائیں کریم بخشؒ (مدفون جنت البقیع مدینہ منورہ)

(۷) حضرت بابو کرم الدینؒ لالہ موسیٰ ضلع گجرات (ف ۱۳۵۱ء)

(۸) حضرت مولوی حاجی فیروز الدینؒ موہڑہ پیکاں ضلع راولپنڈی
(۹) حضرت حاجی نظام الدینؒ موضع کٹاریاں متصل نُور پور شاہاں ضلع راولپنڈی)
(۱۰) حضرت سید غلام شبیرؒ جالندھری (ف ۳۱/مئی ۱۹۳۵ء، کوئٹہ۔
(۱۱) حضرت سائیں نُور الحسنؒ پنڈ جھاٹلہ ضلع راولپنڈی (مدفون موضع کھگر متصل امیٹھی ضلع لکھنو انڈیا)
(۱۲) حضرت الحاج صوفی عبدالرحمٰنؒ مظفر نگری ثم سہارنپوری (ف ۲۸/نومبر ۱۹۵۰ء)
(۱۳) حضرت مولانا الحاج صوفی محمد ثناء اللہؒ کوٹلی لوہاراں ضلع سیالکوٹ۔
(۱۴) حضرت الحاج صوفی محمد نیاز الدین کوٹلی لوہاراں ضلع سیالکوٹ (ف ۱۹۴۲ء ہاوڑہ کلکتہ۔)
(۱۵) حضرت مولوی فضل احمدؒ صاحب (ف ۱۹۷۷ء)
(۱۶) حضرت میاں محمد عبداللطیف ریٹائرڈ سیشن جج آف لاہور۔
(۱۷) حضرت حاجی رحمت اللہ کاٹھیاواڑی ؒ
(۱۸) حضرت سید فضل شاہؒ موضع ڈھریالہ جالپ ضلع جہلم۔
(۱۹) حضرت حافظ دین محمدؒ موضع گاڑ ضلع راولپنڈی۔
(۲۰) حضرت حاجی صوفی میراں بخشؒ (خادم خاص حضرت قدس سرہ)
(۲۱) حضرت سید راجن شاہؒ کمانوالہ متصل سیالکوٹ شہر (ف ۲۶/اپریل ۴۵ھ
(۲۲) حضرت حافظ مولوی محمد اکبر کریمیؒ آف ضلع گجرات (مدفون لاہور)
(۲۳) حضرت سید حاکم شاہؒ موضع وڑائچ انوالہ ضلع گجرات (ف ۱۲/دسمبر ۴۹ھ
(۲۴) حضرت صوفی حاکم دینؒ موضع ننگلیاں متصل پسرور ضلع سیالکوٹ۔
(۲۵) حضرت مولوی نُور حسین موضع مُوسلی ضلع اٹک۔
(۲۶) حضرت الحاج مولوی محمد یوسف میرپوری ؒ (آزاد کشمیر)
(۲۷) حضرت الحاج مولوی دیوان علیؒ، موہری شریف ضلع گجرات۔
(۲۸) حضرت الحاج مولانا محمد سعید کاشغری ؒ (مدفون کاشغر، مشرقی تُرکستا

آپ کی وفات حسرت آیات ۲۸/صفر ۱۳۵۵ھ/۲۰/مئی ۱۹۳۶ء بروز بدھ وار ہوئی عیدگاہ راولپنڈی میں مزارِ پُرانوار بنا۔ فقیہ اعظم مولانا محمد شریف کوٹلویؒ نے یہ قطعۂ تاریخ وفات کہا ؎

قبلۂ دین و کعبۂ ایماں ناصرِ دین و مذہب نعماں
وارثِ علمِ مصطفویؐ قطبِ دہر و غوثِ زماں
چشمۂ فیض و عارفِ کامل مطلعِ نور و معدنِ عرفاں
یعنی شیخ عبد کریم واقف علم و حافظ قرآن
در شب بستم ماہِ مئی گشت از چشمِ ما پنہاں
ہاتف گفت سالِ وصلش "پیر عظیم زیب جناں"
۱۳۵۵ھ

ارشاداتِ قدسیہ:۔

(۱) اعمال کی صحت و قبولیت اخلاص نیت پر منحصر ہے۔ ہر ایک آدمی اپنے عمل سے اُسی نتیجہ کا حق دار ہوتا ہے جس کی اُس نے نیت کی ہو۔ اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ کا ارشاد بھی نیت میں خلوص پیدا کرنے کی طرف اشارہ ہے۔

(۲) شریعت حقہ کی بڑے ذوق و شوق اور احتیاط سے پابندی کرو۔ اور اس پر ہمیشہ ثابت قدم رہو۔ کیونکہ شریعتِ حقہ ہی حیاتِ ابدی کا ذریعہ ہے نیز شریعتِ حقہ کی پابندی امراض باطنی کا ازالہ کرتی ہے۔

(۳) طالبِ صادق کے لیے ضروری اور لازمی ہے کہ ہر حال میں روئے دل اپنے شیخ و مُرشد کی طرف رکھے اور جو کچھ کہیں سے بھی حاصل ہو اپنے شیخ کی توجہ سے جانے۔

(۴) مرید کا رابطہ اپنے شیخ کے ساتھ جس قدر قوی ہوگا اُسی قدر اُس پر فیوض و برکات کا فیضان ہوگا اور معرفت زیادہ ہوگی۔ ذکر و عبادت میں سُستی نہ آئے گی۔ فنا فی الشیخ ہونا ہی عین فنا فی الرّسول اور فنا فی اللہ ہے۔ مگر یہ نعمت کسی قسمت والے کو ملتی ہے۔ جو معرفت اور ترقی رابطہ سے ہوتی

ہے وہ کسی اور شے سے نہیں ہوتی۔ رابطہ شرک نہیں۔ رابطہ مرید کے لیے زینہ ہے، جس کے ذریعے وہ ترقی کرتا چلا جاتا ہے۔ پس شیخ کے ساتھ رابطہ پیدا کرنا چاہیئے۔ کسی نے کیا خوب کہا ہے ؎

رابطہ کیا ہے یہ عینک ہے پسر
نورِ وحدت جس سے آتا ہے نظر

(۵) مبتدی کو فرض نمازوں کے سوا باقی اوقات ذکر الٰہی میں بسر کرنا چاہیئے جب تک ذکرِ ملکہ راسخہ اور سلطان الاذکار تک نہ پہنچ جائے نوافل و مستحب میں مشغول نہیں ہونا چاہیئے۔

(۶) نماز تہجد کی اچھی طرح حفاظت کرو۔ اس نماز سے نفس راہِ راست پر آجاتا ہے

(۷) طریقہ عُلیہ نقشبندیہ دوسرے طریقوں پر اس لیے فضیلت رکھتا ہے کہ اس میں سنّت کا اتباع ہے اور بدعت سے اجتناب اور اس کی بنا شیخ کی محبت اور صحبت پر ہے۔

(۸) امراضِ قلبی میں سے دو مرضیں اس قسم کی ہیں جو تمام امراض کی جڑ ہیں۔ اگر ان کا علاج ہو جائے تو باقی تمام امراض دُور ہو جاتے ہیں۔ ایک خود بینی، دوسرے بد بینی ؎

مرا شیخ دانائے مُرشد شہابؒ
دو اند رز فرمود بر رُوئے آب
یکے آں کہ بر خویش خوش بیں مباش
دگر آں کہ بر غیر بدبیں مباش
(سعدی رح)

ترجمہ:۔ میرے داتا پیر و مرشد حضرت خواجہ شہاب الدین سہروردی رحمۃ اللہ علیہ نے دریا کے کنارے پر مجھے دو نصیحتیں فرمائیں۔ پہلی یہ کہ تو خود بین نہ بن، دوسری یہ کہ غیر کو بُری نظر سے نہ دیکھ۔)

(۹) دُعا مانگنا اللہ تعالیٰ اور بندے کے درمیان ایک قوی رابطہ ہے۔ اس سے بہت فائدہ ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ راضی ہوتا ہے۔

(۱۰) جو گزر چکی وہ واپس آنے کی نہیں۔ اور جو آئندہ آنے والی ہے اُس کا کچھ اعتبار نہیں۔ پس یہی وقت جو موجود ہے اسی میں جو کچھ کرنا ہے کر لو۔

(۱۱) جو لوگ بیگانی عورتوں کی محبت کو عشقِ مجازی کہتے ہیں وہ غلطی پر ہیں۔ بلکہ یہ فسق و فجور اور شیطانی کام ہے۔ اس سے کبھی عشقِ حقیقی حاصل نہیں ہوتا ہے عشقِ مجازی اپنے پیشوا کی محبت اور عشق ہے۔ اس میں جس قدر ترقی کرے گا اتنا ہی زیادہ اللہ تعالیٰ کا عشق حاصل ہوگا

(۱۲) کم از کم آدمی اتنا ہی کیا کرے کہ سحری کے وقت اُٹھ کر رویا کرے اور کہے الٰہی! میں ناواقف ہوں اپنی تھوڑی سی محبت مجھے بھی عطا فرما۔

(۱۳) اللہ کریم کی رضا پر راضی نہ رہنا اور شاکی ہونا گویا اللہ کریم کے ساتھ جدال کرنا ہے

(۱۴) اصل توکل اللہ کریم پر ہی ہونا چاہئے۔ ورنہ یہی شرکِ خفی ہے۔

(۱۵) خاصوں سے گناہ کبیرہ سرزد نہیں ہوتے۔ خدا اُنہیں بچائے رکھتا ہے۔ معمولی لغزشوں کا سرزد ہو جانا اور بات ہے۔



مزار پُرانوار غوثِ زماں قطب دوراں زریں زرنخت سلطان اولیاء حضرت خو
صوفی نواب الدین رحمۃ اللہ علیہ تاجدار موہری شریف
تصویر بشکریہ دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر

حضور قبلہ عالمؒ کا مقبرہ شریف اور اس کے باہر بابِ زریں زربخت کا خوبصورت منظر۔
بابِ زریں زربخت حضور قبلہ عالم نے خود تعمیر کروایا تھا اور اپنی موجودگی میں اپنے جیّد خلفا کے ناموں کی تختیاں آویزاں کروائیں تھیں۔ سب سے پہلے قطار میں چوتھے نمبر پہ خواجہ خواجگاں خواجہ محمد عبداللہ جان صاحب مدظلہ العالی سجادہ نشین دربارِ عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر کے اسمِ گرامی کی تختی آویزاں ہے۔

تصویر شکریہ، دربارِ عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر



حضور قبلہ عالم خواجہ صوفی نواب الدین رحمۃ اللہ کی اپنی زیرِ نگرانی تعمیر کردہ مسجد کی ایک یادگار تصویر۔ بشکریہ دربارِ عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر



حضور قبلہ عالمؒ کی اہلیہ محترمہ جنابہ مائی صاحبہؒ اور ناظم اعلیٰ سرکار حضرت محمد حسین کی روضہ شریف کی خوبصورت تصویر۔

تصویر بشکریہ دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر



دربار عالیہ موہری شریف کی ایک خوبصورت تصویر۔ دائیں جانب قبلہ عالمؒ کا روضہ شریف درمیان میں قبلہ عالمؒ کی مسجد شریف بائیں جانب قبلہ مائی صاحبہؒ اور ناظم اعلیٰ سرکارؒ کا روضہ شریف اور سامنے کی جانب قبلہ عالمؒ کا تعمیر کردہ پانی کا تلاب جو کہ دوستوں کی سہولت کے لئے تعمیر کرایا گیا۔ نمایاں ہیں۔

تصویر بشکر دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر۔



حضرت خواجہ صوفی نواب الدین رحمۃ اللہ علیہ کی قبر انور شریف
تصویر بشکریہ دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر

(۳۵)

حضرت خواجہ محمّد نواب الدین موہروی قدس سرّہٗ

موضع کھمباہ ۱۳۱۹ھ / ۱۹۰۱ء — ریاست جمّوں وکشمیر

۱۳۸۵ھ / ۱۹۶۵ء — موہری شریف ضلع گجرات

مادۂ تاریخ وفات

"غوثِ مہتدی" ۱۹۶۵ء — "پیرِ بے نظیر" ۱۳۸۵ھ

"ایزد شناس صوفی خواجہ نواب الدین نقشبندی مجدّدی" ۱۹۶۵ء

"سلطان العلماء پیر موہری شریف" ۱۳۸۵ھ ، "نواب الدین خیر شیخ کامل" ۱۹۶۵ء

۳۵ حضرت خواجہ محمدؐ نواب الدین موہروی قدس سرہٗ

حضرت خواجہ صوفی محمد نواب الدین کی ولادت باسعادت ۲۸ صفر المظفر ۱۳۱۹ھ مطابق یکم فروری ۱۹۰۱ء بروز جمعتہ المبارک موضع کھیاہ، ریاست جموں وکشمیر میں ہوئی۔ والد گرامی کا اسم مبارک بابا احمد دینؒ تھا۔ آپ کی ولادت کے وقت بابا احمد دین سیر کرنے کے لیے جنگل میں گئے تھے۔ ناگاہ ایک شیر اُن کے سامنے آیا اور اپنا سر اُن کے قدموں میں رکھ دیا۔ یہ منظر دیکھ کر بابا جی حیران رہ گئے۔

واپسی پر راستے میں اُس علاقہ کے ایک مشہور مجذوب بزرگ نے بابا احمد دین کو مبارک باد دی اور فرمایا کہ "اللہ تعالیٰ نے آپ کو ایک سعید وصالح فرزند ارجمند عطا فرمایا ہے۔ وہ اللہ تعالیٰ کے مقبول بندوں میں سے ہوگا اور ایک جہان کو نورِ ایمان سے منور کرے گا۔ چنانچہ آپ مادرزاد ولی اللہ تھے۔ بچپن میں یہ حالت تھی کہ گھنٹوں آسمان کی طرف دیکھتے رہتے اور کبھی تفکرات میں ایسے کھو جاتے کہ ماحول کی کچھ خبر نہ رہتی۔ چھ سال کی عمر میں آپ کی ملاقات ابدالِ زماں حضرت سید ولایت شاہ رحمۃ اللہ علیہ سے ہوئی جنھوں نے آپ کی باطنی تربیت فرمائی اور اس طرح بچپن ہی میں آپ سے آثارِ ولایت رُونما ہونا شروع ہو گئے تھے۔ ؎

بالائے سرش ز ہوش مندی
می تافت ستارۂ بلندی

آپ کی ولادت مبارک کے کچھ عرصہ بعد آپ کے والد ماجد بابا احمد دینؒ نے موضع کھیاہ ریاست جموں وکشمیر سے نقل مکانی کر کے قصبہ موہری شریف

انجام دینے میں مصروف رہتے ہیں ؛

صوفی نواب الدین صاحب سلمہٗ ربہٗ

صوفی نواب الدین صاحب موضع موہری تحصیل کھاریاں ضلع گجرات کے رہنے والے ہیں فوجی ملازم تھے. قسمت نے یاوری کی اور دل میں حق تعالےٰ کی طلب پیدا ہوئی حق کی طلب ان کے رفیق حال ہوگئی جس نے درد وعشق اور سوز وگداز عطا فرمایا. پیر خدا آگاہ اور واقف راہ کی تلاش میں کرمت باندھکر مدتوں پھرے اور اکثر فقرا کی زیارت وملاقات سے مشرف ہوئے. مگر کہیں دلجمعی اور اطمینان میسر نہ ہوا. آخر کار جذب الٰہی کی زبردست کشش نے جناب قبلہ عالم حضرت صاحب قدس سرہٗ کے آستانہ عالیہ پر لاحاضر کیا. جناب قبلہ عالم حضرت صاحب رحمتہ اللہ علیہ کی زیارت فیض بشارت سے ہی ان کی حالت دگرگوں ہوگئی. کہنے لگے کہ بس مطلوب ومقصود یہیں سے ملیگا. قبلہ عالم جناب حضرت صاحبؒ نے ان کو داخل طریقہ فرماکر ذکر قلبی کی تعلیم سے مشرف فرمایا. اور اپنی توجہ پاک کی برکت سے ان کا کام بہت جلد بنادیا. صوفی صاحب مذکور بھی کمال ذوق وشوق اور عاجزی واطاعت گزاری کے ساتھ جناب قبلہ عالم حضرت رحمتہ اللہ علیہ کی خدمت بجالاتے رہے. اور خداداد سعادت سے جناب قبلہ عالم حضرت صاحبؒ کے خواصان کے گروہ میں داخل ہوگئے اجازت وخلافت عطا ہوئی. جناب حضرت صاحبؒ کی برقی توجہ کی تاثیر سے ان پر ایسا اثر ہوا. کہ فوجی ملازمت کے زمانہ میں ان سے بعض خوارق عادات کا ظہور ہوا جن کی بنا پر فرنگی افسران کو مشتبہ نظروں سے دیکھنے لگے. جناب حضرت صاحب نے انکو ملازمت ترک کردینے کا ارشاد فرمایا جو کہ وہ فوراً بجالائے. اور ملازمت فوجی سے علیحدہ ہوگئے. پنجاب میں اور بالخصوص علاقہ بلوچستان میں ان کے ذریعہ سے بہت سے لوگوں کو فیض پہنچا ہے. تیراہ شریف اور سوات بنیر کے علاقہ میں بکثرت لوگ ان کے ذریعہ سے داخل طریقہ ہوکر فیض یاب ہوئے اور ہوتے ہیں.

عکس خلافت نامہ حضور قبلہ عالم جناب خواجہ صوفی نواب الدین رحمتہ اللہ علیہ

تصویر از "آثار الکریم" شائع کردہ ۱۹۳۶ء۔

بشکریہ دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر

تحصیل کھاریاں ضلع گجرات (پنجاب) میں سکونت اختیار کر لی۔ اور پھر یہیں کے ہی ہو کر رہ گئے۔ اور پھر آپ کے وجودِ مسعود سے موہری شریف کو جو شہرت و عزّت ملی وہ اظہر من الشمس ہے۔

۲۹ سال کی عمر مبارک میں آپ نے آفتابِ ولائیت غوثِ زماں قطب دوراں حضرت حافظ محمد عبدالکریم گراولپنڈی والوں کی خدمتِ بابرکت میں حاضر ہو کر شرفِ بیعت حاصل کیا۔ یہ ۱۵/اپریل ۱۹۲۹ء کا واقعہ ہے۔ حلقہ ارادت میں آتے ہی آپ کی قلبی کیفیت بدل گئی۔ چونکہ طالبِ صادق تھے، اس لیے مُرشدِ کامل کی برقی توجہ نے آپ کا کام بہت جلد بنا دیا۔ ؎

ایک ہی بار ہوئیں وجۂ گرفتاریٔ دل
التفات اُن کی نظروں نے دوبارہ نہ کیا

آپ حضرت حافظ محمد عبدالکریم رح کے گروہِ خاصاں میں شامل ہو گئے اور جلوت و خلوت میں ۹ ماہ تک حاضر خدمت رہ کر منازل سلوک طے کیں۔ ۷/مارچ ۱۹۳۱ء کو مُرشدِ کامل نے آپ کو اجازت و خلافت سے نواز کر خلقِ خدا کی روحانی رہنمائی کا حکم دیا تو آپ نے دست بستہ عرض کیا کہ "حضور! بندہ اِس مقصد (خلافت و اجازت) کے حصول کے لیے قدموں میں نہیں آیا تھا۔ مجھے آپ کی غلامی میں اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی رضا ہی کافی ہے"۔ صدق و اخلاص سے لبریز اور عقیدت و محبت سے بھرپور ان الفاظ نے جامِ محبت کو چھلکا دیا اور حضرت حافظ صاحب رح جوش میں آ گئے۔ تین بار دستِ اقدس زمین پر مارا اور فرمایا، "بیٹا! تمہاری سعادت اسی میں ہے۔ فقیر حکم کا بندہ ہے، اپنی مرضی نہیں کرتا۔ میں نے آج تک جتنی نفلی عبادت کی ہے، سب تجھے بخشتا ہوں اور فرمایا کہ تمہارا دوست میرا دوست اور تمہارا دشمن میرا دشمن ہے اور جہاں تُم ہو گے وہاں میں ہوں گا، تمہاری اور میری توجہ میں کوئی فرق نہ ہو گا"۔ حضرت قبلہ حافظ صاحبؒ کے ان مشفقانہ اور پیار بھرے الفاظ اور الطاف و اکرام نے آپ کے قلب کو روحانیت اور نورِ ولائیت کی

عظیم دولت سے منور کر دیا۔ ؎

آنکھوں ہی آنکھوں میں اشارے ہو گئے
تم ہمارے اور ہم تمہارے ہو گئے

قیامِ راولپنڈی کے دوران ایک واقعہ ظہور پذیر ہوا کہ عیدگاہ شریف کے قریب گندگی اور کوڑا کرکٹ کے بہت بڑے ڈھیر تھے۔ کسی شخص نے بلدیہ راولپنڈی کو رپورٹ کی کہ عیدگاہ کے قریب گندگی اور کوڑا کرکٹ دس پندرہ ٹرالی کے قریب پڑا ہوا ہے جس سے بیماریاں پھیلنے کا اندیشہ ہے بلدیہ کے افسران نے اگلے دن موقعہ دیکھنا تھا کہ رات کو حضرت حافظ محمد عبدالکریم رحمۃ اللہ علیہ کو اس بات کا علم ہو گیا۔ آپ نے حاضر خدمت دوستوں سے فرمایا کہ "تم میں سے کوئی ایسا بندہ ہے جو راتوں رات ہی تمام گندگی اُٹھا کر باہر پھینک دے"۔ تمام دوست خاموش رہے۔ آپ (خواجہ نواب دین) نے موقع کو غنیمت جان کر دست بستہ عرض کی کہ حضور! "مجھے ہی بندہ بنا لیا جائے اور پھر ایک دوست کو ساتھ لے کر کہا کہ تم گندگی، کوڑا کرکٹ ٹوکری میں ڈال کر میرے سر پر رکھواتے جاؤ اور میں باہر جا کر پھینکتا جاؤں گا۔

آپ نے راتوں رات تمام گندگی اُٹھا کر باہر پھینک دی اور جگہ بالکل صاف کر دی۔ صبح بلدیہ کے افسران نے معائنہ کیا تو جگہ بالکل صاف تھی۔ یہ دیکھ کر حضرت حافظ صاحبؒ کا دریائے جود و کرم جوش میں آ گیا اور گھر سے نہانے کے لیے لسی اور صابن لا کر دیا اور فرمایا کہ "اچھی طرح نہا لو"۔ آپ (حضرت خواجہ نواب الدین رح) فرمایا کرتے تھے کہ "جیب میں غسل کر کے فارغ ہوا تو تعمیلِ حکم شیخ اور نگاہِ کریمی کے انوارات کچھ ایسے تھے کہ اُسی وقت میرے جسم سے عطر، عنبر و حنا کی بھینی بھینی خوشبو آنے لگی اور مجھے جسم کا ہر حصہ گوشت و پوست عطر و گلاب سے معطر محسوس ہونے لگا۔

اجازتِ خلافت کے بعد آپ نے برصغیر پاک و ہند کا تبلیغی اور روحانی سفر شروع کر دیا۔ ہزاروں کی تعداد میں لوگ آپ کے حلقہ میں داخل ہونا شروع ہو گئے

جو بھی آپ کی پاک مجلس میں آتا، اُٹھنے کا نام نہ لیتا کیونکہ بقول حکیم الامت رحمۃ اللہ علیہ ؎

ہجوم کیوں ہے زیادہ شراب خانے میں
فقط یہ بات کہ پیرِ مغاں ہے خلیق

پاکستان کے طول و عرض اور اطراف و اکناف میں آپ کی روحانیت کے ڈنکے بجے اور لوگ جوق در جوق آپ کے دامنِ عقیدت سے وابستہ ہونے لگے۔ ہر وقت مریدوں کا ہجوم نجوم رہنے لگا۔ جو شخص بھی آپ کی زیارت سے مشرف ہوتا وہ ہمیشہ ہمیشہ کے لیے اسیر ہو جاتا کیونکہ آپ کی زیارت سے تجلیاتِ الٰہیہ کا ظہور ہوتا تھا جن کا اظہار انِ اشعار سے ہوتا ہے ؎

رحم فرما از طفیلِ ہادیٔ دینِ متین — صاحبِ نُور بصیرت خواجہ نواب دیں
جن کا سینہ دولتِ توحید کا گنجینہ ہے — قلبِ صافی جن کا، حُسنِ طُور کا آئینہ ہے
جن کی پیشانی کتابُ اللہ کی تفسیر ہے
جن کے آئینِ خودی میں گرمیٔ شبیرؓ ہے

طالبوں کی تربیت کرنے میں اللہ تعالیٰ نے آپ کو بڑی شفقت اور مہربانی عنایت فرمائی تھی۔ کُند ذہن اور بے ہمت لوگ بھی آپ کی خصوصی توجہ سے معرفت کی بلندیوں پر پہنچ جاتے تھے اور ہر ایک دوست کی ہدایت میں یوُں محنت فرماتے کہ عقل دنگ رہ جاتی ہے۔ دوستوں کی بڑی قدر کرتے اور انہیں اپنی اولاد اور جان کی طرح عزیز جانتے تھے۔

۱۳۷۵ھ/۱۹۵۶ء میں آپ بذریعہ ٹرانسپورٹ فریضۂ حج کی ادائیگی کے لیے تشریف لے گئے۔ جب قافلہ لاہور پہنچا تو آپ حضرت داتا گنج بخش قدس سرہ کے مزار پُر انوار حاضر ہوئے۔ پھر جب قافلہ بصرہ پہنچا تو آپ نے زبیر نامی گاؤں میں پہنچ کر اصحابِ رسولؐ۔ حضرت زبیرؓ، حضرت طلحہؓ، حضرت انس بن مالکؓ کے مزارات پر حاضری دے کر فیوض و برکات کے خزانے لُوٹے۔ پھر حضرت

حسن بصریؒ کے مزار مقدس پر بھی حاضر ہوئے۔ بصرہ سے روانہ ہوکر کویت، مدینۃ القریہ، ماقلہ، روماہ اور مرات ہوتے ہوئے سہل پہنچے۔ جہاں پر تمام قافلہ نے احرام باندھا۔ اس یک رنگی سے آپ کے دل پر عجیب رقت طاری ہوئی۔ جس طرف نگاہ اٹھتی یہی معلوم ہوتا تھا کہ گویا آج آسمان وزمین والوں والوں نے احرام باندھا ہوا ہے۔ دوسری صبح روانگی ہوئی تو جوں جوں مکہ معظمہ قریب آتا تھا۔ طبیعت میں رقت بڑھتی جاتی تھی۔ بیت اللہ شریف پر نظر پڑتے ہی لطائف اپنے اپنے مقام پر جگمگ جگمگ کرنے لگے۔ آپ نے ہر ایک لطیفہ کا نور علیحدہ علیحدہ مشاہدہ کیا۔ مناسکِ حج کے دوران جب آپ میدانِ عرفات میں پہنچے تو نمازِ ظہر کے بعد نمازِ تسبیح میں مشغول ہوگئے۔ جب بدن مبارک میں تھکاوٹ محسوس ہوئی تو استراحت کے لیے لیٹ گئے۔ خواب میں حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم معہ انبیاء واولیاء کرام جبلِ رحمت پر جلوہ افروز ہیں۔ اور فرما رہے ہیں کہ۔

"نواب الدین! آپ کو غوثیت اور قطبیت مبارک ہو۔
اس سال تمہارا اور دوسرے سب حاجیوں کا حج قبول ہے"

مکہ مکرمہ سے روانہ ہوکر مدینہ شریف پہنچے تو گنبدِ خضریٰ پر نظر پڑتے ہی آنکھوں سے اشک جاری ہوگئے اور حضرت حکیم الامت قدس سرہ کی زبان میں بے ساختہ پکار اُٹھے۔ ؎

مراں از درکہ مشتاقِ حضوریم
ازاں دردے کہ دادی ناصبوریم
بہ فرما ہر چہ می خواہی بجز صبر
کہ ما از وی دو صد سنگ ندیم

میرے آقا! میں آپ کی دید کا مشتاق ہوں۔ مجھے اپنے در سے دُور نہ کیجئے۔ کیونکہ آپ نے جو درد دیا ہے اُس کی سرشت ناصبوری ہے۔ آپ ہر حکم دیں بجز صبر کہ اس کی تلقین عاشقِ جنوں پیشہ کے لیے پہاڑ سے کم نہیں ہے۔

جب روضۂ اطہر کے قریب پہنچے تو آپ کی حالت دیدنی تھی۔ زبان سے درود وسلام کے نذرانے پیش کئے جارہے تھے۔ دل ودماغ پر ایک عجیب کیفیت طاری تھی۔ آنکھوں سے اشکوں کا سیل رواں جاری تھا اور ایسا ہوتا بھی کیوں ناں کہ ؎

هاتيك روضة تفوح نسيما
صلوا عليه وسلموا تسليما

"یہ ہے وہ روضہ جو خوشگوار نسیم پھیلا رہا ہے اس رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر صلوٰۃ وسلام بھیجو"

اور آنسو کیوں نہ بہتے کہ ؎

و ان شفائی عبرة مهراقة۔

"بہتے ہوئے آنسو ہی میری تسکین وتشفی کا ذریعہ ہیں"

دیوانوں کی طرح مجمع کو چیرتے پھاڑتے روضے کے قریب پہنچے اور رُک گئے اور آگے بڑھنے کی جرأت نہ ہوئی۔ کبھی کہتے اللھم صل علیٰ الخ اور کبھی کہتے صلی اللہ علیك یا رسول اللہ پھر شوق نے جو کچھ کہلوایا کہا، جو کچھ کرایا، کیا۔ معلوم ہو رہا تھا کہ سیلاب گریہ ولکا کے بند ٹوٹ گئے ہیں۔ جب بھی زور سے چیخ نکلی تو لا ترفعوا اصواتکم الخ نے منہ پر ہاتھ رکھ دیا۔ شوق اور ادب میں ایک کشمکش جاری تھی اور آپ دونوں کی آماجگاہ بنے ہوئے تھے، کبھی اِدھر جاتے اور کبھی اُدھر۔ زائرین کے دھکوں کا بھی مزہ لوٹتے رہے اور روحانی دھکوں کا بھی لطف لیتے رہے۔ ایک طرف نامۂ اعمال سامنے تھا اور دوسری طرف لا تقنطوا کی پکار۔ اِدھر شرم وندامت سے گردن جھکی ہوئی اور اُدھر بالمؤمنین رؤف رحیم کی آغوشِ رحمت کھلی ہوئی۔ روئے، چیخے، تڑپے، اشکِ ندامت سے تر کر کے صلوٰۃ وسلام کی ڈالی پیش کی۔ کیا بتایا جائے کہ اُن پر کیا کیفیت طاری تھی؟ تو اس سے بڑھ کر کوئی سعادت نہیں اس بے خودی کے عالم میں کس کس طرف گئے، یاد نہیں۔ کیا دعائیں کیں یہ بھی یاد نہیں۔ یہ ایک کیف تھا جس نے اُنہیں سب کچھ بھلا دیا تھا ؎

کچھ ہوش نہیں کہ ہوں میں کس عالم میں ساقی نے یہ کیا پلا دیا ہے مجھ کو!

آپ کا یہ درد، تڑپ، سوز و ساز، آہ و زاری، عاجزی و انکساری اور عشق و محبت میں تڑپنا پھڑکنا رنگ لایا اور روضۂ رسول صلی اللہ علیہ وسلم (گنبد خضریٰ) سے آواز آئی مَرْحَبًا اَهْلًا وَّسَهْلًا۔ پھر حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کچھ دیا اور آپ نے جو کچھ لیا، وہ دینے والا جانے یا لینے والا ہم کون ہیں جو اس کی تشریح و تفصیل میں جائیں۔ ؎

کیا بتاؤں کہ کیا لیا مَیں نے
کیا کہوں مَیں کہ کیا دیا تُو نے
بے طلب جو ملا، ملا مجھ کو
بے غرض جو دیا، دیا تُو نے

(داغ)

جب وصل و دیدار کے ایام پورے ہوئے تو آہوں اور سسکیوں کے ساتھ یہ قافلہ بروز ہفتہ ۴/ اگست ۱۹۵۶ء کو واپس روانہ ہوا۔ راستے میں آپ نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت ایوب علیہ السلام، حضرت امام مسلم بن عقیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرت یُونس علیہ السلام، حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے مزاراتِ مقدسہ کی بھی زیارت کی۔ پھر آپ نے جمعۃ المبارک کی نماز سے پہلے حضرت غوث الاعظم رحمۃ اللہ کے مزار پاک کی زیارت کی، نماز جمعہ کے بعد کاظمین شریف تشریف لے گئے اور حضرت امام موسیٰ کاظم رح، حضرت امام حضرت امام ابو یوسف رح، حضرت جنید بغدادی رح، حضرت سری سقطی رح، حضرت یوشع رح، حضرت معروف کرخی رح اور حضرت امام غزالی رح کے مزارات کی زیارات بھی کیں۔ پھر یہ قافلہ ایران پہنچا (۲۹/ اگست کو) جہاں بہت سے شیعہ لوگ آپ کے حلقہ میں داخل ہوتے ہوئے اور پھر یہ قافلہ شاداں و فرحاں دربار عالیہ موہری شریف پہنچ گیا۔

آپ کی تمام زندگی عبادت و ریاضت، زہد و تقویٰ اور عشق و محبت سے عبارت ہے۔ پنج گانہ نماز باجماعت کے علاوہ اشراق، چاشت، اوابین اور صلوٰۃ التسبیح

بھی خاص رغبت تھی۔ حزب البحر، ختم خواجگان، صبح وشام مراقبہ اور قرآن خوانی آپ کے عزیز ترین مشاغل تھے۔ رمضان المبارک میں پورے ماہ کا جامع مسجد میں اعتکاف کرنا آپ کا معمول تھا۔ گویا آپ کا ہر قول ہر فعل سنت نبوی کا آئینہ دار تھا۔ عشق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ کا سرمایۂ حیات تھا اور راتوں کو درد ہجر میں تڑپ تڑپ کر اور فریاد کرنا اُن کا وظیفۂ زندگی۔ ؎

فانیؔ کو یاجنوں ہے یا تیری آرزو ہے
کل نام لے کر تیرا دیوانہ وار رویا

آپ کی وفات حسرت آیات ۱۲/ ربیع الاوّل ۱۳۸۵ھ / ۱۲/ جولائی ۱۹۶۵ء بروز پیر وار بروز سعید عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم دن کے وقت کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے ہوئی۔ موہری شریف میں آخری آرام گاہ بنی۔ مزار مقدس مرجع خاص وعام ہے۔

بہت سے شعراء حضرات نے آپ کی وفات پر قطعاتِ تاریخ لکھے۔ جن میں سے چند ایک درج ذیل ہیں۔

(۱) (از جناب چوہدری صوفی فضل کریم فضلؔ ایئر ہیڈ کوارٹرز پشاور)

صد افسوس آں خواجہ نواب دیں — سپُرد درد جانش بجاں آفریں
ہوا پیر کو پیر کا انتقال — ربیع الاوّل کی تھی بارھویں
پچاسی برس ہونے پائے نہ تھا — چلی جا رہی تھی صدی چودھویں
تریسٹھ برس تھی عمر آپ کی — چہ خوش زیستے باشہنشاہِ دیں
تھا فضلِ خدا اُن پہ بے انتہا — کہ مُحکم ہوا اُن سے دین مبیں
تھی نظرِ کرم خواجۂ کونین کی — کہ اُن کی نظر ہو گئی دل نشیں
تھی صدیق اکبرؓ سے نسبت اُنہیں — مُرید اپنے خواجہؒ کے تھے بہتریں
وصال آپ کا باعثِ رنج ہے — زبان کو بیاں کا بھی یارا نہیں
جو کام اُن کا تھا وہ مکمل ہوا — بحمداللہ دل میں خلش کچھ نہیں
پشاور کو ایسا خلیفہ دیا — کہ ممنون اُن کی ہے یہ سرزمین

جواں سال خواجہ عبداللہ جاں ہے بارِ امانت کے شایاں ابھی
رہے تا ابد جاری فیض آپ کا
رہیں اعلیٰ حضرت بھی جنّت مکیں

(۲) (از حضرت مزرا صابر براری صاحب مدظلہ، کراچی)

اُٹھے بزمِ تصوّف سے وہ عامل مجدد الف ثانیؒ کے تھے بسمل
شہِ عبد الکریم نقشبندیؒ تھے اِنکے مقتدا، پیرِ سلاسل
وہ فیضِ پیر و مرشد کی بدولت شریعت اور طریقت کے تھے حامل
ہے اُن کے ہجر میں ہر شخص غمگین ہے پژمُردہ ہر اک کا غنچۂ دل
تھی اُن کے دمِ قدم سے کتنی رونق ہے سُنساں کس قدر اب اپنی محفل
ہوئے معصوم اب سجادہ اُن کے انہی کے حُسنِ صورت کے مماثل
عطا ہو ان کو عمرِ خضر یارب ہوئے بزمِ مشائخ میں یہ شامل
ملیں گے اب تو صابر حشر کے دن
"نوابِ پارسایاں شیخ کامل"

۱۳۸۵ھ

(۳) (از محمد صادق قصوری، بُرج کلاں ضلع قصور)

گئے جب جنّت کو وہ بدرِ منیر خواجہ نواب الدین روشن ضمیر
کہا صادق نے یہ سالِ وصال
"غوثِ مُہتدی" پیرِ بے نظیر

آپ کے صاحبزادے حضرت خواجہ محمد معصوم صاحب قبلہ آپ کے سجادہ نشین ہیں جو آسمانِ شریعت کے آفتاب و ماہتاب ہیں۔

ارشاداتِ قدسیہ:- (۱) سب سے بڑی کرامت حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی ہے۔

(۲) اپنی قدر کرو، خدا تعالیٰ تمہاری قدر کرے گا۔ قدر سے مراد یہ ہے کہ معمولی گناہوں پر اپنے آپ کو نہ مچ دیا جائے۔

(۳) کرامت کی خواہش نہ کرو بلکہ خود کار آمد بنو۔
(۴) استقامت حاصل کرو، تمہارا ہر کام کرامت بن جائے گا۔
(۵) مجلس میں صفائی، پاکیزگی اور طہارت کو مدّنظر رکھیں تاکہ حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلم کی صحیح توجہ مبارک سے فیض یاب ہوں۔
(۶) دنیا میں جس کا کسی ولیٔ کامل سے تعلق نہیں ہے، اُس کو اطمینانِ قلب حاصل نہیں ہو سکتا۔
(۷) یادِ خُدا سے کبھی غافل نہ ہو۔
(۸) نفسِ امارّہ کی مخالفت پر ڈٹے رہو۔
(۹) تاجدارِ مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنّت پر ہمیشہ قائم رہو۔
(۱۰) اگر جلد ہی منازلِ تصوّف طے کرنا چاہتے ہو تو مخلصین کے دل میں ڈیرے ڈال دو۔ اب خواجہ محمد معصوم مدظلہ، سجادہ نشین کے ارشادات گرامی بھی ملاحظہ ہوں۔
(۱) دوستو! ذکرِ خدا بہت بڑی دولت ہے۔
(۲) اپنی پہچان کرو، اپنی پہچان سے تمہیں خدا کی معرفت نصیب ہوگی۔
(۳) خدا کے مقبول بندوں کی مجلس میں ازراہِ تنقید نہ آنا چاہیئے۔
(۴) ولیٔ کامل کو دیکھنے کا تصوّر نہ کیا جائے بلکہ یہ خیال کیا جائے کہ ولیٔ کامل ایک نظر ہمیں دیکھ لے۔
(۵) لوحِ قلب کو غیر اللہ کے نقوش سے صاف رکھو۔
(۶) کرامت کی خواہش نہ کرو بلکہ خود اسوۂ حسنہ کا عملی نمونہ اور عزیمت و استقامت کا پیکر بن کر مجسم کرامت بن جاؤ۔
(۷) ہمیشہ سنّتِ خیر الانام علیہ الصلاۃ والسلام پر عمل پیرا رہو۔



دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور کا بیرونی منظر

دربار عالیہ مرشد آباد شریف کے محفل خانہ ذکر و فکر کا بیرونی منظر



جامع مسجد خیریہ کا بیرونی منظر (تکمیل کے مراحل میں)
تصویر بشکریہ دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور شہر



آستانہ خیریہ اسلام آباد کا بیرونی منظر

آستانہ خیریہ اسلام آباد کا اندرونی منظر



آستانہ خیریہ اسلام آباد کا محفل خانہ و ذکر و فکر

آستانہ خیریہ اسلام آباد میں قبلہ حضرت ابوالخیر پیر محمد عبداللہ جان صاحب
مدظلہ کی خلوت گاہ



دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور کا اندرونی دلکش منظر

دربار عالیہ مرشد آباد شریف کے محفل خانہ ذکر و فکر کا اندرونی منظر



مہمان خانہ دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور



خلوت گاہ و دار المطالعہ حضرت خواجہ ابو الخیر صاحب مدظلہ العالی

کتب خانہ خیریہ

(۳۶)

حضرت خواجہ ابوالخیر محمد عبداللہ جان مدظلہ

پشاور شہر ——— ۱۳۵۶ھ / ۱۹۳۸ء ——— حیات ہیں

۳۶ حضرت خواجہ ابوالخیر محمد عبداللہ جان مدظلہ

چودھویں صدی کے مشہور بزرگ حضرت مولانا شاہ فضل رحمٰن گنج مرادآبادی رحمۃ اللہ علیہ (۱۲۰۸ھ ——— ۱۳۱۳ھ) نے ایک روز اپنے خاص مرید و خلیفہ حضرت مولانا سید محمد علی مونگیریؒ (۱۲۶۲ھ ——— ۱۳۴۶ھ) سے پوچھا کہ تم نے کوئی عشق کی دکان بھی دیکھی ہے اور پھر خود ہی ارشاد فرمایا ہم نے دو دکانیں دیکھی ہیں۔ ایک حضرت شاہ غلام علی دہلویؒ (۱۱۵۸ھ ——— ۱۲۴۰ھ) کی اور دوسری حضرت شاہ محمد آفاق نقشبندیؒ (۱۱۶۰ھ ——— ۱۲۵۱ھ) کی کہ اِن دکانوں میں عشق کا سودا بکا کرتا تھا حضرت مولانا رم کو چونکہ اپنا حصّہ انہی دکانوں سے مل گیا تھا، اس لیے آپ کو مزید تلاش کی ضرورت باقی نہ رہی تھی۔ ورنہ اُسی زمانے میں ہندوستان کے دل پنجاب میں عشق الٰہی کی ایک بہت بڑی دکان ایک فاروقی شہزادے نے بھی کھول رکھی تھی۔ جہاں سے طالبانِ حق دولتِ عشق سے جھولیاں بھر بھر کے لے جاتے تھے۔ اس شہزادے کا نامِ نامی اسمِ گرامی حضرت خواجہ باباجی فقیر محمد نقشبندی چوراہی رحمۃ اللہ علیہ (۱۲۱۳ھ ——— ۱۳۱۵ھ) تھا۔ علی پور سیداں شریف (سیالکوٹ) سے سنوسئی امیرِ ملت حضرت پیر سید حافظ جماعت علی شاہؒ (۱۲۴۶ھ ۱۲۵۶ھ ——— ۱۳۷۰ھ) راولپنڈی سے حضرت خواجہ حافظ محمد عبدالکریم رحمۃ اللہ علیہ (۱۲۶۴ھ ——— ۱۳۵۵ھ) گکھڑ (جہلم) سے حضرت مولانا غلام محمد گکھڑوی (۱۲۵۵ھ ——— ۱۳۱۸ھ) جیسے لوگ گئے تھے اور اسی دکان سے عشق کا سودا خرید کر کامیاب و کامران واپس گئے تھے آج اگرچہ "سودائے عشق" اور "ڈواٹے دل" بیچنے والوں کی دکانیں سُونی پڑی

پڑی ہیں اور ہر طرف سادی اجناس" اور "متاعِ مکر و فن" کے لین دین کی گرم بازاری ہے تاہم عشق و محبت اور سوز و گداز کی جنس کمیاب ضرور ہے، لیکن ابھی بالکل نایاب نہیں ہے اس گئے گزرے دور میں بھی "متاعِ گرانمایہ" کے مخازن کا پتہ چلایا جا سکتا ہے۔ تلاش شرط ہے۔ ؎

سفر ہے شرط مسافر نواز بہتیرے
ہزارہا شجر سایہ دار راہ میں ہے

ایک ایسی ہی دکان مُرشد آباد شریف، پشاور میں موجود ہے۔ جہاں سے اکناف و اطراف کے لوگ "عشق و مستی" کا سودا خرید کر لے جاتے ہیں۔ ؎

کوئی آتا ہے کوئی جاتا ہے آباد میخانہ رہتا ہے
ساقی کی نوازش جاری ہے مہمان بدلتے رہتے ہیں

اِس دکاندار کا نامِ نامی اسمِ گرامی عبداللہ، کنیت ابوالخیر لقب محی الدین اور جان اپنے والدِ ماجد کی نسبت سے ہے۔ جن کا روحانی سلسلہ موہری شریف ضلع گجرات سے ہوتا ہوا حضرت خواجہ حافظ محمد عبدالکریمؒ (۱۲۶۴ھ ـــــ ۱۳۵۵ھ) آف راولپنڈی کی وساطت سے حضرت باباجی خواجہ فقیر محمد چوراہیؒ (۱۲۱۲ھ ـــــ ۱۳۱۵ھ) تک جا پہنچتا ہے۔

حضرت خواجہ ابوالخیر محمد عبداللہ جان کی ولادت باسعادت غالباً ۱۵ ذوالحجہ ۱۳۵۶ھ / ۱۷ فروری ۱۹۳۸ء بروز جمعرات پشاور شہر کے محلہ بھانہ ماڑی میں ہوئی والد بزرگوار کا اسم گرامی حضرت حاجی محمد جان اور عرف باباجی ہے جو بقید حیات ہیں۔ اور صاحب دل ہیں۔ اسی لیے موصوف نے اپنا مال اور اپنے عزیز صاحبزادے (حضرت خواجہ محمد عبداللہ جان مدظلہ التعالیٰ) کو تبلیغ و ارشاد کے لیے وقف کر دیا ہے حضرت باباصاحب قبلہ ایک فیکٹری کے مالک ہیں لیکن مزدوروں پر ایسے رحیم و کریم کہ اس دورِ جدید میں جس کی مثال ملنا مشکل ہے۔

حضرت خواجہ ابوالخیر کی پیشانی سے آثارِ ولایت بچپن ہی سے ہویدا و آشکا

لہٰذا سنِ شعور کو پہنچتے ہی نامور اساتذہ کے سپرد کر دیا گیا جن سے آپ نے ابتدائی دینی تعلیم حاصل کی اور ساتھ ہی ساتھ ایڈورڈ ہائی سکول پشاور میں ظاہری علوم بھی حاصل کیے تھے اور ہر امتحان امتیازی حیثیت سے پاس کیا۔ گھر کے خالص دینی ماحول کی آپ کی زندگی پر گہری چھاپ رہی۔

دورانِ تعلیم ہی آپ کے والد ماجد نے آپ کو حضرت خواجہ صوفی نواب الدین موہڑوی کے دستِ حق پرست پر اپنے گھر میں سالانہ دورے کے موقع پر بیعت کرا دیا اور یوں آپ بیعت کے بعد ہمہ وقت ذکر و فکر میں مشغول رہے "میکدۂ نوابی" میں پہنچنے کے بعد چشمِ ساقی نے ایسا مست کیا کہ اپنے تن من کا بھی ہوش نہ رہا، معرفت و حقیقت کے وہ بے خود کر دینے والے جام پیئے جس نے از خود رفتہ کر دیا، محبوب کی جلوہ طرازیوں نے ایسا مدہوش کیا کہ سوائے "عالمِ حسنِ ازل" کے کسی عالم کی خبر نہ رہی ؎

عالم سے بے خبر بھی ہوں عالم میں بھی ہوں!
ساقی نے اس مقام کو آساں بنا دیا

چنانچہ ایک وہ وقت آیا کہ جیب نہ ہوش اکل و شرب تھا نہ احساسِ حزن و طرب نہ ذکرِ اہل و عیال نہ فکرِ جاہ و مال، نہ خیالِ طور سینا نہ شوقِ جام و مینا، نہ کسی کا ہوش تھا نہ فکرِ دوش، نہ وہ بزم آرائیاں تھیں اور نہ ہی نوا سنجیاں "ایک سکوتِ پیہم تھا اور ایک مسلسل خاموشی جو ختم ہونے کا نام نہ لیتی تھی" ایک عالم کیف و مستی تھا اور عالمِ جذب و بے خودی، جس کا سلسلہ منقطع ہی نہ ہوتا تھا، ایک کیفِ دیدار تھا۔ اور لذتِ قربِ یار جس سے ایک آن صرفِ نظر کو جی نہ چاہتا تھا، ایک گریۂ پیہم کی نذریں تھیں اور آہ و فغاں کی سرمستیاں، جن کے چھوڑنے کو طبیعت نہ چاہتی تھی ؎

اللہ! شب کے گریۂ پیہم کی لذتیں
تارے ٹوٹ کے دامن میں آ گئے

اس عالمِ کیف و مستی میں گریہ و بکا کی یہ تاثیر تھی کہ بعض دفعہ سننے والوں کو

اس دردبھری آواز کی تاب نہ ہوتی تھی، اس رونے والے کی آواز کو سُن کر دل تڑپ جایا کرتے تھے اور اِس عالم بیقراری کو دیکھ کر دیکھنے والوں کی آنکھوں سے بے اختیار آنسو جاری ہو جایا کرتے تھے۔ ؎

آج اِس بزم میں طوفان اٹھا کے اُٹھے
یاں تلک روئے کہ اُس کو بھی رلا کے اُٹھے

"بے خودی و مدہوشی" کا یہ عالم تھا کہ تمام تمام دن اور تمام تمام رات "مراقبہ" (ذکر و فکر) میں گزر جاتی تھی، صبح بیٹھتے تو ایک ہی نشست پر شام ہو جاتی تھی، شام بیٹھتے تو اسی استغراق میں صبح ہو جاتی تھی چنانچہ آپ کا حال یہ تھا کہ عشاء کی نماز پڑھ کر معہ یاران طریقت، (مجلس ذکر) میں مصروف ہو جاتے تھے، جب صبح کی اذان کی آواز آتی تھی تو یہ سمجھتے تھے کہ شاید یہ دوسری مسجد سے اذانِ عشاء ہی کی آواز ہے، کیونکہ اتنی جلدی فجر تو ہو نہیں سکتی۔

اللہ اکبر! دیدارِ جمالِ یار میں کیا استغراق تھا، اور اس عالم بے خودی میں کیا لذتیں تھیں کہ اتنا لمبا وقت ان تجلیات کے مشاہدہ میں محو ہو کر ایک لمحہ کی طرح گزر گیا، شاید امیر مینائیؒ (ف ۱۳۱۰ھ) نے اسی لیے ہی کہا ہے۔ ؎

بڑے مزے سے گزرتی ہے بیخودی میں امیر
وہ دن خدا نہ دکھائے کہ ہوشیار ہوں میں

القصہ مرشد[1] نے جب مرید باصفا کو کمال کی منزلوں پر پہنچا دیکھا تو "صوفی صاحب

---

[1] حضرت قبلۂ عالم خواجہ صوفی محمد نواب الدین موہروی رحمۃ اللہ علیہ کی نظرِ مبارک میں حضرت خواجہ محمد عبداللہ جان مدظلہ، کا وہ مقام تھا، جو ہر کسی کو نصیب نہیں ہوا۔ حضرت قبلۂ عالم موہرویؒ کے نبیرۂ اکبر حضرت صاحبزادہ عزیز الرحمٰن موہروی مدظلہ ارشاد فرماتے ہیں کہ:

"۴ افروری ۱۹۶۳ء کی بات ہے کہ حضرت قبلۂ عالم موہرویؒ شام کے وقت

(بقیہ حاشیہ صفحہ آئندہ)

کا لقب عطا فرمایا اور تکمیل سلوک کے بعد "محمد" آپ کے اسم شریف کے ساتھ "تبرکاً" رکھا۔ کیونکہ ایک روایت میں ہے کہ جن مشوروں میں اس نام کا آدمی شریک ہو اس میں برکت رکھی جاتی ہے۔

یکم رجب ۱۳۷۳ھ / ۷ مارچ ۱۹۵۴ء بروز اتوار بموقع سالانہ عرس شریف آپ کو خلافت و اجازت سے نوازا گیا علاوہ ازیں سلاسل قادریہ، چشتیہ، صابریہ سہروردیہ، نقشبندیہ، علویہ میں آپ کو حضرت مولانا میر اکُل رحمۃ اللہ علیہ سے اجازت

بقیہ حاشیہ صفحہ سابقہ:۔

آستانہ عالیہ میں عقیدت مندوں کے ہجوم نجوم کے ساتھ جلوہ افروز تھے۔ میں نے چند گزارشات پیش خدمت کیں۔ آپ مائل بہ کرم ہوئے اور ارشاد فرمایا کہ "یوں تو میرے لاکھوں مرید اور سینکڑوں خلفاء طول و عرض اور اکناف و اطراف میں پھیلے ہوئے ہیں اور وہ سب کے سب میرے ایک اشارہ ابرو پہ جان نچھاور کرنے کے لیے منتظر ہیں اور میری مرضی چاہتے ہیں۔ مگر ان میں تین خلفاء ایسے بھی ہیں جن کے مرضی میں چاہتا ہوں۔ میں جب بھی انہیں دیکھتا ہوں تو مجھے خدا یاد آ جاتا ہے اور میں شکر الٰہی بجالانے کے لیے سربسجدہ ہو جاتا ہوں" پھر آپ نے اُن تین خلفائے اسمائے گرامی ارشاد فرمائے۔

۱۔ حضرت قبلہ صوفی خواجہ محمد عبداللہ جان مدظلہ سجادہ نشین دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور۔

۲۔ حضرت خواجہ صوفی عبدالسلام مدظلہ سجادہ نشین آستانہ عالیہ باب الاسلام جڑانوالہ ضلع فیصل آباد۔

۳۔ حضرت خواجہ سید منیر شاہ مدظلہ بہاولنگر۔

آپ نے مزید ارشاد کیا کہ میرا دل ان تینوں پر بہت راضی ہے۔ میں ان تینوں سے بہت خوش ہوں کیونکہ درحقیقت طریقت کا کام صرف یہ تینوں ہی کر رہے ہیں" بعدازاں آپ نے ان تینوں حضرات کے لیے خصوصی دعائے خیر فرمائی۔

وخلافت حاصل ہے۔ حضرت پیر ضامن نظامی مدظلہ سجادہ نشین درگاہ سلطان المشائخ حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء قدس سرہ نے چشتیہ نظامیہ سلسلہ میں اجازت وخلافت سے نوازا۔ سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ میں مولانا محمد اللہ خاں رامپوری مدظلہ نے بھی اجازت وخلافت سے نوازا۔ سلسلہ قادریہ رضویہ میں شیخ العرب والعجم حضرت مولانا ضیاء الدین احمد قادری رضوی مدنی رح (ف ۱۴۰۱ھ) نے اجازت وخلافت سے نوازا۔ اگرچہ آپ کو سبعہ سلاسلِ فقر کی اجازت وخلافت حاصل ہے لیکن زیادہ تر سلسلہ عالیہ نقشبندیہ وقادریہ کی اشاعت فرماتے ہیں۔ کیونکہ یہ سلسلہ تمام سلسلوں کا سرتاج ہے۔

حصولِ خلافت کے بعد آپ نے اندرونِ ملک اور بیرونِ ملک طوفانی دورے کرکے سلسلہ نقشبندیہ کی ترویج واشاعت کے لیے گرانقدر کام کیا۔ گلی گلی، کوچہ کوچہ، شہر شہر، نگر نگر توحید ورسالت کا پیغام پہنچایا۔ اس سلسلہ میں اتنا سفر فرمایا کہ اگر ایک شہر میں دن کو ٹھہرے ہیں تو رات کو اگلے شہر میں۔ ؎

ایک جا ٹھہرتے نہیں عاشق بدنام کہیں
صبح کہیں، دن کہیں اور شام کہیں

ہزاروں گم گشتگانِ راہ کو صراطِ مستقیم پر گامزن کیا۔ کئی غیر مسلموں کو دولتِ اسلام سے مالامال کیا، اگرچہ اس سلسلہ میں گوناں گوں مصائب وآلام سدِ سکندری بن کر حائل ہوئیں مگر آپ نے اپنی ہمت کو لوہا کرکے کمال عزم واستقلال سے حالات کا مقابلہ کیا اور منزلِ مقصود تک پہنچنے کے لیے کسی پریشانی کو خاطر میں نہ لائے اور کبھی تھکاوٹ محسوس نہ کی۔ ؎

شاہین کبھی پرواز سے تھک کر نہیں گرتا
پُر دم ہے اگر تُو تو نہیں خطرۂ افتاد

دہر میں اسمِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے اُجالا کرنے کے لیے آپ کی خدمات قابلِ قدر ہے۔ عشقِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم آپ کا اوڑھنا بچھونا ہے۔ اتباعِ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہی ہر غلام کی زندگی کا محور ہوتا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے آپ کو ایسا "اعجازِ نظر" عطا فرمایا ہے کہ جس پتھر دل انسان پر آپ کی نظر پڑتی ہے وہ "گرمیٔ عشق" سے پگھلا چلا جاتا ہے اور سیرتِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے سانچے میں ڈھل کر ایک مومنِ کامل بن جاتا ہے ؎

تیری نگاہ سے پتھر کے دل پگھل جائیں!
جو آنکھ اٹھائے تو شام و سحر بدل جائیں

"نگاہ" کیا ہے "برقِ خاطف" ہے، کسی کافر پر پڑتی ہے تو شرک و کفر کے خس و خاشاک کو جلا کر اُس کے دل میں "عشقِ الٰہی" کی ایک آگ لگا دیتی ہے، کسی عاصی و روسیاہ پر پڑتی ہے تو گناہوں کی نجاست سے اُسے پاک کر کے "آتشِ شوق" اُس کے قلب میں بھڑکا دیا کرتی ہے، اور کسی سالک و عارف پر پڑتی ہے تو "تصوراتِ ماسوا اللہ کو مٹا کر "یادِ محبوب" میں اُسے مست و بے خود کر دیا کرتی ہے ؎

تیری نگاہِ ناز نے مست مجھے بنا دیا
فرش سے لیکے عرش تک سارا جہاں دکھا دیا

۱۹۷۷ء میں آپ امام ربانی حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہٗ السامی کے عرس مبارک پر سرہند شریف (ہندوستان) تشریف لے گئے تو حضرت مجدد قدس سرہ، کے والدین کریمین رحمۃ اللہ علیہم کے مزاراتِ مقدسہ پر جلوس کی شکل میں "اللہ ھُو" کا ذکر کرتے ہوئے پہنچے تو چاروں طرف "اللہ ھُو" کی مسحور کن گونج سنائی دینے لگی آپ کی زبان فیض ترجمان سے نکلی ہوئی ذکرِ الٰہی کی آواز جہاں جہاں پہنچتی گئی اکناف و اطراف کے مسلمان جوق در جوق آپ کے گرد پروانہ وار جمع ہوتے گئے اور شرفِ بیعت حاصل کر کے اپنے قلوب کو صیقل کرا کے لوٹتے تھے حتیٰ کہ کئی غیر مسلموں نے بھی آپ کے دستِ حق پرست پر اسلام قبول کیا اور سعادتِ دارین سے مشرف ہوئے۔ حضرت سید میراں بھیکھؒ (ف ۱۱۲۱ھ) نے آپ جیسے مردِ کامل کے بارے ہی میں کہا ہے۔ ؎

ست گرو ایسا چاہیئے جو منٹی گرسا ہو — جنم جنم کے مورچے پل میں دیوے کھو

آپ متعدد بار ہندو پاکستان[1]، عراق[2]، مکہ معظمہ[3] اور مدینہ منورہ[4] کے علماء و مشائخ اور مزارات مقدسہ کی زیارت سے مشرف ہوئے ہیں ان میں امام ربانی شہباز لامکانی حضرت مجدد الف ثانیؒ[1] (ف ۱۰۳۴ھ) حضرت مخدوم پاک علاء الدین علی احمد صابرؒ[2] کلیر شریف (ف ۶۹۰ھ) محبوب الٰہی سلطان المشائخ حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء دہلوی (ف ۷۲۵ھ) حضرت شاہ نصیر الدین چراغ دہلویؒ[3] (ف ۷۵۷ھ) حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ[4] (ف ۱۱۷۶ھ) حضرت شیخ عبد الحق محقق و محدث دہلویؒ[5] (ف ۱۰۵۲ھ) حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ[6] (ف ۶۳۵ھ) حضرت خواجہ محمد باقی باللہؒ[7] (ف ۱۰۱۲ھ) حضرت شاہ مفتی اعظم محمد مظہر اللہؒ[8] مسجد فتح پوری دہلی (ف ۱۲۸۶ھ) خانقاہ مظہریہ حضرت شاہ ابو الخیرؒ مارگ میں حضرت مرزا مظہر جان جانان شہیدؒ[9] (ف ۱۱۹۵ھ) حضرت شاہ غلام علیؒ[10] (ف ۱۲۴۰ھ) حضرت شاہ ابو سعیدؒ[11] (ف ۱۲۵۰ھ) حضرت شاہ ابو الخیر عبد اللہ محی الدینؒ[12] (ف ۱۳۴۱ھ) حضرت ہرے بھرےؒ[13] حضرت سرمد شہیدؒ[14] (ف ۱۰۷۰ھ) خواجہ غریب نواز حضرت سلطان الہند معین الدین اجمیریؒ[15] (ف ۶۴۳ھ) اور دیگر مقامات مقدسہ کی زیارات کے علاوہ ہندوستان کے تاریخی مقامات کی سیاحت شامل ہے۔

عراق میں آپ نے حضرت غوث الاعظمؒ[1] (ف ۵۶۲ھ) حضرت امام غزالیؒ[2] (ف ۵۰۵ھ) حضرت شیخ شہاب الدین سہروردیؒ[3] (ف ۶۳۲ھ) حضرت معروف کرخیؒ[4] (ف ۲۰۱ھ) حضرت جنید بغدادیؒ[5] (ف ۲۸۱ھ) حضرت امام موسیٰ کاظمؒ[6] (ف ۱۸۱ھ) حضرت سلمان فارسیؓ[7] (ف ۳۳ھ) حضرت سیدنا امام اعظم ابو حنیفہؒ[8] (ف ۱۵۰ھ) حضرت سیدنا امام حسینؓ[9] (ف ۶۱ھ) و اہل بیت اکرام رضوان اللہ علیہم اجمعین[10] مزارات شہداء کربلا، حضرت مولا مشکل کشا علی مرتضیٰؓ[11] (ف ۴۰ھ) نجف اشرف[12] حضرت ایوب علیہ السلام[13] (ف بعمر ۴۰۰ سال) کوفہ کے مقامات مقدسہ، مقام پیدائش حضرت ابراہیم علیہ السلام[14]، حضرت یونس علیہ السلام[15] (ف بعمر شریف ۱۸۰ سال) حضرت دانیال علیہ السلام[16] حضرت جرجیس علیہ السلام[17]

(۱۹) ———) حضرت شیث علیہ السلام (ف بعمر شریف ۹۱۲ سال) مزار مقدس خواجہ حسن بصریؒ (ف ۱۱۱ھ) (۲۰) حضرت ابن سیرینؒ (۲۱) (ف ۱۱۰ھ) حضرت طلحہؓ (۲۲) ———) حضرت زبیرؓ (۲۳) ——— جنگ جمل میں شہید ہونے والے تیس ہزار صحابہ کرامؓ، بصرہ و بصرہ کی بندرگاہ کی سیر و سیاحت فرمائی۔ ۱۰ بار حج بیت اللہ ۲۰ بار عمرہ رمضان شریف کے علاوہ اور چار مرتبہ عمرہ اور ایک مرتبہ خصوصی طور پر جدہ سے مدینہ شریف کی حاضری کی سعادت حاصل کی۔

آپ اپنی مجالس میں ذکر جہر کراتے ہیں جو تاثیر سے خالی نہیں ہے۔ دورِ جدید میں جب کہ شیطانی آوازوں نے فضاؤں کو مسموم کر رکھا ہے، یہ رحمانی آوازیں فضاؤں کو معطر کرتی ہیں اور انسان خود کو ایک نئے جہان میں محسوس کرتا ہے اور اصلاحِ حال کی صورت پیدا ہو جاتی ہے۔ آپ کی مجالس میں امیر سے لے کر فقیر تک، شاہ سے لے کر گدا تک، مخدوم سے لے کر خادم تک اور افسر سے لے کر چپڑاسی تک سب آتے ہیں اور فیض پاتے ہیں۔ ؎

ہم ہوئے، تم ہوئے کہ میرؔ ہوئے
اُن کی زلفوں کے سب اسیر ہوئے

دربارِ عالیہ مُرشد آباد شریف (پشاور) اور آستانہ خیریہ[1] (اسلام آباد) خصوصی

---

[1] آستانہ عالیہ خیریہ اسلام آباد میں اکابر علماؤ مشائخ تشریف لاتے رہتے ہیں اور حضرت خواجہ ابوالخیر مدظلہ، کی دین حق کے لیے خدماتِ جلیلہ کے چشم دید مناظر دیکھ کر داد و تحسین کے ڈونگرے برساتے رہتے ہیں۔ چنانچہ نومبر ۱۹۸۳ء میں صوبہ سرحد کی نامور علمی، ادبی، سیاسی، مذہبی اور رُوحانی شخصیت حضرت پیر سید محمد امیر شاہ صاحب قادری گیلانی مدظلہ سجادہ نشین یکہ توت پشاور نے اپنے صاحبزادے سید محی الدین اسد گیلانی سلمہ، کے ساتھ قدوم میمنت لزوم فرمایا تو ان کی زبان مبارک سے بیساختہ مرحبا صد مرحبا کی صدائیں بلند ہوئیں۔ اُن کی تشریف آوری کے

بقیہ حاشیہ صفحہ آئندہ ●

مراتب ہیں۔

آپ کے بڑے بلند اخلاق ہیں، شیخِ وقت ہیں مگر مزاج میں عاجزی وانکساری ہے۔ طبیعت میں برداشت ہے۔ ناگوار باتوں کو اس طرح سہہ لیتے ہیں جو اہل اللہ کے شایانِ شان ہے، بے نیاز ہیں مریدوں کے مال پر نظر نہیں بلکہ اُن کے دل پر نظر ہے۔ دیتے ہیں اور لیتے بھی ہیں تو دینے کے لیے کلام میں اثر ہے، صحبت میں تاثیر، متانت وسنجیدگی چہرے سے مترشح ہے۔ عارفانہ وعالمانہ کلام کرتے ہیں، دوسروں کا کلام توجہ سے سُنتے ہیں۔ متکبر وخود پسند نہیں۔ نرم دم گفتگو اور گرم دم جستجو کا بہترین نمونہ ہیں۔ مطالعہ کا بڑا شوق ہے۔ دربار عالیہ

باقی حاشیہ صفحہ سابقہ

موقعہ پر بسلسلہ یومِ شہادت سیّد الشہداء حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک خصوصی مجلسِ ذکر وفکر حضرت خواجہ ابوالخیر مدظلہ، کی صدارت میں منعقد ہوئی ـــــ علماء ومشائخ کے جمِ غفیر اور عقیدت مندوں کے ہجوم نجوم نے اس مجلس کو ایک تاریخی اور یادگار مجلس بنا دیا۔ حضرت سیّد محمد امیر شاہ صاحب قبلہ نے عدیم النظیر روحانی اجتماع سے ولولہ انگیز اور فکر خیز خطاب فرمایا۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ روحانیت کا دریا ٹھاٹھیں مار رہا ہے۔ آسمان سے قدسی اتر کر شریکِ محفل ہیں اور عقیدت ومحبت کے پھول نچھاور کر رہے ہیں۔ یہ حضرت خواجہ ابوالخیر مدظلہ، کی کرامت تھی کہ ہر شریکِ محفل پاک دل اور پاکباز ہو چکا تھا۔

اس عدیم المثال اجتماع کے اختتام پر حضرت سیّد محمد امیر شاہ صاحب قبلہ نے آستانہ عالیہ کی رفیع الشان عمارت کو دیکھا تو نہایت محظوظ ہوئے، خصوصی دُعا فرمائی اور مہمانوں کی کتاب پر اپنی قلبی واردات کو یوں بکھیرا:

باسمہ تعالیٰ

آج مورخہ ۲/ نومبر ۱۹۸۳ء بروز بدھ آستانہ خیریہ اسلام آباد حاضر ہوا۔ ذکر الٰہی کی مجلس جو کہ آج کل ناپید ہے، دیکھ کر رُوح زندہ ہو گئی۔ حضرت عزت مآب الحاج خواجہ محمد عبداللہ جان صاحب۔ مدظلہ، العالیٰ کا وجودِ باجود یہاں پر

بقیہ حاشیہ صفحہ آئندہ

ہیں کتابوں کا بہت بڑا ذخیرہ علمی ذوق کا مظہر ہے۔ آپ کے دربارِ گہربار میں دولت کی نہیں محبت کی پوچھ ہے، علم و دانش کی پُوچھ ہے، یہاں علماء کے گلوں میں روپوں کے ہار ڈالے جاتے ہیں۔ آپ کے تربیت یافتہ بھی آپ کے نقشِ قدم پر چلتے ہیں کیونکہ ؎

جہاں آرزو میں دلربا تجھ سا نہیں پایا
جہاں تیرا قدم دیکھا وہیں نقشِ جبیں پایا

آپ کی ذات تواضع اور انکساری کا ایک حسین مرقع ہے۔ آپ کے ہر ہر فعل اور ہر ہر ادا میں تواضع کا پہلو نمایاں ہوتا ہے، حتیٰ کہ چلنے پھرنے، اُٹھنے بیٹھنے کلام و گفتگو فرمانے، غرض ہر چیز میں تواضع کی ایک شان نظر آتی ہے۔ آپ کی متواضعانہ چال "لَا تَمْشِ فِی الْاَرْضِ مَرَحًا" کی عملی تفسیر ہے آپ کی نرم اور پست آواز میں گفتگو کرنے کا انداز دل کو بھاتا ہے اب ایسے اللہ والے کہاں ملتے ہیں جو اسلاف کا عملی نمونہ پیش کریں۔ ؎

پھرتے تھے دشت دشت، دیوانے کدھر گئے
بقیہ حاشیہ صفحہ سابقہ وہ عاشق کے ہائے زمانے کدھر گئے

نعمتِ عظمیٰ سے کم نہیں پایا۔ ؎

مردے دیدم دریں قحط الرجال

اللہ تبارک و تعالیٰ اپنے پیارے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل خواجہ صاحب مدظلہ، کی سرپرستی میں اس آستانہ عالیہ خیریہ کو سلامت تا قیامت رکھے۔ آمین ثم آمین۔

(فقیر) محمد امیر شاہ قادری گیلانی۔) یکہ توت پشاور حال وارد اسلام آباد"

یہ تو صرف ایک مایہ ناز شخصیت کے تاثرات ہیں، اگر دیگر اکابر کی آراء بھی درج کی جائیں تو کئی دفتر بن جائیں۔ ؎

دامانِ نگاہ تنگ و گلِ حسن تو بسیار — گلچین تو ز تنگی داماں گلہ دارد (قصوری)

درشانِ استغناء اور بے نیازی" جو حقیقت میں ایک مردِ خدا کی علامت اور نشانی ہوتی ہے وہ آپ میں کامل طور پر موجود ہے مہمان نوازی میں اپنی مثال آپ ہیں۔ آپ کی تمام زندگی عجز و انکسار، بے نیازی اور استغنیٰ کا منہ بولتا ثبوت ہے آپ فقیری میں شاہی کرنے والے گلیم پوش اور بوریہ نشین ہیں۔ آپ ہر وقت اس حقیقت کو مدِ نظر رکھتے ہیں۔

"نِعْمَ الْاَمِیْرُ عَلٰی بَابِ الْفَقِیْرِ وَبِئْسَ الْفَقِیْرُ عَلٰی بَابِ الْاَمِیْرِ"

اچھا ہے وہ امیر جو فقیر کے آستانہ پر آئے۔ اور بُرا ہے وہ فقیر جو کسی امیر کے دروازہ پر جائے۔

شاید بے نیازی کی ایسی شان رکھنے والے فقیرانِ باخُدا کے لیے اقبالؒ نے کہا ہے۔ ؎

نگاہِ فقر میں شانِ سکندری کیا ہے
خراج کی جو گدا ہو وہ قیصری کیا ہے

ایک وہ لوگ ہیں جو "فقیری و پیری" کا لبادہ اوڑھ کر اغنیاء کے دروازوں پر بھیک مانگتے پھرتے ہیں، ایک یہ فقیرِ راہ نشین ہے جو ہزار دعوتوں پر بھی ان کی طرف نظر اُٹھا کر نہیں دیکھتا۔ حقیقت میں درشانِ فقر، ہی یہ ہے اس لیے کہ ؎

فقیرِ راہ کو بخشے گئے اسرارِ سُلطانی
بہا میری نوا کی دولتِ پرویز ہے ساقی

ؔ دارا و سکندر سے وہ مردِ فقیر اولیٰ
ہو جس کی فقیری میں بوئے اسدؓ اللہی

آپ کی گفتگو کا مرکزی نقطہ عشقِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہوتا ہے۔ آپ مولانا رومیؒ کے ان اشعار کی عملی تفسیر ہیں ؎

عاشقان را شش نشان ست اے پسر

اے بیٹے! عاشقوں کی چھ نشانیاں ہیں، وہ

آہ سرد و رنگ زرد و چشم تر — سرد آہیں بھرتے ہیں اُن کا رنگ زرد اور آنکھ نم رہتی ہے۔

گر ترا پرسند پس دیگر کدام — اگر تجھ سے دوسری نشانیاں پوچھی جائیں

گفتن و خوردن کم و خفتن حرام — تو وہ یہ ہیں کہ کم بولتے ہیں کم کھاتے ہیں اور اُن کے لیے سونا بالکل حرام ہے۔

❊ ❊ ❊

آپ نے اشاعتِ دینِ حق کے لیے ۲۶/ ذیقعدہ ۱۳۹۱ھ / ۴/ جنوری ۱۹۷۲ء بروز جمعۃ المبارک خانقاہِ عالیہ میں "دارالعلوم اسلامیہ مجددیہ" کی بنا رکھی مگر تصوف و طریقت کی انتہائی مصروفیات نے آپ کی توجہ اپنی طرف ہی مبذول رکھی اور "دارالعلوم" کا سلسلہ زیادہ وسیع نہ ہو سکا۔ چونکہ آپ کو علم و ادب سے خصوصی دلچسپی ہے لہٰذا مطالعہ کے لیے وقت ضرور نکال لیتے ہیں۔ آپ کی لائبریری میں عربی، فارسی، اُردو انگریزی، پشتو، پنجابی اور ہندی وغیرہ زبانوں میں ہزاروں گرانمایہ اور نایاب کتب موجود ہیں، جن سے اہلِ علم حضرت مستفید و مستفیض ہوتے رہتے ہیں۔

آپ کا حلقہ ذکر عجیب روحانی کیف و سرور کا مرقع ہوتا ہے اور دیکھنے سے تعلق رکھتا ہے۔ جن خوش نصیبوں کو اس مبارک محفل میں حاضری کا شرف حاصل ہوا ہے انہوں نے بارہا دیکھا کہ جب آپ توجہ دیتے ہیں تو کئی نیم بسمل ماہئ بے آب کی طرح تڑپتے رہتے ہیں۔ ؎

دامن پہ کوئی چھینٹ نہ خنجر پہ کوئی داغ
تم قتل کرو ہو کہ کرامات کرو ہو

بیعت کا مقصد چونکہ اصلاحِ احوال اور تزکیۂ نفس ہوتا ہے اور یہ مقصد ذکرِ الٰہی، مراقبہ رابطہ اور صحبتِ شیخ ہی سے حاصل ہو سکتا ہے۔ لہٰذا آپ کے دربار عالیہ مُرشد آباد شریف میں طالبانِ حق کا تانتا بندھا رہتا ہے۔ آپ کی ذات ستودہ صفات گم کردہ راہ انسانوں کے لیے روشنی کا مینار ہے توحید و رسالت کی اشاعت آپ کا مشغلہ اور بھٹکتی ہوئی انسانیت کو سوئے منزل تک پہنچانا آپ کا مقصدِ حیات ہے۔ اِس کفر و الحاد، بے راہ

روی و بے دینی اور مادہ پرستی کے دور میں آپ کا وجودِ مسعود غنیمت ہے۔ کچھ عرصہ بعد ایسے لوگ ڈھونڈے سے بھی نہیں ملیں گے۔ ؎

ہمارے دم سے ہیں آباد کتنے ویرانے
ہمارے بعد ملیں گے نہ ایسے دیوانے

اللہ تعالیٰ اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے آپ کی زندگی میں برکت عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

شجرہ شریف

مشائخ نقشبندیہ مجددیہ خیریہ رحمۃ اللہ علیہم اجمعین

یاالٰہی! خیر کر خیرالوریٰ[1] کے واسطے
اور پیارے یارِ غار[2] رضؓ مصطفٰےؐ کے واسطے

شیخ سلمان[3] رضؒ پارسا اور خواجہ قاسم[4] رضؒ باصفا
جعفرِ صادق[5] رحؒ رئیسِ اصفیاء کے واسطے

بایزید[6] رحؒ برگزیدہ ابوالحسن[7] رحؒ شیخِ بزرگ
بوعلی فارمدی[8] رحؒ مردِ خدا کے واسطے

یوسف ہمدان[9] وعبدالخالق[10] رحؒ اہل نجدروان
ریوگر کے خواجہ عارف[11] رحؒ پُررضا کے واسطے

خواجہ محمود[12] فغنی رحؒ اور علی[13] رحؒ رامیتنی
حضرت باباسماسی[14] رحؒ مقتدا کے واسطے

سیّد میر کلال[15] رحؒ اور صدرِ بزم نقشبند
شاہ بہاءالدین[16] رحؒ سراپا اتقا کے واسطے

خواجگاں عطار[17] رحؒ ویعقوب[18] رحؒ وعبیداللہ[19] رحؒ غنی
زاہد[20] رحؒ و درویش محمد[21] رحؒ اولیاء کے واسطے

خواجہ امکنگی[22] رحؒ وحضرتِ باقی باللہ[23] مردِ حق
احمد سرہند[24] مجددِ باخدا کے واسطے

خواجۂ معصوم[25] رحؒ اور ابوالقاسم[26] محمد نقشبند
شاہ زبیر[27] رحؒ وخواجہ اشرف[28] رحؒ اتقیا کے واسطے

شاہ جمال اللہ وشاہ عیسٰی[29] رحؒ محمد[30] باوفا
خواجہ فیض اللہ غلامِ مجتبےٰ[31] کے واسطے

خواجۂ نور محمد[32] رحؒ اور فقیر[33] رحؒ مصطفےٰ[34] رضؒ
حافظ عبدالکریم[35] رحؒ خوش ادا کے واسطے

قبلۂ عالم جناب خواجہ نواب الدین[36] رحؒ
جاں نثار ہادیٔ دینِ ہُدا کے واسطے

صورت وسیرت میں یکتا خواجہ ابوالخیر[37] ما
دین ودنیا میں ہمارے رہنما کے واسطے

کر عطا نورِ بصیرت اس جواں کے واسطے
واقفِ اسرار ہُو عبداللہ[38] جان مدظلہ کے واسطے

تاابد آباد رکھ یارب مُرشد آباد کو
باباجی کے دائمی جُود وسخا کے واسطے

---

[38] حضرت خواجہ ابوالخیر محمد عبداللہ جان مدظلہ العالی سجادہ نشین مرشد آباد شریف پشاور

مآخذ و مراجع

نمبر شمار	نام کتاب	مصنف / مؤلف	جائے طباعت	سنِ طباعت
۱	القرآن الحکیم	ترجمہ اعلیٰ حضرت بریلویؒ	لاہور	
۲	آخری پیغام	پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد	کراچی	۱۹۸۶ء
۳	النبی الخاتم	سید مناظر احسن گیلانی	لاہور	۱۳۹۲ھ
۴	ارمغان حجاز	حکیم الامت اقبال رح	لاہور	۱۹۷۰ء
۵	اسلامی مذاہب	ابوزہرہ مصری (عربی) اردو ترجمہ غلام احمد حریری	فیصل آباد	طبع سوم
۶	انسانیت موت کے دروازے	ابوالکلام آزاد	لاہور	۱۹۷۶ء
۷	اذکارِ درویش (قلمی)	پاشا بیگم		
۸	اقبال اور علمائے پاک و ہند	اعجاز الحق قدوسی	لاہور	۱۹۷۷ء
۹	اقبال کے محبوب صوفیہ	اعجاز الحق قدوسی	لاہور	۱۹۷۶ء
۱۰	ارشاداتِ امیرِ ملت	محمد صادق قصوری	بزرگ کلاں، قصور	۱۹۸۳ء
۱۱	انساب الخلافت	سید محمد ابراہیم شاہ	لاہور	۱۹۲۲ء
۱۲	از گلستانِ عجم	ڈاکٹر عبدالحسین زرکوب	اسلام آباد	۱۹۸۵ء
		اردو ترجمہ مہر نور محمد خان	لاہور	۱۹۶۷ء
۱۳	اخبار الطوال	احمد داؤد الدینوری		
		اردو ترجمہ پروفیسر محمد منور مرزا	لاہور	۱۳۹۸ھ
۱۴	اوراقِ غم	مولانا ابوالحسنات قادری		
۱۵	انقلابِ الحقیقت	صاحبزادہ محمد عمر بیرلوی	لاہور	۱۹۶۷ء

نمبر شمار	نام کتاب	مصنف/مؤلف	جائے طباعت	سنِ طباعت
۱۶	انوار الکریم	پروفیسر انیس احمد شیخ	لاہور	۱۹۷۹ء
۱۷	ابن السبیل	پروفیسر انیس احمد شیخ	لاہور	۱۹۸۰ء
۱۸	ارشاداتِ مجدد	میاں جمیل احمد شرقپوری	لاہور	۱۹۸۱ء
۱۹	احوال و آثار سید میر کلالؒ	سید شاہد حامد	راولپنڈی	سن ندارد
۲۰	انیس الطالبین (فارسی)	خواجہ صالح بن مبارک بخاریؒ	لاہور	۱۳۲۳ھ
۲۱	برکاتِ علی پور شریف	پیر خیر شاہ امرتسری	امرتسر	۱۳۲۶ھ
۲۲	برکات علی پور شریف	پیر خیر شاہ امرتسری	راولپنڈی	۱۹۶۷ء
۲۳	بالِ جبریل	علامہ اقبال رح	لاہور	۱۹۴۷ء
۲۴	بزرگانِ لاہور	پیر غلام دستگیر نامیؒ	لاہور	۱۹۶۶ء
۲۵	بانگِ درا	علامہ اقبال رح	لاہور	۱۹۶۵ء
۲۶	بزمِ جاناں	صاحبزادہ محمد زبیر	حیدرآباد سندھ	۱۹۸۰ء
۲۷	تذکرہ اولیائے پاک و ہند	مرزا محمد اختر دہلوی	لاہور	۱۹۸۶ء
۲۸	تواریخ آئینۂ تصوف	شاہ محمد حسن رامپوری	قصور	۱۹۷۱ء
۲۹	تاریخِ مشائخِ چشت جلد چہارم	پروفیسر خلیق احمد نظامی	اسلام آباد	۱۹۷۵ء
۳۰	تصوف	ڈاکٹر الہ دتہ کنجاہی	کنجاہ، گجرات	۱۹۸۰ء
۳۱	تذکرہ	ابوالکلام آزاد	لاہور	طبع دوم
۳۲	تاریخی مقالات	پروفیسر محمد اسلم	لاہور	۱۹۷۰ء
۳۳	تذکرہ شاہ فضل رحمٰن گنج مراد آبادی۔	مولانا ابوالحسن علی ندوی	لکھنؤ	طبع دوم
۳۴	تفسیر الآیات	ڈاکٹر غلام ربانی	راولپنڈی	۱۹۷۰ء
۳۵	تاریخ و تعارف ضلع یار خاں	پروفیسر سعید احمد سعید	ضلع رحیم یار خاں	۱۹۸۱ء
۳۶	تاریخ پیش رفتِ اسلام	دکتر شہید خت کامران	اسلام آباد	۱۹۸۵ء

نمبر شمار	نام کتاب	مصنف/مؤلف	جائے طباعت	سنِ طباعت
۳۷	تائید اہل سنت	ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خاں	استانبول (ترکی)	۱۹۷۷ء
۳۸	تائید اہل سنت	ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خاں	شرقپور (شیخوپورہ)	۱۹۸۳ء
۳۹	تائید اہل سنت	ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خاں	حیدرآباد، سندھ	۱۹۷۳ء
۴۰	تقویم تاریخی	عبدالقدوس ہاشمی	کراچی	۱۹۶۵ء
۴۱	تذکرہ اکابر اہل سنت	مولانا محمد عبدالحکیم شرف قادری	لاہور	۱۹۷۶ء
۴۲	تذکرہ علمائے پنجاب	اختر راہی	لاہور	۱۹۸۰ء
۴۳	تجلیاتِ امام ربانی	اختر شاہجہان پوری	لاہور	۱۹۷۸ء
۴۴	تذکرہ مجدد الف ثانی	محمد منظور نعمانی	لکھنؤ	۱۹۷۰ء
۴۵	تذکرۃ الاولیاء	شیخ فریدالدین عطار (اردو ترجمہ)	کراچی	۱۹۷۳ء
۴۶	تذکرہ علماے ہند	رحمٰن علی (فارسی) (اردو ترجمہ) پروفیسر محمد ایوب قادری	کراچی	۱۹۶۱ء
۴۷	تذکرہ اولیائے پاک و ہند	ڈاکٹر ظہور الحسن شارب	لاہور	۱۹۸۰ء
۴۸	تذکرہ اولیائے ہند و پاکستان	مفتی ولی حسن ٹونکوی	کراچی	مطبع سعیدی
۴۹	تاریخ الخلفاء	علامہ سیوطی / اردو ترجمہ شمس بریلوی	کراچی	۱۹۷۶ء
۵۰	تذکرہ نقشبندیہ	مولانا نور بخش توکلیؒ	لاہور	۱۹۷۶ء
۵۱	تذکرہ نقشبندیہ مجددیہ	محمد حسن نقشبندی	لاہور	طبع سوم
۵۲	تفسیر ضیاء القرآن جلد اول	پیر محمد کرم شاہ	لاہور	۱۳۹۸ھ
۵۳	تفسیر ضیاء القرآن جلد چہارم	پیر محمد کرم شاہ	لاہور	۱۳۹۹ھ
۵۴	تذکرہ کاملانِ رام پور	حافظ احمد علی خاں شوق	دہلی	۱۹۲۹ء
۵۵	تاریخ دعوت و عزیمت جلد چہارم	ابوالحسن ندوی	کراچی	۱۹۸۰ء

نمبر شمار	نام کتاب	مصنف / مؤلف	جائے طباعت	سنِ طباعت
۵۶	جمالِ زریں زرِ بخت	صاحبزادہ محمد حفیظ الرحمٰن معصومی	لاہور	۱۳۹۳ھ
۵۷	جواہر مجددیہ	خواجہ احمد حسین امروہوی	لاہور	نولکشور پریس
۵۸	جمالِ نقشبند	صلاح الدین بی اے	لاہور	۱۳۸۰ھ
۵۹	جامی	علی اصغر حکمت / اردو ترجمہ عارف نوشاہی	لاہور	۱۹۸۳ء
۶۰	جواہر نقشبندیہ	محمد یوسف نقشبندی	فیصل آباد	۱۹۷۹ء
۶۱	حدیقۃ الاولیاء	مفتی غلام سرور لاہوری	لاہور	۱۹۷۶ء
۶۲	حضرت مجدد الف ثانی	سید زوار حسین شاہ	کراچی	۱۹۷۲ء
۶۳	حضرت مجدد کا نظریۂ توحید	ڈاکٹر برہان احمد فاروقی	لاہور	۱۹۷۴ء
۶۴	حضرت مجدد الف ثانی ایک تحقیقی جائزہ	ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خاں	حیدرآباد سندھ	سن ندارد
۶۵	حضرت مجدد الف ثانی کے سیاسی مکتوبات	آباد شاہ پوری	لاہور	۱۹۷۷ء
۶۶	حیاتِ باقی	سید رشید احمد ارشد	کراچی	۱۹۶۹ء
۶۷	حدائق الحنفیہ	مولانا فقیر محمد جہلمی	لاہور	۱۹۸۱ء
۶۸	حیاتِ مجدد	پروفیسر محمد فرمان	لاہور	۱۹۵۸ء
۶۹	حضرت مجدد اور اُن کے ناقدین	شاہ زید الحسن فاروقی	لاہور	۱۹۸۲ء
۷۰	محسنِ اعظم اور محسنین	فقیر سید وحید الدین	کراچی	۱۹۷۰ء
۷۱	حیاتِ محی الدین غزنوی	ریاض احمد صمدانی	گوجرانوالہ	۱۹۷۸ء
۷۲	حیات حافظ رحمت خاں	سید الطاف علی بریلوی	کراچی	۱۹۶۳ء

نمبر شمار	نام کتاب	مصنف / مؤلف	جائے طباعت	سن طباعت
۷۳	حدیقۂ معرفت	حکیم محمد عظیم حجازی	لاہور	سن ندارد
۷۴	حسنات الحرمین	خواجہ محمد عبید اللہ سرہندی اردو ترجمہ: پروفیسر محمد اقبال مجددی	لاہور	۱۹۸۳ء
۷۵	خلاصۂ جواہر القرآن	ابوبکر اسحاق ملتانی	اسلام آباد	۱۹۸۵ء
۷۶	خلاصہ مکتوباتِ مجدد الف ثانی	شاہ ہدائت علی بے پوری	لاہور	۱۹۷۶ء
۷۷	خزینۂ کرم	چوہدری نور احمد مقبول	لاہور	۱۹۷۸ء
۷۸	دین الٰہی اور اُس کا پس منظر	پروفیسر محمد اسلم	لاہور	۱۹۷۰ء
۷۹	دین الٰہی اور اُس کا پس منظر	مہر محمد خاں شہاب مالیر کوٹلوی	دہلی	۱۹۷۴ء
۸۰	مجدد اعظم	محمد حلیم	لاہور	۱۹۶۸ء
۸۱	دہلی اور اُس کے اطراف	مولانا عبد الحی بکھنوی	دہلی	۱۹۵۸ء
۸۲	دیوانِ حافظ	حافظ شیرازی	لاہور	۱۹۷۱ء
۸۳	دلیل الحیران فی کشف عن آیات القرآن	حافظ شیرازی	لاہور	۱۹۸۳ء
۸۴	دُرِ معارف (فارسی)	شاہ رؤف احمد	استانبول (ترکی)	۱۹۷۳ء
۸۵	دی نقشبندیہ (انگریزی)	سردار علی احمد خاں	شرقپور شریف	۱۹۸۲ء
۸۶	دعوت حق	سید محبوب الٰہی عرف نور اللہ شاہ	منٹگمری	۱۹۶۲ء
۸۷	رحمۃ اللعالمین جلد اول	قاضی محمد سلیمان منصور پوری	لاہور	۱۹۷۲ء
۸۸	رسالہ انسیہ	حضرت یعقوب چرخی	اسلام آباد	۱۹۸۳ء
۸۹	رسالہ ابدالیہ	حضرت یعقوب چرخی	اسلام آباد	۱۹۷۸ء

نمبر شمار	نام کتاب	مصنف / مولف	جائے طباعت	سن طباعت
۹۰	رسائل نقشبندیہ	علامہ اقبال احمد فاروقی	لاہور	۱۹۸۱ء
۹۱	رسالہ قدسیہ	خواجہ محمد پارسا / مرتب ملک محمد اقبال	اسلام آباد	۱۹۷۵ء
۹۲	رفیق السالکین (فارسی)	ملفوظات سید میر کلالؒ	لاہور	۱۳۲۵ھ
۹۳	رسالہ تہلیلیہ	حضرت مجدد الف ثانی	کراچی	۱۹۶۵ء
۹۴	تعرف	امام ابوبکر بن ابواسحاق ترجمہ ڈاکٹر پیر محمد حسن	لاہور	۱۳۹۱ء
۹۵	زبدۃ المقامات (فارسی)	محمد ہاشم کشمی	استانبول (ترکی)	۱۹۷۷ء
۹۶	سِرِّ دلبراں	سید محمد ذوقی شاہ	کراچی	۱۴۰۰ھ
۹۷	سوویت یونین میں مسلمان پاکستان	سفارتخانہ سویت یونین	کراچی	۱۹۷۲ء
۹۸	سیرتِ مجدد الف ثانی	پروفیسر محمد مسعود احمد	کراچی	۱۹۸۲ء
۹۹	سفینۃ الاولیاء	دارا شکوہ / اردو ترجمہ محمد وارث کامل	لاہور	سن ندارد
۱۰۰	سکینۃ الاولیاء	دارا شکوہ / اردو ترجمہ مرزا مقبول بدخشانی	لاہور	۱۹۷۱ء
۱۰۱	سیرتِ رسولِ عربیؐ	مولانا نور بخش توکلیؒ	کراچی	۱۹۵۷ء
۱۰۲	سیرت النبیؐ جلد اوّل	شبلی نعمانی	لاہور	۱۹۸۳ء
۱۰۳	سیرت الصدیق	مولانا حبیب الرحمٰن شروانی	لاہور	۱۹۷۸ء
۱۰۴	سوانح عمری حضرت مجدد الف ثانی	احسان اللہ عباسی	رام پور	۱۹۲۶ء
۱۰۵	سلسلہ خیریہ	پروفیسر خالد امین مخفی الخیری	لاہور	۱۹۸۱ء

نمبر شمار	نام کتاب	مصنف / مؤلف	جائے طباعت	سن طباعت
۱۰۶	شائق الفاتحات	شائق دہلوی	کراچی	۱۹۶۱ء
۱۰۷	شواہد نبوت (حجامی)	اردو ترجمہ بشیر حسین ناظم	لاہور	۱۹۷۴ء
۱۰۸	شمس المعارف	شاہ محمد سلیمان پھلواروی	کراچی	۱۹۶۹ء
۱۰۹	شاہ حسین حقیقت اور اُن کا خاندان	مشرف احمد	کراچی	۱۹۷۷ء
۱۱۰	شرح رباعیات خواجہ باقی باللہ	خواجہ باقی باللہ	کراچی	۱۹۶۷ء
۱۱۱	شیخ احمد سرہندی	محمد استقلال خاں و محمد اقبال صلاح الدین	لاہور	۱۹۶۸ء
۱۱۲	شانِ حبیب الرحمٰن	مفتی احمد یار خاں نعیمی	گجرات	سن ندارد
۱۱۳	شریعت و طریقت	مولانا محمد دین چشتی اشرفی	لاہور	۱۹۸۱ء
۱۱۴	شب جائے کہ من بودم	شورش کاشمیری	لاہور	۱۹۷۱ء
۱۱۵	شجرہ نقشبندیہ مجددیہ نوریہ	عبدالرحمٰن بی اے	لاہور	فیض عام پریس
۱۱۶	شریف التواریخ جلد اوّل	مولانا شرافت نوشاہی	ساہنیال، گجرات	۱۹۷۹ء
۱۱۷	صدیق اکبر	سید احمد اکبر آبادی	کراچی	۱۹۷۵ء
۱۱۸	"ضیائے حرم" ماہنامہ (صدیق اکبر)	پیر محمد کرم شاہ	لاہور	جون ۱۹۷۹ء
۱۱۹	علمی اردو لغات	وارث سرہندی	لاہور	۱۹۷۷ء
۱۲۰	عبداللہ خویشگی قصوری	پروفیسر محمد اقبال مجددی	لاہور	۱۹۷۲ء
۱۲۱	علماء ہند کا شاندار ماضی جلد ۱	مولانا محمد میاں	لاہور	۱۹۷۷ء
۱۲۲	غایۃ التحقیق	مولانا احمد رضا خاں بریلوی	لاہور	۱۲۹۳ھ
۱۲۳	فیض الکریم	قاضی عالم دین سیال کوٹی	لاہور	طبع چہارم

نمبر شمار	نام کتاب	مصنف / مؤلف	جائے طباعت	سن طباعت
۱۲۴	فیضِ تیراہی	پیر خادم حسین چوراہی	چورہ شریف، اٹک	۱۹۸۳ء
۱۲۵	فیوضاتِ مجدّد	مولانا غلام رسول گوہر قصوری	قصور	۱۹۷۷ء
۱۲۶	فضائل صدیق اکبر	میاں جمیل احمد شرقپوری	شرقپور	سن ندارد
۱۲۷	فیروز اللغات اُردو جدید	مولوی فیروز الدین	لاہور	۱۹۵۷ء
۱۲۸	قصص الانبیاء	مولانا عبدالمنان	کراچی	۱۹۷۳ء
۱۲۹	کریم اللغات (فارسی)	مولوی کریم الدین	لاہور	۱۸۹۱ء
۱۳۰	کشف المحجوب (فارسی)	داتا علی ہجویری	لاہور	۱۹۷۸ء
۱۳۱	کشف المحجوب (اُردو)	ترجمہ مولانا ابوالحسنات	لاہور	۱۳۹۶ھ
۱۳۲	کشف المحجوب (اُردو)	ترجمہ مولوی فیروز الدین	لاہور	طبع دوم
۱۳۳	کشف المحجوب (اُردو)	ترجمہ تشنہ جالندھری	لاہور	۱۹۶۸ء
۱۳۴	تذکرہ علماء و مشائخ سرحد جلد اوّل (اُردو)	مولانا سید محمد امیر شاہ	لاہور	سن ندارد
۱۳۵	مرآۃ الحرمین (عربی)	ابراہیم رفعت باشا	قاہرہ	۱۳۴۴ھ
۱۳۶	گلزارِ ابرار	محمد غوثی مانڈوی	لاہور	۱۳۹۵ھ
۱۳۷	مدارج النبوت (شیخ عبدالحق محدث دہلوی)	ترجمہ شمس بریلوی	کراچی	سن ندارد
۱۳۸	مضامینِ قرآن حکیم	زاہد ملک	راولپنڈی	۱۹۸۳ء
۱۳۹	معیار السلوک	شاہ ہدایت علی بیدری	کراچی	سن ندارد
۱۴۰	مکتوباتِ امام ربانی (فارسی)	حضرت مجدد الف ثانی رح	استانبول (ترکی)	۱۹۷۷ء
۱۴۱	مکتوباتِ امام ربانی (اُردو)	حضرت مجدد الف ثانی رح	کراچی	۱۹۷۳ء
۱۴۲	مجدد الف ثانی	محمد یوسف بی اے	فیصل آباد	۱۴۰۲ھ

نمبر شمار	نام کتاب	مصنف / مؤلف	جائے طباعت	سن طباعت
۱۴۳	مجدد الف ثانی	سید زوار حسین شاہ	سیالکوٹ	۱۹۷۷ء
۱۴۴	مقالاتِ یوم مجدد	میاں جمیل احمد سرقپوری	لاہور	۱۹۷۹ء
۱۴۵	معارف لدنیہ	حضرت مجدد الف ثانی رح	کراچی	۱۹۶۸ء
۱۴۶	مبداء و معاد	حضرت مجدد الف ثانی رح	کراچی	۱۹۶۸ء
۱۴۷	مکاشفاتِ عینیہ	حضرت مجدد الف ثانی رح	کراچی	۱۹۶۵ء
۱۴۸	مسلکِ امام ربانی	مولانا محمد سعید نقشبندی	لاہور	۱۹۷۰ء
۱۴۹	مقاماتِ خیر	شاہ زید ابوالحسن	دہلی	۱۳۹۲ھ
۱۵۰	مقالاتِ سرسید حصہ شانزدہم	شیخ محمد اسماعیل پانی پتی	لاہور	۱۹۶۵ء
۱۵۱	مکتوباتِ خواجہ محمد معصوم سرہندی	تلخیص و ترجمہ: نسیم احمد امروہوی	لکھنؤ	۱۹۶۰ء
۱۵۲	مخزنِ اخلاق	رحمت اللہ سبحانی	لاہور	۱۹۶۸ء
۱۵۳	مقالات	شاہ محمد جعفر پھلواروی	لاہور	۱۹۶۷ء
۱۵۴	مکاتیب شاہ غلام علی دہلوی (فارسی)	حکیم عبدالمجید سیفی	استانبول (ترکی)	۱۹۷۶ء
۱۵۵	مصباح اللغات	عبدالحفیظ بلیاوی	کراچی	۱۹۸۲ء
۱۵۶	مقاماتِ مظہری	شاہ غلام علی دہلوی / ترجمہ محمد اقبال مجددی	لاہور	۱۹۸۳ء
۱۵۷	ماثر الاجداد	پروفیسر منظور الحق صدیقی	لاہور	۱۹۶۴ء
۱۵۸	ماثر العارفین	جان محمد	لاہور	سن ندارد
۱۵۹	مکتوباتِ امام ربانی بحیثیت ماخذِ ایمانیات	پروفیسر عبدالباری صدیقی	کراچی	۱۹۸۵ء

نمبر شمار	نام کتاب	مصنف / مؤلف	جائے طباعت	سن طباعت
۱۶۰	نفحات الانس (جامی)	اُردو ترجمہ: شمس بریلوی	کراچی	۱۹۸۲ء
۱۶۱	نورِ اسلام، ماہنامہ، اولیائے نقشبند نمبر	میاں جمیل احمد شرقپوری	شرقپور شریف	مارچ اپریل ۱۹۷۹ء
۱۶۲	ہمارا اسلام	مفتی محمد خلیل برکاتی	لاہور	۱۹۸۵ء
۱۶۳	ہندوستان میں پہلی وہابی تحریک	ڈاکٹر قیام الدین احمد	کراچی	۱۹۷۲ء
۱۶۴	ہدایت الانسان الی اسبیل العرفان	حافظ محمد عبد الکریم	راولپنڈی	۱۹۸۱ء
۱۶۵	خلاصہ قانونِ تصوف حصہ اوّل	حاجی ذاکر علی رہتکی	کراچی	۱۹۷۶ء
۱۶۶	خلاصہ قانونِ تصوّف حصہ دوم	حاجی ذاکر علی رہتکی	کراچی	۱۹۷۸ء
۱۶۷	خلاصہ قانونِ تصوف حصہ سوم	حاجی ذاکر علی رہتکی	کراچی	۱۹۷۸ء
۱۶۸	استحکام پاکستان	ڈاکٹر اسرار احمد	لاہور	۱۹۸۶ء
۱۶۹	گنبد خضراء	محمد معراج الاسلام	لاہور	۱۹۷۶ء
۱۷۰	مسجد نبوی	محمد معراج الاسلام	لاہور	۱۹۸۶ء
۱۷۱	سیاستِ شرعیہ	رئیس احمد جعفری	لاہور	۱۹۵۹ء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

"قطعۂ تاریخ ارشاد"

۱۹۸۷ء

"تذکرہ نقشبندیہ کامل"

۱۹۸۷ء

"تصنیف ادیب حق مزاج صادق قصوری"

از ۱۴۰۷ھ صابر براری

مرحبا صد مرحبا صادق قصوری مرحبا
فکرِ روشن، فکرِ تازہ نقشبندی تذکرہ

موجزن جوان کے دل میں تھی ولائے نقشبند
بن گیا اُس کا مرقع نقشبندی تذکرہ

ہوگئی ہر شخص پر شانِ بہاء الحق عیاں
دل کی آنکھوں سے جو دیکھا نقشبندی تذکرہ

تشنگانِ بادۂ حُبِّ نبی کے واسطے
ہے مثالِ جام و مینا نقشبندی تذکرہ

ہوگئیں پُرنور آنکھیں یہ صحیفہ دیکھ کر
کس قدر ہے نُور نغزا نقشبندی تذکرہ

ہو شریعت یا طریقت یا حقیقت یا سُلوک
خضرِ راہِ حق ہے گویا نقشبندی تذکرہ

اہلِ سنت کے عقائد کر رہا ہے مُشتہر
کوچہ کوچہ گوشہ گوشہ نقشبندی تذکرہ

اس کی خوشبو سے معطر ہوگیا سارا چمن
ہے یہ گلدستہ ہی ایسا نقشبندی تذکرہ

کہئے اے صابر براری، ہے طباعت کا یہ سن
"جلوۂ پاکیزہ آہا نقشبندی تذکرہ"

۱۹۸۷ء

صابر براری

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

ھو اللہ

دربارِ عالیہ

مُرشد آباد شریف میں

سالانہ عُرس مُبارک

ہر سال ماہ اکتوبر کی پہلی جمعرات کو منایا جاتا ہے

اِس پُرنور محفل سے

فیضیاب ہونے کی آپ کو دعوت

دی جاتی ہے

عُرس کا دعوت نامہ ملنے پر واپسی جواب دیں، اپنے

مکمل کوائف

اور

صحیح پتہ سے بھی مطلع فرمائیں

دربارِ عالیہ مُرشد آباد شریف

کوہاٹ روڈ، بالمقابل آرٹ کالونی، پشاور

فون نمبر ۳۰۴۸۴ - ۷۳۵۴۳

○ قرآن مکمّل ضابطۂ حیات ہے۔

آئیے

قرآن کو سمجھنے اور اس پر عمل کرنے کی کوشش کریں،

حضرت پیر محمد کرم شاہ الازہری کی معرکہ آرا تفسیر

ضیاء القرآن

قرآن فہمی کا بہترین ذریعہ ہے

اس کے علاوہ اپنی پسند کی ہر کتاب ہم سے طلب فرمائیں،

ضیاء القرآن پبلی کیشنز گنج بخش روڈ، لاہور

فون : ۶۳۴۶۴

اہلِ علم کیلئے ضیاء القرآن پبلی کیشنز (وقف) کی ایک اور عظیم علمی پیشکش

قرآن حکیم ہی نظریاتی خلفشار کے موجودہ تاریک دور میں بنی نوع انسان کو ایک باوقار مستقبل کی راہ دکھاتا ہے

جدید علوم کا بیش بہا خزینہ

تفسیر احسنا

مؤلفہ

مفسرِ قرآن علامہ ابوالحسنات سید محمد احمد قادری رضی اللہ تعالیٰ عنہ

کلام مجید کو سمجھنے میں تفسیر الحسنات آپ کی صحیح راہ نمائی کریگی

یہ تفسیر چھ ضخیم جلدوں پر مشتمل ہے

ضیاء القرآن پبلیکیشنز لاہور